ارشاد الطلاب الی قواعد الاعراب

المعروف بہ

قواعد النحو

خصوصیات ومزایا

تطبیقی منہج، اجرائی انداز، تدریبی طرز، قواعدِ ضروریہ، ضوابط مہمہ، نکات لطیفہ، فوائد نافعہ، تمارین عجیبہ، تراکیب زنجیری، تراکیب اعرابی، سینکڑوں نحوی قواعد وضوابط، تراکیب مفیدہ، حل شدہ تطبیقی انموذجی مثالیں، مدلل معلومات، امہات الکتب سے استفادہ، نحوی مسائل کی تنقیح وتشریح، منفرد انداز، قرآن وحدیث سے مثالیں، مشکل تراکیب کا حل، اجراء و تطبیق، اصول مطالعہ۔



تالیف

مفتی ارشاد الرحمن المعتصم

استاذ جامعہ عمر نارتھ ناظم آباد کراچی

ارشاد الطلاب الی قواعد الاعراب

المعروف بہ

قواعد النحو

خصوصیات ومزایا

❁... تطبیقی منہج ❁... اجرائی انداز ❁... تدریبی طرز ❁... قواعدِ ضروریہ ❁... ضوابطِ مہمہ ❁... نکات لطیفہ ❁... فوائد نافعہ ❁... تمارین عجیبہ ❁... تراکیب زنجیری ❁... تراکیب اعرابی ❁... سینکڑوں نحوی قواعد وضوابط ❁... تراکیب مفیدہ ❁... حل شدہ تطبیقی انموذجی مثالیں ❁... مدلل معلومات ❁... امہات الکتب سے استفادہ ❁... نحوی مسائل کی تنقیح وتشریح ❁... منفرد انداز قرآن وحدیث سے مثالیں ❁... مشکل تراکیب کا حل ❁... اجراء وتطبیق ❁... اصول مطالعہ

تالیف

مفتی ارشاد الرحمن المعتصم

ناشر: مکتبہ پیر باجوڑ

نام کتاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قواعد النحو

مؤلف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مفتی ارشاد الرحمن المعتصم

طبع ہفتم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محرم الحرام ١٤٤٧ھ

ناشر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مکتبہ پیر باجوڑ

انتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو جملہ اساتذہ کرام کے نام منسوب کرتا ہوں ، جن کے دامن تربیت اور آغوش علمی میں رہ کر بندہ کچھ لکھنے کے قابل ہوااور بالخصوص امام الصرف والنحو نقاب العلوم والفنون جامع المنقول والمعقول سندالمدرسین حضرت مولانا حفیظ الرحمن صاحب حفظہ اللہ کے نام جنھوں نے اس مخصوص نحوی طرزِ اجراء کی داغ بیل ڈالی !اوران تمام ہم مشرب اورہم رکاب احباب ورفقاء کے نام جواس مخصوص منہج کی اشاعت و ترویج کے لیے شب وروز کوشاں ہیں !اوران طلبہ کرام کے نام جو علمی تشنگی بجھانے کے لیے دور دراز سے شدِ رحال کرتے ہیں۔

”وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ.“(سورۃالطور:۲۱)

”رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ . رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدْتَهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ.“(سورۃغافر:۷-۹).

ملاحظة!

"وهذه العلوم النقلية - على عظيم شأنها - لا سبيل إلى استخلاص حقائقها، والنفاذ إلى أسرارها، بغير هذا العلم الخطير، فهل ندرك كلام الله تعالى، ونفهم دقائق التفسير، وأحاديث الرسول عليه السلام، وأصول العقائد، وأدلة الأحكام، وما يتبع ذلك من مسائل فقهية، وبحوث شرعية مختلفة قد ترْقى بصاحبها إلى مراتب الإمامة، وتسموبه إلى منازل المجتهدين - إلا بإلهام النحووإرشاده؟ ولأمرٍ ما قالوا: "إن الأئمة من السلف والخلف أجمعوا قاطبة على أنه شرْط فى رتبة الاجتهاد، وأن المجتهد لوجمع كل العلوم لم يبلغ رتبة الاجتهاد حتى يعلم النحو، فيعرف به المعانى التى لا سبيل لمعرفتها بغيره. فرتبة الاجتهاد متوقفة عليه، لا تتم إلا به ... إنه: "النحو"؛ وسيلة المستعرب، وسلاح اللغوى، وعماد البلاغىّ، وأداة المشرّع والمجتهد، والمدخل إلى العلوم العربية والإسلامية جميعًا. فليس عجيباً أن يصفه الأعلام السابقون بأنه: "ميزان العربية، والقانون الذى تُحكَم به فى كل صورة من صورها، وأن يفرغ له العباقرة من أسلافنا يجمعون أصوله، ويثبتون قواعده ويرفعون بنيانه شامخًا ركينًا فى إخلاص نادر وصبر لا ينفد." [النحوالوافى:١/١-٢]

فہرست

أبيات شعرية فى فضل النحو

قال الشاعر:

يَاحَبَـذَّا النَّحْـوُ مِـنْ مَطْلَـب ... تَعَـالَى بِـه قَـدْرُ طُلَّابِـهِ
كَـأَنَّ الْعُلُـوْمَ لَـهُ عَسْـكَرٌ ... خُضُـوْعٌ وُقُـوْفٌ عَلَـى بَابِـهِ

وقال الآخر:

اقْتَـبس النَّحْـوَ فَـنِعْمَ الْمُقْتَـبَسْ ... وَالنَّحْـوُ زَيْـنٌ وَجَمَـالٌ مُلْـتَمَسْ
صَـاحِبُهُ مُكَـرَّمٌ حَيْـثُ جَلَـسْ ... مَـنْ فَاتَـهُ فَقَـدْ تَعْمَـى وَانْـتَكَسْ
كَـانَ مَـا فِيْـهَ مِـنَ الْعَـيِّ خَـرَسْ ... شَـتَّانَ مَـا بَـيْنَ الْحِمَارِ وَالْفَـرَسْ

وقال أحد من الشعراء:

أَحَبْـب الْعِلْـمَ مِـنَ النَّحْـو فَقَـدْ ... يُـدْرِكُ الْمَـرْءُ بِـه أَعْلَـى الشَّرْفِ
إِنَّـمَا النَّحْـوِيُّ فِيْ مَجْلِسِـهِ ... كِشِـهَاب ثَاقِـب بَـيْنَ السُّـدَفِ
يَخْـرُجُ الْقُـرْآنَ مِـنْ فِيْـهِ كَـمَا ... تَخْـرُجُ الـدُّرَةُ مِـنْ بَـيْنِ الصَّـدَفِ

وقال الشاعر:

النَّحْـوُ قَنْطَـرَةٌ إِلَـى الْعُلُـوْم فَهَـلْ ... يُجَـاوِزُ الْبَحْـرَ إِلَّا بالقَنَـاطِيْر
لَوْ تَعْلَمُ الطَّيْرُ مَا فِى النَّحْوِ مِنْ شَرَفٍ ... حَنَّـتْ وَأَنَّـتْ إِلَيْـهِ بالْمَنَـاقِيْر

ومن أجمل ما قيل فى النحو:

النَّحْـوُ أَفْضَـلُ مَـايُقْرَءُ وَيُقْتَـبَسُ ... لِأَنَّـهُ لِكِتَـاب الله يُلْـتَمَسُ
إِذَا الْفَتَى عَرَفَ الْإِعْرَابَ كَانَ لَـهُ ... مَهَابَـةٌ لِأُنَـاس حَوْلَـهُ جَلَسُـوْا
لَايَنْطِقُـوْنَ حِـذَاراً أَنْ يُلَحِّـنَهُمْ ... كَـأَنَّمَا بِهِـمْ مِـنْ أَجْلِـهِ خَـرَسُ
لَايَسْتَوِىْ مُعْربٌ فِيْنَا وَمُلْتَحِنٌ ... هَـلْ تَسْتَوِى الْبَغْلَـةُ الْعَرْجَاءُ وَالْفَرَسُ

ومن أحسن ما قيل فى النحو:

النَّحْـوُ يَبْسُـطُ مِـنْ لِسَـان الأَلْكَـن ... وَالْمَـرْءُ تُكْرِمُـهُ إِذَا لَمْ يَلْحَـن
فَـإِذَا أَرَدْتَ مِـنَ الْعُلُـوم أجَلَّهَـا ... فَأَجَلُّهَـا مِنْهَـا مُقِـيمُ الأَلْسُـن
لَحْـنُ الشَّرِيْفِ يُزِيْلُـهُ عَـنْ قَـدْرِهِ ... وَتَـرَاهُ يَسْـقُطُ مِـنْ لِحَـاظِ الْأَعْـيُنِ

وَتَــرَى الْوَضِــيْعَ إِذَا تَكَلَّــمَ مُعْربــاً   نَــالَ الْمَهَابَــةَ بِالِّلسَــانِ الأَلْسَــن
مَــا وَرَّثَ الْآبَــاءُ عِنْــدَ وَفَــاتِهِمْ   لِبَنِيْــهِمْ مِثْــلَ الْعُلُــوْم فَــأَتْقِن
فَاطْلُــبْ هُــدِيْتَ وَلَاتَكُــنْ مُتَأَبِّيــاً   فَــالنَّحْوُ زَيْــنُ الْعَــالِمِ الْمُتَفَــنِّن
وَالنَّحْــوُ مِثْــلُ الْمِلْــح إِنْ أَلْقَيْتَــهُ   فَــيْ كُــلِّ صِــنْفٍ مِــنْ طَعَــام يَحْسُــن

وقال الإمام الكسائي رحمه الله:

أيهــا الطَّالِــبُ عِلْــمًا نافعًــا   اطْلُــب النَّحْــوَ وَدَعْ عَنْــكَ الطَّمْــع
إنَّــما النَّحْــوَ قيــاسٌ يُتَّبَــعْ   وَبِــه فِيْ كُــلِّ عِلْــم يُنْتَفَــعْ
وَإِذَا أَبْصَرَ النَّحْــوَ فتًــى   مَــرَّ فِي الْمَنْطِــقِ مــرًّا فَاتَّسَــعْ
فَاتَّقَــاهُ كُــلُّ مَــنْ جَالَسَــهُ   مِــنْ جَلِــيْسٍ نَــاطِقٍ أَوْ مُسْــتَمِعْ
وَإِذَا لَمْ يبصرِ النحــوَ الفتــى   هــابَ أن ينطــقَ جُبْنَــاً فــانقطعْ
فــتراه يرفــعُ النصــبَ ومــا   كــان مــن خَفْــض ومــن نَصْــب رَفَــعْ
يقــرأُ القــرآنَ لا يعــرفُ مــا   صرَّفَ الإِعــرابُ فيــه وصَــنَعْ
والــذي يعرفُــهُ يقــرؤُه   فــإذا مــا شــك في حَــرْفٍ رَجَــعْ
نــاظراً فيــهِ وفي إعرابــهِ   فــلإذا مــا عَــرَفَ اللحــنَ صَــدَعْ
فَهُــمَا فِيْــهِ سَــوَاءٌ عِنْــدَكُمْ   لَيْسَــت السُّــنَّةُ مِنَّــا كَالْبِــدَع
كــم وَضِــيْع رفــعَ النحــوُ وكــم   مــن شَريــفٍ قــد رأينــاه وَضَــعْ[1]

وقال الشاعر:

مَــنْ فَاتَــهُ النَّحْــوَ فَــذاكَ الأَخْــرَسُ   وَفَهْمُــهُ فِيْ كُلِّ عِلْــمٍ مُفْلِــسُ
وَقَــدْرُهُ بَــيْنَ الْــوَرَى مَوْضُــوْعٌ   وَإِنْ يُنَــاظِرْ فَهُــوَ المقْطُــوْعُ
لَا يَهْتَــدِيْ لِحِكْمَــةٍ مِــنْ ذكــر   ومَــالَهُ في غَامِــضٍ مِــنْ فَكــر

وقال الآخر:

النَّحــو صَــعْب وطويــل سُــلَّمه   إذا ارتــقى فيــه الذي لا يَعْلَمُــهْ
زَلَّــتْ بــه إلى الحَضِــيض قَدَمُــه   يُريــدُ أن يُعْربــه فَيُعْجِمــه

---

[1] بغية الوعاة: ٢/ ١٦٤.

وقال أحد من الشعراء:

النَّحْــــــوُ زَيْـــــنٌ لِلفَـــــتى   يُكْرِمُـــــــهُ حَيْـــــــثُ أَتَى
مَـــــنْ لَـــــمْ يَكُـــــنْ يَعْرفُـــهُ   فَحَقُّـــــــهُ أَنْ يَسْـــــــكُتَا

وقال بعضهم:

إِنَّمَــا النَّحْــوُ للخطَابَــة والشِّــعْـ   ـرِ وَتَقْـــوِيمِ سُـــنَّةٍ أَوْ كِتَــابِ
فَــإِذَا مَــا تَجَــاوَزَ النَّحْــوُ هَــذَا   فَهُــوَ شَيْءٌ عَــن المَسَــامْعْ نَــابِي

وقيل:

كـن عالمـاً في النـاسِ أو متعلمـاً   أو ســامعاً فــالعلمُ ثــوبُ فخــارِ
مـن كلِّ فـن خـذ ولا تجهـلْ بـه   فــالحُرُّ مطلـــعٌ على الأسرارِ
وإذا فهمتَ الفقـهَ عشـتَ مُصَـدَّراً   في العـــالمينَ معظـــمِ المقـــدارِ
وعليــكَ بــالإعرابِ فــافهمْ سِرَّه   فالسرُّـــ في التقـــديرِ والإصـــغارِ
قـيمُ الـورى مـا يحسـنون وزيـنهمْ   ملـــح الفنـــونِ ورقَـــةُ الأشـــعارِ
فاعمـلْ بمـا علِّمـتَ فالعلمـاءُ إِن   لــم يعلمــوا شــجرٌ بــلا أثمــارِ
قد يشـفعُ العلـمُ الشريـفُ لأهلِـه   ويُحِـــلُّ مبغضَـــهُمْ بـــدارِ بـــوارِ
هــل يسـتوي العلمـاءُ والجهـالُ في   فضـــل أم الظلمـــاءُ كالأنـــوار

وقيل:

كَــلَامٌ بــلَا نَحْــو طَعَــامٌ بــلَا مِلْــح   وَنَحْــوٌ بــلَا شِــعْر ظِــلَامٌ بــلَا صُــبْح

وقال العلامة أبوحيان الأندلسى رحمه الله فى فضل النحووالنحاة:

هُــوَالْعِلْمُ لَا كَــالْعِلْم شَــيْءٌ تُــرَاوِدُهُ   لَقَــدْ فَــازَ بَاغِيْــهِ وَأَنْجَــحَ قَاصِــدُهُ
وَمَــا فُضِّــلَ الْإِنْسَــانُ إِلَّا بعِلْمِــهِ   وَلَا امْتَــازَ إِلَّا ثَاقِــبُ الــذِّهْن وَاقِــدُهُ
وَقَــدْ قَصُرَــتْ أَعْمَارُنَــا وَعُلُوْمُنَــا   يَطُــوْلُ عَلَيْنَــا حَصْرُــهَا وَنُكَابِــدُهُ
وَفِــيْ كُلِّهَــا خَــيْرٌ وَلَكِــنَّ أَصْــلَهَا   هُــوَ النَّحْــوُ فَاحْــذَرْ مِــنْ جَهُــوْلِ يُعَانِــدُهُ
بِــهِ يُعْــرَفُ الْقُــرْآنُ وَالسُّــنَّةُ الَّتِــى   هُمَــا أَصْــلُ دِيْــن الله ذُوْ أَنْــتَ عَابِــدُهُ[٢]

---

[٢] منظومة أبي حيان الانلسى في فضل النحو والنحاة:٢٠٩.

پیشِ لفظ

قرآن وحدیث اور علوم عربیہ کو سمجھنے کے لیے علم نحو بنیادی اور کلیدی کردارادا کرتا ہے،اس کے بغیر قرآن و حدیث کے اسرار ورُموزاور معانی ومفاہیم تک رسائی صرف مشکل نہیں، بلکہ ناممکن بھی ہے، جب کوئی شخص اس فن میں مہارتِ تامہ حاصل نہ کرے اس وقت تک اس کے لیے علوم عربیہ میں پیش قدمی کاسوال ہی پیدا نہیں ہوتا، کیونکہ عربیت سیکھنے کے لیے یہ فن خشتِ اول کی حیثیت رکھتاہے،اس لیے کہ عربی عبارت کا صحیح ضبط اور تلفظ اس علم پر موقوف ہے۔

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ عربی زبان کیساتھ ہمارا تعلق محض ایک زبان کی حیثیت سے رسمی اور وقتی نہیں، بلکہ اس کیساتھ ہماری دینی اور مذہبی وابستگی ہے،اسی وجہ سے اس زبان کا سیکھنا سکھانا ہمارے لیے ضروریاتِ دین میں داخل ہے، اگر اس زبان سے ہمارا تعلق منقطع ہوجائے تو خود دین سے بھی ہمارا تعلق براہ راست باقی نہیں رہے سکے گا، جس کا بالآخر نتیجہ یہ ہوگاہے کہ جس طرح یہودو نصاری اور دیگراہل ملل اپنی کتابوں اور صحیفوں کی اصل زبان سے محروم ہوجانے کے سبب سے اپنے دین سے محروم ہو بیٹھے اور تورات وانجیل اور صحائف سماویہ کی تعلیمات سے بالکل منحرف ہو کررہ گیئں۔ اوراحکامات الٰہیہ کو پسِ پُشت ڈال دیا۔ اسی طرح اگر ہمارا تعلق اس زبان سے کٹ گیا تو ہم بھی اپنے دین کو لاشعوری طور پر خیرباد کہہ کر کفر وضلالت اورالحادوزندقہ کے سیلاب میں خس وخاشاک کی طرح بہہ جائیں گے اور خدانخواستہ ہم بھی قرآن کو محرفین کی ایک بازیگاہ بنادیں گے۔ امت مسلمہ کواس فتنہ سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ عربی کی تعلیم کو فروغ دیاجائے اوراس کی طرف خوب اعتناء اور توجہ دی جائے، تاکہ قرآن وحدیث کی اصل زبان میں مہارت حاصل ہو۔

یہی وجہ ہے کہ مدارسِ اسلامیہ میں سب سے پہلے طلبہ کرام کو علم نحو کے اصطلاحات اور قواعد وضوابط یاد کروانے کااہتمام کیاجاتاہے، ایک مبتدی طالب علم شب وروزاس فن کے حصول میں منہمک رہتاہے اوراساتذہ کرام نحوی قواعد کی تطبیق اوراجراء میں اپنی پوری توانائی صرف کرتے ہیں، تاکہ طلبہ کرام میں عبارت صحیح پڑھنے کاملکہ اوراستعداد پیدا ہو اور معانی ومفاہیم کو حتی الوسع صحیح طور پر ضبط کرسکیں، کیونکہ فنون میں اجراءو تطبیق کوریڑھ کی حیثیت حاصل ہے اوریہ تجر فی العلوم کازینہ ہے، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ایک جگہ تجر فی العلوم کی آسان تدبیر بتلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

”ایک صاحب نے عرض کیا کہ: حضرت نے آج کل کے غالب حالات پر نظر کرکے تجر فی العلوم (علوم میں مہارت) کو فرض عین فرمایا تھا، جس سے مجھ کو تو ضرور ہی تجر کا بے حد شوق ہو گیاہے، کیا سہولت کیساتھ کوئی صورت پیدا ہو سکتی ہے؟ کہ وقت بھی زائد صرف نہ ہو اور قابلیت بھی بقدر ضرورت پیدا ہوجائے! فرمایا: کونسا مشکل ہے؟ اس کی صورت یہ ہے کہ اگر کوئی شفیق استاذ توجہ کرے، اول ایک کتاب ادب کی پڑھاسے، خواہ ”مفید الطالبین“ ہی ہو، مگر اس طرح کہ اس میں صرف و نحو کے قواعد بھی ساتھ ساتھ جاری کراتاجائے اورایسے قواعد کچھ زائد نہیں ہیں، پندرہ بیس ہوں گے، جن سے صرف اتنا معلوم ہوجائے کہ اس پر زَبر کیوں آیاہے؟، زِیر کیوں ہے؟ اس کے بعد قرآن شریف کا ترجہ اس طرح ہو کہ اس میں بھی قواعد جاری کرائے جائیں

اورایک کتاب حدیث کی پڑھادی جائے،مثلاً ”مشاق الانوار“جو بہت بڑی بھی نہیں اورایک کتاب فقہ کی،جیسے ”قدوری“اس کے بعد ساتھ ساتھ دو تین کتابیں صرف و نحو کی بھی پڑھادی جائیں،اس سے مناسبت پیدا ہو کر ضروری کتانوں کا مطالعہ بہت سہل اور آسان ہو جائے گا۔“(۱)

اجراء و تطبیق کی اہمیت وافادیت پر شیخ المعقولات علامہ قاری صدیق احمد باندویؒ گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”فرمایا: جن طلباء کی استعداد نہیں ہے اگروہ تھوڑی سے محنت پابندی سے کرلیں تو بہت جلد ہی ان کی استعداد بن سکتی ہے،روزانہ ایک سطر کسی کو پڑھ کر سنایا کریں اور ہر ہر لفظ میں صرفی و نحوی اعتبار سے غور کریں کہ ثلاثی ہے یا رباعی؟ کس باب سے ہے؟ ہفت اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟ تعلیل ہوئی ہے یا نہیں؟ پھر نحوی اعتبار سے دیکھیں کہ عامل ہے یا معمول؟ معمول ہے تو کس کا؟ وغیرہ،اس طرح کرنے سے ان شاء اللہ ایک ماہ میں عبارت پڑھنا آجائے گی اور رفتہ رفتہ استعداد بھی بن جائے گی“۔(۲)

لیکن اگر کوئی طالب علم اس فن کی طرف توجہ نہ دے اوراجراء و تطبیق سے بے اعتنائی برتے تو اس کی علمی عمارت ہمیشہ متزلزل رہتی ہے اوروہ فراغت کے بعد بھی عبارت پڑھنے میں فحش اور مضحکہ خیز غلطیاں کرتا ہے،چنانچہ آپ دیکھتے ہیں کہ ایک عالم اور خطیب درِوانِ تدریس ووعظ اگر نحوی غلطی کاارتکاب کر بیٹھے مثلاً مرفوع کو منصوب،یامنصوب کو مرفوع اوریا مرفوع کو مجرور پڑھنے کی غلطی کرے تو طلبہ کااس سے اعتماد اُٹھ جاتا ہے اوران کے دل ودماغ میں اس کا علمی وقار باقی نہیں رہتا،اس قسم کی غلطیاں کرنے والے بر سرِ مجلس شرمندگی اُٹھاتے ہیں۔

معروف عالم علامہ عبد الرحمن ابن الجوزیؒ(م۵۹۷ھ) نے ”اخبار الحمقی والمغفلین(۳)“ میں خلیفہ ولید بن عبد الملک کاایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ولید بن عبد الملک اکثر عبارت غلط پڑھتا تھااور اعرابی غلطیوں کی وجہ سے باربار ندامت اٹھانی پڑتی تھی،ایک مرتبہ ایک اَعرابی اپنے داماد کی شکایت کرنے آیا۔خلیفہ نے پوچھا:”مَا شَانَكَ؟“ تجھے کس چیز نے معیوب بنایاہے؟ اَعرابی نے کہا:”أَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْنِ!“ میں عیب سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں!یہ حال دیکھ کر ولید کے بھائی سلیمان نے کہا خلیفہ صاحب کہتے ہیں:”مَا شَأْنُكَ؟“تیرا کیا معاملہ ہے؟ اَعرابی نے کہا:”ظَلَمَنِيْ خَتَنِيْ!“میرے داماد نے مجھ پر ظلم کیا ہے!ولید نے پوچھا:”وَمَنْ خَتَنَكَ؟“تیرا ختنہ کس نے کیا ہے؟اعرابی نے کہا: ”رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ لَا أَعْرِفُ اسْمَهُ“گاؤں کے کسی حجام نے کیا ہوگا مجھے نام یاد نہیں!سلیمان نے پھر تصحیح کرتے ہوئے کہا کہ خلیفہ صاحب

(۱) حضرت تھانویؒ کے اصول وضوابط:۹۹۔
(۲) افاداتِ صدیق:۱۴۲۔
(۳) أخبار الحمقى والمغفلين:ص۱۲۹۔

کہتے ہیں: ”وَمَنْ خَتَنُكَ؟“ تیرا داماد کون ہے ؟!

اس ضرورت کے پیش نظر اہل علم نے ہر دور میں اس موضوع پر مستقل کتابیں لکھیں اور اس فن کو آسان سے آسان تر بنانے کی بھرپور کوشش کی ہے، نویں صدی ہجری کے معروف عالم علامہ میر سید سند شریفؒ (م۸۱۶ھ) نے فارسی زبان میں ایک مختصر اور مفید کتاب ”نحوِ میر“ تصنیف فرمائی، جو برصغیر کے مدارسِ اسلامیہ میں عرصہ دراز سے داخل نصاب ہے، اس کتاب کی افادیت کے پیش نظر اہل علم نے اس کی مختلف شروحات اور تعلیقات لکھیں۔ اور اس پر مختلف اضافات کیے، تاہم من جملہ ان اضافات میں حضرت مولانا عبد اللہ گنگوہیؒ (م۱۳۳۹ھ) کا قابل قدر اضافہ ہے، آپ نے اصل کتاب ”نحوِ میر“ کو مختلف پیراؤں میں تقسیم کر کے ان کے آخر میں مشقوں کی صورت میں اضافہ کیا اور قرآن و حدیث اور عربی محاورات سے موقع و محل کے مطابق متنوع مثالیں پیش کیں اور ہر ایک اصطلاح کی تطبیق کے لیے خاطر خواہ مواد جمع کیا ہے، جس کو انہوں نے ”تسہیل النحو“ کے نام سے موسوم کیا ہے۔

یہ کتاب اکثر مدارس میں داخل نصاب ہے، اساتذہ اور مدرسین حضرات مختلف طریقوں سے طلبہ کرام کو اجراء کرواتے ہیں، ہر مدرس کا اپنا مخصوص طرز اور منہج ہے، تاہم ہمارے محترم و مشفق استاذ جامع المنقول و المعقول نقاب العلوم والفنون حضرت مولانا حفیظ الرحمن صاحب کا طریقہ اجراء اور طرزِ ترکیب انتہائی اہمیت و افادیت کے حامل ہے، جس میں نحوی اجراء اور ترکیب دونوں عجیب و غریب انداز میں کروائے جاتے ہیں، طلباء کو صرف اجراء و تطبیق میں نہیں بلکہ نحوی تراکیب میں مکمل دسترس حاصل ہو جاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اس منہج نے طلبہ کرام کے علم و اتقان میں کلیدی کردار ادا کیا اور سینکڑوں علماء کو منصبِ تدریس پر فائز کیا۔ لِمِثْلِ هَذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ!

اس مخصوص طرز کی ہمہ گیر افادیت دیکھ کر ہزاروں طلبہ کرام اپنی تشنگی بجھانے کے لیے شدِ رحال کرتے ہیں اور حضرت الاستاذ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی ذوق و استطاعت کے مطابق استفادہ کرتے ہیں۔ حضرت الاستاذ کے خلوص اور شب و روز کی محنت سے اللہ تعالیٰ نے اس اجرائی اور تطبیقی طرز کو بے حد مقبولیت عطاء فرمائی، یہی وجہ ہے کہ یہ مخصوص طرزِ تدریس سینکڑوں مدارس و مکاتب میں رائج ہے-"اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ" اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ”وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ“ (الرعد:۱۷)۔

کتاب ہذا کی ترتیب و تدوین میں ہمارے سامنے بنیادی طور پر دو باتیں ملحوظ نظر رہیں: ایک اجراء و تطبیق کا منہج اور دوسری بات فنی قواعد و ضوابط اور نحوی مسائل کا ضروری اور معتمد بہ ذخیرہ جمع کرنا، جہاں تک منہج اجراء و تطبیق کی بات ہے وہ تو حضرت الاستاذ ہی کا منہج و اسلوب ہے اور جب کہ فنی قواعد و ضوابط علم النحو پر متداول و غیر متداول کتابوں سے ماخوذ ہیں، جن میں امام سیبویہ عمرو بن عثمانؒ (م۱۸۰ھ) کی ”الکتاب“، علامہ ابو القاسم جار اللہ زمخشریؒ (م۵۳۸ھ) کی ”المفصل فی صنعة الاعراب“، علامہ ابو البقاء موفق الدین ابن یعیشؒ (م۶۴۳ھ) کی ”شرح المفصل“، علامہ محمد بن عبد اللہ ابن مالکؒ (م۶۷۲ھ)

کی ”الفیۃ“اور ”شرح تسہیل الفوائد“، علامہ جمال الدین ابن الحاجبؒ(م۶۴۶ھ) کی ”الکافیۃ فی النحو“، علامہ جمال الدین ابن ہشامؒ (م۷۶۱ھ) کی ”مغنی اللبیب عن کتب الاعاریب“، ”اوضح المسالک الی الفیۃ بن مالک“، ”شرح شذور الذہب“، ”شرح قطر الندی وبل الصدیٰ“ اور ”قواعد الاعراب“، علامہ عبد اللہ بن عبد الرحمن ابن عقیلؒ(م۷۶۹ھ) کی ”شرح ابن عقیل“، علامہ حسن بن محمد رکن الدین استر آبادی(م۷۱۵ھ) کی ”شرح الرضی علی الکافیہ“، علامہ خالد بن عبد اللہ ازہریؒ(م۹۰۵ھ) کی ”شرح التصریح علی التوضیح“ اور ”موصل الطلاب الی قواعد الاعراب“، علامہ ابوالفداء عمادالدین اسماعیل بن علیؒ(م۷۳۲ھ) کی ”الکناش فی فنی النحو والصرف“، علامہ ابوحیان محمد بن یوسف اندلسیؒ(م۷۴۵ھ) کی ”ارتشاف الضرب من لسان العرب“، علامہ ابو محمد حسن بن قاسم مرادی مصریؒ(م۷۴۹ھ) کی ”توضیح المقاصد والمسالک بشرح الفیۃ بن مالک“، علامہ عبد الرحمن جامیؒ (م۸۹۸ھ) کی ”الفوائد الضیائیہ، المعروف بہ شرح جامی“، علامہ عبد الرحمن بن ابی بکر سیوطیؒ(م۹۱۱ھ) کی ”ہمع الہوامع فی شرح جمع الجوامع“، علامہ ابوالحسن نورالدین الاشمونیؒ(م۹۰۰ھ) کی ”شرح الاشمونی علی الفیۃ بن مالک“، علامہ ابوالعرفان محمد بن علی الصبانؒ (م۱۲۰۶ھ) کی ”حاشیۃ الصبان علی شرح الاشمونی“، علامہ سراج الدین لودھیؒ کی ”ہدایۃ النحو“، علامہ مصطفیٰ بن محمد سلیم غلایینیؒ(م ۱۳۶۴ھ) کی ”جامع الدروس العربیۃ“ علامہ عباس حسنؒ(م۱۳۹۸ھ) کی ”النحو الوافی“، علامہ مصطفیٰ امین اور علی الجازم (م۱۹۴۹م) کی ”النحو الواضح فی اللغۃ العربیۃ“، علامہ سعید بن محمد افغانی (م۱۴۱۷ھ) کی ”الموجز فی قواعد اللغۃ العربیۃ“، دکتور ایمیل بدیع یعقوب کی ”موسوعۃ النحو والصرف“، دکتور ندیم بن حسین دعکور کی ”القواعد التطبیقیۃ فی اللغۃ العربیۃ“، دکتور محمد عید کی ”النحو المصفیٰ“، دکتور عبدہ الرجحی کی ”التطبیق النحوی“، علامہ بعد الرب میرٹھیؒ کی ”روایۃ النحو“ اور ”بدر منیر“، قاری عبد الرحمن امر تسریؒ کی ”کتاب النحو“ اور علامہ سعید احمد پالن پوریؒ کی ”ہادیہ شرح کافیہ“ وغیرہ کتابوں سے استفاضہ اور خوشہ چینی کی گئی ہے اور اس کیساتھ ساتھ بعض معاصر اہل علم کی نحوی تصنیفات و تحقیقات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے جن کے حوالے جابجا تعلیقات اور حواشی میں دیے گئیں ہیں۔

مذکورہ کتابوں میں ہر ایک مصنف کا اپنا ذوق اور منہج ہے، لیکن ان میں اکثر کتابیں علمی اور فنی اسلوب کی ہیں، جن سے استفادہ معاصر طلبہ کے لیے قدرے مشکل ہے، چونکہ عصر حاضر میں علمی انحطاط کی وجہ سے طلبہ کی استعداد بہت کمزور ہیں، یہی وجہ ہے کہ عموماً طلبہ ہماری علمی تراث سے روز بروز ناآشنا ہوتے جارہے ہیں اور اسلاف کی علمی تحقیقات سے رشتہ دن بدن کم ہوتا جارہاہے تو ان حالات میں ایک معلم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ طلبہ میں علمی رسوخ واتقان پیدا ہونے کی ہر ممکنہ کوشش کرے اور اس کے لیے تعلیم و تدریس کے مختلف مناہج اختیار کرے تاکہ طلبہ کسی بھی اصطلاح اور تعبیر کو صحیح طرح سے سمجھ سکیں اور اس کی تدریب و تطبیق کر سکیں، تاہم مفید مناہج اور اسالیب کی تخلیق و تدوین میں دو باتوں کا ہونا ناگزیر ہیں:

پہلی بات یہ ہے کہ وہ طرز و منہج اجرائی تطبیقی اور تدریجی ہو اور اس میں اجراء و تطبیق اولین ترجیح ہو۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ تطبیق و تدریب کیساتھ اس منہج و طرز میں یہ نمایاں خوبی ہو کہ وہ ایک طالب علم کو اپنے اسلاف کی علمی تراث سے مربوط و منسلک رکھے تاکہ اجراء و تطبیق کیساتھ اس تعلق میں انقطاع کے بجائے ارتباط واعتناق پیدا ہو۔

اس فکر و نظریے کی بنیاد پر آج سے چند سال قبل ہم نے "اِحیاء العلوم و تطبیقات الفنون" کے نام سے ایک سلسلہ شروع کیا، جس میں ہمارا منہج یہ رہا کہ ہم نے سب سے پہلے ایک اصطلاح کی تعریف کی، پھر اس کی عام فہم توضیح و تشریح کی، پھر اس کی متنوع مثالیں ذکر کیں، جس میں ہماری یہ کوشش رہی کہ روایتی مثالوں سے ہٹ کر قرآن و حدیث کی مثالیں دیں تاکہ فنی مصطلحات کی زیادہ سے زیادہ عملی تطبیق ہو سکے اور اس کیساتھ ساتھ ہم نے قواعد و فوائد کے عنوان سے متنوع فنی قواعد و ضوابط ذکر کیں، جو اجراء و تطبیق میں معاون و ممد ہوتے ہیں، بعض قواعد و ضوابط متعلقہ سبق کے فہم میں معاون و مفید ہوتے ہیں اور بعض قواعد اجراء و تطبیق میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

سلسلہ احیاء العلوم و تطبیقات الفنون کے بحمد اللہ سات حصے منظر عام پر آچکے ہیں، جن میں قواعد النحو، قواعد المنطق، القواعد الجلیۃ فی الموجہات المنطقیۃ، قواعد البلاغہ، قواعد اصول الفقہ، قواعد العروض والقوافی، قواعد الفلسفہ، قواعد علوم الحدیث، قواعد العقائد، قواعد البحث والمناظرہ اور قواعد المواریث وغیرہ شامل ہیں اور باقی پر کام شروع ہے۔

زیرِ نظر کتاب اس سلسلہ کو فروغ دینے کی ایک کڑی ہے، جس میں اجراء و ترکیب کے علاوہ کچھ ضروری قواعد و فوائد کا اضافہ کیا گیا ہے جو اجراء اور تراکیب کے سمجھنے میں ان شاء اللہ معاون و ممد ثابت ہوں گے اور ہر مشق کی مشکل تراکیب کو حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے، تاکہ ہر شخص کے لیے استفادہ میں آسانی رہے، اس کتاب پر نظر ثانی اور اضافات کا ارادہ تھا، لیکن بعض مصروفیات اور مختلف حالات کے اُتار چڑھاؤ کی وجہ سے موقع میسر نہ ہوا اور اس دوران کتاب کے چھ ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گئے، آج تقریباً سات سال بعد اصلاح شدہ اور جدید اضافوں کیساتھ مزین ایڈیشن "ارشاد الطلاب الی قواعد الاعراب" المعرف بہ "قواعد النحو" کے نام سے طبع ہو رہا ہے، جس میں درج ذیل امور کا لحاظ کیا گیا ہے:

- نحوِ میر اور تسہیل النحو کے مضامین اسی ترتیب پر قدرے تبدیلی اور اضافے کیساتھ بیان کیے گئے ہیں۔
- نحوی تراکیب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، حصہ اول تراکیب زنجیری (اُردو) اور حصہ ثانی تراکیب اعرابی (فارسی) پر مشتمل ہے۔
- ہر سبق کے آخر میں متعلقہ قواعد و فوائد بیان کرنے کا التزام کیا گیا ہے۔
- انداز بیان تدریجی اور تطبیقی ہے جو تعلیم کے اصول مسلمہ کے عین مطابق ہے۔
- ہزاروں نحوی قواعد و ضوابط اور امہات الکتب (المفصل للزمخشری، شرح المفصل لابن یعیش، الفیہ لابن مالک، مغنی

- اللبیب، شرح ابن عقیل، اوضح المسالک، الکافیہ، ہمع الھوامع، شرح الاشمونی، حاشیۃ الصبان، شرح التصریح اور شرح الرضی علی الکافیہ وغیرہ) سے استفادہ کیساتھ ساتھ نحوی مسائل کو جمع کرنے کا التزام کیا گیا ہے۔
- نحوی ترکیب اور تطبیق و تدریب کے لیے بے شمار مثالیں دی گئی ہیں۔
- ہر مشق کے آخر میں "حل شدہ تطبیقی انموزجی تراکیب" کے عنوان سے ترکیبی نمونے پیش کیے گئے ہیں جو اس تطبیقی اور اجرائی منہج میں معادن ہیں۔
- مشکل اور مغلق مسائل کو سہل اور مختصر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔
- متعدد جگہوں میں توضیح و تشریح کے لیے حواشی لکھ دیے گئے ہیں جو طلبہ کرام اور شائقین کے لیے مفید اور کارآمد ثابت ہوں گے۔
- اختلافی مسائل میں راجح قول کی تعیین کی گئی ہے۔
- فنی مباحث پر جا بجا سیر حاصل گفتگو اور جامع کلام کیا گیا ہے۔
- اختلافی آراء اور مذاہب کی تعیین کیساتھ ساتھ جا بجا فنی احکام کے اسباب و علل بھی بیان کیے گئے ہیں۔
- کتاب کے آخر میں مطالعہ اور حل عبارت کا ایک مخصوص طریقہ کار بیان کیا گیا ہے، اگر ان اصول کی روشنی میں کسی بھی کتاب کا مطالعہ کیا جائے تو اللہ تعالی کے فضل و کرم سے چند دونوں میں عبارت کو صحیح پڑھنے کی استعداد اور معانی و مفاہیم کو کما حقہ اخذ کرنے کا ملکہ پیدا ہو جائے گا۔

آخر میں بندہ اپنے ان تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہے جنہوں نے اس سلسلہ میں ہماری مدد اور رہنمائی کی، بالخصوص میرے انتہائی مخلص بھائی مولانا اسرار احمد الذہبی، برادر مکرم مفتی سید جعفر شاہ ترمذی اور عزیزم مولانا ابن داوٗد نعمت اللہ جنہوں نے کتاب پر نظر ثانی کی اور مخلصانہ مشورے دیے، اللہ تعالی ان سب حضرات کو اس کا احسن بدلہ عطاء فرمائے اور ہماری اس ادنی کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور اس کو میرے لیے، میرے والدین و اساتذہ کرام اور اہل خانہ کے لیے ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات بنادے۔ آمین!

رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ!

ابو حسان ارشاد الرحمن المعتصم

۵ ذی الحجہ ۱۴۳۹ھ

نظر ثانی: ۱۰ ذی الحجہ ۱۴۴۶ھ

مبادیاتِ فن

۱۔علم النحو کی تعریف[۱]:

علم کا معنی ہے:"جاننا"اور نحو کے لغت میں کئی معانی آتے ہیں:۱)"قصد کرنا، جیسے:"نَحَوْتُ هَذَا نَحْواً"(میں اس کا قصد کیا)۔۲)راستہ، جیسے:"هَذَا النَّحْوَ السَّوِیْ"(یہ سیدھا راستہ ہے)۔ ۳)طرف، جیسے:"ذَهَبَ نَحْوَ الْبَيْتِ"(وہ گھر کی طرف گیا)۔ ۴)پھرانا اور گھمانا، جیسے:"نَحَوْتُ بَصَرِیْ"(میں اپنی نظر کو اس کی طرف پھیرا)۔ ۵)نوع و قسم، جیسے:"هَذَا عَلَى أَرْبَعَةِ أَنْحَاءٍ"(یہ چار قسم پر ہے)۔۶)مثل، جیسے:"هَذَا نَحْوُهُ"(یہ اس کا مثل ہے)۔ ۷)فصاحت، جیسے:"مَا أَحْسَنَ نَحْوَكَ فِي الْكَلَامِ"(آپ کا کلام کیا خوب فصیح ہے!)وغیرہ[۲] اور اصطلاحی تعریف یہ ہے:

"هُوَ عِلْمٌ بِأُصُوْلٍ يُّعْرَفُ بِها أَحْوَالُ أَوَاخِرِ الْكَلِمِ الثَّلَاثِ مِنْ حَيْثُ الْإِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ وَ كَيْفِيَّةِ تَرْكِيْبِ بَعْضُها مَعَ بَعْضٍ."[۳]

علم نحو وہ علم ہے جس کے ذریعے اقسام ثلاثہ (اسم، فعل اور حرف) کے آخر کو معرب اور مبنی کے اعتبار سے پہچانا جاتا ہے اور بعض کلمات کو بعض سے ملانے کی کیفیت معلوم کی جاتی ہے۔

بعض حضرات نے علم النحو کی یوں تعریف کی ہے:

"هُوَ عِلْمُ يُّعَرَفُ بِه كَيْفِيَّةِ التَّرْكِيْبِ الْعَرَبِيِّ صِحَةً وَسُقْماً، وَكَيْفِيَّةُ مَا يَتَعلَّق بِالْأَلْفَاظِ مِنْ حَيْثُ وُقُوْعِهَا فِيْهِ أَوْ لَا وُقُوْعِهَا فِيْه."[۴]

علم النحو وہ علم ہے جس کے ذریعے ترکیب عربی کی کیفیت باعتبار صحت و سقم معلوم ہو اور اس چیز کی کیفیت معلوم ہو جو ترکیب عربی میں الفاظ کے وقوع اور لا وقوع سے متعلق ہو۔

۲۔علم النحو کا موضوع[۵]:

---

(۱) تعریف لغت میں "مَا يُعْرَفُ بِهِ الشَّيْئُ" کو کہتے ہیں کہ جس کے ذریعے کوئی دوسری چیز پہچانی جائے اور اصطلاح میں "مَا يُمَيَّز بِهِ الشَّيْئُ عَنْ جَمِيْعِ مَا عَدَاهُ" کو کہتے ہیں کہ جس کے ذریعے کسی چیز کو دوسری چیز سے جدا کیا جائے اور تعریف کا جاننا اس لیے ضروری ہے کہ مجہول مطلق یعنی بالکل نامعلوم چیز کی طلب اور حصول لازم نہ آئے۔

(۲) قرۃ العیون:۹۴۔

(۳) دستور العلماء:۳/۲۳/۷۳۔

(۴) کشاف اصطلاحات الفنون:۱/۲۳۔

(۵) موضوع لغت میں "رکھا ہوا" کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں "مَا يُبْحَثُ فِيْهِ عَنْ عَوَارِضِهِ الذَّاتِيَّةِ" کو کہتے ہیں، یعنی جس میں کسی علم کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے، جیسے بدن انسانی علم طب کا موضوع ہے اس لیے کہ علم طب میں انسانی بدن کے عوارض ذاتیہ مثلاً: صحت یا مرض وغیرہ سے بحث ہوتی ہے اور موضوع کا جاننا اس لیے ضروری ہے کہ مطلوبہ علم دوسرے علم سے جدا ہو جائے کیونکہ علوم ایک دوسرے سے موضوعات کی بنا پر جدا ہوتے ہیں۔

الْكَلِمَةُ وَالْكَلَامُ/اللَّفْظُ الْمُوْضُوْعُ مُفْرَداً كَانَ أَوْ مُرَكَّباً. [1]

علم النحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے، کیونکہ اس میں ان کے احوال سے بحث کی جاتی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ علم النحو کا موضوع لفظ موضوع ہے خواہ مفرد ہو یا مرکب۔ یعنی لفظ موضوع باعتبار ہیئتِ ترکیبیہ اور باعتبار ادائیگی معانی اصلیہ علم النحو کا موضوع ہے۔

۳۔ علم النحو کی غرض وغایت[2]:

" صِيَانَةُ الذِّهْنِ عَنِ الْخَطَاءِ اللَّفْظِيْ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ./ الْاحْتِرَازُ عَنِ الْخَطَأ فِي التَّأْلِيْفِ وَالْاقْتِدَارِ عَلَى فَهْمِهِ وَالْإِفْهَامِ بِه." [3]

علم النحو کی غرض وغایت کلام عرب میں خطاءِ لفظی سے ذہن کو بچانا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ علم النحو کی غرض وغایت فہم وافہام کے وقت ترکیب اور ارتباط کلام میں غلطی واقع ہونے سے بچنا ہے۔

۴۔ علم النحو کی تدوین:

علم النحو کی تدوین میں مؤرخین کا اختلاف ہے، اکثر مؤرخین کے نزدیک علم النحو کا مدون اول سیدنا علی رضی اللہ عنہ ہیں اور بعض محققین کہتے ہیں کہ علم النحو کا مدون اول سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں، لیکن یہ بات متفق علیہ ہے کہ اس علم کا باقاعدہ طور پر ایک منضبط فن کی صورت میں پیش کرنے والے تابعی جلیل قاضی بصرہ ظالم بن عمرو ابو الاسود الدؤلیؒ ہیں اور یہ بات قرین قیاس ہے کہ انہوں نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں علم النحو کے قواعد وضوابط جمع کرنے کی ابتداء کی ہو اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچا ہو!

۵۔ علم النحو کے اسباب تدوین:

علم النحو کے اسباب تدوین میں اہل علم کا اختلاف ہے اور اس میں متعدد اقوال وآراء ہیں، لیکن ان تمام کا رجع بنیادی طور پر دو عوامل کی طرف ہوتا ہے: ایک دینی اور مذہبی عوامل اور دوسرا لسانی اور قومی تعصب۔ پھر وہ اسباب جن کی بنیاد دین ومذہب پر ہے ان میں متعدد اقوال ہیں، جن کے پس پشت مختلف واقعات وحوادث کارفرما ہیں، علامہ ابو البرکات الانباریؒ

---

[1] دستور العلماء: ۳/۳-۷۳۔

[2] غرض لغت میں مطلوب اور مقصد کو کہتے ہیں اور اصطلاحی تعریف یہ ہے: "مَا يَكُوْنُ بِاعِثًا لِلْفِعْلِ" جو کسی فعل کے وجود اور حصول کا سبب ہو اور غرض وغایت کا جاننا اس لیے ضروری ہے کہ بے فائدہ اور لایعنی چیز کی طلب لازم نہ آئے اگر غرض معلوم نہ ہو تو پھر اس علم کا حاصل کرنا ایک فضول اور لایعنی کام ہو گا۔

[3] کشاف اصطلاحات الفنون: ۱/۲۴۔

(م ۵۷۷ھ) نے اس سلسلہ میں مختلف واقعات کا تذکرہ کیا ہے:

۱) تابعی جلیل ابوالاسود دؤلیؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ امیر المؤمنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کے ہاتھ میں ایک رقعہ تھا، میں نے کہا: امیر المؤمنین! یہ کیا ہے؟ آپ نے کہا: اعاجم کے خلط سے لوگوں نے عربی زبان میں بہت سی غلطیاں شروع کیں تو میں نے چند عربی قواعد وضع کیے ہیں جو اس رقعہ میں نوشتہ ہیں! پھر انہوں نے وہ رقعہ مجھے دیا جس میں لکھا تھا: "الْكَلَامُ كُلُّهُ إِسْمٌ، وفِعْلٌ، وَحَرْفٌ، فَالْإسْمُ مَا أَنْبَأَ عَنِ الْمُسَمَّى، وَالْفِعْلُ مَا أُنْبِئَ بِهِ، وَالْحَرْفُ مَا جَاءَ لِمَعْنَى." اورآپ نے مجھ حکم دیا کہ "انحُ هَذَا النَّحْوَ وَأَضِفْ إِلِيْهِ مَا وَقَ إِلَيْكَ." (آپ بھی اس کا ارادہ کریں اور اس پر مزید اضافہ کریں)، پھر میں نے کلام عرب میں تتبع اور استقراء کے بعد کچھ نحوی قواعد وضوابط جمع کیے اور ایک مجموعہ تیار کرنے کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: "مَا أَحْسَنَ هَذَا النَّحْوَ الَّذِيْ نَحَوْتَ!"[1]

۲) ایک مرتبہ ایک عجمی آدمی قرآن مجید کی تلاوت کر رہا تھا تو اس سورۃ التوبہ کی اس آیت پر پہنچا: "أَنَّ اللهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ." تو اس نے "وَرَسُولُهُ" کو مجرور پڑھا، جس کے معنی یہ بن رہے ہیں کہ: "اللہ مشرکین اور اپنے رسول سے بیزار ہیں" (العیاذ باللہ) تو اس واقعہ کا علم سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو ہوا، آپ نے حکم دیا: "أَلَا يَقْرَءُ الْقُرْآنَ إِلَّا عَالِمٌ بِاللُّغَةِ!" اور حضرت ابوالاسود دؤلیؒ کو حکم دیا کہ عربی قواعد وضوابط جمع کریں اور علم النحو کی تدوین کریں۔[2]

۳) ایک مرتبہ زیاد بن ابیہ نے ابوالاسود دؤلیؒ سے کہا کہ عرب وعجم کی باہمی اختلاط سے عربی زبان میں فحش غلطیاں ہونی لگیں، اس لیے آپ عربی قواعد وضع کریں، ابوالاسودؒ نے اس کی ضرورت محسوس نہیں کہا اور اس کا انکار کرلیا تو زیاد نے ایک شخص سے کہا کہ آپ ابوالاسود دؤلیؒ کے سامنے قرآن مجید کی تلاوت کریں اور اس میں لفظی غلطیاں کریں، چنانچہ اس شخص نے ایسے ہی کیا تو آپ نے جب اس کی تلاوت سنی تو زیاد کے پاس لوٹ کر آئے اور کہنے لگے: "يَا هَذَا! قَدْ أَجَبْتُكَ إِلَى مَا سَأَلْتَ."[3]

---

[1] نزہۃ الالباء فی طبقات الادباء: ۱۸، سیر اعلام النبلاء: ۳۶/۵۔

[2] نزہۃ الالباء فی طبقات الادباء: ۱۹۔

[3] نزہۃ الالباء فی طبقات الادباء: ۲۰۔

۴) ایک مرتبہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا اور میراث کے بارے میں مسئلہ پوچھتے ہوئے کہا: "مَاتَ أَبِيْ وَتَرَكَ لِيْ مَالٌ!" اس کو "مَالاً" کہنا چاہیے تھا، لیکن غلطی سے اس نے "مَالٌ" کہا، تو اس قسم کی غلطیوں کی وجہ سے علم النحو کو ایجاد کیا گیا۔

۵) بعض مؤرخین فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ گزر رہا تھا، کسی نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: "مَنِ الْمُتَوَفِّيْ" (بکسر الفاء) (مارنے والا کون ہے ؟)، آپ نے کہا: "اللہ!" تو اس نے کہا کہ میں تو مرنے والے کے بارے میں پوچھ رہا ہوں کہ کون مرا ہے ؟ آپ نے کہا تو پھر اس طرح کہیں نا: "مَنِ الْمُتَوَفَّى؟" [۱]

اس طرح کے کئی واقعات مؤرخین نے ذکر کیے ہیں، لیکن ان واقعات میں کوئی تعارض و تزاحم نہیں، ممکن ہے کہ یہ تمام واقعات مختلف اوقات میں مختلف مواضع میں پیش آئے ہوں، جس کے بعد ملت اسلامیہ کے مقتدر اہل علم نے علم النحو کی تاسیس و تدوین کی ضرورت محسوس کی اور یوں یہ علم مختلف ارتقائی ادوار سے گذرتا ہوا ہم تک پہنچا ہے۔

علم النحو کے ارتقائی ادوار و مراحل:

دنیا میں ہر ایک فن مختلف ارتقائی ادوار اور مراحل سے گذرتا ہوا اپنے عروج تک پہنچتا ہے اسی طرح علم النحو بھی ان ارتقائی ادوار اور مراحل سے گذرا ہے، اہل علم نے ان کو چار ادوار اور مراحل میں تقسیم کیا ہے:

(الف) طور الوضع والتکوین (ب) طور النشاوالنمو (ج) طور النضج والکمال (د) طور الترجیح۔

(الف): طور الوضع والتکوین:

یہ دور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت سے شروع ہوا اور اس کے سرخیل ابوالاسود دؤلیؒ ہیں اور یہ دور امام خلیل بن احمد فراہیدیؒ تک ہے جس میں علم النحو کے خطوط و معالم وضع ہوئے، اس دور کے اعلام میں عنبسہ بن معدان الفیل، نصر بن عاصم لیثی، عبدالرحمن بن ہرمز اور یحیی بن یعمر وغیرہ کا شمار ہوتا ہے، اس دور میں خالص بصری مکتب فکر کا کردار ہے۔

(ب): طور النشاوالنمو:

علم النحو کا یہ دوسرا ارتقائی دور ہے اس میں بصری اور کوفی دونوں مکاتب فکر کا کردار رہا ہے، اس دور کا دورانیہ پہلے سے ذرا زیادہ ہے، جو بصرہ میں امام خلیلؒ کے بعد سے امام مازنیؒ تک اور کوفہ میں ابو جعفر رواسیؒ سے ابن سکیت تک ہے، یہ دور علم النحو کی ترقی کا دور رہا، اس میں کوفہ اور بصرہ دونوں مکاتب فکر کے درمیان منافست اور مقابلہ آرائی رہتی تھی اور اس دور میں

[۱] درۃ الغواص فی اوہام الخواص: ۲۸۹-۲۹۰۔

"الکتاب لسیبویہ"، بھی لکھی گئی، یہ امام سیبویہؒ کی وہ بے نظیر کتاب ہے جو تمام کتب نحویہ کے لیے مرجع اورامہات الکتب کادرجہ رکھتی ہے۔ امام العصر علامہ انورشاہ کشمیریؒ "فیض الباری" میں ایک جگہ فرماتے ہیں: "وأوثق كتاب في النحو الرَّضِيّ، وأما باعتبار جمع المسائل فالأُشْمُوني، وأما كتاب سِيَبَوَيْه فهو «الكتاب»، إلا أنه عسير جدًا." [۱]

"علم النحو میں معتبر کتاب "الرضی علی الکافیہ" ہے اور مسائل کو جمع کرنے کے اعتبار سے "اشمونی" بہتر کتاب ہے اور صحیح معنوں میں کتاب تو امام سیبویہؒ کی "الکتاب" ہے، لیکن وہ بہت مشکل ہے۔"

امام سیبویہؒ کی "الکتاب" کی جامعیت کااندازہ اس بات سے ہوتاہے کہ امام اللغویین امام جاحظ کہتے ہیں کہ میں نے معتصم باللہ کے وزیر محمد بن عبد المالک کے پاس جانے کاارادہ کیا تو میں نے سوچاکہ ان کے لیے کوئی سی مفید اور بیش قیمت چیز ہدیہ کے طور پر لے جاؤں۔ بہت فکرو جستجو کے بعد میری نظر انتخاب امام سیبویہؒ کی "الکتاب" پر پڑی، جو میں نے امام فراءؒ کی میراث سے خریدی تھی۔ امام سیبویہؒ کی اس شہرہ آفاق کتاب کو بعض اہل علم نے "قرآن النحو" تک کہاہے، امام سیرافیؒ کہتے ہیں کہ علم نحو پر اس قدر جامع کتاب نہ کسی نے لکھی ہے اور نہ کوئی لکھ سکے گا، امام مبردؒ فرماتے ہیں کہ "الکتاب" جیسی جامع کتاب کسی بھی فن میں تصنیف نہیں کی گئی ہے۔ [۲]

(ج): طورالنضج والکمال:

یہ علم النحو کا تیسرا ارتقائی دور ہے اس دور میں بھی بصری اور کوفی دونوں مکتب ہائے فکر کا نمایاں کرادار رہا، یہ ادوار بصرہ میں امام مازنیؒ سے امام مبردؒ تک اور کوفہ میں امام یعقوب ابن سکیتؒ سے امام ثعلب کوفیؒ تک ہے، یہ علم النحو کاسنہرادور رہااوراس میں علم النحو کو خوب پذیرائی ملی، اس دور میں کوفیین اور بصریین کے درمیان مباحثے اور مناظرے بھی ہوتے تھے؛ چنانچہ امام کسائیؒ، امام ثعلب کوفیؒ، امام سیبویہؒ، امام اصمعیؒ، یحییٰ بن مبارک یزیدیؒ اس دور کے کے نمایاں مناظر ہیں۔ جن پر فن نحو میں اجتہاد ختم ہو جاتا ہے اور بصریہ، کوفیہ دونوں مکاتب فکر کی روشنی مدھم پڑنے لگتی ہے اور فن نحو بصرہ اور کوفہ سے بغداد منتقل ہوتا ہے؛ اس کے بعد چوتھادور شروع ہوتا ہے۔ [۳]

(د): طورالترجیح:

---

[۱] فیض الباری: ۲۵۱/۱۔

[۲] امام سیبویہؒ کے وفات کے بعد اس کتاب کو غیر معمولی مقبولیت ملی اور قرآن النحو تک کہا گیا، لیکن امام سیبویہؒ کی زندگی میں اس کتاب کو خاطر خواہ مقبولیت نہیں ملی، جس کی وجہ سے آپ کو بہت دُکھ ہوااور ایک مرتبہ آپ نے طیش میں آکر کہاکہ "الکتاب" کو میرے مرنے کے بعد میرے ساتھ قبر میں دفنادیں! تاہم آپ کے وفات کے بعد اللہ تعالی نے اس کو اتنی قبولیت دی کہ یہ کتاب علم النحو میں استناد کادرجہ اختیار کر گیا۔ (مراتب النحو لابی الطیب اللغوی: ۶۵، المدارس النحویۃ: ۶۰)۔

[۳] نشاۃ النحو: ۲۶، الخلاف بین النحویین، دکتور سید رزق الطویل: ۱۸۔

یہ علم النحو کا چوتھا ارتقائی دور ہے اس دور میں نمایاں کردار علمائے بغداد کا رہا اور اس کیساتھ ساتھ مصری، شامی اور اندلسی علماء نے بھی اس میدان میں خوب نبرد آزمائی کی اور بے شمار نحوی تصانیف معرض وجود میں آئیں، یہ دور ابن درستویہؒ، ابن انباریؒ، ابوسعید سیرافیؒ اور نفطویہؒ تک مانا جاتا ہے، اس میں ترجیح مذاہب، تنقیح مباحث اور تشریح مسائل پر زور رہا۔

مدارس النحو:

علم النحو کی تاسیس و تدوین میں ملت اسلامیہ کے مختلف بلاد وامصار نے اہل علم نے حصہ لیا اور لسانِ قرآن کی حفاظت اور اس کی ترقی وعروج پر اپنی تمام تر توانائیاں صرف کیں، لیکن ابتداء میں دو مکاتب ہائے فکر بصریین اور کوفیین کو بے حد شہرت ملی، جس کے نتیجے میں دو عظیم درسگائیں وجود میں آئیں: (الف) مدرسۃ البصریین، (ب) مدرسۃ الکوفیین۔

(الف): مدرسۃ البصریین:

مدرسۃ البصریین کے سرخیل تابعی جلیل ابوالاسود دؤلیؒ (م۶۹ھ) اور ان کے تلامذہ عبد الرحمن بن ہرمزؒ (م ۱۱۷ ھ)، نصر بن عاصم اللیثیؒ (۸۹ھ)، یحیی بن یعمرؒ (م۱۲۹ھ)، عنبسۃ بن الفیلؒ (م۱۰۰ھ) ہیں اور ان کے علاوہ مشہور بصریین نحات کی مختصر فہرست یہ ہے:

الاخفش الکبیر عبد الحمید بن عبد الحمیدؒ (م۱۵۷ھ)، امام خلیل بن احمد فراہیدیؒ (م۱۷۴ھ)، امام عمرو بن عثمان بن قنبر سیبویہؒ (م۱۸۰ھ)، یونس بن حبیبؒ (م ۱۸۳ھ)، اخفش اوسط ابوالحسن سعید بن مسعدۃؒ (م ۲۱۵ھ)، ابو عثمان مازنیؒ (م۲۴۹ھ)، ابو العباس مبرد محمد بن یزیدؒ (م ۲۸۵ھ)، قطرب محمد بن مستنیرؒ (م ۲۰۶ھ)، ابو اسحاق الزجاج ابراہیم بن السری بن سہلؒ (م ۳۱۱ھ)، اخفش صغیر علی بن سلیمانؒ (م ۳۱۵ھ)، ابن درستویہ عبد اللہ بن جعفرؒ (م ۳۴۷ھ) وغیرہ[1]۔

(ب): مدرسۃ الکوفیین:

مدرسۃ الکوفیین کے سرخیل امام کسائیؒ، امام فراءؒ اور ثعلب کوفیؒ اور ان کے اصحاب و تلامذہ تھے، مشہور کوفیین نحات کی مختصر فہرست یہ ہے:

معاذ بن مسلم ہرویؒ (م۱۸۷ھ)، امام کسائیؒ (م۱۸۹ھ)، امام فراء یحیی بن زیادؒ (م۲۰۷ھ)، قاسم بن معمرؒ (م۱۷۵ھ)، احمد بن یحیی ثعلب کوفیؒ (م۲۹۱ھ)، ابن کیسان محمد بن احمدؒ (م۲۹۹ھ)، ابوبکر ابن انباریؒ (م۳۲۸ھ)، نفطویہ ابراہیم بن محمدؒ (م۳۲۳ھ)۔[2]

---

[1] المدارس النحویۃ، از احمد شوقی عبد السلام: ۱۱۔
[2] المدارس النحویۃ، از احمد شوقی عبد السلام: ۱۵۳۔

بصریین اور کوفیین کا نحوی اختلاف:

بصریین اور کوفیین دونوں مکاتب فکر نے اپنے اصول وضوابط اور ترجیحات کی بنیاد پر ایک دوسرے سے شدید اختلاف کیا، مناظرے اور مباحثے ہوئے اور دونوں مکاتب ہائے فکر نے خوب شرح وبسط کیساتھ کلام کیا ہے، لیکن علم النحو کی تدوین وایجاد میں فضلیت کا سہرا بصریین کے سر ہے، کیونکہ موجد نحو ابوالاسود دؤلی بصری تھے، ان کی جدوجہد سے علم النحو بصرہ اور قرب وجوار میں پھیلا تو اہل کوفہ نے بھی اس میں حصہ لینا شروع کیا اور انہوں نے علم النحو کی تعلیم اہل بصرہ سے حاصل کی اور پھر اس کی درس وتدریس اور تنقیح وتشریح میں یہاں تک پہنچے کہ انہوں نے اہل بصرہ سے مقابلہ شروع کیا اور فریقین میں شدید اختلاف پیدا ہوا اور یوں اس اختلاف نے مستقل مذاہب کی شکل اختیار کر دی، فریقین کا جن مسائل میں اختلافات تھے ان کی طویل فہرست علامہ عبدالرحمن بن محمد انباریؒ (۵۷۷ھ) نے "الإنصاف في مسائل الخلاف بين النحويين: البصريين والكوفيين" میں ذکر کی ہے، لیکن ان اختلافات کی بنیاد یہ تھی کہ بصریین سماع کو ترجیح دیتے اور بصورت مجبوری قیاس کی طرف رجوع کرتے اور سماع میں صرف خالص فصیح عربوں کو قابل استناد سمجھتے تھے اور اس قسم کے عرب بصرہ اور اس کے مضافات میں کثرت سے آباد تھے اور جب کہ کوفیین اہل سواد کے باہمی اختلاط سے اکثر مسائل میں قیاس پر اعتماد کرتے اور ان عرب دیہاتی کو بھی قابل سند سمجھتے تھے جن کی فصاحت بصریین تسلیم نہیں کرتے تھے۔

کوفیین کی مذہب کو تقویت ملنے کی ایک اہم وجہ یہ بھی تھی کہ اہل کوفہ عباسیوں کے زیر سایہ اور بنوہاشم کے حمایتی تھی اور کوفہ بغداد کے زیادہ قریب تھا، عباسیوں نے کوفیوں کو ترجیح دی اور اس وجہ سے کوفیین کا مذہب دارالخلافہ بغداد میں پھیل گیا اور جب یہ جھگڑے بڑھتے چلے گئے تو بالآخر دونوں شہر ویران ہو گئے اور یہاں کے علماء بغداد چلے گئے جہاں بغداد میں نحوی مدرسۃ بغدادیہ وجود میں آیا جو دونوں مکاتب فکر کے باہمی امتزاج سے تشکیل دیا گیا جس طرح علم النحو اندلس مغرب میں پہنچنے سے مدرسہ اندلسیہ وجود میں آیا اور مصر کی طرف رخ کرنے سے مدرسۃ المصر کی بنیاد رکھی گئی، جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

لیکن یہ اختلافات صرف اسی دور میں عروج پر تھے اور یہ یہاں ہی اختتام کو پہنچے، بعد میں انہوں نے کسی خاص مذہب ومسلک کی شکل اختیار نہیں کی کہ جس طرح دیگر فقہی اختلافات نے مستقل مسالک (حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی) کی حیثیت اختیار کی[1]، یہی وجہ ہے کہ دوسری اور تیسری صدی ہجری کے بعد علمائے نحو کو بصری یا کوفی نہیں کہا جاتا ہے اور نہ ہی کسی ایک عالم نحو کو ان مکاتب فکر کی طرف منسوب کرتے ہوئے بصری یا کوفی کہا جاتا ہے، بعد میں یہ اختلاف صرف کتابوں تک رہا ان کو کوئی وجودِ خارجی باقی نہ رہا۔

دیگر مدارسِ نحویہ:

---

[1] ہادیہ شرح کافیہ: ۱۸۔

ان دو مکاتب ہائے فکر مدرستہ البصریین اور مدرستہ الکوفیین کے علاوہ تین اور نحوی مدارس ہیں، جنہوں نے علم النحو کے ارتقائی میں کلیدی اور بنیادی کردار ادا کیا ہے وہ تین مدارس یہ ہیں:

(الف) مدرستہ البغداد (ب) مدرستہ المصر، (ج) مدرستہ الاندلس۔

(الف): مدرستہ البغداد:

چوتھی صدی ہجری میں امام مبرد بصری اور ثعلب کوفی کے تلامذہ نے بغداد میں مدرستہ بغدادیہ کی بنیاد رکھی، جس میں بعض حضرات نے بصری مکتب فکر کی ترجیحات اختیار کیے اور بعض نے کوفیین رحجات کو ترجیح دی اور اس کیساتھ ساتھ بعض جدید نحوی مسائل بھی زیر بحث آئے تو اس باہمی امتزاج واشتراک سے مدرستہ البغداد وجود میں آیا، مدرستہ البغداد کے سرخیل امام ابو علی فارسی (م۳۷۷ھ) اوران کے تلمیذ خاص عثمان بن جنیؒ (۳۹۲ھ) ہیں اور اس منہج کو پروان چڑھانے میں متاخرین بغدادیین کا نمایاں کردار رہا، جن کی مختصر فہرست یہ ہے: یحیی بن علی تبریزی (م۵۰۲ھ)، حسن بن صافی ملک النحاۃ (م۵۶۸ھ)، محمود بن عمر جار اللہ زمخشری (م ۵۳۸ھ)، عبد اللہ بن علی بغدادی (ابن شجری (م ۵۴۲ھ)، عبد اللہ بن احمد ابن خشاب (م ۵۶۷ھ)، ابو البرکات انباری (م۵۷۷ھ)، ابو البقاء عبد اللہ الضریر بن حسین عکبری (م۶۱۶ھ) وغیرہ[1]۔

(ب): مدرستہ المصر:

چوتھی صدی ہجری میں مصری علماء نے بغدادی نحات سے علم النحو کی تعلیم حاصل کی اور بغدادی نحوی حلقات سے خوب استفادہ کیا جس کے نتیجے میں مدرسہ مصریہ وجود میں آیا، جن میں احمد بن محمد تمیمی (۳۲۲ھ)، احمد بن محمد مصری ابو جعفر نحاس (م۳۷۷ھ) وغیرہ قابل ذکر ہیں اوران کے بعد متاخرین علمائے مصر کی مختصر فہرست یہ ہے: ابو البقاء یعیش موفق الدین ابن یعیش (م۶۴۳ھ)، ابو عمر و عثمان جمال الدین ابن حاجب (م۶۴۶ھ)، محمد بدر الدین بن محمد ابن ناظم (م۶۸۶ھ)، محمد بہاء الدین بن ابراہیم حلبی ابن نحاس (م ۶۸۹ھ)، حسن بن قاسم مصری المرادی (م ۷۴۹ھ)، عبد اللہ جمال الدین بن یوسف انصاری ابن ہشام (م ۷۶۱ھ)، عبد اللہ بہاء الدین بن عبد الرحمن حلبی ابن عقیل (م ۷۶۹ھ)، محمد بدالدین بن ابی بکر المخزومی دمامینی (م ۸۲۸ھ)، احمد تقی الدین بن محمد المعروف بالشمنی (م ۸۷۲ھ)، خالد زین الدین بن عبد اللہ ازہری (م۹۰۵ھ)، عبد الرحمن جلال الدین بن ابو بکر سیوطی (م۹۱۱ھ)، علی نور الدین بن محمد اشمونی (م۹۲۹ھ) وغیرہ۔[2]

(ج): مدرستہ الاَندلس:

چوتھی اور پانچویں صدی ہجری میں نحوی مدرسہ اندلسیہ معرض وجود میں آیا، جس کو امام کسائیؒ اور امام فراءؒ کے

---

[1] المدارس النحویۃ، از احمد شوقی عبد السلام: ۲۴۵۔
[2] المدارس النحویۃ، از احمد شوقی عبد السلام: ۳۲۷۔

تلامذہ نے پروان چڑھایا اوران کی مساعی سے مغرب اوراندلس میں علم النحو کا خوب چرچا ہوا، جن میں ابو محمد قاسم علم الدین الورقی اندلسی (م ۶۶۱ھ)،ابوالحسن علی بن مومن الشبیلی ابن عصفور (م ۶۶۳ھ)،ابو عبداللہ محمد جمال الدین بن عبداللہ الطائی ابن مالک (۶۷۳ھ)،ابوالحسن علی بن محمد اشبیلی ابن الضائع (م ۶۸۰ھ)، محمد اثیر الدین یوسف غرناطی ابوحیان (م ۷۴۵ھ)،ابو اسحاق ابراہیم بن موسی لخمی غرناطی شاطبی (م ۷۹۰ھ) وغیرہ نے علم النحو کی ترویج واشاعت میں غیر معمولی کردارادا کیا ہے۔ [۱]

نحاتِ برصغیر:

تاریخ شاہد ہے کہ برصغیر کے اہل علم نے جہاں دیگر علوم وفنون (تفسیر،حدیث،اصول حدیث،فقہ،اصول فقہ،بلاغت، منطق وفلسفہ وغیرہ) کی اشاعت وترویج میں غیر معمولی خدمات سرانجام دیے تو وہاں انہوں نے صرف ونحو پر بھی خوب خامہ فرسائی کی اورایسے نابغہ روزگار مشاہیر وفحول پیدا ہوئے جنہوں نے متقدمین کے کتابوں کے تلخیصات وتسہیلات کیے،ان کی تدوین وتہذیب پر خوب کام کیا اوراسی طرح ان کے شروحات لکھے اور پھر شروحات پر حواشی اور حواشی پر بھی حواشی لکھے،فنی قواعد وضوابط جمع کرنے خوب کا اہتمام کیا اوراجراء وتطبیق پر بھی خوب توجہ دی،فنی مباحث ومسائل پر سیر حاصل گفتگو کی اور مشکلات الفن کی تحلیل وتجزیہ میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

پاک وہند کے نحات کی ایک طویل فہرست ہے،ہزاروں علماء نے صرف ونحو کی تعلیم وتدریس کو اپنی زندگی کا مشغلہ بنایا اوراگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہو گا کہ ان میں ایسے جہابذہ وعباقرہ بھی پیدا ہوئے، جو اپنے وقت کے ائمہ فن سیبویہ، خلیل بن احمد فراہیدی،ابن جنی،ابن عصفور،ابن ہشام،ابن حاجب،ابن مالک،ابن عقیل،ابن یعیش،ابن ناظم، ثمانینی، دمامینی، شمنی،اشمونی،عکبری اور مرادی شمار کیے جاتے تھے،جنہوں نے متقدمین کی کتابوں کے صرف شروحات نہیں لکھے، بلکہ ان پر مضبوط اور ٹھوس تعاقبات اوراستدراک بھی کیے،یہی وجہ ہے کہ نحوی کتب خانے میں علمائے پاک وہند کی قابل قدر حصہ داری رہی۔ [۲]

---

[۱] المدارس النحویۃ،ازاحمد شوقی عبدالسلام: ۲۸۸۔

[۲] نحات برصغیر کی تفصیل کے لیے دیکھئے: مضمون: طبقات نحات،از مولانا کفیل احمد میواتی،ماہانہ دارالعلوم دیوبند شعبان ۱۴۴۳ھ بمطابق مارچ ۲۰۲۲م۔

حصہ اول: تراکیب زنجیری

حصہ اول دو بابوں پر مشتمل ہے:

بابِ اول: کلمہ اور کلام

بابِ دوم: اعراب و بناء

بابِ اول: کلمہ اور کلام

یہ باب درج ذیل پانچ فصلوں پر مشتمل ہے:

فصلِ اول: لفظ کی تعریف و تقسیم

۱۔ لفظ کی لغوی اور اصطلاحی تعریف:

لفظ کا لغوی معنی ہے: ”پھینکنا“، پھر یہ عام ہے خواہ منہ سے ہو یا غیر منہ سے، اگر منہ سے ہو تو پھر یا کلام ہو گا، جیسے: ”زَيْدٌ قَائِمٌ“ اور یا غیر کلام ہو، جیسے: ”أَكَلْتُ التَّمَرَةَ وَلَفَظْتُ النَّوَاةَ“ (میں کھجور کھائی اور گھٹلی پھینک دی)۔ اور غیر منہ سے ہو، جیسے: ”لَفَظَتِ الرَّحَى الدَّقِيْقَ“ (چکی نے آٹا پھینکا) اور اصطلاحی تعریف یہ ہے:

”مَايَتَلَفَّظُ بِهِ الْإِنْسَانُ حَقِيْقَةً كَانَ أَوْ حُكْماً مُفْرَداً كَانَ أَوْ مُرَكَّباً مُهْمَلًا كَانَ أَوْ مَوْضُوْعاً“.

”لفظ وہ ہے جس پر انسان تلفظ کر سکے حقیقی ہو یا حکمی، مفرد ہو، یا مرکب، مہمل ہو، یا موضوع، پھر تلفظ عام ہے خواہ ابتداءً ہو یا ثانیاً ہو۔“

۲۔ لفظ کی تقسیم:

لفظ کی دو قسمیں ہیں: (الف) موضوع (ب) مہمل

اگر لفظ بامعنی ہو تو موضوع، جیسے: ”زَيْدٌ“ اور اگر بے معنی ہو تو مہمل، جیسے: ”دَيْز“. یہ زید کا مقلوب ہے، پھر لفظ موضوع کے تین نام ہیں: ۱) موضوع ۲) مستعمل ۳) بامعنی۔ اور لفظ مہمل کے چار نام ہیں: ۱) مہمل ۲) غیر موضوع ۳) غیر مستعمل ۴) بے معنی۔

۳۔ لفظ موضوع و مستعمل کی تقسیم:

کلام عرب[۱] میں لفظ مستعمل کی دو قسمیں ہیں: (الف) مفرد (ب) مرکب

(الف): مفرد کی تعریف:

”لَفْظٌ مُنْفَرِدٌ يَدُلُّ عَلَى مَعْنًى وَاحِدٍ مُفْرِدٍ.“

مفرد وہ اکیلا لفظ ہے جو ایک ہی معنی پر دلالت کرے، ایک معنی کا مطلب یہ ہے کہ لفظ کے اجزاء معنی کے اجزاء پر دلالت نہ کرے،[۲] اور اسے کلمہ بھی کہتے ہیں۔

---

(۱) لفظ مستعمل کی یہ دو قسمیں کلام عرب کیساتھ خاص نہیں، بلکہ تمام زبانوں میں لفظِ مستعمل کی دو قسمیں ہیں، یہاں چونکہ صرف عربی زبان کے قواعد و ضوابط معلوم کرنے ہیں، اس لیے یہ قید لگائی گئی، جس سے بظاہر تخصیص معلوم ہوتی ہے حالانکہ مقصود تخصیص نہیں۔

(۲) یعنی لفظ کے ٹکڑے کرنے سے وہ معنی سمجھ میں نہ آئیں جو پہلے سمجھ میں آتے تھے، مثلاً لفظ ”زید“ سے مراد ”ذات زید“ ہے جو مختلف اعضاء پر مشتمل ہے، اس لفظ زید کے تین اجزاء ہیں: ”ز، ی، د،“ ان میں سے ”ز“ جسم زید کے ایک جزء، مثلا: سر پر دلالت نہیں کرتا، اسی طرح ”ی“ کان پر اور ”د“ پاتھ پر دلالت نہیں کرتا ہے، اسی طرح ”ضرب“، اس میں ”ض“ معنی مصدری پر ”ز“ زمانہ پر اور ”ب“ فاعل پر دلالت نہیں کرتا ہے۔

پھر کلمہ کی تین قسمیں ہیں:۱)۔اسم ۲)۔فعل ۳)۔حرف [1]

۱)۔اسم کی تعریف:

"كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلَى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا غَيْرِ مُقْتَرِنٍ بِأَحَدِ الأَزْمِنَةِ الثَّلاثَةِ."

اسم وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر بذات خود دال ہو اور اس میں تینوں زمانوں (ماضی،حال،استقبال) میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے، جیسے: "فَرَسٌ، رَجُلٌ" وغیرہ، اسم کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ بصریین کے نزدیک یہ "سِمْوٌ" سے مشتق ہے جس کے معنی بلندی کے ہیں اور چونکہ اسم اپنے دونوں قسموں (فعل وحرف) پر فائق رہتا ہے اس طور پر کہ یہ مسند اور مسند الیہ دونوں کی صلاحیت رکھتا ہے اور کوفیین کے نزدیک "وِسْمٌ" سے مشتق ہے جس کے معنی علامت کے ہیں، چونکہ اسم اپنے مسمیٰ کے لیے علامت ہوتا ہے، راجح مذہب بصریین کا ہے۔ [2]

(ب)۔فعل کی تعریف:

"كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلَى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا مُقْتَرِنٍ بِأَحدِ الأزمِنَةِ الثَّلاثَةِ."

فعل وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر بذات خود دال ہو اور تینوں زمانوں (ماضی،حال،استقبال) میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے، جیسے "ضَرَبَ، يَضرِبُ" وغیرہ. فعل کی وجہ تسمیہ ہے کہ فعل "تَلْفَعٌ" سے ماخوذ ہے بمعنی "تَضْمَنُ"، چونکہ فعل، فعل لغوی (مصدر) کو بھی شامل ہے، جیسے: "الضَّرْبُ" میں "مارنا" ایک فعل ہے جو مارنے والے کے قائم مقام ہے اور جو چیز فاعل سے صادر ہو وہ مصدر ہے اس لیے تسمیہ الدال باسم المدلول کی بناء پر فعل نام رکھ دیا گیا ہے۔ [3]

(ج)۔حرف کی تعریف:

"كَلِمَةٌ لا تَدُلُّ عَلَى مَعْنًى فِي نَفْسِهَا بَلْ فِي غَيْرِهَا."

حرف وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر بذات خود دال نہ ہو، جیسے "مِنْ، إِلى" وغیرہ، البتہ جب اسے کسی جملہ (دو اسموں یا ایک اسم اور ایک فعل) میں استعمال کیا جائے تو دوسرے کلمات سے مل کر اپنے معنی پر دلالت کرتا ہے۔ حرف کو حرف کہنے کی وجہ یہ ہے کہ حرف لغت میں "کنارہ اور طرف" کو کہتے ہیں، جیسے عربی محاورہ ہے: "جَلَسْتُ حَرْفَ الْوَادِيْ"، "میں وادی کے کنارہ بیٹھا" اور چونکہ حرف کلام کے کنارے میں واقع ہوتا ہے اس لیے یہ اسم اور فعل کے کنارے اور طرف میں ہوتا

---

[1] اسم، فعل اور حرف سے کتب نحو میں تفصیلی بحث کی جاتی ہے، یہ علم النحو اور علم الصرف کے مشترکہ اصطلاحات ہیں، ان دونوں علوم میں ان سے مختلف حیثیات سے بحث کی جاتی ہے۔

[2] شرح الشافیۃ للرضی:۲۵۸/۳، ہامش کافیہ:۲.

[3] ہامش کافیہ:۳، الہامیہ:۳۵.

ہے، یعنی یہ دونوں کلام میں عمدہ واقع ہوتے ہیں اور حرف نہیں۔[۱]

کلام کی تعریف:

"لَفْظٌ تَضَمَّنَ الكلمتينِ بِالإِسْنَادِ."

کلام وہ لفظ ہے جو اسناد کیساتھ دو کلموں پر مشتمل ہو، جیسے: "الْحَمْدُللهِ"، پھر کلام کے تحقق کے لیے دو اسموں یا ایک اسم اور ایک فعل کا ہونا ضروری ہے، دو اسموں کی مثال، جیسے: "نَحْنُ مُصْلِحُونَ" اور ایک اسم اور ایک فعل کی مثال، جیسے: "خَتَمَ الله"۔ دو فعلوں سے یا ایک اسم اور ایک حرف سے یا ایک فعل اور ایک حرف سے کلام وجود میں نہیں آتا[۲]۔

(ب): مرکب کی تعریف:

"لَفْظٌ يَتَرَكَّبُ مِنْ كَلِمَتَيْنِ أَوْ أَكْثَرَ."

مرکب وہ لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلمات سے مل کر بنے، دو کلموں کی مثال، جیسے: "رَسُوْلُ اللهِ" اور دو سے زیادہ کلموں کی مثال، جیسے: "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ".

مرکب کی اقسام:

مرکب کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ مرکب مفید (ب)۔ مرکب غیر مفید

(الف)۔ مرکب مفید کی تعریف:

"مَا يَصِحُّ السُّكُوْتُ عَلَيْهِ."

وہ مرکب ہے جس میں سکوت متکلم مفید للسامع ہو، یعنی جب بات کہنے والا خاموش ہو جائے تو سننے والے کو خبر یا طلب کا فائدہ حاصل ہو، خبر کا مطلب یہ ہے کہ متکلم کیا کہہ رہا ہے اور طلب کا معنی یہ ہے کہ متکلم کیا مانگ رہا ہے، خبر کی مثال، جیسے: "جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ." (الاسراء:۸۱)، اس مرکب سے حق کے آنے اور باطل کے جانے کی خبر دی جا رہی ہے اور طلب کی مثال، جیسے: "أَقِمِ الصَّلَاةَ." اس مرکب میں نماز قائم ہونے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

(ب): مرکب غیر مفید کی تعریف:

"مَا لَا يَصِحُّ السُّكُوْتُ عَلَيْهِ."

وہ مرکب ہے جس میں سکوت متکلم مفید للسامع نہ ہو، یعنی جب کہنے والا بات کہہ کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو اس سے کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو، جیسے: "يَوْمِ الدِّينِ، الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ" سے کوئی خبر یا طلب کا فائدہ حاصل نہیں

---

[۱] الکافیہ:۳.

[۲] ہامش کافیہ:۳، الہامیہ:۳۵.

ہوتا، مرکب غیر مفید کا مطلب یہ ہے کہ متکلم جملہ کے تمام ارکان (مسند الیہ اور مسند) ذکر نہ کرے، جس کی وجہ سے نہ کوئی خبر معلوم ہوتی ہے اور نہ کوئی طلب، بلکہ وہ اس قدر کہہ کر خاموش ہوجاتا ہے جس کو یا تو مسند الیہ بنا سکتے ہیں، یا مسند، اور صرف ایک رکن سے کلام تام نہیں ہوتا، اسی وجہ سے اس کو مرکب غیر مفید اور مرکب ناقص کہتے ہیں۔

جملہ اور کلام میں نسبت:

جملہ اور کلام میں تساوی کی نسبت ہے یا عموم وخصوص مطلق کی؟ اس میں نحات کا اختلاف ہے، علامہ ابن ہشام نے "معنی اللبیب" اور امام زمخشریؒ نے "المفصل" میں اس بات پر بہت زور دیا ہے کہ کلام اور جملہ مترادف نہیں، بلکہ اس میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، کلام خاص مطلق اور جملہ عام مطلق ہے، اس لیے کہ کلام سے مراد القول المفید بالمقصد ہے کہ کلام اس قول کو کہتے ہیں جو مسند اور مسند الیہ پر مشتمل ہو اور ان کی اسناد مفیدِ معنی ہونے کیساتھ مقصود بالذات بھی ہو۔ جب کہ جملہ محض فعل وفاعل اور مبتداء وخبر یا ان کے قائم مقام چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے، یعنی جملہ اس قول کو کہتے ہیں جو مسند اور مسند الیہ پر مشتمل ہو، لیکن ان کی اسناد مقصود نہیں، مگر مقصود بالذات کو مفید ہوتی ہے۔ چناں چہ نحات جملہ الشرط، جملہ الجزاء اور جملہ الصلہ وغیرہ کا لفظ اکثر استعمال کرتے ہیں، لیکن ان تینوں جملوں کو آپ کلام نہیں کہہ سکتے، کیونکہ ان میں ایک جملہ بھی مفید معنی نہیں ہے۔

لیکن شیخ بدرالدین دمامینیؒ، ضیاء الدین ابن العلجؒ، ابن جنیؒ، ابن نحاسؒ وغیرہ حضرات کو موقف یہ ہے کہ جملہ اور کلام مترادف ہیں، ان کے دلائل یہ ہیں کہ تعریفات کی بنیاد اکثریت پر ہوتی ہے، بعض مقامات پر اگر تخلف واقع ہو بھی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ عمومی ضابطے کے لیے قادح نہیں ہوتا۔ نیز ان تینوں جملوں کو مجاز مرسل کے طور پر باعتبار ما کان جملہ کہاجاتا ہے، اہل عرب ان تینوں جملوں کو مفرد کے معنی میں سمجھتے ہیں[1]۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: جو آواز حرف ہجاء پر مشتمل نہ ہو یا حرف ہجاء پر مشتمل ہو، لیکن اس کا کوئی معنی و مفہوم نہ ہو تو اسے مہمل کہتے ہیں۔

قاعدہ: قرآن وحدیث میں کوئی مہمل لفظ موجود نہیں۔

قاعدہ: کلمہ اگر ذات پر دال ہو تو اسم، اگر وصف پر دال ہو تو فعل اور اگر ربط پر دلالت کرے تو حرف کہلاتا ہے۔[2]

قاعدہ: حروف کو ادواتِ ربط بھی کہتے ہیں، کیونکہ یہ دو کلموں میں ربط کا فائدہ دیتے ہیں۔[3]

قاعدہ: حرف کسی جملہ میں مقصود بالذات نہیں ہوتا، بلکہ یہ دو اسموں یا ایک اسم اور ایک فعل میں ربط کا فائدہ دیتا ہے۔

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۱/۷۵، ربح العبیر: ۳۷۔

[2] شرح شذور الذہب: ۲۱۔

[3] النحو الوافی: ۱/۶۶۔

قاعدہ: حروف جب تک ایک دوسرے سے نہ ملے ہوں تو ان میں سے ہر ایک صرف ایک رمز اور علامت ہوتا ہے اور اس کی دلالت اپنی ذات تک محدود ہوتی ہے، لیکن جب دو یا زیادہ حروف مل جائیں تو اس ملنے سے کلمات بنتے ہیں۔[۱]

فائدہ: مرکب مفید کے چھے نام ہیں:۱) مرکب مفید ۲) مرکب اسنادی ۳) مرکب کلامی ۴) مرکب تام ۵) جملہ ۶) کلام۔ اور مرکب غیر مفید کے پانچ نام ہیں: ۱) مرکب غیر مفید ۲) مرکب غیر اسنادی ۳) مرکب غیر تام ۴) مرکب ناقص ۵) مرکبِ غیر کلامی۔

فائدہ: مفرد چار چیزوں کے مقابلے میں آتا ہے: ۱) مفرد بمقابلہ مرکب، جیسے: یہاں مفرد مرکب کے مقابلے میں ہے۔ ۲) مفرد بمقابلہ مضاف و شبہ مضاف، جیسے: منادی میں ہے۔ ۳) مفرد بمقابلہ تثنیہ و جمع، جیسے: اسماء ستہ مکبرہ میں ہے۔ ۴) مفرد بمقابلہ جملہ، جیسے: تمیز میں ہے[۲]۔

قاعدہ: اسناد ایک لفظ کا دوسرے لفظ کیساتھ اس تعلق کو کہتے ہیں جو مکمل و مفید معنیٰ پیدا کرے، جیسے: مبتداء کا تعلق خبر کیساتھ، یا فعل کا تعلق فاعل کیساتھ، یا اضافت یا توصیف کا تعلق، یہ آخری دو تعلق ناقص ہیں، اس لیے اسناد ناقص ہوگی۔[۳]

فائدہ: علامہ زمخشریؒ کے نزدیک کلمہ ہونے کے لیے لفظ بھی ایک ہونا ضروری ہے اور جب لفظ ایک ہوگا تو معنیٰ لامحالہ ایک ہوں گے اور اگر لفظ متعدد ہوں اور معنیٰ ایک ہیں تو وہ کلمہ نہیں، جیسے: عبد اللہ بوقت علمیت ان کے نزدیک کلمہ نہیں، کیونکہ لفظ دو ہیں اگرچہ اس کے معنیٰ ایک ہیں اور علامہ ابن حاجبؒ کے نزدیک لفظ ایک ہونا ضروری نہیں، صرف معنیٰ مفرد ایک ہونے ضروری ہیں، لہٰذا عبد اللہ عند العلمیت کلمہ ہے۔[۴]

قاعدہ: جملہ عام اور کلام خاص ہے، کیونکہ جملہ میں دو قیود ہیں: ۱) لفظ ہو۔ ۲) مفید ہو، لیکن کلام میں تین قیود ہیں: ۱) لفظ ہو۔ ۲) مرکب مفید ہو۔ ۳) اس کی نسبت مقصودی ہو اور ضابطہ مسلمہ ہے کہ جس چیز میں جتنی قیود زیادہ ہوتی ہے وہ اتنا ہی خاص ہوتی ہے اور جتنی قیود کم ہوتی ہیں اتنا ہی وہ چیز عام ہوتی ہے تو کلام کے اندر تین قیود ہیں اور جملہ میں دو قیود ہیں تو کلام خاص ہوا اور جملہ عام ہوا، لہٰذا ہر کلام تو جملہ ہوتا ہے، لیکن ہر جملہ کلام نہیں ہوتا۔[۵]

قاعدہ: نسبت کی دو قسمیں ہیں: ۱) نسبت مقصودی، ۲) نسبت غیر مقصودی۔ نسبت مقصودی وہ اسناد ہے جس کیساتھ متکلم مخاطب کو اولاً بالذات فائدہ تامہ پہنچایا جائے، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ" اور نسبت غیر مقصودی وہ ہے جو دوسرے اسناد کے لیے موقوف علیہ ہو اور

---

(۱) النحو الوافی: ۱/ ۱۳.

(۲) جہد قصیر: ۱۲، بدر السعید: ۳۲۔

(۳) ہادیہ: ۲۲۔

(۴) ہادیہ: ۲۱۔

(۵) بدر السعید: ۳۵۔

دوسرا اسناد مقصودِ متکلم ہو، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ أَبُوْهُ" یہاں دو اسناد ہیں، پہلا "زَيْدٌ" اور "قَائِمٌ" کے درمیان اور دوسرا "قَائِمٌ" اور "أَبُوْهُ" کے درمیان، یہاں دوسرا اسناد غیر مقصودی ہے، کیونکہ یہ پہلے اسناد مقصودی "زَيْدٌ قَائِمٌ" کے لیے موقوف علیہ ہے۔[1]

قاعدہ: آٹھ جملے ایسے ہیں جن میں نسبت غیر مقصودی ہے، یعنی جملے تو ہیں، لیکن کلام نہیں: ۱) جملہ خبر واقع ہو، ۲) جملہ صفت واقع ہو، ۳) جملہ صلہ واقع ہو، ۴) جملہ حال واقع ہو، ۵) جملہ نداء واقع ہو، ۶) جملہ قسم واقع ہو، ۷) جملہ شرط واقع ہو، ۸) جملہ مضاف الیہ واقع ہو۔[2]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مفرد اور مرکب کی تعیین کریں، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

فَرَسٌ. ضَرَبَ. قَدْ. ضَرَبَ زَيْدٌ. غُلَامُ زَيْدٍ. بَقَرَةٌ. خَمْسَةَ عَشَرَ. غَنَمٌ. زَيْدٌ قَائِمٌ. عَمْرٌو قَاعِدٌ. مَاءُ الْبِيْرِ. صَلَاةُ الظُّهْرِ. مَكَّةُ. مَدِيْنَةٌ. بَعْلَبَكُّ. حَجُّ الْبَيْتِ. ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا. زَيْدٌ فِي الدَّارِ. الْحَمْدُ. الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ. آمَنَّا. مُصْلِحُونَ. فِيْ. ظُلُمَاتٌ. رَبَّكُمْ. أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ. غَيَابَتِ الْجُبِّ. كَلِمَةً طَيِّبَةً. اللهُ أَحَدٌ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... فَرَسٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم۔

✍... ضَرَبَ زَيْدٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ ... باز "ضَرَبَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ مسند عامل فعل... "زَيْدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم ... معمول مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ لا محل لها من الاعراب۔

✍... غُلَامُ زَيْدٍ: لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب غیر مفید غیر اسنادی غیر کلامی غیر تام مرکب ناقص... "غُلَامُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف... "زَيْدٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص۔

✍... خَمسَةَ عَشَرَ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب غیر مفید غیر اسنادی غیر کلامی غیر تام مرکب ناقص... "خَمسَةَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء اول... "عَشَرَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی... جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص۔

---

[1] بدالسعید: ۳۵۔

[2] شرح الرضی علی الکافیہ: ۱/۳۲۔

فصل دوم: جملہ کی اقسام

ا۔ جملہ کی اقسام:

جملہ کی مختلف اعتبارات سے چار قسمیں ہیں، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

تقسیم اول: مفہوم کے اعتبار سے:

مفہوم کے اعتبار سے جملہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) جملہ خبریہ ۲) جملہ انشائیہ

۱)۔ جملہ خبریہ کی تعریف:

"مَا يُتَّصَفُ قَائِلُهَا بِالصَّدْقِ أَوِ الْكَذِبِ."

جملہ خبریہ وہ جملہ ہے کہ جس کے کہنے والے[1] کو سچ اور جھوٹ کیساتھ موصوف کیا جاسکے[2]، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ، قَامَ قَامَ زَيْدٌ"۔ خبریہ میں "یاء" نسبتی ہے، اس کا معنی ہے: "خبر والا"، یعنی جس میں کسی واقعہ (محکی عنہ) کی خبر دی گئی ہو۔

۲)۔ جملہ انشائیہ کی تعریف:

"مَا لَا يُتَّصَفُ قَائِلُهَا بِالصِّدْقِ أَوِ الْكَذِبِ."

جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے کہ جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ کیساتھ موصوف نہ کیا جاسکے، جیسے: "اعْبُدُوْا، لَا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ"۔ انشاء میں "یاء" نسبتی ہے، اس کا معنی ہے: "انشاء والا"، انشاء کے لغوی معنی "پیدا کرنا"، کیونکہ بولنے والے خود کلام کو پیدا کرتا ہے اور کسی واقعہ کی خبر نہیں دیتا، اس لیے اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں اور بعض نحات نے جملہ انشائیہ کی تعریف یوں کی ہے کہ جملہ انشائیہ وہ ہے جس کا وقوع کلام متکلم پر موقوف ہو۔

تقسیم ثانی: ذات کے اعتبار سے:

ذات کے اعتبار سے جملہ کی عند الجمہور دو قسمیں ہیں: ۱) اسمیہ، ۲) فعلیہ، اور عند البعض چار قسمیں ہیں: ۱) اسمیہ، ۲) فعلیہ، ۳) ظرفیہ، ۴) شرطیہ۔ جملہ ظرفیہ امام اخفشؒ کا اور جملہ شرطیہ علامہ زمخشری کا اضافہ ہے۔

---

[1] اس تعریف میں صدق اور کذب کو متکلم کی صفت قرار دی ہے، لیکن کبھی صدق اور کذب خود خبر اور کلام کی صفت قرار دیئے جاتے ہیں جب اس کی تعریف یوں کی جائے کہ جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جس کو سچا یا جھوٹا کہا جائے، جیسے کہا جاتا ہے: یہ بات سچی ہے اور یہ بات جھوٹی ہے!

[2] جملہ خبریہ کی تعریف میں قرائن خارجیہ کا ملاحظہ کیے بغیر کی قید ملحوظ ہے، اس لیے کہ اس پر مشہور منطقی اعتراض وارد نہ ہوئے کہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" اور "اللہُ رَبُّنَا، السَّمَاءُ فَوْقَنَا" قضایا ہیں، ان میں کذب کا احتمال نہیں، بلکہ صدق ہی ہے، لہذا یہ قضایا ہیں۔ "ان اللہ ثالث ثلاثۃ" کذب صریح ہے یہ بھی قضیہ ہے۔ قضیہ میں صدق و کذب دونوں میں سے ایک کا ہونا کافی ہے، اگر دونوں نہ ہوں تب تصور ہے، یعنی ان میں سے ایک مانعۃ الخلو کے طور پر پایا جائے۔ حقیقیہ یا مانعۃ الجمع کے طریقہ پر ضروری نہیں۔ یا یہ کہ نفس جملہ دونوں کا محتمل ہے اگرچہ واقع میں دوسری جانب محال ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے: قواعد المنطق اور الارشادات المرضیۃ الی الموجہات المنطقیۃ۔

۱)۔ جملہ اسمیہ[۱] کی تعریف:

وہ جملہ ہے جس کے دو مقصودی جزوں (مسند و مسند الیہ) میں سے پہلا جزء اسم ہو، جیسے: "زَيْدٌ عَالِمٌ" اور دوسرا جزء عام ہے خواہ اسم ہو، جیسے: "زَيْدٌ عَالِمٌ"، یا فعل ہو، جیسے: "زَيْدٌ عَلِمٌ" اور اس کے جزءِ اول کو مسند الیہ اور مبتداء کہتے ہیں اور جزء ثانی کو مسند اور خبر[۲] کہتے ہیں، تو جملہ اسمیہ کے جزء اول کے پانچ نام ہیں: ۱) مسند الیہ ۲) محکوم علیہ ۳) مخبر عنہ ۴) موضوع ۵) مبتداء اور جزءِ ثانی کے نو نام ہیں: ۱) مسند ۲) مسند بہ ۳) محکوم ۴) محکوم بہ ۵) مخبر ۶) مخبر بہ ۷) محمول ۸) خبر ۹) حکم۔

۲)۔ جملہ فعلیہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جس کے دو مقصودی جزوں (مسند و مسند الیہ) میں سے پہلا جزء فعل ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ"، اور اس کا دوسرا جزء ہمیشہ اسم ہی ہو گا، اس کے جزءِ اول کو مسند اور فعل کہتے ہیں اور جزءِ ثانی کو مسند الیہ اور فاعل کہتے ہیں، تو جملہ فعلیہ کے جزء اول کے دو نام ہیں: ۱) فعل ۲) مسند اور جزء ثانی کے بھی دو نام ہیں: ۱) فاعل ۲) مسند الیہ۔ اور جملہ فعلیہ کے اجزاء دو قسم پر ہیں: ۱) اجزاء اصلیہ، جیسے: فعل اور فاعل (نائب فاعل)۔ انہیں ارکان اساسیہ بھی کہتے ہیں۔ ۲) اجزاء زائدہ، انہیں اجزاء غیر اساسیہ بھی کہتے ہیں، جملہ فعلیہ کے اجزاء زائدہ نو ہیں: ۱) مفعول بہ ۲) مفعول مطلق، ۳) مفعول فیہ، ۴) مفعول معہ، ۵) مفعول لہ، ۶) حال، ۷) تمیز، ۸) مستثنیٰ، ۹) جار مجرور۔

جملہ اسمیہ اور فعلیہ کی اقسام:

خبر کے اعتبار سے جملہ اسمیہ کی دو قسمیں ہیں: (الف) صغریٰ (ب) کبریٰ۔

(الف): صغری: وہ جملہ اسمیہ ہے جو کسی مبتداء کی خبر واقع ہو، جیسے: "زَيْدٌ أَبُوْهُ قَائِمٌ"، میں "أَبُوْهُ قَائِمٌ" جملہ اسمیہ مبتداء "زَيْدٌ" کی خبر ہے اور یہ جملہ صغری ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ صغری وہ جملہ ہے جو صرف ایک مسند الیہ پر مشتمل ہو اور کبری وہ جملہ ہوتا ہے جو دو مسند الیہ پر مشتمل ہو۔

(ب) کبریٰ: وہ جملہ اسمیہ ہے کہ جس کی خبر جملہ ہو، خواہ جملہ اسمیہ ہو یا فعلیہ، جیسے: "زَيْدٌ أَبُوْهُ قَائِمٌ، زَيْدٌ قَامَ أَبُوْهُ"، یہ دونوں جملے کبریٰ ہیں، جملہ صغری اور کبریٰ میں فرق اعتباری ہے جیسا کہ مذکورہ مثال میں مجموعہ "زَيْدٌ أَبُوْهُ قَائِمٌ" جملہ کبری ہے اور صرف "أَبُوْهُ قَائِمٌ" جملہ صغریٰ ہے۔[۳]

---

[۱] جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ نام رکھنا مجاز مرسل تسمیۃ الکل باسم الجزء کے قبیل سے ہے، کیونکہ جملہ اسمیہ کی ترکیب ہمیشہ صرف اسماء سے اور جملہ فعلیہ کی ترکیب صرف افعال سے نہیں ہوتی، جو باعتبار تمام اجزاء کے حقیقت میں جملہ اسمیہ یا فعلیہ کہلائے جاسکیں۔ (بدر منیر: ۸)

[۲] اس کو خبر اس لیے کہتے ہیں کہ یہ مبتداء کے حال کی خبر دیتا ہے، یہ مجاز مرسل تسمیۃ الکل باسم الجزء کے قبیل سے ہے، کیونکہ خبر جملے کے ایک جزء کا نام ہے۔

[۳] کشاف اصلاحات الفنون: ۱/۵۷۸۔

پھر کبریٰ کی دو قسمیں ہیں:۱)ذات وجہ، ۲)ذات وجہین۔ ذات وجہ وہ جملہ اسمیہ کبری ہے جس کی خبر بھی جملہ اسمیہ ہو، جیسے:"زَيْدٌ أَبُوْهُ قَائِمٌ"اورذات وجہین وہ جملہ اسمیہ کبریٰ ہے جس کی خبر جملہ فعلیہ ہو، جیسے:"زَيْدٌ قَامَ أَبُوْهُ".

اسی طرح جملہ فعلیہ کی بھی خبر کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:(الف)صغری،(ب) کبری۔

(الف)صغری:وہ جملہ فعلیہ ہے جو کسی مبتداء کی خبر واقع ہو، جیسے:"زَيْدٌ قَامَ أَبُوْهُ". میں"قَامَ أَبُوْهُ"جملہ فعلیہ مبتداء "زَيْدٌ"کی خبر ہے، یعنی جو صرف فعل اور فاعل پر مشتمل ہو۔

(ب) کبری:وہ جملہ فعلیہ ہے جس کا کوئی مفعول کامل جملہ ہو، خواہ جملہ اسمیہ ہو یا فعلیہ، جیسے:"ظَنَنْتُ زَيْداً يَقُوْمُ أَبُوْهُ" اور"ظَنَنْتُ زَيْداً أَبُوْهُ قَائِمٌ"، یعنی جو فعل ،فاعل اور متعلقات پر مشتمل ہو۔ پھر اس کی دو قسمیں ہیں:۱)ذات وجہ ۲)ذات وجہین۔ ذات وجہ:وہ جملہ فعلیہ کبری ہے جس کا کوئی مفعول جملہ فعلیہ واقع ہو، جیسے:"ظَنَنْتُ زَيْداً يَقُوْمُ أَبُوْهُ"۔اورذات وجہین:وہ جملہ فعلیہ کبری ہے جس کا کوئی مفعول جملہ اسمیہ ہو، جیسے:"ظَنَنْتُ زَيْداً أَبُوْهُ قَائِمٌ"وغیرہ۔[1]

۳)۔جملہ ظرفیہ کی تعریف:

جملہ ظرفیہ وہ جملہ ہے جس کے دو اجزاء مقصودی میں سے پہلا ظرف یا جار مجرور ہو اور دوسرا جزء اس کے لیے فاعل ہو،[2] جیسے:"مَا فِي الدَّارِ رَجُلٌ"میں"فِي الدَّارِ"ظرف قائم مقام"ثَبَتَ"یا"ثَابِتٌ"کے ہے اور"رَجُلٌ"اس کے لیے فاعل فاعل ہے، لیکن جملہ ظرفیہ کے لیے شرطیہ ہے کہ اس کا اعتماد چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر ہو اور وہ چھ چیزیں یہ ہیں:۱)مبتداء، ۲)موصول، ۳)موصوف، ۴)ذوالحال، ۵) نفی، ۶)استفہام۔

۴)۔جملہ شرطیہ کی تعریف:

جملہ شرطیہ وہ جملہ ہے جو شرط و جزاء سے مرکب ہو، جیسے:"إِنْ تَعُودُوا نَعُدْ."(الانفال:۱۹)یہاں"تَعُودُوا" شرط اور"نَعُدْ"جزاء ہے اور یہ جملہ شرطیہ ہے اور جملہ شرطیہ کی علامت یہ ہے کہ اس پر حروف شرط یا اسمائے شرطیہ میں سے کوئی ایک داخل ہوتا ہے، اس کی تفصیل آگے آرہی ہے ان شاء اللہ۔

تقسیم ثالث:صفت کے اعتبار سے:

صفت کے اعتبار سے جملہ کی گیارہ قسمیں ہیں:۱)مبینہ/مفسرہ، ۲)ابتدائیہ، ۳)استنافیہ، ۴)معترضہ، ۵)معللہ، ۶)حالیہ، ۷)عاطفہ، ۸۔ قسمیہ، ۹۔ ندائیہ۔ ۱۰)نتیجیہ، ۱۱) مفصلہ۔

۱)۔جملہ مبینہ/مفسرہ کی تعریف:

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش:۱/۴۰۵، کشاف اصلاحات الفنون:۱/۵۷۸۔

[2] بعض حضرات کہتے ہیں کہ جملہ ظرفیہ اس جملے کو کہتے ہیں کہ جو ظرف اور مظروف سے مرکب ہو، جیسے:"زيدفی الدار"،میں"زید"مظروف اور "الدار"ظرف ہے۔

وہ جملہ ہے جو اپنے ماقبل کی تفسیر کرے، پھر اس کی تین قسمیں ہیں:۱)مجردہ من حرف التفسیر، جیسے:"إِنَّ مَثَلَ عِيسى عِنْدَ اللهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِنْ تُرابٍ ثُمَّ قالَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ."(ال عمران:۵۹)،یہاں"خَلَقَهُ مِنْ تُرابٍ"ماقبل کی تفسیر ہے،لیکن حرف تفسیر مذکور نہیں اوراسی یہ مثال ہے:"وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ."۲)مقرونہ بہ"أَيْ"،جیسے:"أَشَرْتُ إِلَيْهِ، أَيْ أذهبْ."۳)مقرونہ بہ"أَنْ"جیسے:"فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ."(المؤمنون:۲۷)،"وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا."(ص:۶)۔[1]

۲)۔جملہ ابتدائیہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جو ابتداءِ کلام میں واقع ہو، جیسے:"الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ."

۳)۔جملہ استنافیہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جو درمیان میں واقع ہو اور کلامِ سابق سے منقطع ہو، جیسے:"وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا."(یونس:۶۵)،یہاں"إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا"جملہ متانفہ ہے، کیونکہ یہ ماقبل سے منقطع ہے،کبھی جملہ استنافیہ پر"فاء"استنافیہ داخل ہوتی ہے، جیسے:"فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحاً جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا آتَاهُمَا فَتَعَالَى اللهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ"،یہاں"فِيمَا آتَاهُمَا"جملہ استنافیہ ہے اور کبھی اس پر"واؤ"استنافیہ داخل ہوتا ہے، جیسے:"قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَى وَاللهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَى."یہاں"وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَى"جملہ استنافیہ ہے۔اوراسی طرح وہ جملہ بھی استنافیہ ہے جو کسی کا معمول تو ہو، لیکن عامل آخر میں آنے کی وجہ سے اس جملہ میں عمل نہ کرتا ہو، جیسے:"زَيْدٌ عَالِمٌ أَظُنُّ" اور عند البلاغیین جملہ متانفہ وہ ہے جو سوال مقدر کے جواب میں واقع ہو۔جملہ استنافیہ کو جملہ مستنانفہ اور جملہ منقطعہ بھی کہتے ہیں۔[2]

۴)۔جملہ معترضہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جو متلازمین کے مابین واقع ہو، متلازمین سے مراد فعل وفاعل، مبتداء وخبر، موصوف وصفت، ذوالحال وحال، قسم وجواب قسم، مضاف ومضاف الیہ، شرط وجزاء اور موصول وصلہ وغیرہ ہیں، جیسے قسم اور جواب قسم کی مثال، جیسے:"وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ."(الواقعہ:۷۶)،یہاں"لَقَسَمٌ"موصوف اور"عَظِيمٌ"صفت کے درمیان"لَوْ تَعْلَمُونَ" جملہ معترضہ ہے۔شرط اور جزاء کی مثال:"فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ."(البقرۃ:۲۴)،یہاں"وَلَنْ تَفْعَلُوا"جملہ معترضہ ہے،جملہ معترضہ کا ماقبل اور مابعد سے کوئی جوڑو تعلق نہیں ہوتا۔

---

[1] کشاف اصطلاحات الفنون:۵۷۹/۱،شرح التسہیل لابن مالک:۵۲/۴،جامع الدروس العربیۃ:۲۸۹/۳۔
[2] جامع الدروس العربیہ:۲۸۷/۳۔

۵)۔ جملہ معللہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جو ما قبل جملے کی علت ہو، جیسے: "وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ." (التوبہ: ۱۰۳)، یہاں "إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ" جملہ معللہ ہے اور کبھی جملہ معللہ پر "فاء" تعلیلیہ داخل ہوتی ہے، جیسے: "تَمَسَّكْ بِالْفَضِيْلَةِ، فَإِنَّهَا زِيْنَةُ الْعُقَلَاءِ."

۶)۔ جملہ حالیہ کی تعریف:

جملہ حالیہ وہ جملہ ہے جو ما قبل سے حال واقع ہو رہا ہو، جیسے: "مَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا." (البقرۃ: ۲۵۹)، یہاں "وَهِيَ خَاوِيَةٌ" ما قبل کی حالت بیان کر رہا ہے۔

۷)۔ جملہ عاطفہ کی تعریف:

جملہ عاطفہ وہ جملہ ہے جو حرف کے ذریعے جملہ سابقہ پر عطف ہو، جیسے: "يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ." (البقرۃ: ۳)، یہاں "يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ" کا عطف ما قبل جملہ "يُؤْمِنُونَ" پر ہے۔

۸)۔ جملہ قسمیہ کی تعریف:

جملہ قسمیہ وہ جملہ ہے جس پر حرف قسم داخل ہو، جیسے: "وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ." (العصر: ۱-۲) اور اسی طرح یہ مثال ہے: "تَاللهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصنَامَكُمْ" قرآن مجید میں اس کے بے شمار مثالیں ہیں۔

۹)۔ جملہ ندائیہ کی تعریف:

جملہ ندائیہ وہ جملہ ہے جس پر حرف نداء داخل ہو، جیسے: "يَاآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ." (البقرۃ: ۳۵)، قرآن مجید میں اس کی مثالیں بے شمار ہیں۔

۱۰)۔ جملہ نتیجیہ کی تعریف:

وہ جملہ جو کلامِ سابق سے بطور نتیجہ حاصل ہو، جیسے: "الْجَزْمُ مُخْتَصٌّ بِالْأَفْعَالِ، وَالْكَسْرُ مُخْتَصٌّ بِالْأَسْمَاءِ، فَلَيْسَ بِالْأَفْعَالِ كَسْرٌ وَ لَا فِى الْأَسْمَاءِ جَزْمٌ"، یہاں "فَلَيْسَ بِالْأَفْعَالِ كَسْرٌ وَ لَا فِى الْأَسْمَاءِ جَزْمٌ" جملہ نتیجیہ ہے۔

۱۱)۔ جملہ مفصلہ کی تعریف:

وہ جملہ ہے جو ما قبل اجمال کی تفصیل پر مشتمل ہو، جیسے شرح ماۃ عامل میں ہے: "بَعْضُهَا لَفْظِيَّةٌ وَبَعْضُهَا مَعْنَوِيَّةٌ، فَالْلَفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلَى ضَرْبَيْنِ"، یہاں "فَالْلَفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلَى ضَرْبَيْنِ" جملہ مفصلہ ہے۔ [1]

---

[1] مشکل ترکیبوں کا حل: ۱:۳۰۔

جملہ شرطیہ اور ظرفیہ بھی عند الجمہور باعتبار صفت جملہ کی اقسام ہیں تو اس طرح کل تیرہ قسمیں بنتی ہیں۔

تقسیم رابع: ترکیب کے اعتبار سے:

ترکیب کے اعتبار سے جملہ کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم: محل اعرابیہ، جن کے لیے محل اعراب ہو، یعنی جو کسی کے معمول ہوں، اس کو "الجمل التی لہا محل من الاعراب" کہتے ہیں اور یہ انیس جملے ہیں۔ دوسری قسم: غیر محل اعرابیہ، جن کے لیے محل اعراب نہ ہو، یعنی جو کسی کے معمول نہ ہو، اس کو "الجمل التی لا محل لہا من الاعراب" کہتے ہیں اور یہ گیارہ جملے ہیں، تو ترکیب کے اعتبار سے جملہ کی کل تیئس قسمیں ہوئیں۔

پہلی قسم: الجمل التی لہا محل من الاعراب: یہ درج انیس جملے ہیں: [1]

۱) وہ جملہ جو مبتداء کی خبر واقع ہو، جیسے: "الْعِلْمُ يَرفَعُ قَدْرَ صَاحِبِهِ." اور یہ محلاً مرفوع ہوتا ہے۔

۲) وہ جملہ جو مبتداء واقع ہو، جیسے: "تَسْمَعُ بِالْمُعِيْدِيِّ خَيْرٌ مِنْ أنْ تَرَاهُ"، یہاں "تَسْمَعُ بِالْمُعِيْدِيِّ"، اصل میں "سَمَاعُكَ بِالمعِيْدِيِّ" کی تاویل میں ہے جو مبتداء ہے اور محلا مرفوع ہے۔

۳) وہ جملہ جو نائب فاعل واقع ہو اور یہ بتاویل ہذا اللفظ ہوتا ہے، جیسے: "يُقَالُ زَيْدٌ عَالِمٌ"، یہاں "زَيْدٌ عَالِمٌ" بتاویل ہذا اللفظ نائب فاعل واقع ہے اور یہ محلاً مرفوع ہے۔

۴) وہ جملہ جو حروف مشبہ بالفعل کی خبر واقع ہو، جیسے: "إنَّ الْفَضِيْلَةَ تُحَبُّ"۔ یہ بھی محلا مرفوع ہو گا۔

۵) وہ جملہ جو لائے نفی جنس کی خبر واقع ہو، جیسے: "لَا كَسُوْلَ سِيْرَتُهُ مَمْدُوْحَةٌ." یہ بھی محلاً مرفوع ہو گا۔

۶) وہ جملہ جو افعال ناقصہ کی خبر واقع ہو، جیسے: "أَنْفَسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ." یہ محلا منصوب ہو گا۔

۷) وہ جملہ جو افعال مقاربہ کی خبر واقع ہو، جیسے: "فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ." یہ محلا منصوب ہو گا۔

۸) وہ جملہ جو ما و لا مشابہ بلیس کی خبر واقع ہو، جیسے: "ما زید ابوہ قائم"۔ یہ محلاً منصوب ہو گا۔

۹) وہ جملہ جو حال واقع ہو، جیسے: "جَاءُوْا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُوْنَ." یہ محلاً منصوب ہو گا۔

۱۰) وہ جملہ جو مفعول بہ واقع ہو، جیسے: "أَظنُّ الأمةَ تجتمعُ بعدَ التفرُّق." یہ محلاً منصوب ہو گا۔

۱۱) وہ جملہ جو مضاف الیہ واقع ہو، جیسے: "هَذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ." یہ محلاً مجرور ہو گا۔

۱۲) وہ جملہ جو مستثنیٰ واقع ہو، جیسے: "لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ إِلَّا مَنْ تَوَلَّى وَكَفَرَ فَيُعَذِّبُهُ اللهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ." (الغاشیۃ: ۲۲-۲۴)۔ یہاں "مَنْ" موصولہ مبتداء اور "فَيُعَذِّبُهُ اللهُ" جملہ اس کے لیے خبر ہے، مبتداء بمع خبر مستثنیٰ ہے اور یہ محلاً منصوب ہو گا۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۸۵/۳۔

۱۳) وہ جملہ جوباب "عَلِمْتُ" کامفعول ثانی واقع ہو، جیسے: "عَلِمْتُ زَيْداً أَبُوْهُ عَالِمٌ" یہ محلاًمنصوب ہو گا۔
۱۴) وہ جملہ جوباب "أَعْلَمْتُ" کامفعول ثالث واقع ہو، جیسے: "أَعْلَمْتُ زَيْداً عَمْراً أَبُوْهُ عَالِم" یہ محلاًمنصوب ہو گا۔
۱۵) وہ جملہ جومقولہ قول واقع ہو، جیسے: "قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللهِ." یہ محلاًمنصوب ہو گا۔
۱۶) وہ جملہ جوصفت واقع ہو، اس کااعراب موصوف کے مطابق ہو گا، اگر موصوف مرفوع ہو تو یہ بھی محلامرفوع ہو گا، جیسے: "وَجَاءَ مِنْ أَقْصَى الْمَدِيْنةِ رَجُلٌ يَّسْعَى." اوراگر موصوف منصوب ہو تو یہ بھی محلاًمنصوب ہو گا، جیسے: "لَا تَحْتَرِمْ رَجُلاً يَخُوْنُ بِلَادَهُ." اوراگر موصوف مجرور ہو تو یہ بھی محلاًمجرور ہو گا، جیسے: "سَقياً لرجلٍ يَخدمُ أُمتَهُ." [1]
۱۷) وہ جملہ جوشرط جازم کے جواب میں واقع ہواوراس پر "فاء" داخل ہو، جیسے: "وَمَنْ يُّضْلِلِ اللهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ" یا "إِذَا" مفاجاتیہ داخل ہو، جیسے: "وإِنْ تُصِبْهُمْ سِيِّئةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ."
۱۸) وہ جملہ جوایسے جملہ پر معطوف ہو جو محل اعراب رکھتا ہو، جیسے: "أَعْنِيْ قَامَ زَيْدٌ وَ قَعَدَ عَمْرٌو" یہاں "قَعَدَ عَمْرٌو" ماقبل "قَامَ زَيْدٌ" پر عطف ہے جو "أَعْنِيْ" کا معمول ہے۔
۱۹) وہ جملہ جوبدل واقع ہو، بشرطیکہ مبدل منہ مقصوداداکرنے میں کامل ہو، جیسے: "أَقُوْلُ لَهُ: ارْحَلْ لَاتَقُوْمَنَّ عِنْدَنَا" یہاں "لَاتَقُوْمَنَّ عِنْدَنَا" ماقبل جملہ "ارْحَلْ" سے بدل واقع ہے اوریہ جملہ رفع، نصب اور جر میں متبوع کے موافق ہوتا ہے۔ [2]

دوسری قسم: "الجمل التی لامحل لہامن الاعراب": یہ درج ذیل پندرہ جملے ہیں:
۱) جملہ ابتدائیہ، جیسے: "إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَر." (الکوثر:۱)۔
۲) جملہ استنافیہ، جیسے: "خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ تَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ." (النحل:۳)۔
۳) جملہ تعلیلیہ، جیسے: "وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِيَذْكُرُوا اسْمَ الله عَلَيه." (الحج:۳۴)۔
۴) جملہ معترضہ، جیسے: "وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ." (الواقعہ:۷۶)۔
۵) جملہ مفسرہ، جیسے: "هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنْجِيكُمْ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ. تُؤْمِنُونَ بِالله وَرَسُولِهِ." (الصف:۱۰-۱۱)۔

---

[1] جامع الدورس العربیۃ:۲۸۵/۳۔
[2] جامع الدورس العربیۃ:۲۸۵/۳، مشکل ترکیبوں کا حل:۳۰۳۔

۶) جملہ قسمیہ، جیسے: ”تَاللهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصنَامَكُمْ“.
۷) جملہ ندائیہ، جیسے: ”يَاقَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَدْ تَعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ الله إِلَيْكُمْ.“(الصف:۵)۔
۸) جملہ معطوفہ، جیسے: ”تُؤْمِنُونَ بِالله وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ الله.“(الصف:۱۱)۔
۹) جو جملہ شرط جازم کا جواب واقع ہو اور اس پر ”فاء“ یا ”إذا“ داخل نہ ہو، جیسے: ”مَنْ يُّرِدِ اللهُ بِه خَيْراً يُفَقِهْهُ فِي الدِّيْنِ.“ [۱]
۱۰) جو جملہ موصول کا صلہ واقع ہو، خواہ موصول اسمی ہو، جیسے: ”قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى.“(الاعلی:۱۴)اور یا موصول حرفی ہو، جیسے: ”نَخْشَى أَنْ تُصِيْبَنَا دَائِرَةٌ.“(المائدہ:۵۲)۔
۱۱) جو جملہ شرط غیر جازم کے جواب میں واقع ہو، جیسے: ”وَلَوْلَا دَفعُ اللهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ.“ [۲]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مسند الیہ ہمیشہ اسم ہوتا ہے اور مسند کبھی اسم اور کبھی فعل ہوتا ہے اور حرف نہ مسند ہو سکتا ہے اور نہ مسند الیہ۔

قاعدہ: مسند حکم ہے اور مسند الیہ وہ ہے جس پر حکم لگایا جائے۔ اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہو سکتا ہے۔ فعل مسند ہو سکتا ہے ،مسند الیہ نہیں ہو سکتا اور حرف نہ مسند ہو سکتا ہے اور نہ ہی مسند الیہ ہو سکتا ہے۔

قاعدہ: جملہ اسمیہ وہ جملہ ہے ،جس کا پہلا جزء اسم (خواہ حقیقۃً اسم ہو یا تاویلاً) ہو اور دوسرا جزء خواہ اسم ہو یا فعل ہو، جیسے: ”زَيْدٌعَالِمٌ“اور”زَيْدٌعَلِمَ“ان میں سے ہر ایک جملہ اسمیہ ہے اور ان کا پہلا جزء مسند الیہ ہے ،جس کو مبتداء کہتے ہیں اور دوسرا جزء مسند ہے، جس کو خبر کہتے ہیں اور جملہ فعلیہ وہ جملہ ہے جس کا پہلا جزء فعل ہو اور دوسرا جزء فاعل ہو، جیسے: ”اِسْتَغْفَرَ زَيْدٌ“اور ”صَلّٰى حَامِدٌ“- ان میں سے ہر جملہ فعلیہ ہے،ان کا پہلا جزء مسند ہے، جس کو فعل کہتے ہیں اور دوسرا جزء مسند الیہ ہے جس کو فاعل کہتے ہیں۔

قاعدہ: مسند الیہ وہ ہوتا ہے جس کی طرف کسی اسم یا فعل کی نسبت کی جائے اور اس کو مبتداء اس لیے کہتے ہیں کہ اس سے جملہ کی ابتداء ہوتی ہے اور مسند وہ ہے کہ جس کی دوسرے کی طرف نسبت کی جائے اور اس کو خبر اس لیے کہتے ہیں کہ یہ پہلے اسم کی حال کی خبر دیتا ہے۔

قاعدہ: اگر ابتداءِ کلام میں ضمیر مرفوع منفصل آجائے تو وہ مبتداء بنے گی اور مابعد اسم خبر ہو گا، جیسے: ”هُوَ مُعْرَبٌ وَمَبْنِيٌّ“.

---

[۱] أخرجه أحمد (۹٦/٤ ، رقم ١٦٩٢٤) ، والبخارى (٣٩/١ ، رقم ٧١) ، ومسلم (٧١٨/٢ ، رقم ١٠٣٧) ، وابن حبان (٢٩١/١ ، رقم ٨٩) . وأخرجه أيضًا : الدارمى (٨٥/١ ، رقم ٢٢٤) .
[۲] جامع الدروس العربیہ:۲۸۸/۳،موسوعۃ النحو والصرف:۳۲۳۔

قاعدہ: اگر ابتداء کلام میں کوئی اسم معرف باللام آجائے اور اس کے بعد کوئی اسم آئے، یا جار مجرور آئے یا فعل آئے تو وہ مبتداء و خبر بنیں گے، جیسے: "الصَّوْمُ فَرْضٌ"، "الشِّرْكَةُ عَلَى ضَرْبَيْنِ" اور "الْبَيْعُ يَنْعَقِدُ بِالْإِيجَابِ وَالْقَبُوْلِ".[1]

قاعدہ: اگر شروع کلام میں مضاف، مضاف الیہ یا اسم اشارہ یا کوئی علم آئے تو وہ بھی مبتداء بنیں گے اور مابعد خبر ہو گا، جیسے: "كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ"، "ذَلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا"، "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ."

قاعدہ: اگر ابتداء کلام میں معرفہ کے بعد جملہ واقع ہو تو وہ مبتداء و خبر بنیں گے، جیسے: "اللّٰه يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ." (النور: ۴۶)۔

قاعدہ: کلام کے شروع میں جار مجرور ہو تو وہ خبر مقدم ہو گی اور مابعد اسم مبتداء مؤخر ہو گا، جیسے: "لِلّٰه مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ."

قاعدہ: "إِنَّمَا" کے کوئی اسم آجائے تو وہ ہمیشہ مبتداء ہو گا اور مابعد خبر ہو گا، جیسے: "إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ." (الحجرات: ۱۰)۔

قاعدہ: "مَا" تعجبیہ اور "مَا" استفہامیہ ترکیب میں مبتداء بنتے ہیں، "مَا" تعجبیہ کی مثال، جیسے: "مَاأَحْسَنَ زَيْدٌ" اور "مَا" استفہامیہ کی مثال، جیسے: "مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ." (المطففین: ۱۸)۔

قاعدہ: اگر حرف بول کر اس کا معنی مراد نہ ہو، بلکہ لفظ مراد ہو اور اس کے بعد ایسا جار مجرور آجائے جو اس حرف کا اصطلاحی معنی بیان کر رہا ہو تو وہ بھی آپس میں مبتداء و خبر بنتے ہیں، جیسے: "إِنْ لِلشَّرْطِ وَالْجَزَاءِ" وغیرہ اور اسی طرح فعل یا جملہ بول کر اس کا لفظ مراد لیا جائے اور بعد میں کوئی ایسا لفظ آجائے جو اس فعل یا جملہ کی پہچان کر رہا ہو تو وہ بھی مبتداء و خبر بنیں گے، جیسے: "ضَرَبَ صِيْغَةُ مَاضٍ، زَيْدٌقَائِمٌ جُمْلَةٌ إِسْمِيَّةٌ".

قاعدہ: مبتداء ہمیشہ ایک ہوتا ہے اور خبر متعدد بھی ہو سکتے ہیں، جیسے: "اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ بَصِيْرٌ".

قاعدہ: اگر جملہ کے شروع میں حرف ہو تو جملہ اسمیہ یا فعلیہ ہونے میں اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا، جیسے: "مَاهَذَابَشَراً" اور "قَدْأَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ" وغیرہ، البتہ اگر شروع میں شرط ہو تو عند البعض جملہ شرطیہ اور ظرف ہو تو جملہ ظرفیہ کہلاتا ہے۔

فائدہ: اصل کے اعتبار سے جملوں کی چار قسمیں ہیں: ۱) اسمیہ، ۲) فعلیہ، ۳) ظرفیہ، ۴) شرطیہ، لیکن حقیقت میں جملے کی دو ہی قسمیں ہیں: اسمیہ اور فعلیہ، کیونکہ جملہ شرطیہ بھی دو جملے فعلیہ (شرط اور جزاء) سے مرکب ہوتا ہے اور جملہ ظرفیہ عند الکوفیین جملہ اسمیہ کہلاتا ہے، کیونکہ وہ جار مجرور کا متعلق اسم مقدر مثلاً "ثَابِتٌ" نکالتے ہیں اور عند البصریین جملہ فعلیہ ہے اس لیے کہ وہ اس کا متعلق مقدر "ثَبَتَ" نکالتے ہیں۔[2]

---

[1] المنہاج الکامل: ۱۲۷۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۲۹/۱۔

قاعدہ: مرکب مفید اور جملہ میں کلمات کا آپس میں ایک مخصوص تعلق ہوتا ہے، جملہ اسمیہ میں مبتداء اور خبر کا اور جملہ فعلیہ میں فعل اور فاعل کا ایک مخصوص تعلق ہے، مبتداء کے لیے خبر کا ہونا اور فعل کے لیے فاعل کا ہونا ضروری ہے جن میں ایک متعلِق اور دوسرا متعلَق ہوتا ہے، چنانچہ مبتداء متعلِق اور خبر متعلَق۔ فعل متعلِق اور فاعل، نائب فاعل، مفاعیل خمسہ متعلَق۔ ذوالحال متعلِق اور حال متعلَق۔ موصوف متعلِق اور صفت متعلَق۔ معطوف علیہ متعلِق اور معطوف متعلَق۔ مؤکد متعلِق اور تاکید متعلَق۔ مبین متعلِق اور عطف بیان متعلَق۔ جار متعلِق اور مجرور متعلَق۔ مضاف متعلِق اور مضاف الیہ متعلَق۔ قسم متعلِق اور جواب قسم متعلَق۔ اسم موصول متعلِق اور صلہ متعلَق ہیں وغیرہ۔

قاعدہ: جملہ اسمیہ میں پہلے مبتداء پھر خبر ہوتا ہے، لیکن کبھی خبر مقدم ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ میں پہلے فعل پھر فاعل اور پھر مفعول ہوتا ہے، لیکن کبھی مفعول فاعل پر مقدم ہوتا ہے اور کبھی مفعول فعل اور فاعل دونوں پر مقدم ہوتا ہے، تاہم فاعل کبھی بھی فعل پر مقدم نہیں ہوتا۔

قاعدہ: مبتداء اکثر ذات اور خبر ذات مع الوصف ہوتا ہے، جیسے: "زَيْدٌ دَاعٍ" میں "زَيْدٌ" ذات ہے جو مبتداء واقع ہے اور "دَاعٍ" خبر ہے جو ذات مع الوصف ہے۔

قاعدہ: اگر جملہ کے شروع میں معرف باللام اسم آئے اور اس کے بعد غیر معرف باللام اسم آئے تو شروع والا اسم مبتداء ہوگا اور دوسرا خبر ہوگا، جیسے: "الشَّمْسُ طَالِعَةٌ، الصَّلَاةُ حَاضِرَةٌ، الْمَاءُ بَارِدٌ" وغیرہ۔

قاعدہ: معرف ہمیشہ مبتداء اور تعریف اس کے لیے خبر واقع ہوتی ہے، جیسے: "الْكَلِمَةُ لَفْظٌ وُضِعَ لِمَعْنًى مُفْرَدٍ".

فائدہ: مبتداء ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے، لیکن بعض صورتوں میں مجرور بھی ہوتا ہے، وہ صورتیں یہ ہیں: ۱) مبتداء پر "مِنْ" زائدہ داخل ہو مبتداء مجرور ہوگا، جیسے: "مَالَهُمْ مِنْ نَاصِرِيْنَ"، اس میں "مِنْ نَاصِرِيْنَ" مبتداء مجرور ہے۔ ۲) مبتداء پر جب "باء" جارہ داخل ہو تو مبتداء مجرور ہوگا، جیسے: "بِحَسْبِكَ دِرْهَمٌ" یہاں مبتداء مجرور ہے۔ ۳) مبتداء پر جب "رُبَّ" داخل ہو تو مبتداء مجرور ہوگا، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ لَقِيْتُهُ"، یہاں "رَجُلٍ" مبتداء مجرور ہے۔ ۴) مبتداء پر جب "واؤ رُبَّ" داخل ہو تو مبتداء مجرور ہوگا، جیسے: "وَشَيْءٍ تَكْرِهُهُ يَنْفَعُكَ" میں "وَشَيْءٍ" مبتداء مجرور ہے[1]۔

قاعدہ: اسمیہ اور فعلیہ ہونا جملہ خبریہ کیساتھ خاص نہیں، بلکہ جملہ انشائیہ بھی اسمیہ اور فعلیہ ہو سکتا ہے۔

قاعدہ: جہاں پر جملہ کا ایک جزء ظرف ہو اور دوسرا جزء اسم ہو پھر اسم مقدم اور ظرف مؤخر ہو، جیسے: "زَيْدٌ فِي الدَّارِ" تو اس صورت میں اسم مبتداء ہوگا اور ظرف خبر ہوگی اور اگر ظرف مقدم ہو اور اسم مؤخر ہو، جیسے: "بِهِ دَاءٌ" تو عند البصریین وہی

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۱۷۹/۲۔

ترکیب ہوگی، لیکن عند الکوفیین بعد والا اسم ظرف مستقر کے لیے فاعل ہوگا اور یہ جملہ ظرفیہ بنے گا۔[1]

قاعدہ: جملہ فعلیہ میں فعل پہلے اور فاعل بعد میں آتا ہے، اگر فاعل کو پہلے ذکر کیا جائے تو پھر اسے جملہ فعلیہ نہیں، بلکہ جملہ اسمیہ کہا جائے گا، جیسے: "قَامَ زَيْدٌ" جملہ فعلیہ ہے اور "زَيْدٌ قَامَ" جملہ اسمیہ ہے۔

فائدہ: خبر کی تین صورتیں ہیں: ۱) مفرد، ۲) جملہ، ۳) شبہ جملہ۔ مفرد سے مراد یہ ہے کہ نہ جملہ ہو اور نہ شبہ جملہ ہو، بلکہ ایک کلمہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ"۔ ۲) خبر جملہ ہو، خواہ جملہ اسمیہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ أَبُوْهُ قَائِمٌ"، یا جملہ فعلیہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ قَامَ أَبُوْهُ".
۳) خبر شبہ جملہ ہو، شبہ جملہ سے مراد جار مجرور یا ظرف (زمان یا مکان) ہو، جیسے: "الْحَمْدُ للهِ".

فائدہ: جملہ مبنی ہوتا ہے جس کے لیے اعراب نہیں ہوتا، لہذا اصل جملہ میں یہ ہوا کہ اس کے لیے اعراب نہ ہو، لیکن کبھی جملہ مفرد جو کہ معرب ہوتا ہے اس کی جگہ میں واقع ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس کو اعراب محلی دیا جاتا ہے، جہاں بھی جملہ مفرد کی جگہ میں واقع ہو گا تو اعراب محلی ہو گا ورنہ نہیں ہو گا۔[2]

قاعدہ: جن جملوں کے لیے محل اعراب ہو ان سے مراد وہ جملے ہیں جنہیں مفرد کی تاویل میں لینا صحیح ہو، اب اگر مفرد مرفوع کی تاویل میں لیا جاسکتا ہو تو ان کے لیے محل رفع ہو گا، جیسے: "خَالِدٌ يَعْمَلُ الخيرَ" اس کو "خَالِدٌ عَامِلٌ لِلْخَيْرِ" کی تاویل میں لیا جاسکتا ہے اور اگر مفرد منصوب کی تاویل میں لیا جاسکتا ہو تو اس کے لیے محل نصب ہو گا، جیسے: "كَانَ خَالِدٌ يَعْمَلُ الْخَيْرَ"، اس کو "كَانَ خَالِدٌ عَامِلاً لِلْخَيْرِ" کی تاویل میں لیا جاسکتا ہے اور اگر مفرد مجرور کی تاویل میں لیا جاسکتا ہو تو ان کے لیے محل جر ہو گا، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ يَعْمَلُ الْخيرَ" اس کو "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ عَامِلٍ لِلْخَيْرِ" کی تاویل میں لیا جاسکتا ہے۔[3]

قاعدہ: جن جملوں کے لیے محل اعراب نہ ہو اس سے مراد وہ جملے ہیں جنہیں مفرد کی تاویل میں لینا درست نہ ہو، جیسے: "جَاءَ الذِّي كَتَبَ" کو "جَاءَ الذِّي كَاتِبٌ" کی تاویل میں لینا صحیح نہیں، کیونکہ اسم موصول اپنے مابعد جملہ خبریہ کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں "كَاتِبٌ" جملہ خبریہ نہیں، بلکہ مفرد ہے۔[4]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مسند اور مسند الیہ کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اسْتَغْفَرَ زَيْدٌ. اجْتَنَبَتْ هِنْدٌ. الشَّمْسُ طَالِعَةٌ. قَالَ الْكَافِرُونَ. الصَّلَاةُ حَاضِرَةٌ. لَا يُفْلِحُ

---

[1] ہامش المنہاج الکامل: ۳۷۔
[2] بدر السعید: ۱۷، موسوعۃ النحو والصرف: ۳۲۵۔
[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲۸۵/۳۔
[4] جامع الدروس العربیۃ: ۲۸۵/۳۔

الْمُجْرِمُونَ. الْمَاءُ بَارِدٌ. اللهُ اَكْبَرُ. اللهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلَامِ. انْفَطَرَتِ السَّمَاءُ. احْمَرَّتْ هِنْدٌ. الْحَجُّ فَرِيضَةٌ. فَصَلَتِ الْعِيرُ. الصَّوْمُ فَرْضٌ. لَا أَعْبُدُ. مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ. الْقِيَامَةُ اٰتِيَةٌ. الْجَنَّةُ حَقٌّ. الشَّمْسُ تَجْرِي. النَّارُ حَقٌّ. اللهُ الصَّمَدُ. الصِّرَاطُ حَقٌّ. الْمِيْزَانُ حَقٌّ. الْقَبْرُ رَوْضَةٌ. ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ. الرَّبُّ غَفُوْرٌ. اسْتَخْلَفَ بَكْرٌ. قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ. اخْضَرَّتِ الْاَرْضُ. أُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ. أَسْلَمَ خَالِدٌ. جَاءَتْ كُلُّ نَفْس. أَذْهَبَ بَكْرٌ. صَدَّقَ عَمْرٌو. امْلَوْلَحَ الْمَاءُ. زَيْدٌ دَاعٍ. صَامَ مَحْمُوْدٌ. صَلّٰى حَامِدٌ. حَجَّ حَمِيْدٌ. بَعْثَرَعَمْرٌو. النُّصْحُ وَاجِبٌ. سَمِعَ اللهُ. اللهُ سَمِيْعٌ. مُحَمَّدٌ رَّسُوْلٌ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...اِسْتَغْفَرَ زَيْدٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... باز" اِسْتَغْفَرَ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ عامل مسند فعل... "زَيْدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ معمول مسند الیہ اسم فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍... الشَّمْسُ طَالِعَةٌ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ..."الشَّمْسُ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء..."طَالِعَةٌ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند، مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍...اَلْجَنَّةُ حَقٌّ: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ..."اَلْجَنَّةُ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء..."حَقٌّ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند، مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل سوم: جملہ انشائیہ کا بیان

۱۔ جملہ انشائیہ کی تعریف:

”مَا لَا يُتَّصَفُ قَائِلُهَا بِالصِّدْقِ أَوِ الْكَذِبِ.“

جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے کہ جس کے کہنے والے کو سچ اور جھوٹ کیساتھ موصوف نہ کیا جاسکے، یعنی جملہ انشائیہ وہ ہوتا ہے جس میں حکایت از محکی عنہ نہ ہو، بلکہ اس میں ایجاد ما لم یوجد ہوتا ہے اور اس لیے جملہ انشائیہ میں صدق و کذب کا احتمال نہیں ہوتا اور جملہ خبریہ میں صدق و کذب کا احتمال اس لیے ہوتا ہے کہ اس میں حکایت از محکی عنہ ہوتی ہے۔

بعض نحات نے جملہ انشائیہ کی تعریف یوں کی ہے کہ جملہ انشائیہ وہ ہے جس کا وقوع کلام متکلم پر موقوف ہو[1]۔ انشاء میں ”یاء“ نسبتی ہے، اس کا معنیٰ ہے: ”انشاء والا“، انشاء کے لغوی معنیٰ ”پیدا کرنا“، کیونکہ بولنے والے خود کلام کو پیدا کرتا ہے اور کسی واقعہ کی خبر نہیں دیتا، اس لیے اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔

۲۔ جملہ انشائیہ کی اقسام:

جملہ انشائیہ کے اعتبارات مختلفہ سے دو قسمیں ہیں:

پہلی تقسیم: ذات کے اعتبار سے، اس اعتبار سے جملہ انشائیہ کی تین قسمیں ہیں: ۱) اسمیہ، جیسے: ”هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ؟“، ۲) فعلیہ، جیسے: ”هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ؟“ ۳) ظرفیہ، جیسے: ”أَ فِي الدَّارِ رَجُلٌ“ اور شرطیہ میں نحات اور مناطقہ کا اختلاف ہے، عند النحات جملہ شرطیہ انشائیہ ہو سکتا ہے اور عند المناطقہ انشائیہ جملہ شرطیہ نہیں بن سکتا ہے۔

دوسری تقسیم: مفہوم کے اعتبار سے، اس اعتبار سے جملہ انشائیہ کی دو قسمیں ہیں: (الف) انشاء طلبی، (ب) انشاء غیر طلبی۔ انشاء طلبی کی نو قسمیں ہیں: ۱) امر، ۲) نہی، ۳) استفہام، ۴) تمنی، ۵) ترجی، ۶) نداء، ۷) عرض، ۸) تحضیص، ۹) دعا۔ اور انشاء غیر طلبی کی آٹھ قسمیں ہیں: ۱) عقود، ۲) قسم، ۳) تعجب، ۴) افعال مدح وذم، ۵) افعال مقاربہ، ۶) حمد وثناء، ۷) رُب، ۸) کم خبریہ۔

۳۔ انشاءِ طلبی کی تعریف واقسام:

هُوَ الَّذِيْ يَسْتَدْعِيْ مَطْلُوْباً غَيْرَ حَاصِلٍ وَقْتَ الطَّلْبِ.

انشاء طلبی وہ کلام ہے جو ایسے مطلوب کو چاہتا ہو جو طلب کے وقت حاصل نہ ہو، پھر انشاء طلبی کی نو قسمیں ہیں:

۱) امر، ۲) نہی، ۳) استفہام، ۴) تمنی، ۵) ترجی، ۶) نداء، ۷) عرض، ۸) تحضیص، ۹) دعا۔

۱) امر: وہ جملہ انشائیہ ہے جس میں کسی کام کے ہونے یا کرنے کی طلب ہو، جیسے: ”اضْرِبْ“.

---

[1] ریح العبیر: ۴۰۔

۲) نہی[۱]:وہ جملہ انشائیہ ہے کہ جس میں کسی کام کے نہ ہونے یا نہ کرنے کی طلب ہو، جیسے:"لَا تَضْرِبْ".

۳) استفہام:وہ جملہ انشائیہ ہے کہ جس سے کسی واقعہ گزرے ہوئے یا موجود یا آئندہ سے سوال ہو،اوراس میں حرف استفہام آئے، جیسے:"هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ"اور"اَزَيْدٌ قَائِمٌ"اور"اَتَضْرِبُ زَيْدًا".

۴) تمنی[۲]: وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات کی آرزو سمجھی جائے، جیسے"لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ"(کاش زید حاضر ہوتا!)۔

۵) ترجی:وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی بات کی امید معلوم ہو، جیسے:"لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ"(شاید عمرو غائب ہے)۔

۶) نداء:وہ جملہ انشائیہ ہے جس سے کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کیا جائے اور حرفِ نداء سے شروع ہو، جیسے: "يَا زَيْدُ"(اوزید!)۔یا جیسے:"يَا اللّٰهُ".

۷) عرض[۳]:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے ذریعے کسی چیز کا مطالبہ نرمی سے کیا جائے، جیسے:"اَلَا تَنْزِلْ بِنَا؟"(کیا نہیں آتا تو ہمارے پاس؟)۔

۸) تحضیض:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے ذریعے کسی چیز کا مطالبہ سختی سے کیا جائے، جیسے:"هَلَّا تُصَلِّ؟"(تم نماز کیوں نہیں پڑھتے؟)۔

۹) دعا:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے ذریعے کسی چیز کو خضوع اور عاجزی کیساتھ طلب کیا جائے، جیسے:"جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا!".

۴۔انشاء غیر طلبی کی تعریف واقسام:

"مَا لَا يَسْتَدْعِيْ مَطْلُوْباً غَيْرَ حَاصِلٍ وَقْتَ الطَّلْبِ."

وہ کلامِ انشائی ہے جس میں کسی مطلوب کا تقاضہ نہ ہو۔

پھر انشاء غیر طلبی کی درج ذیل آٹھ قسمیں ہیں:

---

[۱] نہی اور نفی میں لفظی اور معنوی دونوں طرح کا فرق ہے، لفظی فرق یہ ہے کہ "لا"نہیہ کلمہ کے آخر کو جزم دیتا ہے اور "لا"نافیہ غیر عاملہ ہے اور معنوی فرق یہ ہے کہ نفی ممکن اور غیر ممکن دونوں کی جاسکتی ہے جب کہ نہی صرف ممکن سے کی جاسکتی ہے غیر ممکن سے نہی صحیح نہیں، جیسے: اندھے شخص کو "لا تنظرُ" کہنا درست نہیں۔

[۲] تمنی اور ترجی میں فرق یہ ہے کہ تمنی ممکنات اور ممتنعات دونوں کی ہوتی ہے، جیسے:"لَيْتَ زَيْداً حَاضِرٌ"اور"لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ"دونوں کہنا درست ہیں اور جب کہ ترجی صرف ممکنات کی ہوتی ہے، جیسے:"لَعَلَّ الشَّبَابَ يَعُوْدُ" کہنا درست نہیں۔اوردوسرا فرق یہ ہے کہ تمنی مہتم بالشان کی ہوتی ہے اور ترجی عام ہے، مہتم بالشان اور غیر مہتم بالشان دونوں کی ہوسکتی ہے، جیسے:"لَعَلَّ الذُّبَابَ يَطِيْرُ" کہنا بھی درست ہے۔

[۳] عرض کا لغوی معنی "پیش کرنا"، جملہ عرضیہ اصطلاح میں وہ جملہ ہے جس سے کسی شئی کے حاصل کرنے کی رغبت نرمی سے دی جائے۔

۱)عقود،۲)قسم،۳)تعجب،۴)افعال مدح وذم،۵)افعال مقاربہ،۶) رُبَّ، ۷)کم خبریہ۔

۱) عقود:وہ جملہ انشائیہ ہے جو کسی معاملے(مثلاً بیع و شراء،نکاح وطلاق اور ہبہ وغیرہ)کے ایجاد کرنے کے واسطے بولا جائے،جیسے:"بِعْتُ، اشْتَرَيْتُ، نَكَحْتُ، طَلَّقْتُ، وَهَبْتُ، أَعْتَقْتُ"،یعنی بیچنے والا بیچنے کے وقت کہے:"بِعتُ"(فروخت کیا میں نے)اور خریدنے والا خریدنے کے وقت کہے:"اِشْتَرَيْتُ"(خریدا میں نے)اور اسی طرح باقی مثالیں ہیں[۱]۔

۲) قسم:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے شروع میں حرف قسم ہو،جیسے"وَاللهِ! لَأَضْرِبَنَّ زيداً".

۳) تعجب:وہ جملہ انشائیہ ہے جس میں کسی بات پر اظہارِ تعجب ہو،جیسے:"مَاأَحْسَنَهُ وَأَحْسِنْ بِه"(کیا ہی حسین ہے وہ)۔یا جیسے:"مَاأَحْسَنَهُ وَأَحْسِنْ بِهِ"[۲].

۴) افعال مدح وذم:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے شروع میں افعال مدح وذم ہو،فعل مدح کی مثال،جیسے"فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ". (سورۃ الزمر:۷۴) کیا خوب بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا!اور فعل ذم کی مثال،جیسے"فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ". (الزمر:۷۲)کیا بُری جگہ ہے تکبر کرنے والوں کا!"

۵) افعال مقاربہ:وہ جملہ انشائیہ ہے جس کے شروع میں افعال مقاربہ ہوں،افعال مقاربہ میں وہ افعال انشاء بنتے ہیں جو امید کے معنی میں ہوں اور یہ تین افعال ہیں:۱)عسیٰ،۲)حریٰ،۳)اخلولق۔

۶) "رُبَّ":ہر وہ جملہ جس کے شروع میں"رُبَّ"ہو وہ جملہ انشائیہ ہوگا،بشرطیکہ اس میں تکثیر والا معنی ہو،جیسے حدیث میں ہے:"رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِي الآخِرَةِ!"[۳] بہت سی عورتیں دُنیا میں بظاہر کپڑے پہنے ہوئے ہوں گی،لیکن قیامت کے دن ننگی ہوں گی۔

۷) "كَمْ"خبریہ:ہر وہ جملہ جس کے شروع میں"كَمْ"خبریہ ہو وہ جملہ انشائیہ ہوگا،بشرطیکہ اس میں تکثیر والا معنی ہو،جیسے:"كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللهِ"(البقرة:۲۴۹)بارہا تھوڑی جماعت اللہ کے حکم سے بڑی جماعت پر غالب ہوئی ہے![۴]

قواعد وفوائد:

---

[۱] یہ جملے اگر عقود کے وقت بولے جائیں تو پھر انشائیہ ہوں گے،لیکن اگر عقد ومعاملہ طے ہوجانے کے بعد کسی کو خبر دینے کے لیے کہے جائیں پھر خبریہ ہوں گے۔

[۲] فعل تعجب کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

[۳] صحیح بخاری:۴۹/۲،رقم:۱۱۲۶۔

[۴] انشاء طلبی اور غیر طلبی کی اغراض بلاغیہ کے لیے دیکھئے ہماری کتاب:قواعد البلاغہ۔

قاعدہ: نحات کے نزدیک جملہ انشائیہ جزاء بن سکتا ہے اور مناطقہ کہتے ہیں انشاء معلوم تصوری تالی نہیں بن سکتا، مناطقہ جملہ شرطیہ اور قضیہ شرطیہ میں فرق کے قائل ہیں[1]۔

قاعدہ: جملہ انشائیہ کے اقسام میں ایک نداء ہے اس کے بعد جواب نداء آتا ہے وہ جملہ انشائیہ بھی ہوسکتا ہے، جیسے: "يَاحَسَّانُ اسْمَعْ كَلَامِيْ" اور جملہ خبریہ بھی ہوسکتا ہے، جیسے: "يَاحَسَّانُ حَفِظَ زَيْدٌ الْقُرْآنَ."

قاعدہ: الفاظ استفہام میں سے بعض حروف ہیں اور بعض اسماء ہیں۔

قاعدہ: اگر متکلم مخاطب سے شئ معلوم کے متعلق سوال کرے تو اسے استخبار کہتے ہیں، قرآن مجید میں جہاں استفہام ہیں وہ اصل استخبارات ہیں[2]۔

قاعدہ: جملہ شرطیہ کی جزاء اگر جملہ خبریہ ہو تو خبریہ ہوتا ہے، جیسے: "إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ." (المائدۃ:۱۱۸) اور اگر جملہ جزاء جملہ انشائیہ ہو تو جملہ شرطیہ انشائیہ ہوگا، جیسے: "إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا." (الحجرات:۶)[3]۔

فائدہ: جملہ قسمیہ انشائیہ ہوتا ہے، لیکن جواب قسم جملہ خبریہ ہوتا ہے۔

قاعدہ: ہر قسم کے لیے جواب قسم ہے، پھر جواب قسم دو حال سے خالی نہیں ہوگا، جملہ اسمیہ ہوگا یا جملہ فعلیہ ہوگا، اگر جملہ اسمیہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، مثبتہ ہوگا یا منفیہ، اگر مثبتہ ہو تو اس کی ابتداء میں "إِنْ" ہوگا، یا "لام" ابتدائیہ تاکیدیہ ہوگا، یا دونوں ہوں گے، جیسے: "يس وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ" اور "وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ، وَاللهِ إِنَّ زَيْداً قَائِمٌ، وَاللهِ لَزَيْدٌ قَائِمٌ"، اور اگر جملہ منفیہ ہو تو اس کی ابتداء میں "مَا" یا "لَا" یا "إِنْ" نافیہ ہوگا، جیسے: "وَاللهِ مَا زَيْدٌ قَائِماً، وَاللهِ لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو، وَاللهِ إِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ" اور اگر جملہ فعلیہ ہو تو دو حال سے خالی نہیں، مثبتہ ہوگا یا منفیہ ہوگا، اگر مثبتہ ہو تو اس کے شروع میں "لام" تاکید اور "قَدْ" دونوں ہوں گے یا صرف "لام" ہوگا، جیسے: "وَاللهِ لَقَدْ قَامَ زَيْدٌ، وَاللهِ لَأَفْعَلَنَّ كَذا" اور اگر جملہ منفیہ ہو تو دو حال سے خالی نہیں، ماضی منفی ہوگا یا مضارع منفی، اگر فعل ماضی منفی ہو تو اس کے شروع میں "مَا" ہوگا، جیسے: "وَاللهِ مَاقَامَ زَيْدٌ"، اور اگر مضارع منفی ہو تو اس کے شروع میں "مَا" یا "لَا" یا "لَنْ" ہوگا، جیسے: "وَاللهِ مَا أَفْعَلَنَّ كَذَا، وَاللهِ لَاأَفْعَلَنَّ كَذَا، وَاللهِ لَنْ أَفْعَلَ كَذَا"۔[4]

فائدہ: جمہور کے نزدیک فعل تعجب کے دو صیغے (مَاأَفْعَلَهُ، أَفْعِلْ بِه) ہیں، تاہم بعض حضرات نے "فَعُلَ" کا صیغہ بھی فعل میں داخل کیا ہے، اسے فعل تعجب محدود، قیاسی اور اصطلاحی کہتے ہیں، اس کے علاوہ تعجب کے دیگر صیغے بھی ہیں جو بلا وضع تعجب

---

[1] جملہ شرطیہ اور قضیہ شرطیہ میں تفصیلی فروق کے لیے دیکھئے: ہماری کتب: قواعد المنطق اور الارشادات المرضیۃ الی الموجہات المنطقیۃ۔

[2] بدر منیر شرح نحو میر: ۱۰۔

[3] ریح العبیر: ۴۰۔

[4] شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۲۵۱، موسوعۃ الصرف والنحو: ۵۲۲۔

تعجب پر دلالت کرتے ہیں، جیسے: "كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللهِ"(البقرۃ:۲۸)اور "سُبْحَانَ اللهِ إِنَّ الْمُوْمِنَ لَايَنْجَسُ" اور "لِلّٰه دَرُّهُ" وغیرہ۔ اسے فعل تعجب مطلق اور غیر اصطلاحی بھی کہتے ہیں[1]۔

فائدہ: "مَا أَفْعَلَهُ" کی ترکیب میں نحات کے تین اقوال ہیں: "مَا" میں تو اتفاق ہے کہ یہ مبتداء ہے، البتہ اس کے بعد میں اختلاف ہے۔ ۱) امام سیبویہؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی "شَيْءٌ" نکرہ مبتداء اور مابعد والا جملہ خبر ہے۔ ۲) امام اخفشؒ کے نزدیک "مَا" موصولہ ہے اور مابعد والا جملہ صلہ ہے، موصول صلہ مل کر مبتداء ہے اور خبر "شَيْءٌ عَظِيْمٌ" محذوف ہے۔ ۳) امام فراءؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی "أَيُّ شَيْءٍ" مبتداء اور مابعد والا جملہ خبر ہے[2]۔

فائدہ: "أَفْعِلْ بِهِ" لفظاً امر کا صیغہ ہے اور معناً خبر ہے اور یہ اصل میں ماضی کا صیغہ ہے، اس صیغے کی ترکیب میں نحات کا اختلاف ہے۔ ۱) امام سیبویہؒ کے نزدیک "أَحْسِنْ" صیغہ امر ماضی "أَحْسَنَ" کے معنی میں ہو کر "زَيْدٌ" اس کے لیے فاعل بنے گا اور "ب" جارہ زائدہ ہے اور ہمزہ صیرورت کا ہے۔ معنی ہو گا: "صَارَزَيْدٌذَاحُسْنٍ"۔ ۲) امام اخفشؒ کے نزدیک "أَحْسِنْ" صیغہ امر اپنے معنی میں ہے اور ضمیر اس میں فاعل ہے اور "ب" تعدیہ کے لیے ہے اور "زَيْدٌ" مفعول بہ ہے، یہی مذہب امام فراءؒ، امام زجاجؒ، زمخشریؒ اور ابن کیسانؒ کا اختیار کردہ ہے[3]۔

تمرین:

درج مثالوں میں جملہ خبریہ اور انشائیہ کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اَسْلِمُوْا. اٰمِنُوْا. لاَ تَكْفُرُوْا. بَشِّرْ. لَيْتَ زَيْدًا عَالِمٌ. حَمِدَ بَكْرٌ. اَتَقْتُلُوْنَ. اٰمَنَّا. اَبْصِرْ بِه. مَا اَعْجَلَ زَيْدًا. اَلاَ تُكْرِمُ زَيْدًا. لاَ تَقُوْلُوْا. لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ. اَزَيْدٌ قَاعِدٌ. نَكَحْتُ. لَعَلَّ بَكْرًا نَائِمٌ. مَنْ جَاءَ. مَنْ اَبُوْكَ. كَبِّرْ. أَقِمِ الصَّلَاةَ. أَسِحْرٌ هَذَا. لَا تُشْرِكْ. هَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ. أَطِيعُوا الله. مَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ. لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ. أَحَقٌّ هُوَ. هَلْ أَنْتُمْ مَسْلِمُوْنَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... "أَسْلِمُوْا": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ فعلیہ امریہ... باز "أَسْلِمْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ عامل مسند فعل... "و" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ فعلیہ امریہ ابتدائیہ لامحل لہا من الاعراب۔

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۴۱/۲/۴، النحو الوافی: ۳۴۰/۳۔
[2] شرح الاشمونی: ۲۶۳/۲، شرح المفصل لابن یعیش: ۴۲۰/۴، النحو الوافی: ۳۴۲/۳۔
[3] شرح الاشمونی: ۲۶۶/۲، واضح المسالک الی الفیۃ ابن مالک: ۲۲۷/۳۔

✍ ... ''أَبْصِرْبِهٖ'': اس کی دو ترکیبیں ہیں:

پہلی ترکیب: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ بمعنی خبریہ فعلیہ عند سیبویہ... باز ''أَبْصِرْ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل امر حاضر معلوم بمعنی ''أَبْصَرَ'' (عند سیبویہ)... ''أَبْصَرَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل... ''ب'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف حرفِ جارہ زائدہ... ''ہ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مجرور... جار مجرور مستغنی از متعلق ہو کر فاعل ہوا ''أَبْصَرَ'' فعل کے لیے... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ بمعنی خبریہ فعلیہ عند سیبویہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

دوسری ترکیب: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ امریہ عند الاخفش... باز ''أَبْصِرْ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل امر حاضر معلوم (عند الاخفش)... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... ''ب'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف حرفِ جارہ ... ''ہ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مجرور... جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ''أَبْصِرْ'' فعل کیساتھ... فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ امریہ عند الاخفش جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ... ''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'': اس کی تین ترکیبیں ہیں:

پہلی ترکیب: ''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'': لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ... ''مَا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم بمعنی ''شَيْءٌ'' عند سیبویہ مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... ''أَعْجَلَ زَيْدًا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... باز ''أَعْجَلَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... ''زَيْدًا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

دوسری ترکیب: ''مَاأَعْجَلَ زَيْدًا'': لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ... ''مَا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم موصولہ عند الاخفش ''أَعْجَلَ زَيْدًا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... باز ''أَعْجَلَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... ''زَيْدًا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ''مَا'' موصولہ... موصول اپنے صلہ سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... اس کی خبر ''شَيْءٌ عَظِيْمٌ'' محذوف ہے... ''شَيْءٌ عَظِيْمٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص... باز ''شَيْءٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم موصوف... ''عَظِيْمٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل

بامعنی مفرد کلمہ اسم صفت... موصوف اپنے صفت سے مل کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

تیسری ترکیب: "مَاأَعْجَلَ زَيْدًا": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تعجبیہ... "مَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم بمعنی "أَيُّ شَيْءٍ" عند الفراء... باز "أَيُّ شَيْءٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص... باز "أَيُّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف... "شَيْءٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ... مضاف مضاف الیہ سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "أَعْجَلَ زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... باز "أَعْجَلَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... "زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تعجبیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ... "لَيْتَ زَيْداً عَالِمٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ تمنائیہ... "لَيْتَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف از حروف مشبہ بالفعل... "زَيْداً" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسمِ "لَيْتَ"... "عالم" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم خبر "لَيْتَ"... "لَيْتَ" اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ تمنائیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ... "مَنْ جَاءَ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ استفہامیہ... "من" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم استفہام مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "جاء" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... "جاء" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل فعل ماضی معلوم عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم معمول مسند الیہ فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند امسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل چہارم: مرکب غیر مفید کا بیان

۱۔ مرکب غیر مفید کی تعریف:

"مَا لَا يَصِحُّ السُّكُوْتُ عَلَيْهِ."

وہ مرکب ہے جس میں سکوت متکلم مفید للسامع نہ ہو، یعنی جب کہنے والا بات کہہ کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو اس سے کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو، جیسے: "يَوْمِ الدِّينِ، الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ" سے کوئی خبر یا طلب کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا، مرکب غیر مفید کا مطلب یہ ہے کہ متکلم جملہ کے تمام ارکان (مسند الیہ اور مسند) ذکر نہ کرے، جس کی وجہ سے نہ کوئی خبر معلوم ہوتی ہے اور نہ کوئی طلب، بلکہ وہ اس قدر کہہ کر خاموش ہو جاتا ہے جس کو یا تو مسند الیہ بنا سکتے ہیں، یا مسند، اور صرف ایک رکن سے کلام تام نہیں ہوتا، اسی وجہ سے اس کو مرکب غیر مفید اور مرکب ناقص کہتے ہیں۔

۲۔ مرکب غیر مفید کی اقسام:

مرکب غیر مفید کی اولاً دو قسمیں ہیں: ۱) مرکب تقییدی ۲) مرکب غیر تقییدی

۱)۔ مرکب تقییدی کی تعریف:

"هُوَ مَا لَايَكُوْنُ فِيْهِ الْجُزْءُالثَّانِيْ قَيْداً لِلْجُزْءِ الْأَوَّلِ".

مرکب تقییدی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں جزء ثانی جزءِ اول کے لیے قید ہو، یعنی جس میں نسبتِ تقییدیہ ہو، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: (الف): مرکب اضافی (ب): مرکب توصیفی

(الف): مرکب اضافی کی تعریف:

"مَا تَرَكَّبَ مِنَ الْمُضَافِ وَالْمُضَافِ إِلَيْهِ."

مرکب اضافی وہ مرکب تقییدی ہے جو مضاف اور مضاف الیہ سے مرکب ہو، یعنی جس میں ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف اس طور پر کی گئی ہو کہ پہلے سے تنوین یا قائم مقام تنوین (نون تثنیہ و جمع) کو حذف کر کے اس کی جگہ دوسرے اسم کو رکھا گیا ہو، جیسے: "غُلَامُ زَيْدٍ"[1]، اس کے پہلے جزء کو مضاف کہتے ہیں اور دوسرے جزء کو مضاف الیہ کہتے ہیں، اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

---

[1] اس میں جزء ثانی "زَيْدٍ" جزء اول "غُلَامُ" کی قید ہے، زید سے پہلے "غُلَامُ" عام تھا، اس میں کثرت افراد تھی، ہر ایک کے غلام کو غلام کہہ سکتے تھے، لیکن جب زید کی قید اس کیساتھ لگ گئی تو زید کا غلام ہونا متعین ہوا اور اب یہ عام نہ رہا، اس میں قلتِ افراد پیدا ہو گئی، اب ہر ایک کے غلام کو زید کا غلام نہیں کہہ سکتے۔ اور اسی طرح مرکب توصیفی "رَجُلٌ عَالِمٌ" میں بھی "رَجُلٌ" عام تھا اور اس میں کثرت افراد تھی، لیکن جب "عَالِمٌ" کی قید اس کیساتھ لگائی گئی تو یہ عام نہ رہا اور اس میں قلت افراد پیدا ہو گئی کہ اب ہر مرد کو "رَجُلٌ عَالِمٌ" نہیں کہہ سکتے۔

مرکب اضافی کا حکم یہ ہے کہ اس میں مضاف کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے، یعنی عامل رفعی کی وجہ سے مرفوع، عامل نصبی کی وجہ سے منصوب اور عامل جری کی وجہ سے مجرور ہوگا اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے، جیسے: ''كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوتِ''، ''وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ''، ''وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَسُوْلٌ''۔ اب ان مثالوں میں لفظ ''كُلُّ'' مضاف ہے، پہلی مثال میں مرفوع، دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور ہے اور مضاف الیہ ''نَفَسٍ، كُفَّارٍ، أُمَّةٍ'' مجرور ہے۔

(ب): مرکب توصیفی کی تعریف:

'' هُوَ مَا تَأَلَّفَ مِنَ الصِّفَةِ وَالمَوْصُوْفِ.''

مرکب توصیفی وہ مرکب تقییدی ہے جو موصوف وصف سے مرکب ہو، یعنی وہ مرکب ناقص ہے جس میں کسی اسم کی کوئی صفت، حالت یا کیفیت بیان کی گئی ہو، جیسے: ''الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ''، اس کے جزء اول کو موصوف اور جزء ثانی کو صفت کہتے ہیں۔ اور مرکب توصیفی کا حکم یہ ہے کہ اس میں موصوف کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے اور صفت کا اعراب موصوف کی طرح ہوتا ہے۔

۲)۔ مرکب غیر تقییدی کی تعریف:

''هُوَ مَا لَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْجُزْءُ الثَّانِيْ قَيْداً لِلْجُزْءِ الْأَوَّلِ''.

مرکب غیر تقییدی وہ مرکب غیر مفید ہے جس میں جزء ثانی جزءِ اول کے لیے قید نہ ہو، یعنی جس میں نسبتِ تقییدیہ نہ ہو، پھر مرکب غیر تقییدی کی تین قسمیں ہیں: ۱) مرکب صوتی ۲) مرکب بنائی ۳) مرکب منع صرف

۱)۔ مرکب صوتی کی تعریف:

'' مَا تَرَكَّبَ مِنْ إِسْمَيْنِ وَ الْإِسمُ الثَّانِيْ مِنْهُ كَلِمَةُ "وَيْهِ".''

مرکب صوتی وہ مرکب غیر تقییدی ہے جو اسموں سے مرکب ہو اور دوسرا اسم کلمہ ''ویہ'' صوت ہو، جیسے: ''رَاهويه[۱]، سِيْبَوَيْه، زَنْجَوَيْه، مِسكَوَيْه'' وغیرہ۔ مرکب صوتی کا حکم یہ ہے کہ اس کے دونوں جزء مبنی ہوتے ہیں، پہلا جزء مبنی

---

[۱] ''راھویہ'' کے تلفظ میں اہل علم کا اختلاف ہے، علامہ عبد الرحمن سیوطیؒ (م۹۱۱ھ) فرماتے ہیں کہ نحوی حضرات کا مذہب اس سلسلے میں یہ ہے کہ یہ مرکب امتزاجی ہے، دو کلموں ''رَا'' اور ''وَيهِ'' سے مرکب ہے، پہلا مبنی پر بر فتحہ اور دوسرا مبنی بر کسر ہوگا، چنانچہ وہ لوگ اس کا تلفظ ''رَاهَوَيْهِ'' سے کرتے ہیں اور محدثین کرام فرماتے ہیں کہ اس کا تلفظ ''رَاهُوْيَهْ'' ہے، یعنی واؤ ما قبل مضموم، واؤ ساکن، پھر یاء مفتوح اور ہاء پر سکون ہوگا۔ ان کے نزدیک ''رَاهَوَيْهِ'' کہنا غیر مستحسن ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ابراہیم نخعیؒ سے منقول ہے کہ ''وَيْه'' شیطان کا نام ہے، اس لیے یہ لوگ اس تلفظ سے اجتناب کرتے ہیں، یہی حال اس کے تمام نظائر سیبویہ، نفطویہ، مردویہ اور مسکویہ وغیرہ کا ہے۔ محدثین ''راہویہ'' کی وجہ تسمیہ بیان فرماتے ہیں کہ اسحاق بن راہویہ سے منقول ہے کہ میرے والد کی پیدائش راستہ میں ہوتی تھی، اس لیے مروزی لوگوں نے انہیں ''راہویہ'' (راستہ والا کہنا) شروع کیا۔ دیکھئے: تدریب الراوی: ۱/۴۰۰-۴۰۱۔

بر فتحہ اوردوسرا جزء مبنی بر کسرہ ہوتا ہے،پہلا جزء اس لیے مبنی بر فتحہ ہوتا ہے کہ دوسرا جزء تاء تانیث کی طرح ہے اور تاء تانیث کا ما قبل مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور دوسرا جزء اس لیے مبنی ہے کہ وہ اسم صوت ہے اوراسمائے اصوات مبنی ہوتے ہیں۔

۲)۔ مرکب بنائی کی تعریف:

”هُوَ مَا جُعِلَ الْإِسْمَان فِيْهِ إِسْمًا وَاحِدًا وَيَتَضَمَّنُ الْإِسْمُ الثَّانِيْ حَرْفًا وَاحِدًا.“

مرکب بنائی وہ مرکب غیر تقییدی ہے کہ جس میں دو اسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو، اور دوسرا اسم کسی حرف کو متضمن ہو، جیسے:”أَحَدَ عَشَرَ“ سے لے کر ”تِسْعَةَ عَشَرَ“ تک، جو کہ اصل میں ”أَحَدٌ وَّعَشَرٌ“ اور ”تِسْعَةٌ وَّعَشَرٌ“ تھے،”واوَ“ کو گرا کر دونوں اسموں کو ایک کر دیا گیا اور مرکب بنائی کا حکم یہ ہے کہ مرکب بنائی میں دونوں جزء مبنی بر فتحہ ہوتے ہیں،دوسرا جزء اس لیے مبنی ہے کہ حرف کے معنی کو متضمن ہے اور پہلا جزء اس لیے مبنی بر فتحہ ہے کہ دوسرا جزء پہلے کے لیے تاء تانیث کی حیثیت رکھتا ہے اور تاء تانیث کا ما قبل مبنی بر فتحہ ہوتا ہے[۱]،سوائے ”إِثْنَاعَشَرَ“ کے کہ اس کا جزء اول معرب (بدلتا رہتا) ہوتا ہے[۲]، کیونکہ جزء ثانی نون تثنیہ کی جگہ میں واقع ہے اور نون تثنیہ کا مقابل محل اعراب ہے نہ کہ محل بناء،اس لیے یہ معرب ہے[۳]۔

۳)۔ مرکب منع صرف کی تعریف:

”هُوَ مَا جُعِلَ الْإِسْمَانِ فِيْه إِسْمًا وَاحِدًا وَلَا يَتَضَمَّنُ الْإِسْمُ الثَّانِيْ حَرْفًا.“

مرکب منع صرف: وہ مرکب غیر مفید ہے کہ جس میں دو اسموں کو ملا کر ایک کر دیا گیا ہو، اور دوسرا اسم کسی حرف کو متضمن نہ ہو، جیسے:”بَعْلَبَكَ[۴]، حَضْرَ مَوْتُ[۵]“،مرکب منع صرف کا حکم یہ ہے کہ اس کے معرب اور مبنی ہونے میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک پہلا جزء مبنی بر فتحہ اوردوسرا جزء معرب غیر منصرف ہے، بعض کہتے ہیں کہ دونوں جزء مبنی بر فتحہ

---

[۱] مرکب بنائی کا پہلا جزء اس لیے مبنی ہے کہ ترکیب کے بعد اس کا آخر وسط کلمہ میں واقع ہوا ہے اور اعراب وسط میں نہیں آتا، بلکہ آخر میں آتا ہے اور دوسرے جزء کا مبنی ہونا اس لیے ہے کہ وہ حرف کو متضمن ہے جو مبنی الاصل ہے اور بناء میں اصل اگرچہ سکون ہے، لیکن اس مرکب (کو فتح پر جو تمام حرکتوں میں خفیف حرکت ہے) اس لیے مبنی کیا تا کہ وہ ثقل جو کلموں کی ترکیب سے وجہ سے پیدا ہوا ہے وہ دور ہو جائے۔ (بدر منیر شرح نحو میر: ۱۳)

[۲] اس کا پہلا جزء اس لیے معرب ہے کہ وہ نون کے گر جانے کی وجہ سے مضاف کے مشابہ ہو گیا جیسے:”غُلَامَا زَيْدٍ“ اصل میں ”غُلَامَانِ لِزَيْدٍ“ تھا اور اضافت اسم معرب کے خواص میں سے ہے۔

[۳] حاشیۃ الصبان: ۹۸/۴۔

[۴] ”بَعْلَبَكَّ“ یہ لبنان میں ایک شہر کا نام ہے یہ اصل میں ”بَعْلَ“ اور ”بَكَّ“ تھا، ”بَعْلَ“ ایک بت کا نام تھا اور ”بَكَّ“ ادشاہ کا نام تھا، دونوں کو ملا کر ایک شہر کا نام رکھ دیا گیا ہے۔ (ہامش النحو الوافی: ۲۲۸/۴)

[۵] ”حضر موت“ یہ یمن میں ایک شہر کا نام ہے یہ اصل میں ایک شخص کا نام تھا اور یہ نام اس کا اس لیے پڑ گیا کہ وہ میدان جنگ میں ہمیشہ صف اول میں لڑتا تو لوگوں نے اس کا نام ”حَضَرَ موتُ“ رکھ دیا۔ (لواء الہدی: ۸۲)

ہیں، **بعض اہل علم** کہتے ہیں کہ اس کا پہلا جزء مضاف اور دوسرا جزء غیر منصرف ہوتا ہے اور **بعض حضرات** کہتے ہیں کہ اس کا پہلا جزء مضاف اور دوسرا جزء منصرف ہوتا ہے اور مرکب منع صرف کا اعراب یہ ہے کہ اس کا جزء اول مبنی بر فتحہ ہوتا ہے، بشرطیکہ اس کے آخر میں حرف علت نہ ہو، جیسے: "بَعْلَبَكُّ" اور اگر حرف علت ہو تو مبنی بر سکون ہوگا، جیسے: "مَعْدِيْ كَرِبُ" اور جزء ثانی معرب (باعراب غیر منصرف) ہوتا ہے[۱]۔[۲]

۳۔ مرکب بنائی کی اقسام:

مرکب بنائی صرف اعداد تک محدود نہیں، بلکہ اس کی تین قسمیں ہیں:

(الف)۔ مرکب من الظروف، (ب)۔ مرکب من الاحوال، (ج)۔ مرکب من العدد۔

(الف): مرکب من الظروف: وہ مرکب بنائی ہے جو دو ظروف سے مل کر بنا ہو، جیسے: "آتيكَ صباحَ مساءَ"، یہ اصل میں "صَبَاحاً وَّ مَسَاءَ" تھا۔ اسی طرح "لَيْلَ نَهَارَ، يوم يوم، سنة سنة" وغیرہ۔

(ب): مرکب من الاحوال: وہ مرکب بنائی ہے جو دو حالوں سے مل کر بنا ہو، جیسے: "تَسَاقَطُوْا أَخْوَلَ أَخْوَلَ" یہ اصل میں "أَخْوَالًا أَخْوَالاً" تھا جو متفرق ہونے کے معنی میں آتا ہے، اسی طرح "هُوَ جَارِي بيتَ بَيتَ"، أي "مُلاصِقاً"، و"لَقيتُهُ كَفّةَ كَفّةَ"، أي "مُواجِهاً". حَيْصَ بَيْصَ، بَيتَ بَيتَ، بَيْنَ بَيْنَ، تفرَّق العدوُّ شَذَرَ مذَرَ، شَغَرَ بَغَرَ، خَذَعَ مَذَعَ" وغیرہ۔

(ج): مرکب من العدد: وہ مرکب بنائی ہے جو دو اعداد سے مل کر بنا ہو، جیسے: "أَحَدَعَشَرَ" تا "تِسْعَةَ عَشَرَ"[۳].

قواعد و فوائد:

قاعدہ: عربی زبان میں ہر اس مرکب کو غیر مفید اور ناقص کہتے ہیں جس سے سامع کو کسی قسم کی خبر یا طلب حاصل نہ ہو اور یہ مرکبات صرف پانچ (مرکب اضافی، توصیفی، صوتی، بنائی، منع صرف) نہیں، بلکہ وہ تمام مرکبات ہیں، جن سے سامع کوئی

---

[۱] جملہ مرکبات نحویہ چھ (مرکب مفید، مرکب اضافی، مرکب توصیفی، مرکب صوتی، مرکب بنائی، مرکب منع صرف) ہیں، جو ان اشعار میں مذکور ہیں۔

بود ترکیب نزد نحویاں شش — بیادش گیر اگر خائف ز فوتی
اضافی داں و توصیفی و مزجی — ہم اسنادی و تعدادی و صوتی (دیکھئے: بدر منیر: ۱۴)

[۲] مرکب غیر مفید کی پانچ قسموں کی وجہ حصریہ ہے: ان کی وجہ حصریہ ہے کہ جزء ثانی جزء اول کے لیے قید ہوگا یا نہیں، اگر ہو پھر دو حال سے خالی نہیں، باعتبار اضافت ہوگا یا باعتبار صفت ہوگا، اگر باعتبار اضافت ہو تو مرکب اضافی، اور اگر باعتبار صفت ہو تو مرکب توصیفی اور اگر جزء ثانی جزء اول کے لیے قید نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، جزء ثانی اسم صوت ہوگا یا نہیں، اگر اسم صوت ہو تو مرکب صوتی اور اگر نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، جزء ثانی متضمن بحرف ہوگا یا نہیں، اگر ہو تو مرکب بنائی وغیرہ اور اگر جزء ثانی متضمن بحرف نہ ہو تو مرکب منع صرف۔

[۳] شرح الرضی: ۱۶۹۷/۳، شرح المفصل لابن یعیش: ۱۵۳/۳، جامع الدروس العربیہ: ۲۰۸/۲۔

خبر یا طلب کا فائدہ حاصل نہ ہو، جن میں امور متعدد بلا نسبت، جیسے: "زید و عمر و بکر"، مؤکد و تاکید کا مجموعہ، مبدل منہ اور بدل کا مجموعہ، مبین اور عطف بیان کا مجموعہ، معطوف اور معطوف علیہ کا مجموعہ، صلہ اور موصول کا مجموعہ اور مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کا مجموعہ وغیرہ۔

قاعدہ: مرکب غیر مفید (مکمل جملہ نہیں ہوتا بلکہ) ہمیشہ جملہ کا جزء ہوتا ہے، جیسے: "غُلَامُ زَيْدٍ قَائِمٌ[۱]، وعِنْدِيْ اَحَدَ عَشَرَدِرْهماً[۲]، وَجَاءَبَعْلَبَكُّ[۳]"۔

قاعدہ: مرکب بدلی (جو مبدل وبدل کا مجموعہ ہو)، مرکب تاکیدی (جو مؤکد و تاکید کا مجموعہ) اور مرکب عطفی (جو معطوف و معطوف علیہ کا مجموعہ ہو) ہو بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔[۴]

فائدہ: بعض نحات مرکب صوتی کو مرکب منع صرف کی قسم قرار دیتے ہیں۔[۵]

فائدہ: بعض نحات کہتے ہیں کہ مرکب امتزاجی کو مرکب تضمنی کہنا زیادہ صحیح ہے۔[۶]

قاعدہ: اگر دو اسم اکٹھے ہوں پہلا نکرہ ہو دوسرا معرفہ ہو تو وہ عموما مرکب اضافی بنتے ہیں، جیسے: "عَذَابُ الْقَبْرِ، كِتَابُ الطَّهَارَةِ"۔

قاعدہ: ایک اسم ہو، دو ہوں، تین یا چار ہوں اور بغیر الف لام کے ہوں اور ان کے بعد کوئی اسم معرف باللام ہو یا ضمیر ہو یا اسم اشارہ ہو یا اسم موصول ہو تو وہ بھی مضاف مضاف الیہ بنتے ہیں، جیسے: "رَبُّ الْعَالَمِيْنَ، مِنْ كَلَامِ سَيِّدِالْمُرْسَلِيْنَ، بَابُ مُتَابِعَةِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، لِقَاءَيَوْمِكُمْ هَذَا، رَبَّ هَذاالْبَيْتِ، صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ"۔

قاعدہ: اسمائے اعداد تین سے دس تک اور "مَأَةٌ" اور "أَلْفٌ" کا عدد ہمیشہ اپنی تمیز کی طرف مضاف ہوتے ہیں، جیسے: "ثَلَاثُةُ قُرُوْءٍ، سَبْعَةُ أَيَّامٍ، أَلْفُ سَنَةٍ، مَأَةُ عَامٍ"۔

فائدہ: اسمائے کسور اکثر مضاف ہوتے ہیں اور کل کسور نو ہیں، جیسے: "نِصْفٌ، ثُلْثٌ، رُبْعٌ، خُمْسٌ، سُدْسٌ، ثُمْنٌ، تُسْعٌ، عُشْرٌ"، جیسے: "نِصْفُ اللَّيْلِ، رُبْعُ رَأْسِه"۔

قاعدہ: کچھ الفاظ اکثر مضاف ہوتے ہیں اور وہ یہ ہیں: "كُلُّ، بَعْضُ، قَبْلُ، بَعْدُ، خَلْفُ، فَوْقُ، تَحْتُ، دُوْنَ، مَعَ،

---

[۱] مطلب یہ ہے کہ مرکب غیر مفید ہمیشہ جملہ کا جزء یعنی کبھی مبتداء، کبھی خبر، کبھی فاعل اور کبھی مفعول وغیرہ واقع ہوتا ہے، جیسے: "غُلَامُ زَيْدٍ قَائِمٌ" یہ مرکب غیر مفید کی قسم مرکب اضافی کی جزء جملہ (مبتداء) واقع ہونے کی مثال ہے۔

[۲] یہ مرکب غیر مفید کی قسم مرکب بنائی کے جزء جملہ (مبتداء مؤخر) واقع ہونے کی مثال ہے۔

[۳] یہ مرکب غیر مفید کی قسم مرکب منع صرف کے جزء جملہ (فاعل) واقع ہونے کی مثال ہے۔

[۴] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۵۔

[۵] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۶۔

[۶] کشاف اصطلاحات الفنون: ۱/۴۲۴۔

بَيْنَ، قُدَّامُ، أَمَامُ، نَحْوُ، مِثْلُ، غَيْرُ، أوْلُوْ، ذُوْ، عِنْدَ"وغیرہ، جیسے:"كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ، مِنْ قَبْلِكَ، فَوْقَكُمُ الطُّوْرُ، مِنْ دُوْنِ اللهِ، مِنْ بَعْدِمُوْسَى، ذُوالْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَاتَدْعُ مَعَ اللهِ إِلٰهاً آخَرَ"۔[1]

قاعدہ: عدد سے پہلے ایک یا دو اسم بغیر الف لام کے آجائیں تو وہ بھی مضاف مضاف الیہ بنتے ہیں، جیسے:"فَإِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْناً، عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِأةِ سَنَةٍ"۔

قاعدہ: اگر کوئی حرف بول کر اس سے اس کا لفظ مراد لیا جائے اور اس سے پہلے ایک، دو، تین یا چار اسم بغیر الف لام کے ہوں تو وہ بھی مضاف مضاف الیہ بنتے ہیں، جیسے:"خُبْر إِنَّ، إِسْمُ إِنَّ، بَيَانُ مَوَاضِعِ اسْتِعْمَالِ كَلِمَةِحَتّٰی"وغیرہ۔

قاعدہ: کوئی فعل یا جملہ بول کر اس سے اس کا لفظ مراد لیا جائے اور اس سے پہلے ایک یا دو اسم بغیر الف ام کے ہوں تو وہ بھی آپس میں مضاف مضاف الیہ بنتے ہیں، جیسے:"مِنْ بَابِ عَلِمْتُ، بِخِلَافِ بَابِ أَعْطَيْتُ"۔

قاعدہ: لفظ "كُلُّ" سے پہلے کوئی اسم بغیر الف لام کے آجائے تو اکثر مضاف مضاف الیہ بنتے ہیں، جیسے:"فَتَحْنَاعَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ"۔

قاعدہ: کبھی صفت کی اضافت اپنے موصوف کی طرف ہوتی ہے، جیسے:"بَكَرِيْمِ خِطَابِه، أي الْخِطَابِ الْكَرِيْمِ"اور کبھی موصوف کی اضافت صفت کی طرف ہوتی ہے، جیسے:"بِرُوْحِ الْقُدُسِ، أيْ بِالرُّوْحِ الْقُدُسِ"۔

قاعدہ: مضاف الیہ اور اس کے کسی معمول کو مضاف پر مقدم کرنا جائز نہیں۔

قاعدہ: کبھی مضاف محذوف ہوتا ہے، جیسے:"وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْن، أيْ وَحُسْنُ الْعَاقِبَةِ لِلْمُتَّقِيْن"۔

قاعدہ: مضاف مضاف الیہ مل کر ہمیشہ جملہ کا جزء بنتے ہیں، مثلاً ۱) کبھی مبتداء ہوں گے، جیسے:"عَذَابُ الْقَبْرِحَقٌّ"۔ ۲) کبھی خبر ہوں گے، جیسے:"مُحَمَّدٌرَسُوْلُ اللهِ"۔ ۳) کبھی مبتداء اور خبر ہوں گے، جیسے:"أَدَاءُالزَّكَاةِ بَرَكَةُ الْمَالِ"۔ ۴) کبھی فاعل ہوں گے، جیسے:"قَامَ عَبْدُاللهِ"۔ ۵) کبھی مفعول بہ ہوں گے، جیسے:"اُعْبُدُوْارَبَّكُمْ"۔ ۶) کبھی مفعول مطلق ہوں گے، جیسے:"وَمَكَرُوْا مَكْرَهُمْ"۔ ۷) کبھی مفعول لہ ہوں گے، جیسے:"وَلَاتَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ"۔ ۸) کبھی حال ہوں گے، جیسے:"لَاإِلَهَ إِلَّااللهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ"۔

فائدہ: جو اسم معرف باللام ہو وہ مضاف نہیں ہوتا، البتہ تین صورتوں میں مضاف ہو سکتا ہے: ۱) اضافت لفظیہ ہو اور مضاف الیہ سے ضمیر کو حذف کر کے مضاف کے اندر مستتر کر دیا جائے، جیسے:"الْحَسَنُ الْوَجِهِ" یہ اصل میں "الْحَسَنُ وَجْهُهُ" تھا، پھر "وَجْهُهُ" کی "ہ" ضمیر کو حذف کر کے "الْحَسَنُ" میں مستتر کر دیا اور اس کے عوض "وَجْهِ" پر الف لام داخل کر دیا تو "الْوَجْهِ" ہو گیا، پھر اس کی طرف "الْحَسَنُ" کو مضاف کر دیا تو "الْحَسَنُ الْوَجْهِ" ہو گیا۔ ۲) اضافت لفظیہ ہو اور مضاف تثنیہ یا جمع مذکر

---

[1] المنہاج الکامل: ۱۲۱۔

سالم ہو، جیسے:"الْحَافِظَا دُرُوْسِهِمَا مُكَافَانِ، الْمُتْقِنُوْ أعْمَالِهِمْ رَابِحُوْنَ"۔ ۳)اضافت لفظیہ ہواور مضاف الیہ خود معرف باللام یا معرف باللام کی طرف مضاف ہو، جیسے:"المنْصِفُ النَّاسِ مَحْبُوْبٌ، المُحِبُّ فِعْلِ الْخَيْرِسَعِيْدٌ". [1]

قاعدہ: مرکب بنائی کو بنائی اس لیے کہتے ہیں کہ اس کے دونوں جزء مبنی بر فتحہ ہوتے ہیں اور اس کو مرکب تعدادی بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ عدد میں پایا جاتا ہے اور مرکب منع صرف کو مرکب امتزاجی، مرکب مزجی اور مرکب تضمنی بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: مسند اور مسند الیہ اسناد کی بناء پر متحقق ہوتے ہیں اور مضاف اور مضاف الیہ اضافت کی بناء پر متحقق ہوتے ہیں ،اسناد اور اضافت میں فرق یہ ہے کہ اسناد میں نسبتِ تامہ ہوتی ہے اور اضافت میں نسبت ناقصہ ہوتی ہے۔

قاعدہ: جب خبر ایسے معنی کو متضمن ہو جو صدارتِ کلام کا مقتضی ہو تو اس صورت میں خبر مبتداء پر مقدم کرنا واجب ہے تا کہ صدارت کلام فوت نہ ہو، جیسے:"عِنْدِيْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ كِتَابًا".اس مثال میں"عِنْدَ"ظرف ہے جو صدارت کلام کا مقتضی ہے۔

قاعدہ: جب خبر ظرف یا جار مجرور ہو تو اس سے پہلے کوئی فعل یا شبہ فعل(اسم فاعل،اسم مفعول،صفت مشبہ،اسم مبالغہ،اسم تفضیل،مصدر) مقدر مانا جاتا ہے، جیسے:"عِنْدِيْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ كِتَابًا".میں"عِنْدَ"ظرف "ثَبَتَ"ویا کہ"ثَابِتٌ"کے ساتھ بناء بر اختلاف مذہبین متعلق ہے۔

فائدہ: وہ مضاف جو مضاف الیہ کیساتھ معنی میں متحد ہو، جیسے: مترادف یا موصوف صفت تو اس میں جمہور کے نزدیک تاویل کی جائے گی ، کیونکہ موصوف کی اضافت صفت کی طرف یا بالعکس درست نہیں اور کوفیین کے نزدیک بغیر کسی تاویل کے جائز ہے،بشرطیکہ مضاف مضاف الیہ سے لفظاً مختلف ہو،مثال اضافۃ صفت الی الموصوف، جیسے:"يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ"اس میں "خَائِنَةَ"صفت کی اضافت موصوف"الْأَعْيُنِ"کی طرف کی گئی ہے۔مثال اضافت موصوف الی الصفۃ جیسے:"وَلَلدَّارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ"اس میں موصوف"لَلدَّارُ"کی اضافت صفت"الْآخِرَةِ"کی طرف کی گئی ہے اور مثال اضافت مترادفین کی، جیسے:"إِنَّ هَذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ"اس میں"حَقُّ"اور"الْيَقِينِ"مترادف ہیں [2]۔

فائدہ:"عَشْرٌ"اور"عَشَرَةٌ"کی شین کا حکم یہ ہے کہ اگر"عَشْرٌ"مفرد آئے تو اس کی"شین"ساکن ہوتی ہے، جیسے:"فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا."(الانعام:۱۶۰)اور اگر مرکب ہو تو مفتوح ہوتی ہے، جیسے:"رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا.(یوسف:۴)، اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا (المائدۃ:۱۲)"اور اگر"عَشَرَةٌ "مفرد ہو تو اس کی"شین"ہمیشہ مفتوح ہوتی ہے، جیسے:"تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ"(البقرۃ:۱۹۶)اور اگر اعداد کیساتھ مرکب ہو کر آئے تو اس کی"شین"ساکن ہوتی ہے، جیسے:"اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا"

---

(۱) المنہاج الکامل:۳۶۹۔

(۲) النحو الوافی:۴۰/۳۔

(البقرة:۶۰)۔ [1]

قاعدہ: مرکب مزجی صرف دو کلموں سے مرکب ہوتا ہے، کیونکہ عرب دو سے زائد کلمات کو آپس میں نہیں جوڑتے۔ [2]

قاعدہ: عموماً اعلام مرکب غیر مفید (مرکب اضافی، توصیفی، صوتی، منع صرف، بنائی) ہوتے ہیں، لیکن بعض اعلام مرکب مفید مرکب اسنادی کہلاتے ہیں، جیسے بعض کتابوں کے نام ہیں، مثلاً "يَسْأَلُوْنَكَ. اسْأَلُوْنِيْ. المعْرِكَةُ قَادِمَةٌ. جَاءَ النَّصْر. نَحْنُ هُنَا. جَاءَالْحَقُّ. رِدَّةٌ وَلَا أَبَا بَكْرٍ لَهَا."

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مرکب مفید اور غیر مفید کی نشاندہی کریں، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

رَسُوْلُ اللهِ. خَمْسَةَ عَشَرَ. صَلَاةُ اللَّيْلِ. ثَلَاثَةَ عَشَرَ. مِلَّةُ الْإِسْلَامِ. أُمَّةٌ مُقْتَصِدَةٌ. إسْلَام آبَاد. نِفْطَوَيْهِ. سَاكِنُ الْبَيْتِ. مَعْدِيْ كَرِبُ. مَاءُ الْوُضُوْءِ. حَضَرَ مَوْتُ. الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ. بَاكِسْتَان. اَبُوالْقَاسِمِ. بَيْتُ لَحَمْ. سِيْبَوَيْهِ. رَامَهُرْمُزْ. صَبَاحَ مَسَاءَ. بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ. خَالَوَيْهِ. شَذَرَ مَذَرَ. جَارُ اللهِ. مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ. حَجُّ الْبَيْتِ فَرْضٌ. صَوْمُ رَمَضَانَ فَرْضٌ. الْكَعْبَةُ بَيْتُ اللهِ. عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ. قَامَ عَبْدُاللهُ. صَلّٰى غُلَامُ بَكْرٍ. سَكَنْتُ بَيْتَ لَحْمٍ. جَلِيْسُ السُّوْءِ شَيْطَانٌ. جَلِيْسُ الْخَيْرِ غَنِيْمَةٌ. سِيْبَوَيْهِ عَالِمٌ كَبِيْرٌ. أَدَاءُ الزَّكَاةِ بَرَكَةُ الْمَالِ. عِنْدِيْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ كِتَابًا. اِخْرَوْرَقَ ثَوْبُ بَكْرٍ. مَاءُ الْحَوْضِ حَارٌّ. لِحْيَةُ عَمْرٍو طَوِيْلَةٌ. اِغْبَرَّ وَجْهُ زَيْدٍ. اِصْفَرَّ وَرَقُ الشَّجَرِ. اِحْمَرَّ وَجْهُ عَمْرٍو. صَلَاةُ اللَّيْلِ بَهَاءُ النَّهَارِ. بَعْلَبَكَّ بَلَدَةٌ طَيِّبَةُ الْهَوَاءِ. تَوَاضُعُ الْمَرْءِ كَرَامَةٌ. الْحِلْمُ زَيْنٌ. يُفلَحُ الْمُجْتَهِدُ. الصَّبْرُ مِفْتَاحُ الفرَجِ. سَافَرْتُ إِلَى حَضْرَمَوْتَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... "رَسُوْلُ اللهِ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔... باز " رَسُوْلُ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف... لفظ "اللهِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی۔

✍ ... "خَمسَةَ عَشَرَ": مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب بنائی... باز "خَمسَةَ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء اول... "عَشَرَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی... جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب بنائی۔

---

[1] ریح العبیر: ۴۳، جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۸۔

[2] ہامش النحو الوافی: ۱/۳۰۰۔

✍... "مَعَدِی کَرِب": مرکب مرکبِ غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب منع صرف... باز "مَعدِی" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء اول... "کَرِبَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی... جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب منع صرف۔

✍... "مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ": مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ... "مُحَمَّدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "رَسُوْلُ اللّٰہِ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی... باز " رَسُوْلُ " لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف... لفظ "اللّٰہِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ... "عِنْدِیْ ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ کِتَابًا": مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ ... "عِنْدِیْ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی... باز "عِنْدَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف۔... لفظ "ی" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر مقدم... "ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب بنائی۔... باز "ثَمَانِیَۃَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء اول... "عَشَرَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم جزء ثانی۔ جزء اول جزء ثانی سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب بنائی ممیز... "کِتَابًا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم تمیز... ممیز اپنی تمیز سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء مؤخر... مبتداء مؤخر اپنے خبر مقدم سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل پنجم: کلمات جملہ اور علامات اسم، فعل اور حرف

ا۔ کلماتِ جملہ:

کوئی جملہ[۱] دو کلمات سے کم نہیں ہوتا ہے، خواہ وہ دو کلمے لفظاً ہوں، جیسے: ''ضَرَبَ زَيْدٌ'' اور ''زَيْدٌ قَائِمٌ'' یا (یہ دو کلمے) تقدیراً ہوں، جیسے: ''اِضْرَبْ'' کہ ''أَنْتَ'' ضمیر مستتر ہے[۲] اور جملہ میں اس سے زیادہ بھی کلمات ہوتے ہیں، تاہم زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ جب جملے کے کلمات زیادہ ہوں، تو پھر اس میں اسم، فعل اور حرف کو ایک دوسرے سے جدا کرنا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ معرب ہے یا مبنی؟ اور عامل ہے یا معمول؟ اور اس بات کو جاننا چاہیے کہ کلمات کا تعلق ایک دوسرے کیساتھ کس طرح کا ہے؟ تاکہ مسند اور مسند الیہ ظاہر ہو جائیں اور جملے کے معانی تحقیق کے ساتھ معلوم ہو جائیں[۳]۔

۲۔ علاماتِ اسم، فعل اور حرف:

علامت کا لغوی معنی ہیں: ''نشانی'' اور اصطلاحی معنی یہ ہے: ''مَا يُوْجَدُ فِيْهِ وَلَا يُوْجَدُ فِيْ غَيْرِهِ''، علامت وہ ہوتی ہے جو اسی میں پائی جائے اور اس کے علاوہ کسی میں نہ پائی جائے اور یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ ہر موجود کے دو وجود ہوتے ہیں: ایک وجود خارجی اور دوسرا وجود ذہنی، وجود ذہنی تعریف سے حاصل ہوتا ہے اور وجود خارجی علامات اور امارات سے سمجھ میں آتا ہے، اس لیے اسم، فعل اور حرف کی تعریف کے بعد اس کی علامات ذکر کی جاتی ہیں۔

۳۔ علامات اسم: نحات نے اسم کی تیس سے زائد علامات ذکر کی ہیں، مشہور علامات یہ ہیں:

۱) الف لام شروع میں ہو، جیسے: ''اَلْحَمْدُ''.
۲) یا حرف جر اس کے شروع میں ہو، جیسے: ''بِزَيْدٍ''.
۳) یا تنوین آخر میں ہو، جیسے: ''زَيْدٌ''.
۴) یا تائے متحرکہ اس کیساتھ ہو، جیسے: ''ضَارِبَةٌ''.
۵) یا تثنیہ ہو، جیسے: ''رَجُلَانِ''.

---

[۱] یہ جملہ عام ہے خواہ جملہ خبریہ ہو یا انشائیہ، اس میں کم از کم دو کلمے ضرور ہوں گے، جن میں ایک مسند الیہ اور ایک مسند ہو گا، جیسا کہ مذکورہ بالا مثالوں میں ہے۔

[۲] یہ بات درست نہیں کہ ''اِضْرَبْ'' وغیرہ میں ''أَنْتَ'' ضمیر مستتر ہے، کیونکہ اس میں ضمیر مستتر واجب الاستتار ہے جس کی تعبیر نہیں ہو سکتی اور ضمیر متصل کو ضمیر منفصل سے تعبیر کرنا صحیح نہیں۔

[۳] یہاں سے حل عبارت اور مطالعہ کا مختصر طریقہ بیان کیا جاتا ہے کہ مطالعہ میں یہ چار کام کرنے ہیں: ۱) اسم، فعل اور حروف کی معرفت، ۲) معرب و مبنی کو پہچاننا، ۳) عامل و معمول کی معرفت، ۴) کلمات کا آپس میں تعلق وارتباط جاننا کہ یہ آپس میں کیا واقع ہو رہے ہیں؟ حل عبارت اور مطالعہ کا تفصیلی اور عجیب وغریب طریقہ کتاب کے آخر میں ملاحظہ ہوں۔

۶) یا جمع ہو،[۱] جیسے: "رِجَالٌ".
۷) یا مصغّر ہو[۲]، جیسے: "قُرَیْشٌ"[۳].
۸) یا منسوب[۴] ہو، جیسے: "بَغْدَادِیٌّ".
۹) یا موصوف ہو، جیسے: "رَجُلٌ عَالِمٌ".
۱۰) یا مضاف ہو، جیسے: "غُلَامُ زَیدٍ".
۱۱) مسند الیہ ہو، جیسے "زَیدٌ قَائِمٌ"[۵].

---

[۱] سوال یہ ہے کہ تثنیہ اور جمع اسم کی علامات ہیں تو پھر فعل میں کیوں پائی جاتی ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ فعل تثنیہ و جمع نہیں ہوتا، بلکہ اس میں فاعل کی ضمیر تثنیہ و جمع ہوتی ہے اور فاعل ہمیشہ اسم ہوتا ہے، اس لیے "ضَرَبَا" اور "ضَرَبُوْا" میں ماردیں دو یا زیادہ نہیں ہوئیں، بلکہ مارنے والے دو یا زیادہ ہوئے۔

[۲] مصغر باب تفعیل سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، بمعنی تصغیر کیا ہوا، تصغیر لغت میں "چھوٹا کرنے" کو کہتے ہیں اور صرفیوں کی اصطلاح میں تصغیر وہ کلمہ ہے جس میں کوئی خاص معنی (قلت، حقارت اور شفقت وغیرہ) حاصل کرنے کے لئے کوئی تبدیلی کی جائے۔

تصغیر بنانے کا طریقہ: جس کلمہ کی تصغیر بنائی جائے تو حرفِ اول کو ضمہ دیں گے، دوسرا اگر مدہ زائدہ ہے تو اسے واؤ مفتوحہ سے بدلیں گے ورنہ فتحہ دیں گے اور تیسری جگہ یائے ساکنہ علامت تصغیر لائیں گے پھر اگر یائے تصغیر کے بعد ایک حرف ہو تو اسے اپنے حال پر چھوڑیں گے جیسے: "رَجُلٌ" سے "رُجَیْلٌ"، اگر دو حرف ہوں تو پہلے کو کسرہ اور دوسرے کو اپنے حال پر چھوڑیں گے جیسے: "ضَارِبٌ" سے "ضُوَیْرِبٌ"، اگر یائے ساکنہ علامت تصغیر کے بعد تین حروف ہوں تو پہلے کو کسرہ دیں گے، دوسرے کو یائے ساکنہ سے بدلائیں گے بشرطیکہ حرف علت ہو اور تیسرے کو اپنے حال پر چھوڑیں گے جیسے: "مَضْرُوْبٌ" سے "مُضَیْرِیْبٌ".

اسم تصغیر کے تین اوزان ہیں: ۱)۔ "فُعَیْلٌ" جیسے: "حُسَیْنٌ"، ۲)۔ "فُعَیْعِلٌ" جیسے: "جُعَیْفِرٌ"، ۳)۔ "فُعَیْعِیْلٌ" جیسے: "عُصَیْفِیْرٌ". تین حرفی اسم کی تصغیر "فُعَیْلٌ" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "حَسَنٌ، سَهْلٌ، فَضْلٌ" کی تصغیر "حُسَیْنٌ، فُضَیْلٌ، سُهَیْلٌ" آتی ہے۔ چار حرفی اسم کی تصغیر "فُعَیْعِلٌ" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "جَعْفَرٌ، زَیْنَبُ، مَنْصَرٌ" کی تصغیر "جُعَیْفِرٌ، زُیَیْنِبُ، مُنَیْصِرٌ" آتی ہے اور پانچ حرفی اسم کی تصغیر "فُعَیْعِیْلٌ" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "عُصْفُوْرٌ، مِصْبَاحٌ، مَقْتُوْلٌ" کی تصغیر "مُصَیْبِیْحٌ، عُصَیْفِیْرٌ، مُقَیْتِیْلٌ" آتی ہے۔ تصغیر کے تفصیل کے لیے ہماری کتاب قواعد الصرف ملاحظہ ہوں۔

[۳] یہ "قرش" کی تصغیر ہے اور "قرش" ایک مچھلی کا نام ہے جو تمام مچھلیوں کو کھاتی ہے اور تمام مچھلیوں پر غالب ہے، اسی طرح قریش قبیلہ بھی عرب کے تمام قبیلوں سے بڑا اور سب زیادہ قوت والا اور سب پر غالب تھا اور یہ تصغیر اسم کیساتھ اس لیے خاص ہے کہ معنی فعل و حرف تصغیر کے قابل نہیں، اس لیے یہ اسم کی علامت ہے۔

[۴] منسوب اسم مفعول کا صیغہ ہے بمعنی نسبت کیا ہوا اور نسبت کلمہ کے آخر میں کسرہ دے کر یائے مشدد لاحق کرنے سے ظاہر ہوتی ہے تاکہ اپنے مدلول کے کسی چیز سے وابستہ ہونے پر دلالت کرے، جیسے: "بَغْدَادِیٌّ" (بغداد والا)، بغداد کا صحیح تلفظ بفتح الباء ہے۔

[۵] اسم کی ان مشہور علامات کو ایک شاعر نے ان اشعار میں بیان کیا ہے۔

لام و تنوین حرف جر مسند الیہ منسوب داں — پس مصغر مثنی مجموع مضاف را بخواں
نیز تائے متحرکہ موصوف علامات اسم داں — نظم کردم آنچہ دیدم در کتاب نحویاں

ان کے علاوہ دیگر علامات یہ ہیں: ۱۲)منادی ہونا، ۱۳)علم ہونا، ۱۴)معرفہ ہونا، ۱۵)نکرہ ہونا، ۱۶)مذکر ہونا، ۱۷) مؤنث ہونا،۱۸) فاعل ہونا، ۱۹) مفعول ہونا، ۲۰) تمیز واقع ہونا، ۲۱)حال واقع ہونا، ۲۲)منصرف ہونا، ۲۳)غیر منصرف ہونا، ۲۴)ذوالحال واقع ہونا،۲۵)موصوف واقع ہونا،۲۶) شروع میں "میم" زائدہ کا آنا، ۲۷) شروع میں "لَوْلَا" امتناعیہ آنا، ۲۸) شروع میں لفظ "لَاتَ" کا آنا، ۲۹)شروع میں حروف مشبہ بالفعل کا آنا، ۳۰) شروع میں "مَاوَلَا" مشبہ "بہ لَيْسَ" کا آنا ،۳۱) آخر میں الف مقصورہ آنا، ۳۲) آخر میں الف ممدودہ کا آنا، ۳۳) آخر میں کسرہ آنا، ۳۴) آخر میں تنوین مقدرہ آنا، ۳۵) اسم غیر متمکن ہونا۔[۱]

۴۔علاماتِ فعل: نحات نے فعل کی بیس سے زائد علامات ذکر کی ہیں، مشہور علامات یہ ہیں:

۱)۔"قَدْ" اس کے شروع میں ہو، جیسے: "قَدْ ضَرَبَ". ۲)۔یا "سین" شروع میں ہو[۲]، جیسے: "سَيَضْرِبُ". ۳)۔یا "سوف" شروع میں ہو، جیسے: "سَوْفَ يَضْرِبُ". ۴)۔یا حروف جازمہ ہوں، جیسے: "لَمْ يَضْرِبْ". ۵)۔یا ضمیر مرفوع متصل اس کیساتھ ملی ہو، جیسے: "ضَرَبْتَ". ۶)۔یا تائے ساکنہ ہو، جیسے: "ضَرَبَتْ". ۷)۔یا امر ہو، جیسے: "اِضْرِبْ". ۸)۔یا نہی ہو، جیسے: "لَا تَضْرِبْ"[۳].

مذکورہ علامات کے علاوہ دیگر علامات یہ ہیں، جیسے:۹) تصریف، ۱۰)دخول نواصب، ۱۱)دخول حرف لو، ۱۲)نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ کا ملحق ہونا،۱۳) ضمیر بارز کا متصل ہونا، ۱۴)شروع میں حروف اتین کا آنا، ۱۵)شروع میں لائے نفی کا آنا، ۱۶) مبنی بر فتحہ ہونا ۱۷) مسند ہونا۔

۵۔علاماتِ حرف:

حرف کی علامات یہ ہے کہ اسم اور فعل کی علامات میں سے کوئی علامت اس میں نہ ہو[۴]۔

۶۔قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسم اور فعل نحات اور صرفیوں کے مشترکہ اصطلاحات ہیں، دونوں مکاتب فکر ان سے مختلف حیثیات سے بحث کرتے ہیں۔

---

[۱] الاشباہ والنظائر لسیوطی: ۹/۲۔

[۲] "سین" زائدہ فعل کی علامت ہے، اصلی نہیں، جیسے: "سامع، سالم" وغیرہ میں "سین" ہے، لیکن وہ اصلی فاء کلمہ ہے۔

[۳] فعل کی ان مشہور علامات کو ایک شاعر نے اس شعر میں بیان کیا ہے۔

سین و سوف جازمہ قد تائے ساکنہ امر داں — نیز اتصال تائے فَعَلْتُ نہی علامات فعل داں

[۴] علاماتِ حرف کے متعلق ایک شاعر کہتا ہے:

در حرف ہر گز نباشد اے عزیز — از علاماتِ اسم و فعل ہیچ چیز

فائدہ: علامات اسم کی دو قسمیں ہیں:۱) لفظی، ۲) معنوی، پھر علامات لفظیہ کی تین قسمیں ہیں:۱) وہ علامات جو کلمہ کے شروع میں ہوں۔ ۲) وہ علامات جو کلمہ کے آخر میں ہوں۔ ۳) وہ علامات جو مجموعہ کلمہ سے متعلق ہوں، مذکورہ علامات کا تعلق ان میں سے کسی ایک کیساتھ ہے۔

فائدہ : جو خاصیت ایک چیز میں پائی جائے اور دوسری چیز میں نہ ہو اس کو "علامت" کہتے ہیں۔ اسم کی بعض علامتیں شروع میں پائی جاتی ہیں۔ جیسے: الف لام۔ اور بعض کلمہ کے آخر میں پائے جاتی ہیں۔ جیسے تنوین۔

قاعدہ: بعض علامات لفظوں میں ہوں گی، جیسے الف لام تنوین اور بعض لفظی نہیں ہوں گی بلکہ معنی سے مفہوم و معلوم ہوں گی، جیسے موصوف ہونا۔

فائدہ: علم الصرف کی ابحاث کا تعلق سب سے زیادہ فعل سے ہے، جبکہ علم النحو کی ابحاث کا زیادہ تعلق اسم کیساتھ ہے۔

فائدہ: فعل کی اقسام ثلاثہ ماضی، مضارع اور امر میں سے ہر ایک کی مختلف علامات ہیں۔

قاعدہ: حروف جب تک ایک دوسرے سے نہ ملے ہوں تو ان میں سے ہر ایک صرف ایک رمز اور علامت ہوتا ہے، نیز اس کی دلالت اپنی ذات تک محدود ہوتی ہے، لیکن جب دو یا زیادہ حروف مل جائیں تو اس ملنے سے کلمات بنتے ہیں۔

قاعدہ: مضاف اسے کہتے ہیں جس کا تعلق دوسری چیز سے ہو اور اس کی علامت یہ ہے کہ اردو میں ترجمہ کرتے وقت "کے، کی اور کا" کے الفاظ درمیان میں آتے ہیں۔

قاعدہ: موصوف ہر اس اسم کو کہتے ہیں جس کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے، اور اردو ترجمہ میں کرتے وقت "جو کہ، جبکہ، ایسا، ایسی، ایسے" کے الفاظ آتے ہیں۔

قاعدہ: اسمِ منسوب کی علامت یہ ہے کہ کلمہ کے آخر میں نسبت کے واسطے یائے مشدّد کا اضافہ کر دیا جائے۔

قاعدہ: بعض اسماء ذوی العقول ہوتے ہیں، جیسے زید اور بعض غیر ذوی العقول ہوتے ہیں، جیسے: کتاب، قلم وغیرہ۔

قاعدہ: فعل کی تین قسمیں ہیں:۱) فعل ماضی، ۲) فعل مضارع، ۳) فعل امر اور بعض صرفیوں نے فعل کی چار قسمیں لکھی ہیں:۱) فعل ماضی، ۲) فعل مضارع، ۳) فعل امر، ۴) فعل نہی۔ لیکن فعل نہی کوئی مستقل فعل نہیں ہے بلکہ در حقیقت فعل مضارع ہے جس کی شروع میں "لائے نہی" لگا دیا جاتا ہے تو یہ قسم فعل مضارع میں داخل ہے اور بعض کے نزدیک نہی فعل امر میں داخل ہے کہ دونوں میں طلب ہوتی ہے امر میں کام کرنے کی طلب اور نہی میں کام نہ کرنے کی طلب ہوتی ہے تو نفس طلب میں دونوں مشترک ہیں[1]۔

فائدہ: مضاف اسم کی علامت ہے اس میں نحات کا اختلاف ہے، بعض نحات کہتے ہیں کہ صرف مضاف اسم کی علامت ہے نہ کہ مضاف الیہ، مضاف الیہ جیسا کہ اسم ہوتا ہے اسی طرح فعل یا جملہ فعلیہ بھی ہوتا ہے، جیسے: "هَذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصَّادِقِينَ

---

[1] مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: ہماری کتاب قواعد الصرف۔

صِدْقُهُمْ." (المائدہ:۱۱۹) میں "يَوْمُ" مضاف ہے جو اسم ہے اور مضاف الیہ یا تو فعل "يَنْفَعُ" ہے یا پورا جملہ فعلیہ ہے اور بعض کہتے ہیں کہ مضاف اور مضاف الیہ ہونا دونوں اسم کی علامتیں ہیں اور وہ اس آیت اور اس جیسی صورتوں کو مصدر "يَوْمُ نَفْعِ الصَّادِقِينَ" کی تاویل میں کرتے ہیں[1]۔

فائدہ: صرف ضمیر مرفوع متصل فعل کی علامت ہے، ضمیر منصوب متصل غیر فعل کیساتھ بھی لاحق ہوتی ہے، جیسے: "إِنَّنِيْ، إِنَّنَا" میں "نا" ضمیر منصوب متصل ہے اور یہ حروف مشبہ بالفعل کیساتھ بھی لاحق ہوتی ہے اور جب کہ مجرور متصل فعل کا خاصہ نہیں، بلکہ وہ اسم اور حرف کیساتھ لاحق ہوتی ہے۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں علامات اسم و فعل کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

رَسُوْلُ اللهِ. اَلْجَنَّةُ. اَلصِّرَاطُ. كُوِّرَتْ. عَلِيٌّ. سَمِعْتَ. دَخَلْتُ. بُخَارِيٌّ. سَاحِرَانِ. سَوْفَ يَكُوْنُ. سَيَكُوْنُ. لَا تَنْفَطِرْ. مَا. رُجَيْلٌ. بَلْخِيٌّ. مَسَاجِدُ. مُحَمَّدٌ. نَبِيٌّ. مَكِّيٌّ. جَاءَ رَسُوْلُ الله. لِلّٰهِ. رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. إِلَى. اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. تَوْبَةٌ. شَاهِدَةٌ. قَدْ سَمِعَ. مَدَنِيٌّ. لَقَدْ صَدَقَ. الْحَاشِرَةُ. هُرَيْرَةُ. أَنْ تَصُوْمُوْا. سَيَصْلَى. الْأَسْمَاءُ. مُوْسَى. الْكَلِمُ الطَّيِّبُ. حُمَيْرَاءُ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... "رَسُوْلُ اللهِ" مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ ... باز "رَسُوْلُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت، مضاف... لفظ "اللهِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی۔

✍ ... "اَلْجَنَّةُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام و تائے مدورہ۔

✍ ... "كُوِّرَتْ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام، جملہ خبریہ فعلیہ... باز "كُوِّرَتْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل اتصالِ ضمیر، تائے ساکنہ، تصریف فعل مسند عامل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم علامت اسم ضمیر، مسند الیہ، اسم غیر متمکن مسند الیہ فاعل ... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ۔

[1] بدر منیر:۱۶۔

بابِ دوم: اعراب وبناء

یہ باب درج ذیل چودہ فصلوں پر مشتمل ہے:

❋... فصل اول: معرب و مبنی ❋... فصل دوم: اسم غیر متمکن ❋... فصل سوم: اسمائے اشارہ کابیان ❋... فصل چہارم: اسمائے موصولہ کابیان ❋... فصل پنجم: اسمائے افعال اوراسمائے اصوات کابیان ❋... فصل ششم: اسمائے ظروف، اسمائے کنایات اور مرکب بنائی کابیان ❋... فصل ہفتم: معرفہ اور نکرہ کابیان ❋... فصل ہشتم: مذکر ومؤنث کابیان ❋... فصل نہم: واحد، تثنیہ اور جمع کابیان ❋... فصل دہم: اقسام اعراب اسم متمکن ❋... فصل یازدہم: اسمائے ستہ مکبرہ اور مثنیٰ کابیان ❋... فصل دوازدہم: جمع مذکر سالم، الف مقصورہ اور غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کابیان ❋... فصل سیزدہم: اسم منقوص اور جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کابیان ❋... فصل چہاردہم: فعل مضارع کااعراب

فصل اول: معرب و مبنی کا بیان

یہاں سے علم النحو کے مقصودی مباحث کا بیان ہے کہ علم النحو کا بنیادی اور اساسی مقصد یہ ہے کہ اعراب کی معرفت حاصل ہو اور محل اعراب صرف معرب کلمات ہیں، مبنی پر اعراب نہیں بدلتا، اس لیے سب سے پہلے معرب و مبنی کی معرفت ضروری ہے، ثانیاً: عوامل کی معرفت اور ثالثاً: طریق اعراب کا جاننا ضروری ہے اور یہ ہی علم النحو کا خلاصہ ہے، ابتداء کتاب میں کلمہ کی تین قسمیں (اسم، فعل اور حرف) بتلائی تھیں وہ کلمے کی تقسیم اولی تھی، اب یہاں سے کلمے کی تقسیم ثانوی ذکر کرتے ہیں کہ کلمہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) معرب، ۲) مبنی۔

تمام کلماتِ عرب دو قسم پر ہیں: ۱) معرب[۱] ۲) مبنی[۲]

۱۔ معرب کی تعریف:

"هُوَ كُلُّ اسْمٍ رُكِّبَ مَعَ غَيْرِهِ ولا يُشْبِهُ مَبْنِيَّ الأَصْلِ."

معرب وہ ہے جو اپنے عامل کیساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کیساتھ مشابہ نہ ہو اور اس کا حکم یہ ہے کہ اس آخر مختلف عوامل کے آنے سے بدلتا ہو[۳]، (بشرطیکہ عامل کا عمل بھی مختلف ہو) جیسے: "زَيْدٌ" ان مثالوں "جَاءَنِيْ زَيْدٌ وَ رَأَيْتُ زَيْدًا وَ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ" میں "جَاءَ" عامل، "زَيْدٌ" معرب ہے اور "ضمہ"[۴] اعراب ہے اور "دال" محل اعراب ہے۔

۲۔ مبنی کی تعریف:

"مَا نَاسَبَ مَبْنِيَّ الْأَصْلِ أَوْ وَقَعَ غَيْرَمُرَكَّبٍ."

---

(۱) معرب باب افعال سے اسم ظرف (مکان) ہے اس کا مصدر اعراب ہے، بمعنی ظاہر ہونے کی جگہ، چونکہ اسم معرب میں معانی (معنی فاعلیت، معنی مفعولیت اور معنی اضافت) کا اظہار ہوتا ہے، معانی سے مراد فاعل، مفعول اور مضاف الیہ ہیں، اس لیے کہ تبدیلی حرکات یا حروف سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کلمہ اب فاعل یا مفعول یا مضاف الیہ بن گیا ہے، اس لیے ایسے اسم کو لفظ معرب سے اہل عرب تعبیر کرتے ہیں۔ (الہامیہ: ۴۵، المصباح: ۳۲)

(۲) مبنی "بَنَى يَبْنِيْ" سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، یہ اصل میں "مَبْنَوِيٌ" تھا، "واؤ" اور "یاء" ایک کلمہ میں جمع ہوئے، پہلا ساکن تھا اس لیے "واؤ" کو "یاء" سے بدل کر "یاء" کو "یاء" میں مدغم کیا اور پھر "یاء" کی مناسبت سے کسرہ دیدیا۔ اس کا معنی بناء کیا ہوا، قرار، عدم تغیر، چونکہ مبنی ایک ہی حالت پر برقرار رہتا ہے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، اس لیے اسے مبنی کہتے ہیں۔ (المصباح: ۳۲)

(۳) عام کتب میں معرب کی جو یہ تعریف کی جاتی ہے کہ معرب وہ ہے کہ جس کا آخر مختلف عوامل کے آنے سے بدلتا ہو، یہ معرب کی حقیقۃً تعریف نہیں، بلکہ معرب کا حکم اور اثر ہے یہ طریقہ محض مبتدیوں کی آسانی کے لیے اختیار کیا گیا ہے اور اس کی حقیقی تعریف وہی ہے جو شیخ ابن حاجبؒ نے "کافیہ" میں ذکر کی ہے کہ معرب وہ ہے جو اپنے عامل کیساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کیساتھ مشابہ نہ ہو، جیسے: "جاء زید" میں "زید" اپنے عامل "جاء" کیساتھ ہے اور مبنی الاصل کیساتھ مشابہ نہیں اور اس کے بعد شیخ ابن حاجبؒ کہتے ہیں کہ معرب کا حکم اور اثر یہ ہے کہ اس کا آخر اختلافِ عوامل کیوجہ سے لفظاً یا تقدیراً بدلتا رہے، لیکن جمہور نحات نے معرب کی وہی تعریف کی ہے جس کو شیخ ابن حاجبؒ نے معرب کا حکم اور اثر قرار دیا ہے جیسا کہ شرح جامی وغیرہ میں مذکور ہے۔ (بدر منیر: ۱۸)

(۴) ضمہ کو اعراب کہنا علی سبیل المجاز ہے، ضمہ اعراب نہیں، اعراب رفع ہے اور ضمہ اعراب کی محض علامت ہے۔

مبنی وہ کلمہ ہے جو مبنی الاصل کیساتھ مشابہ ہو، یا وہ کلمہ ہے جو ترکیب میں واقع نہ ہو اور اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا آخر عوامل کے بدلنے سے نہیں بدلتا[1]، جیسے: "هٰؤُلَآءِ" ان مثالوں "جَاءَنِيْ هٰؤُلَآءِ وَرَاَيْتُ هٰؤُلَآءِ وَمَرَرْتُ بِهٰؤُلَآءِ" میں رفع و نصب اور جر کی حالت میں اعراب یکساں ہے۔

۳۔ معرب کی اقسام:

معرب کی دو قسمیں ہیں:

(الف)۔ اسم متمکن معرب ہے، بشرطیکہ ترکیب میں واقع ہو[2]، ترکیب کی قید اس لیے لگائی کہ اسماءِ متمکنہ، جیسے: "زید، عمرو" وغیرہ ترکیب میں واقع ہونے سے پہلے مبنی بر سکون ہیں، کیونکہ ترکیب میں واقع ہونے سے پہلے ان میں فاعلیت، مفعولیت اور اضافت کے معنی جو اعراب چاہتے ہیں نہیں پائے جاتے، لہذا یہ ترکیب میں واقع ہونے سے پہلے مبنی ہیں اور اسی طرح وہ اسم متمکن بھی مبنی ہے جو ایسی ترکیب میں واقع ہو جس میں اس کا عامل نہ ہو، جیسے: "غُلَامُ زَيْدٍ" میں "غُلَامُ" اگرچہ زید کیساتھ مرکب ہو کر پایا جارہا ہے، لیکن یہ ایسی ترکیب میں واقع ہے جس میں اس کا عامل نہیں، لہذا یہ مبنی ہے "زَيْدٍ" مضاف الیہ معرب ہے، اس لیے کہ وہ اپنے عامل "غُلَامُ" مضاف کیساتھ ہے، یہ شیخ ابن حاجبؒ کا مسلک ہے، لیکن علامہ زمخشریؒ کے نزدیک اسم متمکن بلا ترکیب بھی معرب ہے، ان کے نزدیک اسم متمکن میں اس کے معرب ہونے کے لیے صرف صلاحیت اعراب کا ہونا کافی ہے، خواہ وہ بالفعل ترکیب میں پایا جائے یا نہ پایا جائے، لہذا زید دونوں صورتوں میں معرب ہے اس لیے کہ اس میں ترکیب میں واقع ہونے کی صلاحیت موجود ہے۔

(ب)۔ فعل مضارع معرب ہے، بشرطیکہ نون جمع مؤنث اور نون سے تاکید سے خالی ہو، لہذا کلام عرب میں ان دو قسموں سے زیادہ معرب نہیں ہے۔ باقی تمام مبنی ہیں۔

۴۔ مبنی کی اقسام:

مبنی کی پہلی تقسیم:

مبنی کی دو قسمیں ہیں: (الف): مبنی الاصل (ب): مشابہ مبنی الاصل

---

[1] عام کتب میں مبنی کی جو یہ تعریف کی جاتی ہے کہ مبنی وہ ہے کہ جس کا آخر مختلف عوامل کے آنے سے نہ بدلتا ہو، یہ مبنی کی حقیقۃً تعریف نہیں، بلکہ مبنی کا حکم اور اثر ہے یہ طریقہ محض مبتدیوں کی آسانی کے لیے اختیار کیا گیا ہے اور اس کی حقیقی تعریف وہی ہے جو شیخ ابن حاجبؒ نے "کافیہ" میں ذکر کی ہے کہ مبنی وہ ہے جو مبنی الاصل کیساتھ مشابہ ہو، یا عامل کیساتھ ترکیب میں واقع نہ ہو۔ اس کے بعد شیخ ابن حاجبؒ کہتے ہیں کہ مبنی کا حکم اور اثر یہ ہے کہ اس کا آخر اختلافِ عوامل کیوجہ سے نہیں بدلتا، لیکن جمہور نحات نے مبنی کی وہی تعریف کی ہے جس کو شیخ ابن حاجبؒ نے مبنی کا حکم اور اثر قرار دیا ہے جیسا کہ شرح جامی وغیرہ میں مذکور ہے۔

[2] بدر منیر: ۲۰۔

(الف): مبنی الاصل: وہ ہوتا ہے، جو وضع اصلی کے اعتبار سے بغیر کسی مناسبت ومشابہت مبنی ہو، پھر مبنی الاصل کی چار قسمیں ہیں: ۱) فعل ماضی مطلقاً ۲) امر حاضر معلوم ۳) تمام حروف[۱] ۴) جملہ من حیث الجملہ، یعنی وہ جملے جن کے لیے محل اعراب نہ ہو تو وہ مبنی الاصل ہیں اور جن کے لیے محل اعراب ہوں تو وہ مشابہ مبنی الاصل ہوں گے۔

(ب): مشابہ مبنی الاصل: وہ ہوتا ہے، جو مناسبت یا مشابہت کی وجہ سے مبنی ہو، پھر مشابہ مبنی الاصل کی تین قسمیں ہیں: ۱) اسم متمکن بلا ترکیب، ۲) اسم غیر متمکن، ۳) فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید مباشر ہو۔

مبنی کی دوسری تقسیم:

مبنی کی دو قسمیں ہیں: (الف): واجب البناء، (ب): جائز البناء

(الف): واجب البناء: واجب البناء کی پندرہ قسمیں ہیں:

۱) جملہ حروف، ۲) فعل ماضی[۲]، ۳) امر حاضر، ۴) جملہ من حیث الجملہ (عند البعض)، ۵) اسم غیر متمکن (ماسوی بعض اسمائے ظرف)، ۶) مرکب صوتی، ۷) مرکب منع صرف کا جزءِ اول، ۸) اسم متمکن بلا ترکیب۔ ۹) اسمائے مضاف جو غیر عامل کیساتھ مرکب ہوں، ۱۰) فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید مباشر ہو۔ ۱۱) لائے نفی جنس کا اسم جب مفرد نکرہ ہو۔ ۱۲) لفظ "قَبْلُ، بَعْدُ، أَوَّلُ، حَسْبُ" اور جہات ستہ، بشرطیکہ ان کا مضاف الیہ محذوف منوی ہو۔ ۱۳) لفظ "غَيْر" پر جب "لیس" یا "لَا" داخل ہو، بشرطیکہ اس کا مضاف الیہ منوی ہو۔ ۱۴) مرکب تام جب علم واقع ہو۔ ۱۵) منادیٰ مفرد معرفہ مبنی علی الضم۔[۳]

(ب): جائز البناء: مبنی کی دوسری قسم جائز البناء کی تین قسمیں ہیں:

۱) زمانہ مبہم جو مضاف ہو جملہ فعلیہ (جو فعل مبنی کیساتھ مصدر ہو) کی طرف، خواہ بنا اصلی ہو یا عارضی ہو، جیسے: "عَلى حِينَ عاتبْتُ المَشِيبَ على الصِّبا" یہاں "حِينَ" جملہ فعلیہ "عاتبْتُ المَشِيبَ" کی طرف مضاف ہے۔ ۲) زمانہ مبہم جو مبنی مفرد کی طرف مضاف ہو، جیسے: "مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ، مِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ"، یہاں "يَوْمَ" زمان مبہم "إِذْ" مفرد کی طرف مضاف ہے۔ ۳) اسمائے متوغلہ فی الابہام جب مبنی کی طرف مضاف ہوں، جیسے: "لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ"، یہاں "بَيْنَ" متوغل فی الابہام ہے جو "كُمْ" مبنی کی طرف مضاف ہے[۴]۔

---

[۱] حروف اس لیے مبنی ہیں کہ ان میں فاعلیت، مفعولیت اور اضافت کا معنی (جو مقتضی اعراب ہے) نہیں پایا جاتا ہے۔

[۲] فعل ماضی اس لیے مبنی ہے کہ افعال میں اصلی بناء ہے، کیونکہ فاعلیت، مفعولیت اور اضافت کے معنی جو مقتضی اعراب ہیں ان میں نہیں پائے جاتے ہیں۔

[۳] بدر السعید: ۹۸، روضۃ الہادیۃ: ۱۷، النحو الوافی: ۶۵/۱، جامع الدروس العربیۃ: ۲۰۷/۲۔

[۴] اوضح المسالک: ۸۶/۳، شرح الاشمونی: ۱۶۳/۳، شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۱۰۲، مغنی اللبیب: ۶۷۲، ہمع الہوامع: ۲۳۰/۲۔

مشابہت کی اقسام:

اسم کی مبنی الاصل کیساتھ مشابہت کی دو قسمیں ہیں:(الف):مشابہت ضعیفہ،(ب):مشابہت قویہ

(الف):مشابہت ضعیفہ: اس مشابہت کو کہتے ہیں کہ مبنی الاصل کیساتھ مشابہت کی وجہ سے اسم معرب پر اعراب کم آئے، جیسے غیر منصرف کی مشابہت مبنی الاصل کیساتھ ضعیف ہے، کیونکہ اس پر کسرہ اور تنوین نہیں آتا۔اس کو مشابہت تامہ بھی کہتے ہیں۔

(ب):مشابہت قویہ: اس مشابہت کو کہتے ہیں کہ مبنی الاصل کیساتھ مشابہت کی وجہ سے اسم معرب مبنی بن جائے، پھر مشابہت قویہ کی دس قسمیں ہیں:۱)شبہ وضعی،۲)شبہ معنوی،۳)شبہ استعمالی،۴)شبہ افتقاری،۵)شبہ اہمالی،۶)شبہ جمودی،۷)شبہ نیابتی،۸)شبہ وقوعی،۹)شبہ شبہ وقوعی،۱۰)شبہ اضافی۔

۱) **شبہ وضعی:** شبہ وضعی کا مطلب یہ ہے کہ کوئی اسم اپنے وزن یا حروف کی تعداد میں مبنی الاصل کے مشابہ ہو،، جیسے: ”تاء“ضمیری ”باء“جارہ کیساتھ اور ”مَنْ“موصولہ ”مِنْ“جارہ کیساتھ وزن میں مشابہ ہے۔

۲) **شبہ معنوی:** شبہ معنوی یہ ہے کہ کوئی اسم حروف میں سے کسی حرف کے معنیٰ کو متضمن ہو، جیسے اسمائے شرطیہ ”إنْ“ شرطیہ اور اسمائے استفہام ”هَلْ“استفہامیہ کے معنیٰ کو متضمن ہیں۔

۳) **شبہ استعمالی:** شبہ استعمالی کا مطلب یہ ہے کہ کوئی اسم معمول نہ بننے میں حروف کے مشابہ ہو جس طرح بعض حروف صرف عامل بنتے ہیں معمول نہیں،اس طرح جو اسم بھی عامل بنے معمول نہ بنے تو وہ اس مشابہت کی وجہ سے مبنی ہو گا، جیسے اسمائے افعال صرف عامل بنتے ہیں معمول نہیں بنتے۔[1]

۴) **شبہ افتقاری:** شبہ افتقاری کا معنیٰ یہ ہے کہ کوئی اسم اپنا معنیٰ دینے میں حرف کی طرح کسی دوسری چیز کا محتاج ہو، جیسے اسمائے اشارات اور اسمائے موصولہ وغیرہ،اسمائے اشارہ مشارالیہ اور اسمائے موصولہ صلہ کے محتاج ہوتے ہیں۔

۵) **شبہ اہمالی:** شبہ اہمالی یہ ہے کہ کوئی اسم مبنی الاصل میں حروف کیساتھ اہمال میں مشابہ ہو، جیسے بعض حروف نہ عامل بنتے ہیں اور نہ معمول تو یہ اسم بھی نہ عامل بنتے ہیں اور نہ معمول، جیسے اسمائے اصوات ہیں۔

۶) **شبہ جمودی:** شبہ جمودی کا معنیٰ یہ ہے کہ کوئی اسم تثنیہ اور جمع نہ ہونے میں حروف کیساتھ مشابہ ہو، جیسے:”قَطُّ، عَوْضُ“ کہ ان کا تثنیہ اور جمع نہیں آتا۔

۷) **شبہ نیابتی:** شبہ نیابتی کا مطلب یہ ہے کہ کوئی اسم ایسے اسم کی جگہ واقع ہو جو مبنی الاصل کیساتھ مشابہ ہو، جیسے منادیٰ

---

[1] معجم القواعد العربية:۱/۳۵۶۔

مفرد "يَازَيْدُ" میں ہے، کیونکہ یہ بتقدیر "أَدْعُوْكَ" ہے، یہاں "زید" منادیٰ "ک" اسمیہ خطابیہ کی جگہ میں واقع ہے اور یہ "كَذَلِكَ" کے "ک" حرفیہ کیساتھ مشابہ ہے۔

۸) **شبہ وقوعی:** شبہ وقوعی یہ ہے کہ کوئی اسم مبنی الاصل کی جگہ واقع ہو، جیسے: "نَزَالِ" جو "اِنْزِلْ" امر کی جگہ واقع ہے۔

۹) **شبہ شبہ وقوعی:** شبہ شبہ وقوعی کا معنی یہ ہے کہ کوئی اسم ایسے اسم کیساتھ مشابہ ہو جو مبنی الاصل کی جگہ واقع ہو، جیسے: "فُجَارِ" یہ "نَزَالِ" کے مشابہ ہے اور وہ مبنی الاصل "اِنْزِلْ" امر کی جگہ واقع ہے۔

۱۰) **شبہ اضافی:** شبہ اضافی کا مطلب یہ ہے کہ مضاف مضاف الیہ سے بناء حاصل کرے، جیسے: "يَوْمَئِذٍ" اور "حِيْنَئِذٍ" میں "يَوْمَ" اور "حِيْنَ" نے "إِذْ" مضاف الیہ سے بناء حاصل کی ہے اور اس کی وجہ سے مبنی ہیں۔[۱]

مشابہت کے اعتبار سے اسم کی تقسیم:

مشابہت کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں: (الف): اسم متمکن، (ب): اسم غیر متمکن

(الف): اسم متمکن کی تعریف:

اسم متمکن وہ ہے جس کی مشابہت مبنی الاصل کیساتھ ضعیف یا بالکل نہ ہو اور اس کو اسم متمکن اس لیے کہتے ہیں کہ متمکن باب تفعل سے اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کے لغوی ہیں: "جگہ پکڑنے والا" اور یہ اسم بھی اعراب کو قبول کرتا ہے اس لیے اسے متمکن کہتے ہیں۔[۲]

(ب): اسم غیر متمکن کی تعریف:

اسم غیر متمکن وہ اسم ہے جس کی مبنی الاصل کیساتھ مشابہت قویہ ہو اور اس میں مشابہت قویہ کی مذکورہ دس قسموں میں کوئی ایک موجود ہو، اسم غیر متمکن کو غیر متمکن اس لیے کہتے ہیں کہ یہ اعراب کو قبول نہیں کرتا۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: کلام عرب میں صرف دو چیزیں معرب ہیں: اول: اسموں میں سے صرف اسم متمکن بشرطیکہ ترکیب میں واقع ہو۔ دوم: فعلوں میں سے فعل مضارع بشرطیکہ نون جمع مؤنث اور نون تاکید سے خالی ہو۔ اور افعال میں مبنی فعل ماضی مطلقا ہے اور فعل مضارع کے وہ صیغے مبنی ہیں جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید مباشر ہو، اور امر حاضر معلوم اور اسماء میں سے اسم متمکن اور حروف سب مبنی ہیں[۳]۔

قاعدہ: فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید مباشر آئے تو اس کے معرب اور مبنی ہونے

---

[۱] النحو الوافی: ۹۱/۱، جامع الدروس العربیہ: ۲۰۵/۲، بدر السعید: ۱۰۰۔

[۲] اس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

[۳] القواعد التطبیقیۃ فی اللغۃ العربیۃ: ۹۲/۱۔

میں اختلاف ہے، جمہور کہتے ہیں کہ فاصلہ نہ ہونے کی وجہ سے مبنی اور فاصلہ کی صورت میں معرب ہوں گے، جیسے نون اعرابی والے صیغوں میں ضمیر بارز کا فاصلہ ہوتا ہے اس لیے معرب ہیں اور امام اخفشؒ کے نزدیک مطلقاً مبنی ہیں[1]۔

فائدہ: شیخ ابن حاجبؒ اور بعض نحات کہتے ہیں کہ اسم متمکن بلا ترکیب مبنی ہے، امام زمخشریؒ اور محققین کا مذہب یہ ہے کہ اسم متمکن بلا ترکیب ہو یا فی الترکیب ہو دونوں صورتوں میں معرب ہے، ورنہ ایک اسم قبل الترکیب مبنی اور بعد الترکیب معرب ہوگا اور یہ تضاد ہے[2]۔

قاعدہ: اسموں میں اکثر اسماء سوائے اسم غیر متمکن معرب ہیں اور صرف اسم غیر متمکن (مضمرات، اسمائے موصولہ، اسمائے اشارہ، اسمائے افعال، اسمائے اصوات، اسمائے ظروف، اسمائے کنایات اور مرکب بنائی) مبنی ہے۔

قاعدہ: جہاں معرب ہو وہاں چار چیزیں ہوتی ہیں: ۱) عامل (جس کی وجہ سے اعراب بدلے)، ۲) معمول (جس پر اعراب بدلے)، ۳) اعراب (جو چیز بدلے)، ۴) محل اعراب (جس حرف پر اعراب بدلے)۔

قاعدہ: معمول وہ اسم ہے جس پر عامل کے داخل ہونے سے رفع، نصب، جر یا جزم آئے، جس پر رفع ہو اسے مرفوع، جس پر نصب ہو اسے منصوب، جس پر جر ہو اسے مجرور اور جس پر جزم ہو اسے مجزوم کہتے ہیں۔

فائدہ: معمول کی دو قسمیں ہیں: ۱) اصلی، ۲) تبعی، اصلی وہ ہے جس پر عامل کا اثر بلا واسطہ ہو، جیسے فاعل اور مفعول وغیرہ اور تبعی وہ ہے جس پر عامل کا اثر کسی متبوع کے واسطے سے ہو، جیسے صفت، تاکید وغیرہ۔

فائدہ: حروف بعض عاملہ ہیں اور بعض غیر عاملہ اور حروف میں سے کوئی معمول نہیں بنتا۔

فائدہ: مبنی کی اعراب کی چار صورتیں ہیں: ۱) مبنی بر سکون، جیسے: "كَمْ"، ۲) مبنی بر فتحہ، جیسے: "أَيْنَ"، ۳) مبنی بر کسرہ، جیسے: "أَمْسِ"، ۴) مبنی بر ضمہ، جیسے: "حَيْثُ"۔

قاعدہ: فعل مضارع کے دو صیغے مبنی ہیں، جن کے آخر میں نون جمع مؤنث اور نون تاکید ہو۔ اور فعل مضارع کے نون اعرابی کے سات صیغے نون تاکید کیساتھ بھی مبنی ہیں۔

فائدہ: فعل مضارع کی دو حالتیں ہیں: ایک یہ کہ اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ نہ ہو، اس وقت فعل مضارع کے تمام صیغے مبنی نہیں، بلکہ صرف وہ صیغے مبنی ہیں جن کے آخر میں نون جمع مؤنث ہو اور یہ صرف دو صیغے ہیں: جمع مؤنث غائبات اور جمع مؤنث مخاطبات۔ اور یہ دو صیغے اس لیے مبنی ہیں کہ جمع مؤنث کا نون فعل مضارع میں فعل ماضی کے نون جمع مؤنث کیساتھ مشابہ ہونے کی وجہ سے اپنے ماقبل سکون کا مقتضی ہے، لہذا وہ اعراب کو قبول نہیں کرے گا۔ فعل مضارع کی دوسری حالت یہ ہے کہ اس کے آخر میں نون تاکید ہو اور اس کی چار صورتیں ہیں: فعل مضارع معلوم مؤکد با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ

---

[1] بدر السعید: ۹۸۔
[2] بدر منیر: ۲۰۔

اور فعل مضارع مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیہ۔ ان چار صورتوں میں فعل مضارع کے تمام صیغے مبنی ہیں، خواہ ان پر لام امر داخل ہو، یا لائے نہی۔ ہر حالت میں یکساں رہیں گے لفظوں میں تغیر نہیں ہوگا، جیسے: "لَيَفْعَلَنَّ" اور "تَفْعَلَنَّ"، اس وقت اس کے مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ نون تاکید اپنے ماقبل کیساتھ شدت اتصال کی وجہ سے بمنزلہ جزء کلمہ ہے، پس اس وقت اگر اعراب نون سے پہلے ہو تو اعراب کا وسط کلمہ میں ہونا لازم آئے گا اور اعراب وسط کلمہ پر نہیں آتا، بلکہ آخر کلمہ پر آتا ہے اور اگر وہ نوں پر جو خود مبنی ہے داخل ہو تو اعراب کا اس کلمے پر جو حقیقۃً دوسرا کلمہ ہے داخل ہونا لازم آئے گا اور نیز اس کا مبنی پر داخل ہونا لازم آئے گا۔[1]

قاعدہ: ماضی مطلقاً مبنی ہے، معلوم ہو یا مجہول۔ امر حاضر معلوم مبنی ہے اور امر حاضر مجہول، امر غائب مطلقاً (خواہ معلوم ہو یا مجہول) اور نہی مطلقاً (خواہ حاضر ہو یا غائب یا معلوم ہو یا مجہول) مضارع کے تابع ہیں، یعنی کچھ معرب اور کچھ مبنی ہیں۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں معرب اور مبنی کی نشاندہی کریں، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اِفْتَحُوْا. لَمْ يَفْعَلْ. لَنْ يَّسْمَعُوْا. اِضْرِبْنَانِّ. هذَا كِتَابِىْ. نَصَرَ. سَمِعَ. يَجْتَنِبْنَ. النَّاسُ. اعْبُدُوا. مِنْ. اهْدِنَا. الْمُسْتَقِيمَ. خَلَقَكُمْ. كَمْ. حَيْثُ. بَعْدُ. أَحَدَعَشَرَ. سِيْبَوَيْهِ. نَزَالِ. يَرْفَعُ. لَمْ يَفْتَحْ. ارْكَعِىْ. لَا تَمْشِ. كَفَرُوْا. قُلْ. يُؤْمِنُوْنَ. قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ. اعْبُدُوا اللهَ. سَلَّمْتُ عَلَى أَحْمَدَ . نَزَلَ الْمَطَرُ. الْأَوْلَادُ لَعِبُوْا. الرِّجَالُ سَافَرُوْا. احْفَظِيْ دَرْسَكِ. الْعُمَّال تَعْبُوْا. أُدْعُ الطَّبِيْبَ. اسْتَيْقَظْنَ مُبَكِّرَاتٍ. فَتَحْتُ الْبَابَ. تَجنبَنَّ الْمَزَاحَ الْكَثِيْرَ. عَاشِرَنَّ إِخْوَانَكَ بِالْمَعْرُوْفِ. الطَّالِبَاتُ يَسْتَمِعْنَ النَّصِيْحَةَ. النِّسَاءُ يَذْهَبْنَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍......"اِفتَحُوْا": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہا من الاعراب۔......باز "اِفْتَحْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل، فعل امر حاضر معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل......"و" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معمول مسند الیہ فاعل......فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہا من الاعراب۔۔

✍ ......"لَمْ يَفْعَلْ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہا من الاعراب ......"لَمْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف از حروفِ جوازم مبنی، مبنی الاصل......"يَفْعَلْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامات فعل دخول جوازم فعل مضارع معرب عامل مسند فعل، اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معمول مسند الیہ فاعل......فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہا من الاعراب۔

---

[1] القواعد التطبيقية في اللغة العربية: ۹۲/۱۔

فصل دوم: اسم غیر متمکن کا بیان

۱۔ اسم غیر متمکن کی تعریف:

اسم غیر متمکن وہ اسم ہے جس کی مبنی الاصل کیساتھ مشابہت قویہ ہو اور اس میں مشابہت قویہ کی مذکورہ دس قسموں میں کوئی ایک موجود ہو، اسم غیر متمکن کو غیر متمکن اس لیے کہتے ہیں کہ یہ اعراب کو قبول نہیں کرتا۔

۲۔ اسم غیر متمکن کی اقسام:

اسم غیر متمکن کی آٹھ قسمیں ہیں[۱]:

۱)۔ مضمرات ۲) اسمائے اشارات ۳) اسمائے موصولات ۴) اسمائے افعال ۵) اسمائے اصوات ۶) اسمائے ظروف ۷) اسمائے کنایات ۸) مرکب بنائی.

۱) مضمرات کا بیان

۱۔ ضمیر کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ:

ضمیر یا تو اضمار سے مشتق ہے بمعنی استتار یعنی چھپانے کے ہے اور یہ بھی بعض مواقع پر فعل میں چھپا ہوتا ہے، اس لئے اِسے ضمیر کہتے ہیں اور یا "ضُمُوْرٌ" سے مشتق ہے اور "ضمور" گوشت کی کمی کو کہا جاتا ہے اور ضمیر کو ضمیر اس لئے کہتے ہیں کہ یہ اسم ظاہر کے بہ نسبت حروف میں کم ہوتا ہے اور اصطلاحی تعریف علامہ ابن حاجب یوں فرماتے ہیں: المضْمَرُ: مَا وُضِعَ لمتكلّمٍ، أو مخاطَبٍ، أوْ غَائِبٍ تَقَدّمَ ذِكْرُه لفظاً أَوْ مَعْنًى أوْ حُكْماً.[۲]

ضمیر وہ اسم ہے جو متکلم، مخاطب اور ایسے غائب کے لیے وضع ہو جس کا ذکر ماقبل لفظاً یا معناً اور یا حکماً ہو چکا ہو، اگر ماقبل لفظاً ذکر ہو تو اس کو مرجع لفظی کہتے ہیں، اگر معناً ذکر ہو تو اسے مرجع معنوی اور اگر حکماً ذکر ہو تو اسے مرجع حکمی کہتے ہیں۔

۲۔ ضمائر کی تعداد:

ضمائر کی کل تعداد میں اہل علم کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ ساٹھ ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ کل ضمائر ستر ہیں، دونوں قول صحیح ہیں، اس طرح کہ جو ستر کے قائل ہیں وہ چودہ صیغوں کے چودہ ضمائر علیحدہ علیحدہ شمار کرتے ہیں اور جو ساٹھ کے قائل ہیں وہ بارہ ضمیر شمار کرتے ہیں، کیونکہ تثنیہ مذکر غائب و مؤنث دونوں کی ضمیر ایک ہی آتی ہے اس طرح تثنیہ مذکر و مونث

---

[۱] اسم غیر متمکن کی مذکورہ اقسام کے علاوہ دیگر اقسام مثلاً: اسمائے استفہام اور اسمائے شرط بھی ہیں، گویا اسم غیر متمکن کی کل دس قسمیں ہیں، باقی دو اقسام دو اقسام کو یہاں اس لیے ذکر نہیں کیا کہ ان میں بعض اسماء مذکورہ اقسام میں داخل ہیں، جیسے: "مَنْ" اور "مَا" اور یہ اسماء شرط اور استفہام دونوں کے لیے آتے ہیں، اس لیے انہیں مستقل طور پر ذکر کیا ہے اور اسمائے شرط و استفہام میں ایسے اسماء بھی ہیں جو ان آٹھ اقسام میں داخل نہیں، اس لیے کہ انہیں اسم غیر متمکن سے الگ الگ طور پر ذکر کیا جاتا ہے۔

[۲] الکافیہ: ۷۹۔

دونوں کی ایک ہی ضمیر ہے، لہذا مؤخر الذکر حضرات غائب میں سے ایک اور حاضر میں سے ایک شمار کرتے ہیں اور دو ضمیریں ان کے نزدیک متروک ہوجاتی ہیں اس اعتبار سے کل ساٹھ ضمیر ہوئیں۔

۳۔ ضمائر کی اقسام:

ضمائر کی مختلف اعتبار سے چار تقسیمات ہیں:

پہلی تقسیم: ضمیر کی باعتبار ذات کے ہے، ضمیر کی باعتبار ذات کی تین قسمیں ہیں: ۱) **متکلم**، ۲) **مخاطب**، ۳) **غائب**۔

دوسری تقسیم: ضمیر کی باعتبار اعراب کی ہے، ضمیر کی باعتبار اعراب تین قسمیں ہیں: ۱) **مرفوع**، ۲) **منصوب**، ۳) **مجرور**۔

تیسری تقسیم: ضمیر کی باعتبار ما قبل ہے، ضمیر کی باعتبار ما قبل دو قسمیں ہیں: ۱) **متصل**، ۲) **منفصل**۔ پھر متصل کی تین قسمیں ہیں: ۱) مرفوع متصل، ۲) منصوب متصل، ۳) مجرور متصل، اور منفصل کی دو قسمیں ہیں: ۱) مرفوع منفصل، ۲) منصوب منفصل۔ تو یہ کل پانچ قسمیں ہوئیں، جن کی تفصیل یہ ہے:

۱)۔ مرفوع[1] متصل: وہ ضمیر ہے جو عامل سے ملی ہوئی ہو اور ترکیب میں فاعل اور نائب فاعل واقع ہو، جیسے: ضَرَبْتُ، ضَرَبْنَا، ضَرَبْتَ، ضَرَبْتُمَا، ضَرَبْتُمْ، ضَرَبْتِ، ضَرَبْتُمَا، ضَرَبْتُنَّ، ضَرَبَ، ضَرَبَا، ضَرَبُوْا، ضَرَبَتْ، ضَرَبَتَا، ضَرَبْنَ.

پھر ضمیر مرفوع متصل کی دو قسمیں ہیں: (الف): بارز (ب): مُستَتِر[2]

(الف): بارز: بارز کا لغوی معنی "ظاہر ہونے والا" ہے اور اصطلاح میں بارز وہ ضمیر ہوتی ہے جو ظاہر پڑھی جائے، **فعل** کے لام کلمہ سے **ملی** ہوئی ہو اور اس کے بغیر **فعل** تام نہ ہو[3]، جیسے: "ضَرَبَا، ضَرَبُوْا" اور وہ حرف جو ضرب کے آخر میں آتے ہیں سوائے تاء تانیث ساکنہ کے سب ضمیر مرفوع متصل بارز ہیں۔

(ب): مُستَتِر: لغت میں چھپی ہوئی کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں وہ ضمیر ہوتی ہے جو ظاہر نہ پڑھی جائے، بلکہ اپنی طرف سے اعتبار کی جائے، پھر مستتر کی دو قسمیں ہیں:

(الف)۔ واجب الاستتار (ب)۔ جائز الاستتار

---

[1] صاحب حنفیہ کہتے ہیں کہ ضمیر اسم ظاہر کے مقابلہ میں آتی ہے اور اسم ظاہر کی تین قسمیں ہیں: ۔۱۔ مرفوع ۲۔ منصوب ۳۔ مجرور۔ پھر اول دو کی دو قسمیں ہیں: ۔۱۔ مرفوع متصل ۲۔ مرفوع منفصل ۳۔ منصوب متصل ۴۔ منصوب منفصل ۵۔ مجرور متصل۔ یہ کل پانچ قسمیں ہوئیں، اس طرح ایک ایک قسم کی بارہ بقولِ بعض چودہ ضمیریں ہیں، چنانچہ بارہ کو پانچ میں ضرب دینے سے ساٹھ اور چودہ سے ستر ضمیریں ہوجائیں گی۔ (الحنفیہ علی المراح: ۵۹-۶۱، الفلاح: ۵۰).

[2] اس کا صحیح تلفظ "مُستَتِر" ہے، اسم فاعل کا صیغہ ہے، یہ مادہ باب افتعال سے لازمی استعمال ہوتا ہے اس سے اسم مفعول نہیں آتا۔

[3] ضمیر بارز ترکیب میں ہمیشہ فاعل یا نائب فاعل واقع ہوتا ہے۔

(الف)۔ واجب الاستتار: وہ ضمیر ہوتی ہے جو صیغہ واحد مذکر مخاطب اور متکلم کے دونوں صیغوں میں آتی ہے بالاتفاق اور صیغہ واحدہ مؤنث مخاطبہ میں آتی ہے بالاختلاف، لیکن سوائے ماضی کے، کیونکہ ماضی میں ان صیغوں میں ضمیر بارز ہوتی ہے، بالاختلاف کا مطلب یہ ہے کہ ماضی کے علاوہ صیغہ واحدہ مؤنث مخاطبہ کی ضمیر میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک ان میں ضمیر بارز ہوتی ہے اور امام اخفشؒ کے نزدیک اس میں بھی ضمیر مستتر واجب الاستتار ہوتی ہے[1]۔

(ب)۔ جائز الاستتار: وہ ضمیر ہوتی ہے جو فعلوں کے غائب اور غائبہ[2] کے صیغوں میں آتی ہے اور صفات میں مطلقاً۔ مطلقاً کا معنی یہ ہے کہ خواہ صیغہ مفرد ہو، یا تثنیہ، یا جمع مذکر ہو، یا جمع مؤنث ہو، اس میں ضمیر خواہ متکلم کی ہو، یا مخاطب کی یا غائب کی۔ یہ جمہور اہل علم کی رائے ہے کہ صفات میں مطلقاً ضمائر جائز الاستتار ہیں، خواہ غائب ہوں، یا مخاطب ہوں، یا متکلم ہوں، کیونکہ اسمائے صفات میں ما قبل کا اعتبار ہوتا ہے، اگر ما قبل ضمیر غائب ہے تو اس میں بھی ضمیر غائب ہوگی، اگر ما قبل مخاطب ہے تو اس میں بھی ضمیر مخاطب ہوگی اور اگر ما قبل متکلم ہے تو اس میں بھی ضمیر متکلم ہوگی، بہر حال سب صورتوں میں ضمیر جائز الاستتار ہوگی، لیکن بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اسمائے صفات میں مطلقاً ضمائر جائز الاستتار نہیں، بلکہ جائز الاستتار ضمیر صرف اس صورت میں ہوگی جب اس کا ما قبل ضمیر غائب ہو اور اگر ما قبل ضمیر مخاطب یا متکلم ہو تو پھر اس میں ضمیر واجب الاستتار ہوگی، جیسے: "أنا قائم" اور "أنت قائم" میں ضمائر واجب الاستتار ہیں۔

۲)۔ منصوب متصل: وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو اور فعلوں، حروف مشبہ بالفعل اور اسمائے افعال کے بعد آتی ہے اور ترکیب میں مفعول بہ اور حروف مشبہ بالفعل کا اسم واقع ہوتی ہے، فعلوں کی مثال، جیسے: جیسے: ضَرَبَنِيْ، ضَرَبَنَا، ضَرَبَكَ، ضَرَبَكُمَا، ضَرَبَكُمْ، ضَرَبَكِ، ضَرَبَكُمَا، ضَرَبَكُنَّ، ضَرَبَهُ، ضَرَبَهُمَا، ضَرَبَهُمْ، ضَرَبَهَا،

---

[1] مراح الارواح: ۲۰۔

[2] فعل ماضی کے دو صیغوں (واحد مذکر غائب اور واحدہ مؤنث غائبہ) میں ضمیر مستتر جائز الاستتار جبکہ باقی بارہ صیغوں میں ضمیر بارز ہوتی ہے، ضَرَبَا میں الف، ضَرَبُوْا میں واؤ، ضَرَبَتَا میں الف، ضَرَبْنَ میں نون، ضَرَبْتَ میں تاء مفتوحہ، ضَرَبْتُمَا میں الف، ضَرَبْتُمْ میں واو، ضَرَبْتِ میں تاء مکسورہ، ضَرَبْتُمَا میں الف، ضَرَبْتُنَّ میں نون، ضَرَبْتُ میں تاء مضمومہ، ضَرَبْنَا میں نَا ضمیر ہے اور فعل مضارع کے دو صیغوں (یَضْرِبُ واحد مذکر غائب اور واحدہ مؤنث غائبہ) میں ضمیر مستتر جائز الاستتار ہوتی ہے، تین صیغوں (واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم، اور جمع متکلم) میں ضمیر مستتر واجب الاستتار ہوتی ہے، نو صیغوں میں ضمیر بارز ہوتی ہے، چار ان میں سے تثنیہ ہیں: تثنیہ مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر مخاطب، تثنیہ مؤنث مخاطب، ان چاروں میں الف ضمیر ہے، جمع مذکر غائب و مخاطب میں واؤ اور جمع مؤنث غائب و مخاطب میں نون ضمیر بارز ہیں، واحدہ مؤنث مخاطب میں اختلاف ہے، عند الجمہور اس میں ضمیر بارز ہے اور امام اخفشؒ کے نزدیک اس میں ضمیر واجب الاستتار ہے۔

فعل مضارع مجہول میں بھی مضارع معلوم کی طرح ضمائر نکالے جائیں گے، فعل جحد، مضارع مؤکد بلن ناصبہ اور امر، نہی کو مضارع پر قیاس کیا جائے گا، یعنی اضْرِبْ میں أَنْتَ ضمیر مستتر اور باقی صیغوں میں ضمیر بارز ہوتی ہے، اضْرِبِيْ میں اختلاف ہے جمہور کے نزدیک اس میں یاء ضمیر بارز ہوتی ہے جبکہ امام اخفشؒ کے نزدیک اس میں ضمیر مستتر واجب الاستتار ہے اور امر غائب کے دو صیغوں واحد مذکر غائب، واحدہ مؤنث غائبہ میں ضمیر مستتر جائز الاستتار اور واحد و جمع متکلم میں ضمیر واجب الاستتار ہوتی ہے۔

ضَرَبَهُمَا، ضَرَبَهُنَّ.

حرف مشبہ بالفعل کی مثال، جیسے: إِنَّنَا،إِنَّنِيْ، إِنَّكَ، إِنَّكُمَا، إِنَّكُمْ، إِنَّكِ، إِنَّكُمَا، إِنَّكُنَّ، إِنَّه، إِنَّهُمَا، إِنَّهُمْ، إِنَّهَا، إِنَّهُمَا، إِنَّهُنَّ. **حروفِ مشبہ بالفعل کل چھ ہیں:** إِنَّ، أَنَّ، كَأَنَّ، لٰكِنَّ، لَيْتَ، لَعَلَّ. **ان کی تفصیل آگے آرہی ہے۔**

اسمِ فعل کی مثال، جیسے: رُوَيْدَنَا،رُوَيْدَنِيْ، رُوَيْدَكَ، رُوَيْدَكُمَا، رُوَيْدَكُمْ، رُوَيْدَكِ، رُوَيْدَكُمَا، رُوَيْدَكُنَّ، رُوَيْدَهُ، رُوَيْدَهُمَا، رُوَيْدَهُمْ، رُوَيْدَهَا، رُوَيْدَهُمَا، رُوَيْدَهُنَّ. **اسمائے افعال کی تفصیل آگے آرہی ہے۔**

۳)۔ مجرور متصل[۱]**:وہ ضمیر ہے جو حروف جارہ اوراسمائے مضاف کے بعد آئے اور ترکیب میں مجروراور مضاف الیہ واقع ہو۔**

حروف جارہ کی مثال، جیسے: لِيْ، لَنَا، لَكَ، لَكُمَا، لَكُمْ، لَكِ، لَكُمَا، لَكُنَّ، لَهُ[۲]، لَهُمَا، لَهُمْ، لَهَا، لَهُمَا، لَهُنَّ.

اسمائے مضاف کی مثال، جیسے: غُلَامُنَا، غُلَامُنِيْ، غُلَامُكَ، غُلَامُكُمَا، غُلَامُكُمْ، غُلَامُكِ، غُلَامُكُمَا، غُلَامُكُنَّ، غُلَامُهُ، غُلَامُهُمَا، غُلَامُهُمْ، غُلَامُهَا، غُلَامُهُمَا، غُلَامُهُنَّ.

۴)۔ مرفوع منفصل:وہ ضمیر ہے جواپنے عامل سے جدا ہواور یہ ترکیب میں مبتداء، خبر،فاعل،نائب فاعل اور تاکید فاعل واقع

---

(۱) ضمیر مجرور متصل کو مؤخر کرنے کی کئی وجوہات ہیں: پہلی وجہ یہ ہے کہ ضمیر منصوب، متصل اور منفصل دونوں ہوتی ہے اور ضمیر مجرور صرف متصل ہوتی ہے، لہذا ضمیر منصوب زیادہ ہے بنسبت مجرور کے اور کثرت اولیت کا حقدار ہوا کرتی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ضمیر منصوب کسی واسطہ کے بغیر فعل کا معمول ہوتی ہے اور ضمیر مجرور جر کے واسطے سے معمول ہے اور عدم واسطہ اصل اور بالواسطہ فرع ہے، لہذا اصل ضمیر منصوب کو ضمیر مجرور سے مقدم کرنا اولی ہے اورایک وجہ یہ بھی ہے کہ عامل جر حرف ہے اور حرف اسم و فعل دونوں سے مؤخر الذکر ہوتا ہے، لہذا اس کا معمول ضمیر مجرور بھی مؤخر ہوگا۔ (الحنفیہ علی المراح:۶۹، مشکلات الصرف:۹۱)

(۲) ''هَاء''ضمیریں کہیں مرفوع ہوتی ہیں، جیسے: ''له'' اور کہیں مجرور، جیسے: ''بِه'' ہے اس کے متعلق چند قواعد ذہن نشیں رکھیں:

قاعدہ نمبر۱: جب ''ھا''ضمیر سے پہلے کسرہ ہو،یایاءساکنہ ہو تو ضمیر کو بھی مکسور پڑھا جائے گا، جیسے: ''بِهِ، إِلَيْهِ''، لیکن قرآن مجید میں اس سے چار جگہ مستثنیٰ ہیں:۔ ١- وَمَا أَنْسَانِيْهُ ٢-عَلَيْهُ الله ٣-أَرْجِهْ ٤-وَأَلْقِهْ۔ اول الذکر دونوں مثالوں میں ضمیر پر ضمہ ہے اور مؤخر الذکر دونوں مثالوں میں ضمیر ساکن ہے۔

قاعدہ نمبر۲: جب اس ''هَا'' سے پہلے کسرہ اوریاءساکنہ نہ ہو تو ضمیر پر ضمہ پڑھیں گے، جیسے: ''مِنْهُ، أَخَاهُ''، لیکن قرآن مجید میں ایک جگہ اس سے مستثنیٰ ہے اوروہ ''وَيَتَّقِهْ'' ہے کہ اس میں ضمیر مکسور ہے اور جب ''هَا''ضمیر سے پہلے اور بعد دونوں طرف حرکت ہو تو ضمیر میں صلہ ہوگا، یعنی ضمیر پراگر پیش ہو تو ''واؤ'' یعنی الٹا پیش زائد کرکے پڑھیں گے اوراگر ضمیر پر کسرہ ہو تو ''یاء'' یعنی کھڑا زیر زائد کرکے پڑھیں گے، جیسے: ''رَسُوْلُهُ أَحَقُّ، جَمْعُهُ وَقُرْآنَه، مِنْ رَبِّهِ وَالمؤْمِنُوْنَ''۔ ایک جگہ قرآن مجید میں اس سے مستثنیٰ ہے اوروہ ''إِنْ يَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ'' ہے اس میں الٹا پیش نہیں پڑھیں گے۔

قاعدہ نمبر۴: جب ''هَا''ضمیر سے پہلا والا حرف ساکن ہو تو ''هَا''ضمیر کی حرکت کا صلہ نہ ہوگا، جیسے: ''فِيْهِ''، لین قرآن مجید میں ایک جگہ اس سے مستثنیٰ ہے، جیسے: ''فِيْهِ مُهَاناً'' اس میں صلہ ہے۔ (معلم التجوید:۲۱۷، مشکلات الصرف:۹۴)

ہوتی ہے، جیسے: أَنَا، نَحْنُ، اَنْتَ، اَنْتُمَا، اَنْتُمْ، اَنْتِ، اَنْتُمَا، اَنْتُنَّ، هُوَ، هُمَا، هُمْ، [1] هِيَ، هُمَا، [2] هُنَّ.

۵)۔ منصوب منفصل: وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل سے جدا ہو اور ترکیب میں مفعول بہ اور افعال ناقصہ کا خبر واقع ہوتا ہے، جیسے:

إِيَّایَ، إِيَّانَا، إِيَّاك، إِيَّا كُمَا، إِيَّاكُمْ، إِيَّاكِ، إِيَّا كُمَا، إِيَّاكُنَّ، إِيَّاهُ، إِيَّاهُمَا، إِيَّاهُمْ، إِيَّاهَا، إِيَّاهُمَا، إِيَّاهُنّ.

چوتھی تقسیم: ضمیر کی باعتبار صفت:

ضمیر کی باعتبار صفت پانچ قسمیں ہیں:

۱) ضمیر شان، ۲) ضمیر مبہم، ۳) ضمیر قصہ، ۴) ضمیر تاکید، ۵) ضمیر فصل۔

۱)۔ ضمیر شان: وہ ضمیر مذکر غائب ہے جس کا ذکر ما قبل نہ لفظاً ہو اور نہ معناً ہو، بلکہ ما بعد جملہ اس کی تفسیر کر رہا ہو، ضمیر شان سے مقصود کی چیز کی عظمت بیان کرنا ہوتا ہے، جیسے: "قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ"، پھر ضمیر شان کی دو قسمیں ہیں: ۱) منفصل، ۲) متصل، اگر عامل معنوی ہو تو ضمیر مرفوع منفصل ہوگی، جیسے: "قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ" اور اگر متصل ہو تو پھر کبھی بارز ہوگی اور کبھی مستتر ہوگی ، اگر "إِنَّ، أَنَّ" کے بعد واقع ہو تو بارز ہوگی، جیسے: "إِنَّهُ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ" اور اگر باب "كَادَ" کے بعد واقع ہو تو مستتر ہوگی، جیسے: "مَا كَادَ يَزِيْغُ".

۲)۔ ضمیر قصہ: وہ ضمیر واحد مؤنث غائبہ ہے جس کا ذکر ما قبل نہ لفظاً ہو اور نہ معناً ہو، بلکہ ما بعد جملہ اس کی تفسیر کر رہا ہو اور اس سے مقصود کسی چیز کی عظمت بیان کرنا ہو، جیسے: "فَإِنَّهَا لَاتَعْمَى الْأَبْصَارُ" میں "هَا" ضمیر قصہ ہے۔

۳)۔ ضمیر مبہم: وہ ضمیر ہے جس کا ذکر ما قبل نہ لفظاً ہو اور نہ معناً ہو، بلکہ ما بعد مفرد اس کی تفسیر کرے، اس کی علامت یہ ہے کہ یہ "رُبَّ" کے بعد آتی ہے، جیسے: "رُبَّهُ رَجُلاً" اور اسی طرح جب "نِعْمَ" کے بعد "مَا" آجائے، جیسے "نِعِمَّا"، یا نکرہ منصوب

---

[1] مرفوع منفصل کی ضمیر تثنیہ "هُمَا" اور جمع "هُمْ" میں "میم" کا اضافہ ہے جب کہ "هُوَ" مفرد کے لحاظ سے تثنیہ "هُوَا" اور جمع "هُوَوا" ہونا چاہیے، کیونکہ تثنیہ میں صرف "الف" اور جمع میں "واؤ" کا اضافہ ہوتا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ "واؤ" اور "میم" کا مخرج ایک ہے اس لیے "واؤ" کو "میم" سے بدل دیا۔ اسی طرح جمع "هُوَوا" میں چونکہ دو "واؤ" (ایک واؤ ضمیر دوسرا واؤ جمع) کا جمع ہونا ناجائز ہے، کیونکہ "واؤ" حروف علت میں زیادہ ثقیل اور اس کے ما قبل مضموم دونوں کا جمع ہونا زیادہ ثقل کے باعث ہونے کی بناء پر "هُوَوا" کے اول "واؤ" کو "میم" سے بدل دیا "هُمَوا" ہو گیا، پھر "واؤ" چونکہ ظرف میں واقع ہے، دوسرے یہ کہ اسم کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم نہیں پایا جاتا ہے اس لیے "واؤ" کو حذف کر دیا اور ما قبل "واؤ" نہ ہونے کی بنا پر "میم" کے ضمہ کو ساکن سے بدل دیا "هُمْ" ہو گیا۔ (الحنفیہ علی المراح: ۶۲، فلاح: ۵۳، ہامش مراح: ۴۰)

[2] تثنیہ مذکر و مؤنث غائب دونوں کی ضمیر ایک ہی آتی ہے اس لیے دو کو ایک مانا گیا، اسی طرح تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر کی ضمیر ایک ہی ہے اس لیے اس میں سے بھی ایک اور متکلم کے لیے صرف دو صیغے رکھے گئے، کیونکہ متکلم اکثر احوال یا آواز کے ذریعہ دیکھا سنا جاتا ہے کہ وہ مذکر ہے یا مؤنث، تثنیہ ہے یا جمع، لہذا متکلم کی چھ ضمیروں میں سے دو ضمیریں لی گئیں اور چار ضمیریں شمار میں چھوڑ دی گئیں، اسی طرح تثنیہ میں سے دو چھوڑی دی گئیں، اس اعتبار سے چھ ضمائر شمار میں نہیں آئیں، اس لیے ہر قسم کی بارہ بارہ ضمیریں ہوئیں، بارہ کو پانچ میں ضرب دینے سے ساٹھ ہو جائیں گی، محشی زنجانی چودہ ضمیر شمار کرتے ہیں وہ صرف متکلم کی چھ ضمیروں میں سے چار کو شمار ترک کرتے ہیں۔ (الحنفیہ: ۶۰، فلاح: ۵۱، زنجانی: ۱۵)

آجائے، جیسے: "نِعْمَ رَجُلاً زَيْدٌ"[۱].
۴)۔ ضمیر مؤکد: وہ ضمیر ہے جو ما قبل کی تاکید ہو اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب اسم ظاہر کا عطف ضمیر مرفوع متصل پر بغیر فاصلہ کے ہو، جیسے: "اسْكُنْ أنْتَ وَزَوْجُكَ الجَنَّة"۔ یہاں "أنْتَ" ضمیر منفصل ضمیر متصل کی تاکید ہے۔
۵)۔ ضمیر فصل: وہ ضمیر منفصل ہے جو مبتداء اور خبر کے درمیان واقع ہو، اس کو حضرات کوفیین ضمیر عماد اور بصریین ضمیر فصل کہتے ہیں۔ ضمیر فصل کی ترکیب میں دو مذہب ہیں: عند البصریین یہ حرف لا محل لہا من الاعراب ہے اور عند الکوفیین اس کا محل اعراب ہے، پھر اس میں اختلاف ہے: امام کسائیؒ کے نزدیک باعتبار مابعد کے اور امام فراءؒ کے نزدیک باعتبار ما قبل کے اس کے لیے محل اعراب ہے، یعنی اگر مبتداء اور خبر کے درمیان واقع ہو تو مرفوع ہو گا اور اگر افعال قلوب کے مفعولین کے درمیان واقع ہو تو منصوب ہو گا اور اگر افعال ناقصہ کے اسم و خبر کے درمیان واقع ہو تو عند الفراء مرفوع اور عند الکسائی منصوب ہو گا[۲]۔

۴۔ مرجع کی اقسام:

مرجع کی تین قسمیں ہیں: (الف): لفظی، (ب): معنوی، (ج): حکمی۔
پھر ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں، مرجع لفظی کی دو قسمیں ہیں: ۱) حقیقی، ۲) تقدیری۔
۱)۔ مرجع لفظی حقیقی: وہ ہے جس کا ذکر ما قبل لفظاً ہو اور رُتبۃً مقدم ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ غُلَامَهُ".
۲)۔ مرجع لفظی تقدیری: جس کا ذکر ما قبل لفظاً نہ ہو، لیکن رتبۃً مقدم ہو، جیسے: "ضَرَبَ غُلَامَهُ زَيْدٌ".
اسی طرح مرجع معنوی کی بھی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم وہ ہے جو کلام سے مفہوم ہوتا ہو، جیسے: "اعْدِلُوْا هُو أقْرَبُ لِلتَّقْوَى"، یہاں "هُوَ" ضمیر کا مرجع "عدل" مصدر ہے جو "اعْدِلُوْا" سے مفہوم ہو رہا ہے۔ دوسری قسم مرجع معنوی کی وہ ہے جو سیاق کلام سے مفہوم ہوتا ہو، جیسے: "وَلِأَبَوَيْه لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُما السُّدُسُ"، یہاں "أبْوَيْه" کی ضمیر کا مرجع "میت" ہے جو سیاق کلام سے مفہوم ہو رہا ہے اور مرجع حکمی وہ ہے جس کا ذکر ما قبل نہ لفظاً ہو اور نہ معناً ہو، بلکہ مابعد کی تفسیر کرے، پھر مرجع حکمی کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم وہ ہے کہ مابعد میں اس کی تفسیر مفرد کرے تو اس کو ضمیر مبہم کہتے ہیں، جیسے: "رُبَّهُ رَجُلاً"۔ دوسری قسم وہ ہے کہ مابعد میں جملہ اس کی تفسیر کرے، اگر مذکر کی ضمیر ہو تو اس کو ضمیر شان کہتے ہیں، جیسے: "قُلْ هُوَ اللهُ أحَدٌ" اور اگر مؤنث کی ضمیر ہو تو اس کو ضمیر قصہ کہتے ہیں، جیسے: "فَإنَّهَا لَا تَعْمَى الْأبْصَارُ"[۳].

قواعد و فوائد:

---

[۱] بدر السعید: ۱۱۲، النحو الوافی: ۲۱۱/۱، شرح شذور الذہب: ۱۳۳۔
[۲] مغنی اللبیب: ۱۰۸/۳، النحو الوافی: ۲۰۷/۱۔
[۳] بدر السعید: ۱۰۷، النحو الوافی: ۲۱۵/۱، جامع الدروس: ۹۵/۱، مشکل ترکیبوں کا حل: ۱۴۰۔

قاعدہ: اسم ضمیر وہ اسم جامد غیر متمکن ہے، جو متکلم یا مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرے، جس کا ذکر ما قبل لفظاً یا معنیً یا حکماً ہو چکا ہو، اگر ما قبل ذکر لفظاً ہو تو اس کو مرجع لفظی کہتے ہیں اور اگر ما قبل ذکر معنیً ہو تو مرجع معنوی کہتے ہیں اور اگر ذکر حکما ہو تو مرجع حکمی کہتے ہیں[۱]۔

فائدہ: ضمیر کی تعبیر بصریین کی ہے کوفیین اس کو مکنیہ اور کنایہ کہتے ہیں۔

قاعدہ: اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم فعل بمعنی ماضی اور مبالغہ کے تمام صیغوں میں ضمیر مستتر جائز الاستتار ہوتی ہے، یعنی ان سے پہلے جو ضمیر ہوگی وہی ضمیر مستتر ان میں نکالی جائے گی، یہ ضمیریں تکلم، خطاب اور غائب ہونے میں ما قبل کے تابع ہوتی ہے، مثلا: أَنْتُمْ آكِلُوْنَ میں أَنْتُمْ، هُمْ آكِلُوْنَ میں ہو اور نَحْنُ آكِلُوْنَ میں نَحْنُ ضمیر نکالی جائے گی اور اگر صیغہ صفاتی کے شروع میں اسم ظاہر ہو تو وہاں ہمیشہ غائب کی ضمیر نکالی جائے گی، جیسے: زَيْدٌ ضَارِبٌ.

فائدہ: مصدر اسم ظرف اور اسم آلہ میں ضمائر نہیں ہوتے۔ علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ مشتقات میں اسم فعل بمعنی امر، اسم تفضیل اور فعل تعجب میں ضمیر مستتر واجب الاستتار ہوتی ہے[۲]۔

فائدہ: واجب الاستتار ضمیر دس مقامات میں آتی ہے: ۱) فعل مضارع کے واحد مذکر مخاطب، ۲) فعل مضارع کے واحد متکلم، ۳) فعل مضارع کے متکلم مع الغیر، ۴) فعل امر کے واحد مذکر مخاطب، ۵) صفت کے تثنیہ اور جمع سالم کے صیغوں میں، ۶) اسمائے افعال بمعنی امر، ۷) اسم تفضیل، ۸) فعل تعجب قیاسی میں، ۹) افعال استثناء میں، جیسے: ”حَاشَا، خَلَا، عَدَا“ میں، ۱۰) افعال مدح وذم میں جب ان کے بعد نکرہ یا تمیز واقع ہو[۳]۔

قاعدہ: ضمیر مرفوع منفصل اکثر جملے کے شروع میں آتی ہیں اور ترکیب میں مبتداء واقع ہوتی ہیں، جیسے: ”أَنَا قَائِمٌ“، کبھی خبر واقع ہوتی ہے، جیسے: ”مَا هِيَ إِلَّا أَنْتَ“، کبھی فعل کے بعد واقع ہوتی ہیں اور ترکیب میں فاعل یا نائب فاعل واقع ہوتی ہیں، جیسے ”مَا ضَرَبَ إِلَّا أَنَا، أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ أٰلِهَتِنَا“ اور کبھی تاکید واقع ہوتی ہے، جیسے: ”اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ“.

قاعدہ: ضمیر منصوب متصل اگر فعل اور اسمائے افعال کے بعد آئے تو ترکیب میں مفعول بہ واقع ہوتی ہیں، جیسے: ”ضَرَبَنِيْ“ اور اگر حروف مشبہ بالفعل کے بعد آئیں تو ان کا اسم بنتی ہیں، جیسے: ”إِنَّنِيْ“ اور ضمیر منصوب منفصل ترکیب میں مفعول بہ واقع ہوتی ہیں اور اکثر فعل سے پہلے آتی ہیں، جیسے: ”إِيَّاكَ نَعْبُدُ“.

---

[۱] النحو الوافی: ۱/۱۸۴، شرح شذور الذہب: ۱۳۲۔
[۲] ہمع الھوامع: ۱/۲۴۴.
[۳] النحو الوافی: ۱/۲۲۹۔

قاعدہ: ضمیر مجرور متصل اگر حروف جارہ کے ملی ہو تو مجرور بحرف الجر ہوگی اور اگر اسم مضاف کیساتھ ملی ہو تو مضاف الیہ واقع ہوگی۔

فائدہ: ضمیر مرفوع منفصل "هُوَ" اور "هي" کی "واؤ" اور "یاء" میں بصریین اور کوفیین کا اختلاف ہے، بصریین کہتے ہیں کہ "هُوَ" میں "واؤ" اور "هي" میں "یاء" دونوں اصل کلمہ ہیں، اشباع کے لیے نہیں، کیونکہ حرف اشباع متحرک نہیں ہوتا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ حروف اشباع بغیر ضرورت نہیں لائے جاتے اور دونوں میں "واؤ" اور "یاء" مفتوح ہونے کی بناء پر مستقل کلمہ ہوگئے، کیونکہ اگر ان دونوں پر حرکت نہ دی جائے تو دونوں حروف اشباع کے لیے ہو جائیں گے اور عدم مستقل کی صورت میں "واؤ" اور "یاء" ساکن ہوں گے، جیسے: "بِهْيْ ، وَانْهَوْ". اور کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ دونوں میں "واؤ" اور "یاء" اشباع کے لیے ہیں اور اصل دونوں میں صرف "ہا" ہے، یہ اپنے اس قول کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ تثنیہ اور جمع کے وقت "هُوَ" سے "واؤ" اور "هي" سے "یاء" حذف ہو جاتے ہیں اور " هُما، هُمْ" کہا جاتا ہے، لہذا کسی شئی کا حذف ہونا اس کی عدمِ اصل کی دلیل ہے۔ شارح شافیہ علامہ رضی استر آبادی نے بصریین کے مذہب کو راجح قرار دیا اور کوفیین کا جواب دیتے ہیں کہ تثنیہ اور جمع میں حذف ہونا اصل کلمہ کے منافی نہیں۔[1]

قاعدہ: جن صیغوں میں ضمیر مستتر جائز الاستتار ہوتی ہے ان صیغوں کا فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو پھر ان میں ضمیر مستتر نہیں ہوگی، بلکہ وہی اسم ظاہر ان کے لیے فاعل بنے گا۔

قاعدہ: اگر جملہ اسمیہ میں خبر معرفہ ہو اور صفت کیساتھ التباس کا خطرہ ہو، یا خبر اسم تفضیل مستعمل بہ "مِنْ" ہو تو مبتداء اور خبر کے درمیان ضمیر مرفوع منفصل لایا جائے گا جو مبتداء کے موافق ہوگی، اسے ضمیر فصل یا ضمیر فاصل کہتے ہیں، جیسے: "الْعَالِمُ هُو الْعَامِلُ بِعِلْمِه، زَيْدٌ هُوَ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو" اور اسی طرح افعال ناقصہ اور حروف مشبہ بالفعل کے اسم و خبر کے درمیان بھی ضمیر فصل لائی جاتی ہے، جیسے: "كَانَ زَيْدٌ هُوَ الْعَالِمُ، إنَّ زَيْداً هُو الْمُتَعَلِّمُ".

قاعدہ: ضمیر پر حروف جارہ میں سے صرف یہ حروف (باء، لام، مِنْ، فِيْ، عَلَى، عَنْ، إلَى، رُبَّ، عَدَا) داخل ہو سکتے ہیں۔

فائدہ: ضمیر متصل اصل ہے، کیونکہ ضمیر میں ایجاز و اختصار ہوتا ہے اور اختصار متصل میں ہے منفصل میں نہیں، اس لیے ضمیر متصل لایا جائے گا، البتہ اگر ضمیر متصل لانا دشوار ہو تو وہاں ضمیر منفصل لائی جائے گی، ضمیر متصل پانچ مقامات میں دشوار ہوتی ہے، اس لیے ضمیر منفصل لائی جاتی ہے: ۱) جہاں ضمیر بقصد حصر اپنے عامل پر مقدم ہو، جیسے: "إِيَّاكَ نَعْبُدُ"۔ ۲) جہاں ضمیر اور عامل کے درمیان کسی غرض کے لیے فاصلہ لایا گیا ہو، جیسے: "مَاضَرَبَ إلَّا أنَا"۔ ۳) جب ضمیر کا عامل معنوی ہو یعنی ضمیر مبتدا واقع ہو، جیسے: "أنَاقَائِمٌ"۔ ۴) جب ضمیر کا عامل محذوف ہو، جیسے: "إيَّاكَ وَالْأَسَدَ". ۵) جب ضمیر میں عامل حرف

[1] شرح رضی: ۱۰/۲، الحنفیہ علی المراح: ۶۱، فلاح: ۵۳، مشکلات الصرف: ۷۷.

ہو، جیسے:"مَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْن"[۱]۔
فائدہ: ضمیر مجرور صرف متصل ہوتی ہے، منفصل نہیں ہوتی۔ اس لیے کہ مجرور منفصل کی صورت میں مجرور کا جار پر مقدم ہونا لازم آئے گا، جیسے:"مَرَرْتُ بِزَيْدٍ" میں جب مجرور منفصل کریں گے تو:"مَرَرْتُ زَيْدٍبِ" کہنا پڑے گا اور یہ صحیح نہیں، اسی وجہ سے کلام عرب میں ضمیر مجرور منفصل نہیں آتی، بخلاف مرفوع ومنصوب منفصل کے کہ ان میں عامل رافع وناصب پر مقدم ہونا جائز ہے۔ جس کی اول وجہ یہ ہے کہ مجرور جار سے بہت زیادہ متصل ہونے کی وجہ سے ایک جزء کی طرح ہو گیا اور کسی شئی کا جزء مقدم نہیں ہوتا۔ لہٰذا مجرور جار سے مقدم نہیں ہو سکتا اور جب مقدم نہیں ہو سکتا تو مجرور منفصل نہ ہونا یقینی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جار یا تو حرف ہے یا مضاف اور مجرور اسم ظاہر جار سے جدا نہیں ہوتا، اس لیے مظہر کا قائم مقام ضمیر مجرور بھی علیحدہ نہیں ہوگی، چنانچہ ضمیر منفصل نہ ہونے کی صریح دلیل ہے بخلاف ضمیر مرفوع ومنصوب کے کہ ان دونوں کا اسم ظاہر عامل سے جدا ہو جاتا ہے[۲]۔
قاعدہ:"هاء"، ضمیر کہیں مرفوع ہوتی ہیں، جیسے:"لہ" اور کہیں مجرور، جیسے:"بِہ" ہے اس کے متعلق یہ بات ذہن نشیں رکھیں: جب"ِها"، ضمیر سے پہلے کسرہ ہو، یا یاء ساکنہ ہو تو ضمیر کو بھی مکسور پڑھا جائے گا، جیسے:"بِهِ، إِلَيْهِ"، لیکن قرآن مجید میں اس سے چار جگہ مستثنیٰ ہیں:۔١- وَمَا أَنْسَانِيْهُ ٢-عَلَيْهُ اللهِ ٣-أَرْجِهْ ٤-وَأَلْقِهْ۔ اول الذکر دونوں مثالوں میں ضمیر پر ضمہ ہے اور مؤخر الذکر دونوں مثالوں میں ضمیر ساکن ہے اور اگر"ِهَا" سے پہلے کسرہ اور یاء ساکنہ نہ ہو تو ضمیر پر ضمہ پڑھیں گے، جیسے:"مِنْهُ، أَخَاهُ"، لیکن قرآن مجید میں ایک جگہ اس سے مستثنیٰ ہے اور وہ"وَيَتَّقِهْ" ہے کہ اس میں ضمیر مکسور ہے اور جب"ِهَا"، ضمیر سے پہلے اور بعد دونوں طرف حرکت ہو تو ضمیر میں صلہ ہوگا، یعنی ضمیر پر اگر پیش ہو تو"واوَ" یعنی الٹا پیش زائد کرکے پڑھیں گے اور اگر ضمیر پر کسرہ ہو تو"یاء" یعنی کھڑا زیر زائد کرکے پڑھیں گے، جیسے:"رَسُوْلُهُ أَحَقُّ، جَمْعُهُ وَقُرْآنَه، مِنْ رَبِّهِ وَالمؤْمِنُوْنَ"۔ ایک جگہ قرآن مجید میں اس سے مستثنیٰ ہے اور وہ"إِنْ يَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ" ہے اس میں الٹا پیش نہیں پڑھیں گے اور اگر"ِهَا"، ضمیر سے پہلا والا حرف ساکن ہو تو"ِهَا"، ضمیر کی حرکت کا صلہ نہ ہوگا، جیسے:"فِيْهِ"، لیکن قرآن مجید میں ایک جگہ اس سے مستثنیٰ ہے، جیسے:"فِيْهِ مُهَاناً" اس میں صلہ ہے[۳]۔
فائدہ: علامہ رضی اور صاحب محرم آفندی فرماتے ہیں کہ"إِيَّاهُ" اور اس کے اخوات میں نحویوں کا شدید اختلاف ہے، امام خلیلؒ، مازنیؒ اور ابو علی فارسی کہتے ہیں کہ ضمیر صرف"إِيَّا" ہے اور اس سے متصل لواحق اسماء ہیں، جن کی اضافت"إِيَّا" کی طرف کی جاتی ہے، لیکن بات درست نہیں، کیونکہ ضمائر مضاف نہیں ہوتے۔ امام زجاج اور سیرافی فرماتے ہیں کہ ضمیر منصوب

---

(۱) موسوعۃ النحو والصرف:۴۳۸۔
(۲) الحنفیہ علی المراح:۵۹، الفلاح:۵۰۔
(۳) معلم التجوید:۲/۱۷، مشکلات الصرف:۹۴۔

منفصل ''إِيَّا'' اسم ظاہر ہے جو ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ ''إِيَّاكَ، إِيَّاهُ'' اور ''إِيَّايَ'' سب مکمل اسماء ہیں، لیکن شیخ رضی الدین نے اس کو ضعیف قرار دیا، کیونکہ جن اسماء کا آخر ''ك''، ''هاء'' اور ''یاء'' سے بدلتے ہوں وہ نہ مکمل اسماء ظاہرہ ہیں اور نہ ہی اسماء مضمرہ۔ لہذا کوفیین کی یہ بات درست نہیں۔ بعض کوفیین اور ابن کیسان بصری فرماتے ہیں کہ ''إِيَّاهُ وَإِيَّاكَ'' وغیرہ میں ضمائر وہ ہیں جو ''إِيَّا'' سے ملحق ہوں اور لفظ ''إِيَّا'' ان ضمائر کے لیے بمنزلہ ستون ہیں تاکہ اس کے باعث ضمیر منفصل ہوسکے۔ شیخ رضی کہتے ہیں کہ کوفیین اور ابن کیسان بصری کا مذکورہ موقف کچھ کچھ صحیح ہے۔
امام سیبویہؒ کا مذہب اس سلسلہ میں یہ ہے کہ منصوب منفصل میں اسم ضمیر صرف ''إِيَّا'' ہے اور اس کا مابعد متصل حرف ہے جو مرجوع الیہ متکلم، مخاطب اور غائب کی حالتوں پر دلالت کرتا ہے، جیسا کہ اسمائے اشارہ کے آخر میں لواحق ہیں، جیسے: ''ذٰلِكَ، اُولٰئِكَ'' وغیرہ ہیں۔ اسی قول کو علامہ نورالدین جامی نے ''فوائد ضیائیہ'' میں اختیار کیا ہے اور یہی قول مختار ہے، اس کو ابن مالک اور ابوحیان نے راجح قرار دیا ہے۔ [1]

فائدہ: صرفیین حضرات مادہ اور اشتقاق سے بحث کرتے ہیں، مصدر سے اولاغائب کے صیغے مشتق ہوتے ہیں، پھر مخاطب اور پھر متکلم کے صیغے مشتق ہوتے ہیں تو وہ اس لیے پہلے غائب کے صیغوں کو، پھر مخاطب اور پھر متکلم کے صیغوں کو ذکر کرتے ہیں اور جب کہ نحات تعریف و تنکیر سے بحث کرتے ہیں اور تعریف کے اعتبار سے متکلم کے صیغے اعرف، پھر مخاطب اور پھر غائب کے ہوتے ہیں تو اس لیے نحوی متکلم کے صیغوں کو مقدم کرتے ہیں۔

قاعدہ: ابتداء کلام میں ضمیر مرفوع منفصل آئے تو مبتداء بنے گا، جیسے: ''اولیئک ہم المفلحون، بشرطیکہ اس کے بعد ''واؤ'' نہ ہو، ورنہ ماقبل کے لیے تاکید بنے گی، جیسے: ''اسکن انت وزوجک الجنۃ''۔ ''انت'' ماقبل ''اسکن'' کے ضمیر فاعل کے لیے تاکید ہے۔

قاعدہ: ضمیر نہ صفت بن سکتی ہے اور نہ ہی موصوف بن سکتی ہے۔

فائدہ: نون کی تین قسمیں ہیں:۔ ا۔ نون اعرابی، ۲۔ نون وقایہ، ۳۔ نون قطنی۔

ا۔ نون اعرابی: جو ضمہ اعرابی کے عوض کلمہ کے آخر میں لایا جائے جیسے: ''يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ'' یہ نون ''يَضْرِبُ'' کے ضمہ اعرابی کے عوض ہے۔ ۲۔ نون وقایہ: جو کلمہ کے آخری حرکت کی حفاظت کیلئے لایا جائے جیسے: ''ضَرَبَنِيْ، يَضْرِبُنِيْ'' یہ نون فعل کے تحفظ کیلئے آیا ہے تاکہ فعل کو کسرہ دینے سے محفوظ رکھے۔ ۳۔ نون قطنی: جو کلمہ منکّر کے بعد معرف باللام کے ذکر کے وقت دو ساکنوں کا جو اجتماع ہوتا ہے، ان کو ملاتے وقت پڑھنے میں نون پیدا ہو جاتا ہے جو رسم الخط میں چھوٹا سا لکھا جاتا ہے جیسے: ''قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ . اللهُ الصَّمَدُ''۔

فائدہ: نون وقایہ فعل اور حروف میں ''مِنْ، عَنْ، لَيْتَ'' کے آخر میں آتی ہے، وقایہ کا معنی ہے: بچانا، اور اسے نون وقایہ اس

---

[1] شرح رضی: ۲/۱۳، فلاح: ۵۸، ہامش مراح: ۴۵، محرم آفندی: ۲/۲۷، تاج العروس: ۴۰/۳۹۴، ہامش شرح ابن عقیل: ۱/۵۱-۵۲۔

لیے کہتے ہیں کہ جب فعل اور مذکورہ حروف کے آخر میں یائے متکلم متصل ہوجاتی ہے تو "یاء" ماقبل کسرہ کا تقاضا کرتی ہے جب کہ فعل اور مذکورہ حروف پر کسرہ نہیں آسکتا، تو نون وقایہ خود کسرہ کو اٹھا کر فعل اور مذکورہ حروف کو کسرہ سے بچادیتا ہے اس لیے اسے نون وقایہ کہتے ہیں۔ نون وقایہ کو نون العماد بھی کہتے ہیں، پھر نون وقایہ کو چار مقامات میں لاناواجب ہے اور ایک مقام میں جائز ہے، جن چار مقامات میں نون وقایہ کو لاناواجب ہے وہ یہ ہیں:۱) یاء متکلم فعل کیساتھ متصل ہو تو اس وقت ان کے درمیان نون وقایہ لاناواجب ہے، جیسے: "ضَرَبَنِيْ"۔ ۲) یاء متکلم حروف جارہ میں سے "مِنْ" اور "عَنْ" کیساتھ متصل ہو، جیسے: "مِنِّيْ، عَنِّيْ"۔ ۳) یاء متکلم حروف مشبہ بالفعل میں سے "لَيْتَ" کیساتھ متصل ہو، جیسے: "يَالَيْتَنِيْ"۔ ۴) جب اسم فعل نے یائے متکلم کو نصب دیا ہو، جیسے: "عَلَيْكَنِيْ"، ان مواضع میں نون وقایہ لاناواجب ہے اور ایک جگہ نون وقایہ کا لاناجائز ہے کہ جب یائے متکلم حروف مشبہ بالفعل میں سے سوائے "لَيْتَ" کیساتھ متصل ہو، جیسے: "إِنَّنِيْ" اور "إِنِّيْ" دونوں پڑھناجائز ہے[1]۔

فائدہ: جب نون وقایہ فعل مضارع کے نون اعرابی والے صیغوں کے آخر میں آئے تو اس میں تین وجہیں پڑھناجائز ہیں:۱) نون اعرابی کو اپنی حالت پر برقرار رکھ کر پڑھنا بھی جائز ہے، جیسے: "يَضْرِبُوْنَنِيْ"۔ ۲) نون وقایہ میں نون اور اعرابی کو مدغم کرکے پڑھنا بھی جائز ہے، جیسے: "يَضْرِبُوْنِّيْ"۔ ۳) نون اعرابی کو حذف کرکے نون وقایہ کو باقی رکھ کر پڑھنا بھی جائز ہے، جیسے: "يَضْرِبُوْنَ" اور کبھی نون اعرابی اور یائے متکلم دونوں کو حذف کرکے نون وقایہ کو مکسور بھی پڑھاجاتا ہے، جیسے: "فَبِمَ تُبَشِّرُوْنِ"۔[2]

فائدہ: مرجع سے پہلے ضمیر لانے کو اضمار قبل الذکر کہتے ہیں، جیسے: "ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْداً"، اضمار قبل الذکر کرناجائز ہے، البتہ یہ پانچ صورتیں اس سے مستثنی ہیں:۱) افعال مدح وذم کا فاعل ضمیر مبہم ہو اور مابعد نکرہ اس کی تفسیر کرے، جیسے: "بِئْسَ لِلظَّالِمِيْنَ بَدَلاً"۔ ۲) ضمیر مبہم پر "رُبَّ" داخل ہو اور نکرہ تمیز ہو، جیسے: "رُبَّهُ رَجُلاً"۔ ۳) تنازع الفعلین میں، جیسے: "قَامَ وَ قَعَدَ أَبُوْكَ"۔ ۴) ضمیر شان اور ضمیر قصہ میں، ضمیر شان کی مثال، جیسے: "قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ" اور ضمیر قصہ کی مثال، جیسے: "فَإِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ أَبْصَارُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَار"۔ ۵) مبتداء ضمیر اور خبر اس کی تفسیر کرے، جیسے: "مَا هِيَ إِلَّا حياتنا الدُّنْيَا"۔ ۶) جب ضمیر کا مابعد اس سے بدل واقع ہو، جیسے: "ضَرَبْتُهُ زَيْداً"۔ ۷) جب ضمیر فاعل کیساتھ متصل ہو اور مفعول کی طرف راجع ہو، جیسے: "ضَرَبَ غُلَامُهُ زَيْداً"، مذکورہ تمام مقامات میں اضمار قبل الذکر ہے اور یہ جائز ہے[3]۔

---

[1] النحو الوافی:۱/۲۸۰۔

[2] النحو الوافی:۱/۲۸۱۔

[3] مغنی اللبیب:۵/۶۳۵، ہمع الہوامع:۱/۲۶۲، حاشیۃ الصبان علی الاشمونی:۲/۸۶، شرح الاشمونی:۱/۴۱۱، شرح شذور الذہب لابن ہشام:۱۷۶۔

تمرین:

درج مثالوں میں اقسام مضمرات کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

أَنَا قَائِمٌ. أَنْتَ غُلَامُ زَيْدٍ. أَنْتُمْ جَاهِلُوْنَ. ضَرَبَكَ زَيْدٌ. زَيْدٌ ضَرَبَكَ. أَنَا يُوْسُفُ. نَحْنُ عَالِمُوْنَ. ضَرَبُوْهُمْ. ضَرَبَهَا عَمْرٌو. ضَرَبْتَاهَا. هُنَّ جَمِيْلَاتٌ. اَنْتِ حَسَنَةٌ. ضَرَبْنَاكَ. ضَرَبْتُكُمْ. هُمْ شَاهِدُوْنَ. هِيَ ضَارِبَةٌ. هُمَا جَاهِلَانِ. ضَرَبَهُمْ بَكْرٌ. أَنَا أَخُوْعَمْرٍو. ضَرَبَتْكُنَّ هِنْدٌ. نَصَرْتَنِيْ. نَصَرُوْنِيْ. نَصَرَتْنِيْ هِنْدٌ. اَنْتَ اِبْنُ زَيْدٍ. اَنْتُمْ اَبْنَاءُ بَكْرٍ. اَنْتَ عَمُّ بَكْرٍ. هُوَ خَالِقٌ. هُمْ مَلَائِكَةُ الرَّحْمٰنِ. اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. اِهْدِنَا. غُلَامُنَا قَائِمٌ. اِيَّايَ ضَرَبْتَ، اِيَّاكُمْ اَدْعُوْ. لَكُمْ جَمَالٌ. لَهَا زَوْجٌ. لَهُمْ عِلْمٌ. لِيْ حُزْنٌ. ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا. اِيَّاكُمَا اَعْطَيْتُ. اِيَّا هُنَّ نَكَحْتُ. اِيَّاكَ ضَرَبْتُ. لَهُمْ كَمَالٌ. اِضْرِبُوْهُنَّ. رَبُّنَا اللهُ. رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ. قِبْلَتُنَا بَيْتُ اللهِ. لَكُمْ دِيْنُكُمْ. أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...... ''أَنَاقَائِمٌ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''أَنَا'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع منفصل مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء...... ''قَائِمٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین،اسم متمکن معرب مسند مسندبہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبربہ محمول خبر...... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ۔

✍...... ''ضَرَبَكَ زَيْدٌ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''ضَرَبَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل...... ''كَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مقدم...... ''زَيْدٌ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین مسند الیہ،اسم متمکن معرب معمول مسند الیہ فاعل مؤخر...... فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب۔

✍...... ''إِيَّاكَ نَعْبُدُوَ إِيّاكَ نَسْتَعِيْنُ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''إِيَّاكَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم...... ''نَعْبُدُ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف،اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند

فعل......اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسند الیہ فاعل مؤخر...... فعل اپنے فاعل مؤخراور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ...... ''واؤ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف عطف......''إِيّاكَ نَسْتَعِيْنُ'':لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''إِيَّاكَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم......''نَسْتَعِيْنُ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف،اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند فعل......اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسند الیہ فاعل مؤخر...... فعل اپنے فاعل مؤخراور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف...... معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ۔

✍......''أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''أُولَئِكَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء......''هُمْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم ،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر فصل عند البصریین حرف لامحل لہامن الاعراب......''الْمُفْلِحُونَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف اسم و جمع اس متمکن معرب مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر مبتدا اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ۔

ویا کہ:''أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ...... ''أُولَئِكَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء......''هُمُ الْمُفْلِحُونَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ......''هُمْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر عماد عند الکوفیین مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء......''الْمُفْلِحُونَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف اسم و جمع اس متمکن معرب مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر......مبتدا اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر...... مبتدا اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعرب ۔

فصل سوم: اسمائے اشارۃ کا بیان[1]

۱۔ اسماء الاشارۃ کی تعریف:

"مَا وُضِعَ لِيَدُلَّ عَلى تَعْيِينِ مُشَارٍ إِلَيهِ."

اسم اشارہ وہ اسم ہے جو واضع نے تعیین مشارالیہ کے لیے وضع کیا ہو[2]، جس اسم سے اشارہ کرتے ہیں اسے اسمِ اشارہ کہتے ہیں اور جس شئی کی طرف اشارہ کیا جائے اُسے مشارالیہ کہتے ہیں اور اشارہ کرنے والے کو مشیر کہتے ہیں، جیسے: "هَذَا زَيْدٌ"، اس میں "هَذَا" اسم اشارہ، "زَيْدٌ" مشارالیہ اور متکلم مشیر ہے۔

۲۔ اسمائے اشارہ کی اقسام:

اسم شارہ کی دو قسمیں ہیں: (الف): اسم اشارہ مکانی (ب): اسم اشارہ غیر مکانی

(الف): اسم اشارہ مکانی: اسم اشارہ مکانی کے لیے پانچ الفاظ استعمال ہوتے ہیں: "هُنَا، هٰهُنَا، هُنَاكَ، هُنَالِكَ، ثَمَّ"، ان میں "هُنَا، هٰهُنَا" اشارہ قریب کے لیے، "هُنَاكَ" اشارہ متوسط کے لیے اور "هُنَالِكَ، ثَمَّ" اشارہ بعید کے لیے آتے ہیں۔

۳۔ اسمائے اشارہ مکانی کی ترکیب:

اسم اشارہ مکانی کی ترکیب یوں ہوگی، اگر اس پر حرف جر داخل ہو گا یا نہیں، اگر اس پر حرف جارہ داخل ہو تو اپنے ما قبل یا مابعد کیساتھ متعلق ہو گا، جیسے: "جِئتُ مِنْ ثَمَّ، مِنْ ثَمَّ امْتَنَعَ أَحْمَدُ"، اور گر اس پر حرف جارہ داخل نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، اس کے بعد اسم ہو گا یا فعل، اگر اسم ہو تو یہ اسم اشارہ اس کے لیے خبر مقدم بنے گا، جیسے: "فَلَيْسَ هُنَاكَ مَفْهُوْمٌ كُلِيٌّ"، یہاں "هُنَاكَ" ظرف مکان "ثَابِتٌ" مقدر کے متعلق ہے اور یہ خبر مقدم ہے اور "مَفْهُوْمٌ كُلِيٌّ" فعل ناقصہ "لَيْسَ" کے لیے اسم مؤخر ہے۔ اور اگر اس کے مابعد فعل ہو یا ما قبل فعل ہو تو دونوں صورتوں میں فعل کے لیے مفعول فیہ بنے گا، اگر فعل سے پہلے ہو تو مفعول فیہ مقدم ہو گا، جیسے: "هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ"، یہاں "هُنَالِكَ"، "دعا" فعل کے لیے مفعول فیہ مقدم ہے اور اگر بعد میں ہو تو مفعول فیہ مؤخر ہو گا، جیسے: "اجْلِسْ هُنَاكَ" میں " هُنَالِكَ" فعل "اجْلِسْ" کے لیے مفعول فیہ مؤخر ہے۔[3]

---

[1] نحو میر میں اسماء الاشارۃ اور اسماء الموصولہ مضمرات کیساتھ مذکور ہیں، ہم نے انہیں الگ الگ فصلوں میں ذکر کیا ہے تاکہ خلط مبحث نہ ہو اور مسائل سمجھنے میں آسانی رہے، کیونکہ ان کے قواعد و ضوابط اور مباحث تفصیلی ہیں۔

[2] اسماء الاشارہ اس لیے مبنی ہیں کہ ان میں مشابہت شبہ افتقاری پائی جاتی ہے کہ یہ اسماء حروف کیساتھ احتیاج میں مشابہ ہیں کہ جس طرح حروف اپنے معنی پر دلالت کرنے میں ضم ضمیمہ کے محتاج ہوتے ہیں تو اسی طرح یہ اسماءٔ بھی اپنے ابہام کو دور کرنے میں مشارالیہ کے محتاج ہیں۔

[3] بدر السعید: ۱۲۰۔

(ب): اسم اشارہ غیر مکانی: اسمائے اشارہ غیر مکانی کے لیے درج ذیل تیرہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

ذَا	ذَانِ	ذَیْنِ [1]	تَا، تِیْ، تِہ، ذِہْ، ذِھِیْ، تِھِیْ	تَانِ	تَیْنِ	اُوْلَآءِ	اُوْلٰی [2]
واحد مذکر	تثنیہ مذکر حالت رفعی	تثنیہ مذکر حالت نصبی وجری	واحدہ مؤنث ان سب کے معنی ہیں (یہ ایک عورت)	تثنیہ مؤنث حالت رفعی	تثنیہ مؤنث حالت نصبی وجری	جمع مذکر ومؤنث	جمع مذکر ومؤنث

۴۔ اسم اشارہ غیر مکانی کی ترکیب:

اسم اشارہ غیر مکانی کی ترکیب کی تفصیل یہ ہے کہ اس کا مشارالیہ مذکور ہوگا یا محذوف، اگر مذکور ہو تو دو حال سے خالی نہیں، مقدم ہوگا یا مؤخر، اگر مقدم ہو تو اشارہ اس کے لیے صفت بنے گا، جیسے: "لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا ھَذَا نَصَباً"، یہاں "سَفَرِنَا" موصوف اور "ھَذَا" اس کے لیے صفت ہے، اگر مشارالیہ مؤخر ہو تو پھر دیکھیں گے: معرف باللام ہوگا یا غیر معرف باللام، اگر معرف باللام ہو تو مشارالیہ اسم اشارہ کے صفت، یا بدل اور یا عطف بیان بنے گا، جیسے: "ذٰلِكَ الْكِتَابُ" اور اگر غیر معرف باللام ہو تو مبتداء اور خبر بنیں گے، جیسے: "ھَذَا زَیْدٌ" اور اگر مشارالیہ محذوف ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اس پر حرف جارہ داخل ہے یا نہیں، اگر اس پر حرف جارہ داخل نہیں تو پھر دیکھیں گے کہ اس کے بعد اسم ہے، فعل ہے یا جار مجرور ہے، تینوں صورتوں میں مبتداء و خبر بنیں گے، جیسے: "ھَذَارَجُلٌ، ھَذَا ثَبَتَ، ھَذَافِي الدَّارِ"، اور اگر اس پر حرف جارہ داخل ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اسکے بعد اسم ہے یا فعل، اگر اس کے بعد اسم ہو تو اسم اشارہ خبر مقدم اور مابعد مبتداء مؤخر بنے گا، جیسے: "كَذٰلِكَ الْأَمْرُ"، اور اگر اس کے بعد فعل ہو تو اسی طرح فعل کو ماقبل میں مقدر نکالیں گے اور یہ اس کے لیے مفعول مطلق

---

[1] اسماء الاشارہ کے مفرد کے صیغے بالاتفاق مبنی ہیں، لیکن تثنیہ اور جمع کے صیغوں میں اختلاف ہے، جمہور نحات کہتے ہیں کہ یہ معرب ہیں، اس لیے کہ لیے کہ ان آخر عوامل مختلفہ کی وجہ سے مختلف ہوتا ہے، جیسے: "ذَانِ" حالت رفعی میں الف و نون کیساتھ ہے اور حالت نصبی و جری میں "ذَیْنِ" یاء ساکن ماقبل مفتوح و نون مکسورہ کیساتھ ہے اور "تَانِ وَتَیْنِ" بھی اسی طرح ہیں، ان کا آخر مختلف ہونا ان کے معرب ہونے کی دلیل ہے اور بعض نحات کہتے ہیں کہ یہ بھی مبنی ہیں، اس لیے کہ ان میں شبہ افتقاری پائی جاتی ہے، باقی رہا ان کے آخر کا مختلف ہونا تو یہ اختلاف یہ اعراب کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کی وضع لغوی اسی طرح ہے کہ واضع نے "تَانِ" اور "ذَانِ" کو الف کیساتھ حالت رفعی کے لیے اور "ذَیْنِ" اور "تَیْنِ" کو یاء کیساتھ حالت نصبی و جری کے لیے وضع کیا ہے۔ (شرح المفصل لابن یعیش: ۳۵۴/۲)

[2] ان دونوں "اُوْلَآءِ" مد کیساتھ اور "اُوْلٰی" قصر کیساتھ میں فرق یہ ہے کہ "اُوْلَآءِ" مد کیساتھ اہل حجاز کی لغت میں جمع مذکر و مؤنث کے لیے استعمال ہوتا ہے اور جب کہ بنو تمیم اسے قصر کیساتھ "اُوْلٰی" پڑھتے ہیں، یہ دونوں لغات فصیح ہیں، لیکن لغت اہل حجاز افصح اللغات فی العرب ہے، یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید بھی لغتِ حجاز میں نازل ہوا ہے۔ یہاں یہ بات بھی ذہن نشیں رکھیں کہ نحات صرف اسماء معربہ پر مقصور اور ممدود کا اطلاق کرتے ہیں جب کہ لغویین اور قراء حضرات معرب اور مبنی دونوں پر مد اور قصر کا طلاق کرتے ہیں، لہذا مذکورہ اطلاق لغویین اور قراء کے مسلک کے مطابق کیا گیا ہے۔ (ہامش النحو الوافی: ۱۸۸/۱)

بنے گا، جیسے: ''كَذٰلِكَ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ''،أَيْ أَرْسَلْنَا إِرْسَالًا ثَابِتاً كَذٰلِكَ أَرْسَلْنَا.''[1]

۵۔مشاالیہ اور مخاطب کے اعتبار سے اسم اشارہ کی اقسام:

اسم اشارہ سے پہلے لفظ ''ہ''لگایاجاتاہے اس سے مخاطب کو مشارالیہ پر تنبیہ کرنی مقصود ہوتی ہے،جیسے:''هٰذَا، هٰذِهِ، ہولَاءِ''اور کبھی اسم اشارہ کے آخر میں حروفِ خطاب''كَ، كُمَا، كُمْ، كِ، كُمَا، كُنَّ''لگاتے ہیں تاکہ مخاطب کے مفرد، تثنیہ، جمع،مذکرومؤنث ہونے پر دلالت کرے،یعنی مشارالیہ کااعتباراسم اشارہ اور مخاطب کااعتبار''كَ''حرف خطاب سے کیا جاتاہے،اگرمشارالیہ واحد ہو تو اسم اشارہ بھی واحد،مشارالیہ تثنیہ ہو تو اسم اشارہ بھی تثنیہ اوراگرمشارالیہ جمع ہو تو اسم اشارہ بھی جمع ہو گااوراسی طرح اگرمشارالیہ واحد مخاطب ہو تو''كَ''حرف خطاب واحد ہو گا،اگرمخاطب تثنیہ ہو تو''كَ''حرف خطاب تثنیہ اور مخاطب جمعہ ہو تو''كَ''حرف خطاب جمع ہو گا،اب مشاالیہ اور مخاطب کے اعتبار سے اسم اشارہ کی چھتیس صورتیں بنتی ہیں،مشارالیہ کی چھ صورتیں: تین مذکرکی اور تین مؤنث کی اوراسی طرح''كَ''حرف خاطب کی بھی چھ صورتیں ہیں: تین مذکرکی اور تین مؤنث کی، توچھ کو چھ میں ضرب دینے سے کل چھتیس صورتیں بنتی ہیں،جو حسب ذیل ہیں:

احوال مشارالیہ	واحد مذکر مخاطب	تثنیہ مذکر مخاطبین	جمع مذکر مخاطبین	واحدہ مؤنث مخاطبہ	تثنیہ مؤنث مخاطبتین	جمع مؤنث مخاطبات
واحد مذکر	ذَاكَ	ذَاكُمَا	ذَاكُمْ	ذَاكِ	ذَاكُمَا	ذَاكُنَّ
تثنیہ مذکر	ذَانِكَ	ذَانِكُمَا	ذَانِكُمْ	ذَانِكِ	ذَانِكُمَا	ذَانِكُنَّ
جمع مذکر	أُوْلٰئِكَ	أُوْلٰئِكُمَا	أُوْلٰئِكُمْ	أُوْلٰئِكِ	أُوْلٰئِكُمَا	أُوْلٰئِكُنَّ
واحدہ مؤنث	تِلْكَ	تِلْكُمَا	تِلْكُمْ	تِلْكِ	تِلْكُمَا	تِلْكُنَّ
تثنیہ مؤنث	تَانِكَ	تَانِكُمَا	تَانِكُمْ	تَانِكِ	تَانِكُمَا	تَانِكُنَّ
جمع مؤنث	أُوْلٰئِكَ	أُوْلٰئِكُمَا	أُوْلٰئِكُمْ	أُوْلٰئِكِ	أُوْلٰئِكُمَا	أُوْلٰئِكُنَّ

قواعد و فوائد:

قاعدہ: جہاں اسم اشارہ ہو وہاں چارچیزیں ہوتی ہیں:۱)مشیر، ۲)مشارالیہ،۳)اسم اشارہ، ۴)کاف خطابیہ،جیسے:''ذَاكَ زَيْدٌ''میں متکلم مشیر،زید مشارالیہ اور''ذَا''اسم اشارہ اور''کاف''خطابیہ ہے،''ك''خطابیہ کاہر جگہ ہوناضروری نہیں۔

قاعدہ: بعض اوقات''ہ''تنبیہ اوراسم اشارہ کے درمیان فاصلہ لایاجاتاہے،یہ فاصلہ کبھی ضمائر کی صورت میں ہوتاہے،جیسے: ''هَا أَنْتُمْ أَوْلَاءِ''اور کبھی''ك''تشبیہ کیساتھ ہو گا،جیسے:''هٰكَذَا''،یہ ترکیب میں''كَذَا''کی مانند ہے،لیکن دونوں میں فرق

[1] یہاں''كَ''جارہ''ثَابِتاً''مقدر کیساتھ متعلق ہے اور''ثَابِتاً''،فعل محذوف''أَرْسَلْنَا''کے مصدر محذوف''إِرْسَالاً''کی صفت ہے۔

یہ ہے کہ "كَذَا" کا مشارالیہ بعد میں ذکر ہوتا ہے اور "هَكَذَا" کا مشارالیہ بعد میں ذکر نہیں ہوتا، جیسے: "إِنَّ هَذَا الطَّيْرَ هَكَذَا"، یہاں "هَكَذَا" میں "هَا" تنبیہ "كَ" بمعنی "مِثْلُ" مضاف "ذَا" مضاف الیہ ہے، مضاف مضاف الیہ "إِنَّ" حرف مشبہ بالفعل کی خبر ہے۔

قاعدہ: اسم اشارہ پر جو "هَا" تنبیہ، "لام" بعدیٰ اور "كَ" حرف خطاب ہوتے ہیں یہ نہ عامل بنتے ہیں، نہ معمول اور نہ کوئی الگ (سوائے قرب وبُعد کے) ان کے معانی ہیں۔

قاعدہ: "هَا" تنبیہ اور "لام" بعد بیک وقت اسم اشارہ پر داخل نہیں ہوسکتے ہیں، کیونکہ "هَا" قرب اور "لام" بُعد کے لیے ہے[1]۔

قاعدہ: جب اسم اشارہ تثنیہ ہو، یا جمع ہو یا اسم اشارہ پر "ہاء" تنبیہ داخل ہو تو اس پر "لام" کا دخول ممتنع ہے۔

فائدہ: اسم اشارہ "أُوْلى" کا "واوَ" (جو الف اور لام کے درمیان واقع ہے) لکھا جاتا ہے، لیکن پڑھا نہیں جاتا اور یہ "واوَ" اس لیے آتا ہے کہ "أُوْلى" اسم اور "إِلَى" حرف جارہ کے درمیان فرق واضح رہے[2]۔

فائدہ: اسم اشارہ محسوس مبصر کے لیے وضع کیا گیا ہے اور جب یہ غیر محسوس مبصر کے لیے استعمال ہو تو اسے اشارہ عقلیہ کہتے ہیں، جیسے: "ذَلِكُمُ اللهُ رَبُّكُمْ" اور "أَنَّ هَذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْماً" وغیرہ۔

قاعدہ: اگر اسم اشارہ کے شروع میں "ہاء" حرف تنبیہ ہو تو قریب کے لیے ہوگا، جیسے: "هَذَا"، اگر آخر میں "كَ" خطابیہ لاحق ہو تو متوسط کے لیے ہوگا، جیسے: "ذَاكَ" اور اگر آخر میں "كَ" خطابیہ اور "لام" بُعدیٰ ہو تو بعید کے لیے ہوگا، جیسے: "ذَلِكَ"، پھر بُعد کی دو قسمیں ہیں: ۱) بُعدِ رُتبی، جیسے: "ذَلِكَ الْكِتَابُ"، ۲) بُعد مکانی، جیسے: "ذَلِكَ الرَّجُلُ"۔[3]

قاعدہ: اگر اسم اشارہ کے بعد اسم معرف باللام یا اسم موصول ہو تو عموماً تین تراکیب ہوسکتی ہیں: ۱) موصوف صفت، ۲) مبین عطف بیان ۳) مبدل منہ بدل، جیسے: "هَذَا الرَّجُلُ خَالِيْ، ذَانِكَ الرَّجُلاَنِ ذَهَبَا" وغیرہ میں یہ تینوں تراکیب ہوسکتی ہیں، اسم موصول کی مثال، جیسے: "أَرَأَيْتَكَ هَذَا الَّذِي كَرَّمْتَ عَلَيَّ." (الاسراء: ۶۲)، یہاں "الَّذِي" اسم موصول "هَذَا" کی صفت، عطف بیان اور بدل تینوں بن سکتے ہیں، لیکن اگر مشارالیہ معرف باللام اسم جامد ہو تو مبین عطف بیان اور مبدل منہ بدل بنانا افضل ہے اور اگر مشتق ہو تو موصوف صفت اور مبدل منہ بدل بنانا افضل ہے۔ ۴) اگر دونوں مرفوع ہوں تو مبتداء وخبر بنانا بھی جائز ہے، لیکن یہ قلیل الاستعمال ہے، جیسے: "أُولَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَى." (البقرۃ: ۱۶)، یہاں "الَّذِينَ" اسم موصول بمع صلہ "أُولَئِكَ" مبتداء کی خبر ہے[4]۔

---

[1] النحو الوافی: ۳۲۶/۱۔
[2] بدر السعید: ۱۲۵، روضۃ الہادیۃ: ۲۳۔
[3] النحو الوافی: ۳۲۴/۱۔
[4] النحو الوافی: ۴۶۵/۳۔

قاعدہ: اگر اسم اشارہ کے بعد جملہ ہو تو مبتداء اور خبر والی ترکیب کریں گے، بشرطیکہ اسم اشارہ ماقبل کے لیے فاعل یا مفعول نہ بن رہا ہو، جیسے: "أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" اور اگر ماقبل کے لیے فاعل یا مفعول بن رہا ہو تو اسے ذوالحال اور جملے کو حال بنائیں گے، جیسے: "ضَرَبْتُ هٰذَا وَ هُوَ رَاكِبٌ".

فائدہ: اسم اشارہ کا مشار الیہ سات مقامات میں محذوف [1] ہوتا ہے، مشار الیہ سے مراد وہ لفظ ہے جو مشار الیہ پر دال ہو، کیونکہ حقیقۃً مشار الیہ محذوف ہوتا ہے، اس لیے کہ اصل مشار الیہ میں مشار الیہ بالحس ہوتا ہے، وہ سات مقامات یہ ہیں: ۱) اسم اشارہ کے بعد ضمیر مرفوع منفصل ہو، جیسے: "ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ"۔ ۲) اسم اشارہ کے بعد نکرہ ہو، جیسے: "هٰذَا رَجُلٌ"۔ ۳) اسم اشارہ کے بعد فعل ہو، جیسے: "هٰذَا ثَبَتَ"۔ ۴) اسم اشارہ کے بعد جار مجرور ہو، جیسے: "هٰذَا فِي الدَّارِ"۔ ۵) اسم اشارہ پر حرف جارہ داخل ہو، جیسے: "كَذَالِكَ الْأَمْرُ"۔ ۶) اسم اشارہ کے بعد موصوف صفت ہوں، جیسے: "هٰذَا رَجُلٌ عَالِمٌ"۔ ۷) اسم اشارہ کے بعد مضاف مضاف الیہ ہو، جیسے: "هٰذَا غُلَامُ زَيْدٍ". [2]

تمرین:

درج مثالوں میں اسمائے اشارہ کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

هٰذِهِ سَبِيلِي. هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ. ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ. تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا. أُولٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ. هٰذِهِ نَاقَةُ اللهِ. هٰذَا عَبْدِىْ. هٰؤُلَاءِ اِخْوَتِىْ. هٰذَا أَخِىْ. هٰذَا كِتَابُنَا. هٰذَانِ سَاحِرَانِ. هٰذِهِ بِنْتِىْ. اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. هٰذَا الرَّجُلُ خَالِىْ. ذَانِكَ الرَّجُلَانِ ذَهَبَا. هٰذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ. هٰؤُلَآءِ اَصْحَابِىْ. هٰذَا دِرْهَمٌ. ذَا رَجُلٌ شَرِيْفٌ. هٰذَا كِتَابٌ نَافِعٌ. ذَهْ امْرَأَةٌ تَعْتَنِيْ بِأَوْلَادِهَا. هٰذِهٖ حُجْرَةٌ وَاسِعَةٌ. ذَانِ وَلَدَانِ مُهَذَّبَانِ. إِنَّ هٰذَيْنِ فَائِزَانِ. تَانِ وَرْدَتَانِ مُفَتَّحَتَانِ. إِنَّ هَاتَيْنِ بِنْتَانِ مُطِيْعَتَانِ. أُوْلَاءِ تُجَّارٌ صَادِقُوْنَ. هٰؤُلَاءِ صَنَّاعٌ مَاهِرُوْنَ. أُوْلَاءِ بَنَاتٌ نَظِيْفَاتٌ. هٰؤُلَاءِ تِلْمِيْذَاتٌ لَطِيفَاتٌ. خُذْ هٰذِهٖ. انْظُرْ إِلَى هَاتَيْنِ. هٰؤُلَاءِ مُجْتَهِدُوْنَ. هٰذَانِ قَلَمَانِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... "هٰذِهِ سَبِيلِي":

---

[1] حذف اور تقدیر میں فرق یہ ہے کہ حذف ایسی جگہ ہوتا ہے جہاں محذوف کو ذکر کرنے سے کسی قسم کا ثقل پیدا ہوتا ہے، اس لیے اسے لفظوں میں ذکر نہیں کرتے، بخلاف تقدیر کے کہ اس میں مقدر کا وجود اعتباری نفس الامری تسلیم کیا جاتا ہے اور احکام لفظی اس پر جاری کیے جاتے ہیں، مثلاً: فاعل ہونا، مؤکد ہونا اور مبدل منہ وغیرہ ہونا۔ (ہامش بدر منیر: ۱۵)

[2] بدر السعید: ۱۲۱۔

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "هَذِهِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم اشارہ مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "سَبِيلِي" لفظ لفظ موضوع الخ... مرکب اضافی...... "سَبِيلِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم متمکن معرب مضاف...... "یْ" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ...... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر...... مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍......"هذَا الرَّجُلُ خِالِيْ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "هذَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم اشارہ ویا کہ موصوف ویا کہ مبدل منہ ویا کہ مبین...... "الرَّجُلُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب مشارالیہ ویا کہ صفت ویا کہ بدل ویا کہ عطف بیان......اشارہ مشارالیہ سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء...... "خَالِيْ" لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔ مرکب اضافی...... "خَالِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم متمکن معرب مضاف...... "یْ" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ......مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر...... مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

فصل چہارم: اسمائے موصولہ کا بیان

۱۔ اسماء موصولہ کی تعریف[1]:

"اِسْمٌ لا یَصْلُحُ أنْ یَکُوْنَ جُزءاً تامّاً مِنْ جُمْلَةٍ إلاَّ بِصِلَةٍ بَعدَہُ."

اسم موصول وہ اسم ہے جو جملہ (اسمیہ یا فعلیہ) کا کامل جزء بغیر صلہ کے نہ بن سکے، یعنی جو جملہ یا قائم جملہ کا محتاج ہو[2] اور جملہ کا کامل جزء ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ مبتداء یا خبر یا فاعل یا مفعول وغیرہ نہ ہو، کامل جزء اس لیے کہا کہ موصول بغیر صلہ کے جملہ کا جزء ہوتا ہے، لیکن کامل جزء بغیر صلہ کے نہیں ہوتا ہے، جیسے: "تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ"، یہاں اسم موصول "الَّذِیْ" اپنے صلہ "نَزَّلَ الْفُرْقَانَ" سے مل کر جملہ کا کامل جزء یعنی فاعل ہے، لیکن صرف "الَّذِیْ" جملے کا جزء تو ہے، لیکن کامل جزء نہیں۔

۲۔ اسمائے موصولہ کی اقسام:

اسمائے موصولہ کی دو قسمیں ہیں:

(الف): حرفی، (ب): اسمی۔

(الف): موصول حرفی:

موصول حرفی پانچ ہیں: ۱) "مَا، ۲) أَنْ، ۳) أَنَّ، ۴) لَوْ، ۵) کَیْ".

(ب): موصول اسمی:

موصول اسمی کی دو قسمیں ہیں:

۱) اسمائے موصولہ خاصہ، ۲) اسماء موصولہ مشترکہ۔

۱)۔ اسمائے موصولہ خاصہ:

وہ اسمائے موصولہ ہیں جو ایک مخصوص معنی کے لیے وضع ہوں اور یہ وہ صیغے ہیں جو مقتضی کلام کے مطابق مفرد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث استعمال ہوتے ہیں اور یہ درج ذیل دس الفاظ ہیں:

---

[1] اسماء الموصولہ اس لیے مبنی ہیں کہ ان میں مشابہت افتقاری پائی جاتی ہے اس طور پر کہ اسماء الموصولہ حروف کیساتھ احتیاج میں مشابہ ہیں، یعنی جس جس طرح حروف اپنے معنی پر دلالت کرنے میں ضم ضمیمہ کے محتاج ہوتے ہیں تو اسی طرح اسماء الموصولہ بھی اپنے ابہام کو دور کرنے میں صلہ اور عائد کے محتاج ہوتے ہیں تو اس مشابہت کی وجہ سے یہ بھی مبنی ہوئے۔

[2] اسم موصول جملہ میں عائد یا قائم مقام عائد کا محتاج ہوتا ہے، تعریف میں قائم مقام عائد سے چار چیزیں مراد ہیں: ۱) اسم فاعل، جیسے: "الضَّارِبُ"، بمعنی "الَّذِیْ ضَرَبَ"۔ ۲) اسم مفعول، جیسے: "الْمَضْرُوْبُ" بمعنی "الَّذِیْ ضُرِبَ"۔ ۳) ظرف، جیسے: "الَّذِیْ عِنْدَكَ"۔ ۴) جار مجرور، جیسے: "الَّذِیْ فِی الدَّارِ"۔

اَلَّذِیْ	اَلَّذَانِ	اَلَّذَیْنِ	اَلَّذِیْنَ	اَلَّتِیْ[1]	اَللَّتَانِ	اَللَّتَیْنِ	اَللاَّتِیْ	اَللَّوَاتِیْ	اللاَّئِي
واحد مذکر کے لیے	تثنیہ مذکر کے لیے حالت رفعی میں	تثنیہ مذکر کے لیے حالت نصبی وجری میں	جمع مذکر کے لیے	واحدہ مؤنث کے لیے	تثنیہ مؤنث حالت رفعی	تثنیہ مؤنث حالت نصبی وجری	جمع مؤنث کے لیے	جمع مؤنث کے لیے	جمع مؤنث کے لیے

۲)۔اسمائے موصولہ مشترکہ:

وہ اسمائے موصولہ ہیں جو واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے یکساں استعمال ہوتے ہیں، یعنی سب کے لیے ایک ہی لفظ ہو، یہ کل چھ الفاظ ہیں: "۱-مَا، ۲- مَنْ، ۳-أَيٌّ وَأَيَّةٌ، ٤-ذُوْ، ٥-الف لام، ٦-"ذَا" بشرطیکہ اس کے ماقبل "مَنْ" یا "مَا" مذکور ہو، جیسے: "مَاذَا أَرَادَ الله بِهَذَامَثَلاً." (البقرۃ:۲٦) [2]، ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

لفظ "مَا" کی اقسام:

لفظ "مَا" کی دو قسمیں ہیں: (الف): اسمیہ، (ب): حرفیہ، پھر "مَا" اسمیہ کی سات قسمیں ہیں: ۱) "مَا" موصولہ، ۲) "مَا" تامہ معرفہ، ۳) "مَا" موصوفہ نکرہ، ۴) "مَا" تامہ نکرہ، ۵) استفہامیہ، ۶) "مَا" شرطیہ، ۷) "مَا" صفتیہ ابہامیہ۔

ان کی تفصیل یہ ہے کہ "مَا" اسمیہ کی اولاً چار قسمیں ہیں: ۱) اسمیہ معرفہ، ۲) اسمیہ نکرہ مجردہ عن معنی الحرف، ۳) اسمیہ نکرہ متضمنہ لمعنی الحرف، ۴) اسمیہ صفتیہ ابہامیہ۔

۱) "مَا" "مَا" اسمیہ معرفہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) ناقصہ، ۲) تامہ۔ ۱) "مَا" ناقصہ: یہ اسم موصولہ ہے اور اس کو ناقصہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ صلہ کی طرف محتاج ہے، جیسے: "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ الله بَاقٍ." (النحل:۹٦)۔ ۲) "مَا" تامہ: یہ وہ "مَا" ہے جو افعال مدح وذم کے بعد آتی ہے اور یہ عند سیبویہ "الشیء" کے معنی میں ہے، جیسے: "نِعِمَّا هِيَ، أَيْ نِعْمَ الشَّيْءُ هِيَ".

۲) "مَا" اسمیہ نکرہ مجردہ عن معنی الحرف کی دو قسمیں ہیں: (الف) ناقصہ، ۲) تامہ، ۱) ناقصہ: یہ موصوفہ ہے، پھر عام ہے صفت اس کا مفرد ہو، جیسے: "مَرَرْتُ بَمَا مُعْجِبٍ لَكَ، أَيْ بِشَيْءٍ مُعْجِبٍ لَكَ"، یا صفت اس کا جملہ ہو، جیسے

---

[1] يقولون في جمع "التِي": "اللَّاتِي"، على وزنِ "القاضِي"، و"اللّائِي"، و"اللَّاءِ" بغير ياء، كما قالوا في "الذِي": "الألى"، فأتوا به على غير لفظ الواحد. قال تعالى: {وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ} (الطلاق:٤).وربما قالوا: "اللوَائِي"، و"اللوَاءِ" بغيرِ ياء، كما قالوا: "اللوَاتِي"، و"اللوَاتِ"، فاعرفه. (شرح المفصل لابن يعيش:٢/٣٧٧)

[2] النحو الوافی:۱/۳۴۰۔

:"رُبَّ مَا تَكْرِهُ النُّفُوْسُ مِنَ الأَمْرِ، أىْ رُبَّ شَيْءٍ تَكْرِهُ النُّفُوْسُ مِنَ الْأَمْرِ".

(ب)تامہ:اس کی پھر دو قسمیں ہیں:۱)"مَا"تعجبیہ، جیسے:"مَا أحْسَنَ زَيْدٌ، أىُّ شَيْءٍ حَسَنَ زَيْدٌ".

۲)عند الزمخشری افعال مدح وذم کے بعد جو"مَا"آتی ہے، جیسے:"غَسَيْلَتُهُ غَسْلاً نِعْمَا، أىْ نِعْمَ شَيْئاً".

۳) "مَا"اسمیہ نکرہ متصمنہ لمعنی الحرف:اس کی دو قسمیں ہیں:(الف)استفہامیہ،(ب)شرطیہ۔(الف)۔"مَا" استفہامیہ: وہ ہے جو حرف استفہام کے معنی کو متضمن ہو،جیسے:"مَا لَوْنُهَا"، أىُّ شَيْءٍ لَوْنُهَا"۔(ب) "مَا"شرطیہ:وہ ہے جو حرف شرط کے معنی کو متضمن ہو،جیسے:"مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍيَعْلَمْهُ اللهُ".

۴) "مَا"اسمیہ صفتیہ ابہامیہ:وہ ہے جو نکرہ کی صفت واقع ہو،جیسے:"مَثَلاً مَّا، أىْ مَثَلاً حَقِيْراً"،پھر یہ ابہام کی وجہ سے تین چیزوں کے لیے آتی ہے:۱)تحقیر کے لیے،جیسے:"أنْ يَّضْرِبَ مَثَلاً مَّا"، أىْ مَثَلًا حَقِيْراً".

۲)تعظیم کے لیے،جیسے:"لِأَمْرٍ مَّا حَرَبَ الْحَارِسُ، أىْ أمْرٌ عَظِيْمٌ"۔۳)تنویع کے لیے،جیسے:"اضْرِبْ بِهِ ضَرْباً مَّا، أىْ نَوْعاً مِنْ أنْوَاعِهِ"،"مَا"صفتیہ ابہامیہ میں اختلاف ہے،بعض کے نزدیک یہ"مَا"حرفیہ زائدہ ہے اور بعض کہتے ہیں یہ"مَا"صفتیہ بمعنی"أىُّ شَيْءٍ"کے ہے[۱]۔

لفظ:"مَنْ"کی اقسام:

"مَنْ" واحد،تثنیہ،جمع،مذکر اور مؤنث سب میں مشترک ہے،پھر"مَنْ"کی چار قسمیں ہیں:۱) "مَنْ"موصولہ،۲) "مَنْ"موصوفہ،۳) "مَنْ"استفہامیہ،۴) "مَنْ"شرطیہ۔ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱) "مَنْ"موصولہ:وہ ہے کہ اس کا مابعد جملہ اس کے لیے صلہ بنے،جیسے:"وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُوْلُ آمَنَّا بِاللهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ."(البقرۃ:۸)،اس میں"مِنْ"موصولہ اور" يَقُوْلُ آمَنَّا بِاللهِ"اس کے لیے صلہ ہے۔

۲) "مَنْ"موصوفہ:وہ ہے کہ اس کا مابعد اس کے لیے صفت بنے،اس صورت میں"مَنْ"خود بھی نکرہ ہوگا اور مابعد جو چیز اس کے لیے صفت بنے گی وہ بھی نکرہ ہوگی،پھر اس کی صفت دو قسم پر ہے:(الف)اس کی صفت مفرد ہو،جملہ نہ ہو،جیسے:سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا شعر ہے:

" فكفَى بِنا فَضلاً على مَنْ غيرِنا ... حُبُّ النَّبيِّ مُحَمَّدٍ إِيّانا "

اس شعر میں"غيرِنا"نکرہ ہونے کے باوجود"مَنْ"کے لیے صفت ہے،جس سے معلوم ہوتا ہے کہ"مَنْ"نکرہ ہے ،"مَنْ"،شخص کے معنی میں ہو کر موصوف ہے اور"غيرِنا"اس کے لیے صفت ہے اور یہ دونوں نکرہ ہیں[۲]۔

---

[۱]مغنی اللبیب:۴۱۳،شرح الرضی:۱۸۸/۴،شرح المفصل لابن یعیش:۴۰۳/۲۔

[۲]مغنی اللبیب:۴۰۸،جامع الدروس العربیہ:۱۴۰/۱۔

(ب)۔ اس کی صفت جملہ واقع ہو، جیسے یہ شعر ہے:

"رُبَّ مَنْ أنضجْتُ غَيظاً قَلْبَهُ ... قَدْ تَمَنَّى لِيَ مَوْتاً لم يُطَعْ"

یہاں "أنضجْتُ" جملہ "مَنْ" کے لیے صفت واقع ہے۔

۳) "مَنْ" استفہامیہ: وہ ہے جو استفہام کے لیے آتا ہو اور یہ ہمیشہ ابتداء کلام میں آتا ہے اور ترکیب میں مبتداء واقع ہوتا ہے اور مابعد والا جملہ اس کے لیے خبر بنتا ہے، جیسے: "فَمَنِ افْتَرَى عَلَى اللهِ كَذِباً" اور اگر اس کے بعد "الا" آجائے تو یہ انکار کے معنی میں ہوتا ہے اس کو استفہام انکاری کہتے ہیں، جیسے: "وَمَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا الله." (ال عمران:۱۳۵)۔

۴) "مَنْ" شرطیہ: وہ ہے جو معنی شرط کو متضمن ہو، جیسے: "مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا." (فصلت:۴۶)[1]۔

"أيٌّ وَأَيَّةٌ" کی اقسام:

"أيٌّ وَأَيَّةٌ" واحد، تثنیہ اور جمع میں مشترک ہیں، ان میں فرق صرف یہ ہے کہ "أيٌّ" مذکر کے لیے اور "أَيَّةٌ" مؤنث کے لیے آتا ہے، پھر "أيٌّ" کی پانچ قسمیں ہیں: ۱) "أيٌّ" موصولہ، ۲) "أيٌّ" شرطیہ، ۳) "أيٌّ" استفہامیہ، ۴) "أيٌّ" وصلیہ، ۵) "أيٌّ" صفتیہ کمالیہ۔

۱) **"أيٌّ وَأَيَّةٌ" موصولہ:** وہ ہیں جو "الَّذِيْ، الَّتِيْ" کے معنی میں ہوتے ہیں اور اس کے بعد جو جملہ آئے وہ جملہ اس کے لیے صلہ بنتا ہے اور "أيٌّ وَأَيَّةٌ" کی چار حالتیں ہیں، ایک حالت میں مبنی اور تین حالتوں میں معرب ہیں۔ وجہ حصر یہ ہے کہ "أيٌّ وَأَيَّةٌ" مضاف ہوں گے یا نہیں، اگر مضاف نہ ہوں تو پھر دو حال سے خالی نہیں، صدرِ صلہ مذکور ہو گا، یا نہیں، اگر صدرِ صلہ مذکور ہو تو معرب، جیسے: "أَيٌّ هُوَقَائِمٌ". اور "أَيَّةٌ هِيَ قَائِمَةٌ". اگر مذکور نہ ہو تو پھر بھی معرب، جیسے: "أَيٌّ قَائِمٌ" اور "أَيَّةٌ قَائِمَةٌ". اور اگر مضاف ہوں تو پھر دو حال سے خالی نہیں، صدرِ صلہ مذکور ہو گا یا نہیں، اگر مذکور ہو تو معرب، جیسے: "أَيُّهُمْ هُوَقَائِمٌ"، اور "أَيَّتُهُنَّ هِيَ قَائِمَةٌ". اگر مذکور نہ ہو تو پھر مبنی، جیسے: "أَيُّهُمْ قَائِمٌ". اور "أَيَّتُهُنَّ قَائِمَةٌ".[2]

"أيٌّ وَأَيَّةٌ" پہلی تین صورتوں میں معرب اور چوتھی صورت میں مبنی اس لیے ہے کہ پہلی تین صورتوں میں مضاف ہیں، جن میں پہلی دو صورتوں میں تقدیراً مضاف ہیں اور تیسری صورت میں لفظاً مضاف ہیں، اس لیے کہ تنوین قائم

---

[1] النحو الوافی:۱/۳۵۳۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش:۲/۴۲۶، النحو الوافی:۱/۳۶۳۔

مقام ہے مضاف الیہ کے اور اضافت اسم کا خاصہ ہے تو اس صورت میں اضافت علت بناء (جو کہ افتقار ہے) کی معارض ہوئی اور قاعدہ یہ ہے کہ جب دو علتوں کا تعارض آجائے تو اصل کی طرف رجوع کرنا واجب ہے اور اصل اسماء میں اعراب ہے، اس لیے علت موجود ہونے کے باوجود یہ تینوں صورتوں میں معرب ہیں اور چوتھی صورت میں مبنی اس لیے ہے کہ یہاں پر مضاف الیہ صدرِ صلہ (ہو) کے قائم مقام ہے تو گویا کہ ان کی اضافت سرے سے ہوئی نہیں جو علت بناء (افتقار) کی معارض ہے جب اضافت کالعدم متصور ہوئی تو یہ بوجہ علت افتقار مبنی ہیں[۱]۔ یہ تفصیل امام سیبویہؒ اور جمہور بصریین کے نزدیک ہے، امام خلیل بن احمدؒ، امام یونسؒ، امام زجاجؒ، امام اخفشؒ اور کوفیین کے نزدیک "أيٌّ" موصولہ ہمیشہ معرب ہوتا ہے۔

۲) **"أيٌّ" شرطیہ:** وہ ہے جو معنیٰ شرط کو متضمن ہو، جیسے: "أَيًّا مَا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى." (الاسراء: ۱۱۰)۔

۳) **"أيٌّ" استفہامیہ:** وہ ہے جس کے ذریعے عاقل یا غیر عاقل کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے اور یہ کسی چیز کی تعیین کے لیے آتا ہے، جیسے: "أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَذِهِ إِيمَانًا." (التوبہ: ۱۲۴)۔

۴) **"أيٌّ" وصلیہ:** وہ اسم مبہم ہے جس کیساتھ "ہاء" حرف تنبیہ متصل ہو اور یہ نداء اور معرف باللام کیساتھ متصل استعمال ہوتا ہے اور اس کے بعد والا اسم اگر مشتق ہو تو پھر یہ "أيٌّ" موصوف ہوگا، جیسے: "يَا أَيُّهَا الطَّالِبُ ادْرُسْ!"، اور اگر جامد ہو تو "أيٌّ" مبدل منہ، یا مبین اور ما بعد اس کا بدل یا عطف بیان ہوگا۔

۵) **"أيٌّ" صفتیہ کمالیہ:** وہ ہے جو معنیٰ کمال پر دال ہو اور اگر نکرہ کے بعد واقع ہو تو نکرہ کے لیے صفت بنتا ہے، جیسے: "جَاءَ رَجُلٌ أَيُّ رَجُلٍ، أَيْ رَجُلٌ كَامِلٌ فِيْ صِفَةِ الرَّجُلِيَّةِ." اور اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو حال بنے گا، جیسے: "مَرَرْتُ بِعَبْدِاللهِ أَيَّ رَجُلٍ، أَيْ عَبْدُاللهِ كَامِلاً فِي الرَّجُلِيَّةِ." [۲]

"ذُوْ" موصولہ/ "ذُوْ" طائیہ:

لفظ "ذُوْ" دو معنوں میں آتا ہے: ۱) صاحب اور اس معنیٰ میں معرب ہے جیسا کہ اسمائے ستہ مکبرہ میں آئے گا۔ ۲) دوسرا معنیٰ "الذِّيْ" کے ہے جو بنی طی کے لغت میں ہے اور یہاں یہی معنیٰ مراد ہے اور یہ معنیٰ کبھی متغیر نہیں ہوتا، جیسے: "جَاءَنِيْ ذُوْ قَامَ، رَأَيْتَ ذُوْ قَامَ، مَرَرْتُ بِذُوْ قَامَ"، اس "ذُوْ" کو ذو طائیہ بھی کہتے ہیں[۳]۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اگر اس کے بعد فعل واقع ہو تو اسمائے موصولہ میں سے ہوگا، جیسے: "ذُوْ ضَرَبَكَ" اور اگر اس کے بعد اسم ہو تو اسمائے ستہ مکبرہ

---

[۱] حاشیۃ الصبان علی الاشمونی: ۲۴۲/۱۔
[۲] النحو الوافی: ۳۶۵/۱۔
[۳] بدر منیر: ۲۷.

میں سے ہو گا، جیسے: ”ذُوْمَالٍ“. [۱]

الف لام بمعنی ”اَلَّذِیْ“:

الف لام اسمائے موصولہ مشترکہ میں سے ہے، یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب میں مشترک ہے، اسم جامد پر داخل ہونے والا الف لام حرف تعریف ہوتا ہے اور اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہونے والا الف لام ”اَلَّذِیْ“ اسم موصول کے معنی میں ہوتا ہے اس کو الف لام اسمی کہتے ہیں، اس کے موصولہ بننے کے لیے تین شرائط ہیں:
۱) الف لام عہد خارجی نہ ہو۔ ۲) اسم فاعل اور اسم مفعول دوام واستمرار کے معنی میں نہ ہوں، بلکہ حدوث پر دال ہوں۔ ۳) اسم فاعل اور اسم مفعول میں معنی وصفیت ہوتا ہے اس پر معنی اسمیت غالب نہ ہو، جیسے: ”الضَّارِبُ، الْمَضْرُوْبُ“ (بمعنی ”اَلَّذِیْ ضَرَبَ، اَلَّذِیْ ضُرِبَ“ کے ہے) وغیرہ میں معنی اسمیت غالب نہیں، اسی طرح ”الضَّارِبَانِ“ بمعنی ”اللَّذَانِ ضَرَبَا“ اور ”الضَّارِبُوْنَ“ بمعنی ”الَّذِیْنَ ضَرَبُوْا“ اور ”الضَّارِبَةُ“ بمعنی ”الَّتِیْ ضَرَبَتْ“ اور ”الضَّارِبَتَانِ“ بمعنی ”اللَّتَانِ ضَرَبَتَا“ اور ”الضَّارِبَاتُ“ بمعنی ”اللَّاتِیْ ضَرَبْنَ“ کے ہیں [۲]۔

”ذَا“ موصولہ:

اسمائے موصولہ مشترکہ میں سے ایک ”ذَا“ ہے اور اسمائے موصولہ میں سے تب ہو گا جب اس میں یہ تین شرائط موجود ہوں: ۱) اس سے پہلے ”مَنْ“ یا ”مَا“ استفہامیہ ہو۔ ۲) اسماء الاشارہ میں سے نہ ہو، جیسے: ”مَنْ ذَا الذِّیْ“، اس میں ”ذَا“ اسم اشارہ ہے۔ ۳) ”ذَا“ الغاء نہ ہو، یعنی ”مَنْ ذَا“ اور ”مَاذَا“ ایک کلمہ نہ ہو، جیسے احترازی مثال: ”مَاذَاصَنَعْتَ؟“ اس مثال میں ”مَاذَا“ ایک کلمہ ہے جو استفہام کے لیے ہے یہ اس صورت میں فعل کے لیے مفعول بہ بنے گا اور اتفاقی مثال یہ ہے: ”مَاذَاأَنْزَلَ رَبُّکُمْ؟“ اور ”مَنْ ذَالَقِیْتُهُ“ پہلی مثال میں ”مَا“ استفہامیہ مبتداء، ”ذَا“ موصولہ ہے اور ”أَنْزَلَ رَبُّکُمْ“ جملہ صلہ خبر ہے اور دوسری مثال میں ”مَنْ“ استفہامیہ مبتداء ”ذَا“ بمعنی ”الذِّیْ“ اسم موصول ہے اور ”لَقِیْتُهُ“ جملہ صلہ خبر ہے [۳]۔

”مَاذَا“ اور ”مَنْ ذَا“ میں ترکیبی احتمالات:

”مَاذَا“ اور ”مَنْ ذَا“ میں تین ترکیبی احتمالات ہیں: ۱) ”مَا“ استفہامیہ اور ”ذَا“ اسم اشارہ ہے، جیسے: ”مَاذَا السُّکُوْتُ؟“، ”أَیْ مَاهَذَا السُّکُوْتُ؟“، اس صورت میں ”مَا“ مبتداء اور ”ذَا“ اسم اشارہ بمع مشارالیہ اس کے لیے خبر ہے۔ ۲) ”مَا“ استفہامیہ ہو اور ”ذَا“ موصولہ ہو، جیسے: ”مَاذَافَعَلْتَ؟“، ”أَیْ مَا الذِّیْ فَعَلْتَ؟“، اس صورت میں بھی ”مَا“ مبتداء ہے اور ”ذَا“ بمعنی ”الذِّیْ“ موصولہ ہے اور موصول بمع صلہ مبتدا کے لیے خبر ہیں۔ ۳) ”مَاذَا“ پورا کلمہ استفہامیہ

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۳۶۔
[۲] موسوعۃ النحو والصرف: ۱۳۳، جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۳۴۔
[۳] شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۴۳۰، جامع الدروس العربیہ: ۱/۱۳۴، النحو الوافی: ۱/۳۶۰۔

ہے، جیسے: "مَاذَا أَكَلْتَ فَاكِهَةً أَوْلَحْماً؟" اس صورت میں "مَاذَا" پورا کلمہ مفعول بہ مقدم ہے اور "فَاكِهَةً أَوْلَحْماً" اس سے بدل ہے [1]۔

اسماء الموصولہ کی ترکیب:

اسماء الموصولہ کی ترکیب کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ اسماء الموصولہ ابتداء کلام میں واقع ہوں گے یا درمیان کلام میں، اگر ابتداء کلام میں واقع ہوں تو پھر دیکھیں گے کہ ان پر حرف جارہ داخل ہے یا حرف مشبہ بالفعل یا کچھ بھی نہیں، اگر ان پر حرف جر داخل ہو تو یہ خبر مقدم بنیں گے ان کا مابعد مبتداء مؤخر ہوگا جیسے: "وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ." (الملک:٦) اور اگر ان پر حرف مشبہ بالفعل داخل ہو تو اسم موصول اس کے لیے اسم بنے گا، جیسے: "إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِم." (البقرۃ:٦) اور اگر کچھ بھی داخل نہ ہو تو یہ مبتداء بنے گا اور مابعد اس کے لیے خبر بنے گا، جیسے: "الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ." (البقرۃ:٣) اور "أُولَئِكَ عَلَى هُدًى.." اس کے لیے خبر ہے۔

اور اگر درمیان کلام میں واقع ہو تو پھر دیکھیں گے کہ ان سے پہلے اسم ہے یا فعل ہے یا جار مجرور۔ اگر اسم ہو تو پھر دیکھیں گے معرفہ ہے یا نکرہ۔ اگر معرفہ ہو خواہ معرف باللام ہو یا معرف بالاضافۃ ہو تو دونوں صورتوں میں موصوف بنیں گے، جیسے: "لِلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ." (البقرۃ:٢-٣) اور "وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ." (النساء:٢٣)۔ اور اگر نکرہ ہو تو مضاف مضاف الیہ بنیں گے، جیسے: "صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ." (الفاتحۃ:٦)۔ اور اگر فعل ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اس کا فاعل مذکور ہے یا نہیں۔ اگر اس کے لیے فاعل مذکور نہیں تو اس کے لیے فاعل بنیں گے، جیسے: "جَاءَ الَّذِيْ ضَرَبَكَ." اور اس کا فاعل مذکور ہو تو پھر یہ مفعول بہ بنے گا، جیسے: "ضَرَبْتُ الَّذِيْ ضَرَبَكَ." اور اگر اس سے پہلے جار مجرور ہو تو یہ خبر مقدم اور مابعد اس کے لیے مبتداء مؤخر بنے گا، جیسے: "لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ." اور اسی طرح اگر اسماء الموصولہ سے پہلے ضمیر یا اسماء الاشارہ ہوں تو مبتداء و خبر بنیں گے، جیسے: "هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ." (البقرۃ:٢٩) اور "أُولَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَى." (البقرۃ:١٦). [2]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسماء موصولہ خاصہ مخصوص بالموصول ہیں اور اسمائے موصولہ مشترکہ غیر مخصوص بالموصول ہیں، یعنی اسم موصول کے علاوہ دیگر معانی کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

قاعدہ: "مَا" موصولہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب میں مشترک ہے۔

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۴۳۰، جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۳۴۔

[2] بدر السعید: ۱۳۵، موسوعۃ الصرف والنحو: ۷۷.

قاعدہ: اسم موصول ہمیشہ اپنے صلہ کیساتھ مل کر جملہ کا جزء (فاعل، مفعول، مبتداء و خبر وغیرہ) بنتا ہے، صلہ اس جملہ کو کہتے ہیں جو اسم موصول کے بعد مذکور ہو اور اس میں ایک ضمیر ہو جو اسم موصول کی طرف راجع ہو، اس راجع ہونے والی ضمیر کو عائد کہتے ہیں۔

قاعدہ: عائد بننے والی ضمیر کی اسم موصول خاصہ کیساتھ واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت ضروری ہے اور جب کہ اسم موصول مشترک میں دو وجہیں جائز ہیں: ۱) لفظ کا اعتبار کرکے ضمیر واحد مذکر لاجائے۔ ۲) معنی کا اعتبار کرکے اس کے مطابق ضمیر لائی جائے، لیکن پہلی صورت کثیر الاستعمال ہے، جیسے: "جَاءَ الَّذِيْنَ مَنْ ضَرَبَ" کا ترجمہ اگر یوں کیا جائے کہ "آئے وہ دو مرد جنہوں نے مارا" تو لفظ کا اعتبار کرکے "جَاءَ مَنْ ضَرَبَ" بھی کہہ سکتے ہیں اور معنی کا اعتبار کرکے "جَاءَ مَنْ ضَرَبَا" بھی کہہ سکتے ہیں، دونوں جائز ہیں۔

قاعدہ: صلہ کا اسم موصول سے مؤخر اور اس کیساتھ متصل ہونا ضروری ہے، پس صلہ یا اس کے کسی جزء کی موصول پر تقدیم جائز نہیں، جیسے: "الْيَوْمَ الذِّيْنَ اجْتَهَدُوْا يُكْرِمُوْن غَداً" کہنا درست نہیں، بلکہ یوں کہا جائے گا: "الَّذِيْنَ اجْتَهَدُوا الْيَوْمَ يُكْرِمُوْن غَداً".

فائدہ: اسمائے موصولہ کے سب مبنی ہیں سوائے "أَيُّ" کے کہ یہ معرب ہے اور اس پر تینوں حرکات آتی ہیں، جیسے: "يُفْلِحُ أَيُّ هُوَمُجْتَهِدٌ، أَكْرَمْتُ أَيًّا هُوَمُجْتَهِدٌ، أَحْسَنْتُ إِلَى أَيٍّ هُمْ مُجْتَهِدُوْنَ"، البتہ جب مضاف ہو اور صدر صلہ محذوف ہو تو اس وقت مبنی علی الضم پڑھنا بھی جائز ہے، جیسے: "أَكْرِمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ أَخْلَاقاً، ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَنِ عِتِيًّا."

فائدہ: "مَا" غیر ذوی العقول کے لیے آتی ہے، جیسے: "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللهِ بَاقٍ." (النحل:۹۶)۔ اور یہ چند مقامات میں استعمال ہوتی ہے: ۱) خلط العاقل مع غیر العاقل، جیسے: "يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ.." (الجمعۃ:۱)، یہاں "مَا" ذوی العقول اور غیر ذوی العقول سب کو شامل ہے۔ ۲) متکلم پر امر مبہم ہو، جیسے قرآن مجید میں ہے: "رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّراً." یا دوسرے کسی چیز کے متعلق کہا جائے: "انْظُرْمَا ظَهَرَ لِيْ!" ۳) ذوی العقول کی صفات میں سے کوئی صفت مراد ہو، جیسے: "فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ." (النساء:۳) یہاں "مَا" سے صفات عورت مراد ہیں کہ بکارت یا ثیبہ صفات میں سے جو صفت والی تمہیں پسند ہو تو اس سے عقد نکاح کر لیں[۱]۔

فائدہ: "مَنْ" ذوی العقول کے لیے آتا ہے، لیکن چند مقامات اس سے مستثنیٰ ہیں: ۱) مجاز مرسل: یعنی وہ مقام جہاں غیر عاقل عاقل

---

[۱] منحۃ الجلیل علی شرح ابن عقیل: ۱/۱۴۷۔

کیساتھ عموم میں مقترن ہو اور پھر اس غیر عاقل کی "مَنْ" موصولہ کیساتھ تفصیل بیان کی گئی ہو، جیسے: "وَاللّٰہ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى بَطْنِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى أَرْبَعٍ." (النور:۴۵) اس آیت میں "دَابَّةٍ" سے مراد جنس دابہ ہے جو عاقل اور غیر عاقل دونوں کو شامل ہے، پھر غیر عاقل کی تفصیل "مَنْ" موصولہ کیساتھ کی گئی ہے، جیسے: "وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى أَرْبَعٍ."، یہاں غیر ذوی العقول کے لیے اختلاط کی وجہ سے "مَنْ" موصولہ لایا گیا ہے۔

۲) استعارہ: جہاں غیر عاقل کو عاقل کیساتھ کسی وصف مشترکہ میں تشبیہ دی گئی ہو، پھر بطور تشبیہ غیر عاقل کے لیے عاریۃ اس لفظ کو لایا گیا ہو جو عاقل کیساتھ خاص ہو، جیسے: "وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ يَدْعُو مِنْ دُونِ اللّٰہ مَنْ لَا يَسْتَجِيبُ لَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ." اس آیت میں "مَنْ لَا يَسْتَجِيبُ" سے مراد اصنام لات ومنات وغیرہ ہیں جو غیر عاقل ہیں ان کو وصف عدم استیجاب میں ذوی العقول کیساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور ان کو عاقل کے مرتبہ میں اتر کر ان کے لیے "مَنْ" موصولہ لایا گیا ہے جو عاقل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۳) تغلیب: کبھی غیر عاقل کو عاقل پر غلبہ دے کر غیر عاقل کے لیے اس لفظ کو لایا جاتا ہے جو عاقل کیساتھ خاص ہو، جیسے: "يُسَبِّحُ لِلّٰہ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ.." (الجمعۃ:۱)، یہاں "مَا" ذوی العقول اور غیر ذوی العقول سب کو شامل ہے[1]۔

قاعدہ: صلہ جملہ خبریہ ہوتا ہے، جس میں دو چیزیں ہوتی ہیں، ایک مسند الیہ اور دوسرا مسند۔ مسند الیہ کو صدرِ صلہ کہتے ہیں اور صلہ میں ایک ضمیر ہوتی ہے، جو اسم موصول کی طرف راجع ہوتی ہے، جیسے: "هُوَالَّذِيْ خَلَقَكُمْ" یہاں "خلق" میں ضمیر ہے، جو "الَّذِيْ" اسم موصول کی طرف راجع ہے۔

قاعدہ: صلہ یا جملہ ہوگا یا شبہ جملہ ہوگا، اگر جملہ ہو تو اس کے لیے جملہ خبریہ ہونا ضروری ہے، کیونکہ جملہ انشائیہ صلہ واقع نہیں ہو سکتا اور جب جملہ صلہ واقع ہو تو اس میں موصول کی طرف لوٹنے والی عائد (ضمیر) یا قائم مقام عائد کا ہونا ضروری ہے، خواہ ضمیر بارز ہو، جیسے: "قَالَ الَّذِيْنَ لَايَرْجُوْنَ لِقَاءَ نَا" یا مستتر ہو، جیسے: "تَبَارَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ"۔ قائم مقام عائد سے مراد وہ اسم ظاہر ہے جو عائد کی جگہ واقع ہو، جیسے:

"فَيَا رَبِّ أَنْتَ اللّٰہُ فِيْ كُلِّ مَوْطِنٍ وَأَنْتَ الَّذِي فِي رَحْمَةِ اللّٰہِ أَطْمَعُ"

اس شعر میں "فِي رَحْمَتِهِ" کی جگہ "فِي رَحْمَةِ اللّٰہِ" واقع ہے، اسم ضمیر کی جگہ اسم ظاہر آیا ہے اس کو قائم مقام عائد کہتے ہیں۔[2]

---

[1] منحۃ الجلیل علی شرح ابن عقیل:۱/۱۴۷، جامع الدروس العربیۃ:۱/۱۳۲، بدر السعید:۱۳۰۔
[2] شرح الاشمونی لالفیۃ ابن مالک:۱/۱۲۷، مغنی اللبیب:۶۵۵، شرح التصریح علی التوضیح:۱/۱۶۸، توضیح المقاصد بشرح الفیۃ ابن مالک:۱/۴۴۳۔

قاعدہ: ضمیر عائد کا حذف کرنا جائز ہے، بشرطیکہ مفعول بہ واقع ہو، جیسے: "لَاأَعْبُدُمَا تَعْبُدُوْنَ، أَعْلَمُ مَا لَاتَعْلَمُوْنَ ، اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ".

قاعدہ: اسم موصول تثنیہ کا صیغہ کتابتاً دو لام کی شکل میں لکھا جاتا ہے، جیسے: "اللَّذَانِ،اللَّذَيْنِ" اور جمع مذکر کا صیغہ کتابتاً ایک لام کی شکل میں لکھا جاتا ہے، جیسے: "الَّذِيْنَ" یہ اس لیے لکھا جاتا ہے تاکہ دونوں میں فرق واضح ہو، لیکن قرآن مجید کا رسم الخط اس سے مستثنیٰ ہے، کیونکہ قرآن مجید میں ایک لام کیساتھ مرقوم ہے[۱]۔

فائدہ: اسماء الموصولہ میں "اللَّذَانِ،اللَّذَيْنِ،اللَّتَانِ،اللَّتَيْنِ" میں اختلاف ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ معرب ہیں، کیونکہ حالت رفعی میں یہ الف ما قبل مفتوح اور نون مکسورہ کیساتھ آتے ہیں اور حالت نصبی و جری میں یاء ما قبل مفتوح اور نون مکسورہ کیساتھ آتے ہیں تو ان کے آخر کا مختلف ہونا ان کے معرب ہونے کی دلیل ہے اور یہی مذہب راجح اور اصح ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مبنی ہیں، کیونکہ ان میں مشابہت افتقاری پایا جاتا ہے اور باقی رہا ان کے آخر کا مختلف ہونا تو یہ معرب ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ وضع واضع کی وجہ سے ہے[۲]۔

قاعدہ: اسم موصول کا عائد کبھی محذوف ہوتا ہے خواہ عائد ضمیر مرفوع ہو، یا منصوب ہو، یا مجرور ہو، اگر عائد ضمیر مرفوع ہو تو اس کے حذف کے لیے دو شرطیں ہیں: ۱) ضمیر مرفوع مبتداء ہو۔ ۲) خبر مفرد ہو، پھر صلہ عام ہے خواہ "ای" کا صلہ ہو، جیسے: "أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا." (مریم:۶۹)، "أَيْ هُوَ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ." یا غیر "ای" کا صلہ ہو، جیسے: "الذّی فِيَ السَّمَاءِ اٰلِهٌ." "أَيْ هُوَ اٰلِهٌ." اور اگر عائد ضمیر منصوب ہو تو اس کے لیے تین شرطیں ہیں: ۱) ضمیر منصوب متصل ہو۔ ۲) اس کا عامل فعل تام ہو یا وصف تام ہو۔ ۳) یہ وصف تام الف کا صلہ نہ ہو، جیسے: "مِمَّانَزَّلْنَا.أَيْ مِمَّانَزَّلْنَاهُ." اور اگر عائد ضمیر مجرور ہو تو پھر عام ہے مجرور بالاضافۃ ہو یا مجرور بالحرف ہو، اگر مجرور بالاضافۃ ہو تو اس کے لیے شرط یہ ہے کہ مضاف صیغہ صفات حال یا استقبال کے معنی میں ہو، جیسے: "فاقْضِ مَا أنْتَ قاضٍ. أيْ قَاضِيْهِ." اور اگر مجرور بالحرف ہو تو اس کے لیے شرط یہ ہے کہ اسم موصول پر حرف جارہ داخل ہو اور یہ حرف جارہ اس حرف جارہ کیساتھ جو عائد محذوف پر داخل ہے معناً بھی موافق ہو اور لفظاً بھی موافق ہو اور متعلق کے اعتبار سے بھی موافق ہو، جیسے: "يَشْرَبُ ممَّا يَشْرَبُوْنَ.أيْ مِنْهُ." [۳]

فائدہ: امام سیبویہؒ جملہ صلہ کو حشو کہتے ہیں، کیونکہ یہ اصل جملہ نہیں ہوتا، بلکہ اس سے جملے کی تکمیل و تتمیم ہوتی ہے[۴]۔

فائدہ: چار مقامات میں ضمیر مجرور عائد کا حذف کرنا ممنوع ہے: ۱) جب عائد محصور ہو، جیسے: "مَرَرْتُ بِالذّیْ مَا مَرَرْتُ

---

(۱) النحو الوافی: ۱/۳۴۳۔
(۲) النحو الوافی: ۱/۳۴۳-۳۴۴۔
(۳) شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۳۹۱، النحو الوافی: ۱/۳۹۴۔
(۴) شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۳۹۰۔

إِلَّا بِهِ."، ۲)جب نائب فاعل واقع ہو، جیسے: :"مَرَرْتُ بِالذِّیْ مُرَّ بِهِ."، ۳)جب التباس کا خوف ہو، جیسے: :"رَغِبْتُ فِي الذِّیْ رُغِبَتْ فِيْهِ."یہاں اگر"فِيْهِ"کو حذف کیاجائے تو پتہ نہیں چلے گا کہ "فِيْهِ"محذف ہے یا"عَنْهُ"محذوف ہے۔ ۴)جب دو یا تین ضمیر ہوں اور معلوم نہ ہو کہ کو نساعائد ہے، جیسے:"مَرَرْتُ بِالذِّیْ مَا مَرَرْتُ بِهِ فِیْ دَارِهِ."[۱]

قاعدہ: اسماء الموصولہ پر جو الف لام داخل ہوتا ہے یہ صرف تحسین کے لیے ہوتا ہے۔

قاعدہ: اگر اسم موصول کے بعد جار مجرور واقع ہو تو بالاتفاق یہ فعل"ثَبَتَ"کیساتھ متعلق ہوتا ہے۔

قاعدہ:"قَالَ"فعل متعدی ہے اور اس کا مفعول مقولہ ہوتا ہے اور وہ مقولہ عموماً جملہ ہوتا ہے اور اس کا صلہ"لام"آتا ہے اور یہ"لام"اس پر داخل ہوتا ہے جس سے بات کی جائے۔

تمرین:

درج مثالوں میں اسمائے موصولہ کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ. تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ. أُولَئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا. اللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ. قَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا. قَالَ الَّذِیْنَ لاَيَرْجُوْنَ لِقَائَنَا. يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ. أَرِنَا اللَّذَیْنِ أَضَلَّانَا. اتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ. يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ. جَاءَ الَّذِیْ ضَرَبَ غُلاَمَكَ. اَعْلَمُ مَالاَ تَعْلَمُوْنَ. اُذْكُرُوْانِعْمَتِيَ الَّتِیْ اَنْعَمْتُ. لَكُمْ مَاسَأَلْتُمْ. عَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا. قَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ. عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّااَحْضَرَتْ. جَاءَ الَّذِیْ اَعْطَاكَ. لَااَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ. قَدْاَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا. مَانَدِمَ مَنْ سَكَتَ. اَيُّكُمْ ضَرَبَ زَيْدًا. اَيَّةُ امْرَءَةٍ زَوْجَتُكَ. أُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ. رَأَيْتُ اللَّائِيْ يَشْتَغِلْنَ فِي الْمَصْنَعِ. رَأَيْتُ الْأَلِیْ هَرَبُوْا. عَادَتِ اللَّائِيْ ذَهَبْنَ. الْقَادِمُ خَالِدٌ. عَلِمْتُ أَيُّهُمْ هُوَ قَائِمٌ. جَاءَ اللَّذَانِ غَابَا. الَّذِيْ يُعَلِّمُنَا مُخْلِصٌ. إنَّ الَّتِيْ تَتَصَدَّقُ مَحْبُوْبَةٌ. رَأَيْتُ الَّذِیْنَ فَازُوْا.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...... "تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ......"تَبَارَكَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل ......"اَلَّذِیْ"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم موصول......"نَزَّلَ الْفُرْقَانَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ......

---

[۱] رضی علی الکافیہ: ۴۲/۲، حاشیۃ الصبان علی الاشمونی: ۲۷۸/۱، بدر السعید: ۱۳۷۔

”نَزَّلَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل...... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معمول مسند الیہ فاعل...... ”الْفُرْقَانَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف اسم متمکن معرب مفعول بہ...... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ”الَّذِیْ“ کے لیے...... موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل ہوا ”تَبَارَكَ“ فعل کے لیے...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ۔

✍...... ”قَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا“:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ...... ”قَالَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل ...... ”الَّذِیْنَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم موصول...... ”لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ...... ”لَا“ لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف نفی...... ”یَرْجُوْنَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف، اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند فعل...... ”وَ“ ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل بارز معمول مسند الیہ فاعل ...... ”لِقَآءَنَا“ لفظ لفظ موضوع الخ۔۔ مرکب اضافی...... ”لِقَآءَ“ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت مضاف اسم متمکن معرب مضاف...... ”نَا“ ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ...... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ...... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ”الَّذِیْنَ“ اسم موصول کے لیے...... اسم موصول اپنے صلہ سے فاعل ہوا ”قال“ فعل کے لیے...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ۔

فصل پنجم: اسمائے افعال اور اسمائے اصوات کا بیان

۱۔ اسمائے افعال کی تعریف[۱]:

"كَلِمَةٌ تَتَضَمَّنَ مَعْنَى الْفِعْلِ غَيْرَ أَنَّهَا لَا تَقْبَلُ عَلَامَتَهُ."

اسم فعل: وہ اسم غیر متمکن ہے جو فعل کے معنی، زمانہ اور عمل کو متضمن ہو، اور فعل کی علامتوں کو قبول نہ کرتا ہو۔ بالفاظِ دیگر اسم فعل وہ اسم ہے جو باعتبارِ وضع امر یا ماضی یا فعل مضارع کے معنی میں ہو، انہیں اسمائے افعال اس لیے کہتے ہیں کہ یہ فعل کے معنی میں ہوتے ہیں[۲]۔

۲۔ اسمائے افعال کی اقسام:

اسمائے افعال کی پہلی تقسیم:

اسمائے افعال باعتبار دلالت فعل (یعنی وہ افعال جن کے معنی میں اسمائے افعال ہوں) تین قسم پر ہیں[۳]:
۱) اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی۔ ۲) اسمائے افعال بمعنی فعل مضارع۔ ۳) اسمائے افعال بمعنی امر حاضر معلوم۔

۱)۔ اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی یہ درج ذیل چھ ہیں[۴]:

لفظ	معنی	لفظ	معنی	لفظ	معنی
هَيْهَاتَ	بَعُدَ	سَرْعَانَ	أَسْرَعَ	بُطْآنَ[۵]	أَبْطَءَ
شَتَّانَ	افْتَرَقَ	شُكَّانَ	أَسْرَعَ	هَبْ	سَلَّمْنَا

۲)۔ اسمائے افعال بمعنی فعل مضارع یہ درج ذیل نو ہیں[۶]:

---

[۱] اسمائے افعال مبنی اس لیے ہیں کہ ان میں مشابہت استعمالی پائی جاتی ہے اس طور پر کہ یہ حروف کیساتھ عامل بننے میں مشابہت رکھتے ہیں، یعنی حروف جس طرح صرف عامل بنتے ہیں معمول نہیں بنتے تو یہ بھی صرف عامل بنتے ہیں معمول نہیں بنتے تو اس مشابہت کی وجہ سے یہ مبنی ہیں۔

[۲] اسمائے افعال ان اسماء کو کہتے ہیں جو لفظ فعل یا معنی پر دلالت کرتے ہیں، اگر لفظ فعل پر دلالت کریں تو اس وقت اسمائے افعال کی دلالت معنی حدثی پر بواسطہ لفظ فعل ہو گا، جیسے: "هَيْهَاتَ" "معنی فعل "بَعُدَ" پر دلالت کرتا ہے اور "بَعُدَ" دلالت کرتا ہے معنی حدثی پر، اگر معنی فعل پر دلالت کریں تو اس وقت اسمائے افعال کی دلالت معنی حدثی پر بلاواسطہ لفظ فعل پر ہو گا، جیسے: "هَيْهَاتَ" کی دلالت معنی حدثی پر۔ اب ان دونوں تعریفوں میں فرق یہ ہے کہ جو حضرات کہتے ہیں لفظ فعل پر دلالت کریں وہ "هَيْهَاتَ" کہہ کر "بَعُدَ" کی ترکیب کرتے ہیں اور جو حضرات کہتے ہیں معنی فعل پر دلالت کریں وہ "هَيْهَاتَ" کہہ کر "هَيْهَاتَ" کی ترکیب کرتے ہیں۔ (بدر السعید: ۱۳۸)

[۳] عام کتب نحو میں یہ بات مشہور ہے کہ اسمائے افعال کی دو قسمیں ہیں، حلانکہ اسمائے افعال کی تین قسمیں ہیں: ۱) اسمائے افعال بمعنی امر حاضر، ۲) اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی، ۳) اسمائے افعال بمعنی فعل مضارع۔

[۴] النحو الوافی: ۱۴۴/۴، جامع الدروس العربیہ: ۱۵۸/۱۔

[۵] بضمِّ الباءِ وكسرها وسكون الطاءِ (جامع الدروس العربیہ: ۱۵۸/۱)۔

[۶] النحو الوافی: ۱۴۴/۴، جامع الدروس العربیہ: ۱۵۸/۱۔

اسم فعل	معنی	اسم فعل	معنی	اسم فعل	معنی
أَوَّهْ	أَتَوَجَّعُ	وَاهاً	أَتَعَجَّبُ	بَخِ	أَسْتَحْسِنُ
آهِ	أَتَوَجَّعُ	وَیْ	أَتَعَجَّبُ	بَجَلْ	يَكْفِیْ
أُفِ	أَتَضَجَّرُ	وَا	أَتَعَجَّبُ	*	*

۳)۔ اسمائے افعال بمعنی امر حاضر تقریباً اڑتیس (۳۸) ہیں، جو حسب ذیل ہیں[۱]:

اسم فعل	معنی	اسم فعل	معنی	اسم فعل	معنی	اسم فعل	معنی
رُوَيْدَ	أَمهِلْ	مَكَانَكَ	أُثْبُتْ	تَيْدَ	أَمْهِلْ	عَلَيْكَ	أَلْزِمْ
بَلْهَ	دَعْ	تَيْدَخَ	أَمْهِلْ	نَزَالِ	أَنْزِلْ	هُلُمَّ	إِيْتِ
هَا	خُذْ	هَيّاً	أَسْرِعْ	قَتَالِ	اقْتُلْ	صَهْ	اسْكُتْ
هَاءَ	خُذْ	هَيْتَ	أَسْرِعْ	حِزَارِ	احْزَرْ	مَهْ	انْكَفِفْ
هَاكَ	خُذْ	هَيْتَ لَكَ	أَسْرِعْ	ضِرَابِ	اضْرِبْ	إِيْهِ	امْضِ فِیْ حَدِيْثِكَ
تَرَاكِ	أَتْرُكْ	دُوْنَكَ	خُذْ	وَرَاءَكَ	تَأَخَّرَ	حَيَّهَلِ الْأَمْرَ[۲]	إِئْتِهْ
وَيْهِماً	حَرِّضْ	عِنْدَكَ	خُذْ	أَمَامَكَ	تَقَدَّمْ	حَيَّهَلْ عَلَى الْأَمْرِ	أَقْبِلْ عَلَيْهِ
لَدَيْكَ	خُذْ	إِلَيْكَ الْكِتَابَ	خُذْهُ	آمِيْنَ	اسْتَجِبْ	حَيَّهَلْ إِلَى الْأَمْرِ	عَجِّلْ إِلَيْهِ
قَطْ	إِنْتَهِ	إِلَيْكَ عَنِّیْ	تَنَحَّ	حَيَّهَلْ بِالْأَمْرِ	عَجِّلْ	حَیَّ عَلَى الصَّلَاةِ	هَلُمَّ إِلَى ذَالِكَ[۳]

---

[۱] جامع الدروس العربیہ:۱/۱۵۸، النحو الوافی:۴/۱۴۵۔

[۲] "حَيَّهَلْ" متعدی بنفسہ بھی ہوتا ہے اور "علی، باء، الی" کیساتھ بھی متعدی ہوتا ہے اور "حَيَّهَلْ" اصل میں "حَیَّ" بمعنی "أَقْبِلْ" اور "هَلّا" (جو تخصیص کے معنی میں آتا ہے) سے مرکب ہے، پھر "هَلّا" سے الف کو حذف کیا گیا، یہی وجہ ہے کہ "حَيَّهَلاً" تنوین کیساتھ اور بلا تنوین "حَيَّهَلْ" (بسکون اللام) پڑھا جاتا ہے اور یہ دونوں فصیح اور مستعمل ہیں۔ (جامع الدروس العربیہ:۱/۱۵۸)

[۳] وَتَعَالْ مُسْرِعاً.

حَیَّ عَلَی الْخَیْرِ	هَلُمَّ إِلَی ذَالِكَ	حَیَّ عَلَی الْعِلْمِ	هَلُمَّ إِلَی ذَالِكَ	*	*	*	*

اسمائے افعال کی دوسری تقسیم:

اصالتہ الی الفعل کے اعتبار سے اسمائے افعال کی تین قسمیں ہیں:۱)مرتجل،۲)منقول،۳)معدول۔

۱)۔مرتجل کی تعریف:

وہ اسمائے افعال ہیں جو اسم فعل ہی کے لیے موضوع ہوں، جیسے:"صَهٍ، هَیْهَاتَ، أُفٍّ"وغیرہ۔

۲)۔منقول کی تعریف:

وہ اسمائے افعال ہیں جن کی وضع کسی اور معنی کے لیے ہو، لیکن پھر اس کا استعمال اسم فعل میں کیا جانے لگا ہو، جیسے:"عَلَیْكُمْ أَنْفُسكُمْ" میں "عَلَیْكُمْ"،"أَلْزِمُوْا" کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ پھر منقول کی پانچ قسمیں ہیں:۱)"هَا"تنبیہ سے منقول ہو، جیسے:"هَا"بمعنی"خُذْ"۔۲)جار مجرور سے منقول ہو، جیسے:"عَلَیْكَ"بمعنی"أَلْزِمْ"۔ ۳)ظرف سے منقول ہو، جیسے:"أَمَامَكَ"بمعنی"تَقَدَّمْ"۔۴)صورت سے منقول ہو، جیسے:"صَهْ"بمعنی"اسْكُتْ"۔ ۵)مصدر سے منقول ہوں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں:۱)مصدر صریحی سے منقول ہو، یعنی اصلاً بھی مصدر ہو اور بعد نقل بھی معنی مصدری میں مستعمل ہوں، جیسے:"أَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا."میں"رُوَیْدًا"معنی مصدری[1] میں مستعمل ہے اور مفعول مطلق بھی ہے اور دوسری قسم جو مصدر غیر صریحی سے منقول ہو، یعنی اصلاً مصدر ہوں، لیکن بعد از نقل معنی مصدری میں مستعمل نہ ہوں، بلکہ مصدر کے ہم وزن ہوں، جیسے:"هَیْهَاتَ"یہ مصدر نہیں، بلکہ"قَوْقَاةَ"مصدر کے ہم وزن ہے،"قَوْقَاةَ"مرغی کی اس آواز کو کہتے ہیں جو انڈا دیتے وقت لگاتی ہے۔

اسمائے افعال کی یہ دونوں قسمیں مرتجل اور منقول دونوں سماعی ہیں، ان میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا[2]۔

۳)۔معدول کی تعریف:

وہ اسم فعل ہے جو کسی چیز سے عدول کیا ہو، جیسے:"نَزَالِ"یہ"انْزِلْ"سے معدول ہے، اسم معدول قیاسی ہے ہر "فَعَالِ"کے وزن پر ثلاثی مجرد فعل تام ہو وہ معدول ہوتا ہے، جیسے:"نَزَالِ، تَرَاكِ ضَرَابِ، قِتَالِ، حِذَارِ"وغیرہ اور

---

[1] "رُوَیْدًا"مصدر اور اسمائے افعال کے درمیان فرق یہ ہے کہ اگر"رُوَیْدًا"تنوین کیساتھ استعمال ہو، جیسے:"أَمْهِلْهُ رُوَیْدًا"یا اضافت کیساتھ کیساتھ استعمال ہو تو یہ مصدر رہے اور مفعول مطلق بنے گا فعل محذوف کے لیے، اگر مبنی بر فتحہ تھا تو اسمائے افعال میں سے ہو گا، جیسے:"رُوَیْدَ زَیْداً".

[2] جامع الدروس العربیۃ:۱/۱۵۷۔

ثلاثی مزید فیہ سے شاذ مستعمل ہیں، جیسے: "دَرَاكِ" بمعنی "أدْرِكْ" اور "بَدَارِ" بمعنی "بَادِرْ"[1].

اسمائے افعال کے احکام:

اسمائے افعال کے چار احکام ہیں: ۱) یہ مضاف نہیں ہوتے۔ ۲) ان کا معمول ان پر مقدم نہیں ہوتا۔ ۳) ان کے جواب میں مضارع منصوب نہیں ہوتا۔ ۴) ان میں منون (تنوین والے) نکرہ اور غیر ممنون معرفہ ہیں۔

اسمائے افعال کی تفصیل:

اسمائے افعال کی تفصیل یہ ہے کہ:

- "شَتَّانَ" یہ "افْتَرَقَ" کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: "شَتَّانَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو"، "أيْ افْتَرَقَ زَيْدٌوَعَمْرٌو"، (زید اور عمرو جدا ہوئے)۔
- "سَرْعَانَ" یہ "سَرُعَ" کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: "سَرْعَانَ زَيْدٌ"، "أيْ سَرُعَ زَيْدٌ"، (زید نے جلدی کی)۔
- "هَيْهَاتَ" یہ "بَعُدَ" کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: "هَيْهَاتَ يوم العيد"، "أيْ بَعُدَ يَوْمُ الْعِيْدِ"، (عید کا دن دور ہوا)۔
- "رُوَيْدَ" یہ "أَمْهِلْ" کے معنی میں ہوتا ہے، اگر کلام کی ابتداء میں واقع ہو اور اگر ابتداء میں واقع نہ ہو تو کبھی صفت بنتا ہے، جیسے: "سِرْتُ سَيْراًرُوَيْداً" اور کبھی حال واقع ہوتا ہے، جیسے: "سَارَالْقَوْمُ رُوَيْداً".
- "بَلْهَ" یہ چار طریقوں سے استعمال ہوتا ہے: ۱) اسم فعل بمعنی "دَعْ" امر حاضر معلوم اس صورت میں اپنے مابعد کو نصب دیتا ہے۔ ۲) مصدر مضاف مفعول کی طرف، جیسے: "بَلْهَ زَيْدٍ"، اس صورت میں فعل محذوف کے لیے مفعول مطلق ہوگا، اصل میں تھا "اتْرُكَ زَيْداً بَلْهاً"، پھر فعل کو حذف کر کے مفعول مطلق "بَلْهاً" کو "زَيْدٍ" مفعول بہ کی طرف مضاف کر دیا تو "بَلْهَ زَيْدٍ" ہو گیا۔ ۳) کبھی "بَلْهاً" اضافت کے بغیر تنوین کیساتھ استعمال ہوتا ہے، اس صورت میں بھی "بَلْهاً" بھی فعل محذوف کے لیے مفعول مطلق ہوگا، جیسے: "اتْرُكْ بَلْهاًزَيْداً"۔ ۴) کبھی "بَلْهاً"، "كَيْفَ" کے معنی میں ہوتا ہے اس صورت میں اس کا مابعد مرفوع ہوگا اور "بَلْهَ" بمعنی "كَيْفَ" خبر مقدم اور مابعد مبتداء مؤخر ہوگا، جیسے یہ شعر ہے:

تَذَرُ الجَماجِمَ ضاحِيًا هاماتُها ... بَلْهَ الأكُفِّ كأنّها لم تُخْلَقِ[2]

- "دُوْنَكَ" یہ "خُذْ" کے معنی میں آتا ہے، جیسے: "دُوْنَكَ زَيْدٌ، أيْ خُذْ زَيْداً"، اس کی گردان بھی ہوتی ہے،

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۵۷۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۴۳/۳، مغنی اللبیب: ۱۵۶، شرح التصریح علی التوضیح: ۲۸۹/۲، النحو الوافی: ۱۵۱/۴۔

جیسے: ”دُوْنَكَ، دُوْنَكُمَا، دُوْنَكُمْ، دُوْنَكِ،دُوْنَكُمَا، دُوْنَكُنَّ“.

- ”عَلَيْكَ“ یہ ”أَلْزِمْ“ کے معنی میں آتا ہے، جیسے: ”عَلَيْكَ زَيْداً، أيْ أَلْزِمْ زَيْداً“،اس کی گردان بھی ہوتی ہے، جیسے: ”عَلَيْكَ، عَلَيْكُمَا، عَلَيْكُمْ، عَلَيْكِ، عَلَيْكُمَا، عَلَيْكُنَّ“،جیسے حدیث میں ہے: ”عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ،عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ“اوراس کے مدخول پر عموماً ”ب“ زائدہ ہوتی ہے۔
- ”هَا“ یہ تین قسم پر ہے:۱)ضمیر واحدہ مؤنث غائبہ، جیسے: ”فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا.“(الشمس:۸)۔۲)” هَا“ تنبیہ، جیسے: ”هَذَا، هَا أَنْتُمْ هولآءِ“وغیرہ۔ ۳)”هَا“اسم فعل بمعنی ”خُذْ“،جیسے: ”هَا زَيْدًا، أيْ خُذْ زَيْداً“ کبھی اس ”هَا“ کیساتھ ”كَ“خطابیہ بھی ملادیتے ہیں، جیسے: ”هَاكَ زَيْداً، هَاكُمَا، هَاكُمْ، هَاكِ، هَاكُمَا، هَاكُنَّ“اور کبھی ”كَ“کی جگہ ہمزہ لگاتے دیتے ہیں اور آخر میں ”میم“بڑھادیتے ہیں، جیسے: ”هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ.“(الحاقۃ: ۱۹)،اوراس کے چھ صیغے آتے ہیں: ”هَاءَ، هَاءَا، هَاءُوْا، هَائِيْ، هَاءَا، هِئْنَ“اور کبھی ہمزہ ”تاء“ سے بدلادیتے ہیں، جیسے: ”هَاتِ، هَاتِيَا، هَاتُوْا، هَاتِيْ، هَاتِيَا، هَاتِيْنَ“، جیسے: قرآن مجید میں ہے: ”هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ.“(البقرۃ:۱۱۱)۔

اسماء افعال کی ترکیب:

اسماء افعال کی ترکیب دو طریقوں سے کی جاتی ہے: ایک طریقہ یہ ہے کہ خود ان کی ترکیب کی جائے، یعنی فاعل یا مفعول بہ وغیرہ ان کے لیے بنایا جائے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ان افعال کی ترکیب کی جائے جن کے معنی میں یہ ہوتے ہیں۔

مقاصدِ اسمائے افعال:

اسمائے افعال کو وضع کرنے کے کئی مقاصد ہیں، چند یہ ہیں:

۱)۔اختصار، جیسے: ”رُوَيْدَ“ مذکر مؤنث، واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۲)۔دوام اور استمرار والا معنی حاصل کرنا، جیسے: ”نَزَالِ“ کو ”انْزِلْ“ سے معدول کیا گیا ہے، کیونکہ ”انْزِلْ“،فعل ہے اور فعل میں دوام استمرار والا معنی نہیں ہوتا، بلکہ تجدد وحدوث والا معنی ہوتا ہے اور ”نَزَالِ“اسم ہے اور اسم میں دوام واستمرار والا معنی ہوتا ہے۔

۳)۔استعجاب: جیسے: ”هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ.“(المؤمنون:۳۶) ”وہ بات بہت دور ہو گئی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے!“، یہ معنی و مفہوم ”بَعُدَ“ سے حاصل نہیں ہوتا تھا،اسی طرح ”شَتَّانَ“ میں افتراق کی شدت پائی جاتی ہے جو ”افْتَرَقَ“ میں نہیں پائی جاتی اور ”سُرْعَانَ“ میں تعجب کے معنی ہیں جو ”سَرُعَ“ میں نہیں۔[1]

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۳۰،النحو الوافی: ۱۴۲/۴۔

اسماء اصوات کی تعریف[۱]:

"كُلُّ اسْمٍ يُحْكَى بِهِ صَوْتٌ مِنَ الْأَصْوَاتِ الْمَسْمُوْعَةِ أَوْيُخَاطَبُ بِه مَا لَا يَعقِلُ مِنَ الْحَيَوَانِ أَوْ صِغَارِ الْإِنْسَانِ."

اسم صوت وہ اسم غیر متمکن ہے جس کے ذریعے کسی چیز کی آواز نقل کی جائے،یا کسی جانوریا چھوٹے بچوں کو آواز دی جائے،یعنی وہ آوازیں ہیں جو مختلف حالتوں یا آوازوں(مثلاً پتھر گرنے کی آواز،برتن گرنے کے آواز،شیشہ ٹوٹنے کی آواز وغیرہ)کی نقالی یا مختلف جانوروں کو بلانے،اٹھانے،بٹھانے،ڈرانے اوریاڈانٹنے وغیرہ کے لیے نکالی جاتی ہیں،جیسے:

- اُخْ اُخْ............(وہ آواز جو کھانسی کے وقت منہ سے نکلتی ہے)
- اُفْ ....(وہ آواز جو تکلیف کے وقت منہ سے نکلتی ہے)
- بَخَّ...... ......(وہ آواز جو خوشی کے وقت منہ سے نکلتی ہے)
- نَخَّ............(وہ آواز ہے جس سے اونٹ کو بٹھاتے ہیں)
- غَاقَ............(کوے کی آواز کی نقل ہے)۔
- "کِخْ کِخْ".........بچوں کو کسی چیز کے کھانے سے روکنے یا کسی کھانے کی چیز سے کراہت پیدا کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔
- "هَلَاهَلَا"............(گھوڑے کو جھڑکنے کے لیے بولتے ہیں)۔
- "دَجْ دَجْ"............(مرغیوں کو بھگانے کے لیے بولا جاتا ہے)۔
- "جَهْ جَهْ، دَهْ دَهْ"............(اونٹ کو جھڑکنے کے لیے بولتے ہیں)۔
- "هَجَا هَجَا"............کتوں کو بگانے کے لیے بولتے ہیں)

اسمائے اصوات کی ترکیب:

اسمائے اصوات ترکیب میں کچھ بھی بنتے،تاہم اگر ان کی حکایت کی جائے تو اس وقت قول کے مقولہ بنیں گے،جیسے: "قَالَ زيد:غَاقَ غَاقَ"اور"فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ."(الاسراء:۲۳)اوراگر اسم صوت مرکب ہو،یعنی اس میں ضمیر کاملاحظہ کیاجائے تو یہ اسمائے افعال میں ہوگا،جیسے:"أُفٍّ لَكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ الله."(الانبیاء:۶۷)۔یہاں"أُفٍّ"

---

(۱) اسمائے اصوات اس لیے مبنی ہیں کہ ان میں شبہ اہمالی پایاجاتاہے کہ اسمائے اصوات حرف کیساتھ اس بات میں مشابہ ہیں کہ جس طرح بعض حروف نہ عامل بنتے ہیں اور نہ معمول،تو اسی طرح اسمائے اصوات بھی نہ عامل بنتے ہیں اور نہ معمول۔ تو اس مشابہت کی وجہ سے اسمائے اصوات مبنی ہیں۔

اسم فعل مضارع "أتضجر" (میں پریشان ہوتا ہوں) کے معنی میں ہے۔ [۱]

حکایت:

اسمائے افعال کی مناسبت سے ایک حکایت نقل کی جاتی ہے جس میں اسمائے افعال بکثرت استعمال ہیں:

شَكَا بَعْضُ الشُّيُوْخِ سُوْءَ الْهَضْمِ إِلَى الطَّبِيْبِ، فَقَالَ لَهُ: رُوَيْدَ سُوْءَ الْهَضْمِ، فَإِنَّهُ مِنَ خَوَّاصِ الشَّيْخُوْخَةِ! فَشَكَا لَهُ ضُعْفَ الْبَصَرِ، فَقَالَ لَهُ: بَلْهَ ضُعْفَ الْبَصَرِ، فَإِنَّهُ مِنَ خَوَّاصِ الشَّيْخُوْخَةِ! فَشَكَا لَهُ ثِقْلَ السَّمْعِ، فَقَالَ: هَيْهَاتَ السَّمْعُ مِنَ الشُّيُوخِ، فَإِنَّ ضُعْفَ السَّمْعِ مِنْ خَوَّاصِ الشَّيْخُوْخَةِ! شَكَا لَهُ قِلَّةَ الرُّقَادِ، فَقَالَ لَهُ: شَتَّانَ الرُّقَادُ وَالشُّيُوْخُ، فَإِنَّ قِلَّةَ الرُّقَادِ مِنْ خَوَّاصِ الشَّيْخُوْخَةِ! فَقَالَ: سَرْعَانَ ضُعْفَ الْبَاهِ إِلَى الشُّيُوْخِ، فَإِنَّ ضُعْفَ الْبَاهِ مِنْ خَوَاصِّ الشَّيْخُوْخَةِ! فَقَالَ الشَّيْخُ لِأَصْحَابِهِ: دُوْنَكُمْ الْأَحْمَقَ وَعَلَيْكُمُ الْجَاهِلَ وَهَاكُمُ الْبَلِيْدَ الذّى لَا فَهْمَ لَهُ، فَإِنَّهُ لَا فَرْقَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الدُّرَّةِ إِلَّا بِالصُّوْرَةِ الْإِنْسَانِيَّةِ، لِأَنَّهُ لَايَسْتَطِيْعُ أَنَّ يَّتَكَلَّمَ إِلَّا بِهَاتَيْنِ الْكَلِمَتَيْنِ! فَتَبَسَّمَ الطَّبِيْبُ، قَالَ: حَيَّهَلِ الْغَضَبَ يَاشَيْخُ! فَإِنَّ هَذَا أَيْضاً مِنْ خَوَاصِّ الشَّيَخُوْخَةِ! [۲]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: جب ایک شئ دوسری شئ کیساتھ معنی میں متحد ہو، نہ کہ احکام لفظیہ میں تو اس کو دوسری شئ والا نام دے دیتے ہیں، البتہ شروع میں لفظ اسم بڑھا دیتے ہیں، مثلاً: مصدر سے اسم مصدر، جمع سے اسم جمع اور فعل سے اسم فعل۔

قاعدہ: اسمائے افعال بمعنی ماضی کا فاعل اکثر اسم ظاہر ہوتا ہے جو اس کے بعد مذکور ہوتا ہے، جیسے: "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ، شَتَّانَ زَيْدٌوَعَمْرٌو"۔ اور اسمائے افعال بمعنی امر حاضر معلوم کا فاعل ہمیشہ ضمیر مستتر ہوتا ہے اور بعد والا اسم ان کا مفعول بہ بنتا ہے، جیسے: "رُوَيْدَ زَيْداً" میں فاعل ضمیر مستتر واجب الاستتار اور "زَيْداً" مفعول بہ ہے۔

قاعدہ: اگر اسمائے افعال پر تنوین ہو تو یہ نکرہ ہوں گے، جیسے: "وَاهاً، وَيْهاً" وغیرہ اور اگر ان پر تنوین نہ ہو تو معرفہ ہوں گے، جیسے: "شَتَّانَ، سَرْعَانَ" اور بعض اسمائے افعال ایسے ہیں کہ کبھی ان پر تنوین ہوتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی، اگر ان پر تنوین ہو تو نکرہ ہوں گے، جیسے: "صَهٍ" اور اگر بغیر تنوین ہوں تو معرفہ ہوں گے، جیسے: "صَهْ"۔

قاعدہ: اگر اسمائے افعال بمعنی فعل ماضی ہوں تو ما بعد والا اسم ان کے لیے فاعل بنے گا، جیسے: "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ" اور اگر بمعنی فعل امر ہو تو ما بعد والا اسم ان کے لیے مفعول بہ بنے گا، جیسے: "رُوَيْدَ زَيْداً"۔

---

[۱] اعراب القرآن، صافی: ۴۸/۱۷۔
[۲] کتاب النحو، محقق: ۸۳۔

قاعدہ: اسم فعل ہمیشہ واحد لایا جائے گا، خواہ فاعل واحد ہو، یا تثنیہ ہو یا جمع ہو، جیسے: "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ" یا "هَيْهَاتَ أَيَّامُ الْعِيْدِ" وغیرہ۔ اور اس کا تثنیہ اور جمع "كَ" حرف خطاب یا "ہمزہ" سے معلوم کریں گے، اگر "كَ" ہو تو واحد مذکر، "كُمَا" ہو تو تثنیہ مذکر اور "كُمْ" ہو تو جمع مذکر ہوگا اور اسی طرح مؤنث بھی معلوم کریں گے اور اگر ہمزہ مفتوحہ تھا واحد مذکر کے لیے، اگر ہمزہ مکسور تھا تو واحدۃ مؤنث کے لیے، جیسے: "هَاءَ، هَاءِ" اور اگر ہمزہ کے بعد الف تھا تو تثنیہ کے لیے، جیسے: "هَاءِيَا" اور گر میم پر ضمہ تھا تو جمع کے لیے "هَاءُمْ" اور اگر ہمزہ اور "ك" دونوں نہیں تو سیاق وسباق سے معلوم کریں گے[1]۔

فائدہ: اسمائے افعال میں سے "فَعَالِ" کا وزن چار قسم پر ہے: ۱) بمعنی امر، جیسے: "نَزَالِ" بمعنی "اِنْزِلْ"۔ ۲) بمعنی مصدر معرفہ، جیسے: "فُجَارِ" بمعنی "الْفُجُوْرِ"۔ ۳) بمعنی صفت، جیسے: "فُسَاقِ" بمعنی "فَاسِقَةٌ"۔ ۴) مؤنث کے لیے علم ہو، جیسے: "قَطَامِ"۔ اول الذکر تین معانی (بمعنی امر، بمعنی مصدر، بمعنی صفت) میں نحات کا اتفاق ہے کہ یہ مبنی ہیں اور "فَعَالِ" علمی میں اختلاف ہے، حجازیین کے نزدیک مبنی ہے اور بنو تمیم کے نزدیک دیکھیں گے کہ ذات الراء ہے یا غیر ذات الراء، اگر ذات الراء ہے، جیسے: "حَضَارِ، طَمَارِ" یہ بھی مبنی ہیں اور اگر غیر ذات الراء ہیں، جیسے: "قَطَامِ" یہ معرب غیر منصرف ہے۔

قاعدہ: اسمائے افعال میں ایک اسم فعل کے معنی میں آنے والا "قَطْ" مبنی علی السکون ہے، مبنی علی الضمہ نہیں اور مشدد طاء والا مبنی علی الضم "قَطُّ" اسم ظرف ہے، اسم فعل نہیں۔[2]

فائدہ: "قَطْ" دو معانی میں استعمال ہوتا ہے[3]: ۱) "حَسْبُ" کے معنی میں، چونکہ "حَسْبُ" واجب الاضافت اسماء میں سے ہے اس لیے "قَطْ" جب "حَسْبُ" کے معنی میں ہوگا تو لازماً مضاف ہو کر آئے گا، جیسے: "قَطْ حَامِدٍ دِرْهَمٌ"، (حامد کو ایک درہم کافی ہے) اور "قَطِيْ كِتَابُ اللهِ" (مجھے اللہ کی کتاب کافی ہے) اور اس پر بعض دفعہ "فاء" تزیینیہ داخل ہوتی ہے تو یہ "فَقَطْ" بن جاتا ہے جسے غلطی سے "فَقَطُّ" بنا کر نہ صرف مشدد کر دیا جاتا ہے، بلکہ مبنی علی الضم بھی سمجھا جاتا ہے، بعض علماء فرماتے ہیں کہ "فَقَطْ" کی "فاء" محض تزیینیہ نہیں ہے، بلکہ جواب شرط کی "فاء" ہے، یہ جہاں آتا ہے وہاں تقدیر عبارت

---

[1] بدر السعید: ۱۴۴۔

[2] ربیع العبیر: ۶۸۔

[3] "قَطْ" کی طرح "قَدْ" (جو عام طور پر بطور حرف خبری مثبت اور متصرف افعال کیساتھ آتا ہے) بطور اسم بمعنی "حَسْبُ" بھی آتا ہے اور بطور اسم فعل مضارع بمعنی "يَكْفِيْ" بھی آیا ہے، اس کے استعمال کے طریقے "حَسْبُ" کے معنی میں اور "يَكْفِيْ" کے معنی میں بالکل وہی ہیں جو "قَطْ" کے ہیں، یعنی جب اسم "حَسْبُ" کے معنی میں ہوگا تو واجب الاضافۃ الی المفرد ہوگا، جیسے: "قَدْعَبْدِالرَّحْمٰنِ دَرْسُ النَّحْوِ" اور اگر یائے متکلم کی طرف مضاف ہوگا تو آخر میں مناسبت کا کسرہ لگانا واجب ہوگا، جیسے: "قَدِيْ مَاحَفِظْتُ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ" اور جب فعل مضارع "يَكْفِيْ" کے معنی میں ہوگا تو اس کا مابعد مفعول بہ بن کر منصوب ہوگا، جیسے: "قَدْزَيْدًا سَيَّارَةٌ صَغِيْرَةٌ" (زید کے لیے چھوٹی گاڑی کافی ہے) اور اگر اس کے بعد یائے متکلم مفعول بہ بن کر آئے تو "قَدْ" اسم فعل کا سکون بچانے کے لیے "یاء" سے پہلے نون وقایہ کا لانا واجب ہوگا، جیسے: "قَدْنِيْ حُبُّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ!"۔ (ربیع العبیر: ۶۹)

یوں ہوتی ہے: ”إِذَاسَمِعْتَ ذَلِكَ فَقَطْكَ ذَلِكَ“ (جب تم نے یہ سن لیا تو یہ تمہیں کافی ہے) ”أَيْ فَيَكْفِيْكَ ذَلِكَ!“
اور ”قَطْ“ کا دوسرا معنی اسم فعل مضارع کے طور پر استعمال ہوتا ہے، اس وقت یہ ”يَكْفِيْ“ کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ”قَطْ زَيْداًدِرْهَمٌ، أَيْ يَكْفِيْ زَيْدُدِرْهَمٌ“ اور واحد متکلم کی ضمیر اگر اس کے بعد آئے تو اس سے پہلے نون وقایہ بھی لگانا واجب ہوگا: ”قَطْنِيْ كِتَابُ اللهِ!“، کیونکہ یہ فعل کے معنی میں ہے۔ (۱)

قاعدہ: جس فعل طرح لازم اور متعدی ہوتا ہے اور عمل کرتا ہے اور بعض افعال متعدی بحرف جر ہوتے ہیں اور ان میں حذف وایصال پایا جاتا ہے تو اسی طرح اسمائے افعال بھی لازم اور متعدی ہوتے ہیں اور عمل بھی کرتے اور متعدی بحرف جر ہوتے ہیں اور ان میں بھی حذف وایصال ہوتا ہے، اور اگر کوئی اسم فعل لازم اور متعدی ہونے میں مشترک ہو تو اس میں دونوں حکم جاری ہوں گے، جیسے: ”حَيَّهَلِ الْمَائِدَةَ!، أَيْ ائْتِ المَائِدَةَ!“ یہاں ”ائتِ“ متعدی بحرف جر ہے، یعنی ”ائْتِ بِالمَائِدَةِ!“، لیکن حذف وایصال ہوا ہے۔ (۲)

فائدہ: اصل میں اسمائے اصوات مہمل اور بے معنی کلمات ہیں، کیونکہ یہ کسی معنی پر دلالت نہیں کرتے، کلمہ اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی معنی پر دلالت کرے، ان آوازوں کو جب اہل لغت نے نقل یا جانوروں کی آوازوں یا انہیں بلانے وغیرہ مقاصد کے لیے استعمال کرنا شروع کیا تو بے معنی اور بے مقصد آواز ہونے کے باوجود انہیں ان معانی اور مقاصد کا اسم قرار دے دیا گیا جن پر یہ دلالت کرتے ہیں اور چونکہ یہ مختلف آوازوں کے اسم ہیں، اس لیے ان کا نام اسمائے اصوات رکھ دیا گیا ہے۔

فائدہ: عام کتب نحو میں ”بَخِّ“ کو اسمائے اصوات میں شمار کیا گیا ہے، حالانکہ یہ اسم صوت نہیں، بلکہ اسم فعل مضارع ہے جو ”أَتعجبُ“ کے معنی میں ہے، غزوہ احد میں جب رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا کہ: ”وَسَارِعُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ.“ تو ایک صحابی نے ”بَخٍّ بَخٍّ“ کہتے ہوئے ہاتھ میں پکڑی کھجوریں بھی پھینک دیں اور میدان کارزار کی طرف بڑھے اور جام شہادت نوش کر لیا۔ اور اسی طرح ایک روایت میں آتا ہے: ”بَخٍّ بَخٍّ يَا أَبَا طَلْحَةَ ذَاكَ مَالٌ رَابِحٌ!“ (۳)۔ الغرض یہ لفظ اکیلا ہو تو مبنی علی السکون ”بَخْ“ ہوتا ہے اور درمیان کلام میں ہو تو مبنی علی الکسر مع التنوین ہوتا ہے اور مبالغہ کا معنی ادا کرنے کے لیے اسے تکرار کیساتھ ”بَخٍّ بَخٍّ“ لایا جاتا ہے (۴)۔

قاعدہ: اسمائے اصوات عرف ومحاورہ پر موقوف ہیں اور یہ مختلف مواقع میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے: ”كِخْ كِخْ“ بچوں

---

(۱) تفصیل کے لیے دیکھئے: ربیع العبیر: ۶۸۔
(۲) النحو الوافی: ۱۶۲/۲۔
(۳) صحیح بخاری: ۱۰۱۴/۳، رقم: ۲۶۰۷، و صحیح مسلم: ۶۹۳/۲، رقم: ۹۹۸۔
(۴) ربیع العبیر: ۷۰۔

کو کسی چیز کے کھانے سے روکنے کے لیے یا کسی کھانے کی چیز سے کراہت پیدا کرنے کے لیے۔ "هَلَاهَلَا" گھوڑے کو جھڑکنے کے لیے بولتے ہیں۔ "دَجْ دَجْ" مرغیوں کو بھگانے کے لیے۔ "جَهْ جَهْ، دَهْ دَهْ" اونٹ کو جھڑکنے کے لیے بولتے ہیں۔ "هَجَا هَجَا" کتوں کو بگانے کے لیے بولتے ہیں۔ [1]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے افعال اور اسمائے اصوات کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں؟

شَتَّانَ بَيْنَ زَيْدٍ وَعَمْرٍو، هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ، بَلْهَ زَيْدًا، حَيَّهَلِ الصَّلَاةَ، رُوَيْدَزَيْدًا، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ، هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ، بَلْهَ الذُّنُوْبَ، هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمْ، عَلَيْكَ الصَّلَاةَ، دُوْنَكَ الْكِتَابَ، قَالَ زيدٌ:غَاقَ غَاقَ، فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ، أُفٍّ لَكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ الله. هَاؤُمْ اقْرَءُوا كِتَابِيه. آمِينَ رَبَّ العَالَمِينَ . هَيْهاتَ مِنَّا الذِّلَّةُ. سِيْبَوَيْه إِمَامُ النُّحاةِ. صَهْ إِذَا تَكَلَّمَ غَيْرُكَ. دُوْنَكَ الْقَلَمُ. رُوَيْدَكَ إِذَا سِرْتَ. وَيْ لِشَبَابٍ لَا يعْمل! صَهْ عمَّا يَشِيْنُ. أمامَكُمْ؛ فإِنَّ الْحَيَاةَ جِهَادٌ. دُوْنَكَ الْكِتَابَ. نَزالِ عِنْدَ رَأْيِهِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍......شَتَّانَ بَيْنَ زَيْدٍوَعَمْرٍو:

پہلی ترکیب: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ...... "شَتَّانَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم فعل بمعنی فعل ماضی "افْتَرَقَ" ...... فعل مسند...... "بَيْنَ زَيْدٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔۔ مرکب اضافی ہو کر مرکب ناقص...... "بَيْنَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب مضاف...... "زَيْدٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب معطوف علیہ...... "وَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل عاطفہ...... "عَمْرٍو" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب معطوف...... معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا...... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر فاعل ہوا...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب۔

دوسری ترکیب: شَتَّانَ بَيْنَ زَيْدٍوَعَمْرٍو:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعرب ...... "شَتَّانَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم فعل

[1] شرح رضی:۱/۷۸،النحو الوافی:۴/۱۶۲.

بمعنی فعل ماضی "افْتَرَقَ" ...... "افْتَرَقَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامات تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل .... "بَیْنَ زَیْدٍ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔۔ مرکب اضافی الخ۔۔ ہو کر فاعل ہوا...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ...... هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ:

پہلی ترکیب: لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "هَیْهَاتَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم فعل بمعنی فعل ماضی "بَعُدَ" ...... فعل مسند....... "یَوْمُ الْعِیْدِ" لفظ لفظِ موضوع الخ۔۔ مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔۔ فاعل...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

دوسری ترکیب: ... هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "هَیْهَاتَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم فعل بمعنی فعل ماضی "بَعُدَ" ...... "بَعُدَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم فعل بمعنی فعل ماضی...... "یَوْمُ الْعِیْدِ" لفظ لفظِ موضوع الخ۔۔ مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔۔ فاعل...... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ بمعنی خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ......قَالَ زَیدٌ:غَاقَ غَاقَ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "قَالَ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف،فعل ماضی مبنی،مبنی الاصل مسند فعل...... "زیدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب ...... "غَاقَ غَاقَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم صوت مقولہ قول...... "قَالَ"،فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

فصل ششم: اسمائے ظروف، اسمائے کنایات اور مرکب بنائی کا بیان

۱۔ اسماء ظروف کی تعریف:

"اسْمٌ يَدُلُّ عَلى زَمَانٍ أَوْ مَكانٍ."

وہ اسم غیر متمکن ہے جو زمان یا مکان کا معنی دے، یعنی جو کسی کام کے وقت یا جگہ پر دلالت کرے، اگر زمانہ پر دلالت کرے تو ظرف زمان اور اگر مکان پر دلالت کرے تو ظرف مکان ہو گا، ظرف زمان کی مثال، جیسے: "لِلّٰهِ الأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ." (الروم:۴) اور ظرف مکان کی مثال، جیسے: "سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لاَ يَعْلَمُونَ." (الاعراف: ۱۸۲)۔

۲۔ اسماءِ ظروف کی اقسام:

اسمائے ظروف کی پہلی تقسیم:

اسمائے ظروف باعتبار معنی تین قسمیں ہیں:

پہلی قسم: ظروف زمانیہ: وہ اسمائے ظروف جو زمانہ (وقت) پر دال ہوں اور یہ ہیں:

إِذْ	إِذَا	مَتٰى	كَيْفَ	أَيَّانَ	أَمْسِ	مُذْ	مُنْذُ	قَطُّ	عَوَضُ	قَبْلُ	بَعْدُ[۱]

ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

"إِذْ" کا بیان:

"إِذْ"[۲] یہ ماضی کے لیے آتا ہے اس کا معنی ہوتا ہے: "جس وقت"، اگرچہ یہ فعل مضارع پر داخل ہو، جیسے: "جِئْتُكَ "جِئْتُكَ إِذْطَلَعَتِ الشَّمْسُ" (میں تیرے پاس آیا جس وقت سورج نکلا)، اور یہ کبھی زمانہ استقبال کے لیے بھی آتا ہے، جیسے: "فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ، إِذِ الْأَغْلاَلُ فِي أَعْنَاقِهِمْ" اور یہ ہمیشہ اپنے مابعد جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اپنے مضاف الیہ جملہ سے مل کر ماقبل کے لیے مفعول بہ بنتا ہے اور اس کا مابعد جملہ اسمیہ بھی ہو سکتا ہے، جیسے: "إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ" اور جملہ فعلیہ بھی ہو سکتا ہے، جیسے: "إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا" اور کبھی اس کے مضاف الیہ جملہ کو حذف کر کے اس کے عوض اس پر تنوین لایا جاتا ہے، جیسے: "يَوْمَئِذٍ" اور "حِيْنَئِذٍ" جو اصل میں "يَوْمَ إِذْكَان كَذَا" اور "حِيْنَ إِذْ كَانَ كَذَا" تھے، پھر "كَانَ كَذَا" جملہ کو حذف کر کے اس کے عوض "إِذْ" پر تنوین لے آئے۔[۳]

---

[۱] "قَبْلُ وَ بَعْدُ" جس وقت مضاف ہوں اور مضاف الیہ محذوف منوی ہو۔
[۲] "اذ" میں شبہ وضعی اور شبہ افتقاری پائی جاتی ہے اس لیے یہ مبنی ہے۔
[۳] مغنی اللبیب: ۱۱۲، شرح المفصل لابن یعیش: ۱۲۰/۳، النحو الوافی: ۲۷۵/۲۔

"إذْ" کی اقسام:

"إذْ" کی تین قسمیں ہیں:۱) ظرفیہ محضہ،۲) مفاجاتیہ،۳) تعلیلہ۔

"إذْ" ظرفیہ کی دو قسمیں ہیں:

(الف): **بمعنی ماضی:** "إذْ" بمعنی ماضی ہو تو اس کے لیے دو مظروف ہوتے ہیں، "إذْ" کا ماقبل اور "إذْ" کا مابعد، ماقبل والا مظروف اس کے اندر عمل کرتا ہے اور مابعد والے مظروف میں یہ خود عمل کرتا ہے اور کبھی اس کے ماقبل ومابعد میں تضاد ہوتا ہے، جیسے: "فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا.." اور کبھی اس کا ماقبل ومابعد ایک ہوتا ہے، جیسے: "يَاقَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ الله عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنْبِيَاءَ." (المائدۃ:۲۰)۔

"إذْ" ظرفیہ بمعنی فعل ماضی ترکیب میں چار چیزیں واقع ہوتا ہے:۱) مفعول فیہ، جیسے: "فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا.." ۲) مفعول بہ، جیسے: "وَاذْكُرُوا إِذْ كُنْتُمْ قَلِيلاً." اور کبھی اس کا فعل محذوف ہوتا ہے، جیسے: "وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ." "أَيْ اُذْكُرْ قَالَ رَبُّكَ." اور "إذْ" جب ابتداء کلام میں واقع ہو تو فعل محذوف کے لیے مفعول بہ بنے گا، صاحب مغنی اللبیب فرماتے ہیں کہ بعض حضرات نے جو یہ کہا ہے کہ اس صورت میں فعل محذوف کے لیے مفعول فیہ بنے گا، یہ درست نہیں ہے اس لیے کہ واقع کا زمانہ بہت پہلے گزر چکا ہے، اب تو اس وقت کو یاد کیا جارہا ہے اور جس کو یاد کیا جاتا ہے وہ مفعول بہ ہوتا ہے[۱]۔ ۳) بدل واقع ہو، جیسے: "وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ." اور جہاں بھی دو یا دو سے زیادہ "إذْ" پے درپے آجائیں تو یہ ایک دوسرے سے بدل بنیں گے، جیسے: "إِلاّ تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لا تَحْزَن." ۴) مضاف الیہ واقع ہو، مضاف الیہ اس وقت بنے گا جب "بَعْدُ، يَوْمُ، حِيْنَ، سَاعَةً" کے بعد واقع ہو، جیسے: "رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا." (ال عمران:۸)[۲]۔

(ب): **بمعنی استقبال:** "إذْ" بمعنی استقبال ترکیب میں مفعول فیہ واقع ہوتا ہے، جیسے: "فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ، إِذِ الْأَغْلالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ"[۳]۔

۲)۔ "إذْ" **تعلیلہ:** وہ ہے جو اپنے ماقبل کی علت بیان کرے، جیسے: "وَلَنْ يَنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذْ ظَلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ." اس کی ترکیب میں اختلاف ہے، لیکن صحیح مذہب یہ ہے کہ یہ حرف ہے ترکیب میں کچھ بھی واقع

---

[۱] مغنی اللبیب:۱۱۱، ہامش النحوالوافی:۲/۲۷۵۔

[۲] مغنی اللبیب:۱۱۱، النحوالوافی:۲/۲۷۷۔

[۳] مغنی اللبیب:۱۱۳۔

نہیں ہوتا[1]۔

۳)۔"إذْ"مفاجاتیہ:وہ ہے جو مفاجات(اچانک)کے معنی میں ہوتا ہے،اس کی علامت یہ ہے کہ یہ"بَيْنَا"اور"بَيْنَمَا" کے بعد آتا ہے اور یہ فعل ماضی پر داخل ہوتا ہے،جیسے:"بَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٍ إذْ أَقْبَلَ صِدِيْقٌ."اور"فَبَيْنُمَا الْعُسْرُ إذَا دَارَتْ مَيَاسِيْرُ." [2]

"إِذَا"کابیان:

"إِذَا"[3] یہ مستقبل کے لیے آتا ہے،جیسے:"أتِيْكَ إذَا تَطْلِعِ الشَّمْسُ"،اگر ماضی پر داخل ہو تو اس کو بھی مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے،جیسے:"إذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ"."إِذَا"مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اپنے مضاف الیہ جملہ سے مل کر ما قبل کے لیے مفعول فیہ بنتا ہے۔پھر"إِذَا"کی تین قسمیں ہیں:۱)ظرفیہ محضہ،۲)ظرفیہ شرطیہ،۳)مفاجاتیہ۔

۱)۔"إِذَا"ظرفیہ محضہ:وہ ہے جو شرط ومفاجاۃ کے معانی سے خالی ہو اور اس وقت یہ ما قبل فعل کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"أتِيْكَ إذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ".

۲)۔"إِذَا"ظرفیہ شرطیہ:یہ دو جملوں شرط وجزاء پر داخل ہوتا ہے،جیسے:"ثُمَّ إذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ."(عبس:۲۲)اور جب"إِذَا" شرط کے لیے ہو تو اس میں اختلاف ہے، محققین نحات کہتے ہیں کہ اس وقت یہ مضاف نہ ہوگا،بلکہ شرط کے لیے مفعول فیہ بنے گا اور عام نحات کہتے ہیں کہ"إِذَا"ظرفیہ محضہ شرط کی طرف مضاف ہوگا،پھر مضاف مضاف الیہ مل کر جزاء کے لیے مفعول فیہ بنے گا،جیسے:"وَإِذَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ آمِنُوا بِاللهِ وَجَاهِدُوا مَعَ رَسُولِهِ اسْتَأْذَنَكَ أُولُو الطَّوْلِ مِنْهُمْ." (التوبۃ:۸۶).

۳)۔"إِذَا"مفاجاتیہ:وہ ہے جو اچانک کا معنی دے،اس کی علامت یہ ہے کہ اس پر ہمیشہ"فاء"داخل ہوگی(یہ"فاء"کبھی زائدہ ہوگی اور کبھی استنافیہ)،لیکن شرط یہ ہے کہ جزاء کے موقع پر نہ ہو۔اور"إِذَا"مفاجاتیہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے،جیسے:"فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ."(الاعراف:۱۰۸)اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں:"{فَإِذا هِيَ حَيَّة تسْعَى}. {إذَا لَهُمْ مَكْرٌ}. {فَإِذا هِيَ شَاخِصَةٌ}.{فَإِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ}.{فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ}."وغیرہ۔

"إِذَا"مفاجاتیہ کی ترکیبی حیثیت:

"إِذَا"مفاجاتیہ کی ترکیبی حیثیت میں اختلاف ہے،امام اخفشؒ کہتے ہیں کہ یہ حرف ہے لا محل لہا من الاعراب،یعنی ترکیب میں کچھ بھی واقع نہیں ہوتا اور یہ ابن مالک کا مختار کردہ مذہب ہے۔اور امام مبردؒ فرماتے ہیں کہ یہ ظرف مکان

---

[1] مغنی اللبیب:۱۱۳۔

[2] النحو الوافی:۲/۲۷۶۔

[3] "اذا"میں شبہ افتقاری میں پائی جاتی ہے اور شبہ معنوی بھی پائی جاتی ہے جب حرف شرط کے معنی کو متضمن ہو۔

ہے اورابن عصفورؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے اورامام زجاجؒ کہتے ہیں کہ یہ ظرف زمان ہے اوراپنی خبر کے لیے مفعول فیہ بنے گا اور علامہ زمخشریؒ کا بھی یہی موقف ہے۔[۱]

"مَتَی "کابیان:

"مَتَی "[۲] (کب اور کس وقت) استفہام کے لیے زمانہ ماضی واستقبال دونوں میں آتا ہے، جیسے:"مَتیَ تُسَافِرُ؟"(تو کب کب سفر کرے گا؟) اور"مَتَی سَافَرْتَ؟"(تونے کب سفر کیا؟)، پھر"مَتَی "کی دو قسمیں ہیں:۱) حرفیہ،۲) اسمیہ ظرفیہ۔

۱)۔ "مَتَی "حرفیہ: یہ ان حروف جارہ میں سے ہے جو غیر مشہور ہیں، جیسے"مَتَی "لغت ہذیل میں"مِنْ"جارہ کے معنی میں آتا ہے، جیسا کہ شعر ہے:

" شَرِبْنَ بِماءِ البَحْرِ ثُمَّ تَرَفَّعَتْ　　　مَتَی لُجَجٍ خُضْرٍ لَهُنَّ نَئِيجُ "[۳]

۲)۔ "مَتَی "اسمیہ: اس کی دو قسمیں ہیں: (الف) استفہامیہ، (ب) شرطیہ، "مَتَی "کے مابعد دیکھیں گے ایک جملہ یا دو جملے ہیں، اگر ایک جملہ ہے تو"مَتَی "استفہامیہ ہو گا اور اگر دو جملے ہوں تو"مَتَی "شرطیہ ہو گا۔

"مَتَی "کی ترکیبی حیثیت:

"مَتَی "کی ترکیبی حیثیت یوں ہو گی کہ دیکھیں گے کہ اس کے بعد دو جملے ہیں یا نہیں، اگر نہیں ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اس کے بعد اسم ہے یا فعل، اگر اسم ہو تو"مَتَی "خبر مقدم اور اس کا مابعد مبتداء مؤخر ہو گا، جیسے:"مَتَی نَصْرُاللهِ"اور اگر فعل ہو تو پھر دیکھیں گے کہ فعل تام ہے یا فعل قاصر، اگر فعل قاصر ہے تو دیکھیں گے کہ اس کی خبر موجود ہے یا نہیں، اگر نہ ہو تو "مَتَی "خود اس کے لیے خبر مقدم بن جائے گا، جیسے:"مَتَی کَانَ یَوْمُ الْعِیْدِ؟"اور اگر اس کی خبر موجود ہو تو خبر کے متعلق ہو گا، یعنی مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"مَتَی کَانَ زَیْدٌ صَائِماً؟"اور اگر اس کے بعد فعل تام ہو تو اس کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"مَتَی ذَهَبْنَ إِلَی السِّجْنِ؟"اور اگر اس کے بعد دو جملے ہوں تو اس صورت میں"مَتَی "شرطیہ ہو گا، پھر اگر شرط فعل تام ہو تو اس کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"مَتَی تَقُمْ أَقُمْ؟"اور اگر فعل قاصر ہو تو اس کی خبر کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"مَتَی تَكُنْ مُجْتَهِداً تَحْتَرِمْ؟".[۴]

"كَيْفَ"کابیان:

"کَیْفَ "حالت دریافت کرنے کے لیے آتا ہے، جیسے:"کَیْفَ حَالُكَ؟"، پھر"کَیْفَ "کی دو قسمیں ہیں:۱) "کَیْفَ "

---

[۱] مغنی اللبیب:۱۲۱، شرح المفصل لابن یعیش:۱۲۱/۱۔
[۲] "متی "میں حرف استفہام اور حرف شرط کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے شبہ معنوی پائی جاتی ہے، اس لیے مبنی ہے۔
[۳] حاشیۃ الصبان:۳۰۵/۲، شرح الاشمونی:۶۲/۲۔
[۴] مغنی اللبیب::۲۲۰، بدرالسعید:۱۵۰۔

استفہامیہ،۲) "كَيْفَ"شرطیہ۔
۱)۔ "كَيْفَ"شرطیہ: یہ دو جملوں (جو لفظاً اور معناً متفق ہوتے ہیں) پر داخل ہوتا ہے اور کبھی اس کے بعد "مَا"مذکور ہوتا ہے اور کبھی نہیں، اگر "مَا"مذکور ہو تو "كَيْفَ"اسماء شرطیہ جازمہ میں سے ہوگا، جیسے: "كَيْفَمَا تَجْلِسْ أَجْلِسْ"اور اگر "مَا" مذکور نہ ہو تو "كَيْفَ"اسماء شرطیہ غیر جازمہ ہوگا، جیسے: "كَيْفَ تَجْلِسُ أَجْلِسُ"اور یہ دونوں جملے شرط و جزاء ہوں گے اور ترکیب میں شرط کے لیے حال بنے گا، بشرطیکہ افعال تامہ میں سے ہو، جیسے: "كَيْفَ تَعْمَلُ أَعْمَلُ"، اور اگر افعال ناقصہ میں سے ہو اور اس کا خبر مذکور نہ تو اس کے لیے خبر مقدم بنے گا، جیسے: "كَيْفَ وَالِدُه يَكُوْنُ إِبْنُهُ".
۲)۔ "كَيْفَ"استفہامیہ: "كَيْفَ"استفہامیہ کے بعد کو دیکھیں گے کہ اس کے بعد "واوَ" ہے یا نہیں، اگر "واوَ"ہو تو ما قبل والی عبارت محذوف ہوگی اور "كَيْفَ"حال بنے گا، جیسے: "كَيْفَ وَإِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ."(التوبۃ:۸)"أيْ كَيْفَ يَكُونُ لَهُمْ عَهْدٌ وَإِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ."یہاں "كَيْفَ"، "عَهْدٌ"سے حال ہے اور اگر اس کے بعد "واوَ"نہ ہو تو مابعد کو دیکھیں گے اسم ہے یا فعل۔ اگر اسم ہو تو "كَيْفَ"خبر مقدم اور یہ اسم مبتداء مؤخر ہوگا، جیسے: "كَيْفَ حَالُكَ؟"

اور اگر اس کے بعد فعل ہو تو دیکھیں گے فعل تام یا فعل ناقص، اگر فعل ناقص ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اس کی خبر موجود ہے یا نہیں، اگر نہ ہو تو اس کے لیے خبر مقدم بنے ہوگا، جیسے: "كَيْفَ كَانَ عِقَابِ."اور اگر اس کا مابعد فعل تام ہو تو پھر دیکھیں گے کہ فعل اس سے مستغنی ہے یا نہیں، اگر فعل اس سے مستغنی نہیں، یعنی فعل از افعال متعدی ہو اور مفعول بہ مذکور نہ ہو تو پھر دیکھیں گے کہ باب "عَلِمْتُ"میں سے ہے، یا باب غیر "عَلِمْتُ"میں سے ہے، یا ان دونوں کے علاوہ ہے، اگر باب "عَلِمْتُ"میں سے ہو تو پھر اس کے لیے مفعول ثانی بنے گا، جیسے: "كَيْفَ عَلِمْتَ زَيْداً؟"اور اگر باب "أَعْلَمْتُ"میں سے ہو تو اس کے لیے مفعول ثالث بنے گا، جیسے: "كَيْفَ أَعْلَمْتَ زَيْداً فَاضِلاً"اور ان دونوں کے علاوہ ہو تو مفعول بہ بنے گا اور اگر فعل اس سے مستغنی ہو تو اس کے لیے حال ہوگا، جیسے: "كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللهِ، أيْ أَيَّ حَالٍ تَكْفُرُونَ بِاللهِ."(البقرۃ:۲۸)اور علامہ ہشام کہتے ہیں کہ میرے نزدیک اس صورت میں مفعول مطلق بنے گا، جیسے: "أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ." (سورۃ الفیل:۱)، "أَيُّ فِعْلٍ فَعَلَ رَبُّكَ." [1]

امام سیبویہؒ کے نزدیک "كَيْفَ"بناء بر ظرفیت ہمیشہ منصوب ہوتا ہے اور امام اخفشؒ اور علامہ سیرافیؒ کے نزدیک غیر ظرف مرفوع بناء بر خبریت اور منصوب بناء بر حالیت ہوگا۔ [2]

"أَيَّانَ"کا بیان:

---
(۱) مغنی اللبیب:۱/۲۷۰، ہمع الہوامع:۲/۲۱۸،جامع الدروس العربیۃ:۱/۱۴۴۔
(۲) مغنی اللبیب:۲/۲۷۲۔

"أَيَّانَ"(کب)ظرف زمان مستقبل کے لیے آتا ہے اور یہ کسی عظیم امر کا وقت معلوم کرنے کے لیے آتا ہے، جیسے: "يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ."(القیامۃ:٦)،"يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ."(الذاریات:۱۲)، پھر اس کی دو قسمیں ہیں:۱) "أَيَّانَ"استفہامیہ،۲) "أَيَّانَ"شرطیہ۔

۱)۔ "أَيَّانَ"استفہامیہ:یہ ظرف زمان "مَتَى"کے معنی میں ہے اور یہ کسی عظیم امر کا وقت معلوم کرنے کے لیے آتا ہے، اس کے مابعد کو دیکھیں گے کہ اسم ہے یا فعل، اگر اسم ہو تو یہ خبر مقدم ہو گا اس طور پر کہ "أَيَّانَ"،فعل مقدر "ثَابِتٌ" کے لیے مفعول فیہ ہو گا، جیسے:"أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ."اور اگر فعل ہو تو اس کے لیے مفعول فیہ مقدم بنے گا، جیسے:"أَيَّانَ جَلَسْتَ؟"

۲)۔ "أَيَّانَ"شرطیہ:یہ شرط فی المستقبل کے معنی کو متضمن ہوتا ہے اور دو جملوں شرط اور جزاء پر داخل ہو کر دونوں کو جزم دیتا ہے اور ترکیب میں شرط کے لیے مفعول فیہ واقع ہوتا ہے، جیسے:"أَيَّانَ تجتهدْ تَجِدْ نجاحاً."اور اگر فعل ناقص ہو تو خبر کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے:"أَيَّان تَكُنْ عَازِماً عَلَى زِيَارَتِيْ أَكُنْ مُنْتَظِرُكِ."[۱]

"أَيَّانَ"اور"مَتَى"میں فرق:

"أَيَّانَ"اور"مَتَى"میں فرق یہ ہے کہ"مَتَى"ماضی اور مستقبل دونوں کے لیے آتا ہے جب کہ"أَيَّانَ"صرف مستقبل کے لیے آتا ہے اور "مَتَى"امور معظومہ اور غیر معظومہ دونوں کے لیے آتا ہے اور جب کہ"أَيَّانَ"صرف امور معظومہ کے متعلق استفسار کے لیے آتا ہے۔[۲]

"أَمْسِ"کا بیان:

"أَمْسِ"[۳] یہ گزشتہ کل کے لیے آتا ہے، جیسے:"جئتک امس"(میں گزشتہ کل تیرے پاس آیا)، اگر"أَمْسِ"سے معین دن مراد ہو تو اس میں تین لغات ہیں:۱) مبنی بر کسر، جیسے:"اعْتَكَفْتُ أَمْسِ"،یہ حجازیین کی لغت ہے۔ ۲)معرب غیر منصرف(علمیت اور عدل کی وجہ سے)مطلقاً ہوں، یہ بعض بنو تمیم کی لغت ہے اور جمہور بنی تمیم کہتے ہیں کہ حالت رفعی میں معرب غیر منصرف ہو گا، جیسے:"ذَهَبَ أمْسُ"اور حالت نصبی و جری میں مبنی بر کسر ہو گا، جیسے:"اعْتَكَفْتُ أمْسِ"اور"عَجِبْتُ مِنْ أمْسِ"اور اگر اس سے زمانہ ماضیہ میں کوئی معین دن مراد ہو، یا جمع مکسر ہو، یا اس پر الف لام ہو یا مضاف ہو، ان چار صورتوں میں بالاتفاق معرب ہو گا۔ زمانہ ماضی کی مثال، جیسے:"فَعَلْتُ ذَلِك أمْسا، أَيْ فِي يَوْم مَا من الْأَيَّام

---

[۱] شرح المفصل لابن یعیش:۱۳۵/۳، ہمع الہوامع:۵۴۶/۲،جامع الدروس العربیہ:۱۴۳/۱۔

[۲] شرح المفصل لابن یعیش:۱۳۵/۳،شرح التسہیل لابن مالک:٦٦/۴، ہمع الہوامع:۵۴٦/۲۔

[۳] "امس"ماضی کے معنی کو متضمن ہے اس میں شبہ معنوی پائی جاتی ہے اس لیے مبنی ہے۔

الْمَاضِيَة.'' جمع مکسر کی مثال، جیسے: ''مَرَّتْ بِنَا أَوَّلُ مِنْ أُمُوْسٍ.[۱] '' الف لام کی مثال، جیسے: ''فَجَعَلْنَاهَا حَصِيْدًا كَأَنَّ لَّمْ تُغْنَ بِالْأَمْسِ.'' (یونس:۲۴) اور مضاف کی مثال، جیسے: ''مَا كَانَ أَطْيَبُ أَمْسَنَا.''[۲]

''مُذْ وَمُنْذُ'' کا بیان:

''مُذْوَمُنْذُ'' یہ دونوں کبھی ابتداء مدت اور کبھی جمیع مدت بیان کرنے کے لیے آتے ہیں[۳] ''مُذْوَمُنْذُ'' کی دو قسمیں ہیں: ۱) حرفی، ۲) اسمی۔ اگر ''مُذْوَمُنْذُ'' حرفی ہوں تو مابعد والا اسم مجرور ہو گا اور اس وقت یہ حروف جارہ ہوں گے، پھر ''مُذْوَمُنْذُ'' حرفی کی تین قسمیں ہیں: ۱) بمعنی ''مِنْ''، ۲) بمعنی ''فِيْ''، ۳) بمعنی ''إِلَى''۔

ان کی تفصیل یہ ہے کہ اگر اس کے مدخول سے زمانہ ماضی مراد ہو تو بمعنی ''مِنْ'' ہوں گے، جیسے: ''مَارَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، أَيْ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ'' اور اگر اس کے مدخول سے زمانہ حال مراد ہو تو بمعنی ''فِيْ'' کے ہوں گے، جیسے: ''مَارَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمَانِ، أَيْ فِيْ يَوْمَيْنِ'' اور اگر اس سے زمانہ محدود مراد ہو تو بمعنی ''إِلَى'' کے ہوں گے، جیسے: ''مَارَأَيْتُهُ مُذْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، أَيْ مِنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَى الْيَوْمِ الْحَاضِرِ'' اور جبکہ ''مُذْوَمُنْذُ'' اسمی کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت: اس کے بعد اسم مفرد مرفوع ہو، جیسے: ''مَارَأَيْتُ مُذْ يَوْمَانِ''، اس کی تین ترکیبیں ہیں: ۱) امام مبردؒ اور ابن سراجؒ کے نزدیک ''مُذْوَمُنْذُ'' مبتداء اور ''يَوْمَانِ'' اس کے لیے خبر ہوں گے، اس صورت میں جب ''مُذْوَمُنْذُ'' مبتداء بنتے ہیں تو بتاویل جمیع المدۃ ہو کر مبتداء بنیں گے۔ ۲) امام اخفشؒ اور زجاجؒ نحوی کے نزدیک ''مُذْوَمُنْذُ'' خبر مقدم اور ''يَوْمَانِ'' مبتداء مؤخر ہوں گے۔ ۳) اکثر کوفیین کے نزدیک ''مُذْوَمُنْذُ'' مضاف اور ''يَوْمَانِ''، ''كَانَ'' فعل تامہ مقدر کے لیے فاعل اور فعل و فاعل مل کر مضاف الیہ، پھر مضاف مضاف الیہ سے مل کر ما قبل فعل کے لیے مفعول فیہ بنے گا۔

دوسری صورت: اس کے بعد جملہ ہو، خواہ جملہ اسمیہ ہو یا جملہ فعلیہ، جیسے: ''مَارَأَيْتُ مُذْ صُمْتُ''، اس کی دو

---

(۱) یہ شعر کا پہلا مصرعہ ہے پورا شعر یوں ہے:

'' مرت بِنَا أول من أموس ... تميس فِينَا ميسة الْعَرُوس ''

(شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۱۲۹)

(۲) شرح المفصل لابن یعیش: ۱۳۷/۳، شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۱۲۹، شرح قطر الندی: ۱۵، ہمع الہوامع: ۱۹۰/۲، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۲۲۷/۳۔

(۳) ابتداء مدت اور جمیع مدت معلوم کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر یہ ''مَتَى'' کا جواب بننے کی صلاحیت رکھتے ہوں تو اول المدۃ کے لیے آئیں گے، جیسے کوئی سوال کرے: ''مَتَى مَارَأَيْتَ زَيْداً؟'' تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: ''مَارَأَيْتُهُ مُذْيَوْمِ الْعِيدِ''، یعنی ''ابْتِدَاءُمُدَّةِ عَدَمِ رُؤْيَتِيْ إِيَّاهُ يَوْمَ الْعِيْدِ''، (میرے اس کو نہ دیکھنے کی ابتدائی مدت عید کا دن ہے) اور اگر ''كَمْ'' کا جواب بننے کی صلاحیت رکھے تو جمیع المدۃ کے لیے آئیں گے، جیسے: کوئی سوال کرے: ''كَمْ مُدَّةَ مَارَأَيْتُ زَيْداً؟'' تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: ''مَارَأَيْتُهُ مُنْذُيَوْمَانِ''، یعنی ''جَمِيْعُ مُدَّةِ عَدَمِ رُؤْيَتِيْ إِيَّاهُ يَوْمَانِ''، (میرے اس کو نہ دیکھنے کی جمیع مدت دو دن ہے)۔

ترکیبیں ہیں:۱)"مُذْ"مضاف "صُمْتُ"مضاف الیہ،مضاف مضاف الیہ مل کر ماقبل فعل کے لیے مفعول فیہ بنیں گے،جیسے:"مَا أَكَلْتُ شَيْئاً مُنْذُ طَلَعَ الْفَجْرُ"۔۲) "مُذْوَمُنْذُ"مضاف "زَمَانٍ"محذوف کی طرف،پھر "زَمَانٍ" موصوف ہو گا،مابعد جملہ اس کے لیے صفت،پھر سب مل کر ماقبل فعل کے لیے مفعول فیہ بنیں گے،جیسے:"مَارَأَيْتُ زَيْداً مُذْ زَمَانٍ صُمْتُ".[۱]

"قَطُّ"کابیان:

"قَطُّ"[۲](کبھی)ماضی منفی کی تاکید کے لیے آتا ہے،جیسے:"مَاضَرَبْتُهُ زَيْداً قَطُّ"(میں نے زید کو کبھی نہیں مارا)[۳]،یہ ہمیشہ مبنی ہوتا ہے اور ترکیب میں مفعول فیہ واقع ہوتا ہے۔[۴]

"عَوْضُ"کابیان:

"عَوْضُ"(ہرگز)یہ مضارع منفی کی تاکید کے لیے آتا ہے،جیسے:"لَا أَضْرِبُهُ عَوْضُ"(میں اس کو ہرگز نہیں ماروں گا)۔اس صورت میں یہ مبنی ہو گااور ترکیب میں مفعول فیہ واقع ہو گااور اگر مضاف ہو تو پھر معرب ہو گا،جیسے:"لَا أَفْعَلُهُ عَوْضَ الْعَائِضِيْنَ."[۵]

"قَبْلُ، بَعْدُ"کابیان:

"قَبْلُ، بَعْدُ"ظرف زمان اور مکان دونوں کے لیے آتے ہیں،ظرف زمان کی مثال،جیسے:"أَتَيْتُ زَيْداً قَبْلَ الْعَصْرِ"اور مکان کی مثال،جیسے:"دَارِيْ قَبْلَ دَارِكَ وَبَعْدَ دَارِكَ"۔اور جہات ستہ(قَبْلُ، بَعْدُ، تَحْتُ، فَوْقُ، قُدَّامُ، خَلْفُ)ہمیشہ لازم الاضافت ہوتے ہیں،ان کی تین حالتیں ہیں[۶]:ایک حالت میں مبنی اور دو حالتوں میں معرب ہوتے ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے کہ"قَبْلُ وَبَعْدُ"کا مضاف الیہ مذکور ہو گا یا محذوف ہو گا،اگر مذکور ہو تو معرب،جیسے:"مِنْ قَبْلِهِمْ"اور

---

[۱] شرح المفصل لابن یعیش:۱۱۶/۳،ارتشاف لابی حیان:۱۴۱۹/۳،شرح التصریح:۶۶۱/۱،النحو الوافی:۵۴۴/۲،بدر السعید:۱۵۴۔

[۲] "قَط"اس لیے مبنی ہے کہ اس میں تثنیہ اور جمع نہ ہونے کی وجہ سے شبہ جمودی پائی جاتی ہے۔

[۳] قَط ظرفٌ للماضي على سبيل الاستغراق، يَستغرقُ ما مضى من الزَّمان، واشتقاقُهُ من "قَطَطتُهُ" – أي قطعته – فمعنى "ما فعلتُهُ قطُّ" ما فعلتُهُ فيما انقطعَ من عُمري. ويُؤتى به بعدَ النفي أو الاستفهام للدلالة على نفي جميع أجزاءِ الماضي، أو الاستفهامِ عنها. ومن الخطأ أن يقال "لا أفعلُهُ قَطُّ"، لأَنَّ الفعلَ هنا مُستقبَلٌ، و"قطّ" ظرفٌ للماضي.(جامع الدروس العربية:۵۷/۳)

[۴] المفصل للزمخشری:۲۱۶، ہمع الھوامع:۲۱۶/۲، شرح المفصل لابن یعیش:۱۳۷/۳، الکناش فی فنی النحو والصرف:۲۹۱/۱، شرح الرضی علی الکافیہ:۲۲۴/۳۔

[۵] المفصل للزمخشری:۲۱۶، ہمع الھوامع:۲۱۶/۲، شرح المفصل لابن یعیش:۱۳۷/۳، الکناش فی فنی النحو والصرف:۲۹۱/۱، شرح الرضی علی الکافیہ:۲۲۴/۳،جامع الدروس العربیۃ:۵۷/۳۔

[۶] شرح ابن عقیل:۳۵۳،النحو الوافی:۲۸۳/۲،النحو القرآنی:۴۴۷.

اگر مذکور ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، نسیاً منسیاً ہوگا یا منوی، اگر نسیاً منسیاً ہو (نہ لفظوں میں ہو اور نہ نیت میں ہو) تو معرب، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ مِنْ قَبْلٍ وَمِنْ بَعْدٍ" اور اگر منوی (متکلم کی نیت میں ہو) ہو تو مبنی، جیسے: "أَمَّا بَعْدُ".[1]

بعض حضرات ان کے احوال کو قدرے تفصیل کیساتھ بیان کیا ہے کہ اسمائے غایات کے مضاف الیہ کی چار حالتیں ہیں: تین حالتوں میں معرب اور ایک حالت میں مبنی بر ضم ہوتے ہیں: ۱) مضاف الیہ مذکور ہو تو معرب ہوں گے، جیسے: "لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا." (النحل: ۷۰)، "لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا." (الحج: ۵)۔ ۲) مضاف الیہ محذوف ہو مگر اس کے الفاظ اور معنی دونوں منوی و مقصود ہوں تو معرب غیر منون ہوں گے، جیسے: "انْقَطَعَ المَطَرُ وَصَفَا الْجَوُّ بَعْدَ، أَيْ بَعْدَ انْقِطَاعِ الْمَطَرِ." ۳) مضاف الیہ محذوف ہو مگر اس کے الفاظ اور معنی دونوں منوی مقصود نہ ہوں تو معرب منون ہوں گے، جیسے: "رُبَّ بَعْدٍ كَانَ خَيْراً مِنْ قَبْلٍ" (بہت ہی بعد کی چیزیں پہلے کی چیزوں سے بہتر ہیں)۔ یہ تنوین تنوین عوض ہوتی ہے جو مضاف الیہ کے محذوف ہونے پر دلالت کرتی ہے، یعنی: "رُبَّ شَيْءٍ كَائِنٍ بَعْدَ زِمْنٍ مَوْجُوْدٍ كَانَ خَيْراً مِنْ رُبَّ شَيْءٍ كَائِنٍ قَبْلَ زِمَنٍ مَاضٍ." ۴) مضاف الیہ محذوف ہو مگر اس کے الفاظ منوی و مقصود نہ ہوں، البتہ اس کے معنی منوی و مقصود ہوں (جو موقع و محل کے پیش نظر مناسب الفاظ محذوف مان کر مراد لیے جائیں گے) تو مبنی علی الضم ہوں گے، جیسے: "لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ."

خلاصہ کلام یہ ہے کہ "معرب منون ہونا" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ الفاظ و معنی دونوں مقصود نہیں ہیں اور مبنی علی الضم ہونا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ معنی مقصود ہے جو مناسب الفاظ محذوف مان کر مراد لے لیے جائیں۔

دوسری قسم: ظروف مکانیہ: وہ اسمائے ظروف جو مکان پر دلالت کرتے ہوں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں:

(الف): وہ ظروف مکانیہ جو اشارہ کے لیے بھی مستعمل ہوں اور یہ پانچ ہیں:

هُنَا	هٰهُنَا	هُنَاكَ	هُنَالِكَ	ثَمَّ

مذکورہ کلمات اشارہ مع الظرفیۃ کا فائدہ دیتے ہیں اور یہ ترکیب میں فاعل، مفعول اور مبتداء واقع نہیں ہوتے اور عموما ان پر "مِنْ" اور "إِلَى" جارہ داخل ہوتے ہیں، جیسے: "سِرْتُ مِنْ هُنَا إِلَى هُنَاكَ." "هُنَا" قریبی مکان کے لیے بطور اسم اشارہ استعمال ہوتا ہے، جیسے: "هُنَا حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ" اور کبھی اس کے اول میں "ھَا" تنبیہ کا اضافہ کیا جاتا ہے، جیسے: "فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ." (المعارج: ۳۵)، "مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا." (ال عمران: ۱۵۴)، "إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ." (المائدۃ: ۲۴)۔ اور اس کے آخر میں اشارہ بعید کے لیے لام اور کبھی "كَ" خطابیہ بھی آتا ہے، جیسے: "هُنَاكَ جَبَلٌ كَبِيْرٌ" اور کبھی زمانے پر دلالت کرتا ہے، جیسے: "فَغُلِبُوا هُنَالِكَ." (الاعراف: ۱۱۹)، "هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ." (یونس: ۳۰)، "هُنَالِكَ

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۱۰۴/۳، اوضح المسالک الی الفیۃ ابن مالک: ۱۳۰/۳، جامع الدروس العربیہ: ۵۹/۳، معانی النحو: ۱۳۸/۳۔

الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ.‘‘(الکھف:۴۴)وغیرہ۔اور’’ثَمَّ‘‘بھی معنی اور حکم میں’’هٰنَا‘‘کی مانند ہے کہ مکان بعید کے لیے بطور اسم اشارہ استعمال ہوتا ہے، جیسے:’’فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ.‘‘(البقرۃ:۱۱۵)اور کبھی اس کے آخر میں’’ۃ‘‘آتی ہے، جیسے: ’’ثَمَّةَ جَاهِلٌ‘‘.[۱]

(ب):وہ ظروف مکانیہ جو اشارہ کے لیے مستعمل نہ ہوں اور وہ یہ ہیں:

حَيْثُ	قُدَّامُ	تَحْتُ	فَوْقُ	أَمَامُ	خَلْفُ	عِنْدَ	وَرَاءُ	دُوْنَ	أَيْنَ

ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

’’حَيْثُ‘‘کا بیان:

’’حَيْثُ‘‘ (جس جگہ)ظرف مکان ہے اور یہ لازم الاضافت اور مبنی برضمہ ہوتا ہے ، ہمیشہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اکثر جملہ فعلیہ کی طرف مضاف ہوتا ہے، جیسے:’’اجْلِسْ حَيْثُ جَلَسَ زَيْدٌ‘‘۔اور جب یہ جملہ فعلیہ کی طرف مضاف ہو تو ترکیب میں یا مفعول فیہ واقع ہوگا، جیسے:’’اجْلِسْ حَيْثُ جَلَسَ زَيْدٌ‘‘اور یا مفعول بہ واقع ہوگا، جیسے:’’اللّٰهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ.‘‘(الانعام:۱۲۴)،یہاں’’أَعْلَمُ‘‘اسم تفضیل’’يَعْلَمُ‘‘کے معنی میں ہے اس لیے کہ اسم تفضیل مفعول بہ میں عمل نہیں کرتا۔[۲]

’’حَيْثُ‘‘کے بعد اگر’’مَا‘‘آجائے تو یہ ما کافہ عن الجر کہلاتا ہے اور یہ’’حَيْثُ‘‘کو اضافت سے روک دیتا ہے اور اس وقت’’حَيْثُمَا‘‘شرطیہ ہوتا ہے اور شرط کے لیے مفعول فیہ بنتا ہے، جیسے:’’حَيْثُمَا تَجْلِسْ أَجْلِسْ‘‘اور کبھی’’حَيْثُ‘‘ تعلیل کے لیے بھی آتا ہے، جیسے: حدیث میں ہے:’’أَخِّرُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَخَّرَهُنَّ اللّٰهُ‘‘.[۳]

اور اکثر’’حَيْثُ‘‘پر’’مِن‘‘جارہ داخل ہوتا ہے، جیسے:’’وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.‘‘(البقرۃ:۱۴۹)اور کبھی’’حَيْثُ‘‘مفرد کی طرف مضاف ہوتا ہے،اس وقت عند البعض معرب ہوگا اور عند البعض مبنی ہوگا اور اگر معرب ہو تو مابعد مجرور ہوگا اور اگر مبنی ہو تو مابعد مبتداء ہوگا خبر محذوف کے لیے۔[۴]

’’قُدَّامُ‘‘،’’تَحْتُ‘‘،’’فَوْقُ‘‘،’’أَمَامُ‘‘اور’’خَلْفُ‘‘کا بیان:

ان کی بھی’’قَبْلُ، بَعْدُ‘‘کی طرح تین حالتیں ہیں، جب ان کا مضاف الیہ محذوف منوی ہو تو اس وقت یہ مبنی ہوتے ہیں، جیسے:’’قَامَ الْإِمَامُ قُدَّامُ، أيْ قُدَّامُ النَّاسِ‘‘اور یہ تینوں ترکیب میں مفعول فیہ واقع ہوتے ہیں اور ان میں شبہ

---

[۱] النحو الوافی:۳۲۸/۱.
[۲] مغنی اللبیب:۱۷۶،شرح المفصل لابن یعیش:۱۱۴/۳،شرح التسہیل لابن مالک:۲۲۲/۲، ہمع الہوامع:۲۰۹/۲،جامع الدروس العربیۃ:۶۲/۳۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ:۶۳/۳۔
[۴] مغنی اللبیب:۱۷۶،شرح المفصل لابن یعیش:۱۱۵/۳،الارتشاف لابی حیان:۱۴۵۰/۳۔

افتقاری پائی جاتی ہے اس لیے یہ مبنی ہیں[۱]۔

”دُوْنَ“ کا بیان:

”دُوْنَ“ ظرف اور غیر ظرف دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے، جب غیر ظرف ہو تو یہ ”حقیر، خسیس، مسترذل“ وغیرہ معنوں میں آتا ہے، جیسے: ”ثَوْبٌ دُوْنَ، أيْ حَقِيْر. وَرَجُلٌ دُوْنَ، أيْ مُسْتَرْذِلٌ لَيْسَ بِلَا حَقٍّ. هُوَ دُوْنَكَ، أيْ حَقِيْرُكَ.“ اور ”دُوْنَ“ ظرفیہ تقریب کا فائدہ دیتا ہے، جیسے: ”هَذَا دُوْنَ ذَلِكَ، أيْ أَقْرَبُ مِنْهُ.“ اور ظرف مکان کی مثال، جیسے: ”قَعَدَ زَيْدٌ دُوْنَ عَمْرٍو، أيْ فِيْ مَكَانٍ مُنْخَفِضٍ عَنْ مَكَانِهِ.“ اور اس کے علاوہ ”دُوْنَ“ کے متعدد معانی آتے ہیں: ۱) بمعنی ”قَبْلُ“، جیسے: ”جَلَسْتُ دُوْنَ النَّافِذَةِ“۔ ۲) بمعنی ”غَيْرُ“، جیسے: ”اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ آلِهَةً.“ (الکھف:۱۵) اور اسی طرح یہ ہے: ”وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذَلِكَ. [الانبیاء:۸۲]“۔ ۳) بمعنی ”لام“ تعلیلیہ، جیسے حدیث میں ہے: ”مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهَوَ شَهِيْدٌ“۔ ۴) بمعنی ”وَرَاءَ“، جیسے: ”هَذَا أَمِيْرٌ عَلَى مَا دُوْنَ جَيْحُوْن، أيْ مَا عَلَى مَا وَرَاءَهُ.“ ۵) بمعنی ”تَحْتَ“، جیسے: ”دُوْنَ قَدَمِكَ خُذْ عَدُوَّكَ، أيْ تَحْتَ قَدَمِكَ.“ ۶) بمعنی ”فَوْقَ“، جیسے کوئی کہے: ”إِنَّ فُلَاناً لَشَرِيْفٌ“ تو مخاطب جواب میں کہہ دے: ”وَدُوْنَ ذَلِكَ، أيْ فَوْقَ ذَلِكَ.“[۲]

”عِنْدَ“ کا بیان:

”عِنْدَ“ ظرف مکان وزمان میں مستعمل ہوتا، جیسے: ”عِنْدَكَ مَالٌ. أَقْبَلَ عِنْدَ اللَّيْلِ“ اور یہ کسی چیز کی غایت قریب بتلانے کے لیے آتا ہے اور ”عِنْدَ“ لازم الاضافت اور مبنی بر فتحہ ہوتا ہے، اس کی اضافت مفرد، جمع، اسم ضمیر اور اسم ظاہر سب کی طرف ہوتی ہے، جیسے: ”الْمَالُ عِنْدَزَيْدٍ، الْمَالُ عِنْدَهُمْ، الْمَالُ عِنْدَالنَّاسِ“. اور یہ ہمیشہ مبنی بر فتحہ اور کبھی مجرور بہ ”مَنْ“ استعمال ہوتا ہے، جیسے: ”اتَيناهُ رحْمَةً مِنْ عِندِنَا.“ (الکھف:۶۵)۔

علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ ”عِنْدَ“ کا مظروف کبھی حاضر حساً ہوتا ہے، جیسے: ”فَلَمَّا رَءَاهُ مُستَقِرًّا عِندَهُ.“ (النمل:۴۰)، کبھی حاضر معناً ہوتا ہے، جیسے: ”قَالَ الَّذِي عِنْده عِلْمٌ مِنَ الْكتابِ.“ (النمل:۴۰)، کبھی قریب حساً ہوتا ہے، جیسے: ”عِنْد سِدْرَة الْمُنْتَهى عِنْدهَا جنَّة المأوى.“ (النجم:۱۴)، اور کبھی قریب معنا ہوتا ہے، جیسے: ”{عِنْد مَلِيْكٍ مُقْتَدِرٍ} [الْقَمَر: ٥٥]. {رَبَّ ابْن لِيْ عنْدك بَيْتا فِي الْجنَّة} [التَّحْرِيم: ١١]. {وَإِنَّهُم عندنَا لمِن الْمصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ} [ص: ٤٧]. {مَا عندكُمْ ينْفد وَمَا عِنْد الله بَاقٍ ولنجزين}[النَّحْل: ٩٦].“ اور کبھی ”عِنْدَ“ زمانیہ بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے حدیث میں ہے: ”الصَّبْر عِنْد الصدمة الأولى.“[۳]

---

[۱] معانی النحو:۲/۱۸۸۔
[۲] معانی النحو:۲/۲۱۱، لسان العرب:۱۷/۲۳۔
[۳] ہمع الہوامع:۲/۱۶۵۔

"أَيْنَ" کابیان:

"أَيْنَ "ظرف مکان کے لیے آتا ہے، جیسے: "أَيْنَ أَبُوْكَ؟ أَيْنَ جَلَسْتُمْ؟"، اس کی دو قسمیں ہیں:

۱) "أَيْنَ "استفہامیہ، ۲) "أَيْنَ "شرطیہ۔

۱)۔"أَيْنَ "استفہامیہ کے مابعد کو دیکھیں گے کہ اسم ہے یا فعل، اگر اسم ہو تو یہ "ثَابِتٌ" خبر مقدم کے لیے مفعول فیہ بنے گا اور مابعد اس کے لیے مبتداء مؤخر بنے گا، جیسے: "أَيْنَ أَبُوْكَ، أَيْ كَائِنٌ أَيْنَ أَبُوْكَ؟" اور اگر اس کے بعد فعل ہو تو دیکھیں گے کہ فعل تام ہے یا فعل ناقص، اگر فعل ناقص ہو تو یہ خبر مقدم بنے گا اس طور پر کہ یہ مفعول فیہ "ثَابِتاً" مقدر کے لیے بنے گا اور پھر وہ "ثَابِتاً" خبر مقدم بنے گا، جیسے: "أَيْنَ تَكُوْنُ؟" اور اگر فعل تام ہو تو اس کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے: "فَأَيْنَ تَذْهَبُوْنَ؟" اور اگر اس کے بعد "مَا" آجائے تو اس صورت میں شرطیہ ہو گا، جیسے: "أَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ اللهُ جَمِيْعاً."(البقرۃ:۱۴۸)۔

۲)۔"أَيْنَ "شرطیہ: یہ دو جملوں شرط وجزاء پر داخل ہوتا ہے اور دونوں کو جزم دیتا ہے اور اگر فعل تام ہو تو اپنے شرط کے لیے مفعول فیہ بنتا ہے، جیسے: "أَيْنَ تَجْلِسْ أَجْلِسْ" اور اگر فعل ناقص ہو تو خبر کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے: "أَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ."(النساء:۷۸)۔[1]

تیسری قسم: ظروف مشترکہ: وہ اسمائے ظروف جو زمان ومکان دونوں پر دلالت کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

قَبْلُ	بَعْدُ	أَنَّى	لَدَى	لَدُنْ	بَيْنَ	مَعَ

ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

"قَبْلُ، بَعْدُ" کابیان:

"قَبْلُ، بَعْدُ" یہ ظروف مشترکہ میں سے ہے، زمان اور مکان دونوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں، زمانیہ کی مثال، جیسے: "أَتَيْتُ زَيْداً قَبْلَ الْعَصْرِ" اور مکانیہ کی مثال، جیسے: "دَارِيْ قَبْلَ دَارِكَ وَبَعْدَدَارِكَ"۔ باقی ان کی اعرابی تفصیل ما قبل ظروف مکانیہ کے ذیل میں گذر چکی ہے۔

"أَنَّى" کابیان:

"أَنَّى "ظرف زمان ومکان دونوں میں مشترک ہے، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: ۱) شرطیہ، ۲) استفہامیہ۔

۱)۔"أَنَّى "شرطیہ: یہ دو جملوں (شرط وجزاء) پر داخل ہوتا ہے اور دونوں کو جزم دیتا ہے اور اگر فعل تام ہو تو شرط کے لیے مفعول فیہ بنتا ہے، جیسے: "أَنَّى تَجْلِسْ أَجْلِسْ" اور اگر شرط فعل ناقص ہو تو خبر کے لیے مفعول فیہ بنے گا، جیسے: "أَنَّى

[1] معانی النحو:۴/۸۴، جامع الدروس العربیۃ:۳/۶۲، بدر السعید:۱۶۰۔

تَكُنْ وَاقِفاً فَأنَاحَاضِرٌ".

۲)۔"أَنَّى" استفہامیہ کے مابعد کو دیکھیں گے جملہ اسمیہ ہو گا یا جملہ فعلیہ۔ اگر جملہ اسمیہ ہو تو "مِنْ أيْنَ" کے معنی میں ہو گا، جیسے: "يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَذَا؟ أي من أينَ"، اس وقت اس پر "مِنْ" کا داخل ہونا ضروری ہے اور اگر مابعد جملہ فعلیہ ہو تو "كَيْفَ" کے معنی میں ہو گا، جیسے: "أَنَّى شِئْتُمْ"، "أيْ كَيْفَ شِئْتُمْ؟". اور کبھی "مَتَى" کے معنی میں آتا ہے، جیسے: "أَنَّى جِئْتَ؟، أيْ مَتَى جِئْتَ؟".[۱]

"لَدَى، لَدُنْ" کا بیان:

"لَدَى، لَدُنْ" (پاس) یہ دونوں ظرف زمان ومکان کے لیے آتے ہیں اور یہ لازم الاضافت ہیں، ظرف زمان کی مثال، جیسے: "جِئْتُكَ لَدُنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ"، اور مکان کی مثال، جیسے: "جَاءَنِيْ كِتَابٌ مِنْ لَّدُنْ صَدِيْقِيْ"، اور یہ اکثر "من" جارہ کیساتھ استعمال ہوتے ہیں، جیسے: "هَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً. مِنْ لَّدُنْ حَكَيْمٍ عَلِيْمٍ" "وعلَّمناهُ مِنْ لَدُنّا عِلْماً." وغیرہ اور کبھی اس کے بغیر بھی استعمال ہوتے ہیں اور یہ دونوں "عِنْدَ" کے ہم معنی ہیں، لیکن میں فرق یہ ہے کہ "عِنْدَ" اس چیز کے لیے ہوتا ہے جو ملک میں ہو، لیکن اس کا موجود ہونا ضروری نہیں، جیسے: "عِنْدِيْ غُلَامٌ"، اور "لَدَى، لَدُنْ" کے لیے اس چیز کا موجود ہونا ضروری نہیں اور "لَدُنْ" قرآن مجید میں تقریباً سترہ بار آیا ہے اور ہر جگہ رحمت، شفقت، خیر اور بھلائی کے مواقع میں آیا ہے، جیسے: "رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ." (ال عمران:۸)، "هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ." (ال عمران:۳۸)، "إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوا رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا." (الکہف:۱۰) وغیرہ۔[۲]

"بَيْنَ" کا بیان:

"بَيْنَ" اسم ظرف بمعنی "وسط" کے آتا ہے اور یہ اکثر ایک سے زائد امور کی طرف مضاف ہوتا ہے، جیسے: "جَلَسْتُ بَيْنَ الْقَوْمِ"، اگر ایک چیز کی طرف مضاف ہو تو "واؤ" عاطفہ لایا جائے گا، جیسے: "الْمَنْزِلُ بَيْنَ خَالِدٍ وَبَكْرٍ"، یا تکرار لاجاتا ہے ضمیر کیساتھ، جیسے: "الْفِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ" اور اگر ظرف زمان کی طرف مضاف تھا تو ظرف زمان ہو گا، جیسے: "أَزُوْرُكَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ"، اگر ظرف مکان کی طرف مضاف ہو تو ظرف مکان ہو گا، جیسے: "مَنْزِلِيْ بَيْنَ دَارِكَ وَ دَارِ

---

(۱) موسوعۃ الصرف والنحو:۱۲۴، جامع الدروس العربیۃ:۵۹/۳۔

(۲) المفصل للزمخشری:۲۱۵، شرح الاشمونی:۱۶۲/۲، ہمع الہوامع:۱۶۵/۲، شرح الرضی علی الکافیۃ:۲۲۰/۳، شرح المفصل لابن یعیش:۱۴۰/۲، جامع الدروس العربیۃ:۶۰/۳۔

زَيْدٍ". [1]

"مَعَ" کا بیان:

"مَعَ" ظروف مشترکہ میں سے ہے، زمان اور مکان دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، مکان کی مثال، جیسے: "زَيْدٌ مَعَ عَمْرٍو" اور زمان کی مثال، جیسے: "جِئْتُ مَعَ الْعَصْرِ" اور کبھی تنوین کیساتھ آتا ہے، جیسے: "جَاؤُوْنِيْ مَعاً، هُمَا مَعاً فِي الدَّارِ." اور "مَعَ" موقع و محل کے مطابق ترکیب میں خبر، صلہ، صفت اور حال واقع ہوتا ہے۔ [2]

اسمائے ظروف کی دوسری تقسیم:

اسمائے ظروف کی باعتبار اضافت دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم وہ اسمائے ظروف ہیں جو مفرد کی طرف مضاف ہوتے ہیں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: ۱) وہ اسماء جن کے مضاف الیہ کو حذف کرنا جائز نہ ہو اور وہ "عِنْدَ، لَدَى، بَيْنَ" ہیں۔ ۲) وہ اسماء ہیں جن کے مضاف الیہ کو حذف کرنا جائز ہو، یعنی اکثر مضاف ہو کر استعمال ہوتے ہیں وہ یہ ہیں: "أَوَّلُ، دُوْنَ، أَمَامُ، خَلْفُ، فَوْقُ، تَحْتُ، يَمِيْنٌ، شِمَالٌ، قُدَّامُ، وَرَاءٌ، تِلْقَاءَ، تِجَاءٌ، إِذَا، حِذَاءٌ، قَبْلُ، بَعْدُ، مَعَ".

دوسری قسم وہ اسمائے ظروف ہیں جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: ۱) واجب الاضافت یہ "إِذْ، إِذَا، حَيْثُ، لَمَّا" ہیں۔ ۲) جائز الاضافت یہ "يَوْمٌ، حِيْنٌ" ہیں [3]۔

اسمائے ظروف کی تیسری تقسیم:

اسمائے ظروف باعتبار بناء چار قسم ہیں:

پہلی قسم: وہ اسمائے ظروف ہیں جو ہمیشہ مبنی ہوتیں ہیں وہ یہ ہیں: "إِذَا، مَتى، أَيَّانَ، إِذْ، أَمْسِ، الآن، مُذْ و مُنذُ، قَطُّ، رَيْثُ، رَيْثما، كَيْفَ."

دوسری قسم وہ اسمائے ظروف ہیں جو کبھی معرب اور کبھی مبنی ہوتے ہیں وہ یہ ہیں: "قَبْلُ، بَعْدُ، أَمْسِ، عَوْضُ، أَمَامُ، خَلْفُ، فَوْقُ، تَحْتُ، يَمِيْنٌ، شِمَالٌ".

تیسری قسم: وہ اسمائے ظروف مبہم ہیں جو مبنی کی طرف مضاف ہوں، انہیں معرب اور مبنی دونوں طرح پڑھنا جائز ہیں، چونکہ یہ اصل میں یہ معرب ہیں، اس لیے معرب بھی پڑھ سکتے ہیں اور مبنی کی طرف مضاف ہوتے ہیں اس لیے مبنی بھی پڑھ سکتے ہیں وہ یہ ہیں: "الْيَوْمَ، الْحِيْنَ، الْوَقْتُ، السَّاعَةُ، دُوْنَ، بَيْنَ"۔ اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ مذکورہ اسمائے ظروف کے علاوہ باقی

---

[1] بدر السعید: ۱۵۷، ہمع الہوامع: ۲/۲۰۳۔
[2] ہمع الہوامع: ۲/۲۲۸، معانی النحو: ۲/۲۲۰۔
[3] بدر السعید: ۱۶۳، اجراء النحو: ۶۹۔

تمام اسمائے ظروف معرب ہیں، جیسے: ”يَوْمٌ، أُسْبُوْعٌ، شَهْرٌ، سَنَةٌ، لَحْظَةٌ، فَتْرَةٌ، دَهْرٌ، جَانِبٌ، يَمِيْنٌ، يَسَارٌ، وَسْطٌ، شِمَالٌ“وغیرہ اس قسم کے اسمائے ظروف کسی حال میں بھی مبنی نہیں ہوتے۔

چوتھی قسم وہ اسمائے ظروف زمانیہ مبہم ہیں جو جملے کی طرف مضاف ہوتے ہیں، ان کو معرب اور مبنی دونوں پڑھنا جائز ہیں، وہ یہ ہیں: ”الْيَوْمَ، الْحِيْنَ، الْوَقْتُ، السَّاعَةُ“، ان کے بعد کو دیکھیں گے کہ اگر جملہ فعلیہ ماضیہ یا مضارعیہ مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیہ ہو تو مبنی پڑھنا راجح ہے اور اگر ان کا مابعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ مضارعیہ بغیر نون تاکید ثقیلہ وخفیہ ہو تو معرب پڑھنا راجح ہے۔ [1]

اسمائے ظروف کی چوتھی تقسیم:

اسمائے ظروف کی تصرف کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: (الف): ظروفِ متصرفہ، (ب): ظروفِ غیر متصرفہ.

(الف): ظروفِ متصرفہ: وہ ظروف (خواہ ظرف زمان ہو یا مکان) ہیں جو ظرف اور غیر ظرف دونوں طرح استعمال ہوتے ہیں، یعنی یہ مبتداء، خبر، فاعل اور مفعول بہ وغیرہ بھی واقع ہوتے ہیں، جیسے: ”يَوْمٌ، مَكَانٌ، لَيْلٌ، شَهْرٌ، سَنَةٌ“وغیرہ، ظرف کی مثال، جیسے: ”سِرْتُ يَوْماً. جَلَسْتُ مَكَاناً.“ مبتداء کی مثال، جیسے: ”يَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ مُبَارَكٌ. مَكَانُكَ حَسَنٌ.“ فاعل کی مثال، جیسے: ”جَاءَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَارْتَفعَ مَكَانَكَ.“ [2]

(ب): ظروفِ غیر متصرفہ: وہ ظروف ہیں جو ہمیشہ ظرف کے طور پر استعمال ہوں اور یہ ہمیشہ مبنی ہوتے ہیں، جیسے: ”قَطُّ، عَوْضُ، إِذَا، أَيَّانَ، أَنَّى، بَيْنَمُا، بَيْنَا“وغیرہ۔

اسماء کنایات کی تعریف:

”أَسْمَاءٌ تَدُلُّ عَلَى عَدَدٍ مُبْهَمٍ أَوْ حَدِيثٍ مُبْهَمٍ.“

وہ اسماء غیر متمکنہ ہیں جو عدد مبہم یا کلام مبہم پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہوں، جیسے: ”كَمْ وَكَذَا“، کلام مبہم کے لیے دو لفظ ”كَيْتَ وَذَيْتَ“ استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از حدیث کہتے ہیں اور عدد مبہم کے لیے بھی دو لفظ ”كَمْ، كَذَا“ استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از عدد کہتے ہیں۔

اسمائے کنایات کی اقسام:

پہلی تقسیم: اعراب وبناء کے اعتبار سے:

اعراب وبناء کے اعتبار سے اسمائے کنایات کی دو قسمیں ہیں: ۱) معرب، ۲) مبنی

---

(۱) شرح الذورالذہب: ۸۴، جامع الدورس العربیۃ: ۵۶/۳، بدر السعید: ۱۶۴۔

(۲) الاشمونی: ۱۳۱/۲-۱۳۲، شرح التصریح: ۳۴۲/۱۔

۱)۔ معرب، جیسے: "فُلَانٌ" اور "فُلَانَةٌ" وغیرہ۔
۲)۔ مبنی، جیسے: "كَمْ، كَذَا، كَأَيِّنَ، كَيْتَ، ذَيْتَ".

دوسری تقسیم: کنایہ کے عمل کے اعتبار سے:

اسمائے کنایات کی باعتبار عمل دو قسمیں ہیں:

(الف): اسمائے کنایہ عاملہ، جیسے: "كَمْ، كَذَا، كَأَيِّنَ"، ان میں "كَمْ" استفہامیہ اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے اور "كَمْ" خبر تمیز کو جر دیتا ہے اور "كَذَا" بھی اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے اوراسی طرح "كَأَيِّنَ" کے بعد اگر "مِنْ" جارہ نہ ہو تو تمیز کو نصب دیتا ہے۔

(ب): اسمائے کنایات غیر عاملہ، جیسے: "كَيْتَ، ذَيْتَ"، یہ اپنی مدخول میں کوئی عمل نہیں کرتے۔[1]

"كَمْ" کی اقسام:

"كَمْ" کی دو قسمیں ہیں: (الف): استفہامیہ (ب): خبریہ۔

(الف): "كَمْ" استفہامیہ: وہ اسم ہے، جس میں استفہام کا معنیٰ ہو۔ اس کی تمیز ہمیشہ مفرد منصوب ہوتی ہے، جیسے: "كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ"؟ "کم" استفہامیہ اس لیے مبنی ہے کہ اس میں شبہ معنوی پائی جاتی ہے یہ حرف استفہام کے معنیٰ کو متضمن ہوتا ہے۔

(ب): "كَمْ" خبریہ: وہ ہے جس میں خبر کا معنیٰ ہو۔ اس کی تمیز مفرد مجرور یا جمع مجرور آتی ہے، جیسے: "كَمْ مَالٍ أَنْفَقْتَ" اور "كَمْ رِجَالٍ لَقِيْتَ". "كَمْ" خبریہ اس لیے مبنی ہے کہ یا تو یہ محمول ہے "كَمْ" استفہامیہ پر اور یا اس میں شبہ وضعی پاجاتا ہے کہ یہ حروف میں سے "قَدْ" کے وزن پر ہے۔

"كَذَا" کی اقسام:

"كَذَا" کی تین قسیں ہیں: ۱) کنایہ از عدد مبہم، جیسے: "جَاعِلٌ كَذَا مُعَلِّمٌ"، ۲) کنایہ از قول مبہم، جیسے: "قَالَ مُعَلِّمٌ كَذَا"، ۳) کنایہ از عمل مبہم، جیسے: "عَمِلَ كَذَا"۔ "كَذَا" یہ "كَ" اسمی مثلیہ اور "ذَا" اسم اشارہ سے مرکب ہیں، "كَ" اسمی مثلیہ میں شبہ وضعی اور "ذَا" اسم اشارہ میں شبہ افتقاری پاجاتا ہے اور "كَيْتَ وَذَيْتَ" میں شبہ وقوعی پاجاتا ہے یہ جملے کی جگہ واقع ہوتے ہیں۔

مرکب بنائی کی تعریف:

"لَفْظٌ يُرَكَّبُ مِنْ إِسْمَيْنِ، لَيْسَ بَيْنَهُما نِسْبَةٌ إِضافِيَّةٌ وَلا إِسْنَادِيَّةٌ، وَلَا يَتَضَمَّنُ الْإِسْمُ

---

[1] بدر السعید: ۱۶۴۔

الثَّانِيْ حَرْفًا۔"

وہ مرکب ہے، جس میں دو اسموں کو بلا نسبت اضافی واسنادی ایک کر لیا گیا ہو اور دوسرا اجزء حرف کو متضمن ہو، جیسے: "أَحَدَعَشَرَ، خَمْسَةَ عَشَرَ"وغیرہ۔ [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسم غیر متمکن کی دس قسمیں ہیں، جن میں آٹھ مذکورہ اقسام ہیں اور باقی دو اسمائے استفہام اور اسمائے شرط ہیں، جن کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

قاعدہ: اسمائے ظروف ترکیب میں خبر، صفت، حال اور صلہ واقع ہوتے ہیں، جمہور کے نزدیک پہلے ان کو فعل یا شبہ فعل کے تعلق کرتے ہیں اور عند البعض ان کو براہ راست بھی خبر بنا سکتے ہیں۔

قاعدہ: اسمائے جہاتِ ستہ کے مضاف الیہ کا حذف کرنا سماعی ہے، اسی لیے لفظ "یَمِیْنٌ"اور "شِمَالٌ"کی قطع اضافت مسموع نہیں ظروف مبنیہ کے شمار سے خارج ہیں۔

فائدہ: ظروف مکانیہ میں "أَسْفَلُ، یَمِیْنٌ، شِمَالٌ"وغیرہ بھی ہیں۔

قاعدہ: اسمائے ظروف میں تین اسماء (حَیْثُ، إِذَا، دُوْنَ) ایسے ہیں جو کبھی کبھی تعلیل کے لیے آتے ہیں۔

فائدہ: ظروف مقطوع الاضافت کو نحات کی اصطلاح میں "غایات" کہتے ہیں، کیونکہ جب ان کا مضاف الیہ مذکور ہوتا ہے تو خود مضاف الیہ پر مفہوم منتہی اور مکمل ہو جاتا ہے، اب جب مضاف الیہ محذوف مگر منوی ہے تب بھی ان پر مفہوم منتہی اور مکمل ہو رہا ہے ناقص نہیں رہتا، اس لیے انہیں "غایات" کہتے ہیں۔ [2]

فائدہ: قرآن مجید میں جہاں "إِذْ" آیت کے آغاز میں ہے وہاں "اذْکُرْ" یا "اذْکُرُوْا" محذوف ہوتا ہے اور "إِذْ" سے ایک نئے واقعہ کا ذکر ہوتا ہے۔

قاعدہ: "إِذْ"مضاف الیہ بھی واقع ہوتا ہے اور عام طور پر "بَعْدُ، حِیْنَ، یَوْمٌ، لَیْلٌ، سَاعَةٌ"کے لیے مضاف الیہ بنتا ہے۔

قاعدہ: "الْآنَ"زمانہ حال کے لیے ظرف زمان ہے، جیسے: "قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ"(النساء:۱۸)، "الْآنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ"(الانفال:۶۶)، "آلْآنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ"(یونس:۹۱)۔

قاعدہ: "مَعَ" عموماً مضاف ہوتا ہے، ظروف زمانیہ مشترکہ میں سے ہے، اگر مضاف الیہ زمانہ ہو تو ظرف زمان ہے اور اگر مکان ہو تو ظرف مکان بنتا ہے، جیسے: "فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا. إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا."(الانشراح:۴-۵)، "وَتَوَفَّنَا مَعَ

---

[1] مرکب بنائی کی تفصیل ما قبل مرکب ناقص کی ذیل میں بیان ہو چکی ہے، وہاں ملاحظہ ہو۔
[2] النحو الوافی: ۱۴۱/۳، شرح المفصل لابن یعیش: ۸۵/۴۔

الْأَبْرَارِ."(ال عمران:۱۹۳)اور مضاف الیہ نہ ہونے کی صورت میں معرب ہوتا ہے، جیسے:"جَاءَ الرَّجُلَانِ مَعاً، وَصَلَ الْمُسَافِرَانَ مَعاً".

فائدہ:"لَدَی ، ولَدُنْ"میں مختلف(لَدَنْ ، لَدُنْ ، لَدِنْ ، لَدْ ، لُدْ ، لِدْ)لغات ہیں۔[1]

قاعدہ: بعض وہ ظروف (خواہ ظروف زمانیہ ہوں یا مکانیہ)مفرداستعمال ہوتے ہیں، جیسے:"قَبْلُ، بَعْدُ، حَيْثُ، خَلْفُ، أَمَامُ، أَنَّى، مَتَى، إِذْ، إِذَا"وغیرہ انہیں ظروف مفردہ کہتے ہیں اور بعض ظروف مرکبہ استعمال ہوتے ہیں، جیسے:"صَبَاحَ مَسَاءَ، لَيْلَ نَهَارَ، يَوْمَ يَوْمَ، حَيْنَ حِيْنَ"،جیسے:"فُلَانٌ يَزُوْرُنَا صَبَاحَ مَسَاءَ، وَيَوْمَ يَوْمَ، أَيْ كُلَّ صَبَاحٍ وَمَسَاءٍ، وَكُلَّ يَوْمٍ"انہیں ظروف مرکبہ کہتے ہیں اور مبنی علی الفتح ہوتے ہیں۔[2]

قاعدہ: تمام اسمائے شرطیات، اسمائے استفہام اور اسمائے ظروف نکرہ ہیں سوائے"أَمْسِ"کے کہ بعض صورتوں میں یہ معرفہ ہوتا ہے۔[3]

قاعدہ: اسمائے کنایات وہ اسماء ہیں، جو بات مبہم یا عدد مبہم پر دال ہوتے ہیں، بات مبہم کے لیے دو لفظ"كَيْتَ وَذَيْتَ" استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از حدیث کہتے ہیں اور عدد مبہم کے لیے بھی دو لفظ"كَمْ، كَذَا"استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از عدد کہتے ہیں۔

قاعدہ: اسمائے کنایات میں بعض معرب ہیں اور بعض مبنی ہیں۔

فائدہ:"كَذَا"سے پہلے اسم ہو گا یا فعل، اگر اسم ہو تو پھر دیکھیں گے کہ ظرف ہے یا غیر ظرف، اگر ظرف ہو تو یہ خبر مقدم اور اس کا مابعد مبتداء مؤخر ہو گا، جیسے:"عِنْدِيْ كَذَا كَذَا دِرْهَماً"،اور اگر غیر ظرف ہو تو مبتداء وخبر ہوں گے، جیسے:"الطُّلَابُ كَذَا كَذَا مَوْجُوْداً"،اور اگر اس سے پہلے فعل ہو تو پھر دیکھیں گے کہ فعل معلوم ہے یا مجہول، اگر فعل مجہول ہو تو یہ اس کے لیے نائب فاعل ہو گا، جیسے:"أُكْرِمَ كَذَا كَذَا رَجُلاً"،اور اگر فعل معلوم ہو تو پھر دیکھیں گے کہ اس کا فاعل مذکور ہے یا نہیں، اگر فاعل مذکور نہ ہو تو یہ اس کے لیے فاعل بنے گا، جیسے:"جَاءَ كَذَا كَذَا رَجُلًا"اور اگر فاعل مذکور ہو تو پھر یہ منصوب ہو گا اور نصب کا دارومدار تمیز پر ہو گا، اگر تمیز ظرف ہو تو مفعول فیہ ہو گا، جیسے:"صُمْتُ كَذَا كَذَا يَوْماً" اور اگر مصدر ہو تو مفعول مطلق ہو گا، جیسے:"ضَرَبْتُ كَذَا كَذَا ضَرْبَةً"اور اگر ان کے علاوہ ہو تو مفعول بہ ہو گا، جیسے:"اشْتَرَيْتُ كَذَا كَذَا كِتَاباً".[4]

---

[1] الهداية في النحو:۸۸۔
[2] معاني النحو:۲/۲۰۲۔
[3] جهد قصير:۲۴،روضة الهادية:۳۵،بدر السعيد:۱۶۵۔
[4] روضة الهادية:۳۴،بدر السعيد:۱۶۸۔

فائدہ: "كَذَا" ہمیشہ تکرار اور عطف کیساتھ استعمال ہوتا ہے، جیسے: "اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذَا كِتَاباً" اور کبھی بلا عطف مکرر مستعمل ہوتا ہے، جیسے: "جَاءَ كَذَا كَذَا رَجُلاً" اور کبھی مفرد بغیر تکرار کے استعمال ہوتا ہے، جیسے: "صُمْتُ كَذَا يَوْماً" اور کبھی "كَذَا" پر "ھاء" تنبیہ داخل ہوتی ہے، جیسے کہا جاتا ہے: "الْأَمْرُ هَكَذَا!" [1]

قاعدہ: "كَيْتَ" اور "ذَيْتَ" عامل نہیں بنتے ہیں اور تکرار مع العطف کیساتھ مستعمل ہوں گے، جیسے: "قَالَ فُلَانٌ: كَيْتَ وَكَيْتَ، وَقُلْتُ لَهُ: كَيْتَ وَذَيْتَ!" [2]

قاعدہ: قول کی طرح قصہ کی حکایت میں ان کا استعمال اس طرح ہوتا ہے جیسے کہ کسی واقعہ کو حکایت کرتے وقت کہا جاتا ہے، جیسے: "كَيْتَ وَكَيْتَ، كَيْتَ وَذَيْتَ" اور "كَذَا وَكَذَا" وغیرہ۔

فائدہ: امام سیبویہؒ اور بصریین نحات مبنی پر داخل ہونے والے اعراب حرکات کو ضم، فتح، کسر اور وقف کا نام دیتے ہیں اور معرب پر داخل جاری ہونے والے حرکات کو رفع، نصب اور جر کہتے ہیں اور جب کہ کوفیین حضرات یہ فرق نہیں کرتے ہیں [3]۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے ظروف اور اسمائے کنایات کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں؟

جِئْتُكَ إِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ. وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ. اٰتِيكَ إِذَا جَاءَ زَيْدٌ. كَيْفَ حَالُكَ. لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ. بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ. ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ. اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ. نَصَرْتُكَ اَمْسِ. مَارَأَيْتُ زَيْدًا مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ. مَا ضَرَبْتُه قَطُّ. يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ. جَلَسْتُ فَوْقَ عَمْرٍو. اِجْلِسْ حَيْثُ جَلَسَ زَيْدٌ. اِمْشِ قُدَّامَ بَكْرٍ. ضَعْ هٰذَا فَوْقَ السَّطْحِ. فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ. كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ. مَلَكْتُ كَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا. قُلْتُ لِزَيْدٍ كَيْتَ وَكَيْتَ. مَشَيْتُ خَلْفَكَ. قَعَدَ زَيْدٌ تَحْتَ الشَّجَرَةِ. لَاأُعْطِيْهِ عَوْضُ. إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ . إِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ. جَاءَ زَيْدٌ قَبْلَكَ. رَأَيْتُ زَيْدًا قَبْلَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ. عَرَفْتُ عَمْرًوا قَبْلُ. مَارَأَيْتُهُ بَعْدُ. سَمِعْتُ مِنْهُ كَيْتَ وَذَيْتَ. مَكَّةُ قَبْلَ الطَّائِفِ. الرِّيَاضُ بَعْدَ مَكَّةَ. وَصَلْتُ مِنَ السَّفَرِ قَبْلَ الظُّهْرِ. جِئْتُكَ قَبْلاً. جَلَسَ الطُّلابُ أَمَامَ المُعَلِّم. اِجْلِسْ حَيْثُ يَجْلِسُ أَهْلُ الفَضْلِ . إذا ظَهَرَتِ البِدَعُ فَعَلى العالِمِ أَنْ يُظْهِرَ عِلْمَهُ . المَالُ لَدَيْكَ. لَمْ أَشْتَرِ كِتاباً مَنْذُ سَنَتَانِ . مَا رَأَيتُ كَرِيماً مِثْلَكَ قَطُّ . نَامَ الْكَلْبُ خَلْفَ الْبَابِ. اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذا كُتُباً.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

---

[1] النحو الوافی: ۵۸۳/۴۔

[2] جامع الدروس العربیہ: ۱۴۶/۱۔

[3] حاشیۃ الصبان: ۲۲۲/۳، النحو الوافی: ۱۰۶/۱۔

✍...... جِئْتُكَ إِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ:
لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہامن الاعراب...... "جِئْتُكَ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل...... "تُ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معمول مسند الیہ فاعل ...... "كَ" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب متصل مفعول بہ...... "إِذْ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ظرف زمان متضمن بمعنی حرف شرط مضاف...... "طَلَعَتِ الشَّمْسُ" لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔ جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ...... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ...... فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍...... "مَاضَرَبْتُه قَطُّ": لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب...... "مَا" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف نفی...... "ضَرَبْتُ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل...... "تُ" ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معمول مسند الیہ فاعل...... "ہ" ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب متصل مفعول بہ...... "قَطُّ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم ظرف ظرفِ زمان برائے تاکید ماضی و یا کہ مفعول فیہ...... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍...... "لَا أُعْطِيْهِ عَوْضُ":
لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "لا" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف نفی...... "أُعْطِيْهِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب فعل مسند...اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر عامل مسند الیہ فاعل ... "ہِ" ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر منصوب متصل مفعول بہ...... "عَوْضُ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم ظرف ظرف زمان برائے تاکید مضارع و یا کہ مفعول فیہ... فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ......"كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ":
لفظ لفظ موضوع الخ.... جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "كَمْ" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم کنایہ از عدد مبہم ممیز...... "دَرْهَمًا" لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب مکنی عنہ تمیز...... ممیز اپنے تمیز سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء ......"عِنْدَكَ" لفظ لفظ موضوع الخ۔۔ مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی ...... مسند، مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر...... مبتدأ اپنی خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ......"مَلَكْتُ كَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا":

لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ......"مَلَكْتُ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف،اتصال ضمیر مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل......"تُ"،ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل بارز معمول مسند الیہ فاعل ......"كَذَا وَكَذَا"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم کنایہ از عدد مبہم ممیز......" دِرْهَمًا"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب مکنی عنہ تمیز...... ممیز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ......فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ...... قُلْتُ لِزَيْدٍ كَيْتَ وَكَيْتَ :

لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ......"قُلْتُ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف،اتصال ضمیر مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل......"تُ"،ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل بارز معمول مسند الیہ فاعل......"لِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف از حروف جارہ مبنی مبنی الاصل جارہ......" زَيْدٍ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخولِ جر اسم متمکن معرب مجرور......جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا"قُلْتُ" فعل کیساتھ......"كَيْتَ وَكَيْتَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم کنایہ از حدیث ہو کر مفعول بہ ہوا......فعل اپنے فاعل،مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ...... إِذَاجَاءَ نَصْرُاللهِ:

لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ......"إِذَا"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم ظرف ظرف زمان متضمن بمعنی شرط مضاف......"جَاءَ نَصْرُاللهِ"لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔جملہ خبریہ فعلیہ......"جَاءَ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل ......"نَصْرُاللهِ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید الخ۔۔مرکب اضافی......"نَصْرُ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامتِ اسم مضاف اسم متمکن معرب مضاف......لفظ"اللهِ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامتِ اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب مضاف الیہ...... مضاف مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر معمول مسند الیہ فاعل......فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر بتاویل مفرد مضاف الیہ......مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ہوا عامل مقدر"أُذْكُرْ" کے لیے......فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍...... كَيْفَ حَالُكَ:

لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔جملہ انشائیہ استفہامیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ......" كَيْفَ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم ظرف ظرف زمان متضمن بمعنی اسم استفہام مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر مقدم......"حَالُكَ"لفظ لفظ موضوع الخ۔۔۔مرکب اضافی......"حَالُ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامتِ اسم مضاف اسم متمکن معرب مضاف......"كَ"لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ...... مضاف مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتدا مؤخر......مبتدا مؤخر اپنے خبر مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

فصل ہفتم: معرفہ ونکرہ کا بیان

اسم کی تعریف و تنکیر اور عموم و خصوص کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:

۱) معرفہ ۲) نکرہ

۱۔ معرفہ کی تعریف:

"هِيَ اسْمٌ يَدُلُّ عَلىٰ شيءٍ مُعَيَّنٍ."

وہ اسم ہے جو معین مشخص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، جیسے: "زید"، یہ معین و مشخص ذات " زید" کے لیے وضع ہے[1]۔ پھر خواہ وضع اور استعمال جزئی ہو، جیسے: "زید، خالد" وغیرہ یا وضع کلی ہو، لیکن استعمال جزئی ہو، جیسے: "ضمائر، اسماء الاشارۃ، اسماء الموصولہ اور علم جنسی" وغیرہ۔

۲۔ نکرہ کی تعریف:

"مَا وُضِعَ لِشَيْءٍ غَيرِ مُعَيَّنٍ."

نکرہ وہ اسم ہے جو غیر معین چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، جیسے: "رَجُلٌ" نکرہ ہے ہر ایک مرد کو کہہ سکتے ہیں، اسی طرح "فَرَسٌ" نکرہ ہے ہر گھوڑے کو کہہ سکتے ہیں۔

معرفہ کی اقسام وانواع:

متقدمین نے معرفہ کی چھ اقسام ذکر کی ہیں، معرفہ بالنداء کو انہوں نے مستقل قسم شمار نہیں کیا ہے[2]، لیکن متاخرین نے اسے مستقل قسم شمار کر کے معرفہ کی سات قسمیں ذکر کی ہیں:

۱)۔ مضمرات، ۲) اعلام، ۳) اسمائے اشارہ، ۴) اسمائے موصولہ، ۵) معرفہ بالنداء، ۶) معرف باللام، ۷) مضاف الی المعرفہ

۱)۔ مضمرات:

مضمرات سے ضمائر کی تمام اقسام ہیں، جن کی تفصیل ما قبل اسم غیر متمکن کی اقسام میں بیان ہو چکی ہے، لیکن یہاں صرف یہ بات ذہن نشیں رکھیں ہیں کہ جب ضمیر غائب کا مرجع نکرہ ہو تو اس میں اختلاف ہے کہ ضمیر معرفہ ہوگی یا نکرہ؟ اس میں تین مذاہب ہیں: ۱) بعض نحات کہتے ہیں کہ اگر ضمیر غائب کا مرجع نکرہ ہو تو ضمیر بھی نکرہ ہوگی۔ ۲) بعض حضرات کہتے ہیں کہ

---

[1] یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس میں "زید" نامی تمام افراد شامل ہیں یہ بھی تو نکرہ ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہر زید نامی شخص کے لیے اسم زید کی زید کی وضع ان کے والدین کی طرف سے مختلف ہوا کرتی ہے، لہذا وضع واحد کے اعتبار سے صرف ایک ہی فرد پر دلالت ہوگی تمام افراد کو شامل ہونا مختلف اوضاع کے اعتبار سے ہوگا، اس لیے کوئی اشکال نہ ہوگا، بخلاف "فرس، رجل" وغیرہ وضع واحد ہی کے اعتبار سے متعدد افراد پر دلالت کرتے ہیں۔ (جامع الدروس العربیہ: ۱۰۹/۱)

[2] شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۱۷۳۔

مرجع اگرچہ نکرہ ہو، لیکن ضمیر معرفہ ہی ہوگی۔ ۳) بعض نحات یہ محاکمہ کرتے ہیں کہ مرجع کو دیکھیں گے کہ واجب التنکیر ہے یا نہیں، اگر مرجع واجب التنکیر ہو تو ضمیر نکرہ ہوگی، جیسے: "رُبَّ شَاةٍ وَسَخْلَتِهَا"، یہاں "هَا" ضمیر کا مرجع "شَاةٍ" ہے جو "رُبَّ" کا مضاف الیہ ہے اور "رُبَّ" کا مضاف الیہ واجب التنکیر ہوتا ہے اور اگر مرجع واجب التنکیر نہ ہو تو پھر ضمیر معرفہ ہوگی، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ فَأَكْرَمْتُهُ"، یہاں ضمیر غائب کا مرجع "رَجُلٌ" نکرہ ہے جو ترکیب میں فاعل واقع ہے اور فاعل کا نکرہ ہونا واجب نہیں۔ [1]

۲)۔ اعلام:

علم وہ ہوتا ہے، جو معین مشخص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، اور اس وضع میں اس کیساتھ غیر شامل نہ ہو، جیسے: زید، عمرو، بکر، مدینہ، مکہ، طائف، احد، بدر وغیرہ۔

علم کی پہلی تقسیم:

علم کی باعتبار تشخص وعدم تشخص کی دو قسمیں ہیں: (الف): علم شخصی، (ب): علم جنسی۔

(الف): علم شخصی: وہ ہے جو اصلِ وضع میں فرد واحد کیساتھ خاص ہو، جیسے: "زید، عمرو، بکر" وغیرہ۔

(ب): علم جنسی: وہ ہے جو جنس کے ہر فرد پر صادق ہو اور اس میں تعین نہ ہو، جیسے: "اسامہ، غضنفر" اعلام جنسیہ ہیں، شیر کے ہر ہر فرد پر صادق آتے ہیں ان میں کوئی تعیین نہیں۔ [2]

علم شخصی، علم جنسی اور اسم جنس میں فرق:

علم شخصی، علم جنسی اور اسم جنس میں فرق یہ ہے کہ علم شخصی لفظاً ومعناً معرفہ ہوتا ہے، علم جنسی لفظاً معرفہ اور معناً نکرہ ہوتا ہے، لفظاً معرفہ سے مراد یہ ہے کہ اس پر معرفہ کے احکام جاری ہوتے ہیں، جیسے: ذوالحال ہونا، مبتداء ہونا وغیرہ اور معناً نکرہ سے مراد یہ ہے کہ معنی کے اعتبار سے ایک فرد کیساتھ خاص نہیں، بلکہ ہر فرد پر صادق آتا ہے اور اسم جنس لفظاً اور معناً دونوں نکرہ ہوتا ہے اور اسم جنس ہر وہ اسم ہے جس کو واضع نے افراد سے قطع نظر کر کے مفہوم کلی کے لیے وضع کر کے محض نفس ماہیت کا تصور کیا ہو، جیسے: "أسد" حیوان مفترس کی ماہیت کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اور علم جنس وہ ہے جو واضع نے وضع کرتے وقت ماہیت کا خصوصیاتِ ذہنیہ کیساتھ تصور کیا ہو، جیسے: "حَضَاجِرُ"، بجو کے لیے عظیم البطن ہونے کے تصور کیساتھ وضع کیا گیا ہے۔ [3]

علم کی دوسری تقسیم:

---

[1] شرح شذور الذہب: ۱۷۳، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۲/۲۱۴۔

[2] شرح شذور الذہب: ۱۷۹، واضح المسالک: ۱/۱۲۹۔

[3] قواعد ونکات: ۱۴۸، بدر السعید: ۱۷۳۔

علم کی باعتبار ذات دو قسمیں ہیں:

(الف): مفرد، جیسے: زید، عمرو اور بکر وغیرہ۔

(ب): مرکب، پھر علم مرکب کی تین قسمیں ہیں: ۱) مرکب اضافی، جیسے: "عبد الرحمن"، ۲) مرکب امتزاجی، جیسے: "رشید احمد، حسان عبد المحسن، اسلام آباد"، ۳) مرکب اسنادی، جیسے: "تَأَبَّطَ شرًّا" اور "شابَ قَرْناها." (ایک عورت کا نام ہے)۔[1]

علم کی تیسری تقسیم:

علم کی باعتبار وضع چھ قسمیں ہیں: (الف) اسم، (ب) کنیت، (ج) لقب، (د) تخلص، (ھ) عرف، (و) نسبت۔

(الف): اسم: وہ علم ہے، جو ذات پر دلالت کرنے کے لیے وضع ہو، لیکن کنیت اور لقب نہ ہو، جیسے: "زید، عمرو، بکر"۔

(ب): کنیت: وہ علم مرکب ہے جس کی ابتداء "أب" یا "أم" سے کی گئی ہو، جیسے: "زین العابدین، ابوالحسن"، ابن الحسن، ابوحسان، اُم محمد، ابن کثیر، ابن اثیر، ابوحنیفہ، ابن ہمام" وغیرہ۔

(ج): لقب: وہ علم ہے جو عظمت شان یا حقارت پر دال ہو، عظمت شان کی مثال، جیسے: "ام المؤمنین، امام اعظم، صدر الشریعہ، شیخ الاسلام، فخر الاسلام، حکیم الامت" وغیرہ اور حقارت کی مثال، جیسے: "کَذَّابٌ" (بہت بڑا جھوٹا) "غندر" (شور مچانے والا) اور "خَرْنِقٌ" (خرگوش کا بچہ) وغیرہ[2]۔

(د): تخلص: وہ علم ہے جو شاعر اپنے نام کیساتھ ملاتا ہے، جیسے: "سعدی، شبلی، حالی، شوقی، غالب" وغیرہ۔

(ھ): عرف: وہ علم ہے جس کیساتھ آدمی مشہور ہو، جیسے: "حضرت جی، (حضرت مولانا الیاسؒ کے لیے)، حضرت والا (مفتی رشید احمد لدھیانویؒ کے لیے)" وغیرہ۔

(و): نسبت: وہ ہے جو وطن اور علاقہ کی طرف منسوب ہو، جیسے: "امام بخاری، ابراہیم مکی، ابن حجر عسقلانی، مولانا محمد قاسم نانوتوی، مولنا رشید احمد گنگوہی، مولانا اشرف علی تھانوی" وغیرہ[3]۔

علم کی چوتھی تقسیم:

علم کی استعمال کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: (الف) مرتجل، (ب) منقول۔

(الف): مرتجل: وہ علم ہے جس کی اصل وضع علم کے لیے ہو، جیسے: "زید، عمرو، بکر، خالد" وغیرہ۔ امام سیبویہؒ کے نزدیک جملہ اعلام منقولات ہیں، امام زجاجؒ کہتے ہیں کہ جملہ اعلام مرتجلات ہیں اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اعلام بعض منقولات اور بعض

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۹۵/۱، شرح التصریح: ۱۲۹/۱، اوضح المسالک: ۱۳۱/۱، جامع الدروس العربیۃ: ۶۹/۲۔

[2] غندر مشہور محدث کا لقب ہے اور "خرنق" ایک عربی شاعرہ کا لقب ہے جو مشہور شاعر طرفہ کی اخیافی بہن تھی۔

[3] قواعد و نکات: ۱۴۸۔

مرتجلات ہیں۔[۱]

(ب):منقول: وہ ہے جو کسی چیز سے نقل ہو، خواہ مصدر سے نقل ہو، جیسے: ”فِعْلٌ“، اسم جنس سے نقل ہو، جیسے: ”اسد“، یا صفت سے نقل ہو، جیسے: ”حارث، حسن“ اور یا اسم مفعول سے نقل ہو، جیسے: ”منصور، محمد“ اور یا فعل سے نقل ہو، خواہ فعل ماضی ہو، جیسے: ”شَمَّرَ“ یا فعل مضارع ہو، جیسے: ”یَشْکُرُ“، یا جملہ سے نقل ہو، خواہ جملہ فعلیہ ہو، جیسے: ”تَأَبَّطَ شَرًّا، شَابَ قَرْنَاهَا“ اور یا جملہ اسمیہ ہو، جیسے: ”زَیْدٌ مُنْطَلِقٌ“.[۲]

۳۔ اسمائے اشارہ:

اسم اشارہ وہ اسم ہے جو واضع نے تعیین مشار الیہ کے لیے وضع کیا ہو اسمائے اشارہ کی تفصیل ما قبل اسم غیر متمکن کی اقسام کی ذیل میں بیان ہو چکی ہے۔

۴۔ اسمائے موصولہ:

اسم موصول وہ اسم ہے جو جملہ (اسمیہ یا فعلیہ) کا کامل جزء بغیر صلہ کے نہ بن سکے، اسمائے موصولہ کی تفصیل ما قبل اسم غیر متمکن کی اقسام کی ذیل میں بیان ہو چکی ہے۔ ان دو قسموں (اسماء الاشارہ اور اسماء الموصولہ) کو مبہمات بھی کہتے ہیں، ان کو مبہمات اس لیے کہتے ہیں کہ اسم اشارہ کا معنی مشار الیہ کے بغیر اور اسم موصول کا معنی صلہ کے بغیر مخاطب کے نزدیک مبہم رہتا ہے تو مشار الیہ سے اسم اشارہ کی اور صلہ سے اسم موصول کی وضاحت ہوتی ہے[۳]۔

۵۔ معرفہ بالنداء:

معرفہ بالنداء ”یَا رَجُلُ“ کے معرفہ ہونے کے لیے شرط یہ ہے کہ بوقت نداء اس سے معین آدمی کا قصد کیا جائے، اگر یہ قصد نہ ہو تو نکرہ ہوگا، جیسے: ”یَا رَجُلاً خُذْ بِیَدِیْ“۔ (اے کوئی آدمی میرے ہاتھ کو پکڑو!)، کیونکہ نابینا شخص کسی معین آدمی کو نہیں پکارتا، بلکہ غیر معین آدمی کو اپنی مدد کے لیے بلاتا ہے[۴]۔

معرفہ بالنداء کو متقدمین نے معرفہ کی اقسام میں شمار نہیں کیا، کیونکہ اس کا مدخول نکرہ ہوتا ہے اگرچہ استعمال متعین ہوتا ہے اور بعض کے نزدیک اس کا مدخول معرف باللام میں داخل ہے، کیونکہ یہ اصل میں ”یَا أَیُّهَا الرَّجُلُ“ تھا، لیکن صاحب تسہیل نے اس کو مستقل قسم شمار کیا ہے اور صاحب نحو میر کا بھی یہی مذہب ہے۔[۵]

---

[۱] اوضح المسالک الی الفیۃ ابن مالک: ۱/۱۳۱۔
[۲] شرح المفصل لابن یعیش: ۱/۹۶، اوضح المسالک: ۱/۱۳۳۔
[۳] النحو الوافی: ۱/۳۴۰۔
[۴] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۵۴.
[۵] جہد قصیر: ۲۶۔

۶۔ معرفہ بالالف واللام:

جو الف لام کی دخول سے معرفہ بنے، جیسے: "اَلرَّجُلُ"، معرفہ معرف باللام سے الف لام حرفی اصلی کی چار قسمیں (جنسی، استغراقی، عہد خارجی، عہد ذہنی) ہیں، کیوکہ مفید تعریف یہی ہیں، ان کے علاوہ الف لام اسمی و حرفی زائدہ مفید تعریف نہیں، بلکہ ان کی اغراض تحسین و تزیین کلمہ عوض، ضرورت، تفاؤل، اظہار اصلیت وغیرہ ہیں۔[۱]

الف لام کی تفصیل یہ ہے کہ الف لام کی اولاً دو قسمیں ہیں: ۱) اسمی، ۲) حرفی۔

۱)۔ الف لام اسمی: وہ الف لام ہے جو اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہو اور اس سے جنس یا عہد کا قصد نہ ہو، جیسے: "الضَّارِبُ، الْمَضْرُوْبُ" میں الف لام اسمی ہے۔

۲)۔ الف لام حرفی: وہ الف لام ہے جو حرف ہو، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ اصلی، (ب) زائد

(الف)۔ الف لام اصلی: وہ الف لام ہے جو مفید تعریف ہو اور اس کی چار قسمیں ہیں[۲]: ۱) جنسی، ۲) استغراقی، ۳) عہد خارجی، ۴) عہد ذہنی۔

۱)۔ الف لام جنسی کی تعریف:

وہ ہے جس کے مدخول سے نفس ماہیت مراد ہو، یعنی اس میں افراد کا ملاحظہ نہیں ہوتا، جیسے: "الرَّجُلُ خَيْرٌ مِنَ الْمَرْأَةِ"، جنس رجل جنس عورت سے بہتر ہے، اس میں افراد کا ملاحظہ نہیں، کیونکہ بعض عورتیں ایسی ہیں جو ہزاروں مردوں سے بہتر ہیں جیسا کہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، سیدہ فاطمہ الزہریٰ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابیات ہزاروں مردوں سے بہتر ہیں۔

۲)۔ الف لام استغراقی کی تعریف:

وہ الف لام ہے جس کے مدخول سے تمام افراد مراد ہوں، جیسے: "إِنَّ الإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ." (العصر: ۲) اور "وخُلِقَ الإنسانُ ضعيفاً." وغیرہ میں الف استغراقی ہے، انسان کے تمام افراد مراد ہیں۔

۳)۔ الف لام عہد خارجی کی تعریف:

وہ الف لام ہے جس کے مدخول سے مراد خارج میں ایک فرد معین ہو، جیسے: "فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ"، یہاں "الرَّسُولَ" میں الف لام عہد خارجی ہے اور اس سے مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے، الف لام عہد خارجی کی علامت یہ ہوتی

---

[۱] بدر السعید: ۱۷۶۔

[۲] بعض حضرات نے الف لام کی یوں تقسیم کی ہے کہ الف لام کی دو قسمیں ہیں: ۱) الف لام جنسی ۲) الف عہدی، پھر عہدی کی تین قسمیں ہیں: ۱) استغراقی، ۲) عہد خارجی، ۳) عہد ذہنی۔ اور بعض کہتے ہیں کہ الف لام ہر صورت میں عہدی ہوتا ہے پھر معہود کی دو قسمیں ہیں: ۱) معہود شخصی، ۲) معہود جنسی۔ (معانی النحو: ۱/۱۱۸)

ہے کہ اس کا مدخول دو مرتبہ مذکور ہوتا ہے،ایک مرتبہ نکرہ اوردوسرا مرتبہ معرفہ بالف لام عہد خارجی ہوتا ہے، جیسے اس آیت میں ہے"كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولًا. فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ."(المزمل:۱۵-۱۶)۔

۴)۔الف لام عہد ذہنی کی تعریف[1]:

وہ الف لام ہے جس کے مدخول سے مراد ذہن میں ایک فرد غیر معین ہو، جیسے:"وَأَخَافُ أَنْ يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ."(یوسف:۱۳)۔الف لام عہد ذہنی کا مدخول لفظاً معرفہ اور معناً نکرہ ہوتا ہے،لفظاً معرفہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کیساتھ معرفہ والامعاملہ کیاجاتا ہے کہ اس کا مدخول ذوالحال اوراس کامابعد اس سے حال واقع ہوتا ہے اور معناً نکرہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کیساتھ نکرہ والامعاملہ کیاجاتا ہے اس طور پر کہ جملہ من حیث الجملہ جو نکرہ ہوتا ہے وہ اس کی صفت واقع ہوتی ہے اوراسی طرح الف لام جنسی کا مدخول بھی لفظاً معرفہ اور معناً نکرہ ہوتا ہے، جیسے یہ شعر ہے:

"وَلَقَدْ أَمُرُّ عَلَى اللَّئِيمِ يَسُبُّنِي   فَمَضَيْتُ ثُمَّتَ قُلْتُ لا يَعنيني"

یہاں"اللَّئِيمِ"کاالف لام عہد ذہنی ہے اس کو موصوف اور مابعد والاجملہ"يَسُبُّنِي"کوصفت بنانا بھی جائز ہے اوریہ بھی جائز ہے کہ اس کا مدخول ذوالحال ہو اور مابعد جملہ اس کے لیے حال واقع ہو۔[2]

(ب)الف لام حرفی زائد کی تعریف:

وہ الف لام ہے جو مفید تعریف نہ ہو، خواہ اس کا حذف جائز ہویانہ ہو اور خواہ دوسرے معنی کے لیے مفید ہویانہ ہو، پھر اس کی چار قسمیں ہیں:۱)عوضی لازمی،۲)عوضی غیر لازمی ۳)غیر عوضی لازمی ۴)غیر عوضی غیر لازمی۔

۱)۔الف لام عوضی لازمی کی تعریف:

وہ الف لام ہے جو کسی چیز کے عوض میں آیا ہواور کلمہ کیساتھ لازم ہو، جیسے لفظ:"اللہ"،یہ اصل میں"إِلٰهٌ"تھا،ہمزہ کو حذف کرکے اس کے عوض میں شروع میں الف لام لایا گیااور پھر لام کو لام میں مدغم کیا گیا تو"اللہ"ہو گیا۔یہاں الف لام زائد ہے، کیونکہ یہ مفید تعریف نہیں،بلکہ تعریف تو عَلَمیت سے حاصل ہوچکی ہے اور عوضی بھی ہے، کیونکہ یہ"ہمزہ"کے عوض میں آیا ہے اور لازمی بھی ہے، کیونکہ لفظ"اللہ" کا"الف لام"کلام عرب میں ضرورتِ شعری کے علاوہ کہیں بھی حذف نہیں۔

۲)۔الف لام عوضی غیر لازمی کی تعریف:

وہ الف لام ہے جو کسی چیز کے عوض میں لایا گیا ہو اور کلمہ کیساتھ لازم نہ ہو، جیسے:"النَّاسُ"،جو کہ اصل میں"أُنَاسٌ"تھا، ہمزہ کو حذف کیا گیااوراس کے عوض میں الف لام لایا گیا تو"النَّاسُ"ہوا۔اب یہ الف لام زائد ہے کیونکہ تعریف حرف

---

[1] الف لام جنسی کا مدخول قضیہ طبعیہ،الف لام استغراقی کا مدخول قضیہ محصورۃ مسورہ،الف عہدی خارجی کا مدخول قضیہ شخصیہ مخصوصہ اورالف لام عہد ذہنی کا مدخول قضیہ مہملہ ہوتا۔ تفصیل کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد المنطق۔

[2] شرح شذورالذہب:۱۹۵،شرح التصریح:۱۱۵/۲،جامع الدروس العربیۃ:۱۴۹/۱۔

نداء سے حاصل ہو چکی ہے اور عوضی ہے کیونکہ ہمزہ کے عوض میں آیا ہے اور غیر لازمی ہے کیونکہ نثر کلام میں اس کو "أُنَاسٌ" بھی پڑھا جاتا ہے۔

۳)۔ الف لام غیر عوضی لازمی کی تعریف:

یہ وہ الف لام ہے جو کسی چیز کے عوض میں نہ آیا ہو، لیکن کلمہ کیساتھ لازم ہو اور اس کا حذف کرنا جائز نہ ہو، جیسے: "النَّجْمُ" میں الف لام زائد ہے، تعریف تو علمیت سے حاصل ہے اور غیر عوضی ہے کیونکہ غیر معوض ہے اور لازمی بھی ہے کیونکہ یہ لفظ کلام عرب میں بغیر الف لام کے مستعمل نہیں اور اسی طرح اسمائے موصولہ (الَّذِيْ،الَّتِيْ،الَّذِيْنَ،الَّذَيْنِ،الَّلَاتِيْ) پر الف لام غیر عوضی لازمی ہیں۔

۴)۔ غیر عوضی غیر لازمی کی تعریف:

وہ الف لام ہے جو نہ معوض ہو اور نہ لازم ہو، اس کی مثال وہ الف لام ہیں جو اعلام منقولہ پر داخل ہو، جیسے: "الحسن، الحسین، الحارث، النعمان، الولید، الرشید" میں الف زائد ہے، کیونکہ تعریف علمیت سے حاصل ہے اور غیر معوض ہے اور غیر لازمی ہے کیونکہ اس کا وجود و عدم دونوں برابر ہیں[۱]۔

الف لام کی تقسیم میں بلاغیین کا منہج:

بلاغیین حضرات "الف لام" کی تقسیم اس طرح کرتے ہیں کہ "الف لام" کی اولاً تین قسمیں ہیں: ۱) حرف تعریف، ۲) اسم موصول، ۳) زائد[۲]۔ پھر "الف لام" تعریف کی دو قسمیں ہیں: ۱) عہدی، ۲) جنسی، پھر الف لام عہدی کی تین قسمیں ہیں: ۱) عہد خارجی، ۲) عہد ذہنی، ۳) عہد حضوری۔

۱)۔ عہد خارجی: وہ الف لام ہے جس کا مدخول کلام سابق میں صراحۃً یا کنایۃً مذکور ہو اور متکلم و مخاطب کو معلوم ہو، جیسے: "جَاءَ الْأَمِيْرُ" میں الف عہدی خارجی ہے، لیکن یہ اس وقت ہو گا جب شہر میں ایک امیر مشہور ہو، لہذا قرینہ حالیہ کلام سابق میں مذکور ہونے پر دال ہے، یا صراحۃً بصورت نکرہ مذکور ہو، جیسے: "كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولًا. فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ" ۔ یا کنایۃً مذکور ہو، جیسے: "لَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَى"، اس سے پہلے "إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَافِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّراً" ہے، اس میں "مَا" سے مراد مذکر ہے، کیونکہ بیت المقدس کی حدمت کے لیے مذکر کی نذر مانی جاتی تھی۔ الف لام عہد خارجی کو عہد ذکری بھی کہتے ہیں[۳]۔

۲)۔ عہد ذہنی: وہ الف لام ہے جس کا مدخول زمانہ سابق میں مذکور ہو اور متکلم و مخاطب کے ذہن میں ہو، جیسے: "أَخَافُ أَنْ

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۵۰، بدر السعید: ۱۷۷۔
[۲] الف لام موصول اور زائد کی وہی تعریفات ہیں جو اوپر بیان ہو چکی ہیں۔
[۳] النحو الوافی: ۱/۴۲۳۔

يَأْكُلَهُ الذِّئبُ"اور"ثَانِيَ اثْنَيْنِ إذْ هُمَافِي الْغَارِ"۔یہ الف لام زمانہ سابق کے کسی احوال وواقعات میں مدخول کے مذکور ہونے پر دلالت کرتا ہے۔[1]

الف عہد ذہنی کے حکم میں نحات کی دو مختلف آراء ہیں: ایک رائے یہ ہے کہ اس کے مدخول کا زمانہ سابق میں تذکرہ پایاجاتا ہے خواہ وہ تذکرہ عوام الناس میں ہو یا تاریخ میں، اس میں فردِ واحد مراد ہوتا ہے خواہ وہ فرد واحد مفروض ہو، جیسے: "أخَافُ أنْ يَأْكُلَهُ الذِّئبُ"، یا متعین ہو، جیسے: "ثَانِيَ اثْنَيْنِ إذْ هُمَافِي الْغَارِ"، اس اعتبار سے یہ لفظاً اور معناً معرفہ ہوگا۔ دوسری رائے یہ ہے کہ اس کا کوئی بھی ایک غیر معین فرد ذہن میں ہوتا ہے، اس اعتبار سے لفظاً معرفہ اور معناً نکرہ ہوگا، جیسے الف لام جنسی کا حکم ہے۔[2]

۳)۔عہد حضوری: وہ الف لام ہے جو فردِ موجود، فرد حاضر یا فردِ مشارالیہ پر دلالت کرے، جیسے: "خَرَجْتُ الْيَوْمَ، خُذِ الْكِتَابَ وَالْقَلَمَ، جَاءَهَذَا الرَّجُلُ"وغیرہ میں الف لام عہدی حضوری ہے۔

دوسری قسم الف لام جنسی ہے پھر اس کی تین قسمیں ہیں: ۱)جنسی، ۲)استغراق کلی، ۳)استغراق مجازی۔

۱)۔الف لام جنسی: وہ الف لام ہے جس میں حکم ماہیت پر ہو، جیسے: "الرَّجُلُ خَيْرٌ مِنَ الْمَرْأَةِ".

۲)۔استغراق کلی: وہ الف لام ہے جو مدخول کے ہر ہر فرد کو شامل ہو، جیسے: "إنَّ الْإنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ، خُلِقَ الْإنْسَانُ ضَعِيْفاً، الْإنْسَانُ حَيَوَانٌ"وغیرہ میں الف لام استغراقِ کلی کے لیے ہے۔

۳)۔استغراق مجازی: وہ الف لام ہے جس سے افرادِ جس میں پایاجانے والا کوئی وصف مراد ہو، جیسے: "أنْتَ الرَّجُلُ عِلْماً" (آپ علم میں کامل و مکمل مرد ہیں)، یعنی جس قدر علم تمام افرادِ رجل میں پایاجاتا ہے وہ سب علم آپ میں پایاجاتا ہے یہ علی سبیل المبالغہ والمجاز استعمال ہوتا ہے۔

اس تفصیل یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ الف لام عہدی کی تینوں قسمیں لفظاً و معناً معرفہ کے حکم میں ہیں اور الف لام جنسی کی تینوں قسمیں لفظا معرفہ اور معناً نکرہ کے حکم میں ہیں[3]، لہذا ان کے بعد آنے والے جملہ کو لفظ کی رعایت کرتے ہوئے ان

---

[1] النحو الوافی: ۱/۴۲۴۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۴۹.

[3] یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ معرفہ بالف لام جنسی یا استغراقی، جیسے: "الرَّجُلُ، الْفَرَسُ، الْإمْرَأةُ"وغیرہ معناً نکرہ کے حکم میں ہیں اور "رَجُلٌ، فَرَسٌ، إمْرَأةٌ"وغیرہ اسمائے نکرہ بھی معناً نکرہ ہیں تو ان دونوں میں کیا فرق ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں مقید وغیر مقید کا فرق ہے، اسماء نکرہ غیر مقید کے حکم میں ہیں اور معرفہ بالف لام جنسی واستغراقی مقید کے حکم میں شمار ہوتے ہیں، لہذا نکرہ کے معنی میں کوئی وصف یا معنوی خصوصیت ملحوظ نہیں ہوتی، جیسے: "انْصُرْ إمْرَاةَ مَظْلُوْمَةً!"میں مطلق بلا قید کے کوئی بھی عورت مراد ہوگی، کوئی وصف یا خوبی مثلاً: ایمانی، اسلامی، علمی، نسبی اور اخلاقی وغیرہ ملحوظ نہ ہوگی اور احترام المراۃ (باللام الجنس او الاستغراقی) میں عورت متعین نہیں، مگر ذہن میں کوئی وصف یا خوبی ملحوظ ہوگی جو باعث اکرام ہے اس کا سیاق وسباق یا قرائن سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ (ہامش کتاب النحو: ۱۳۱، جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۴۹)

کا "حال" بنانا اور معنی کی رعایت کرتے ان کی "صفت" بنانا درست ہے [1]۔

۷۔ مضاف الی المعرفہ:

مضاف الی المعرفہ کا مطلب یہ ہے کہ جو بالذات معرفہ تو نہ ہو، لیکن مذکورہ اقسام میں سے معرفہ بالنداء کے علاوہ باقی پانچ قسموں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو تو معرفہ بنے گا، جیسے: "غُلَامُه، غُلَامُ زَيْدٍ، غُلَامُ هذَا، غُلَامُ الَّذِيْ عِنْدِيْ، غُلَامُ الرَّجُلِ". ان سب مثالوں میں "غُلَام" جو کہ نکرہ ہے، پہلی مثال میں اسم ضمیر کی طرف مضاف ہے، دوسری مثال میں علم کی طرف، تیسری مثال میں اسم الاشارہ کی طرف، چوتھی مثال میں اسم موصول کی طرف اور پانچویں مثال میں معرف باللام کی طرف مضاف ہو کر معرفہ بنا ہے۔

نکرہ اور اسم جنس میں فرق:

نکرہ اور اسم جنس میں بعض نحات فرق کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ ان دونوں میں ترادف ہے، جو فرق کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ اسم جنس باعتبار وضع عموم اور شمولِ افراد پر دلالت کرتا ہے اور اسم نکرہ بار تبار وضع مطلقاً غیر معین فردِ واحد پر دلالت کرتا ہے اور علی سبیل البدلیت متعدد افراد کے لیے اس کا استعمال ہوتا ہے۔

دوسرا فرق یہ ہے کہ اسم نکرہ میں اس کی ماہیت پر حکم لگانا مقصود نہیں ہوتا، مطلقاً (غیر معین) فردِ واحد پر حکم مقصود ہوتا ہے یہ وجودِ خارجی پر دلالت کرتا ہے اور جب کہ اسم جنس میں حکم ماہیت و حقیقت پر ہوتا ہے، جیسے الف لام جنسی میں ہوتا ہے، یعنی اس کا تعلق وجود ذہنی سے ہے، اس لیے اس کے موجود فی الخارج افراد میں سے کسی فرد پر حکم نہ پایا جائے یہ ممکن ہے کیونکہ اس میں افراد پر حکم لگانا مقصود نہیں ہوتا، جیسے: "الشَّجَرُ مُوْرِقٌ"، درخت کی ماہیت و حقیقت میں پتہ دار ہونا ہے، لیکن یہ ممکن ہے کہ خارج میں کوئی درخت کسی عارض کی وجہ سے پتہ دار نہ ہو اور اسی طرح "الرَّجُلُ أَقْوَى مِنَ الْمَرْاة" جنس مرد جنسِ عورت سے قوی ہے، لیکن یہ ممکن ہے کہ خارج میں کوئی عورت مرد سے قوی ہو۔

تیسرا فرق یہ ہے کہ اسم نکرہ کی جمع آتی ہے اور اسم جنس کی جمع نہیں آتی۔ [2]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اصل اسماء میں تنکیر ہے، کیونکہ اسم بغیر کسی علامت کے نکرہ بنتا ہے، لیکن معرفہ اس وقت بنتا ہے جب مذکورہ سات علامات میں سے کوئی ایک علامت اس کے اندر موجود ہو، کیونکہ معرفہ کے لیے علامت تعریف ضروری ہوتی ہے۔

قاعدہ: علم اور دیگر اقسام میں فرق یہ ہے کہ علم بلا قرینہ اپنے مدلول کی تعیین پر دلالت کرتا ہے اور جب کہ دیگر اقسام قرائن

---

[1] تفصیل کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد البلاغہ۔

[2] ہامش کتاب النحو: ۱۳۲۔

خارجیہ سے اپنے مدلول پر دلالت کرتے ہیں، مثلاً: ضمائر، ذات متکلم یا مخاطب یا غائب کے قرینہ سے، اسماء الاشارۃ مشار الیہ کے قرینہ سے، اسماء الموصولہ صلہ سے قرینہ سے، معرف باللام "الف لام" کے قرینہ سے اور مضاف الی المعرفہ مضاف الیہ کے قرینہ سے اپنے مدلول کی تعیین پر دلالت کرتے ہیں۔[۱]

قاعدہ: علم کبھی مفرد ہوتا ہے، جیسے: "زید، عمرو، بکر"، کبھی مرکب اضافی ہوتا ہے، جیسے: "عبد اللہ، عبد المحسن"، کبھی مرکب امتزاجی (منع صرف) ہوتا ہے، جیسے: "رشید احمد، حسین احمد، محمد حسان" اور کبھی مرکب صوتی ہوتا ہے، جیسے: "سیبویہ، درستویہ، عمرویہ، حمدویہ" اور کبھی مرکب اسنادی ہوتا ہے، جیسے: "جَادَّالْحَق، تَأَبَّطَ شَرًّا، شَابَ قَرْنَاهَا" وغیرہ۔[۲]

قاعدہ: جب اسم اور لقب جمع ہوں تو اسم کو مقدم اور لقب کو مؤخر کرنا واجب ہے، جیسے: "عمر الفاروق، اویس القرنی، ہارون الرشید"، لیکن اگر لقب مشہور ہو تو اس کی تقدیم جائز ہے، جیسے: "إِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ"، اور اگر اسم اور کنیت جمع ہوں تو ترتیب ضروری نہیں، جیسے: "ابو حفص عمر" اور "عمر ابو حفص" دونوں جائز ہیں۔[۳]

قاعدہ: اگر علم کو تثنیہ یا جمع لایا جائے تو وہ نکرہ بن جاتا ہے اسی وجہ سے اس کو معرفہ بنانے کے لیے اس پر الف لام داخل کیا جاتا ہے، جیسے: "الزَّيْدَانِ، الزَّيْدُوْنَ، الْمُحَمَّدُوْنَ".[۴]

قاعدہ: اگر علم سے مراد کوئی وصف مشہور ہو تو پھر علم معرفہ نہیں رہتا، بلکہ نکرہ بن جاتا ہے، جیسے: "لِكُلِّ فِرْعَوْنٍ مُوْسَى"، "أَيْ لِكُلِّ مُبْطِلٍ مُحِقٌّ"، یہاں فرعون اور موسی سے مراد وصف مشہورہ مبطل اور محق ہیں۔

قاعدہ: اگر مرد کے نام کو جمع لانا ہو تو اس کی دو صورتیں ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ اس کو جمع مذکر سالم لایا جائے، جیسے: "زید، عمرو، بشر، احمد" سے "زَيْدُوْنَ، عَمْرُوْنَ، بَشْرُوْنْ، أَحْمَدُوْنَ" اور دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو جمع مکسر لایا جائے، جیسے: "زید، عمرو، بشر، احمد" سے "أَزْيَادٌ، زَيُوْدٌ، أَعْمَرُ، عَمُوْرٌ، أَبْشَارٌ، بَشُوْرٌ، أَحَامِدُ" وغیرہ۔ پہلی صورت افضل واولیٰ ہے اور دوسری صورت جائز ہے اور اگر کسی عورت کے نام کو جمع لانا ہو تو وہاں بھی دو صورتیں جائز ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ اس کو جمع مؤنث سالم لایا جائے، جیسے: "زَيْنَبُ، سُعَادُ" سے "زَيْنَبَاتٌ، سُعَادَاتٌ" اور دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو جمع مکسر لایا جائے، جیسے: "زَيْنَبُ، سُعَادُ" سے "زَيَانِبُ، أَسْعَدُ، سَعَائِدُ"، یہاں بھی پہلی افضل واولی ہے۔[۵]

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱۰۹/۱۔
[۲] قواعد و نکات: ۱۱۴/۷، المنہاج: ۳۹۵۔
[۳] اوضح المسالک: ۱۳۲/۱، ۱۳۳۔
[۴] جامع الدروس العربیۃ: ۶۹/۲۔
[۵] جامع الدروس العربیہ: ۷۰/۲۔

قاعدہ: جب کسی کلمہ سے لفظ مراد لیا جائے اور معنی مراد نہ ہو تو یہ علم ہوگا، جیسے: "أَيْنَ "كلمةُ الْاِسْتِفْهَامِ اور "ضَرَبَ" فِعْلُ مَاضٍ.

فائدہ: مضاف الی المعرفہ کی وجہ سے ہر ایک لفظ معرفہ بن جاتا ہے، لیکن الفاظ متوغلہ (مستغرقہ) فی الابہام (مثل، شبہ، غیر، نحو، ضرب وغیرہ) اضافت کے باوجود بھی معرفہ نہیں بن سکتے، البتہ جب مضاف الیہ کی ضد شیء واحد ہو تو پھر معرفہ بنیں گے، جیسے: "الْحَرَكَةُ غَيْرَ سُكُوْنٍ". [1]

قاعدہ: مضاف الی المعرفۃ میں اضافت سے مراد اضافت معنویہ ہے، کیونکہ اضافت لفظیہ صرف لفظوں میں تخفیف کا فائدہ دیتی ہے۔

قاعدہ: جب نکرہ مطلق ذکر ہو تو یہ وحدت اور جنس میں سے کسی ایک پر دلالت کرتا ہے، وحدت کی مثال، جیسے: "وَجَاءَ مِنْ أَقْصَا المدِيْنَةِ رَجُلٌ يَسْعَى". [يس: ٢٠]. "زَارَنِي الْيَوْمَ رَجُلٌ غَرِيْبٌ." اور جنس کی مثال، جیسے: "{واللهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِنْ مَاءٍ} [النور: ٤٥]، .{وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أعْجَبَتْكُمْ} [البقرة: ٢٢١]." اور کبھی وحدت اور جنس دونوں مراد لیے سکتے ہیں، جیسے: "جَاءَنِي الْيَوْمَ رجلٌ" اس میں وحدت کا احتمال بھی ہے کہ صرف ایک آدمی آیا ہے اور جنس کا احتمال بھی ہے کہ مرد آیا ہے عورت نہیں [2]۔

فائدہ: معرفہ کی اقسام میں اعرف المعارف ضمیر، پھر اسم علم مشخص، پھر اسم اشارہ، پھر اسم موصول، پھر معرف باللام، پھر وہ معرفہ جو اضافت کی وجہ سے معرفہ بنا ہو، بعض اہل علم نے اس کی تعبیریوں کی ہے کہ تعیین کے مراتب مختلف ہیں: اعرف المعارف لفظ "اللہ" ہے، کیونکہ اس کو تمام مخلوقات جانتے ہیں، اس کے بعد ضمائر ہیں اور ضمائر میں سب سے زیادہ معرفہ ضمیر متکلم پھر مخاطب اور اس کے بعد ضمیر غائب ہے، ضمائر کے بعد اعلام ہیں، اعلام کے بعد اسمائے اشارہ اور اسمائے اشارہ کے بعد اسمائے موصولہ اور پھر معرف باللام اور آخر میں مضاف الی المعرفہ ہے، پھر مضاف میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ مضاف، مضاف الیہ سے ایک درجہ کم ہوگا، مثلاً اگر مضاف الیہ اسم اشارہ ہے تو مضاف اسم موصولہ کا مرتبہ پر ہوگا، اگر اسم موصولہ ہے تو مضاف علم کے مرتبہ پر ہوگا اور بعض کے نزدیک مضاف مضاف الیہ کے مرتبہ میں ہوگا، اگر مضاف الیہ اسم اشارہ ہو تو مضاف بھی اسم اشارہ کے مرتبہ پر ہوگا، اگر اسم موصول ہے تو مضاف الیہ بھی اسم موصولہ کے مرتبہ پر ہوگا سوائے ضمیر، اگر ضمیر مضاف الیہ تھا تو مضاف ضمیر کے مرتبہ میں نہ وہ ہوگا، بلکہ علم کے مرتبہ میں ہوگا اور بعض کے نزدیک مطلق مضاف الیہ کے مرتبہ میں ہوگا کوئی استثناء نہیں ہے [3]۔

---

[1] شرح التصریح: ۶۷۸/۱۔
[2] معانی النحو: ۳۹/۱۔
[3] بدر السعید: ۱۸۰۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں معرفہ ونکرہ کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

أَنَا يُوْسُفُ. هٰذَا أَخِيْ. مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ الله. حِلْمُ الرَّجُلِ عَوْنُهُ. حِرْفَةُ الْمَرْءِ كَنْزُهُ. كَلَامُ اللهِ دَوَاءُ الْقَلْبِ. لِيْنُ الْكَلَامِ قَيْدُ الْقُلُوْبِ. نَحْنُ مُسْتَغْفِرُوْنَ. طَابَ مَنْ وَّثِقَ بِاللهِ. صَبْرُكَ يُوْرِثُ الْخَيْرَ. صَمْتُ الْجَاهِلِ سَتْرُهُ. هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ. هٰذِهِ أُخْتِيْ. هٰؤُلَاءِ عَبِيْدِيْ. اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ. اَلزَّكَاةُ يُزَكِّي الْمَالَ. اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ. اَلْحَجّ مُطَهِّرٌ. ذِكْرُاللهِ طَمَانِيَةُ الْقَلْبِ. لَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ. اَللهُ يَعْلَمُ مَاتَصْنَعُوْنَ. ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَائَهُ. أَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ. بَابُ الْمَدْرَسَةِ مُغْلَقٌ . سِيرَةُ مُعاوِيَةَ حَمِيدةٌ. عَاقِبَةُ الصَّبْرِ مَحْمُودَةٌ. خَالِدٌ شُجَاعٌ. الْبِرُّ حُسْنُ الْخَلْقِ. الْبَرَكَةُ مَعَ أَكَابِرُكُمْ. الْحَياءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ. الْجَمَاعَةُ بَرَكَةٌ. خَيْرُ الزَّادِ التَّقْوَى. الْمِعْدَةُ حَوْضُ الْبَدَنِ. الصُّمْتُ مَنَامٌ وَالْكَلَامُ يَقْظَةٌ. الشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِنَ الْجُنُوْنِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍......"أَنَايُوْسُفُ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب ... "أَنَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم ضمیر ضمیر مرفوع منفصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر مسندالیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "يُوْسُفُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم علم وتنوین مقدرہ،اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ علم مسند مسندبہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبربہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب ۔

✍..."طَابَ مَن وَّثِقَ بِاللهِ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "طَابَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل ... "مَنْ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم،اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معرفہ معرفہ بہ اسم موصول،موصول... "وَثِقَ بِاللهِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... "وَثِقَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل... اس میں ضمیر: لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معرفہ معرفہ بہ ضمیر مسندالیہ فاعل... "ب"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف جارہ...

لفظ "اللّٰہِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول جر اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ عَلَم مجرور... جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "وَثِقَ" فعل کیساتھ... فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا اسم موصول کے لیے... موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل ہوا "طَابَ" فعل کے لیے... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍... "ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "ذٰلِكُمْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم، اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل معرفہ معرفہ باسم اشارہ، اسم اشارہ ویا کہ موصوف ویا کہ مبدل منہ ویا کہ مبین... "اَلشَّيْطَانُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام، اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ معرف باللام مشار الیہ ویا کہ صفت ویا کہ بدل ویا کہ عطف بیان... اشارہ مشار الیہ مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... "يُخَوِّفُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل مستتر معرفہ معرفہ بہ ضمیر معمول مسند الیہ فاعل... "أَوْلِيَاءَهُ" مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔۔ مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل ہشتم: مؤنث و مذکر کا بیان[۱]

اسم کی باعتبارِ جنس (تذکیر و تانیث)[۲] دو قسمیں ہیں:

۱۔ مذکر[۳] ۲۔ مؤنث

۱۔ مذکر کی تعریف:

"مَا لَا يَكُوْنُ فِيهِ عَلامَةُ التَّأنِيثِ لَفْظاً أَوْ تَقْدِيراً."

وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث نہ لفظاً اور نہ ہی تقدیراً ہو، جیسے: "رَجُلٌ، أَسَدٌ، إِبِلٌ".

۲۔ مؤنث کی تعریف:

"مَا فِيهِ عَلامَةُ التَّأنِيثِ لَفْظاً أَوْ تَقْدِيراً."

وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظاً یا تقدیراً ہو، جیسے: "اِمْرَءَةٌ" اور "أَرْضٌ، شَمسٌ". اب "اِمْرَءَةٌ" میں علامت تانیث "تاء" لفظاً ہے اور "أَرْضٌ، شَمسٌ" میں "تاء" علامت تانیث تقدیراً ہے، کیونکہ "أَرْضٌ، شَمسٌ" کی تصغیر

---

[۱] مذکر و مؤنث پر تفصیلی مباحث کے لیے دیکھئے: البلغة فی الفرق بین المذکر والمؤنث لابی البرکات الانباری۔ المذکر والمؤنث لابی الحسین التستری۔ المذکر والمؤنث لمحمد بن القاسم ابن الانباری۔

[۲] الفاظ کی تذکیر و تانیث کا فرق ہر زبان میں ملحوظ ہوتا ہے، اگر مذکر لفظ کو مؤنث پڑھا جائے اور مؤنث کو مذکر پڑھا جائے تو یہ بہت معیوب سمجھا جاتا ہے، مثلاً: "بکری گھاس کھا رہا تھا" اور "گھوڑا تیز دوڑ رہی تھی"، ان دونوں جملوں میں مذکر کی جگہ مؤنث اور مؤنث کی جگہ مذکر لفظ کا استعمال ہے جس کو اہل زبان شنیع اور معیوب سمجھتے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی ذہن نشیں رکھیں کہ زبان کی تبدیلی سے تذکیر و تانیث کا بھی فرق ہوتا ہے، جیسے: "الْقِطَارُ" (گاڑی)، یہ لفظ عربی زبان میں مذکر اور اُردو میں مؤنث استعمال ہوتا ہے، اسی طرح ایک ہی زبان کے لفظ کی تذکیر و تانیث علاقہ اور قبائل کے اعتبار سے بھی مختلف ہو سکتی ہے، مثلاً "الْإِبْهَامُ" (انگوٹھے) کو اکثر قبائل عرب مؤنث استعمال کرتے تھے جب کہ قبیلہ بنی اسد اس کو مذکر استعمال کرتا تھا، نیز کبھی معنی اور مراد کے مختلف ہونے سے بھی لفظ کی تذکیر و تانیث میں فرق ہو جاتا ہے، جیسے: "دِرْعٌ" (۱۔ آہنی زرہ، ۲۔ قمیص زن)، اول معنی میں مؤنث اور دوسرے معنی میں مذکر استعمال ہوتا ہے۔ (المعجم المفصل فی المذکر والمؤنث: ۸)

مذکورہ اعتباری فروق کے پیش نظر کسی نے ایک لفظ کو واجب التانیث کہا ہے اور کسی دوسرے نے اسی لفظ کو جائز التانیث بتلایا ہے، سعید براہیم تستری اپنی کتاب "المذکر والمؤنث" میں فرماتے ہیں کہ کلمات کی تذکیر و تانیث کا مدار قیاس پر نہیں اور نہ ان کی تذکیر و تانیث کا کوئی محدود و محصور باب ہے اور علامات تانیث تو بہت سے مذکر کلمات میں بھی پائی جاتی ہے اور بہت سے مؤنث کلمات علامات تانیث سے خالی ہوتے ہیں، لہذا علامات کے ذریعہ لفظ کو مذکر اور مؤنث ہونے کو متعین کر دینا کوئی ضروری امر نہیں ہے، بلکہ اس سلسلہ میں زبان کے استعمال پر مدار ہو گا اور ان کی حکایات و روایات اور محاورات کو اعتبار کیا جائے گا۔ (المعجم المفصل فی المذکر والمؤنث: ۲۸،۴۱، ہامش کتاب النحو: ۹۴)

[۳] مذکر باب تفعیل سے اسم مفعول کا صیغہ ہے مصدر "تذکیر" سے ماخوذ ہے منتہی الارب اور تاج المصادر میں اس کے یہی معنی ہیں: "نصیحت کرنا، نر کی طرف منسوب کرنا خلاف تانیث ہے"، یہاں دوسرا معنی مراد ہیں اور مؤنث باب تفعیل سے اسم مفعول ہے، مصدر تانیث ہے معنی مؤنث کرنا اور یہی معنی تاج المصادر میں ہے۔ (بدر منیر: ۳۲)

"أرَيْضَةٌ، شُمَيْسَةٌ" آتی ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ تصغیر اسماء کو اپنی اصل کی طرف لوٹاتی ہے چونکہ تصغیر میں "تاء" ظاہر ہو گئی ہے اس سے معلوم ہوا کہ "أَرْضٌ، شَمْسٌ "اصل میں "أَرْضَةٌ، شَمْسَةٌ" ہیں۔

علاماتِ تانیث:

علامت تانیث تین ہیں:

۱)۔ تائے (ملفوظہ)، جیسے: "طَلْحَةُ". جس کی تفصیل یہ ہے کہ تائے "ملفوظہ کی گیارہ قسمیں ہیں:

وجہ حصر یہ ہے کہ "تائے" ملفوظہ دو حال سے خالی نہیں، اسم پر داخل ہو گی یا فعل پر، اگر اسم پر داخل ہو تو دیکھیں گے کہ ابتداء میں ہے یا آخر میں، اگر ابتداء میں ہو تو تائے جارہ قسمیہ یا تائے اسم الاشارہ ہے، جیسے: "تَاللهِ، تِلْكَ، تَانِكَ" وغیرہ۔ اور اگر آخر میں ہو تو اس کی چند قسمیں ہیں: ۱) تائے تانیث، جیسے: "طَلْحَةُ"۔ ۲) تائے تذکیر، جیسے "ثَلَاثَةُ رِجَالٍ"، یہ تاء اسماء اعداد میں دس تک خلاف القیاس مذکر کے لیے آتی ہے یہ تائے تذکیر ہے۔ ۳) تائے وحدت، جیسے: "نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ"۔ ۴) تائے عوضی، جو محذوف حرف کے عوض میں لایا جاتا ہے، جیسے: "عِدَةٌ" کہ اصل میں "وِعْدٌ" تھا۔ ۵) تائے مصدریت، جیسے: "فَاعِلِيَّةٌ، مَفْعُوْلِيَّةٌ". ۶) تائے مبالغہ یا تاکید مبالغہ، جیسے: "عَلَّامَةٌ"۔ ۷) تائے ناقلہ، جیسے: "كَافِيَةٌ" میں تائے ناقلہ ہے پہلے ہر کفایت کرنے والی چیز کو کہا جاتا تھا، اب منقول ہو کر ایک کتاب کا نام پڑ گیا۔ ۸) تائے نسبتی: وہ تاء جو واحد کی یائے نسبتی کے عوض میں جمع کے آخر میں لایا جاتا ہے، جیسے: "مَنْطِقِيٌّ" سے "مَنَاطِقَةٌ" اور "أَشْعَرِيٌّ" سے "أَشَاعِرَةٌ" اور "مَاتُرِيْدِيٌّ" سے "مَاتُرِيْدِيَّةٌ"[1] وغیرہ۔ ۹) تائے مفارقہ: وہ تاء ہے جو واحد اور جنس کے درمیان فرق کرنے کے لیے آتا ہے، جیسے: "تَمْرَةٌ" واحد ہے اور "تَمْرٌ" جنس ہے ۔ ۱۰) تائے مبالغہ، جیسے: "رَاوِيَةٌ" کثرت سے روایت کرنے والا۔ ۱۱) تائے زائدہ جس کا کوئی معنیٰ نہ ہو، جیسے: "زَنَادِقَةٌ".[2]

اب تاء کی مذکورہ گیارہ قسموں میں سے سوائے مبالغہ اور تاکید مبالغہ کے علاوہ باقی سب تانیث کے حکم میں ہیں، یعنی ضمیر مؤنث کی راجع ہوتی ہے اور صفت مؤنث لائے گئے اور مؤنث میں شمار کیا جائے گا۔

اور اگر تاء فعل میں تو پھر دیکھیں گے کہ ابتداء میں ہے یا آخر میں، اگر ابتداء میں ہو تو تائے مضارعت ہے، جیسے: "تَضْرِبُ"۔ اگر آخر میں ہو تو دیکھیں گے کہ ساکن ہے یا متحرک، اگر ساکن ہے تو تائے تانیث ہے، جیسے: "ضَرَبَتْ" اور اگر متحرک ہے تو مضموم ہے یا مفتوح یا مکسور ہے، اگر مضموم ہے تو تائے متکلم، جیسے: "ضَرَبْتُ" اور اگر مفتوح و مکسور ہے تو

---

[1] اشاعرہ اور ماتریدیہ اہل السنۃ والجماعۃ کے دو مکاتب فکر ہیں، تفصیل کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد العقائد۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۳۶۵/۳۔

تائے مخاطب، جیسے: "ضَرَبْتَ، ضَرَبْتِ". [1]

۲)۔ الف مقصورہ [2]، جیسے: "حُبْلیٰ". الف مقصورہ اس وقت تانیث کی علامت ہوگی جب اس میں دو شرائط ہیں: ۱) زائد ہو، اصلی نہ ہو، جیسے: "عَصَا"۔ ۲) آخر میں ایسی "تاء" کو قبول نہ کرے جو حالت وقف میں "ھا" بن جاتی ہے، احترازی مثال، جیسے: "أَرْطَی" سے "أَرْطَاةٌ" پڑھا جاتا ہے اور اتفاقی مثال یہ ہے، جیسے: "حُبْلیٰ".

۳)۔ الف ممدودہ [3]، جیسے: "حَمْرَآءُ". الف ممدودہ اس وقت تانیث کی علامت ہوگی جب اس میں یہ دو شرائط موجود ہوں: ۱) زائد ہو، اصلی نہ ہو، جیسے: "قُرَّآءٌ"۔ ۲) آخر میں "تاء" کو قبول نہ کرے، احترازی مثال یہ ہے: "عِلْبَاءٌ" یہ "عِلْبَاءَةٌ" بھی پڑھ جاتا ہے، اتفاقی مثال، جیسے: "حَمْرَاءُ". [4]

علامات تانیث اصل میں پہلی تین ہیں، چوتھی کوئی علامت نہیں، کیونکہ مؤنث سماعی میں "تاء" کو مقدر ماننے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ اس کی علامت ہے اور پہلے سے موجود ہے، جس کی وجہ سے ہم اسے مؤنث مانتے ہیں، بلکہ مقدر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ "أَرْضٌ، شَمْسٌ، سَمَاءٌ، نَفْسٌ، دَارٌ، خَمْرٌ، جَهَنَّمُ" وغیرہ درجنوں اسماء ایسے ہیں جن میں علامات تانیث نہیں، لیکن اہل عرب انہیں مؤنث مانتے ہیں، اب ہمارے پاس دو ہی راستے ہیں یا تو ان الفاظ کے مؤنث ہونے کا انکار کر دیں، حالانکہ یہ ممکن نہیں، کیونکہ یہ اہل لسان کے اجماع کے خلاف ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ اس میں علامت تانیث کو مانا جائے، اس لیے ہم فرض کر لیتے ہیں کہ ان میں "تاء" مقدرہ ہے اور یوں فرض کر لیں گے کہ "أَرْضٌ" اور "شَمْسٌ" اصل میں "أَرْضَةٌ" اور "شَمْسَةٌ" تھے، یہاں حقیقۃً کوئی "تاء" نہیں، بلکہ یہ محض ایک مفروضہ ہے، جس کا مقصد ان

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۰۰، بدر السعید: ۱۸۱، جہد قصیر: ۲۶۔

[2] مقصورہ قصر سے مشتق ہے بمعنی چھوٹا ہونا، اور اصطلاح صرف میں ہر وہ الف جو بصورت یاء لکھا جائے اور کھینچ کر نہ پڑھا جائے جیسے: مُوْسٰی، عِیْسٰی وغیرہ۔ پھر الف مقصورہ کی چھ قسمیں ہیں:
۱۔ وہ الف مقصورہ جس میں امالہ نہ کیا جا سکے جیسے: مَتٰی. ۲۔ وہ الف مقصورہ جو واؤ سے بدل ہو جیسے: عَصٰی. ۳۔ وہ الف مقصورہ جو تانیث کے لئے زیادہ کیا گیا ہو جیسے: حُبْلٰی. ۴۔ وہ الف مقصورہ جو الحاق کے لئے زائدہ کیا گیا ہو جیسے: اِرْطٰی. ۵۔ وہ الف مقصورہ جو "یاء" سے بدل ہو جیسے: رَضٰی. ۶۔ وہ الف مقصورہ جو چوتھی یا پانچویں جگہ ہو جیسے: مُوْسٰی، مُسْتَدْعٰی۔ (الأنوار الأشرفیۃ: ۱۳۱)۔

[3] ممدودہ: "مَدَّ" سے مشتق ہے بمعنی کھینچنا، لمبا کرنا، اور اصطلاح میں وہ الف ہے جس کے بعد ہمزہ ہو اور اُسے کھینچ کو پڑھا جائے جیسے: حَمْرَاءُ. الف ممدودہ کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ اصلی ۲۔ تانیثی ۳۔ الحاقی ۴۔ غیر اصلی
۱۔ الف ممدودہ اصلی: جو لام کے مقابلہ میں ہو اور غیر مبدل ہو اور جس میں امالہ نہ کیا جائے، جیسے: قُرَّاءُ. ۲۔ الف ممدودہ تانیثی: جو تانیث کے لئے زائد ہو، جیسے: حَمْرَاءُ. ۳۔ الف ممدودہ الحاقی: جو الحاق کے لئے زائد کیا گیا ہو جیسے: عِلْبَاءٌ. ۴۔ غیر اصلی: جو علامت تانیث کی ہو اور "واؤ" یا "یاء" سے بدل ہو، الف ممدودہ جو واؤ سے بدل ہو، جیسے: کَسَاءٌ. اور الف ممدودہ جو یاء سے بدل ہو، جیسے: رِدَاءٌ. الف ممدودہ اصلی کو ثابت رکھا جائے گا، تانیثی کو واؤ سے تبدیل کیا جائے اور الحاقی اور غیر اصلی کو دونوں طرح پڑھا جائے گا۔ (املاء الصرف: ۱۴۷)

[4] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۰۲۔

الفاظ کو مؤنث ثابت کرنا ہے اور اس اضطراری صورت کو نحات حضرات سماع سے تعبیر کرتے ہیں۔

مؤنث کی اقسام:

پہلی تقسیم: علامت تانیث کے اتصال وعدم اتصال کے اعتبار سے:

علامت تانیث کے اتصال وعدم اتصال کے اعتبار سے مونث کی دو قسمیں ہیں: (الف): قیاسی، (ب): سماعی

(الف): مؤنثِ قیاسی کی تعریف:

وہ مؤنث ہے جس میں علامت تانیث لفظوں میں موجود ہو[1]، یعنی مؤنث قیاسی وہ ہے جس کے لیے کوئی قاعدہ وقانون ہو، جیسے: "إِمْرَأَةٌ، طَلْحَةُ، سَلْمیٰ، صَحْرَاءُ". وغیرہ میں علامات تانیث تائے مدورہ، الف مقصورہ اور الف ممدودہ لفظوں میں موجود ہیں۔

مؤنث قیاسی کی اقسام:

پھر مونث قیاسی کی تین قسمیں ہیں: ۱) مؤنث لفظی، ۲) مؤنث معنوی، ۳) مؤنث لفظی معنوی۔

۱)۔ مؤنث لفظی کی تعریف:

مؤنث لفظی وہ اسماء ہیں جن کا مدلول مؤنث حقیقی نہ ہو، لیکن ان کے آخر میں علاماتِ تانیث میں سے کوئی علامت ہو، جیسے: "طَلْحَةُ، مُعَاوِيَّةُ، زَكَرِيَّا" وغیرہ۔

۲)۔ مؤنث معنوی کی تعریف:

مؤنث معنوی وہ اسماء ہیں جو مؤنث حقیقی پر دلالت کریں اور ان کے آخر میں کوئی علامت نہ ہو، جیسے: "مَرْيَمُ، سُعَادُ، زَيْنَبُ، رُبَابٌ" وغیرہ۔

۳)۔ مؤنث لفظی معنوی کی تعریف:

مونث معنوی وہ اسماء ہیں جو مؤنث حقیقی پر دلالت کریں اور ان کے آخر میں علامت تانیث بھی ہو، جیسے: "آمِنَةٌ، فَاطِمَةُ، حَفْصَةٌ، سَلْمیٰ، خَدِيْجَةٌ، لَيْلَى، عَائِشَةُ، صَحْرَاءُ، لُبَابَةٌ، عَرُوْبَةٌ" وغیرہ۔

(ب): مؤنثِ سماعی کی تعریف:

وہ مؤنث ہے جس میں علامت تانیث لفظوں میں موجود نہ ہو، یعنی مؤنث سماعی وہ اسماء ہیں جن کا مدلول مؤنث حقیقی نہ ہو اور نہ ہی ان کے آخر میں تانیث کی کوئی علامت ہو، لیکن اہل عرب ان پر مؤنث کے احکام جاری کرتے ہوں، مؤنث

---

[1] علامات تانیث میں صرف "تاء" ملفوظ اور مقدر ہوتا ہے اور باقی صرف ملفوظ ہوتے ہیں۔

سماعی کے لیے کوئی قاعدہ و قانون نہیں ہوتا، بلکہ صرف سماع پر موقوف ہوتا ہے، جیسے: "أرْضٌ "اور "شَمْسٌ ".

مؤنث سماعی کی علامات:

مؤنث سماعی کی یہ پانچ علامات ہیں:

۱)۔اس کی طرف مؤنث کی ضمیر راجع ہو، جیسے: "هِيَ عَصَايَ". ۲)اس کے لیے اسم الاشارہ مؤنث کا استعمال کیا گیا ہو، جیسے: "هٰذِهِ جَهَنَّمُ". ۳)اس کے لیے مؤنث کی صفت لائی گئی ہو، جیسے: "الْعَيْنُ الصَّالِحَةُ نِعْمَةٌ مِنَ اللهِ". ۴)اس کے لیے فعل مؤنث لایا گیا ہو، جیسے: "فَصَلَتِ الْعِيْرُ". ۵)تصغیر میں "تاء" آجائے، جیسے: "أرْضٌ، شَمْسٌ".[۱]

مؤنث سماعی کی اقسام:

مؤنث سماعی کی دو قسمیں ہیں: (الف) واجب التانیث، (ب) جائز التانیث

۱)۔واجب التانیث:

وہ مؤنث ہیں جن کا مؤنث پڑھنا واجب ہو، واجب التانیث یہ الفاظ ہیں:

۱)۔ انسانی بدن کے تمام جفت اعضاء، جیسے: "عَيْنٌ (آنکھ)، أُذُنٌ (کان)، كَتِفٌ (کندھا)، عَضُدُ (بازو)، يَدٌ (ہاتھ)، كَفٌّ (ہتھیلی)، وَرِكٌ (سرین)، سِنٌّ (دانت)، إصْبَعٌ (انگلی)، فَخِذٌ (ران)، سَاقٌ (پنڈلی)، رِجْلٌ (ٹانگ)، قَدَمٌ (پاؤں)، عَقَبٌ (ایڑی)"۔ لیکن جسم کے کچھ اعضاء جفت ہونے کے باوجود بھی مذکر استعمال ہوتے ہیں، جیسے: "صُدْغٌ (کنپٹی)، لَحْيٌ (جبڑا)، حَاجِبٌ (ابرو)، خَدٌّ (رخسار)، مِرْفَقٌ (کہنی)، كَعْبٌ (ٹخنہ)"۔ اور کچھ اعضاء طاق ہونے کے باوجود مؤنث استعمال ہوتے ہیں، جیسے: "كَبِدٌ (جگر)، كِرْشٌ (اوجھ)"۔ ۲)سورج کے نام، ۳)ہواؤں کے نام، جیسے: "رِيْحٌ، صَرْصَرٌ، سَمُوْمٌ، صَبَا، دَبُوْرٌ"وغیرہ۔ ۴)شرابوں کے نام، جیسے: "شَرَابٌ، خَرْطُوْمٌ، الطِّلَاءُ"وغیرہ۔ ۵)دوزخ کے نام، جیسے: "جَهَنَّمُ، سَقَرٌ، سَعِيْرٌ"وغیرہ۔ ۶)عورتوں کے نام، جیسے: "مَرْيَمُ، زَيْنَبُ، سُعَادٌ"وغیرہ۔ ۷)عورتوں کی صفات، جیسے: "حَائِضٌ، حَامِلٌ، طَالِقٌ"وغیرہ۔ ۸)وہ الفاظ جن سے عورتیں مراد ہوں، جیسے: "أُخْتٌ، بِنْتٌ، أُمٌّ"وغیرہ۔ ۹)بعض حیوانوں کے نام، جیسے: "عَقْرَبٌ (بچھو)، ثَعْلَبٌ (لومڑی)، أَرْنَبٌ (خرگوش)، عَنْكَبُوْتٌ (مکڑی)، أَفْعَىٰ (سانپ)"۔ ۱۰)قدرتی اشیاء کے نام، جیسے: "أَرْضٌ (زمین)، نَارٌ (آگ)، مِلْحٌ (نمک)، ذَهَبٌ (سونا)، لَظَى (شعلہ)، عَيْنٌ (چشمہ)، شَمْسٌ (سورج)، يَمِيْنٌ (دایاں)، شِمَالٌ (بایاں)"۔ ۱۱)مصنوعی اشیاء، جیسے: "دَارٌ (گھر)، دَلْوٌ (ڈول)، بِئْرٌ (کنواں)، فَرْشٌ (بچھونا)، فَلَكٌ (کشتی

---

[۱] بدر السعید: ۱۸۴۔

)، عَصَا (لاٹھی)،دِرْعٌ(زرہ)، كَأْسٌ (پیالہ)،فَاسٌ (کلہاڑا)،قَوْسٌ (کمان)"۔ ١٢)حروف مبانی اور حروف معانی۔ ١٣)جمع مکسر۔[١]

(ب)۔جائز التانیث:

وہ الفاظ جو مذکر و مؤنث میں مشترک ہوں،وہ یہ ہیں:

١)۔ ملکوں اور شہروں کے نام اگر بتاویل "مَوْضِعٌ "ہو یا "بَلَدٌ" ہوں تو مذکر ہیں اور اگر بتاویل "بُقْعَةٌ" یا "بَلْدَةٌ" ہوں تو مؤنث ہیں، جیسے: "اَلْمَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ مَوْضِع/بَلْدَةٌ "۔ ٢)قبائل کے نام اگر بتاویل "حَيٌّ" ہوں تو مذکر اور اگر بتاویل "قَبِيْلَةٌ" ہوں تو مؤنث ہیں۔ ٣)جملہ کلمات عرب(حروف تہجی، حروف عاملہ، حروف غیر عاملہ،اسماء،افعال) اگر بتاویل لفظ ہوں تو مذکر ہیں اور اگر بتاویل کلمہ ہوں تو مؤنث ہیں۔ ٤)اگر "فَعِيْلٌ "،بمعنی "مَفْعُوْلٌ "اور "فَعُوْلٌ"،بمعنی "فَاعِلٌ "ہو تو وہ بھی مذکر و مؤنث دونوں استعمال ہوتے ہیں،جیسے: "جَرِيْحٌ "،بمعنی "مَجْرُوْحٌ "اور "صَبُوْرٌ"،بمعنی "صَابِرٌ"۔ ٥)وہ صفات جو "مَفْعَلٌ، مِفْعَالٌ، مِفْعِيْلٌ، فِعَالَةٌ، فَاعِلَةٌ، فَعُوْلَةٌ، فِعْلَةٌ" کے وزن پر ہوں،جیسے: "مِقْوَلٌ، مِفْضَالٌ، مِعْطِيْرٌ، عَلَّامَةٌ، رَوَايَةٌ، فَرُوْقَةٌ، ضِحْكَةٌ"ان سب میں مذکر و مؤنث برابر ہیں۔ ٦) "فَرَسٌ، نَمْلَةٌ، شَاةٌ، حَيَّةٌ"مذکر و مؤنث دونوں کے استعمال ہوتے ہیں،ان میں مذکر اور مؤنث میں فرق کرنے کے لیے "ذَكَرٌ"اور "أُنْثَى "کا لفظ لایا جاتا ہے، جیسے: "فَرَسٌ ذَكَرٌ"اور "فَرَسٌ أُنْثَى ".[٢]

مؤنث کی دوسری تقسیم:

مؤنث کی ذات کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:

١)۔ مؤنث حقیقی ٢)۔ مؤنث لفظی[٣]

١)۔ مؤنث حقیقی کی تعریف:

"مَا يَكُوْنُ بِإِزَائِهِ حَيَوَانٌ مُّذَكَّرٌ."

وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں کوئی حیوان مذکر ہو، جیسے: "اِمْرَءَةٌ "کہ اس کے مقابلے میں "رَجُلٌ "حیوان مذکر ہے اور "نَاقَةٌ "کہ اس کے مقابلہ میں "جَمَلٌ "حیوان مذکر ہے اور اسی طرح "شَاةٌ، نَعْجَةٌ، دُجَاجَةٌ"وغیرہ مؤنث

---

[١] المذکر والمؤنث لابن الانباری:١/٥٨، المعجم المفصل فی المذکر والمؤنث:٨، البلغة فی الفرق بین المذکر والمؤنث:٦٦، روضة الهادیہ:٥٥، بدرالسعید:١٨٤، مختار النحو:٣٦۔

[٢] شرح المفصل لابن یعیش:٣/٧٤٣،المذکر والمؤنث لابن الانباری:٢/٢١٣،جامع الدروس العربیة:١/١٠٠، کتاب النحو:٩٦، قواعد و نکات:١٨٦۔

[٣] قیاسی، سماعی، حقیقی اور لفظی سب میں "یاء" نسبتی ہے، قیاسی قیاس والا، سماعی سماع والا، حقیقی، حقیقت والا اور لفظی، لفظ والا۔

حقیقی ہیں ان کے مقابلہ میں مذکر جاندار موجود ہے، چنانچہ "شَاۃٌ" کے مقابلہ میں "تَیْسٌ "اور"نَعْجَۃٌ" کے مقابلہ میں "کَبْشٌ، خَرُوْفٌ" اور "دُجَاجَۃٌ" کے مقابلہ میں "دِیْکٌ" ہیں۔

۲)۔ مؤنث لفظی کی تعریف:

"مَا لَا یَکُوْنُ بِإِزَائِہِ حَیَوَانٌ مُّذَکَّرٌ."

وہ مؤنث ہے جس کے مقابلے میں کوئی حیوان مذکر نہ ہو[1]، جیسے: "ظُلْمَۃٌ، قُوَّۃٌ". ان کے مقابلے میں اگرچہ "نُوْرٌ" اور "ضُعْفٌ" موجود ہیں، لیکن وہ جاندار نہیں۔ مؤنث لفظی کو مؤنث مجازی اور مؤنث غیر حقیقی بھی کہتے ہیں چونکہ اس کے مقابلہ میں نرجاندار نہ ہونے کی وجہ سے اس میں معنیٰ تانیث نہیں ہوتے، بلکہ صرف باعتبارِ لفظ مؤنث ہوتے ہیں کہ لفظ میں علامت تانیث پائی جاتی ہے اس لیے اسے مؤنث لفظی کہتے ہیں۔

یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ جس طرح مؤنث کی دو قسمیں ہیں: حقیقی اور لفظی تو اسی طرح مذکر کی بھی دو قسمیں ہیں: حقیقی اور لفظی۔ مذکر حقیقی وہ ہے جس کے مقابلے میں مؤنث حیوان موجود ہو، جیسے: "رَجُلٌ" کے مقابلے میں "إِمْرَأَۃٌ" موجود ہے اور مذکر لفظی وہ ہے جس کے مقابلے میں مؤنث حیوان موجود نہ ہو، جیسے: "ضُعْفٌ".[2]

ایک ضروری وضاحت:

مؤنث کی یہ دو قسمیں صرف قیاسی کی نہیں بلکہ یہ قیاسی اور سماعی دونوں کی ہیں تو اس اعتبار سے کل چار قسمیں بنتی ہیں: ۱) مؤنث قیاسی حقیقی، ۲) مؤنث قیاسی لفظی، ۳) مؤنث سماعی حقیقی، ۴) مؤنث سماعی لفظی۔ اُوپر پہلی دو قسمیں بیان ہو چکی ہیں، اور تیسری قسم مؤنث سماعی حقیقی کی مثال "أُمٌّ" ہے یہ مؤنث سماعی اس لیے ہے کہ اس میں علامت تانیث نہیں اور حقیقی اس لیے ہے کہ اس کے مقابلے میں جاندار مذکر "أَبٌ" موجود ہے اور چوتھی قسم مؤنث سماعی لفظی کی مثال "عَیْنٌ، أُذُنٌ" ہیں، یہ دونوں مؤنث سماعی اس لیے ہیں کہ ان میں علامت تانیث نہیں، لیکن اہل عرب اسے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور لفظی اس لیے ہیں کہ اس کے مقابلے میں کوئی مذکر جاندار نہیں۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: تذکیر و تانیث میں اصل مذکر ہے، اس لیے اس کے لیے کوئی علامت ذکر نہیں کی جاتی اور مؤنث فرع ہے اس لیے اس کی علامات ذکر کی جاتی ہیں[3]۔

---

[1] خواہ ان کے مقابلہ میں مذکر لفظ ہو، جیسے: "نُوْرٌ، ظُلْمَۃٌ، أَسْوَدُ، سَوْدَاءُ" یا نہ ہو، جیسے: "صَحْرَاءُ" اور "سَبُّوْرَۃٌ" وغیرہ تب بھی یہ مؤنث لفظی ہیں۔ اس لیے مؤنث لفظی کی جامع تعریف یہ ہے کہ مونث لفظی وہ ہے جو مؤنث حقیقی کے خلاف ہو۔

[2] جہد قصیر: ۲۷.

[3] شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۳۵۳۔

قاعدہ: تذکیر و تانیث صرف اسماء میں متحقق ہوتی ہے، فعل یا حرف مذکر و مؤنث نہیں ہوتا، البتہ اگر فعل یا حرف بول کر اس کا لفظ مراد لیا جائے تو پھر اس میں تذکیر و تانیث آسکتی ہے۔ (۱)

قاعدہ: کبھی معنی پر حمل کر کے مؤنث کو مذکر یا مذکر کو مؤنث بنایا جاتا ہے، جیسے: "ثَلَاثَةُ أَنْفُسٍ، جَاءَتْهُ كِتَابِيْ"، پہلی مثال میں "أَنْفُسٍ"، "أَشْخَاصٍ" کے معنی میں اور دوسری مثال میں "كِتَابٌ"، "رِسَالَةٌ" کے معنی میں ہے۔

فائدہ: مؤنث میں "ۃ" مدورہ حالت وقف میں "هَاء" سے بدل جاتی ہے، اس میں اختلاف ہے، بصریین کہتے ہیں کہ "تاء" اصل اور "هَاء" بدل ہے اور کوفیین کہتے ہیں کہ "هَاء" اصل ہے اور "ۃ" بدل ہے، راجح مذہب بصریین کا ہے۔ (۲)

قاعدہ: اسم جنس میں تذکیر و تانیث دونوں برابر ہیں، جیسے: "انْعَقَرَالنَّخْلُ، انْعَقَرَتِ النَّخْلُ، النَّخْلُ انْعَقَرَ، النَّخْلُ انْعَقَرَتْ". (۳)

قاعدہ: وہ الف مقصورہ و ممدودہ علامات تانیث ہیں جو نہ حروف اصلیہ میں سے ہوں، نہ حرف اصلی سے بدل کر آئے ہوں اور نہ الحاق کے لیے ہوں، اس لیے "كِسَاءٌ، رِدَاءٌ، الْعَصَا، أَسْمَاءٌ، الْهُدَى، الْفَتَى" وغیرہ مؤنث نہیں، کیونکہ ان میں "الف" حروف اصلیہ کا عوض ہے۔ (۴)

قاعدہ: کسی کلمہ کے آخر میں اگر الف مقصورہ ہو، اور وہ الف مقصورہ کلمہ کا جزء ہو تو وہ مؤنث نہیں کہلائے گا، جیسے: "مُوْسٰى، عِيْسٰى" وغیرہ، اگر یہ کلمہ کا جزء نہ ہو، بلکہ علامت ثانیث ہو تو مؤنث کہلائے گا، جیسے: "حُبْلٰى".

قاعدہ: اگر کسی مؤنث لفظ کیساتھ کسی مذکر کا نام رکھ دیں تو اس پر مذکر کے احکام جاری ہوں گے، جیسے: "جَاءَطَلْحَةُ"، فعل مذکر استعمال ہوگا اور اگر کسی مذکر لفظ کیساتھ کسی مؤنث کا نام رکھ دین تو اس پر مؤنث کے احکام جاری ہوں گے، جیسے: "جَاءَتْ نَسِيْمُ". (۵)

فائدہ: تمام عورتوں کے نام مؤنث ہیں، جیسے: "مَرْيَمُ، زَيْنَبُ" وغیرہ۔ اور وہ اسماء جو طبقہ اناث کیساتھ مختص ہوں، جیسے: "أُخْت، أُم" وغیرہ مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

قاعدہ: جمع مکسر اور غیر عاقل کی جمع واحد مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے، اس لیے اس کی صفت واحد مؤنث اور جمع مؤنث

---

(۱) شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۳۵۳۔
(۲) شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۳۵۳۔
(۳) المنہاج: ۳۹۷۔
(۴) ہامش کتاب النحو: ۹۵۔
(۵) قواعد و نکات: ۱۹۱۔

دونوں طرح آسکتی ہے، جیسے:"أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ"(البقرۃ:۲۶)اور"جَنَّاتٍ مَّعْرُوْشَاتٍ"،(الانعام:۱۴۱)۔ [۱]

قاعدہ: قرآنی سورتوں کے نام مؤنث ہیں، جیسے:"هَذِهِ يُوْنُسُ، وَهَذِهِ لُقْمَانُ وَالْأَعْرَافُ وَآلُ عِمرانَ." [۲]

فائدہ: مذکر ومؤنث کا تعلق اسمائے معربہ سے ہے مبنیات سے نہیں، یعنی معرب اسماء میں جن میں علامات تانیث ہو وہ مؤنث ہیں اور جن میں نہ ہو وہ مذکر ہیں، مبنیات میں علامات تانیث نہیں تلاش کی جاتی، بلکہ مبنی اسماء اپنی اصل وضع کے اعتبار سے مذکر یا مؤنث ہوتے ہیں، واضع نے جس لفظ کو مذکر کے لیے وضع کیا وہ مذکر ہے اور جس کو مؤنث کے لیے وضع کیا وہ مؤنث ہے۔

فائدہ: مؤنث حقیقی مؤنث لفظی سے اقوی ہوتی ہے، کیونکہ مؤنث حقیقی میں لفظاً اور معناً دونوں اعتبار سے مؤنث ہوتا ہے اور مؤنث لفظی صرف لفظاً مؤنث ہوتی ہے۔ [۳]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مذکر ومؤنث اوران کی اقسام کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

سَلاَمَةُالْإِنْسَانِ فِيْ حَبْسِ النَّفْسِ. سَادَةُ الْأُمَّةِ الْفُقَهَاءُ. اَلدُّنْيَا مَشْحُوْنَةٌ بِالرَّزَايَاز. هِيَ بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ. السَّمَاءُ مُنْفَطِرَةٌ. الشَّمْسُ تُكَوَّرُ. اَلقِيَامَةُ وَاقِعَةٌ. دَوْلَةُ الْاَرْذَالِ آفَةُ الرِّجَالِ. دَوْلَةُ الْمُلُوْكِ الْعَدْلُ. الْمَلَائِكَةُ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ. اَلشَّيْخَانِ أَفْضَلُ الصَّحَابَةِ. هَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ. الشَّاةُ نَظِيْفَةٌ، لَبَنُ الْأَتَانِ حَرَامٌ. هذِه نَاقَةُ اللهِ. هذِهِ امْرَأَةُ زَيْدٍ. أَرْضُ اللهِ وَاسِعَةٌ. خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ. جَالِسِ الْكُبرَاءَ، وَسَائِلِ العُلَماءَ، وَخَالِطِ الحُكَمَاءَ. خَيْرُ مَتاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ. كُلُّ مَعْروفٍ صَدَقَةٌ. السَّاعَاتُ تَهْدِمُ الْأَعْمَارَ. الْهِمَّةُ رَائِدَةُ الجِدِّ. الْمُعَاوَنَةُ فِي الْبَاطِلِ خِيَانَةٌ. نُصْرَةُ الحَقِّ شَرَفٌ. نُصْرَةُ الباطِلِ سَرَفٌ. خَيْرُ المَوَاهِبِ العَقْلُ. شَرُّ الْمَصَائِبِ الجَهْلُ. الْمَوَدَّةُ قَرَابَةٌ مُسْتَفَادَةٌ. أَوْثَقُ الْعُرَى كَلِمَةُ التَّقْوَى. كُلُّ ذِيْ نِعْمَةٍ مَحْسُوْدٍ. النِّسَاءُ حَبَائِلُ الشَّيْطَانِ. الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى. خَيْرُ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ. الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ.

حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...."سَلَامَةُ الْإِنْسَانِ فِيْ حَبْسِ النَّفْسِ":

---

[۱] کتاب النحو:۹۶، قواعد ونکات:۱۸۶۔

[۲] المذکر والمؤنث لابن الانباری:۱۳/۲۔

[۳] شرح المفصل لابن یعیش:۳۵۸/۳۔

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "سَلَامَةُ الإِنْسَانِ" مرکب مرکب غیر مفید الخ۔۔... "سَلَامَةُ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ مضاف الی المعرفۃ واحدہ مؤنث مؤنث قیاسی لفظی مضاف ... "الإِنْسَانِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باللام واحد مذکر مضاف الیہ... مضاف مضاف الیہ مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "فِيْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد حرف مبنی مبنی الاصل حرف جارہ... "حَبْسِ النَّفْسِ" مرکب مرکب غیر مفید الخ ... "حَبْسِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ مضاف الی المعرفۃ واحد مذکر مضاف... "اَلنَّفْسِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول االف لام اسم متمکن معرب معرفہ مضاف الی المعرفۃ واحدہ مؤنث مؤنث سماعی لفظی مضاف الیہ... مضاف مضاف الیہ مل کر مرکب اضافی ہو کر مرکب ناقص مجرور ہوا "فِي" جار کے لیے... جار مجرور مل کر متعلق ہوا "ثَبَتَ" ویاکہ "ثَابت" مقدر کیساتھ... "ثَبَتَ" فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر... مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍...الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب... "الدُّنْيَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم معرف باللام مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحدہ مؤنث مؤنث قیاسی لفظی مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ" مرکب مرکب غیر مفید الخ... "حُلْوَةٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم موصوف اسم متمکن معرب نکرہ واحدہ مؤنث مؤنث قیاسی لفظی موصوف... "خَضِرَةٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول االف لام اسم متمکن معرب نکرہ واحدہ مؤنث مؤنث قیاسی لفظی صفت... موصوف صفت الیہ مل کر مرکب توصیفی ہو کر مرکب ناقص... مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل نہم: واحد، تثنیہ اور جمع کا بیان

اسم کی تعداد کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں:

١) واحد ٢) تثنیہ ٣) جمع

١)۔ واحد کی تعریف:

"مَا يَدُلُّ عَلَى الْوَاحِدِ."

وہ اسم ہے جو ایک پر دلالت کرے، جیسے: "رَجُلٌ، مُسْلِمٌ".

٢)۔ تثنیہ کی تعریف:

"مَا يَدُلُّ عَلَى الْإِثْنَيْنِ بِلُحُوْقِ الْأَلِفِ أَوِ الْيَاءِ الْمَفْتُوْحِ مَا قَبْلَهَا، وَالنُّوْنِ الْمَكْسُوْرَةِ فِيْ آخِرِه."

وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے اور اس کے آخر میں الف اور نون مکسورہ (بحالت رفعی) اور "یاء" ماقبل مفتوح[١] اور نون مکسورہ (بحالت نصبی و جری) لاحق ہوتا ہے، جیسے: "رَجُلَانِ" یہ حالت رفعی کی مثال ہے اور "رِجُلَيْنِ". یہ حالت نصبی و جری کی مثال ہے، تثنیہ کو مثنیٰ بھی کہتے ہیں[٢]۔

تثنیہ کی اقسام:

تثنیہ کی دو قسمیں ہیں: (الف): حقیقی، (ب): مجازی

(الف): تثنیہ حقیقی کی تعریف:

وہ تثنیہ ہے جس میں یہ تین شرائط ہیں: ١) دو پر دلالت کرے۔ ٢) اس کے آخر میں الف یا "یاء" ماقبل مفتوح اور نون مکسور ہو۔ ٣) اپنے مادے سے اس کا مفرد ہو، جیسے: "رُجَلَانِ، رَجُلَيْنِ".

(ب): تثنیہ مجازی کی تعریف:

تثنیہ مجازی وہ ہے جس میں تثنیہ حقیقی کے چار شرطوں میں سے کوئی ایک شرط مفقود ہو، اس کی تین صورتیں بنتی ہیں: ١) اپنے مادے سے اس کا مفرد نہ ہو، جیسے: "كِلَا وَكِلْتَا"۔ ٢) اپنے مادے سے اس کا مفرد ہو، لیکن دو پر دلالت نہ کرے، جیسے: "صِنْوَانٌ"۔ ٣) اپنے مادے سے اس کا مفرد ہو، دو پر دلالت بھی کرے، لیکن تثنیہ کا وزن نہ ہو، جیسے: "هَمَا". تثنیہ مجازی

---

[١] اس "یاء" کا ماقبل مفتوح اس وجہ سے ہوتا ہے کہ یہ جمع سالم کی حالت نصبی و جری سے ممتاز ہو جائے کیونکہ اس وقت "یاء" کا ماقبل مکسور ہوتا ہے، جیسے: "مُسْلِمِيْنَ".

[٢] مثنیٰ باب تفعیل سے اسم مفعول کا صیغہ بمعنی "دو کیا ہوا" ہے اور مصدر "تَثْنِيَّةٌ" سے بمعنی "دو کرنا" ہے اور مجموع بروزن "مَفْعُوْلٌ" اسم مفعول کا صیغہ ہے، اس کا معنی ہے: "جمع کیا ہوا"۔

کو مشابہ بالتثنیہ یا ملحق بالتثنیہ یا تثنیہ معنوی بھی کہتے ہیں [1]۔

۳)۔ جمع کی تعریف:

"مَا يَدُلُّ عَلَى مَا فَوْقَ الْإِثْنَيْنِ بِسَبَبِ التَّغَيُّرُ فِيْ وَاحِدَهِ."

وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے، اس شرط کیساتھ کہ اس کے واحد میں یا تو لفظاً کوئی تغیر و تبدیلی کی گئی ہو، جیسے: "رِجَالٌ" (بہت سے مرد)، یا تقدیراً کوئی تغیر و تبدیلی کی گئی ہو، جیسے: "فُلْكٌ" (بہت کشتیاں) کہ اس کا واحد بھی "فُلْكٌ" ہے "قُفْلٌ" کے وزن پر، اور اس کی جمع بھی "فُلْكٌ"، "اُسْدٌ" کے وزن پر ہے، جمع اور مفرد کی لفظی صورت میں کچھ فرق نہیں، صرف اعتباری فرق ہے وہ یہ کہ جمع کی صورت میں اس کا وزن "أُسْدٌ" ہو گا، یہ "أَسَدٌ" (شیر) کی جمع ہے اور مفرد کی صورت میں اس کو وزن "قُفُلٌ" (تالہ) ہو گا، بخلاف "رِجَالٌ" کے کہ اس کے واحد "رَجُلٌ" میں لفظوں میں تغیر کیا گیا ہے اس طور پر کہ "راء" کو کسرہ دیا گیا ہے اور "جیم" کو فتحہ اور اس کے بعد ایک الف زائد کیا تو "رِجَالٌ" ہو گیا۔

اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ تغیر اور تبدیلی کی دو قسمیں ہیں: ۱) تغیر لفظی، ۲) تغیر تقدیری۔

۱). تغیر لفظی کی تعریف:

تغیر لفظی اس تغیر کو کہتے ہیں جو لفظوں میں موجود ہو، جیسے: "رَجُلٌ" سے "رِجَالٌ"، پھر تغیر لفظی کی چھ صورتیں ہیں: ۱) زیادتی کیساتھ ہو، جیسے: "صِنْوٌ" سے "صِنْوَانٌ"۔ ۲) کمی کیساتھ ہو، جیسے: "تُخْمَةٌ" سے "تُخَمٌ"۔ ۳) تبدیلی شکل کیساتھ ہو، جیسے: "أَسَدٌ" سے "أُسُدٌ"۔ ۴) زیادتی اور تبدیلی شکل کیساتھ ہو، جیسے: "رَجُلٌ" سے "رِجَالٌ"۔ ۵) کمی اور تبدیلی شکل کیساتھ ہو جیسے: "رَسُوْلٌ" سے "رُسُلٌ"۔ ۶) زیادتی، کمی اور تبدیلی شکل کیساتھ ہو، جیسے: "غُلَامٌ" سے "غِلْمَانٌ" اور "غِلْمَةٌ"۔ [2]

۲). تغیر تقدیری کی تعریف:

تغیر تقدیری اس تغیر کو کہتے ہیں جو لفظوں میں موجود نہ ہو، یعنی واحد اور جمع دونوں کی صورت ایک ہی ہو، فرق صرف اعتباری ہو، اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ اسم کے لیے دو وزن مقرر کیے جاتے ہیں، اگر اس کو ایک وزن کے مطابق لیا جائے تو واحد ہو گا اور اگر دوسرے وزن کے مطابق پڑھا جائے تو جمع ہو گا، جیسے: "فُلْكٌ" کو اگر "قُفْلٌ" کے وزن پر لیا جائے تو واحد ہو گا، کیونکہ "قُفْلٌ" خود واحد ہے اور اگر "أُسْدٌ" کے وزن پر لیا جائے تو جمع ہو گا، کیونکہ "أُسْدٌ" خود "أَسَدٌ" کی جمع ہے۔

جمع کی اقسام وانواع:

پہلی تقسیم: جمع کی لفظ کے اعتبار سے:

---

[1] المنہاج الکامل: ۳۹۷، بدر السعید: ۱۸۹۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۸.

جمع کی لفظ کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱) جمع تکسیر (جمع مکسر)[1] ۲) جمع تصحیح (جمع سالم)

۱)۔ جمع تکسیر (جمع مکسر) کی تعریف:

وہ جمع ہے کہ جس میں واحد کی بناء سلامت نہ رہے، جیسے: "رِجَالٌ، مَسَاجِدُ".[2]

جمع تکسیر بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ثلاثی میں جمع تکسیر کے اوزان عموماً سماع کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ثلاثی میں جمع مکسر کا تعلق صرف اور صرف سماع سے ہے اور اس میں قیاس کا کوئی دخل نہیں، کیونکہ کتب نحو کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ثلاثی میں بھی ہر وزن جمع مکسر کا تعلق بنیادی طور پر قیاس ہی سے ہے اور اس کے اوزان بھی قیاسی ہیں[3] اور جب کہ رباعی و خماسی میں جمع تکسیر "فَعَالِلُ" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "جَعْفَرٌ" کی جمع "جَعَافِرُ" اور "جَحْمَرِشٌ" کی جمع "جَحَامِرُ". ان میں پانچویں حرف کو حذف کر دیا گیا ہے۔

جمع مکسر کی اقسام:

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: (الف): جمع منتہی الجموع (ب): جمع غیر منتہی الجموع

(الف): جمع منتہی الجموع کی تعریف:

جمع منتہی الجموع وہ جمع مکسر ہے جس میں الف جمع کے بعد دو حرف ہوں، جیسے: "مَسَاجِدُ" یا ایک حرف مشدد ہو، جیسے: "دَوَابُّ"، یا تین حرف ہوں اور درمیان والا حرف ساکن ہو، جیسے: "مَفَاتِيْحُ". اور اس کو منتہی الجموع اس لیے کہتے ہیں کہ یہ آخری جمع ہوتی ہے اس کے آگے کوئی جمع نہیں بن سکتی، اسے جمع الجمع اور جمع اقصیٰ بھی کہتے ہیں، جیسے: "قَوْلٌ" کی جمع "أَقْوَالٌ" ہے پھر "أَقْوَالٌ" کی جمع اقصیٰ "أَقَاوِيْل" ہے۔

جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ جس کلمے کی جمع اقصیٰ بنائیں گے اس کے پہلے دو حرفوں کو فتحہ دیں گے، تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ لائیں گے، الف جمع اقصیٰ کے بعد ایک حرف نہیں آسکتا، اگر دو حرف ہیں تو پہلے کو کسرہ اور دوسرے کو اپنے حال پر چھوڑیں گے، بشرطیکہ وہ مشدّد نہ ہو جیسے: "مَضْرِبٌ" سے "مَضَارِبُ" اگر الف علامت جمع اقصیٰ کے بعد حرف مشدّد ہو تو وہ اپنے حال پر رہے گا جیسے: "دَابَّةٌ" سے "دَوَابُّ"، اگر الف علامت جمع اقصیٰ کے بعد تین حروف ہوں تو پہلا مکسور،

---

[1] جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں: (۱) سماعی، (۲) قیاسی۔ سماعی وہ ہے: جس کے بنانے کا کوئی قاعدہ کلیہ نہ ہو، بلکہ محض اہل عرب سے سننے پر موقوف ہو۔ اور قیاسی وہ ہوتا ہے: جس کے بارے میں کوئی قاعدہ کلیہ ہو۔ جمع مکسر سماعی کے اوزان کثیر ہیں۔ مکسر قیاسی کے پانچ نام ہیں: (۱) جمع مکسر قیاسی، (۲) غیر منصرف، (۳) جمع الجموع، (۴) جمع منتہی الجموع، (۵) جمع اقصی۔

[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۱۳/۳۔

[3] تفصیل کے لیے دیکھئے: ربیع العبیر شرح نحو میر: ۸۱۔

دوسرا یاء ساکنہ اور تیسرے کی حرکت عامل کے اعتبار سے مختلف ہوگی جیسے: ''مَضْرُوبٌ'' سے ''مَضَارِیْبُ'' اور جس کلمے کی جمع اقصیٰ بنائیں گے، اگر اس کے آخر میں تائے متحرکہ ہو تو جمع اقصیٰ بناتے وقت وہ تاء گر جائے گی۔

جمع منتہی الجموع کے اوزان:

جمع منتہی الجموع کے متعدد اوزان ہیں اور سب ثلاثی کے ہیں، رباعی اور خماسی کے لیے ان میں سے صرف دو وزن (فَعَالِلُ، فَعَالِیْلُ) ہیں، لیکن بعض ثلاثی مزید فیہ بھی ان اوزان پر آتے ہیں، جمع منتہی الجموع کے چند اوزان یہ ہیں[1]:

وزن	مثال	وزن	مثال	وزن	مثال
فَعَالِلُ	دَرَاهِمُ	فَعَالِیْلُ	دَنَانِیْرُ	أَفَاعِلُ	أَنَامِلُ
أَفَاعِیْلُ	أَسَالِیْبُ	تَفَاعِلُ	تَجَارِبُ	تَفَاعِیْلُ	تَسَابِیْحُ
مَفَاعِلُ	مَسَاجِدُ	مَفَاعِیْلُ	مَصَابِیْحُ	یَفَاعِلُ	یَحَامِدُ
یَفَاعِیْلُ	یَنَابِیْعُ	فَوَاعِلُ	خَوَاتِمُ	فَوَاعِیْلُ	طَوَاحِیْنُ
فَیَاعِلُ	صَیَارِفُ	فَیَاعِیْلُ	صَیَادِیْحُ	فَعَائِلُ	صَحَائِفُ
فَعَالَی	عَذَارَای	فَعَالِیُّ	كَرَاسِیُّ	فُعَالَی	سُكَارَی

(ب): جمع غیر منتہی الجموع کی تعریف:

وہ جمع مکسر ہے جو منتہی الجموع کے اوزان میں سے کسی وزن پر نہ ہو، جیسے: ''مَسَاجِدُ.'' جمع منتہی الجموع کے اوزان باقی تمام اوزان جمع غیر منتہی الجموع کے ہیں۔

۲۔ جمع تصحیح (جمع سالم) کی تعریف:

وہ جمع ہے کہ جس میں واحد کی بناء سلامت رہے[2]، پھر اس کی دو قسمیں ہیں:

(الف) جمع مذکر سالم (ب) جمع مؤنث سالم

(الف)۔ جمع مذکر سالم کی تعریف:

وہ جمع ہے کہ جس کے آخر میں ''واؤ'' ما قبل مضموم حالت رفعی میں، یا ''یاء'' ما قبل مکسور اور ''نون مفتوح'' حالت نصبی

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۱۸۴/۴، جامع الدروس العربیۃ: ۴۷/۲۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۱۳/۳۔

وجری میں ہو، جیسے: "مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ".

جمع مذکر سالم صرف علم اور صفت سے آتی ہے، پھر علم کے تین شرائط ہیں: ۱) مذکر عاقل کے لیے ہو، احترازی مثال، جیسے: "زَیْنَبُ"۔ ۲) "تاء" سے خالی ہو، احترازی مثال، جیسے: "حَمْزَۃُ"۔ ۳) ترکیب سے خالی ہو، احترازی مثال، جیسے: "سِیْبَوَیْہِ، مَعْدِیْ کَرِبُ"۔ اس کی مثال مطابقی یہ ہے، جیسے: "زَیْدٌ، سَعِیْدٌ" سے "زَیْدُوْنَ، سَعِیْدُوْنَ"۔ اور صفت کے لیے یہ پانچ شرائط ہیں: ۱) مذکر عاقل کی ہو، احترازی مثال، جیسے: "شَامِخٌ" یہ "جَبَلٌ" کی صفت ہے۔ ۲) "تاء" سے خالی ہو، احترازی مثال، جیسے: "عَالِمَۃٌ، کَاتِبَۃٌ"۔ ۳) اس "أَفْعَلُ" کے وزن پر نہ ہو جس کی مؤنث "فَعْلَاءُ" کے وزن پر ہو، جیسے: "أَحْمَرُ، حَمْرَاءُ"۔ ۴) "فَعْلَان" کے وزن پر نہ ہو جس کی مؤنث "فَعْلَی" کے وزن پر ہو، جیسے: "سَکْرَان، سَکْرَی"۔ ۵) ایسی صفت نہ ہو جس میں تذکیر و تانیث برابر ہو جیسے: "صَبُوْرٌ، جَرِیْحٌ" وغیرہ۔ اس کی مثال مطابقی یہ ہے: "عَالِمٌ، کَاتِبٌ" سے "عَالِمُوْنَ، کَاتِبُوْنَ"۔ [1]

(ب)۔ جمع مؤنث سالم کی تعریف:

وہ جمع ہے کہ جس کے آخر میں "الف" اور "تاء" زائدہ ہو، جیسے: "مُسْلِمَاتٌ"۔

جمع مؤنث سالم جن اسماء سے آتی ہے وہ آٹھ ہیں: ۱) عورتوں کے اسماء میں سے، جیسے: "مَرْیَمُ" سے "مَرْیَمَاتُ" اور "زَیْنَبُ" سے "زَیْنَبَاتٌ"۔ ۲) جس اسم کے آخر میں "تاء" تانیث ہو، جیسے: "شَجَرَۃٌ" سے "شَجَرَاتٌ" اور "وَرَقَۃٌ" سے "وَرَقَاتٌ"، البتہ بعض اسماء اس سے مستثنیٰ ہیں، جیسے: "إِمْرأَۃٌ، شَاۃٌ، أُمَّۃٌ، شَفَۃٌ، مِلَّۃٌ"، کیونکہ ان کی جمع "نِسَآءٌ، شِیاہٌ، إِمَاءٌ، أُمَمٌ، شِفاہٌ، مِلَلٌ" آتی ہے۔ ۳) جس اسم کے آخر میں الف مقصورہ برائے تانیث ہو، جیسے: "حُبْلَی" سے "حُبْلَیَاتٌ"۔ ۴) جس اسم کے آخر میں الف ممدودہ برائے تانیث ہو، جیسے: "عَذْرَاءُ" سے "عَذْرَاوَاتٌ"۔ ۵) غیر ذوی العقول کی تصغیر ہو، جیسے: "نُهَیْرٌ" سے "نُهَیْرَاتٌ" اور "جُبَیْلٌ" سے "جُبَیْلَاتٌ"۔ ۶) غیر ذوالعقول کی صفت ہو، جیسے: "شَامِخٌ" سے "شَامِخَاتٌ" اور "شَاهِقٌ" سے "شاهِقاتٌ"۔ ۷) وہ مصدر جو زائد علی الثلاثی ہو اور اپنے فعل کی تاکید کے لیے نہ ہو، جیسے: "إِکْرَامٌ" سے "إِکْرَامَاتٌ"، "إِنْعَامٌ" سے "إِنْعَامَاتٌ" اور "تَعْرِیْفٌ" سے "تَعْرِیْفَاتٌ"۔

۸) لفظ "إِبْنٌ" اور "ذُوْ" اگر غیر عاقل کی طرف مضاف ہوں تو ان کی جمع، جمع مؤنث سالم آتی ہے، جیسے: "إِبْنُ آوِیٰ" سے "بَنَاتُ آوِیٰ" اور "ذُوالْقَعْدَۃُ" سے "ذَوَاتُ الْقَعْدَۃُ"۔ ان اسماء کے علاوہ دیگر اسماء کی جمع "الف و تاء" کیساتھ قیاسی طور پر نہیں آتی، البتہ سماعاً آتی ہے، جیسے: "السَّمَاوَاتِ، الْأَرَضَاتِ، الْأُمَّهَاتِ، الْأُمَاتِ، السِّجلاتِ، الْأَهِلاَّتِ،

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۳۲/۲۔

الْحَمَامَاتِ، الْإِصْطِبْلَاتِ، الثَّيباتِ، الشَّمالَاتِ.“وغیرہ اوراسی طرح بعض جمع کی جمع بھی ”الف وتاء“ کیساتھ آتی ہے، جیسے:”الْجِمَالَاتِ، الرِّجالاتِ، الْكِلَابَاتِ، البُيُوْتَاتِ، الحُمراتِ، الدُّوراتِ، الدِّيَارَاتِ، القُطُراتِ.“ وغیرہ[۱]۔

جمع کی دوسری تقسیم:

جمع کی معنی کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱) جمع قلت ۲) جمع کثرت

۱)۔ جمع قلت کی تعریف:

”مَا يُطْلَقُ عَلَى الْعَشَرَةِ وَمَا تَحْتَهَا.“

وہ جمع ہے جس کا اطلاق دس سے کم پر ہو، یعنی تین سے لے کر نو پر دلالت کرے اور اس کے چار اوزان ہیں[۲]:

مثال	وزن	مثال	وزن	مثال	وزن	مثال	وزن
غِلْمَةٌ[۳]	فِعْلَةٌ	أَعْوِنَةٌ	أفعِلَةٌ	أَقوَالٌ	أَفْعَالٌ	أَكْلُبٌ	أَفْعُلٌ

جمع تصحیح (سالم) بغیر الف لام بھی جمع قلت کہلاتی ہے، جیسے:”مُسْلِمُوْنَ ومُسْلِمَاتٌ“. یعنی اس میں الف لام کا اعتبار ہے، اگر اس پر الف لام داخل نہ ہو تو جمع قلت شمار ہوگی اور اگر الف لام داخل ہو تو جمع کثرت ہوگی اور بعض نحات کہتے ہیں کہ مطلق جمع تصحیح جمع قلت ہے۔

۲)۔ جمع کثرت کی تعریف:

”مَا يُطْلَقُ عَلَى مَا فَوْقَ الْعَشَرَةِ.“

وہ جمع ہے جس کا اطلاق دس سے زیادہ پر ہو، جمع قلت اور کثرت کی تعریف میں نحویوں کا اختلاف ہے، بعض حضرات فرماتے ہیں کہ تین سے دس تک جمع قلت ہے اور دس سے مالانہایہ تک جمع کثرت ہے، بعض فرماتے ہیں کہ تین سے دس تک مشترک ہے اور دس سے مالانہایہ تک جمع کثرت ہے اور بعض فرماتے ہیں کہ یہ ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں، جیسے: قرآن مجید میں ہے:”وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا“. (الاعراف:۱۶۰) یہاں جمع کثرت جمع قلت کی جگہ مستعمل ہے اور ”ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ“ یہاں ”قُرُوْءٍ“ جمع کثرت ہے، حالانکہ ”ثَلَاثَةٌ“ جمع قلت ہے۔[۴]

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۲۴/۲۔

(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۳۱/۲۔

(۳) جمع قلت کے یہ چار مشہور اوزان اس شعر میں مذکور ہیں۔

جمع قلت را چار است امثلہ   أَفْعُلٌ، أَفْعَالٌ، فِعْلَةٌ وَّ أَفْعِلَةٌ

(۴) المفصل للزمخشری: ۲۹۶، شرح التسہیل لابن مالک: ۵/۲، ہمع الہوامع: ۳۴۸/۳، شرح الرضی: ۳۹۸/۳۔

جمع کثرت کے اوزان:

جمع قلت کے علاوہ باقی اوزان جمع کثرت کے ہیں، لیکن سولہ اوزان مشہور ہیں[۱]:

مثال	وزن	مثال	وزن	مثال	وزن
أَنْبِيَاءُ	أَفْعِلَاءُ	عُلَمَاءُ	فُعَلَاءُ	عِبَادٌ	فِعَالٌ
طَلَبَةٌ	فَعَلَةٌ	خُدَّامٌ	فُعَّالٌ	نُجُوْمٌ	فُعُوْلٌ
مَرَقٌ	فَعَلٌ	رُسُلٌ	فُعُلٌ	غِلْمَانٌ	فِعْلَانٌ
رُكَّعٌ	فُعَّلٌ	حُمْلَانٌ	فُعْلَانٌ	مَرْضیٰ	فَعْلَى
حِجَجٌ	فِعَلٌ	هُدَاةٍ[۲]	فُعَلَةٌ	دِرَجَةٌ	فِعَلَةٌ

قواعد و فوائد:

قاعدہ: بسا اوقات جمع کو جماعتین، یا فرقتین یا نوعین کی تاویل میں کر کے اس کا تثنیہ لاتے ہیں، جیسے: ”إِبِلَانِ، جِمَالَانِ، غَنَمَانِ، رِمَاحَانِ، بِلَادَانِ.“[۳]

قاعدہ: کبھی جمع کو تثنیہ کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے، بالخصوص جب تثنیہ کی ضمیر کی طرف مضاف ہو، جیسے: ”فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا.“(التحریم:۴) اور ”فَاقْطَعُوْا أَيْدِيَهُمَا.“(المائدۃ:۳۸).[۴]

فائدہ: کبھی مدح یا ذم یا تلمیح وغیرہ اغراض کے لیے بطور علم تثنیہ کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: ”حمدان، بدران، مروان، شعبان، جبران، محمدین، حسنین، بحرین“ وغیرہ اور اسی طرح اعلام تغلیبیہ (عُمَرَيْن، أَبَوَيْن، قَمَرَيْن،) بھی ہیں، انہیں ملحق بالمثنی کہتے ہیں ان کا ”نون“ تمام احوال حتی کہ عند الاضافۃ بھی برقرار رہے گا، کیونکہ یہ اعلام ہیں۔[۵]

قاعدہ: ہر وہ اسم جس میں الف مقصور ہو تو جب اس سے تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کی بناء کی جائے تو دو صورتوں میں الف مقصورہ

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ:۳۶/۲۔

(۲) أصلُها. هُدَيَةٌ، وهو جمعٌ لصفةٍ، مُعتلَةِ اللامِ، لمذكرٍ عاقلٍ، على وزن "فاعل"، كهادٍ وهُداةٍ، وقاضٍ وقضاةٍ، وغازٍ وغُزاةٍ، وجاءَ شُذوذاً، جمعُ كميِّ وسَريٍّ وبازٍ وهادرٍ على "كماةٍ وسُراةٍ وبُزاةٍ وهُدَرَةٍ".(جامع الدروس العربية:۳۸/۲)

(۳) شرح المفصل لابن یعیش:۲۰۹/۳۔

(۴) شرح الاشمونی:۳۳۵/۲، شرح المفصل لابن یعیش:۲۱۰/۳، جامع الدروس العربیۃ:۱۴/۲۔

(۵) النحو الوافی:۱۲۶/۱، جامع الدروس العربیۃ:۱۲/۲۔

کو واؤ مفتوحہ اور تین صورتوں میں یاء مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے: واؤ سے بدلنے کی صورتیں یہ ہیں:

۱). الف مقصورہ تیسری جگہ ہو، بدل واؤ سے ہو، جیسے: ''عَصَا'' جو اصل میں ''عَصَوٌ'' تھا، اس سے تثنیہ ''عَصَوَانٌ ''اور جمع مؤنث سالم ''عَصَوَاتٌ'' ہوگا۔ ۲) الف مقصورہ اصلی ہو (بدل نہ ہو) اور اس میں امالہ کرنا جائز نہ ہو، جیسے: ''الیٰ'' کا کلمہ جب کسی کا عَلَم بنادیا جائے [۱] تو اس سے تثنیہ ''أَلَوَانٌ'' اور ''أَلَوَاتٌ'' ہوگا۔

اور یاء سے بدلنے کی صورتیں یہ ہیں: ۱) الف [۲] مقصورہ چوتھی، پانچویں یا چھٹی جگہ ہو، جیسے: ''ضُرْبَی، مُصْطَفیٰ، مُسْتَشْفیٰ''، ''ضُرْبیٰ'' سے تثنیہ ''ضُرْبَیَانِ'' اور جمع مؤنث سالم ''ضُرْبَیَاتٌ'' ہیں، اسی طرح ''مُصْطَفیٰ، مُسْتَشْفیٰ'' بھی ہیں [۳]۔

۲) الف مقصورہ تیسری جگہ بدل یاء سے ہو، جیسے: ''رَحی'' (جو اصل میں رَحَیٌ تھا) اس سے تثنیہ ''رَحَیَانِ'' اور جمع مؤنث سالم ''رَحَیَاتٌ'' ہیں۔ ۳) الف مقصورہ تیسری جگہ ہو اصلی ہو اور اس میں امالہ کرنا بھی درست ہو، جیسے: ''بَلیٰ'' کا کلمہ جو کسی کا عَلَم بنادیا جائے تو اس سے تثنیہ اور جمع مؤنث سالم ''بَلَیَانِ، بَلَیَاتٌ'' ہیں۔ [۴]

قاعدہ: ہر وہ اسم جس میں الف ممدودہ ہو تو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کی بناء کے وقت ایک صورت میں ہمزہ ممدودہ کو واؤ سے بدلنا واجب ہے، ایک صورت میں برحال چھوڑنا واجب ہے اور چار صورتوں میں جوازالامرین ہے، یعنی ہمزہ کو برحال رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہیں۔

واؤ سے بدلنے کی صورت: الف ممدودہ تانیث کی علامت نہ ہو، جیسے: ''حَمْرَاءٌ'' سے ''حَمْرَاوَانِ، حَمْرَاوَاتٌ'' [۵].

برحال رکھنے کی صورت: الف ممدودہ اصلی ہو، بدل بھی نہ ہو، زائدہ بھی نہ ہو، جیسے: ''قُرَّآءٌ'' سے ''قُرَّائَانِ، قُرَّآئَاتٌ'' [۶].

جوازالامرین: الف ممدودہ بدل واؤ سے ہو، جیسے: ''کَسَآءٌ''، بدل یاء سے ہو، جیسے: ''رِدَاءٌ'' بدل الف سے ہو، جیسے: ''صَحْرَآءٌ'' (جو اصل میں ''صَحْرَا'' تھا، اشباع کے لیے ایک الف زائدہ کیا تو ''صَحْرَاا'' ہوگیا، ثانی الف کو ہمزہ سے بدلا تو

---

[۱] ''إِلیٰ'' میں علمیت کی شرط اس لئے لگائی کہ تثنیہ اور جمع اسم کے ہوتے ہیں نہ کہ حرف کے، تو جب اس کو کسی کا نام رکھا جائے تو اسم (نام) بن کر تثنیہ اور جمع بن سکیں گے۔

[۲] الف کی دو قسمیں ہیں: الف لازمی اور الف غیر لازمی۔ الف لازمی وہ ہوتا ہے جو فاء، عین اور لام کے مقابلے میں ہو اور الف غیر لازمی وہ ہوتا ہے جو فاء، عین اور لام کے مقابلے میں نہ ہو، اسی طرح ایک الف اصلی ہوتا ہے اور ایک الف زائدہ ہوتا ہے۔ الف اصلی وہ ہوتا ہے جو فاء، عین اور لام کے مقابلے میں ہو اور کسی سے بدلا ہوا نہ ہو اور الف زائدہ وہ ہوتا ہے جو فاء، عین اور لام کے مقابلے میں نہ ہو اور کسی سے بدلا ہوا ہو۔

[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۱۵/۲۔

[۴] شرح المفصل لابن یعیش: ۱۹۶/۳۔

[۵] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۰۲/۳۔

[۶] یہ ''قُرَّاء''، ''قاری'' کی جمع نہیں ہے اگرچہ اس وزن پر ''قاری'' کی جمع بھی آتی ہے، لیکن یہاں یہ اسم مبالغہ ہے یہ اسم مبالغہ کا صیغہ ہے۔

”صَحْرَآءٌ“ ہو گیا)۔ الحاق [۱] کے لیے زائدہ ہو [۲]، جیسے: ”عِلْبَاءٌ“ (جو ”قِرْطَاسٌ“ کیساتھ **ملحق** ہے، چنانچہ مذکورہ مثالوں سے ”کِسَائَانِ، کِسَائَاتٌ، رِدَائَانِ، رِدَائَاتٌ، صَحْرَائَانِ، صَحْرَائَاتٌ، عِلْبَائَانِ، عِلْبَائَاتٌ“ بھی جائز ہے اور ”کِسَاوَانِ، کِسَاوَاتٌ، رِدَاوَانِ، رِدَاوَاتٌ، صَحْرَاوَانِ، صَحْرَاوَاتٌ، عِلْبَاوَانِ، عِلْبَاوَاتٌ“ پڑھنا بھی جائز ہے۔ [۳]

قاعدہ: اگر ایسے اسم سے تثنیہ بنانا مقصو ہو جس کے آخر سے کوئی حرف حذف ہوا تو دیکھیں گے کہ وہ حرف اضافت کے وقت لوٹا جاتا ہے یا نہیں، اگر لوٹایا جاتا ہے تو تثنیہ بناتے وقت بھی لوٹایا جائے گا، جیسے: ”أَبٌ، أَخٌ، حَمٌ، قَاضٍ، دَاعٍ“ (جو اصل میں ”أَبَوٌ، أَخَوٌ، حَمَوٌ، قَاضِيٌ، دَاعِيٌ“ تھے) تثنیہ بناتے وقت کہیں گے ”أَبَوَانِ، أَخَوَانِ، حَمَوَانِ، قَاضِيَانِ، دَاعِيَانِ“ کیونکہ اضافت کے وقت کہا جاتا ہے: ”أَبُوْكَ، أَخُوْكَ، حَمُوْك، قَاضِيْكَ، دَاعِيْكَ“ اور اگر وہ حرف محذوف اضافت کے وقت نہیں لوٹا جاتا تو تثنیہ بناتے وقت بھی نہیں لوٹایا جائے گا، جیسے: ”يَدٌ، غَدٌ، دَمٌ، فَمٌ، إِسْمٌ، أِبْنٌ، سِنَةٌ، لُغَةٌ“ (جو اصل میں ”يَدَيٌ، غَدَوٌ، دَمَوٌ، فُوْهٌ، سَمَوٌ، بَنَوٌ، سَنَوٌ، لُغَوٌ“ تھے) سے تثنیہ بناتے وقت کہیں گے: ”يَدَانِ، غَدَانِ، دَمَانِ، فَمَانِ، إِسْمَانِ، إِبْنَانِ، سَنَتَانِ، لُغَتَانِ“ کیونکہ اضافت کے وقت کہتے ہیں: ”يَدُكَ، غَدُكَ، دَمُكَ، فَمُكَ، إِسْمُكَ، إِبْنُك، سَنَتُك، لُغَتُك.“ [۴]

قاعدہ: نون تثنیہ ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور اضافت کے وقت گر جاتا ہے، جیسے: ”غُلَامَا زَيْدٍ، ضَارِبَا زَيْدٍ“.

قاعدہ: تثنیہ ہمیشہ سالم ہوتا ہے اور جمع کبھی سالم اور کبھی مکسر ہوتا ہے۔ [۵]

قاعدہ: اگر اسم منقوص سے جمع مذکر سالم بنانا مقصود ہو تو ”یاء“ کو حذف کر کے حالت رفعی میں ما قبل کو ضمہ دیا جائے گا اور حالت

---

[۱] الحاق کی تعریف یہ ہے: ”أن يزاد على أحرف كلمة لتوازن كلمة أخرى.“ کسی کلمے کے حروف میں اس لیے زیادتی کرنا کہ وہ دوسرے کلمے کے ہم وزن ہو جائے. بعض حضرات نے یوں تعریف کی ہے: "جعل مثال على مثال أزيد ليعامل معاملته". کسی کلمے کے حروف میں اس لئے زیادتی کرنا کہ وہ دوسرے کلمے کے ہم وزن ہو جائے، اس کو "الحاق" کہتے ہیں۔ جس کلمہ میں اضافہ کیا جائے اسے "مُلحَق" اور جس کے ساتھ الحاق مقصود ہو اس کو "مُلحَق بہٖ" کہتے ہیں۔ مثلا "جَلَبَ" سے "جَلْبَبَ"، اس میں "جَلَبَ" مُلحَق، "جَلْبَبَ" مُلحَق بہٖ اور اس فعل و عمل کو "الحاق" کہتے ہیں۔ ملحق بہ کے تمام احکامات ملحق پر لاگو ہوتے ہیں۔ الحاق کی مزید تفصیل ہماری کتاب قواعد الصرف میں ملاحظہ ہوں۔

[۲] زائدہ کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ زائدہ برائے الحاق، ۲۔ زائدہ برائے تانیث

۱۔ زائدہ برائے الحاق: جس میں الف مقصورہ کو الحاق کے لئے زیادہ کیا گیا ہو جیسے "أَرْطٌ" کے آخر میں الف مقصورہ زائد کو کے أَرْطیٰ بن کر جَعْفَرَ کے ساتھ ملحق کیا گیا ہے۔ تو اب اس کی تثنیہ أَرْطَيَانِ اور جمع أَرْطَيَاتٌ آتی ہے۔

۲۔ زائدہ برائے تانیث: جس میں الف مقصورہ کو تانیث کے لئے زیادہ کیا گیا ہو جیسے: حُبْلیٰ، حُبْلَيَانِ، حُبْلَيَاتٌ. (الانوار الاشرفیہ: ۱۲۴)

[۳] شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۲۰۱۔

[۴] شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۲۰۳، جامع الدروس العربیۃ: ۲/۱۶۔

[۵] شرح المفصل لابن یعیش: ۳/۲۱۳۔

جری میں ما قبل پر کسرہ باقی رکھیں گے، جیسے: "الْقَاضِيْ" سے "الْقَاضُوْنَ" اور "الْقَاضِيْنَ"۔[۱]

قاعدہ: اگر کسی اسم کو جمع مذکر سالم والا اعراب دیا گیا ہو، لیکن اس کے مادے سے مفرد موجود نہ ہو، یا مفرد تو موجود ہو، لیکن شرائط مذکورہ مفقود ہوں تو وہ جمع مذکر سالم نہیں ہو گا، بلکہ ملحق بہ جمع مذکر سالم ہو گا، جیسے: "أُوْلُوْ، عِشْرُوْنَ، تا: تِسْعُوْن، بَنُوْنَ، أَهْلُوْنَ، أَرْضُوْنَ، سِنُوْنَ، عَالِمُوْنَ" وغیرہ[۲]۔

قاعدہ: جمع مذکر سالم کا "نون" ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اضافت کے وقت گر جاتا ہے، جیسے: "مُسْلِمُومِصْرَ، ضَارِبُوْ زَيْدٍ"۔

قاعدہ: جمع مؤنث سالم کیساتھ دو چیزیں اعراب میں ملحق ہیں: ۱) "أُوْلَاتُ" بمعنی "صَاحِبَاتُ"۔ ۲) جمع مؤنث سالم کے وزن پر جو نام رکھا گیا ہو، جیسے: "عَرَفَاتُ، أذرعاتُ."[۳]

قاعدہ: جس اسم کے آخر میں "تاء" ہو تو جمع مؤنث سالم بناتے وقت "تاء" کو وجوباً حذف کریں گے، جیسے: "فَاطِمَةُ" سے "فَاطِمَاتُ" اور "شَجَرَةٌ" سے "شَجَرَاتٌ"۔[۴]

قاعدہ: اگر کسی اسم کے آخر میں "تاء" ہو اور اس سے پہلے "الف" ہو جو "واؤ" یا "یاء" سے بدل ہو تو جمع مؤنث سالم بناتے وقت "تاء" کو حذف کر دیں گے اور جو "الف" سے بدلا ہے اس کو "واؤ" سے بدل دیں گے اور جو "یاء" سے بدلا ہے اس کو "یاء" سے بدل دیں گے، جیسے: "صَلَاةٌ، زَكَاةٌ، فَتَاةٌ، نَوَاةٌ" سے "صَلَوَاتٌ، زَكَوَاتٌ، فَتَيَاتٌ، نَوَيَاتٌ"۔ البتہ جو "الف"، "یاء" سے بدلا ہو اس سے پہلے ایک اور "یاء" ہو، جیسے: "حَيَوَةٌ"، تو اس صورت میں "الف" کو "یاء" سے نہیں، بلکہ "واؤ" سے بدلیں گے، جیسے: "حَيَاةٌ" سے "حَيَوَاتٌ"۔[۵]

قاعدہ: اگر کوئی اسم ثلاثی ہو جس کا "فاء" کلمہ مفتوح ہو اور عین کلمہ ساکن صحیح ہو تو جمع مؤنث سالم بناتے وقت عین کلمہ کو بھی فتحہ دیں گے، جیسے: "ظَبْيَةٌ" سے "ظَبَيَاتٌ"، "وَرْدَةٌ" سے "وَرَدَاتٌ"، "سَجْدَةٌ" سے "سَجَدَاتٌ" وغیرہ اور اگر "فاء" کلمہ مضموم یا مکسور ہو تو اس میں تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں: ۱) جو اعراب "فاء" کلمہ پر ہو اس پر بھی وہی اعراب پڑھا جائے، جیسے: "خُطْوَةٌ" سے "خُطُوَاتٌ" اور "فِقْرَةٌ" سے "فِقِرَاتٌ"۔ ۲) عین کلمہ والا اعراب اس پر پڑھا جائے، جیسے: "خُطْوَةٌ" سے "خُطَوَاتٌ" اور "فِقْرَةٌ" سے "فِقَرَاتٌ"۔ ۳) عین کلمہ کو اپنے حال پر باقی رکھنا، جیسے: "خُطْوَةٌ" سے "خُطْوَاتٌ" اور "فِقْرَةٌ" سے

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۱۔
[۲] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۱۸۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۶۔
[۴] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۵۔
[۵] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۵۔

"فِقْرَاتٌ"(۱).

قاعدہ: جمع تکسیر اور تصغیر لفظ کو اپنی اصل کی طرف لوٹاتی ہے، اصول مقررہ ہے: "اَلتَّصْغِيْرُ وَالتَّكْسِيْرُ يَرُدَّانِ الْأَشْيَاءَ إِلَى أَصْلِهِمَا"۔ اس کی مثال یہ ہے کہ "دِيْنَارٌ" کی جمع "دَنَّارٌ" آتی ہے، کیونکہ "دِيْنَارٌ" کی "یاء" نون سے بدل کر آئی ہے۔(۲)

قاعدہ: جمع مکسر کے اوزان عموماً سماعی ہیں، اگر رباعی کی ہو تو اس کی جمع مکسر "فَعَائِلُ" کے وزن پر آئے گی، جیسے: "جَعْفَرُ" سے "جَعَافِرُ"، "دِرْهُمْ" سے "دَرَاهِمُ"، اگر خماسی کی ہو جس کا چوتھا حرف حرف علت نہ ہو تو وہ بھی "فعائل" کے وزن پر بحذف حرف خامس آئے گی، جیسے: "جَحْمَرِشٌ" سے "جَحَامِرُ" اور "سَفَرْجَلٌ" سے "سَفَارِجُ" اور اگر چوتھا حرف حرف علت ہو تو پھر "فَعَالِيْلُ" کے وزن پر آئے گی، جیسے: "مِصْبَاحٌ" سے "مَصَابِيْحُ"، "عُصْفُوْرٌ" سے "عَصَافِيْرُ" اور "قِنْدِيْلٌ" سے "قَنَادِيْلُ" وغیرہ(۳)۔

فائدہ: جن اسماء کی صرف جمع قلت آتی ہے، جیسے: "رَجُلٌ" کی جمع "أَرْجُلٌ" ہے یا جن اسماء کی جمع صرف جمع کثرت آتی ہے، جیسے: "رَجُلٌ" کی جمع "رِجَالٌ" ہے تو ان صورتوں میں یہ جمع قلت اور کثرت دونوں میں مشترک ہوگی۔(۴)

قاعدہ: اسم مصغر کی جمع تکسیر کثرت کے لیے نہیں آتی، کیونکہ تصغیر قلت پر دلالت کرتی ہے۔

قاعدہ: جمع منتهی الجموع (جمع اقصیٰ) کو جمع مذکر سالم کے وزن پر لایا جاسکتا ہے، بشرطیکہ مذکر عاقل کے لیے ہو، جیسے: "أَفَاضِلُ" سے "أَفَاضِلُوْنَ" اور جمع مؤنث سالم کے وزن پر بھی لایا جاسکتا ہے، بشرطیکہ مؤنث یا مذکر غیر عاقل کے لیے ہو، جیسے: "صَوَاحِبُ" سے "صَوَاحِبَاتٌ".(۵)

فائدہ: جمع کے متحقق ہونے کے لیے چار شرائط ہیں: ۱) دو سے زائد پر دلالت کرے۔ ۲) اس کے مادہ سے مفرد ہو۔ ۳) جمع کے اوزان میں کوئی وزن ہو۔ ۴) اس پر جمع کے احکامات جاری ہوتے ہوں۔ اگر کوئی اسم دو سے زائد پر دلالت کرے، لیکن باقی تین شرطوں میں سے کوئی اس میں نہ پائی جائے تو اسے اسم جمع کہتے ہیں، جیسے: "قَوْمٌ، رَهْطٌ، شَعْبٌ، قَبِيْلَةٌ، مَعْشَرٌ" وغیرہ۔ اس جمع کیساتھ لفظ کا اعتبار کرکے مفرد والا معاملہ بھی کیا جاسکتا ہے اور معنی کا اعتبار کرکے جمع والا معاملہ بھی کیا جاسکتا ہے، جیسے: "اَلْقَوْمُ سَارَ" اور "اَلْقَوْمُ سَارُوْا" بھی کہہ سکتے ہیں اور "شَعْبٌ ذَكِيٌّ" اور "شَعْبٌ أَذْكِيَاءُ" بھی کہہ سکتے

---

(۱) شرح المفصل لابن یعیش: ۲۴۸/۳، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۳۹۶/۳۔

(۲) شرح التصریح: ۶۵۰/۲، النحو الوافی: ۶۸۱/۴، جامع الدروس العربیۃ: ۲۶/۲۔

(۳) شرح المفصل لابن یعیش: ۳۷۲/۳، شرح التصریح: ۵۵۳/۲، جامع الدروس العربیۃ: ۳۰/۲۔

(۴) جامع الدروس العربیۃ: ۲۸/۲۔

(۵) جامع الدروس العربیۃ: ۶۷/۲۔

ہیں۔[1]

فائدہ: بعض الفاظ کی جمع خلاف القیاس آتی ہے، جیسے: "أُمٌّ" کی جمع "أُمَّهَاتٌ"، "فَمٌ" کی جمع "أَفْوَاهٌ" اور إِنْسَانٌ" کی جمع "أُنَاسٌ" آتی ہے۔

قاعدہ: کبھی جمع کی جمع بھی ہوتی ہے اس کو جمع الجمع کہتے ہیں، جیسے: "شَيْخٌ" کی جمع "مَشَايِخُ[2]" اور "مَشَايِخُ" کی جمع "مَشَايِخِيْنَ" آتی ہے اور اسی طرح "بَيْتٌ" کی جمع "بُيُوْتٌ" اور "بُيُوْتٌ" کی جمع "بُيُوْتَاتٌ" آتی ہے۔[3]

قاعدہ: بعض جمع واحد کے غیر لفظ سے آتی ہے، جیسے: "إِمْرَأَةٌ" کی جمع "نِسَاءٌ" اور "ذُوْ" کی جمع "أُوْلُوْ" آتی ہے۔ اس کو "جمع

---

(1) جامع الدروس العربیۃ: ۶۵/۲۔

(2) علوم وفنون کی بناء استقراء پر ہے، نحوی قواعد نحات کا استقراء ہے، صرفی قواعد صرفیین کا استقراء ہے، منطقی قواعد مناطقہ کی استقراء ہے اور اصولی قواعد اصولیین کا استقراء ہے اور یہ بات طے شدہ ہے کہ استقراء مفید ظن غالب ہے، اس لیے فنی قواعد وضوابط اکثری ہیں، کلی نہیں، اگر ان اصول کو تسلیم کیا جائے تو پھر بات بات پر شاذ کہنے کی ضرورت نہیں پیش آئے گی، بلکہ قواعد کی تصحیح وتوجیہ کی جائے گی، اس طور پر کہ یہ قاعدہ اکثریہ ہے، لیکن کبھی کبھی یوں بھی ہوتا ہے، یا قاعدہ اکثریہ کے اندر کسی قید کا اضافہ کیا جائے تاکہ دفع شذوذ ہو۔

عموماً عام اہل فن اور بالخصوص صرفی اور نحوی حضرات جب کسی لفظ کو اپنے قانون کے خلاف دیکھتے ہیں تو اسے بلا تامل شاذ کہہ دیتے ہیں، حالانکہ ان کے پاس استقراء کے علاوہ کونسی دلیل ہے کہ جس پر ان کی قواعد وضوابط کی عمارت استوار ہے؟! اور استقراء تو مفید ظنِ غالب ہے!! اور ستم یہ ہے کہ بسا اوقات قرآن مجید کے بعض الفاظ کو بھی شاذ کہہ دیتے ہیں اور پھر آگے مزید تکلفات میں پڑھ جاتے ہیں کہ شاذ ایک فصیح ہے اور ایک غیر فصیح ہے، ایک شاذ موافق الاستعمال ہے اور ایک غیر موافق الاستعمال!! حالانکہ یہ توجیہات بے سود ہیں، کیونکہ شاذ مقسم خود غیر فصیح ہے تو اس کی اقسام فصیح کیسے ہوئیں؟ قرآن مجید وحدیث جس طرح اعتقادیات اور اعمال کے لیے معیار ومیزان ہیں تو اس طرح عربیت کے لیے بھی معیار ومیزان ہے، لیکن نحات اور صرفیوں کا یہ المیہ ہے کہ وہ استدلال واستشہاد میں شعراء جاہلیت کے اشعار اور عربی دیہاتیوں کے محاورات پیش کرتے ہیں، لیکن قرآن وحدیث سے کسی لفظ کی تائید پیش نہیں کرتے، اسی وجہ سے مشہور متکلم ومحقق علامہ عبد العزیز فرہارویؒ فرماتے ہیں:

"وَمِنْ خَطَأِ النُّحَاةِ أَنَّهُمْ لَا يَحْتَجُّوْنَ بِأَمْثَالِهِ، وَلَوْ سَمِعُوْهُ مِنْ بَدْوِيٍّ لَا يَعْرِفُ إِلَّا بَعْرَالْإِبِلِ لَاتَّخَذُوْهُ حُجَّةً". (النبراس: ۴۶۳)۔

اس لیے احتجاج واستشہاد میں قرآن وحدیث پیش کیا جائے گا، چنانچہ جو قاعدہ قرآن مجید کے کسی لفظ کے خلاف ہو تو اس قاعدہ کی تصحیح وتوجیہ کی جائے گی نہ یہ کہ قرآن مجید کے کسی لفظ کو شاذ قرار دے کر الفاظِ قرآنیہ میں تاویلات کیں جائیں!! اور جہاں تک ممکن ہو لفظ کو شاذ ہونے سے بچایا جائے اور اس کو صحیح پڑھا جائے اور جو لفظ خلاف القیاس ہو تو اسے اپنے مورد پر بند کیا جائے چہ جائے کہ اس پر مزید اور الفاظ کو قیاس کیا جائے، چنانچہ ان الفاظ میں سے من جملہ لفظ "مَصَائِبُ" میں بھی ہے، اب "مَصَائِبُ" پر دیگر "مَشَايِخُ، مَكَايِدُ، مَصَايِدُ، مَفَاوِزُ، مَعَايِشُ، مَعَايِبُ" وغیرہ کو قیاس نہ کیا جائے اور اس میں الف مفاعل والا قانون جاری نہیں کیا جائے گا، کیونکہ ان میں "یاء" اور "واؤ" حروفِ اصلیہ ہیں اور حروف اصلیہ میں الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت کا ہونا شرط ہے جو یہاں نہیں پایا جا رہا ہے۔

ماضی قریب کے مشہور حنفی محقق شیخ عبد الفتاح ابو غدۃؒ (م ۱۴۱۷ھ) نے اس غلطی کی نشاندہی کی ہے اور وہ از رائے ظرافت کہتے ہیں کہ جب میں ہندوستان گیا تو مجھے کہا گیا کہ آپ کیوں آئے ہیں؟ تو میں نے کہا کہ اس لیے آیا ہوں کہ: "لاتهمزوا المشايخ فإن همزالمشايخ لا يجوز!" "مشایخ ہمزہ کیساتھ نہ پڑھو، کیونکہ مشایخ کو ہمزہ دینا جائز نہیں!! دیکھئے: ہامش الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل: ۴۶-۴۸۔

(3) شرح المفصل لابن یعیش: ۳۳۱/۳، جامع الدروس العربیۃ: ۶۷/۲۔

من غیر لفظه'' کہتے ہیں[۱]۔

قاعدہ: کبھی واحد اسم جمع کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ''قَوْمٌ، رَهْطٌ، رَكْبٌ'' وغیرہ، انہیں اسم جمع کہتے ہیں۔[۲]

قاعدہ: بعض جموع کے واحد کو نسیاً منسیاً کر دیا گیا ہے، جیسے: ''تَعَاجِيْبُ، تَجَاوِيْد، تَعَاشِيْب، تَبَاشِيْرُ، أَبَابِيْلُ'' وغیرہ۔ ان کا واحد استعمال نہیں کیا جاتا ہے[۳]۔

قاعدہ: بعض اسماء کی واحد اور جمع ایک ہی وزن پر آتے ہیں، جیسے: ''فَلَكٌ، جُنُبٌ، ضَيْفٌ، عَدُوٌّ'' وغیرہ۔ ان میں واحد اور جمع کا فرق اعتباری ہوتا ہے۔[۴]

قاعدہ: اسمائے رباعی و خماسی کی جمع اکثر جمع منتہی الجموع کے وزن پر آتی ہے اور اس کے مشہور تین اوزان ہیں: ۱) مَفَاعِلُ، جیسے: ''مَسْجِدٌ'' سے ''مَسَاجِدُ''. ۲) مفاعیل، جیسے ''مِفْتَاحٌ'' سے ''مَفَاتِيْحُ''. ۳) فعائل، جیسے: ''رِسَالَةٌ'' سے ''رَسَائِلُ''[۵].

قاعدہ: جمع قلت پر جب الف لام داخل ہو، جیسے: ''وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّح.'' یا ایسے اسم کی طرف مضاف ہو جو کثرت پر دلالت کرے تو جمع قلت جمع کثرت کے معنی میں ہوگا، جیسے: ''قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَاراً.''۔ یہاں دونوں جگہوں میں ''أَنْفُسُ'' سے جمع کثرت مراد ہیں۔[۶]

فائدہ: اگر اسم علم، مرکب اسنادی، مرکب امتزاجی، منقول عن المثنی یا منقول عن الجمع المذکر السالم ہو تو اس کا تثنیہ اور جمع بنانے کے لیے لفظ ''ذُوْ'' کی طرف رجوع کیا جائے گا اور تثنیہ بنانے کے لیے ''ذُوْ'' کا تثنیہ ''ذُوَا'' اور جمع بنانے کے لیے ''ذُوْ'' کی جمع ''ذَوُوْ'' کو اسم علم کی طرف مضاف کرکے لایا جائے گا، تثنیہ کی مثال، جیسے: ''جَاءَنِيْ ذَوَامَعْدِيْ كَرِبَ، وَذَوَاسِيْبَوَيْهِ، وَذَوَاتَأَبَّطَ شَرًّا، وَذَوَاحَسَنَيْنِ وَذَوَاخَالِدَيْنِ'' اور جمع مذکر کی مثال، جیسے: ''جَاءَنِيْ ذَوُوْمَعْدِيْ كَرِبَ، وَذَوُوْ سِيْبَوَيْهِ، وَذَوُوْجَادَالْحَقُّ، وَذَوُوْاحَسَنَيْنِ وَذَوُوْخَالِدَيْنِ.''[۷]

تمرین:

---

[۱] جامع الدورس العربیۃ: ۶۴/۲۔
[۲] جامع الدورس العربیۃ: ۶۴/۲۔
[۳] جامع الدورس العربیۃ: ۶۷/۲۔
[۴] جامع الدورس العربیۃ: ۶۸/۲۔
[۵] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۷۱/۳۔
[۶] جامع الدورس العربیۃ: ۲۹/۲۔
[۷] جامع الدورس العربیۃ: ۶۹/۲۔

درج مثالوں میں واحد۔ تثنیہ۔ جمع مکسر۔ جمع سالم۔ جمع قلت اور جمع کثرت کی تعیین کیجئے۔ نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مُصْطَفَوْنَ. أخْيَارٌ. قَوْلٌ. مُتَّقُوْنَ. قَانِتَاتٌ. فِعْلٌ. مَضَاجِعُ. ضَارِبٌ. شُمُوْسٌ. عَقَارِبُ. مَشْرِقٌ. دَرَاهِمُ. بَرَاثِنُ. صَلَاةٌ. سَفَارِجُ. رَأسٌ. هزَابِرُ. كَأسٌ. مِصْبَاحٌ. كُبُوْدٌ. ابَالٌ. آذَانٌ. قُدُوْرٌ. أَبْيَاتٌ. جَفْنَاتٌ. رُكَبٌ. رِقَابٌ. أغْرِبَةٌ. قُفْزَانٌ. رُكُوْبَاتٌ. اِبْنٌ. أصَابعُ. قَنَادِيْلُ. بِنْتٌ. عَصَافِيْرُ. عَزْلَةٌ. حُبَنَاءُ. أَخٌ. عُلَمَاءُ. مَدْخَلٌ. رَقَبَاتٌ. عَيْنٌ. ذِئْبٌ. غِزْلَانٌ. أعْلَوْنَ. مُسْلِمَةٌ. مُصْطَفِيْنَ. دُعًى. كُنُزٌ. صَيَاقِيْلُ. مَغْرِبٌ. كَلَالِيْبُ. غُلَامٌ. سِدْرَاتٌ. أَبٌ. أقْطَارٌ. قُذُلٌ. مَنَادِيْلُ. مَنَازِلُ. شَفَةٌ. أنْفُسٌ. أرْجُلٌ. الْصَّالِحَاتُ. فَمٌ. عَادَتِ الزَّيْنَبَاتُ. التُّجَّارُ رَابِحُوْنَ. نَمَتِ الشَّجَرَاتُ. فَازَ الْمُحَمَّدُوْنَ. رَبِحَ التَّاجِرَانِ. تَمَزَّقَتِ الْوَرَقَاتُ. غَابَ الإبْرَاهِيمُون. الأَصْدِقَاءُ مُخْلِصُوْنَ. هَذِهِ جَبَالٌ شَامِخَاتٌ. عَادَ المُسَافِرَانِ. تَكَلَّمَتِ الكُبْرَياتُ. أَصْغَتِ الصُّغْرَيَاتُ. الْحُرَّاسُ نائِمُون. كُشِفَ بعضُ الصَّحْرَاوَات. كَتَبَ الإسْمَاعِيلون. قَاضَتِ النُّهَيراتُ. نَجَحَ العَلِيَّان. تِلْكَ قُصُورٌ شَاهِقَاتٌ. نُصِبَتِ السُّرَادِقَاتُ. حَضَرَ العَلِيُّون. العُمَّالُ مُجْتَهِدُون. اتَّفَقَ الشَّرِيْكَانِ. اخْتَبَأَتْ بَنَاتُ آوَى. مرَّتْ ذَوَاتُ القَعْدَةُ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... "مُصْطَفَوْنَ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم جمع اسم متمکن بلا ترکیب معرب عند الزمخشری. و مبنی عند ابن حاجب نکرہ جمع مذکر سالم جمع قلت... اس کا واحد "مُصْطَفَىٰ" ہے۔

✍... "أخْيَارٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم جمع اسم متمکن بلا ترکیب معرب عند الزمخشری. و مبنی عند ابن حاجب نکرہ جمع مذکر مکسر جمع قلت... اس کا واحد "خير" ہے۔

✍... "قَانِتَاتٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم جمع اسم متمکن معرب بلا ترکیب معرب عند الزمخشری . و مبنی عند ابن حاجب نکرہ جمع مؤنث سالم جمع قلت... اس کا واحد "قَانِتَةٌ" ہے۔

✍... "قَوْلٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن بلا ترکیب معرب عند الزمخشری. و مبنی عند ابن حاجب نکرہ واحد مذکر... اس کی جمع "أقوالٌ" ہے۔

✍... "فَمٌ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن بلا ترکیب معرب عند الزمخشری. و مبنی عند ابن حاجب نکرہ واحد مذکر... اس کی جمع من غیر لفظہ "أفواہٌ" آتی ہے۔

فصل دہم: اقسامِ اعراب اسم متمکن

ا۔ اعراب کی تعریف:

"هُوَ اخْتِلَافُ آخِرِ الْكَلِمَةِ بِاخْتِلَافِ الْعَوَامِلِ لَفْظًا أَوْ تَقْدِيْرًا." [۱]

مختلف عوامل کی آنے کی وجہ سے کلمے کے آخر میں ہونے والے لفظی یا تقدیری تبدیلی کو اعراب کہتے ہیں، یعنی اعراب معرب کے آخر کی حرکت یا حرف کو کہتے ہیں، پھر مطلقاً اعراب چار چیزیں ہیں: ۱) رفع، ۲) نصب، ۳) جر، ۴) جزم [۲]۔ ان چار میں سے رفع و نصب اسم اور فعل دونوں پر آتے ہیں اور جر اسم کیساتھ خاص ہے، فعل پر نہیں آتا اور جزم فعل کیساتھ خاص ہے اسم پر نہیں آتا، اس طرح اسم معرب کا اعراب کل تین چیزیں ہوئیں: رفع، نصب اور جر اور فعل معرب کا اعراب بھی تین چیزیں ہوئیں: رفع، نصب اور جزم۔ [۳]

۲۔ علامات اعراب:

اعراب رفع، نصب، جر اور جزم میں سے ہر ایک کو ایک ہی علامت سے نہیں، بلکہ مختلف علامتوں سے ظاہر کیا جاتا ہے، جن کی تفصیل یہ ہے:

(الف)۔ رفع کی علامات: رفع کی چار علامتیں ہیں: ۱) ضمہ: جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ" میں "زَيْدٌ" کے آخر میں ضمہ رفع کی علامت ہے۔ ۲) "واؤ": جیسے: "جَاءَ أَخُوْكَ" میں "أَخُوْكَ" کے آخر میں واؤ رفع کی علامت ہے۔ ۳) "الف": جیسے: "جَاءَ رَجُلَانِ" میں "رَجُلَانِ" میں الف رفع کی علامت ہے۔ ۴) اثبات نون اعرابی: جیسے: "يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ"، ان میں نون اعرابی کا ثابت رہنا رفع کی علامت ہے۔

(ب)۔ نصب کی علامات: نصب کی پانچ علامتیں ہیں: ۱) فتحہ، جیسے: "رَأَيْتُ زَيْدًا" میں "زَيْدًا" کے آخر میں فتحہ نصب کی علامت ہے۔ ۲) کسرہ: جیسے: "رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ" میں "مُسْلِمَاتٍ" کے آخر میں کسرہ نصب کی علامت ہے۔ ۳) الف: جیسے: "رَأَيْتُ أَبَاكَ" میں "أَبَا" کے آخر میں الف نصب کی علامت ہے۔ ۴) یاء: جیسے: "رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ" میں "رَجُلَيْنِ" کے آخر میں "یاء" نصب کی علامت ہے۔ ۵) اسقاطِ نون اعرابی: جیسے: "لَنْ يَّضْرِبَا، لَنْ يَّضْرِبُوْا" کے آخر سے نون اعرابی کا ساقط ہونا نصب کی علامت ہے۔ [۴]

---

[۱] التعریفات للجرجانی: ۳۱۔
[۲] النحو الوافی: ۱/۱۰۳۔
[۳] شرح الرضی علی الکافیۃ: ۱/۷۱، ہمع الہوامع: ۱/۸۱، شرح التصریح: ۱/۵۶۔
[۴] شرح التصریح: ۱/۵۶۔

(ج)۔ جر کی علامات: جر کی تین علامتیں ہیں: ۱) کسرہ: جیسے: "مَرَرْتُ بِزَيْدٍ" میں "بِزَيْدٍ" کے آخر میں کسرہ جر کی علامت ہے۔ ۲) فتحہ: جیسے: "مَرَرْتُ بِأَحْمَدَ" میں "بِأَحْمَدَ" کے آخر میں فتحہ جر کی علامت ہے۔ ۳) "یاء": جیسے: "مَرَرْتُ بِأَبِيْكَ" میں "أَبِيْ" کے آخر میں "یاء" جر کی علامت ہے۔

(د)۔ جزم کی علامات: جزم کی تین علامتیں ہیں: ۱) سکون: جیسے: "لَمْ يَضْرِبْ" کے آخر میں سکون جزم کی علامت ہے۔ ۲) اسقاط نون اعرابی: جیسے: "لَمْ يَضْرِبَا، لَمْ يَضْرِبُوْا" کے آخر سے نون اعرابی کا ساقط ہونا جزم کی علامت ہے۔ ۳) حذف لام کلمہ بشرطیکہ وہ حرف علت ہو، جیسے: "لَمْ يَدْعُ، لَمْ يَرْمِ" کے آخر سے "واؤ" اور "یاء" کا حذف ہونا جزم کی علامت ہے۔[1]

اقسام اعراب:

اعراب کی پہلی تقسیم:

اعراب کی باعتبار ذات تین قسمیں ہیں: (الف): رفع (ب): نصب (ج): جر۔

رفع اس بات کی علامت ہے کہ شئی مرفوع یا تو فاعل ہے یا نائب فاعل، یا مبتداء، یا خبر، یا اسم کان، یا خبر لائے نفی جنس اور یا اسم مَا وَلَا مشبہ بلیس ہے اور نصب اس کی علامت ہے کہ شئی منصوب مفعول بہ ہے یا تمیز، یا حال، یا خبر کان اور وہ تمام امثال جو منصوب ہوتے ہیں اور جر اس بات کی علامت ہے کہ شئی مجرور مضاف الیہ ہے یا مجرور بحرف جر ہے، مجرور بحرف جر بھی حقیقت میں مضاف الیہ ہے، لیکن عرف میں اسے مضاف الیہ نہیں بلکہ مجرور کہتے ہیں۔

اعراب کی دوسری تقسیم:

وصف اعراب کے اعتبار سے اعراب کی تین قسمیں ہیں: (الف) لفظی، (ب) تقدیری، (ج) محلی۔

(الف): اعراب لفظی: وہ ہے جس کا ظہور لفظوں میں ممتنع نہ ہو اور زبان پر ثقیل بھی نہ ہو اور اعراب لفظی معرب غیر معتل میں ہوتا ہے۔

(ب): اعراب تقدیری: وہ ہے جس کا ظہور لفظوں میں ممتنع ہو اور زبان پر بھی ثقیل ہو، اور اعراب تقدیری چار جگہ میں ہوتا ہے: ۱) کلمات معرب معتل میں پھر عام ہے معتل الفی ہو، یا واوی ہو، یا یائی ہو۔ ۲) مضاف یائی متکلم کی طرف ہو، جیسے: "غُلَامِيْ"۔ ۳) اعراب حکائی میں بشرطیکہ جملہ نہ ہو، جیسے: "كَتَبْتُ فِعْلُ مَاضٍ"، "أَيْ هَذِهِ الْكَلِمَةُ فِعْلُ مَاضٍ"، "كَتَبْتُ" مبتداء مرفوع بالضمہ تقدیرا ہے۔ ۴) جب نام رکھا جائے کلمات مبنی یا جملہ کا، جیسے کسی کا نام: "مَنْ" رکھیں تو پھر کہا جائے گا: "جَاءَ مَنْ".

[1] شرح التصریح: ۱/۵۷، جامع الدروس العربیۃ: ۱/۲۰.

(ج):اعراب محلی: وہ ہے جس کا ظہوراور تقدیر دونوں لفظوں میں ممتنع ہواوراعراب محلی دو جگہوں میں ہوتا ہے:۱)مبنیات۔ ۲)وہ جملہ جس کا محل اعراب ہو، پھر عام ہے حکائی ہو یا نہ ہو۔[1]

اعراب کی دس اقسام:

اعراب کی اولاً دو قسمیں ہیں: ۱)اعراب بالحرکت، جیسے"ضمہ، فتحہ، کسرہ"۔۲)اعراب بالحرف، جیسے: "واؤ، الف، یاء"۔ پھران میں سے ہرایک کی تین قسمیں ہیں:۱) لفظی ۲) تقدیری ۳) مشترک۔[2] پھر لفظی اور تقدیری کی دو دو قسمیں ہیں:۱) حقیقی ۲) حکمی (تبعی) تو اس طرح اعراب کی دس قسمیں بنتی ہیں، جو یہ ہیں:

۱)،اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، ۲)اعراب بالحرکت لفظی حکمی، ۳)اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی، ۴)اعراب بالحرکت تقدیری حکمی، ۵)اعراب بالحرف لفظی حقیقی، ٦)اعراب بالحرف لفظی حکمی، ۷)اعراب بالحرف تقدیری حقیقی، ۸)اعراب بالحرف تقدیری حکمی، ۹)اعراب بالحرکت مشترک، ۱۰)اعراب بالحرف مشترک۔

مذکورہ اقسام کی تفصیل یہ ہے:

۱) اعراب بالحرکت لفظی حقیقی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر ہو، اورایک حالت دوسری حالت کے تابع نہ ہو، جیسے: "جَاءَ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْداً، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ".

۲) اعراب بالحرکت لفظی حکمی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر ہو، اورایک حالت دوسری حالت کے تابع ہو، جیسے:"هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ" اور"جَاءَ عُمَرُ، رَأَيْتُ عُمَرَ، مَرَرْتُ بِعُمَرَ". پہلی مثالوں میں حالت نصبی حالت جری کے تابع ہے اوردوسری مثالوں میں حالت جری حالت نصبی کے تابع ہے۔

۳) اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر نہ ہواورایک حالت دوسری حالت کے تابع نہ ہو، جیسے:"جَاءَ مُوْسٰی، رَأَیْتَ مُوْسٰی، مَرَرْتُ بِمُوْسٰی[3]".

---

[1] جامع الدورس العربیۃ:۱/۲۳۔

[2] لفظی کا مطلب یہ ہے کہ حرکت یا حرف لفظون میں موجود ہواور پڑھی جائے اور تقدیری کا مطلب یہ ہے کہ حرکت یا حرف لفظوں میں موجود نہ ہو، بلکہ فرض کیا جائے کہ یہاں حرکت یا حرف ہے، حقیقی کا مطلب یہ ہے کہ کوئی حالت دوسری حالت کے تابع نہ ہو، بلکہ تینوں حالتوں میں اعراب الگ الگ ہواور حکمی کا مطلب یہ ہے کہ ایک حالت دوسری حالت کے تابع ہو۔ اور مشترک کا مطلب یہ ہے کہ بعض حالتوں میں اعراب بالحرکت ہواور بعض میں بالحرف ہو اور بعض حالتوں میں لفظی ہو اور بعض میں تقدیری ہو۔

[3] اگر"مُوْسٰی" اگر"أَوْسَى يُوْسِيْ"(باب افعال) سے"مُفْعُلٌ" کے وزن پر ہو تو منصرف ہو گا اوراگر"مَاسَ يَمِيْسُ"(باب ضرب) سے "فُعْلٰی" کے وزن پر ہو تو غیر منصرف ہو گا۔

۴) اعراب بالحرکت تقدیری حکمی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر نہ ہو،اور ایک حالت دوسری حالت کے تابع ہو، جیسے:" جَاءَ حُبْلٰى، رَأَيْتُ حُبْلٰى، مَرَرْتُ بِحُبْلٰى ". یہاں حالت جری نصبی کی تقدیراً تابع ہے،اس لیے کہ یہ غیر منصرف ہے،یہاں حالت جری حالت نصبی کے تابع ہے۔

۵) اعراب بالحرف لفظی حقیقی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر ہو،اور ایک حالت دوسری حالت کے تابع نہ ہو، جیسے:" جَاءَ أَبُوْكَ، رَأَيْتُ أَبَاكَ، مَرَرْتُ بِأَبِيْكَ ".

۶) اعراب بالحرف لفظی حکمی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر ہو،اور ایک حالت دوسری حالت کے تابع ہو، جیسے:" جَاءَ رَجُلَانِ،رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ، مَرَرْتُ بِرَجُلَيْنِ ". یہاں حالت نصبی جری کے تابع ہے۔

۷) اعراب بالحرف تقدیری حقیقی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر نہ ہو،اور ایک حالت دوسری حالت کے تابع نہ ہو، جیسے" جَاءَ أَبُوالْقَوْمِ، رَأَيْتُ أَبَاالْقَوْمِ، مَرَرْتُ بِأَبِي الْقَوْمِ ". یہاں اعراب تینوں حالتوں میں تقدیری ہے اور ایک حالت دوسرے کے تابع بھی نہیں۔

۸) اعراب بالحرف تقدیری حکمی: وہ ہوتا ہے، جس میں تینوں حالتوں میں اعراب ظاہر نہ ہو،اور ایک حالت دوسری حالت کے تابع ہو، جیسے:" جَاءَ مُسْلِمُوالْقَوْمِ، رَأَيْتُ مُسْلِمِي الْقَوْمِ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِي الْقَوْمِ ". یہاں حالت نصبی حالت جری کے تابع ہے۔[1]

۹) اعراب بالحرکت مشترک: وہ ہوتا ہے، جس کا اعراب بعض حالتوں میں لفظی اور بعض حالتوں میں تقدیری ہو، جیسے: " جَاءَ الْقَاضِيْ، رَأَيْتُ الْقَاضِيَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِيْ ".

۱۰) اعراب بالحرف مشترک: وہ ہوتا ہے، جس کا اعراب بعض حالتوں میں لفظی اور بعض حالتوں میں تقدیری ہو، جیسے: " جَاءَ مُسْلِمِيَّ، رَأَيْتُ مُسْلِمِيَّ، مَرَرْتُ مُسْلِمِيَّ ".

سولہ اقسام:

اعراب کی اقسام کے لحاظ سے اسم متمکن کی کل سولہ قسمیں ہیں:

۱)۔ مفرد منصرف صحیح: جیسے:" زَيْدٌ ":

صحیح کی تعریف میں نحات اور صرفیوں کا اختلاف ہے، نحات کے نزدیک صحیح وہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت نہ ہو، جیسے:" زَيْدٌ "اور صرفیوں کی اصطلاح میں صحیح وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ "فاء، عین، لام" کے مقابلے میں

---

[1] ان کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

ہمزہ، یا حرف علت یا دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں، جیسے: "ضَرَبَ"، اب "زَيْدٌ" صرفیوں کے نزدیک اجوف یائی ہے، لیکن عند النحاۃ صحیح ہے، اسی طرح کلمہ "رَبٌّ" صرفیوں کے نزدیک مضاعف ثلاثی ہے اور جب کہ نحات کے نزدیک صحیح ہے۔

مفرد منصرف صحیح کے لیے تین شرائط ہیں: ۱) مفرد ہو، تثنیہ و جمع نہ ہو۔ ۲) منصرف ہو غیر منصرف نہ ہو۔ ۳) صحیح ہو معتل نہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ". اس کا اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصبی میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جری میں کسرہ لفظی کیساتھ، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ، ورَأَيْتُ زَيْدًا، ومَرَرْتُ بِزَيْدٍ".

۲)۔ مفرد منصرف جاری مجریٰ صحیح: جیسے "دَلْوٌ".

جاری مجریٰ صحیح اس اسم کو کہتے ہیں جس کے آخر میں "واوَ" یا "یاء" ہو اور اس کا ما قبل ساکن ہو، جیسے: "دَلْوٌ، ظَبِيٌ، ثَدْيٌ، لَهوٌ" وغیرہ اور اس کو جاری مجریٰ صحیح اس لیے کہتے ہیں کہ جب "واوَ" یا "یاء" کا ما قبل ساکن ہو تو اس پر حرکت پڑھنے میں ایسا ثقل پیدا نہیں ہوتا جس کی وجہ سے تعلیل کرنے کی ضرورت ہو، بلکہ صحیح کی طرح ثقل اور تعلیل سے خالی ہوتا ہے، اس لیے اس معتل کو صحیح کے قائم سمجھتے ہیں[۱]۔

جاری مجریٰ صحیح کا اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصبی میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جری میں کسرہ لفظی کیساتھ، جیسے: "هَذا دَلْوٌ، ورَأَيْتُ دَلْوًا، ومَرَرْتُ بِدَلْوٍ".

۳)۔ جمع مکسر منصرف صحیح: جیسے: "رِجَالٌ".

جمع مکسر منصرف کے لیے چار شرطیں ہیں: ۱) جمع ہو واحد اور تثنیہ نہ ہو۔ ۲) مکسر ہو سالم نہ ہو، ۳) منصرف ہو غیر منصرف نہ ہو، ۴) صحیح ہو، جاری مجریٰ صحیح نہ ہو، جیسے: "رِجَالٌ"[۲].

جمع مکسر منصرف کا اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصبی میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جری میں کسرہ لفظی کیساتھ، جیسے: "هُمْ رِجَالٌ، ورَأَيْتُ رِجَالًا، ومَرَرْتُ بِرِجَالٍ".

۴)۔ جمع مؤنث سالم[۳]:

جمع مونث سالم وہ جمع ہے جس کے آخر میں الف و تاء زائدہ ہو، اس کے لیے تین شرائط ہیں: ۱) جمع ہو، واحد و تثنیہ نہ ہو۔ ۲) مؤنث ہو مذکر نہ ہو۔ ۳) سالم ہو، مکسر نہ ہو، جیسے: "مُؤْمِنَاتٌ" اور اگر آخر میں الف و تاء زائدہ نہ ہوں تو اس کا اعراب جمع مؤنث سالم والا نہیں ہو گا، جیسے: "أَمْوَاتٌ، أَبْيَاتٌ، أَصْوَاتٌ، أَوْقَاتٌ، أَقْوَاتٌ" وغیرہ۔ کیونکہ ان کے آخر میں "تاء"

---

[۱] النحو الوافی: ۱/ ۱۸۷۔
[۲] النحو الوافی: ۱/ ۱۶۴.
[۳] النحو الوافی: ۱/ ۱۶۴.

زائدہ نہیں ہے، اس لیے ان کا اعراب **جمع مکسر منصرف** والا ہوگا۔

جمع مونث سالم کا اعراب بالحرکت لفظی حکمی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، جیسے: "هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، رَاَيْتُ مُسْلِمَاتٍ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ".

۵)۔غیر منصرف:

وہ اسم ہے کہ جس میں اسباب منع صرف میں سے دو سبب ہوں اور منع صرف کے اسباب نو ہیں:

۱) عدل، ۲) وصف، ۳) تانیث، ۴) معرفہ، ۵) عجمہ، ۶) جمع، ۷) ترکیب، ۸) وزن فعل، ۹) الف و نون زائد تان، جیسے: "عُمَرُ، أَحْمَرُ، طَلْحَةُ، زَيْنَبُ، إِبْرَاهِيْمُ، مَسَاجِدُ، مَعْدِيْ كَرِبُ، أَحْمَدُ، عِمْرَانُ. اور **غیر منصرف** کا اعراب بالحرکت لفظی حکمی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ[۱]، جیسے: "جَاءَ عُمَرُ، رَاَيْتُ عُمَرَ، مَرَرْتُ بِعُمَرَ".

مذکورہ پانچ قسموں کا اعراب بمع امثلہ درج ذیل نقشہ میں ملاحظہ ہوں:

اقسامِ اسمائے متمکن	اعراب	اعراب اسمائے متمکن	مثال
اسم مفرد منصرف صحیح، جیسے: "زَيْدٌ" اسم مفرد قائم مقام صحیح، جیسے: "دَلْوٌ" جمع مکسر منصرف، جیسے: "رِجَالٌ"	اعراب بالحرکت لفظی حقیقی	حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ۔	جَاءَنِيْ زَيْدٌ، هذَادَلْوٌ، هُمْ رِجَالٌ، رَأَيْتُ زَيْدًا وَدَلْوًا وَ رِجَالًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ ،جَئْتُ بِدَلْو، قُلْتُ لِرِجَالٍ.
جمع مؤنث سالم، جیسے: "مُسْلِمَاتٌ"	اعراب بالحرکت لفظی حکمی	حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں کسرہ لفظی کیساتھ	هُنَّ مُسْلِمَاتٌ، رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ
غیر منصرف، جیسے: "عُمَرُ"	اعراب بالحرکت لفظی حکمی	حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ	جَاءَنِيْ عُمَرُ، رَأَيْتُ عُمَرَ، مَرَرْتُ بِعُمَرَ

---

[۱] غیر منصرف کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: رفع مبتدا ء، خبر اور فاعل ہونے کے وقت معمول کے آخر میں جو حرف یا حرکت آتی ہے اس کو رفع کہتے ہیں ،نصب مفعول ہونے کے وقت معمول کے آخر میں جو حرف یا حرکت ہو اس کو نصب کہتے ہیں اور جر مضاف الیہ ہونے کے وقت یا حرف جر کے دخول کے بعد معمول کے آخر میں جو حرف یا حرکت ہو اس کو جر کہتے ہیں۔

فائدہ: اعراب کی تین تعبیریں ہیں: پہلی :رفع، نصب، جر۔ دوسری تعبیر: ضم، فتح، کسر اور تیسری تعبیر: ضمہ، فتحہ اور کسرہ۔ ان تینوں تعبیرات میں فرق یہ ہے کہ پہلی تعبیر (رفع، نصب اور جر) حالت رفعی، نصبی اور جری کو کہتے ہیں نہ کہ زبَر، زِیر، پیش کو اور یہ حرکت اعرابی (معرب) کیساتھ خاص ہے اور دوسری تعبیر ضم، فتح اور کسرہ کی ہے، یہ زبر، زیر اور پیش کو کہتے ہیں اور یہ تعبیر مبنیات کیساتھ خاص ہے اور تیسری تعبیر ضمہ، فتحہ اور کسر زبر، زیر اور پیش کو کہتے ہیں، ان کا اطلاق معرب اور مبنی دونوں پر ہوتا ہے۔ [1]

فائدہ: رفع عمدہ اسماء کے لیے ہے، نصب فَضلات کے لیے اور جر بین بین ہے۔ [2]

فائدہ: رفع فاعلیت کی علامت ہے اور اس کی تین صورتیں ہیں: ۱)۔ رفع ضمہ کیساتھ، جیسے: ''جَاءَ زَيْدٌ''. ۲)۔ رفع الف کیساتھ، جیسے: ''جَاءَ رَجُلَانِ''. ۳)۔ رفع واؤ کیساتھ، جیسے: ''جَاءَ مُسْلِمُوْنَ''. نصب مفعولیت کی علامت ہے اور اس کی چار صورتیں ہیں: ۱)۔ نصب فتحہ کیساتھ، جیسے: ''رَأَيْتُ زَيْداً''. ۲)۔ نصب کسرہ کیساتھ، جیسے: ''رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ''. ۳)۔ نصب الف کیساتھ، جیسے: ''رَأَيْتُ أَبَاكَ''. ۴)۔ نصب یاء کیساتھ، خواہ ''یاء'' ماقبل مفتوح ہو، جیسے: ''رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ''. یا ''یاء'' ماقبل مکسور ہو، جیسے: ''رَأَيْتُ مُسْلِمِيْنَ''. اور جر اضافت کی علامت ہے اور اس کی تین صورتیں ہیں: ۱)۔ جر کسرہ کیساتھ، جیسے: ''مَرَرْتُ بِزَيْدٍ''. ۲)۔ جر فتحہ کیساتھ، جیسے: ''مَرَرْتُ بِعُمَرَ''. ۳)۔ جر یاء کیساتھ، جیسے: ''مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ''. [3]

فائدہ: قبولیت اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کے سولہ اقسام کا وجہ حصریہ ہے: اعراب دو حال سے خالی نہیں، لفظی ہو گا یا تقدیری، اگر لفظی ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں: بالحرکت ہو گا یا بالحرف۔ اگر بالحرکت ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں حقیقی ہو گا یا حکمی، اگر حقیقی ہو تو اس کی تین قسمیں ہیں: ۱) مفرد منصرف صحیح، ۲) جاری مجریٰ صحیح، ۳) جمع مکسر منصرف صحیح۔ اگر اعراب حکمی ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں: حالت نصبی جری کے تابع ہو گا یا حالت جری نصبی کے تابع ہو گا، اگر حالت نصبی جری

---

[1] النحو الوافی: ۱/۱۰۶۔
[2] ہمع الهوامع: ۱/۸۱۔
[3] جہد قصیر: ۳۵۔

کے تابع ہو تو جمع مؤنث سالم اور اگر حالت جری نصبی کے تابع ہو تو غیر منصرف۔ اور اگر اعراب بالحرف ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں: حقیقی ہو گا یا حکمی، اگر حقیقی ہو تو اسمائے ستہ مکبرہ غیر مضاف الی یائے المتکلم اور اگر حکمی ہے تو پھر دو حال سے خالی نہیں: حالت رفعی الف کیساتھ ہو گی یا واؤ کیساتھ، اگر الف کیساتھ تو مثنی و ملحق بالمثنیٰ۔ اور اگر واؤ کیساتھ ہو تو جمع اور ملحق بالجمع۔ اور اگر اعراب تقدیری ہے تو پھر دو حال سے خالی نہیں: احوال ثلاثہ میں تقدیری ہو گا یا نہیں، اگر احوال ثلاثہ میں تقدیری ہو تو اس کی تین قسمیں ہیں: ۱) اسم مقصور، ۲) غیر جمع مذکر مضاف بیائے متکلم، ۳) اسمائے ستہ مکبرہ مضاف الی المعرف باللام۔ اور اگر اعراب احوال ثلاثہ میں تقدیری نہیں تو پھر دو حال سے خالی نہیں: دو حالتوں میں تقدیری ہو گا یا ایک میں، اگر دو حالتوں میں تقدیری ہو تو اس کی ایک قسم اسم منقوص۔ اور اگر ایک حالت میں تقدیری ہو تو اس کی ایک قسم جمع مذکر سالم مضاف الی یاء المتکلم۔

قاعدہ: جاری مجریٰ صحیح کو معتل الآخر، قائم مقام صحیح اور شبیہ بالصحیح بھی کہتے ہیں، اگرچہ یہ صحیح نہیں، لیکن اس کے قائم مقام ضرور ہے۔[۱]

قاعدہ: جاری مجریٰ صحیح دو طرح کے اسماء ہیں: ۱) ایک وہ جن کے آخر میں حرف علت متحرک مخفف ہو اور ان سے پہلے ایک حرف صحیح ساکن ہو، جیسے: "نَحْوٌ، نَهْيٌ، وَحْيٌ، عَفْوٌ" وغیرہ۔ ۲) دوسرے وہ جن کے آخر میں حرف علت مشدد ہو، کیونکہ مشدد حرف دو حرف کے قائم مقام ہوتا ہے جن میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہوتا ہے، جیسے: "نَبِيٌّ، ذَكِيٌّ، عَفُوٌّ، عَدُوٌّ" وغیرہ۔[۲]

قاعدہ: جمع مکسر میں سے جمع منتہی الجموع کے صیغے، جیسے: "مَسَاجِدُ، مَصَابِيْحُ" اور وہ صیغے جن کے آخر میں الف ممدودہ ہو، جیسے: "شُعَرَاءُ، أَنْبِيَاءُ" اور وہ صیغے جن کے آخر میں الف مقصورہ ہو، جیسے: "سُكَارىٰ، صَحَارىٰ، فَتَاوىٰ" وغیرہ، یہ تین قسم کے صیغے غیر منصرف ہیں اور باقی جمع مکسر کے تمام صیغے منصرف ہیں۔

فائدہ: جمع مؤنث سالم کے لیے ایک قید اور دو تعمیم ہیں: قید یہ ہے کہ الف اور تاء زائد ہوں، اصلی نہ ہوں، اگر اصلی ہوں تو اس کا یہ اعراب نہیں آئے گا، جیسے: "أَبْيَاتٌ، أَمْوَاتٌ" وغیرہ۔ اور پہلی تعمیم یہ ہے کہ اس کا مفرد عام ہو مذکر ہو، یا مؤنث (خواہ مؤنث لفظی ہوں یا معنوی) مفرد مذکر ہو اس کی مثال، جیسے: "مَرْفُوْعَاتٌ" یہ "مَرْفُوْعٌ" کی جمع ہے اور "مُسْلِمَاتٌ" یہ "مُسْلِمٌ" کی جمع ہے۔ دوسری تعمیم یہ ہے کہ اس کا لفظ بھی عام ہو، خواہ پہلے جمع ہو اور اب مفرد ہو، جیسے: "عَرَفَات" یہ "عَرَفَةٌ" کی جمع

---

[۱] النحو الوافی: ۷۲۲/۴۔
[۲] النحو الوافی: ۱۸۷/۱۔

ہے، پہلے "عَرَفَات"ذوالحجہ کے ابتدائی نو دنوں کو کہاجاتا تھااور اب ایک میدان کانام ہے۔یا پہلے بھی جمع ہو اور اب بھی جمع ہو، جیسے:"مُسْلِمَاتٌ". [1]

فائدہ: جمع مؤنث سالم میں حالت نصبی جری کے اس لیے تابع ہے کہ جمع مؤنث سالم جمع مذکر سالم کی فرع ہے اور جمع مذکر سالم میں نصب جری کے تابع ہے، لہذا اس کی فرع میں بھی ایسا کیا گیا تاکہ فرع کی زیادتی اصل پر لازم نہ آئے اور اصل فرع میں مطابقت و موافقت باقی رہے،اس پر یہ سوال ہوتا ہے کہ موافقت تو پھر بھی نہیں، کیونکہ جمع مؤنث (فرع) کااعراب بالحرکتہ ہے اور جمع مذکر سالم(اصل) کااعراف بالحرف ہے اور اعراب بالحرکتہ اصل ہے اور اعراب بالحرف فرع ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اعراب بالحرکتہ مطلقاً اصل نہیں اور اعراب بالحرف مطلقاً فرع نہیں، بلکہ مفرد میں اعراب بالحرکتہ اصل ہے اور جمع مین اعراب بالحرف اصل ہے، لہذا فرع کو فرعی اعراب اور اصل کو اصلی اعراب دیا ہے تو یہ زیادتی ہیں۔ [2]

فائدہ: جمع مؤنث سالم کو تغلیباً جمع مؤنث سالم کہتے ہیں، کیونکہ اس کا زیادہ استعمال مؤنث کی جمع کے لیے آتا ہے،اس لیے کہ اسم کی کئی اقسام ایسے ہیں جو مؤنث نہیں ،لیکن ان کے جمع الف اور تاء کیساتھ آتی ہے، جیسے:"سُرَادِقٌ"مذکر کی جمع "سُرَادِقَاتٌ" ہے،اس لیے بعض نحات نے جمع مونث سالم کی بجائے "الجمع بالالف والتاء الزائد تین"کی تعبیر اختیار کی ہے۔ [3]

فائدہ: غیر منصرف میں حالت جری نصبی کے تابع اس لیے ہے کہ غیر منصرف فعل کیساتھ مشابہ ہے اس طور پر کہ فعل میں دو فرعیتیں پائی جاتی ہیں:۱)احتیاج الی الفاعل،۲)اشتقاق من المصدر اور اسی طرح غیر منصرف میں بھی دو فرعیتیں (دو اسباب) پائے جاتے ہیں تو جس طرح فعل پر کسرہ اور تنوین نہیں آتے،اسی طرح غیر منصرف پر بھی کسرہ اور تنوین نہیں آتے۔

فائدہ: محققین اہل علم جمع مؤنث سالم کی تعبیر "ما جمع بالف وتاء" سے کرتے ہیں، کیونکہ یہ اعراب صرف جمع مؤنث سالم کا نہیں، بلکہ یہ اعراب اس جمع کا آتا ہے جس کے آخر میں الف وتاء ہو، خواہ وہ مؤنث کی جمع ہو یا مذکر کی، جیسے:" تَصَرُّفَاتٌ، وَاجِبَاتٌ، بَيَانَاتٌ، مَطَارَاتٌ، حَمَّامَاتٌ"وغیرہ یہ مفرد مذکر"تَصَرُّفٌ، وَاجِبٌ، بَيَانٌ، مَطَارٌ، حَمَّامٌ"کی جمع ہیں۔ [4]

فائدہ:"لہا محل من الاعراب"کا مطلب یہ ہے کہ یہ جملہ یا کلمہ اعراب کے محل میں واقع ہے، یعنی مقام خبر میں یا مقام صفت میں یا مقام حال وغیرہ میں واقع ہے اور "لا محل لہا من الاعراب"کا معنی یہ ہے کہ یہ جملہ یا کلمہ اعراب کے محل میں واقع نہیں، کیونکہ

(۱) النحو الوافی: ۱۶۳۔
(۲) الہامیہ: ۵۰، جہد قصیر: ۳۱۔
(۳) اوضح المسالک: ۱/۸۶، شرح قطر الندی: ۵۱، النحو الوافی: ۱/۱۶۲۔
(۴) النحو المصفیٰ: ۷۳۔

اعراب کے محل میں تب واقع ہوتا ہے جب ما قبل سے اس کا ترکیبی تعلق ہو، یعنی مقام فاعل، مقام خبر، مقام صفت یا مقام حال وغیرہ میں واقع ہو۔ پس اگر کوئی جملہ مقام خبر میں واقع ہو تو وہ محلاً مرفوع ہو گا، مقام حال میں واقع ہو تو محلاً منصوب ہو گا، اگر کسی مجرور کی صفت بن رہا ہو تو محلاً مجرور ہو گا اور ایسے جملہ کے بارے میں کہا جاتا ہے: "لہا محل من الاعراب" اور اگر کوئی جملہ ترکیبی مقام میں واقع نہ ہو تو اس کے بارے میں کہا جائے گا: "لا محل لہا من الاعراب"۔ [1]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسم متمکن کی مذکورہ چار اقساموں کی تعیین کیجئے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ(ﷺ). مَكَّةُ بَلْدَةٌ مُبَارَكَةٌ. عُثْمَانُ(رضی اللہ عنہ)ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ. قُبُوْرُالصُّلَحَاءِ رِيَاضٌ. الصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ. انْكِحُوْا مُسْلِمَاتٍ. يُبَيِّنُ اللهُ لَكُمُ الْأيَاتِ. إبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ. إِسْمَاعِيْلُ ذَبِيْحُ اللهِ . لَأَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ. بَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ. إِسْمُه أَحْمَدُ. عَائِشَةُ(رضی اللہ عنہا)زَوْجَةُ النَّبِيِّ ﷺ. سَيِّدَةُ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ(رضی اللہ عنہا). سَيِّدُ الشُّهدَاءِ حَمْزَةُ(رضی اللہ عنہ). أَحْسَنُ الْقَصَصِ هٰذَا الْقُرْانُ. خَيْرُ الْبِقَاعِ مَسَاجِدُ. الْأَهِلَّةُ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ. هٰذَا جِرْوُ ذِئْبٍ. مَصَّ الْوَلَدُ ثَدْىَ أُمِّهِ. إتَّبِعُوْا مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ. إِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ. حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ. أُحِلَّ لَكُمْ الطَّيِّبَاتُ. حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ. أَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ. حَضَرَتِ الْفَاطَمَاتُ. حَلَبْتُ الْبَقَراتِ. خُذِ الْعَقْوَ. الرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّساءِ. اسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ. نَحْنُ أَبْنَاءُ اللهِ وَأَحِبَّاؤُهُ. عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ. لَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ. أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ. أَلْقُوهُ فِي غَيَابَتِ الْجُبِّ. أَوْفُوا بِالْعُقُودِ. المُمَرِّضَاتُ يَسْهَرْنَ عَلَى سَلامةِ المَرِيضِ. ذَبَحْتُ الدُّجَاجَاتِ: هَجَمَ الثَّعْلَبُ عَلَى الدُّجَاجَاتِ. سَلَّمْتُ عَلَى أَحْمَدَ فِي المَدْرَسَةِ. نَمَتِ الشَّجَرَاتُ. البَطَّاتُ سَابِحَاتٌ. تَحْلُبُ الْمَرأةُ الْبَقَرَاتِ. شَكَرْنَا لِلْمُحْسِنَاتِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... "نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب... "نَبِيُّنَا" مرکب مرکب غیر مفید الخ... "نَبِيٌّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف

[1] المنہاج الکامل: ۳۵۱۔

مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ مضاف الی المعرفۃ واحد مذکر سولہ اقسام میں سے جاری مجری صحیح.اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی.حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ.حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ.موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف... "نَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر مضاف الیہ... مضاف مضاف الیہ مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "مُحَمَّدٌ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین علم اسم متمکن معرب معرفہ بہ علم واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح.اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی.حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ.حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ.موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ... مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

✍ ... "عُثْمَانُ(رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "عثمانُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مسند الیہ علم اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ علم واحد مذکر سولہ اقسام میں سے غیر منصرف.اس کااعراب بالحرکت لفظی حکمی.حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ.حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ.موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)جملہ معترضہ لا محل لہا من الاعراب... "ثالثُ الخلفاءِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ غیرِ مفید الخ... "ثَالِثُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت مضاف اسم متمکن معرب معرفہ بہ معرفہ باضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح.اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی.حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ.حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ.موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف... "الْخُلَفَاءِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت دخول الف لام جمع اسم متمکن معرب معرفہ بہ معرفہ معرف باللام جمع مذکر مکسر جمع کثرت سولہ اقسام میں سے جمع مکسر منصرف.اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی.حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ.حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ.موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب غیر مفید مرکب ناقص مرکبِ اضافی ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ۔

فصل یازدہم: اسماءِ ستہ مکبرہ اور مثنّی کا بیان

۱۔ اسمائے ستہ مکبّرہ:

وہ وہ چھ اسماء جو حالت تصغیر میں نہ ہو اور "یاء" متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہوں، اسمائے ستہ مکبرہ یہ ہیں: "اَبٌ، أَخٌ، حَمٌ، هنٌ، فَمٌ، ذُوْمَالٍ"[1]۔ ان کے معانی یہ ہیں: "أَبٌ" کا معنی باپ۔ "أَخٌ" کا معنی بھائی۔ "هَنٌ" کا معنی وہ چیز جس کا تذکرہ ناپسندیدہ ہو، جیسے: شرمگاہ۔ "حَمٌ" کا معنی بیوی کا وہ رشتہ دار جو شوہر کی طرف سے ہو، جیسے: دیور۔ "فَمٌ" کا معنی منہ۔ "ذُوْ" کا معنی صاحب یا والا، جیسے: "ذُوْعِلْمٍ" صاحب علم، علم والا۔

اسمائے ستہ مکبرہ میں سے پہلے چار ناقص واوی ہیں جو اصل میں "أَبَوٌ، أَخَوٌ، هَنَوٌ، حَمَوٌ" تھے، ان میں "واوَ" متحرک ماقبل مفتوح ہے، "قَالَ" والا قانون جاری ہوا، پھر الف اور نون تنوین کے درمیان التقائے ساکنین کی وجہ سے "الف" گر گیا تو "أَبٌ، أَخٌ، هَنٌ، حَمٌ" ہوگئے اور "فَمٌ" اصل میں "فُوْهٌ" تھا، "ھا" کو خلاف قیاس گرا کر قرب مخرج کی وجہ سے "واوَ" کو "میم" سے تبدیل کیا تو "فَمٌ" ہو گیا اور جب کہ "ذُوْ" اصل میں "ذُوْوٌ" یا "ذُوْيٌ" لفیف مقرون تھا، آخر سے "واوَ" یا "یاء" کو حذف کر دیا تو "ذُوْ" ہو گیا اور یہ اکثر اسم جنس کی طرف مضاف ہوتا ہے۔

اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب:

ان کا اعراب بالحرف لفظی حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں "واوَ" لفظی کے ساتھ، حالت نصب میں " الف" لفظی کے ساتھ اور حالت جر میں " یاء" لفظی کے ساتھ۔ حالت رفعی کی مثال، جیسے: "جَاءَ اَبُوْكَ وَأَخُوْكَ وَهَنُوْكَ، وَحَمُوْكَ وَفُوْكَ وَذُوْ مَالٍ." حالت نصبی کی مثال، جیسے: "رَاَيْتُ أَبَاكَ وَأَخَاكَ وَهَنَاكَ وَحَمَاكَ وَفَاكَ وَذَامَالٍ". حالت جری کی مثال، جیسے: "مَرَرْتُ بِأَبِيْكَ وَأَخِيْكَ وَهَنِيْكَ وَحَمِيْكَ وَفِيْكَ وَذِيْ مَالٍ".

مذکورہ اعراب کے لیے پانچ شرطیں ہیں: ۱) مفرد ہوں، تثنیہ و جمع نہ ہوں، ورنہ تثنیہ و جمع والا اعراب ہو گا، یعنی جمع مکسر والا اعراب، کیونکہ ان کی جمع "جمع مکسر" آتی ہے، جیسے: "آبَاءٌ، إِخْوَةٌ، أَحْمَاءٌ، أَهْنَاءٌ، أَفْوَاهٌ" وغیرہ۔ ۲) مکبر ہوں مصغر نہ ہوں، ورنہ مفرد منصرف صحیح والا اعراب (بالحرکت لفظی حقیقی) ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أُخَيٌّ، رَأَيْتُ أُخَيًّا، مَرَرْتُ بِأُخَيٍّ"۔ ۳) مضاف ہوں غیر مضاف نہ ہوں، ورنہ مفرد منصرف صحیح والا اعراب (بالحرکت لفظی حقیقی) ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أَبٌ، رَأَيْتُ أَباً، مَرَرْتُ بِأَبٍ"۔ ۴) "یاء" ضمیر متکلم کی طرف مضاف نہ ہوں، ورنہ اسم مقصور والا اعراب (بالحرکت تقدیری حقیقی) ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أَبِيْ، رَأَيْتُ أَبِيْ، مَرَرْتُ بِأَبِيْ"۔ لیکن ان میں سے "ذُوْ" عام طور پر ضمیر کی طرف مضاف نہیں

[1] ہمع الہوامع: ۱/۱۳۵، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۱/۷۶۔

ہوتا، بلکہ اکثر اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ ۵) معرف باللام کی طرف مضاف نہ ہوں، ورنہ اعراب بالحرف تقدیری حقیقی ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أبُوالْقَوْمِ، رَأَيْتُ أَبَا الْقَوْمِ، مَرَرْتُ بِأَبِي الْقَوْمِ"۔ اگر یہ پانچ شرائط پائی جائیں تو تب اس کا اعراب بالحرف لفظی حقیقی ہو گا۔ (۱)

اسمائے ستہ مکبرہ کی اعراب کی سات صورتیں (۲):

اسمائے ستہ مکبرہ کے اعراب کے لیے سات صورتیں ہیں: ۱)۔ مکبرہ ہو، مصغرہ نہ ہوں، ورنہ جاری مجری صحیح والا اعراب ہو گا، جیسے: "جَاءَ أُبَيٌّ، رَأَيْتُ أُبَيًّا، مَرَرْتُ بِأُبَيٍّ". ۲)۔ مفرد ہوں، تثنیہ جمع نہ ہوں، ورنہ تثنیہ، جمع والا اعراب ہو گا، جیسے: "جَاءَ أَخْوَانِ، رَأَيْتُ أَخْوَيْنِ، مَرَرْتُ بِأَخَوَيْنِ". ۳)۔ مضاف ہوں، اگر مضاف نہ ہوں تو مفرد منصرف صحیح والا اعراب ہو گا، جیسے: "جَاءَ أَخٌ، رَأَيْتُ أَخاً، مَرَرْتُ بِأَخٍ". (پھر مضاف کی دو صورتیں ہیں، یا اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوں، یا اسم ضمیر کی طرف، اگر اسم ظاہر کی طرف مضاف ہو تو پھر اس کی بھی دو صورتیں ہیں:
یا اسم ظاہر معرف باللام ہو گا یا غیر معرف باللام ہو گا، اگر اسم ضمیر کی طرف مضاف ہوں تو پھر اس کی دو صورتیں ہیں، یا "ی" متکلم کی طرف مضاف ہوں گے، یا غیر "ی" متکلم کی طرف مضاف ہوں گے)۔ ۴)۔ اگر اسم ظاہر معرف باللام کی طرف مضاف ہوں تو ان کا اعراب بالحرف تقدیری حقیقی ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أَبُوالْقَوْمِ، رَأَيْتُ أَبَاالْقَوْمِ، مَرَرْتُ بِأَبَى الْقَوْمِ". ۵)۔ اگر ظاہر غیر معرف باللام کی طرف مضاف ہوں تو پھر اس کا اعراب بھی اعراب بالحرف لفظی حقیقی ہو گا، جیسے: "جَاءَ أَبُوْزَيْدٍ، رَأَيْتُ أَبَازَيْدٍ، مَرَرْتُ بِأَبِيْ زَيْدٍ". ۶)۔ اسم ضمیر "ی" متکلم کی طرف مضاف ہوں تو پھر اس کا اعراب غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم (غُلَامِيْ) والا ہو گا، جیسے: "جَاءَ أَبِيْ، رَأَيْتُ أَبِيْ، مَرَرْتُ بِأَبِيْ". ۷)۔ یا غیر "ی" متکلم کی طرف مضاف ہوں تو پھر اس اعراب بالحرف لفظی حقیقی ہو گا، جیسے: "جَاءَ أَبُوْكَ، رَأَيْتُ أَبَاكَ، مَرَرْتُ بِأَبِيْكَ". (۳)

۲۔ مثنی کا اعراب:

تثنیہ کی تین قسمیں ہیں: (الف) تثنیہ حقیقی، (ب) تثنیہ صوری، (ج) تثنیہ معنوی۔

(الف) تثنیہ حقیقی: وہ ہے میں یہ تین شرائط ہوں: ۱) اپنے مادہ سے اس کا واحد ہو۔ ۲) معنی بھی تثنیہ والا ہو۔ ۲) وزن بھی تثنیہ والا ہو، جیسے: "رَجُلَانِ" اس کا واحد "رَجُلٌ" ہے۔ (ب) تثنیہ صوری: وہ ہے، جس میں یہ دو شرطیں ہوں: ۱) معنی تثنیہ والا ہو۔

---

(۱) ہمع الہوامع: ۱/۱۳۵، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۱/۷۶۔
(۲) اسمائے ستہ مکبرہ کے مذکورہ شرائط سے یہ سات صورتیں مستفاد ہیں، لیکن اسے مستقل عنوان سے اہتمام فائدہ کے لیے لکھی گئی ہیں۔
(۳) شرح الاشمونی: ۱/۵۳، حاشیۃ الصبان: ۱/۱۰۸، ہمع الہوامع: ۱/۱۳۵۔

۲)وزن بھی تثنیہ والا ہوں، لیکن اپنے مادے سے مفرد نہ ہو، جیسے: "إِثْنَانِ، إِثْنَتَانِ". (ج) تثنیہ معنوی: وہ ہے جس میں مذکورہ شرائط میں سے صرف ایک شرط ہو کہ صرف معنیٰ تثنیہ والا ہو، تثنیہ کا وزن بھی نہ ہو اور نہ ہی اپنے مادہ سے اس کا مفرد ہو، جیسے: "کِلَا، کِلْتَا"[1].

۳۔ "کِلَا وَ کِلْتَا": جس وقت ضمیر کی طرف مضاف ہوں۔

۴۔ "إِثْنَانِ وَإِثْنَتَانِ": ان تینوں (مثنّٰی حقیقی، معنوی اور صوری) کا اعراب بالحرف لفظی حکمی، یعنی حالت رفع میں "الف" لفظی کیساتھ اور حالت نصب و جر میں "یاء" ماقبل مفتوح کیساتھ۔ مثنّٰی کی مثال، جیسے: "جَاءَ رَجُلَانِ، رَاَیْتُ رَجُلَیْنِ، مَرَرْتُ بِرجُلَیْنِ"۔ "کِلَاوَ کِلْتَا" کی مثال، جیسے: "جَاءَ کِلَاهُمَا، رَاَیْتُ کِلَیْهِمَا، مَرَرْتُ بِکِلَیْهِمَا"۔ اور "إِثْنَانِ وَإِثْنَتَانِ" کی مثال، جیسے: "جَاءَ إِثْنَانِ، رَاَیْتُ إِثْنَیْنِ، مَرَرْتُ بِإِثْنَیْنِ".

مذکورہ چار قسموں کا اعراب درج ذیل نقشہ میں ملاحظہ ہوں:

اقسامِ اسمائے متمکن	اعراب	اعراب اسمائے متمکن	مثال
اسمائے ستہ مکبرہ جب "ی" متکلم کے علاوہ دوسرے اسم کی طرف مضاف ہوں، دوسرا اسم خواہ اسم ظاہر غیر معرف بلام ہو، جیسے: "أَبُوْ زَیْدٍ" یا غیر یائے متکلم ہو، جیسے: "أَبُوْكَ"	اعراب بالحرف لفظی حقیقی	حالت رفع میں واؤ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں الف لفظی کیساتھ، حالت جر میں یاء لفظی کیساتھ	جَاءَ أَبُوْكَ ،جَاءَ أَبُوْ زَیْدٍ، رَأَیْتُ أَبَاكَ ،رَأَیْتُ أَبَا زَیْدٍ، مَرَرْتُ بِأَبِیْكَ، مَرَرْتُ بِأَبِي زَیْدٍ
تثنیہ حقیقی، جیسے: "رَجُلَانِ" تثنیہ صوری، جیسے "إِثْنَانِ، إِثْنَتَانِ" تثنیہ معنوی جب ضمیر کی طرف مضاف ہو، جیسے: "کِلَا، کِلْتَا"	اعراب بالحرف لفظی حکمی	حالت رفع میں الف لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں یا لفظی ماقبل مفتوح کیساتھ	جَاءَ رَجُلَانِ، إِثْنَانِ، کِلَاهُمَا، رَأَیْتُ رَجُلَیْنِ، إِثْنَیْنِ کِلَیْهِمَا، مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ، بِإِثْنَیْنِ بِکِلَیْهِمَا

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسمائے ستہ مکبرہ میں لفظ "ذُوْ" ضمیر کی طرف مضاف نہیں ہوتا، اکثر اسم جنس کی طرف مضاف ہوتا ہے اور کبھی

[1] بدر السعید: ۲۱۷۔

بطریق شذوذ ضمیر کی طرف بھی مضاف ہو جاتا ہے، لیکن بغیر اضافت کے کبھی مستعمل نہیں ہوتا۔ [۱]

فائدہ: اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب تقدیری ہے یا غیر تقدیری، اشاعی ہے یا منقولی ہے یا اشباعی اور منقولی دونوں ہیں، یا حرفی ہے یا حرکتی ہے؟ اس میں نحات کا شدید اختلاف ہے، علامہ سیوطیؒ نے "ہمع الہوامع" میں اس میں نحات کے بارہ مذاہب ذکر کیے ہیں۔ [۲]

قاعدہ: "فَمٌ" کا اعراب بالحرف لفظی حقیقی اس وقت ہوگا جب اس میں حرف "میم" نہ ہو، جیسے: "فُوْكَ"، ورنہ اس کا اعراب بالحرکت لفظی حقیقی ہوگا، جیسے حدیث میں ہے: "لَخَلوفُ فَمِ الصَّائمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رّائِحَةِ الْمِسْكِ." [۳]

قاعدہ: "فَمٌ" کو اگر اسم ظاہر یا اسم ضمیر کی طرف مضاف کریں تو اس کے "میم" کو ثابت رکھنا بھی جائز ہے، جیسے: "كَلِمَتُه مِنْ فَمِيْ إلَى فَمِهِ." اور "میم" کو حذف کرنا بھی جائز ہے، جیسے: "كَلِمَتُهُ مِنْ فِيّ إلَى فِيْهِ." یہ دونوں صورتیں جائز ہیں۔ [۴]

قاعدہ: "كِلَا وَكِلْتَا" کی اضافت کے لیے تین شرائط ہیں: ۱) اضافة الی المعرفة ہو، جیسے: "كَلَا رَجُلَيْنِ" کہنا درست نہیں۔ ۲) تثنیہ حقیقی کی طرف مضاف ہو، جیسے: "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ"۔ ۳) کلمہ ایک ہو، لہذا "كِلَا زَيْدٍ وَّ عَمْرٍو" کہنا غلط ہے۔ [۵]

قاعدہ: اگر "كِلَا وَكِلْتَا" اسم ظاہر کی طرف مضاف ہو تو اس کا اعراب بالحرف تقدیری حکمی ہوگا، جیسے: "جَاءَ كِلَا الرَّجُلَيْنِ، رَأَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ، مَرَرْتُ بِكِلَا الرَّجُلَيْنِ"۔ [۶] اس لیے کہ یہ "كِلَا وَكِلْتَا" باعتبار لفظ مفرد اور باعتبار معنی تثنیہ ہیں، تو باعتبار لفظ یہ اعراب بالحرکت کا تقاضا کرتا ہے اور باعتبار معنی اعراب بالحروف کا تقاضا کرتا ہے اور اعراب بالحرکت اعراب بالحرف کے مقابلے میں اصل ہے اس لیے اس کو یہ اعراب دیا گیا ہے۔ نیز "كِلَا وَكِلْتَا" اسم ظاہر اور اسم ضمیر دونوں کی طرف مضاف ہوتے ہیں اور اسم ظاہر اسم ضمیر کی بنسبت اصل ہے تو اس لیے نحات کہتے ہیں کہ اگر "كِلَا وَكِلْتَا" اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوں تو اعراب بالحرکت تقدیری ہوگا، کیونکہ اسم ظاہر بھی اصل ہے اور اعراب بالحرکت بھی اصل ہے اور اگر ضمیر کی طرف مضاف ہوں تو اعراب بالحرف ہوگا، کیونکہ اعراب بالحرف بھی فرع ہے اور اسم ضمیر بھی فرع ہے تاکہ مستحق کو حق استحقاق دیا جائے۔ [۷]

---

(۱) حاشیۃ الصبان: ۱/۱۱۰، شرح الاشمونی: ۱/۵۳، ہمع الہوامع: ۱/۱۳۵،

(۲) دیکھئے: ہمع الہوامع: ۱/۱۳۶۔

(۳) شرح الاشمونی: ۱/۵۳، جامع الدروس العربیۃ: ۲/۱۲۵۔

(۴) شرح التسہیل لابن مالک: ۳/۲۸۵، شرح التصریح: ۲/۴۲،۷۔

(۵) مغنی اللبیب: ۲۶۹، شرح الاشمونی: ۱/۱۵۴، الارتشاف لابی حیان: ۴/۱۸۱۴۔

(۶) شرح المفصل لابن یعیش: ۲/۱۵۶، النحو الوافی: ۱/۱۲۱۔

(۷) حاشیۃ الصبان: ۱/۱۱۷۔

فائدہ: "إِثْنَانِ" اور "اثْنَتَانِ" کا ہمزہ وصلیہ ہے درج کلام میں ساقط ہوجاتا ہے، البتہ "الْإِثْنَيْنِ" جب سوموار کے دن کا اسم علم بن جائے تو اس کا ہمزہ ضابطے کے مطابق قطعی ہوجاتا ہے، یہ اہل حجاز کی لغت ہے اور بنو تمیم اسے ہمزہ کے بغیر (ثِنْتَانِ) پڑھتے ہیں۔ [1]

فائدہ:: مسمی بالمثنیٰ (وہ اسم علم جو مثنی سے منقول ہو، جیسے: "حَسَنَان" جو "حَسَنٌ" کا تثنیہ ہے اگر کسی کا نام رکھ دیا جائے) کی اعراب کی دو صورتیں ہیں: ایک صورت یہ ہے کہ اس کو ملحقات تثنیہ شمار کر کے تثنیہ والا اعراب (اعراب بالحرف لفظی حکمی) دیا جائے، جیسے: "جَاءَ حَسَنَانِ، رَأَيْتُ حَسَنَيْنِ، مَرَرْتُ بِحَسَنَيْنِ" اور دوسری صورت یہ ہے کہ اسے "سَلْمَانُ، عُثْمَانُ" پر قیاس کر کے غیر منصرف والا اعراب دیا جائے، جیسے: "جَاءَ حَسَنَانُ ، رَأَيْتُ حَسَنَانَ، مَرَرْتُ حَسَنَانَ".

قاعدہ: منقول عن المثنیٰ اسم علم کو جب غیر منصرف کا اعراب بالحرکت دیا جاتا ہے تو اس وقت اگر اس پر الف لام داخل ہو تو حالت جری میں کسرہ کیساتھ پڑھا جائے گا، جیسے: "مَرَرْتُ بِالْحَسَنَانِ". [2]

فائدہ:: اسمائے ستہ مکبرہ جب اپنے مضاف الیہ سے مل کر کسی کا علم بن جائیں تو اس وقت ان پر اعراب جاری کرنا اور نہ کرنا دونوں صورتیں جائز ہیں، جیسے: "مقام ابی حنیفہ" اور "مقام ابو حنیفہ" دونوں طرح پڑھنا جائز ہیں، اسی طرح "رَأَيْتُ أَبَا يُوْسُفَ" اور "رَأَيْتُ أَبُوْيُوسُفَ" دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

تمرین:

درج مثالوں میں اسمائے ستہ مکبرہ اور تثنیہ و ملحقات تثنیہ کی اعراب کی تعیین کیجئے۔ نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

أَبُوْنَا آدَمُ. أَبُوْكَ رَجُلٌ صَالِحٌ. قَالَ أَبُوْ هُمْ. أَخُوْنَا عُمَرُ. إِجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ. ضَرَبْتُ أَخَاكَ. اضْرِبْ لَهُمْ مَثَلَ الرَّجُلَيْنِ. جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ. أَنَا أَخُوْكَ. جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ أَخِيْهِ. دَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ. أَرْسَلْنَاإِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ. أَخُوْكَ مَنْ وَّاسَاكَ. هٰذَانِ سَاحِرَانِ. أُطْرُدْ هَاتَيْنِ الْكَلْبَتَيْنِ. فِيْهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ. هُمَا مُدْهَامَّتَانِ. هُوَ ذُوْ عِلْمٍ. زَيْدٌ ذُوْ عَقْلٍ. رَأَيْتُ رَجُلاً ذَافَهْمٍ. مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ذِيْ لُبٍّ. هٰذَاطَعَامٌ ذُوْ مِلْحٍ. فُوْهُ أَجْمَلُ مِنْ فِيْ زَيْدٍ. حَمُوْكِ عَالِمٌ. رَأَيْتُ حَمَاهَا فِي الدَّارِ. اُسْتُرْ هَنَاكَ. حَضَرَنِيْ الرَّجُلاَنِ كِلاَهُمَا. اِشْتَرَيْتُ اللَّحْمَ بِدِرْهَمَيْنِ. بِعْتُ ثَوْبِيْ بِدِيْنَارَيْنِ. لَيُوْسُفُ وَأَخُوْهُ أَحَبُّ إِلٰى أَبِيْنَا. طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي اثْنَيْنِ. جَاءَ أَبُوْ حَسَنٍ مِنْ دَمِشْقَ. اشْتَرَيْتُ مِنَ الشَّرِيْكَيْنِ.

---

[1] ریح العبیر: ۹۴۔
[2] ریح العبیر: ۹۴۔

لَا تضَعْ أَصْبَعَكَ فِيْ فِيْكَ. احْتَرِمْ أَخَاكَ الْأَكْبَرَ. جَاءَ الْفَارِسَانِ كِلَاهُمَا. سَلَّمَتُ عِلَى الْمُسَافِرَيْنِ. رَضِيَ النَّاسُ عَنْ أَبِيْكَ. الْبَابَانِ مَفْتُوْحَانِ. ذَوْ الْمَالِ مَحْسُوْدٌ. غَابَتِ السَّيِّدَتَانِ كِلْتَاهُمَا. اعْطَفْ عَلى أَخِيْكَ الْأَصْغَرِ. أَصْبَحَ مُحَمَّدٌ ذَا يَسَارٍ. ضَعْ يَدَكَ عَلَى فِيْكَ عِنْدَ التَّثَاؤُبِ. هَذَا الأَسْتَاذُ ذُو عِلْمٍ بِالْمَوْضُوعِ. قَرَأْتُ مِنَ الْكِتَابِ صَفْحَتَيْنِ. دَنَوْتُ مِنَ الشَّجَرَتَيْنِ. اغْسِلْ فَاكَ بَعْدَ كُلِّ طَعَامٍ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... "أَبُوْنَا آدَمُ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "أَبُوْنَا" مرکب مرکب غیر مفید الخ ...... "اَبُوْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے اسمائے ستہ مکبرہ غیر مضاف الی "ی" متکلم، اس کا اعراب بالحرف لفظی حقیقی، حالت رفع میں واؤ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں الف لفظی کیساتھ اور حالت جر میں یاء لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں واؤ لفظی کیساتھ مضاف ...... "نَا" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر مضاف الیہ ......مضاف مضاف الیہ مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء ...... "آدمُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم علم اسم متمکن معرب معرفہ بہ علم واحد مذکر سولہ اقسام میں سے غیر منصرف، اس کا اعراب بالحرکت لفظی حکمی، حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر ......مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍ ......"فُوْهُ أَجْمَلُ مِنْ فِيْ زَيْدٍ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ...... "فوہ" مرکب مرکب غیر مفید الخ ...... "فُوْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے اسمائے ستہ مکبرہ غیر مضاف الی "ی" متکلم، اس کا اعراب بالحرف لفظی حقیقی، حالت رفع میں واؤ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں الف لفظی کیساتھ اور حالت جر میں یاء لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں واؤ لفظی کیساتھ مضاف ...... "هُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر مضاف الیہ ......مضاف مضاف الیہ مل کر مرکب ناقص مرکب اضافی ہو کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء ...... "أجملُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین مقدرہ اسم متمکن معرب نکرہ واحد مذکر سولہ اقسام میں سے غیر منصرف، اس کا اعراب بالحرکت لفظی حکمی، حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ...... "مِنْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف جارہ ...... "فِيْ زَيْدٍ" مرکب

مرکب غیر مفید الخ ......"فِيْ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ باضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے اسمائے ستہ مکبرہ غیر مضاف الی"ی"متکلم،اس کااعراب بالحرف لفظی حقیقی،حالت رفع میں واوَ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں الف لفظی کیساتھ اورحالت جرمیں یاء لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں یاء لفظی کیساتھ مضاف ......"زَيْدٍ"لفظ لفظ موضوع الخ ......سولہ اقسام میں سے اسم مفرد منصرف صحیح،اس کاعراب بالحرکت لفظی حقیقی،حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ ......مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب اضافی الخ ...... مجرور ہوا"مِن"جارہ کے لیے ......جاراپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "أَجْمَلُ"شبہ فعل کیساتھ ......"أَجْمَلُ"شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر ......مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل دوازدہم: جمع مذکر سالم، الف مقصورہ اور غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کا بیان

۱۔ جمع مذکر سالم کا اعراب:

جمع کی تین قسمیں ہیں: (الف) جمع حقیقی، (ب) جمع صوری، (ج) جمع معنوی

(الف)۔ جمع حقیقی: وہ ہے جس میں تین شرائط ہوں: ۱) دو سے زیادہ پر دال ہو۔ ۲) جمع کا وزن ہو۔ ۳) اپنے مادے سے اس کا مفرد بھی ہو، جیسے: "مُسْلِمُوْنَ، مُؤْمِنُوْنَ"۔ ان کا واحد "مُسْلِمٌ" اور "مُؤْمِنٌ" ہے۔ (ب) جمع صوری: وہ ہے، جس میں دو شرطیں ہوں: ۱) دو سے زیادہ پر دال ہو۔ ۲) جمع کا وزن ہو، لیکن اس مادے سے اس کا واحد نہ ہو، جیسے: "عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ"۔ (ج) جمع معنوی: وہ ہے، جس میں صرف ایک شرط ہو کہ وہ دو سے زیادہ پر دلالت کرے، لیکن جمع کے اوزان میں سے نہ ہو اور نہ اس مادے سے اس کا مفرد ہو، جیسے: "أُوْلُوْ" جو "ذو" کی جمع ہے۔

ان تینوں کا اعراب، اعراب بالحرف لفظی حکمی ہے، یعنی حالت رفع میں "واوْ" ما قبل مضموم کے ساتھ اور حالت نصب وجر میں "یاء" ما قبل مکسور کے ساتھ[1]۔ جمع مذکر سالم جمع حقیقی کی مثال، جیسے: "جَاءَ مُسْلِمُوْنَ، رَأَيْتُ مُسْلِمِيْنَ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ". جمع معنوی "أُولُوْ" کی مثال، جیسے: "جَاءَ أُولُوْ مَالٍ، رَأَيْتُ أُولِيْ مَالٍ، مَرَرْتُ بأُولِيْ مَالٍ". اور جمع صوری "عِشْرُوْنَ تا تِسْعُوْنَ" کی مثال، جیسے: "جَاءَعِشْرُوْنَ رَجُلاً، رَأَيْتُ عِشْرِيْنَ رَجُلاً، مَرَرْتُ بِعِشْرِيْنَ رَجُلاً".

۲۔ اسم مقصور کا اعراب:

وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو، خواہ ثابت ہو، جیسے: "مُصْطَفٰى" اور "الْعَصَا"، یا التقائے ساکنین کی وجہ سے ساقط ہو چکا ہو، جیسے: "عَصاً"[2]، اس کا اعراب، اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ تقدیری

---

[1] تثنیہ اور جمع کو اعراب حکمی اس لیے دیا کہ اعراب کے لیے تین حروف (واوْ، الف، یاء) تھے اور حالتیں کل چھ تھیں، تین تثنیہ کی اور تین جمع کی، اب تین حروف کو چھ حالتوں میں تقسیم کرنے کی دو صورتیں تھیں، پہلی صورت یہ تھی کہ ان حروف کو تثنیہ و جمع کے اعراب چھ حالتوں میں مشترک کر دیا جاتا اور دوسری صورت یہ ہے کہ تین حالتوں کو اعراب دے دیتے اور تین حالتوں کو چھوڑ دیتے، لیکن یہ دونوں صورتیں صحیح نہیں تھیں، اس لیے اگر سب میں مشترک کر دیے جاتے تو تثنیہ اور جمع کا التباس لازم آتا! اور اگر تین حالتوں کو اعراب دیتے تو تین حالتیں بغیر اعراب کے رہ جاتیں تو اس وجہ سے "الف" کو تثنیہ کی حالت رفعی کیساتھ خاص کر دیا اور "واوْ" کو جمع کی حالت رفعی کیساتھ خاص کر دیا۔ اب باقی ایک حرف بچ گیا اور چار حالتیں بچ گئیں تو ثنیہ و جمع کی حالت نصبی و جری کیساتھ "یاء" کو خاص کر دیا، پھر تثنیہ میں "یاء" کا ما قبل مفتوح کر دیا اور جمع میں "یاء" کا ما قبل مکسور کر دیا تا کہ دونوں میں فرق ہو اور التباس لازم نہ آئے۔

[2] "عَصاً" اصل میں "عَصَوٌ" تھا، قال والا قانون سے "واوْ" کو "الف" سے بدلا یا تو "الف" اور نون تنوین میں التقائے ساکنین کی وجہ سے "الف" گر گیا تو "عَصاً" ہو گیا، یہ الف پڑھا نہیں جاتا، اگر چہ لکھا جاتا ہے۔

کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ تقدیری کے ساتھ، جیسے: "جَاءَ مُصْطَفٰی، رَأَیْتُ مُصْطَفٰی، مَرَرْتُ بِمُصْطَفٰی".

عام کتب نحو میں اسم مقصور کی مثال "مُوْسٰی"[1] دی گئی ہے جو درست نہیں، کیونکہ "مُوْسٰی" بالاجماع غیر منصرف ہے تو اس کا اعراب غیر منصرف والا اعراب بالحرکت تقدیری حکمی ہو گا، یعنی حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ اور حالت نصب و جر میں فتحہ تقدیری کیساتھ۔ لیکن عام طور پر یہ کہاجاتا ہے کہ "مُوْسٰی" کا اعراب حالت جر میں کسرہ تقدیری کیساتھ! حالانکہ "مُوْسٰی" غیر منصرف ہے اور حالت جر میں اس پر کسرہ نہیں بلکہ فتحہ مقدر مانا جاتا ہے۔ اس لیے یہاں اسم مقصور کی موزون اور صحیح مثال اسم مقصور منصرف کی ہے نہ کہ اسم مقصور غیر منصرف کی اور وہ مثالیں یہ ہیں: "مُصْطَفَی، هُدَی، ضُحَی" وغیرہ[2]۔

یہاں یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ الف مقصورہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) اصلی منصرفہ، جیسے: "عَصیٰ"، ۲) زائدہ غیر منصرفہ، جیسے: "حُبْلَی"، یہاں اسم مقصورہ کی بحث میں الف سے مراد الف اصلی ہے۔[3]

اب اگر الف مقصورہ تانیث کے لیے ہو تو غیر منصرف ہو گا، جیسے: "حُبْلَی، عَطْشیٰ" وغیرہ اور اگر الف مقصورہ "واوٗ" یا "یاء" سے بدل ہو، یا الحاق کے لیے ہو تو ایسا اسم مقصور منصرف ہو گا اور اس کا اعراب (اعراب بالحرکت لفظی حقیقی) مفرد منصرف صحیح والا ہو گا، البتہ اسم مقصور منصرف اور مفرد منصرف صحیح میں فرق یہ ہے کہ اسم مقصور منصرف اسم مفرد اور منصرف تو ہے، لیکن صحیح نہیں، بلکہ معتل الآخر ہے اور چونکہ اس کے آخر میں حرف علت الف ہے جس پر کسی قسم کا اعراب پڑھنا ممکن ہی نہیں، اس لیے اسم مقصور منصرف کا اعراب تو مفرد منصرف صحیح والا ہو گا، لیکن صحیح نہ ہونے اور مقصور ہونے کی وجہ سے اس کا اعراب لفظی کی بجائے تقدیری ہو گا۔

اسم مقصور منصرف اور اسم منقوص اصل میں مفرد منصرف ہیں، اس لیے ان کا اعراب بھی وہی ہے جو مفرد منصرف کا ہے، صرف فرق یہ ہے کہ یہ صحیح نہیں، اس لیے ان کا اعراب تقدیری ہے، کیونکہ اسم مقصور کے آخر میں حرف علت الف ہے جس پر حرکات پڑھنا نہ ممکن ہے اس لیے تمام حرکات مقدر ہوں گی، لیکن فرق یہ ہے کہ اسم مقصور منصرف میں جر کا کسرہ مقدر

---

[1] "مُوْسیٰ" دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے: ۱) اسم النبی (سیدنا حضرت موسی علیہ السلام)۔ ۲) آلہ حلق (استرہ) اور اس کو "مُوْسَی الْحَدِیْدِ" کہتے ہیں، "مُوْسیٰ" اسم النبی غیر منصرف ہے، کیونکہ اس میں علم اور عجمہ ہے اور موسی الحدید عند البصریین منصرف ہے اس کا اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہے۔ (جہد قصیر: ۳۶، بدر السعید: ۲۲۰)۔

[2] ملخصاً ریح العبیر: ۹۷۔

[3] بدر السعید: ۲۲۰۔

مانا جائے گا اور غیر منصرف اسم مقصور میں جر کا فتحہ مقدر مانا جائے گا۔

اسم مقصور منصرف اور اسم مقصور غیر منصرف کی معرفت کا طریقہ:

اسم مقصور منصرف اور اسم مقصور غیر منصرف کی معرفت کا طریقہ یہ ہے کہ جس اسم مقصور پر تنوین آتی ہو وہ منصرف ہے اور جس پر تنوین نہ آتی ہو وہ غیر منصرف ہے، جیسے: "هُدًى وَّ بُشْرَى لِلْمُؤْمِنِيْنَ"، یہاں "هُدًى" اسم مقصور پر تنوین ہے اس لیے وہ منصرف ہے اور "بُشْرَى" پر تنوین نہیں اس لیے یہ غیر منصرف ہے اور جب اسم مقصور منصرف ہو تو "الف" کی بجائے تینوں حالتوں میں اس پر مفتوح تنوین موجود رہتی ہے جو الف کے التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف ہونے پر دلالت کرتی ہے اور جب یہ اسم مقصور مضاف ہوتا ہے، یا اس پر الف لام داخل ہو تو تنوین کے ساقط ہونے سے وہ الف مقصورہ واپس آجاتا ہے جو تنوین کے ہوتے ہوئے التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کردیا گیا ہوتا ہے، جیسے: ۱) "هُدًى لِلْمُتَّقِيْنَ"، ۲) "لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ" (مضاف اسم مقصور) اور ۳) "إِنَّ هُدَى اللهِ هُوَ الْهُدَى" (الف لام اسم مقصور پر داخل ہوا ہے)۔ [۱]

غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کا اعراب:

جمع مذکر سالم کے علاوہ کوئی اسم ہو اور "یاء" ضمیر متکلم کی طرف مضاف ہو، جیسے: "غُلَامِيْ" [۲]، اس کا اعراب، بقولِ مشہور اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ تقدیری کے ساتھ، جیسے: "جَاءَ غُلَامِيْ، رَأَيْتُ غُلَامِيْ، مَرَرْتُ بِغُلَامِيْ" [۳].

لیکن صاحب نحوِ میر اور دیگر نحات کا فرمانا کہ جمع مذکر سالم کے علاوہ جو اسم بھی یائے متکلم کی طرف مضاف ہو اس کا اعراب تینوں حالتوں میں اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی ہوگا، کئی وجوہ سے محل نظر ہے: پہلی بات تو یہ ہے کہ صرف جمع مذکر سالم کا استثناء محل نظر ہے، کیونکہ اس استثناء کے دو مفہوم ہیں: ایک مفہوم یہ ہے کہ اس اعراب میں جمع مذکر سالم شامل نہیں اور دوسرا مفہوم یہ ہے کہ اس کے ماسوا ہر قسم کا اسم اس حکم میں شامل ہے، حالانکہ یہ دعویٰ وجوہ سے غلط ہے: [۴]

---

[۱] ریح العبیر: ۹۸۔

[۲] یہ مثال بھی محل نظر ہے، تفصیل آگے قواعد و فوائد کے ذیل میں ملاحظہ ہو۔

[۳] مضاف الی الیاء میں اسم صحیح الآخر کو "یاء" کی مناسبت کا کسرہ دینا واجب ہے، جب "یاء" کی وجہ سے کسرہ دینا واجب ہو گیا اور اسے پہلے ہی کسرہ مل گیا تو اب اس پر کوئی بھی دوسرا اعراب پڑھنا متعذر ہو گیا، کیونکہ ایک اسم پر دو اعراب نہیں آسکتے، اس تعذر کی وجہ یہاں بھی تمام اعرابی حرکات مقدر ہوں گی، رہا یہ سوال کی جر کی صورت میں اس پر لفظاً کسرہ موجود ہے تو پھر کسرہ مقدر ماننے کی کیا ضرورت ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کسرہ جر کا نہیں، بلکہ "یاء" کی مناسبت کا ہے، اگر جر کا ہوتا تو نصب و رفع میں کیوں موجود ہوتا؟!

[۴] دیکھئے: ریح العبیر شرح نحو میر: ۹۹۔

پہلی وجہ: مثنی کا اعراب یائے متکلم کی طرف مضاف ہو کر بھی ہمیشہ لفظی رہتا ہے، اس اعراب سے صرف جمع مذکر سالم کو نہیں، بلکہ سب سے پہلے مثنیٰ کو مستثنیٰ کرنا ضروری تھا، اگر جمع مذکر سالم کو اس لیے مستثنیٰ کیا گیا ہے کہ حالت نصب وجر میں اس کی اعرابی "یاء" لفظاً موجود رہتی ہے تو مثنی کی تو تینوں اعرابی علامات "یاء" کی طرف مضاف ہو کر لفظاً موجود رہتی ہیں، مثنیٰ تو واحد قسم ہے جس کا اعراب یائے متکلم کی طرف مضاف ہو کر بھی ہر اعرابی حالت میں لفظی رہتا ہے، کبھی تقدیری ہوتا ہی نہیں، جیسے: "هَذَانِ وَلَدَایَ" میں "وَلَدَانِ" کا نون اضافت کے بعد ساقط ہوا تو رفع کا "الف" لفظاً موجود ہے، اسی طرح "دَعَوْتُ وَلَدَيَّ" میں منصوب "وَلَدَيْنِ" کا اضافت سے نون ساقط ہوا تو یائے متکلم سے پہلے "وَلَدَيْنِ" کی "یاء" لفظاً موجود ہے جو ساکن ہونے کی وجہ سے یائے متکلم میں مدغم ہو گئی ہے، اسی طرح "رَضِيْتُ عَنْ وَلَدَيَّ" میں "وَلَدَيْنِ" کی "یاء" لفظاً موجود ہے اور یائے متکلم میں مدغم ہو گئی ہے۔ [۱]

دوسری وجہ: جمع مذکر سالم کے علاوہ اس حکم سے اسم مقصور کا استثناء بھی ضروری ہے، کیونکہ وہ خود ذاتی طور پر ہمیشہ کے لیے تمام اعراب کو صرف تقدیراً قبول کرتا ہے، خواہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہو یا نہ ہو، جیسے: "فَمَنْ اتَّبَعَ هُدَایَ" میں "هُدَایَ" کے الف مقصورہ پر مفعولیت کے نصب کا فتحہ مضاف الی الیاء ہونے کی وجہ سے نہیں، بلکہ مقصور ہونے کی وجہ سے مقدر رہے!!

تیسری وجہ: جمع مذکر سالم کو مستثنیٰ کرنے کے علاوہ اسم منقوص کو بھی مستثنی کرنا ضروری ہے، کیونکہ اسے رفع اور جر تو پہلے سے تقدیراً ہے صرف حالت نصبی میں فتحہ لفظی کیساتھ ہے، اب جب وہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہو گا تو اگر وہ مرفوع ہے یا مجرور ہے تو اس کا ضمہ اور کسرہ تو پہلے سے اسم مقصور کی طرح مقدر رہے صرف حالت نصب میں اسے فتحہ لفظاً ملتا ہے، ایسے میں اگر یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو یہ کہا جائے گا کہ اس کا فتحہ پہلے لفظاً آرہا تھا اب "یاء" کی وجہ سے مقدر ہو گیا ہے اور جمع مذکر سالم کو بھی تو اس وجہ سے مستثنیٰ کیا گیا ہے کہ "یاء" کی طرف مضاف ہونے سے اس کی "واؤ" اگرچہ مقدر ہو جاتی ہے، لیکن نصب اور جر دونوں حالتوں میں "یاء" لفظاً مذکور رہتی ہے، یعنی ایک حالت میں "یاء" کی اضافت اس پر اپنا اثر چھوڑ جاتی ہے اور دو حالتوں میں نہیں چھوڑتی تو یہاں بھی یہی صورت حال موجود ہے تو اسے بھی اعراب کے اس حکم سے مستثنیٰ کرنا چاہیے!!

چوتھی وجہ: صاحب نحو میر اور دیگر کتب نحو کا بیان کردہ اعراب (اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی) درست نہیں، بلکہ اس کا اعراب بالحرکت تقدیری حکمی ہے، حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ اور حالت نصب و جر میں کسرہ تقدیری کیساتھ۔ کیونکہ ہم پڑھ چکے ہیں کہ جمع مؤنث سالم کو حالت نصب و جر دونوں میں کسرہ ملتا ہے، جیسے: "رَأَيْتُ الْبَنَاتِ" میں "بَنَاتِ"

---

[۱] تفصیل کے لیے دیکھئے: ربیع العبیر شرح نحو میر: ۹۸-۱۰۱۔

جمع مؤنث سالم ہے اس کو کسرہ کیساتھ نصب دیناواجب ہے، لیکن جب ہم اسے ”یاء“ متکلم کی طرف مضاف کر کے لاتے ہیں تو ”رَأَیْتُ الْبَنَاتِ“ کہتے ہیں، یہاں اس کو نصب فتحہ سے مل رہی ہے جو کہ لفظاً تو مذکور نہیں، لیکن مقدر ہے تو اسی طرح یہاں پر بھی نصب کا وہی کسرہ مقدر ہے جو ”یاء“ کی طرف مضاف ہونے سے پہلے لفظاً پڑھا جاتا تھا۔

تو اسی طرح اسم مفرد صحیح جب یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو ”یاء“ کی وجہ سے اس پر کسرہ پڑھنا واجب ہوتا ہے اسے حرکت مناسبت کہتے ہیں، اس لیے اس اسم مفرد صحیح کا اور جمع مذکر سالم کے علاوہ جمع کے ہر صیغہ کا اپنا اعراب مقدر ہو جاتا ہے، خواہ وہ اعراب ضمہ سے ہو، فتحہ سے ہو، یا کسرہ سے۔ متکلم کا اعرابی علامات کے تغیر و تبدل میں کوئی کردار نہیں۔ [۱]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: ”أُوْلُوْ“ اور ”عِشْرُوْنَ تاتِسْعُوْنَ“ کو ملحقات جمع مذکر سالم بھی کہتے ہیں۔

فائدہ: جمع مذکر سالم کو جمع لفظاً و معناً، ”أُوْلُوْ“ کو مشابہ جمع معناً اور ”عِشْرُوْنَ تاتِسْعُوْنَ“ کو مشابہ جمع لفظاً بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: ”أُوْلُوْ“ کا مضاف الیہ جب معرف باللام ہو تو اس وقت اس کا اعراب ”اعراب الحرف تقدیری حکمی“ ہو گا، جیسے: ”هُمْ أُوْلُو الْأَمْرِ، رَأَيْتُ أُوْلِي الْأَمْرِ، مَرَرْتُ بِأَوْلِي الْأَمْرِ“. [۲]

فائدہ:: جمع مذکر سالم کی بحث میں یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم علم اور صفت کے صیغوں سے آتے ہیں، لیکن تتبع اور استقراء سے متعدد الفاظ ایسے ملتے ہیں جن کی جمع ”واوَ“ اور ”نون“ کیساتھ آتی ہے، حالانکہ وہ صفت اور علم کے صیغے نہیں، جیسے: ”أَهْلُوْنَ، سِنُوْنَ، عَضُوْنَ، عِلِيُّوْنَ“ وغیرہ جمع مذکر سالم کے صیغے ہیں، اس لیے قرین قیاس یہ ہے کہ جمع مذکر سالم کے مذکورہ اعراب کو جمع مذکر سالم کیساتھ خاص نہ کیا جائے، بلکہ ہر وہ جمع جس کے آخر میں ”واوَ“ ما قبل مضموم اور ”یاء“ ما قبل مکسور ہو تو اس کو یہی اعراب (اعراب بالحرف لفظی حکمی) دیا جائے گا اور اسے جمع مذکر سالم کے ملحقات میں شمار کیا جائے گا۔ [۳]

فائدہ:: جمع مذکر سالم کے نون پر بجائے فتحہ کے کبھی بطریق شذوذ کسرہ بھی داخل کر دیا جاتا ہے اور تثنیہ کے نون پر کسرہ کی طرح فتحہ داخل کرنا بھی ایک لغت ہے۔ [۴]

فائدہ:: اعراب الحرف اصل میں صرف دو قسم کے اسماء کو دائما ملتا ہے: ۱) مثنیٰ اور ملحقاتِ مثنیٰ۔ ۲) جمع مذکر سالم اور اس

---

[۱] ریح العبیر: ۱۰۰۔
[۲] المنہاج الکامل: ۷۰۔
[۳] مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: النحو الوافی: ۱/۱۵۱۔
[۴] شرح ابن عقیل: ۱/۷۰۔

کے ملحقات کو، باقی تمام اسماء پر اعراب بالحرکت ہوتا ہے۔

قاعدہ: جب اسم مقصور یاء متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس کا آخر ساکن اور یاء مفتوح ہو گی، جیسے: ''هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا''(طٰہٰ:۱۸)۔

فائدہ: بعض اسماء پر اعراب کا ظہور متعذر ہوتا ہے اور بعض پر ثقیل ہوتا ہے، جہاں اعراب کا ظہور متعذر ہو وہاں کسی بھی اعراب کی علامت ظاہر نہیں ہوتی اور جہاں ثقیل ہو وہاں حرکات نہیں پڑھی جاتیں، البتہ خفیف حرکت پڑھی جاتی ہے، چناں چہ اسم کے آخر میں اگر ''الف'' آجائے (اسم مقصور) تو ''الف'' ایسا حرف ہے جس پر کسی بھی حرکت کا پڑھنا ناممکن ہے، اب اسم مقصور پر کوئی بھی حرکت نہیں پڑھی جاسکتی اور یہ اسم متمکن ہے اور اسم متمکن کا اعراب عوامل کیساتھ بدلنا ضروری ہے، اس لیے ہم فرض کرلیں گے کہ ''هُدَی، مُوْسَی'' وغیرہ اسماء پر (چونکہ یہ مبنی نہیں) اس لیے عوامل کے بدلنے سے اعراب تو بدل رہے ہیں، لیکن آخر میں ''الف'' آنے سے ان میں ایسا تعذر پیدا ہو گیا کہ ضمہ، فتحہ یا کسرہ پڑھا نہیں جارہا، اس لیے ہم فرض کرلیں گے کہ یہاں رفع کی حالت میں ضمہ ہے تو سہی، مگر ''الف'' کے تعذر کی وجہ سے پڑھا نہیں جارہا، نصب کی صورت میں یہاں فتحہ موجود تو ہے، لیکن تعذر کی وجہ ہم پڑھ نہیں سکتے اور جر کی حالت میں اگر منصرف ہو تو کسرہ اور غیر منصرف ہو تو فتحہ ہونا چاہیے، لیکن ''الف'' کی وجہ سے اس کا پڑھنا ممکن نہیں، اور ضمہ، فتحہ اور کسرہ اس لیے مقدر مانا جارہا ہے کہ بنیادی طور پر جمع کے تین اوزان کے علاوہ تمام اسمائے مقصورہ مفرد منصرف ہیں اور ''فَعْلَی، فَعَالَی، فُعْالَی'' کے تین اوزان اگرچہ جمع ہیں، لیکن جمع مکسر غیر منصرف ہیں، اعراب ان کا بھی حرکت سے ہی آتا ہے، فرق پڑے گا تو صرف منصرف اور غیر منصرف کا پڑے گا۔[1]

قاعدہ: اگر اسم متمکن پر اعراب نہ پڑھا جاسکتا ہو تو وہاں اس اسم کا اصل اعراب لفظی کی بجائے تقدیری ہو گا۔

فائدہ: اعراب (رفع، نصب، جر) کا تعلق عامل سے ہوتا ہے اور علامتِ اعراب کا تعلق اسم متمکن کی ذات سے ہوتا ہے (کہ وہ مفرد منصرف صحیح ہے، جمع مذکر سالم ہے یا جمع مؤنث سالم ہے وغیرہ) جب تک عامل نہ بدلے تب تک اعراب (رفع، نصب وجر) نہیں بدلتا اور جب تک اسم متمکن نہ بدلے تب تک اعراب کی علامت نہیں بدلتی، مثلاً: ''جَاءَ وَلَدٌ'' میں ''وَلَدٌ'' پر تب ضمہ رہے گا جب تک یہ کلمہ مفرد منصرف صحیح ہے، اگر اس کی جگہ ''وَالِدَانِ'' آجائے تو اسے ''الف'' سے رفع دیا جائے گا اور اگر ''الْمُسْلِمُوْنَ'' آجائے تو اسے ''واوَ'' سے رفع دیا جائے گا۔

فائدہ: یائے متکلم کا اضافت کے بعد خود اپنا حکم یہ ہے کہ اگر اس سے پہلے کوئی حرف علت آئے (اسم مقصور، اسم منقوص، تثنیہ یا

---

[1] ربح العبیر:۱۰۲۔

جمع مذکر سالم کی صورت میں) تو اس وقت یائے متکلم کو مبنی علی الفتح پڑھنا واجب ہوتا ہے اور ایسے تمام اسماء کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے، جیسے: "هَدَایَ، دَاعِیَّ، أَخَوَایَ، نَاصِرِیَّ"، (ان میں سے کسی اسم کو "یاء" کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے مناسبت کا وجوبی کسرہ نہیں دیا گیا) اور ان کے علاوہ کوئی بھی اسم صحیح (خواہ مفرد ہو یا جمع) جب "یاء" کی طرف مضاف ہو تو "یاء" کو مبنی علی السکون کرنا بھی فصیح ہے اور مبنی علی الفتح کرنا بھی فصیح ہے اور اس صورت میں "یاء" کی مناسبت کے لیے مضاف کے آخری حرف کو کسرہ دینا واجب ہے (یعنی مناسبت کا کسرہ صرف ان اسماء کو دینا واجب ہے)، مبنی علی السکون کی مثال، جیسے: "هَذَاصِرَاطِیْ، قُلْ لِعِبَادِیْ" اور مبنی علی الفتح کی مثال، جیسے: "یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ أَسْرَفُوْا، مَاأَغْنَى عَنِّی مَالِیَه"، (اصل میں "مَالِیْ" ہے آیت کے آخر میں "یاء" کے فتحہ کو ظاہر کرنے کے لیے اس پر "هَاءُالْوَقْفِ" کا اضافہ کیا گیا ہے)۔[1]

قاعدہ: یائے متکلم جب ساکن ہو تو مضاف الیہ ہونے کی صورت میں اکثر حذف ہو جاتی ہے، جیسے: "لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنٌ"، یہاں اصل میں "دِیْنِیْ" ہے، ایسے میں حذف "یاء" پر دلالت کرنے لیے مضاف الیہ پر کسرہ پھر بھی برقرار رہتا ہے، خواہ اس کا اعراب کچھ ہی کیوں نہ ہو۔[2]

قاعدہ: جب حروف مشبہ بالفعل کیساتھ "مَا" ملحق ہوتی ہے، تو انہیں عمل سے روک دیتی ہے، اسی وجہ اسے "مَا" کافہ کہا جاتا ہے، جیسے: "إِنَّمَا یَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ". (الرعد:۱۹) اور "كَأَنَّمَا یَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ". (الانعام:۱۲۵)۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں جمع مذکر سالم اور اس کے ملحقات اور اسم مقصور، غیر جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کی اقسام کی نشاندہی کریں، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

إِنَّمَا یَتَذَكَّرُ أُولُواالْأَلْبَابَ. اللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ. اسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ. هٰذَا أَخِیْ . قَالَ مُوْسٰی لِأَخِیْهِ. إِسْمُهُ یَحْيٰ. هٰذَاكِتَابِیْ . هُوَ عَبْدِیْ. هٰؤُلَاءِ إِخْوَتِیْ. اُذْكُرُوْا نِعْمَتِیْ. رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ. أُولٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ . نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ. لاَ تُطِعِ الْكَافِرِیْنَ. هُوَ خَیْرُالْحَاكِمِیْنَ. هُمْ أُولُوْعَقْلٍ. مَرَرْتُ بِسَبْعِیْنَ رَجُلاً. اللّٰه یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ. بَلَغَ الْعُلٰى بِكَمَالِه. كَشَفَ الدُّجٰى بِجَمَالِهِ. لاَ تَتَّبِعْ سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ. مَالَ قَلْبِیْ. رَبِّیَ اللّٰهُ. نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ . هٰذَاصِرَاطِیْ. وَاعَدْنَامُوْسٰى ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً. اُدْخُلِیْ فِیْ جَنَّتِیْ. لاَ تَقْصُصْ رُؤْیَاكَ عَلٰى إِخْوَتِكَ. لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى. لاَ تُشْمِتْ بِیَ الْعِدَا.

---

[1] ریح العبیر:۱۰۱۔
[2] ریح العبیر:۱۰۱۔

أُولُو الْعَزِيْمَةِ أُوْلُو الْمَشْوَرَةِ. رَضِيتُ عَنِ الْفَتَى. قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ. انْتَصَرْتُ عَلَى الْعِدَا. الْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا. لا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ. إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ. آتُوا الْيَتَامَى أَمْوَالَهُم. طُوْبَى لِلزَّاهِدِينَ في الدُّنْيا. عَلَّمَ أَبُوْ لَيْلَى مُوسَى القُرآنَ . مَنَعْتُ الْأَذَى. نُحِبُّ الْمُجْتَهِدِيْنَ. ضَاعَتِ الْعَصَا. نَشْجَعُ اللَّاعِبِيْنَ. يَحْتَاجُ الْوَطَنُ إِلَى الْمُخْلِصِيْنَ. الْاقْتِصَادُ سَبِيْلُ الْغِنَى.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

... "إِنَّمَا يَتَذَكَّرُأُولُواالْأَلْبَابِ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "إِنَّ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف از حرف مشبہ بالفعل مبنی مبنی الاصل ملغی از عمل ... "مَا" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل ماکافہ ... "يَتَذَكَّرُ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت تصریف فعل مضارع معرب عامل مسند فعل ... "أُولُواالْأَلْبَابِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید الخ ... "أولُو" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ اضافت جمع مذکر سولہ اقسام میں سے جمع مذکر سالم، اس کا اعراب اعراب بالحرف لفظی حکمی، حالت رفع میں واؤ ما قبل مضموم کیساتھ، حالت نصب و جر میں یاء ما قبل مکسور کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں واؤ ما قبل مضموم کیساتھ مضاف ... "الأَلْبَابِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام جمع اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ الف لام جمع قلّت سولہ اقسام میں سے جمع مکسر منصرف، اس کا اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ حالت میں جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص الخ ... معمول مسند الیہ فاعل ... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

... "إِسْتَغْفِرْلِلْمُؤْمِنِيْنَ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "إِسْتَغْفِرْ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل الخ ... عامل مسند فعل ... اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل مفرد الخ ... معمول مسند الیہ فاعل ... "لِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف الخ حرف جارہ ... "اَلْمُؤْمِنِيْنَ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام جمع اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ الف لام جمع کثرت سولہ اقسام میں سے جمع مذکر سالم، اس کا اعراب اعراب بالحرف لفظی حکمی، حالت رفع میں واؤ ما قبل مضموم کیساتھ، حالت نصب و جر میں یاء نا قبل مکسور کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں یاء ما قبل مکسور کیساتھ مجرور ... جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "إِسْتَغْفِرْ" فعل کیساتھ ... فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍... "هذَا أَخِيْ":
لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب ِمفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب... "هذَا" لفظ لفظ موضوع الخ... مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتدا... "أَخِيْ "لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مرکب الخ... "أخ "لفظ لفظ موضوع الخ... سولہ اقسام میں سے غیر جمع مذکر سالم مضاف الی یاء متکلم، اس کا اعراب اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی، حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ، حالت جر میں کسرہ تقدیری کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ مضاف... "ی "لفظ لفظ موضوع الخ... مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص الخ... مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

فصل سیزدہم: اسم منقوص اور جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم

۱۔اسم منقوص کا اعراب:

وہ اسم ہے جس کے آخر میں یاء ما قبل مکسور ہو، خواہ ثابت ہو، جیسے: ''قَاضِيْ''، یا التقائے ساکنین کی وجہ سے محذوف ہو گئی ہو، جیسے: ''قَاض ''[۱]. اس کا اعراب، اعراب بالحرکت مشترک ہے، یعنی حالت رفعی میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصبی میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جری میں کسرہ تقدیری کیساتھ، جیسے: ''جَاءَ الْقَاضِيْ، رَأَيْتُ الْقَاضِيَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِيْ ''.اسم منقوص کی ''یاء''منصوب حالت میں ہمیشہ ظاہر ہوتی ہے، جیسے:۱)''وَدَاعِياً إِلَى اللهِ''، ۲)أَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللهِ ،۳)يَتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَاعِوَجَ لَهُ''اور مرفوع و مجرور حالت میں اگر مضاف یا معرف باللام ہو تو ظاہر ہوتی ہے، جیسے: ''أَرْسَلَ الْقَاضِيْ إِلَى الْمُحَامِيْ رِسَالَةً''(جج نے وکیل کو خط بھیجا)۔۲)''أَرْسَلَ قَاضِي الْمَحْكَمَةِ إِلَى مُحَامِي الْجَانِيْ رِسَالَةً''(عدالت کے جج نے مجرم کے وکیل کو خط بھیجا)اور اگر اسم منقوص مجرور و مرفوع حالت میں نہ مضاف ہو اور نہ ہی معرف باللام ہو تو اس وقت اس کی ''یاء'' حذف ہو جاتی ہے، جیسے: ''كَتَبَ مُحَامٍ إِلَى جَانٍ رِسَالَةً''(ایک وکیل نے ایک مجرم کو خط لکھا)![۲]

۲۔ جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کا اعراب:

جمع مذکر سالم جو''ی''ضمیر متکلم کی طرف مضاف ہو، جیسے: ''مُسْلِمِيَّ''. اس کا اعراب بالحرف مشترک ہے، یعنی حالت رفعی میں ''واؤ'' تقدیری کے ساتھ، حالت نصبی اور جری میں ''یاء'' ما قبل مکسور کے ساتھ، جیسے: ''هٰؤُلَاءِ مُسْلِمِيَّ، رَأَيْتُ مُسْلِمِيَّ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيَّ''. ''مُسْلِمِيَّ''اصل میں ''مُسْلِمُوْنَ'' تھا۔ نون اضافت کی وجہ سے گر گیا تو ''مُسْلِمُوْيَ'' ہو گیا، ''واوَ'' اور ''یاء'' جمع ہو گئے، پہلا ساکن تھا تو ''واوَ'' کو ''یاء'' سے بدل دیا تو ''مُسْلِمُيْيَ'' ہو گیا، پھر ''یاء'' کو ''یاء'' میں ادغام کر دیا تو ''مُسْلِمُيَّ'' ہو گیا، پھر ''میم'' کے ضمہ کو ''یاء'' کی مناسبت کی وجہ سے کسرہ سے بدل دیا تو ''مُسْلِمِيَّ''[۳] ہو گیا[۴]۔

جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم میں تعلیل کی وجہ یہ ہے کہ جب یاء سے پہلے جمع مذکر سالم کا واوَ آئے تو اس کا یاء سے پہلے پڑھنا تو ضمہ سے بھی زیادہ ثقیل ہے اس لیے جمع مذکر سالم اگر مرفوع حالت میں مضاف ہو تو یاء سے پہلے جمع کی

---

(۱) ''قَاض''اصل میں ''قَاضِيٌ'' تھا، ضمہ ''یاء'' پر ثقیل تھا، اس کو گرایا تو ''یاء'' اور ''نون تنوین'' میں التقائے ساکنین کی وجہ سے ''یاء'' گر گیا تو ''قَاض'' ہوا۔

(۲) ربیع العبیر:۱۰۴۔

(۳) یہاں پہلے دخول الف لام والا قانون جاری ہوا، پھر ''قويل قوية'' والا قانون جاری ہوا، پھر اس کے بعد ''دِعِی'' والا قانون جاری ہوا۔

(۴) یہ جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کی حالت رفعی کی تعلیل ہے، نہ حالت نصبی و جری کی۔ (جہد قصیر:۳۷)

واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے اور پھر یاء کا یاء میں ادغام واجب ہے، جس طرح مفرد اسماء کو یاء کی مناسبت کے لیے کسرہ دینا واجب تھا اسی طرح واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے، لیکن حالت نصبی و جری میں چونکہ جمع مذکر سالم کو یاء سے اعراب ملتا ہے اور یہ یاء ساکن ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ یائے متکلم سے پہلے کوئی بھی حرف علت آئے تو یائے متکلم کو مبنی علی الفتح پڑھنا واجب ہے، جب یہاں پہلی ساکن اور دوسری متحرک یاء ایک حکمی کلمی میں جمع ہوئیں تو ان کا ادغام واجب ہو گیا اور چونکہ یاء اپنی اصل حالت میں موجود رہ کر یائے متکلم میں مدغم ہوئی ہے اس لیے ہم کہیں گے کہ جمع مذکر سالم منصوب اور مجرور حالت میں یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس کی یاء لفظاً پڑھی جاتی ہے۔ [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسم منقوص جب اضافت اور لام سے خالی ہو تو حالت رفعی اور جری میں "یاء" کو حذف کیا جاتا ہے اور اس کے عوض آخر میں تنوین لائی جاتی ہے اور حالت نصبی میں "یاء" باقی رہتی ہے، حالت رفعی کی مثال، جیسے: "إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ "(الرعد:۷) حالت جری کی مثال، جیسے: "وَمَنْ يُضْلِلِ اللهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ"(غافر:۳۳) حالت نصبی کی مثال، جیسے: "وَكَفَى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا"(الفرقان:۳۱)۔

قاعدہ: جب اسم منقوص یاء متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس کی "یَاء" کو "یَاء" میں مدغم کیا جاتا ہے اور "یَاء" متکلم مبنی پر فتحہ ہوتی ہے، جیسے "یاقاضیَّ".

قاعدہ: اسم منقوص کے آخر میں "یاء" لازمہ غیر مشددہ ہوتی ہے، جیسے: "قَاضِيْ، دَاعِيْ، عَالِيْ، بَاقِيْ، مُسْتَعْلِيْ، مُرْتَقِيْ" وغیرہ۔ [2]

فائدہ: اگر اسم منقوص میں "یاء" تعلیل صرفی تنوین یا کسی اور وجہ سے گر جائے تو وہ موجود کی حکم میں ہوتی ہے، جیسے: "اقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ" اور "هَذَا دَاعٍ لِلْخَيْرِ" میں اعراب "یاء" پر مقدر ہے۔ [3]

قاعدہ: اگر اسم منقوص غیر منصرف ہو تو اس پر غیر منصرف کا حکم جاری ہو گا۔

فائدہ: اگر اسم منقوص غیر منصرف علم ہو، جیسے: "جَوَارٍ، قَوَاضٍ (مؤنث کے علم ہیں)" تو مذہب مشہور کے مطابق اس پر کسرہ مقدر نہیں مانا جائے گا، بلکہ یہ تقدیراً مفتوح ہو گا، پھر اس پر فتحہ بالذات حرکت خفیف ہونے کی وجہ سے پڑھا جائے گا یا یہ فتحہ

---

[1] ملخصاً ریح العبیر:۱۰۳۔
[2] النحو الوافی:۱/۱۹۰۔
[3] ہامش النحو الوافی:۱/۱۹۰۔

کسرہ (جو ثقیل ہے) کی نیابت کی وجہ سے پڑھا جائے گا اس میں دو رائے ہیں، دوسری رائے زیادہ مشہور ہے۔[۱]

فائدہ: اسم منقوص میں یہ چیزیں داخل نہیں:۱) جملہ اقسام معتل اللام ۔ ۲) وہ اسم جس کے آخر میں "یاء" مشدد ہو، جیسے: "کُرْسِيٌّ"۔ ۳) وہ اسماء جو مختوم بالیاء ہوں، لیکن مبنی ہوں، جیسے: "الَّذِیْ، الَّتِیْ، ذِیْ" وغیرہ۔ ۴) وہ اسماء جن کے آخر میں "یاء" غیر لازمہ ہو، جیسے: اسمائے ستہ مکبرہ حالت جری میں۔ ۵) وہ اسماء معربہ جن کے آخر میں "یاء" غیر لازمہ ہو، جیسے: "ظَبْيٌ، وَحْيٌ" وغیرہ۔[۲]

فائدہ: بعض اوقات اسم منقوص مفرد معرف باللام سے حالت رفع و جر میں "یاء" حذف ہوتی ہے، جیسے قرآن مجید میں ہے: " إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَاد." یہاں "الْبَاد" اصل میں "الْبَادِیْ" تھا اس سے حالت رفع میں "یاء" حذف ہوئی ہے اور اسی طرح "وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ" میں "بِالْوَادِ" سے حالت جری میں "یاء" حذف ہو چکی ہے اور اسی طرح یہ مثال ہے: " عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ" یہاں بھی حالت رفعی میں "یاء" حذف ہوئی ہے۔[۳]

فائدہ: اسم منقوص میں یائے ساکنہ پر ضمہ اور کسرہ دونوں ثقیل ہیں، ضمہ اس لیے ثقیل ہے کہ ضمہ یاء کی مخالف حرکت ہے اور مخالف حرکت کیساتھ یاء کا ادا کرنا اہل عرب ثقیل سمجھتے ہیں اور کسرہ اس لیے ثقیل ہے کہ وہ یاء کے موافق حرکت ہے، کسرہ کو آدھی یاء کہا جاتا ہے اور ایک یاء کو دو کسروں کے برابر سمجھا جاتا ہے، اگر کسرہ کے متصل بعد یا مکسور آئے تو چار کسروں کا اجتماع لازم آئے گا جو اہل عرب کے نزدیک شدید ثقیل شمار کیا جاتا ہے، اس ثقل کی وجہ نہ اسم منقوص پر رفع کا ضمہ ظاہر ہو سکتا ہے نہ ہی جر کا کسرہ ظاہر ہو سکتا ہے، لیکن ان دونوں کے برعکس فتحہ نہ یاء کا مخالف ہے کہ اس کی ادائیگی یاء پر بوجھ بن جائے اور نہ ہی کسرہ کی طرح اس کا جزء ہے کہ اس سے اجتماع کسرات اربعہ لازم آئے، اس لیے اس کا یاء پر پڑھنا ثقیل نہیں، اس لیے اسم منقوص پر نصب کا فتحہ لفظاً آتا ہے۔[۴]

فائدہ: جمع مذکر سالم کی اضافت یاء متکلم کی طرف بہت قلیل ہے، قرآن مجید میں اس کی صرف ایک مثال ملتی ہے: "وَمَا أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ." (ابراہیم:۲۲).

---

[۱] ہامش النحو الوافی:۱/۱۹۱۔
[۲] النحو الوافی:۱/۱۹۲۔
[۳] النحو الوافی:۱/۱۹۷۔
[۴] ریح العبیر:۱۰۳۔

قاعدہ: اگر جمع مذکر سالم معرف باللام کی طرف مضاف ہو تو اس کا اعراب بالحرف تقدیری حکمی ہو گا، جیسے: "هُمْ مُسْلِمُو الْهِنْدِ، رَأَيْتُ مُسْلِمَ الْهِنْدِ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيِّ الْهِنْد".

فائدہ: موصول کی طرف راجع ہونے والی ضمیر کو حذف کرنا جائز ہے، بشرطیکہ التباس لازم نہ آتا ہو، جیسے: "ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْداً" (سورۃ المدثر:۱۱) أيْ خَلَقْتُهُ "اور" فَاقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ" ۔أيْ قَاضِيْهِ وغیرہ۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسم منقوص اور جمع مذکر سالم مضاف بیائے متکلم کی تعیین کیجیے، نیز نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

إِقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ. الدَّاعِيْ اَللهُ. لَقِيْتُ مُكْرِمِيَّ. أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا. تَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ. أَرَاهُ الْأيَةَ الْكُبْرٰى. بِعِ الدُّنْيَا بِالْأٰخِرَةِ. هُوَ رَاضٍ عَنْكَ. جَاءَهُ الْأَعْمٰى. قَالَ الْمَسِيْحُ اعْبُدُوْااللهَ. اَلْمَعَاصِيْ مُهْلِكَةٌ. مَأْوٰى الْكَافِرِيْنَ جَهَنَّمُ. عُقْبٰى الْكَافِرِيْنَ النَّارُ. قَالَ مُوْسٰى لِفَتَاهُ. يَسْئَلُوْنَكَ عِنْ ذِى الْقَرْنَيْنِ. اُذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيْمَ. ضَاقَ صَدْرِيْ. المَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ . اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا. يَجْعَلُوْنَ أَصَابِعَهُمْ فِيْ اٰذَانِهِمْ. عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآء. لاَتَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةِ. بَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ. عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ. اللهُ لاَيَهْدِى الظَّالِمِيْنَ. عِنْدِيْ سِتُّوْنَ رَجُلاً. قَتَلَ دَاودُ جَالُوْتَ. أَجِيبُوا دَاعِيَ الله. سَأَلَ القَاضِي الجَانِيَ عَنْ جُرْمِهِ. حَكَمَ الْقَاضِيْ بِالسِّجْنِ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ. جَاءَنِي مُعلِّمِيَّ. نَظَرْتُ إِلَى الْجَانِيْ. نَادَى الْمُنَادِيْ. يَكْرَهُ النَّاسُ الْبَاغيَ. بِالرَّاعِيْ تَصْلِحُ الرَّعِيَّةَ. الْغَرَضُ السَّامِيْ مِنَ الْحَيَاةِ أَنْ تَعِيْشَ سَعِيْداً. الرَّجُلُ الْقَاسِيْ مَكْرُوْهٌ. يَصْعُبُ السَّفَرُ فِي الصَّحَارَي. الوَادِيْ خَصَيْبٌ. لَا يَأْمَنُ الْإِنْسَانُ عَوَادِيَ الزَّمَانِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... "إِقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ":

لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "إِقْضِ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل الخ... عامل مسند فعل ... اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد الخ... معمول مسند الیہ فاعل... "ما" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد الخ... اسم موصول... "أَنْتَ قَاضٍ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید الخ... جملہ خبریہ اسمیہ... "أَنْتَ" لفظ لفظ موضوع الخ... مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "قَاضٍ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم الخ... سولہ اقسام میں اسم منقوص، اس کا اعراب بالحرکت مشترک، حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ تقدیری کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ... مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ

ہو کر صلہ ہوا"ما"اسم موصول کے لئے... صلہ اپنے موصول سے مل کر مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل جملہ انشائیہ امریہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

✍... "لَقِيْتُ مُكْرِمِيَّ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "لَقِيْتُ"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل الخ... عامل مسند فعل... اس میں "تُ"ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد الخ... معمول مسند الیہ فاعل... "مُكْرِمِيَّ"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیرِ مفید الخ... "مُكْرِمِی"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت جمع اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت جمع مذکر سالم جمع قلت سولہ اقسام میں جمع مذکر سالم مضاف الی یاء متکلم،اس کا اعراب اعراب بالحرف مشترک،یعنی حالت رفع میں واوَ تقدیری کیساتھ اور حالت نصب و جر میں یاء ماقبل مکسور کیساتھ،موجودہ اعراب حالت نصب میں یاء ماقبل مکسور کیساتھ مضاف... "ی"ضمیر لفظ لفظ موضوع الخ... مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

✍... "تَوَلّٰی فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید الخ... جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "تولّی"لفظ لفظ موضوع الخ... عامل مسند فعل... "فرعون"لفظ لفظ موضوع الخ... سولہ اقسام میں غیر منصرف،اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حکمی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ۔موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ معمول مسند الیہ فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ... "فا"عاطفہ... "جَمَعَ كَيْدَهُ"لفظ لفظ موضوع الخ... جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف ... معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

✍... "جَاءَهُ الْأَعْمٰی":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید الخ... جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "جَاءَ"لفظ لفظ موضوع الخ... عامل مسند فعل... "ہ"ضمیر لفظ لفظ موضوع الخ... مفعول بہ مقدم... "الْأَعْمٰی"لفظ لفظ موضوع الخ... سولہ اقسام میں اسم مقصور،اس کا اعراب اعراب بالحرکت تقدیری حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جر میں کسرہ تقدیری کیساتھ۔موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ معمول مسند الیہ فاعل مؤخر... فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

✍... "قَالَ الْمَسِيْحُ اعْبُدُوا اللّٰهَ":

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید الخ... جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "قَالَ"لفظ لفظ موضوع الخ... عامل مسند فعل... "الْمَسِيْحُ"لفظ لفظ موضوع الخ... معمول مسند الیہ فاعل... "اعْبُدُوا اللّٰهَ"لفظ لفظ موضوع الخ... جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ ... فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

فصل چہاردہم: فعل مضارع کا اعراب

۱۔ اعرابِ فعل مضارع[۱]:

فعل مضارع کے اعراب کی تین قسمیں ہیں[۲]:

۱)۔ رفع ۲) نصب ۳) جزم

رفع یہ اس ضمہ اور اثبات نون کو کہتے ہیں جو مقتضی عامل کو بیان کرے، جیسے: "یَضْرِبُ، یَضْرِبُوْنَ". ۲) نصب: اس فتحہ اور حذف نون کو کہتے ہیں جو مقتضائے عامل کو بیان کرے، جیسے: "لَنْ یَّضْرِبَ، لَنْ یَّضْرِبُوْا"۔ ۳) جزم اس سکون حذف نون اور حذف حرف علت کو کہتے ہیں جو موجب عامل کو بیان کرے، جیسے: "لَمْ یَضْرِبْ، لَمْ یَضْرِبُوْا، لَمْ یَغْزُ".

پھر فعل مضارع میں رفع کی دو صورتیں ہیں: ۱) رفع ضمہ کیساتھ، جیسے "یَضْرِبُ". ۲) رفع باثبات نون اعرابی، جیسے: "یَضْرِبَانِ". اور نصب کی بھی دو صورتیں ہیں: ۱) نصب فتحہ کیساتھ، جیسے: "لَن یَّضْرِبَ". ۲) نصب باسقاط نون اعرابی، جیسے: "لَن یَّضْرِبَا، لَن یَّضْرِبُوْا". اور جزم کی تین صورتیں ہیں: ۱) جزم سکون کیساتھ، جیسے: "لَمْ یَضْرِبْ". ۲) جزم بحذفِ حرف علت، جیسے: "لَمْ یَدْعُ". ۳) جزم باسقاط نون اعرابی، جیسے: "لَمْ یَضْرِبَا، لَمْ یَضْرِبُوْا".[۳]

اقسام اعراب:

فعل کی تین قسمیں ہیں: ۱) فعل ماضی، ۲) فعل مضارع، ۳) فعل امر حاضر۔ ان میں سے فعل ماضی اور فعل امر حاضر تو مبنی ہیں اور فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں دو صیغے جمع مؤنث غائبات اور جمع مؤنث مخاطبات مبنی ہیں اور باقی بارہ صیغے

---

(۱) مضارع کی وجہ تسمیہ میں کئی اقوال ہیں، چند یہ ہیں:
۱۔ مضارع کے معنی ہے "مشابہ" اس کی اسم فاعل کے ساتھ تین چیزوں میں مشابہت ہے:۔ (الف)۔ تعدادِ حروف میں، (ب)۔ سکناتِ حروف میں، (ج)۔ حرکاتِ حروف میں جیسے: یَضْرِبُ، ضَارِبٌ کے ساتھ تعدادِ حروف، حرکات و سکنات میں مشابہ ہے۔ ۲۔ اسم فاعل کے شروع میں لام ابتدائی ہے تو اسی طرح فعل مضارع کے شروع میں بھی لام ابتدائیہ آتا ہے جیسے: اسم فاعل کی مثال: إِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ فعل مضارع کی مثال جیسے: إِنَّ زَیْدًا لَیَضْرِبُ. ۳۔ جس طرح اسم فاعل نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے تو اسی طرح مضارع بھی نکرہ کی صفت واقع ہوتی ہے اسم فاعل کی مثال جیسے: مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ فعل مضارع کی مثال جیسے: مَرَرْتُ بِرَجُلٍ یَّضْرِبُ. ۴۔ جس طرح اسم جنس میں عموم و خصوص کا احتمال ہوتا ہے اور لام عہدی کے ساتھ اس میں تخصیص ہوجاتی ہے تو اسی طرح فعل مضارع میں حال اور استقبال کا احتمال ہے تو سَوْفَ اور سِیْن کی وجہ سے تخصیص پیدا ہو کر مستقبل کے ساتھ مختص ہوجاتا ہے۔ ۵۔ مضارع "ضَرْعٌ" سے مأخوذ ہے بمعنی پستان، جیسے ایک پستان سے دو بچے دودھ پیتے ہیں تو اسی طرح مضارع میں بھی دو زمانے پائے جاتے ہیں، حال اور استقبال گویا یہ دونوں مشبہ (مضارع) اور مشبہ بہ (اسم فاعل) آپس میں رضاعی بھائی ہیں، تو اسی وجہ سے اسے مضارع کہتے ہیں۔ (مراح الأرواح ۲۳۔ ۲۴، شرح المفصل لابن یعیش: ۶/۴)۔

(۲) ماقبل یہ بات بیان ہوچکی ہے کہ معرب کی دو قسمیں ہیں: ۱) اسم متمکن بشرطیکہ ترکیب میں واقع ہو۔ ۲) فعل مضارع کے وہ صیغے جو نون جمع اور نون تاکید مباشر سے خالی ہوں، اب اسم متمکن کے اعراب بیان کرنے کے بعد فعل مضارع کے اعراب کو بیان کیا جاتا ہے۔

(۳) النحو الوافی: ۱/۱۷۷۔

معرب ہیں، یہاں ان بارہ صیغوں کا اعراب بیان کیا جارہا ہے۔

اب اعراب کے اعتبار سے فعل مضارع کی چار قسمیں ہیں:

۱)۔ صحیح: یہ وہ مضارع ہے جو مفرد صحیح ہو اوران ضمائر بارزہ سے خالی ہو جو تثنیہ، جمع مذکر اورواحدہ مؤنث مخاطبہ میں ہوتے ہیں، اس کا اعراب تینوں حالتوں میں لفظی ہے، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں سکون لام کیساتھ، جیسے: "هُوَ يَضْرِبُ، لَنْ يَّضْرِبَ، لَم يَضْرِبْ". اس کو صحیح مجرد از ضمائر بارزہ برائے تثنیہ و جمع مذکر و واحدہ مؤنث بھی کہتے ہیں۔

۲)۔ مفرد معتل واوی ویائی: فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں حرف علت "واوَ" یا "یاء" ہو اور ضمائرہ بارزہ سے خالی ہوں، اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذفِ لام کیساتھ، جیسے: "هُوَ يَغْزُوْ وَ يَرْمِيْ، لَنْ يَّغْزُوَ ولَنْ يَّرْمِيَ، لَمْ يَغْزُ ولَمْ يَرْمِ". اس کو مفرد معتل واوی یایائی مجرد از ضمائر بارزہ بھی کہتے ہیں۔

۳)۔ مفرد معتل الفی: فعل مضارع کے وہ صیغے ہیں جن کے آخر میں حرف علت "الف" ہو اور ضمائر بارزہ سے خالی ہوں، اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ، جیسے: "هُوَ يَرْضٰى، لَنْ يَّرْضٰى، لَمْ يَرْضَ". اس کو مفرد معتل الفی مجرد از ضمائر بارزہ بھی کہتے ہیں۔

۴)۔ صحیح یا معتل باضمائر بارزہ و نونہائی اعرابیہ: فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں ضمائر بارزہ اور نون اعرابی [1] ہو، خواہ آخر میں حرف علت ہو، یا نہ ہو اور یہ سات صیغے (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر کے اور ایک واحدہ مؤنث مخاطبہ کا) ہیں، اس کا اعراب

---

[1] نون کی دو قسمیں ہیں:۔ ۱۔ نون اصلی، ۲۔ نون زائدہ

۱۔ نون اصلی: جو فاء، عین، لام کلمہ کے مقابلے میں ہو جیسے: نَصَرَ، مَنَعَ، سَكَنَ.

۲۔ نون زائدہ: جو فاء، عین، لام کلمہ کے مقابلے میں نہ ہو جیسے: اِنْصَرَفَ، اِخْرَنْجَمَ.

نون زائدہ کی پانچ قسمیں ہیں: ۱۔ نون علامت، ۲۔ نون اعرابی، ۳۔ نون بنائی، ۴۔ نون تنوین، ۵۔ نون تاکید۔

۱۔ نون علامت: جو کسی باب کی علامت ہو جیسے باب انفعال اور افعنلال میں نون علامت ہے۔ ۲۔ نون اعرابی: جو معرب میں ہو اور ضمہ اعرابی کے عوض میں ہو جیسے: يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ. ۳۔ نون بنائی: جو کسی کے عوض نہ ہو اور جمع مؤنث کے آخر میں ہو جیسے: يَضْرِبْنَ. ۴۔ نون تنوین: جو پڑھا جائے لیکن لکھا نہ جاسکے اور لکھنے میں دو زبر، دو زیر، دو پیش کی صورت میں لکھا جائے اس کی پانچ قسمیں ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں۔ ؏

تنوین پنج قسم است اے بارِ من بگیر　　اول تمکن است ثانی عوض ثالث تنکیر

دیگر مقابلہ است ترنم برادرم　　ایں پنج یاد کن شعری شاہ بے نظیر

۵۔ تنوین تاکید: جو فعل کی تاکید کے لئے لائی جائے اس کی دو قسمیں ہیں:۔ ۱۔ نون ثقیلہ اِضْرِبَنَّ، ۲۔ نون خفیفہ اِضْرِبَنْ۔

پھر فعل مضارع میں نون زائدہ تین قسم پر ہیں:۔ ۱۔ نون اعرابی (جو سات صیغوں میں ہوتا ہے)، ۲۔ نون ضمیری (جو صرف دو صیغوں میں ہوتا ہے)، ۳۔ نون تاکید جو تمام صیغوں کے آخر میں لاحق ہوتا ہے۔ دیکھئے قانونچہ کامروی ہماری تعلیق و تحقیق کیساتھ۔

حالت رفع میں اثباتِ نون اعرابی[۱] کیساتھ، حالت نصب و جزم میں اسقاطِ نونِ اعرابی کیساتھ۔ فعل مضارع کے یہ سات صیغے صورۃً ان اسماء کے مشابہ تھے جو تثنیہ و جمع ہوں، کیونکہ ان کی صورت بھی تثنیہ و جمع والی ہے، لہٰذا جس طرح اسماء میں تثنیہ و جمع کا اعراب حرف کیساتھ ہوتا ہے، اسی طرح ان کو بھی حرف (نون اعرابی) دیا گیا ہے۔

(الف)۔ حالت رفعی کی مثال، جیسے: "هُمَا يَضْرِبَانِ ويَغْزُوَانِ ويَرْمِيَانِ ويَرْضَيَانِ" یہ تثنیہ کے صیغے ہیں۔ "هُمْ يَضْرِبُوْنَ وَهُمْ يَغْزُوْنَ وَهُمْ يَرْمُوْنَ وَهُمْ يَرْضَوْنَ" یہ جمع مذکر کے صیغے ہیں۔ "أَنْتِ تَضْرِبِيْنَ وتَغْزِيْنَ وتَرْمِيْنَ وتَرْضَيْنَ" یہ واحدہ مؤنث مخاطبہ کے صیغے ہیں۔

(ب)۔ حالت نصبی کی مثال، جیسے: "لَنْ يَّضْرِبَا ولَنْ يَّغْزُوَا ولَنْ يَّرْمِيَا ولَنْ يَّرْضَيَا" یہ تثنیہ کے صیغے ہیں۔ "لَنْ يَّضْرِبُوْا ولَنْ يَّغْزُوْا ولَنْ يَّرْمُوْا لَنْ يَّرْضَوْا" یہ جمع مذکر کے صیغے ہیں۔ "لَنْ تَضْرِبِيْ ولَنْ تَغْزِيْ ولَنْ تَرْمِيْ ولَنْ تَرْضَيْ" یہ واحدہ مؤنث مخاطبہ کے صیغے ہیں۔

(ج)۔ حالت جزمی[۲] کی مثال، جیسے: "ولَمْ يَضْرِبَا وَلَمْ يَغْزُوَا ولَمْ يَرْمِيَا ولَمْ يَرْضَيَا" یہ تثنیہ کے صیغے ہیں۔ "لَمْ يَضْرِبُوْا لَمْ يَغْزُوْا ولَمْ يَرْمُوْا و لَمْ يَرْضَوْا" یہ جمع مذکر کے صیغے ہیں۔ "لَمْ تَضْرِبِيْ ولَمْ تَغْزِيْ ولَمْ تَرْمِيْ ولَمْ تَرْضَيْ" یہ واحدہ مؤنث مخاطبہ کے صیغے ہیں۔

اعراب فعل مضارع کا ایک اور منہج:

بعض اہل علم نے فعل مضارع کا اعراب اس طرح بیان کیا ہے کہ فعل مضارع کی دو قسمیں ہیں: ۱) مفرد الوزن (وہ صیغے جو مفرد کے وزن پر آتے ہیں)، جیسے: "يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، أَضْرِبُ، نَضْرِبُ". ۲) ضمائر بارزہ بانون اعرابی: وہ صیغے جن کے آخر میں ضمیر بارز بھی ہو اور نون اعرابی بھی[۳]۔ اس دوسری قسم کو نحات کے اصطلاح میں افعال خمسہ[۴] کہتے ہیں۔ پھر افعال خمسہ کا بلا تفریق تمام ہفت اقسام میں ایک ہی اعراب ہے حالت رفع میں باثبات نون اعرابی اور حالت نصب و جزم میں

---

[۱] ان اعراب کا وجہ حصریہ ہے کہ فعل مضارع دو حال سے خالی نہیں، نون اعرابی سے خالی ہو گا یا نون اعرابی کیساتھ، اگر نون اعرابی سے خالی ہو تو یہ پانچ صیغے ہیں: "يَضْرِبُ، تَضْرِبُ، تَضْرِبُ، أَضْرِبُ، نَضْرِبُ"، پھر یہ پانچ صیغے تین حال سے خالی نہیں، صحیح ہوں گے یا معتل واوی ویائی ہوں یا معتل الفی ہوں گے، اگر صحیح ہوں تو یہ اعراب کی پہلی قسم ہے اور اگر معتل واوی ویائی ہوں تو یہ دوسری قسم ہے اور اگر معتل الفی ہوں تو یہ تیسری قسم ہے اور اگر فعل کے آخر میں نون اعرابی ملحق ہو تو یہ چوتھی قسم ہے۔ (جہد قصیر: ۳۷، بدر السعید: ۲۲۳)

[۲] یہاں جرم سے مراد وہ سکون ہے جو عوامل جازمہ کی وجہ سے فعل مضارع کے آخر میں آئے، لہٰذا وہ سکون جو وقف کی وجہ سے ہو خارج ہو جائے گا، کیونکہ وہ تو ماضی میں بھی ہوتا ہے، حالانکہ ماضی مبنی الاصل ہے۔ (المنہاج الکامل: ۷۶)

[۳] اس قید سے جمع مؤنث کے دونوں صیغے خود بخود خارج ہو گئے، کیونکہ ان کے آخر میں نون اعرابی نہیں، بلکہ ضمیر جمع مؤنث ہے۔

[۴] النحو الوافی: ۱/۱۷۷۔

باسقاط نون اعرابی[۱]۔ پھر قسم اول مفرد صیغوں کی دو قسمیں ہیں:۱) صحیح،۲) معتل۔ صحیح کا اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں سکون کیساتھ ہے اور معتل کی پھر آگے دو قسمیں ہیں:۱) معتل الفی،۲) معتل واوی ویائی۔ معتل الفی کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کلمہ کیساتھ ہے اور جب کہ معتل واوی ویائی کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ ہے۔[۲]

فعل مضارع میں معتل یا صحیح کی معرفت کا مدار:

فعل مضارع میں معتل یا صحیح کی معرفت کا مدار پہلے صیغے پر ہے، مثلاً اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ "لَمْ یَقْضِ" اور "یَقْضُوْنَ" صحیح ہیں یا معتل، تو ان کے فعل مضارع کا پہلا صیغہ "یَقْضِیْ" ہے اور "یَقْضِیْ" کے آخر میں "یاء" ہے، معلوم ہوا کہ یہ معتل یائی ہیں، نیز حالت جزمی میں جن صیغوں کے آخر سے لام کلمہ حذف ہوتا ہے آپ دیکھیں کہ لام کلمہ حذف ہونے کے بعد آخری حرف پر کونسی حرکت ہے، اگر کسرہ ہو تو وہ "یاء" کی حذف ہونے کی علامت ہے، لہذا وہ صیغہ معتل یائی ہو گا، جیسے: "لَمْ یَقْضِ" اور اگر فتحہ ہو تو وہ "الف" کے حذف ہونے کی علامت ہے، لہذا وہ کلمہ متعل الفی ہو گا، جیسے: "لَمْ یَرْضِ" اور اگر ضمہ ہو تو وہ "واؤ" کے حذف ہونے کی علامت ہے، لہذا وہ کلمہ معتل واوی ہو گا، جیسے: "لَمْ یَغْزُ"۔ لیکن یہ یاد رکھیں کہ یہ قاعدہ صرف معلوم کے صیغوں میں چلے گا، کیونکہ مجہول کے صیغوں سے لام کلمہ حذف ہونے کے بعد آخری حرف پر صرف فتحہ ہی ہوتا ہے، جیسے: "لَمْ یَقْضِ، لَمْ یَرْضِ، لَمْ یَغْزُ" وغیرہ۔[۳]

اسم معرب اور فعل مضارع میں اعراب کی یکسانیت:

اسم معرب اور فعل معرب (مضارع) کا اعراب بالکل ایک جیسا ہے اور اسباب و علل بھی دونوں کے ایک ہی جیسے ہیں، اس کی مختصر وضاحت یہ ہے کہ یہ بات اسم متمکن کے اعراب کے ذیل میں بیان ہو چکی ہے کہ اسم مفرد منصرف کا اعراب بالحرکت لفظی ہے، پھر صحیح اور معتل میں فرق یہ ہے کہ معتل میں اعراب مقدر ہوتا ہے اور فعل مضارع میں بھی یہی صورت حال ہے کہ صحیح کا اعراب بالحرکت لفظی ہے اور معتل میں اعراب تقدیری ہوتا ہے اور جب کہ مفرد منصرف میں بھی معتل کی دو قسمیں ہیں:۱) الفی،۲) غیر الفی، اور معتل الفی (اسم مقصور) پر تعذر کی وجہ سے کوئی بھی حرکت نہیں پڑھی جاتی، جب کہ

---

(۱) فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے سات صیغوں میں نون اعرابی ہوتا ہے جو یہ ہیں:۔۱۔ تثنیہ مذکر غائبین، ۲۔ جمع مذکر غائبین، ۳۔ تثنیہ مؤنث غائبتین، ۴۔ تثنیہ مذکر مخاطبین، ۵۔ جمع مذکر مخاطبین، ۶۔ واحدہ مؤنث مخاطبہ، ۷۔ تثنیہ مؤنث مخاطبتین۔

(۲) ملخصاً ریح العبیر:۱۰۶۔

(۳) المنہاج الکامل:۶۷۔

غیر الفی (اسم منقوص) میں ثقل کی وجہ سے کسرہ اور ضمہ تو نہیں پڑھا جاتا، لیکن فتحہ ضرور پڑھا جاتا ہے اور فعل مضارع میں بھی معتل کی یہی دو قسمیں ہیں: ۱) الفی، ۲) غیر الفی۔ اور دونوں کا وہی حکم ہے کہ الفی میں ضمہ اور فتحہ دونوں تعذر کی وجہ سے نہیں پڑھے جاتے جب کہ غیر الفی میں ضمہ تو نہیں پڑھا جاتا، البتہ نصب کا فتحہ ضرور پڑھا جاتا ہے، پھر تثنیہ اور جمع کی " واؤ" اور "الف" اسم میں چونکہ خود اعراب کی علامات تھیں، اس لیے وہاں ان میں تصرف کیا گیا اور فعل مضارع میں چونکہ واؤ الف (اور واحد مؤنث مخاطبہ کی "یاء") خود نہیں، بلکہ ان کے بعد آنے والا نون اعراب کی علامت ہے، اس لیے اس میں تصرف کیا گیا، کیونکہ یہ "یاء" اسم میں جمع مذکر سالم کی "یاء" سے مشابہت رکھتی ہے، گویا اسم میں بھی اور فعل میں بھی اعراب بالحرف کا تعلق تثنیہ اور جمع یا ان کے ملحقات سے ہے۔ اب فعل مضارع اور اسم کی اعراب کی یکسانیت کے حوالے سے چند مثالیں ذکر کی جاتی ہیں: [1]

۱)۔ مفرد منصرف صحیح: (الف)۔ "يَخْلُقُ اللهُ"، فعل اور اسم دونوں کا اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ہے، کیونکہ دونوں مفرد صحیح ہیں۔ (ب)۔ "أَنْ نَعْبُدَ الْأَصْنَامَ"، فعل مضارع اور اسم دونوں مفرد صحیح ہونے کی وجہ سے ان کا اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ ہے۔ (ج)۔ "أَلَمْ نَخْلُقْكُمْ مِنْ مَاءٍ مَهِيْنٍ"، فعل مضارع کو جزم سکون لفظی سے اور اسم معرب کو جر کسرہ لفظی کی وجہ سے ملا ہے۔

۲)۔ مفرد معتل الفی: (الف): "مُوْسىٰ يَخْشَى اللهَ"، اسم اور فعل دونوں مرفوع بالضمہ تقدیراً ہیں، کیونکہ دونوں معتل الفی ہیں اس لیے دونوں کا ضمہ مقدر رہے۔ (ب): "إِنَّ عِيْسَى لَنْ يَخْشَى أَحَداً إِلَّا اللهَ"، مفرد معتل الفی ہونے کی وجہ سے اسم معرب اور فعل مضارع دونوں منصوب تقدیراً ہیں۔ (ج)۔ "لَمْ يَرْضَ الْوَالِدُ عَنْ زَكَرِيَّا"، فعل مضارع معتل الفی مجزوم بحذف حرف علت ہے اور اسم مقصور مجرور تقدیراً ہے، فعل تو مجرور نہیں ہو سکتا۔

۳)۔ مفرد معتل غیر الفی: (الف): "يَقْضِي الْقَاضِيْ". (ب): "يَغْزُوالْغَازِيْ"، فعل میں چونکہ معتل غیر الفی دونوں طرح "یاء اور واؤ سے" آتا ہے اور اسم میں صرف "یاء" سے آتا ہے، اس لیے فعل کی دو طرح کی اور اسم کی ایک طرح دی گئی ہے، دونوں مثالوں میں مفرد معتل غیر الفی فعل مضارع اور اسم معرب دونوں مرفوع بالضمہ تقدیراً ہیں۔ (ج): "إِنَّ الدَّاعِيَ لَنْ يَدْعُوَا أَحَداً إِلَى الشَّرِ." (د): "إِنَّ الْقَاضِيَ لَنْ يَّقْضِيَ إِلَّا بِالْعَدْلِ"، ان مثالوں میں اسم منقوص اور فعل معتل واوی و یائی منصوب بالفتحہ لفظاً ہیں۔ اسی طرح تثنیہ اور جمع میں اسم معرب اور جمع مذکر سالم کے صیغے اور فعل مضارع میں الف، واؤ، یا "یاء" کی ضمائر بارزہ کے صیغے شکل و صورت میں بالکل ایک جیسے ہیں، لیکن فرق یہ ہے کہ اسم میں الف، واؤ اور یاء خود اعراب کی علامات ہیں اور ان کے بعد آنے والا نون مفرد کی تنوین کا عوض ہے، جب کہ فعل میں آنے والا الف، واؤ اور یاء ضمیر فاعل ہے

---

[1] مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: ربح العبیر: ۱۰۶-۱۰۸۔

اوران کے بعد آنے والا نون اعراب کی علامت ہے۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: معتل الفی سے ناقص اور لفیف مطلقاً جو "فَعِلَ يَفْعَلُ" کے وزن ہوں مراد ہیں۔

قاعدہ: نصب اور رفع اسم اور فعل دونوں کا مشترک اعراب ہیں، جر اور جزم میں دونوں کے راستے الگ ہوجاتے ہیں، جر اسم کا خاصہ ہے اور جزم فعل کا خاصہ ہے۔

فائدہ: جزم کے معنی سکون کے ہیں، پھر سکون کی دو قسمیں ہیں: ۱) اعرابی، ۲) بنائی، سکون اعرابی معرب میں ہوتا ہے جو کسی عامل سے پیدا ہوتا ہے اور اس کو جزم کہتے ہیں اور سکون بنائی مبنی میں ہوتا ہے اور اس کو وقف کہتے ہیں۔ [۱]

فائدہ: فعل مضارع کے اعراب کا وجہ حصریہ ہے: فعل مضارع کے صیغوں میں ضمیر بارز ہوگی، یا مستتر۔ اگر ضمیر بارز ہو تو حالت رفع میں باثبات نون اعرابی۔ اور حالت نصب و جزم میں باسقاط نون اعرابی۔ اگر ضمیر مستتر ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، صیغہ صحیح کا ہوگا یا معتل کا۔ اگر صیغہ صحیح کا ہو حالت رفع میں ضمہ کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ کیساتھ اور حالت جزم میں حذف حرکت کیساتھ۔ اور اگر صیغہ معتل ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں۔ معتل واوی، یایائی ہوگا، یا معتل الفی کا۔ اگر معتل واوی یایائی کا ہو تو حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں بحذف حرف علت۔ اور اگر صیغہ معتل الفی کا ہو تو حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اور حالت جزم میں بحذف حرف علت۔

فائدہ: فعل مضارع کا اعراب دو صیغوں (جمع مؤنث غائبات، جمع مؤنث مخاطبات) کے علاوہ سب پر جاری ہوتا ہے، کیونکہ یہ دونوں صیغے مبنی ہیں، نیز فعل مضارع کے آخر میں لحوق نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ [۲] کی وجہ سے بھی اعراب جاری نہیں ہوتا۔

---

[۱] جہد قصیر: ۳۷۔

[۲] نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: ایک نون ثقیلہ جو مشدد ہوتا ہے، دوسرا نون خفیفہ جو ساکن ہوتا ہے، دونوں کے احکام حسب ذیل ہیں:

(الف): نون ثقیلہ کے احکام: ۱۔ نون ثقیلہ مضارع کے سب صیغوں کے آخر میں اور لام تاکید سب صیغوں کے شروع میں آتا ہے اور اس کے آنے سے نون اعرابی گرجاتے ہیں۔ ۲۔ جمع مذکر غائب و مخاطب کے صیغوں سے "واؤ" اور واحدہ مونث حاضر کے صیغے سے "یاء" بھی ساقط ہوجاتی ہے۔ ۳۔ جمع مؤنث غائب و مخاطب کے نون کے پیچھے "الف فاصل" لایا جاتا ہے تاکہ نون ضمیر اور نون ثقیلہ کے اجتماع سے ثقل واقع نہ ہو۔ کیونکہ نون ثقیلہ نون کے قائم مقام ہوتا ہے، لہذا اس اجتماع سے تین نون ہوجاتے ہیں۔ ۴۔ نون ثقیلہ کا ماقبل چار تثنیوں میں اور دو جمع مؤنث غائب حاضر میں "الف ساکن" ہوتا ہے، جمع مذکر غائب و مخاطب میں مضموم، اور واحد مؤنث مخاطب میں مکسور اور باقی پانچ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔ ۵۔ نون ثقیلہ اگر "الف" کے بعد واقع ہو تو مکسور ہوگا ورنہ مفتوح ہوگا۔

(ب): نون خفیفہ کے احکام: ۱۔ نون خفیفہ ان صیغوں میں آتا ہے جہاں نون ثقیلہ کے پہلے "الف" نہیں ہوتا، کیونکہ اس قسم کے دو ساکنوں کا اجتماع کلام عرب میں دشوار ہے اور وہ آٹھ صیغے ہیں، ان مقامات پر نون خفیفہ کے ماقبل کا حال مثل نون ثقیلہ کے ہوتا ہے۔ ۲۔ نون ثقیلہ اور خفیفہ دونوں مضارع کے معنوں میں تاکید پیدا ہونے کے سوا لفظوں میں بھی کچھ تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ (کتاب الصرف: ۲۵-۲۶)

فائدہ: فعل مضارع معرب ہے، کیونکہ فعل مضارع اور اسم فاعل میں من کل الوجوہ مشابہت تامہ ہے، یعنی حرکات وسکنات میں دونوں مساوی ہیں، جیسے: ''یَضْرِبُ، ضَارِبٌ''اس مثال میں دونوں کے الفاظ اور حرکات وسکنات برابر ہیں۔ نیز دونوں لام ابتداء کے دخول میں بھی موافق ہیں، لہذا کثرت مشابہت کی بناء پر فعل مضارع کو معرب قرار دیا گیا ہے۔[۱]

فائدہ: فعل مضارع بالاتفاق معرب ہے، لیکن وجہ معرب ہونے میں بصریین اور کوفیین کا اختلاف ہے، بصریین مشابہت اسم فاعل کی وجہ سے مضارع کے معرب ہونے کے قائل ہیں، جیسا کہ علامہ رضی الدین استر آبادی کہتے ہیں:"المضَارِعُ مُعْرَبٌ لِمُشَابَهَتِه"اور کوفیین مضارع کو مشابہت کی وجہ سے معرب نہیں مانتے، بلکہ اصالۃً معرب کے قائل ہیں، کیونکہ حروف مشترکہ "لَا" کے داخل ہونے کی وجہ سے اس میں معانی مختلفہ پیدا ہوتے ہیں، مثلاً:"لَا يَضْرِبُ"میں "لَا" نفی بھی ہو سکتا ہے اور "لَا" نہی بھی۔ اس کا اشتباہ اعراب سے ختم ہو سکتا ہے اور معانی مختلفہ کی تعیین اعراب سے ہی ہو سکتی ہے۔[۲]

تمرین:

ذیل کی مثالوں میں مضارع کی اقسام بمع اعراب بیان کریں، نیز نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

لَاأَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ. لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى. يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ. أُولٰئِكَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ. هُمْ يُطْعِمُونَ الطَّعَامَ. لَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ. أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ[۳]. هُمْ لَايُؤْمِنُونَ. وَلَاتُخْزِنِي. وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا. لَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ. يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ. أولٰئِكَ لَم يُؤمِنُوا. لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا. رِجَالٌ لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ. وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ. نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ. إِيَّاكَ نَعْبُدُ. يَضْرِبُ اللهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ. لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللهِ كَذِباً. لَنْ يَّتَمَنَّوْهُ أَبْداً. لَا يَفْتِنَنَّكُمُ

---

(۱) الحنفیہ:۴۰،ہامش زنجانی:۱۸۔

(۲) شرح الرضی:۲/۲۲۷،فلاح:۷۳،ہامش مراح:۲۶،مشکلات الصرف:۱۰۶۔

(۳) ''كَيْفَ''کی دو قسمیں ہیں:۱)استفہامیہ،۲)شرطیہ۔

۱)۔ استفہامیہ:یہ حسب موقع محل رفع یا محل نصب میں مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور کسی چیز کے متعلق سوال کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے: ''كَيْفَ حَالُكَ''؟اور ترکیبی اعتبار سے اس کی پانچ صورتیں ہیں:۔۱۔ حال:یہ اس وقت واقع ہوتا ہے جب اس کے بعد ایسا فعل تام ہو جو کسی حالت پر دلالت کر رہا ہو، جیسے:''كَيْفَ جَاءَ خَالِدٌ''؟۔ ۲۔ مبتداء کے لیے خبر:یہ اس وقت واقع ہوتا ہے جب اس کے بعد اسم ہو، جیسے:''كَيْفَ حَالُكَ''؟ ۳۔ فعل ناقص کے لیے خبر:اس وقت واقع ہوتا ہے جب اس کے بعد ہی فعل ناقص ہو، جیسے:''كَيْفَ كُنْتَ''؟ ۴۔ مفعول بہ:یہ اس وقت واقع ہوتا ہے کہ جب اس کے بعد فعل متعدی ہو، جیسے:''كَيْفَ ظَنَنْتَ الْامْتِحَانَ، كَيْفَ تَظُنُّ الْاَمْرَ''؟۔ ۵۔ مفعول مطلق :جیسے:''أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ''،أيْ أيَّ فِعْلٍ فَعَلَ؟

۲)۔ شرطیہ:یہ اسم شرط غیر جازم ہوتا ہے،اکثر محل نصب میں واقع ہوتا ہے،بشرطیکہ ''مَا''زائدہ مقترن نہ ہو۔ شرط اور جزاء لفظاً اور معناً متفق ہو، جیسے:''كَيْفَ تَعْمَلْ أَعْمَلْ''۔اوراسی طرح یہ فعل ناقص کے لیے خبر واقع ہوتا ہے،جب اس کے لیے خبر نہ ہو، جیسے:''فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ''.

الشَّيْطَانُ. لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ. لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَاباً. إِنِّي أَرَى مَا لَا تَرَوْنَ. مَا يَخْفَى عَلَى اللهِ مِنْ شَيْءٍ. يُخَادِعُونَ اللهَ. لَنْ تَنْسَى وَعْدَكِ. النِّسَاءُ يَذْهَبْنَ. أُحِبُّ أَنْ يَجْرِيَ الْمَاءُ. لَنْ يَّعْوِيَ الذِّئْبُ. يَخْتَفِي الْخُفَّاشُ بِالنَّهَارِ. لَنْ يَرتَقِيَ الْحَسُوْدُ. الْعِلْمُ يُفِيدُ. الْأَوْلَادُ يَلعَبُونَ فِي السّاحَةِ. الإِسْلامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى عَلَيْهِ. البِنْتانِ تَلْعَبانِ فِي ساحَةِ المَدْرَسَةِ. الوَلَدُ المُهَذَّبُ يَحْتَرِمُ الكَبِيرَ وَيَرْحَمُ الصَّغِيرَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... لَاأَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب... ''لَا''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف نفی... ''أَعْبُدُ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب، فعل مضارع کی پہلی قسم صحیح مجرد از ضمیر بارز،اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں بحذف حرکت، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ کیساتھ عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر معمول مسند الیہ فاعل... ''ما''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن مبنی مبنی مشابہ الاصل اسم موصول معرفہ معرفہ بہ اسم موصول... ''تَعْبُدُونَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... ''تَعْبُدُونَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب، فعل مضارع کی چوتھی قسم صحیح باضمیر بارز،اس کا اعراب حالت رفع میں باثبات نون اعرابی،اور نصب و جزم میں بحذف نون اعرابی، موجودہ اعراب حالت رفع میں باثبات نون اعرابی عامل مسند فعل... اس میں ''واؤ''ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر جمع مذکر معمول مسند الیہ فاعل... ''ہ''ضمیر عائد محذوف۔ لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر منصوبِ متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا اسم موصول کے لیے... موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ ہوا... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

✍... ''أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ'':

لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ انشائیہ استفہامیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب... ''أَ''لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف استفہام... ''لَمْ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرفِ جزم... ''تَرَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر،دخول جازم فعل مضارع معرب، فعل مضارع کی تیسری قسم معتل الفی،اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری

کیساتھ، نصب میں فتحہ تقدیری کیساتھ اورحالت جزم میں بحذف حرف علت،موجودہ اعراب حالت جزم میں بحذف حرف علت کیساتھ عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر معمول مسندالیہ فاعل... "کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِأَصْحَابِ الْفِیْلِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ... "کَیْفَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن مبنی مبنی مشابہ الاصل ظرف زمان اسم متضمن بمعنی استفہام مبنی علی الفتح مفعول مطلق... "فَعَلَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل... "رَبُّکَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید، مرکب غیر اسنادی، مرکب غیر کلامی، مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی... "رَبُّ" لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں مفرد منصرف صحیح،اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفعی میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجود اعراب رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف... "کَ" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مجرور متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معمول مسند الیہ فاعل... "بِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف جارہ... "أَصْحَابِ الْفِیْلِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید، مرکب غیر اسنادی، مرکب غیر کلامی، مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی... "أَصْحَابِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد اسم علامت اسم مضاف، جمع اسم متمکن معرب معرفہ باضافت جمع مذکر مکسر جمع قلت سولہ اقسام میں جمع مکسر منصرف صحیح،اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفعی میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجود اعراب جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف... "الْفِیْلِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد اسم علامت دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ معرف باللام واحد مذکر سولہ اقسام میں مفرد منصرف صحیح،اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفعی میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجود اعراب جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ... مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مجرور ہوا "بِ" جارہ کے لیے... جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "فَعَلَ" کیساتھ... فعل اپنے فاعل، مفعول مطلق اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مفعول بہ... فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

... لَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی.:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ جملہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب ... "لَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف تاکید... "یُعْطِیْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب، فعل مضارع کی دوسری قسم مفرد معتل یائی: اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ، موجودہ اعراب حالت

رفع میں ضمہ کیساتھ عامل مسند فعل ... "كَ"ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر منصوب متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مفعول بہ مقدم... "رَبُّكَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیرِ مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی ... "رَبُّ"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ اضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی،حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف... "كَ"ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع مجرور متصل باضافت مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ... مضاف مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی فاعل مؤخر مسند الیہ... فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ معطوفة علیہا... "واوَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف عطف... "تَرْضَى"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب،فعل مضارع کی تیسری قسم مفرد معتل الفی:اس کااعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ کیساتھ عامل مسند فعل ... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر معمول مسند الیہ فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ معطوفہ... معطوف معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب۔

✍...الإسْلامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلَى عَلَيْهِ:

لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ اسمیہ جملہ ابتدائیہ لامحل لہامن الاعراب... "الإسْلامُ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم معرف باللام مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کااعراب بالحرکت لفظی حقیقی،حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء... "يَعْلُو وَلَا يُعْلَى عَلَيْهِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکبِ مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ اور کلام جملہ خبریہ فعلیہ ... "يَعْلُو"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب،فعل مضارع کی دوسری قسم مفرد معتل واوی:اس کااعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ عامل مسند فعل... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر معمول مسند الیہ فاعل... فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر... مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ہو کر جملہ معطوفة علیہا... "لَا"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف نفی... "يُعْلَى"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معرب،فعل مضارع کی تیسری قسم مفرد معتل الفی:اس کااعراب حالت رفع میں ضمہ تقدیری کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ اور حالت جزم میں حذف لام کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ کیساتھ عامل مسند فعل ... اس میں ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت

اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع متصل مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر معمول مسند الیہ نائب فاعل... "عَلَيَّ" لفظِ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف جارہ... "ہِ" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اسم غیر متمکن ضمیر مرفوع مجرور متصل بحرف جر مبنی مبنی مشابہ الاصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مجرور... جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "یُعْلَیَ" فعل کیساتھ... فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ معطوفہ... معطوف معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ابتدائیہ لا محل لہا من الاعراب۔

حصہ دوم: تراکیبِ اِعرابی

حصہ دوم تین ابواب اور خاتمہ پر مشتمل ہے:

بابِ اول: حروف عاملہ

باب دوم: افعالِ عاملہ

بابِ سوم: اسمائے عاملہ

بابِ اول: حروفِ عاملہ

یہ باب درج ذیل آٹھ فصلوں پر مشتمل ہے:

❁... فصل اول: بحث عوامل ❁... فصل دوم: حروف جارہ کا بیان ❁... فصل سوم: حروف مشبہ بالفعل کا بیان ❁... فصل چہارم: ماولامشبہ بلیس کا بیان ❁... فصل پنجم: لائے نفی جنس کا بیان ❁... فصل ششم: حروف نداء کا بیان ❁... فصل ہفتم: حروف ناصبہ کا بیان ❁... فصل ہشتم: حروف جازمہ کا بیان

فصلِ اول: بحثِ عوامل

عوامل "عامل" کی جمع ہے اور عامل وہ ہے جو کلمہ کے آخر میں ایک خاص حالت پیدا کرے، خواہ حالت رفعی ہو، نصبی ہو، جری ہو یا جزمی ہو، یعنی جس چیز کی وجہ سے کلمہ کے آخر میں رفع، نصب، جر اور جزم میں سے کوئی ایک آئے اسے عامل کہتے ہیں، پھر عوامل کی دو قسمیں ہیں: ۱) عامل لفظی، ۲) عامل معنوی۔

عامل لفظی اس کو کہتے ہیں جس کا زبان سے تلفظ کیا جائے اور عامل معنوی اس کو کہتے ہیں جس کا زبان سے تلفظ نہ کیا جائے۔ پھر عامل لفظی کی باعتبار وصف دو قسمیں ہیں: ۱) سماعی، ۲) قیاسی۔

عامل سماعی اس کو کہتے ہیں جس کی جزئیات کو شمار کرنا ممکن ہو، مثلاً حروف جارہ سماعی ہیں اور ان کو شمار کرنا ممکن ہے کہ وہ سترہ ہیں، اسی طرح حروف مشبہ بالفعل سماعی ہیں ان کا شمار کرنا ممکن ہے اور وہ چھ ہیں اور جب کہ عامل قیاسی اس کو کہتے ہیں جس کی جزئیات کا شمار کرنا ممکن نہ ہو، صرف مفہوم کے اعتبار سے ضبط کیا جاسکے[1]، مثلاً اسم فاعل قیاسی ہے جس کی جزئیات کا شمار کرنا ممکن نہیں، بلکہ دنیا میں جتنے بھی اسم فاعل ہیں ان کو کوئی شمار نہیں کر سکتا، البتہ وہ اسم فاعل کے مفہوم میں داخل ہیں۔

پھر عوامل لفظیہ خواہ سماعی ہوں یا قیاسی ہوں ذات کے اعتبار سے تین قسم پر ہیں:

۱)۔ حروفِ عاملہ ۲) افعالِ عاملہ ۳) اسماءِ عاملہ

پھر حروف عاملہ[2] کی اپنے مدخول اور معمول کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱) حروف عاملہ دراسم، ۲) حروف عاملہ درفعل، حروف عاملہ دراسم ان حروف کو کہتے ہیں جو اسم میں عمل کرتے ہیں اور حروف عاملہ درفعل ان حروف کو کہتے ہیں جو فعل میں عمل کرتے ہیں، پھر حروف عاملہ دراسم کی پانچ قسمیں ہیں: ۱) حروف جارہ، ۲) حروف مشبہ بالفعل، ۳) "ما و لا" مشبہ بلیس، ۴) لائے نفی جنس، ۵) حروف نداء، پھر ان میں حروف جارہ اور حروف نداء ایک اسم میں عمل کرتے ہیں اور باقی تین (حروف مشبہ بالفعل، "مَا و لَا" مشبہ بلیس، لائے نفی جنس) دو اسموں میں عمل کرتے ہیں[3]۔ اور جب کہ حروف دراسم کی دو قسمیں ہیں: ۱) حروف ناصبہ، ۲) حروف جازمہ۔

---

[1] عوامل قیاسی کل یہ سات ہیں: ۱) اسم فاعل، ۲) اسم مفعول، ۳) صفت مشبہ، ۴) مصدر، ۵) اسم تفضیل، ۶) فعل، ۷) اسم تام۔

[2] حروف کی دو قسمیں ہیں: ۱) حروف مبانی، ۲) حروف معانی۔ حروف مبانی ان حروف ہجاء کو کہتے ہیں جن سے کلمہ کی بناء ہوتی ہے، جیسے: زید، "ز، ی، د" سے مرکب ہے اور حروف معانی ان حروف کو کہتے ہیں جو کسی معنی کے لیے موضوع ہو، جیسے: حروف جارہ اور حروف مشبہ بالفعل وغیرہ۔ پھر یہ حروف دو قسم پر ہیں: ۱) حروف عاملہ، ۲) حروف غیر عاملہ۔ یہاں سے حروف عاملہ کی بحث ہے اور حروف غیر معاملہ کی بحث کتاب کے آخر میں آئے گی۔

[3] جہد قصیر: ۴۰۔

فصل دوم: حروف جارہ کا بیان

۱۔ حروف جارہ کی تعریف:

”جر“ باب ”فَعَلَ يَفْعُلُ“ سے مصدر کا صیغہ ہے، اس کا لغوی معنی ہے: ”کھینچنا“ اور اصطلاحی تعریف یہ ہے:

”مَا وُضِعَ لِإِفْضَاءِ مَعْنَى الْفِعْلِ أَوْ شِبْهِهِ إِلَى مَدْخُوْلِهَا.“

یہ وہ حروف ہیں جو فعل یا شبہ فعل کے معنی کو اپنے مدخول کی طرف کھینچتے ہیں، جیسے: ”خَتَمَ اللهُ عَلَى قُلُوْبِهِمْ“ ،یہاں ”عَلَى“ نے ”ختم“ کے معنی ”مہر“ کو اٹھا کر اپنے مدخول ”قُلُوْبِهِمْ“ تک پہنچا دیا، اگر ”عَلَى“ نہ ہوتا تو یہ مہر اور چیزوں پر بھی لگ سکتی تھی، مثلاً ”کتاب پر، خط“ پر، لیکن ”عَلَى“ نے اس مہر کا تعلق تمام چیزوں سے کاٹ کر اپنے مدخول کیساتھ جوڑ دیا کہ مہر کافروں کے دلوں پر لگی ہے۔ اور اسی طرح ”هُدًى لِلْمُتَّقِيْنَ“ میں ”لام“ حرف جارہ نے ”هُدًى“ شبہ فعل کے معنی کو اپنے مدخول ”الْمُتَّقِيْنَ“ کی طرف کھینچا ہے کہ ہدایت یافتہ متقین ہیں۔

۲۔ حروف جارہ کی تعداد:

حروف جارہ بائیس ہیں، ان میں سترہ مشہور ہیں اور باقی پانچ غیر مشہور ہیں، سترہ مشہور یہ ہیں[1]:

بَاء	مِنْ	إلى	حتّٰى	فِيْ	لام	رُبَّ	واؤ	تاء
عَنْ	كَ	عَلٰى	مُذْ	مُنْذُ	حَاشَا	خَلَا	عَدَا	

باقی پانچ غیر مشہور یہ ہیں:

۱۔ ”لَوْلَا“ بشرطیکہ ضمیر پر داخل ہو، یہ امام سیبویہؒ کے نزدیک جارہ ہوتا ہے۔

۲۔ ”كَيْ“ جب ”مَا“ مصدریہ یا ”مَا“ استفہامیہ یا ”أَنْ“ مصدریہ پر داخل ہو۔

۳۔ ”لَاتَ“ جب ظرف زمان پر داخل ہو، یہ امام اخفشؒ کے نزدیک جارہ ہوتا ہے۔

۴۔ ”مَتَى“، یہ لغت ہذیل میں جارہ استعمال ہوتا ہے بشرطیکہ ”مِنْ“ کے معنی میں ہو۔

۵۔ ”لَعَلَّ“، یہ لغت عقیل میں جارہ استعمال ہوتا ہے بشرطیکہ ”مِنْ“ کے معنی میں ہو[2]۔

۳۔ حروف جارہ کا حکم:

حروف جارہ اسم پر داخل ہوتے ہیں اور یہ اپنے مدخول اسم کو جر دیتے ہیں، جیسے: ”اَلْمَالُ لِزَيْدٍ“، پھر اسم عام ہے،

---

[1] ان کو ایک شاعر نے اس شعر میں بیان کیا ہے:

باؤ تاؤ كاف لام واؤ مُنْذُ مُذْ خَلَا رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِيْ عَنْ عَلى حَتَّى إلى

[2] جامع الدروس العربية: ۱۹۰/۳، جہد قصير: ۴۰۔

خواہ اسم حقیقی ہو،یا حکمی ہویا تاویلی ہو،اسم حکمی اس فعل یا جملہ کو کہتے ہیں،جس پر حروف مصدریہ داخل ہوں،جیسے:"أَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَكُمْ،اجْلِسْ مَادَامَ الْأَمِيْرُجَالِساً"اوراسم تاویلی اس حرف یا جملہ کو کہتے ہیں جس سے لفظ مراد ہو،معنی مراد نہ ہو،اس کو"هَذَا اللَّفْظُ"یا"هَذَاالتَّرْكِيْبُ"کی تاویل میں کرکے اسم تاویلی قرار دیا جاتا ہے اوران دونوں کے علاوہ باقی سب اسم حقیقی ہیں،جیسے:اسم جامد،اسم مصدر،اسم فاعل،اسم مفعول،صفت مشبہ،اسم آلہ،اسم ظرف،اسم مبالغہ اوراسم منسوب وغیرہ۔

۴۔ظرف لغواور ظرف مستقر:

جو لفظ جو زمان یامکان پر دلالت کرے اُسے ظرف حقیقی کہتے ہیں اور جار مجرور کو ظرف مجازی کہتے ہیں،ان کو ظرف اس لیے کہتے ہیں کہ جار مجرور کی ظرف کیساتھ مشابہت ہے کہ جس طرح ظرف کے لیے عامل چاہیے تو اسی طرح جار مجرور کے لیے بھی متعلَق کا ہونا ضروری ہے اور ظرف کی جار مجرور کیساتھ بھی مشابہت ہے کہ ظرف بھی دراصل جار مجرور کی تاویل میں ہوتا ہے،یعنی ظرف تقدیراً جار مجرور ہوتا ہے،جیسے:"ضَرَبْتُ زَيْداً الْيَوْمِ"اس میں"الْيَوْمَ"ظرف"فِي الْيَوْمِ"کی تاویل میں ہے۔پھر ظرف مجازی کی دو قسمیں ہیں:(الف)۔ظرف لغو(ب)۔ظرف مستقر

(الف)۔ظرف لغو کی تعریف:

ظرف لغو وہ ہے جس کا عامل اور متعلق مذکور ہو اور افعال خاصہ میں سے ہو،جیسے:"أَرْسَلَنَاإِلَيْهِمْ"،یہاں"إِلَيْهِمْ" جار مجرور کا عامل اور متعلق"أَرْسَلَنَا"فعل ہے جو افعال خاصہ میں سے ہے،پھر ظرف لغو کا متعلق عام ہے خواہ فعل ہو،جیسے: "أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ"،یاشبہ فعل ہو،جیسے:"إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً"،یا معنی فعل ہو،پھر معنی فعل عام ہے،خواہ نفس کلام سے مفہوم ہورہا ہو،جیسے:"مَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ"،یہاں"بِنِعْمَةِ"جار مجرور"مَا"کیساتھ متعلق ہے جو "انْتَفَى"کے معنی میں ہے اوریہ نفس کلام سے مفہوم ہورہا ہے،یاسیاق کلام سے مفہوم ہورہا ہو،جیسے:"الْكَلِمَةُ عَلَى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ: هِيَ إِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ"،اس مثال میں جار مجرور"مُنْحَصِرَةٌ"شبہ فعل کیساتھ متعلق ہے جو سیاق کلام سے مفہوم ہورہا ہے۔یامؤول بشبہ فعل ہو،جیسے:"هُوَاللهُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ"،اس مثال میں"فِي السَّمَوَاتِ"جار مجرور لفظ "الله"کیساتھ متعلق ہے جو"مَعْبُوْدٌ"کی تاویل میں ہے اور"مَعْبُوْدٌ"شبہ فعل ہے[1]۔پھر جار مجرور کا متعلق کبھی مقدم ہو گا، جیسے:"أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ"اور کبھی مؤخر ہو گا،جیسے:"إِنَّ اللهَ بِكُلِّ شَيْءٍعَلِيْمٌ"،یہاں"بِكُلِّ شَيْءٍ"جار مجرور "عَلِيْمٌ"شبہ فعل مؤخر کیساتھ متعلق ہے۔

---

[1] شرح الاشمونی:۱۱۹/۲۔

ظرف لغو کی علامت لفظی یہ ہے کہ فعل،اسم فاعل،اسم مفعول،اسم تفضیل،صفت مشبہ،اسم مبالغہ اور مصدر کے بعد جب جار مجرور آجائیں تو ان کیساتھ متعلق ہوں گے،بشرطیکہ زائد نہ ہو،جیسے:"خَتَمَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوْبِهِمْ"،یہاں"عَلَى"حرف جارہ غیر زائدہ"خَتَمَ" کیساتھ متعلق ہوتا ہے،یا جیسے:"وَمَاأَرْسَلْنَامِنْ رَّسُوْلٍ"،یہاں"مِنْ"زائدہ تو اس صورت میں متعلق نہیں ہو گااور ظرف لغو کی علامت معنویہ ہے کہ اگر جار مجرور سے پہلے فعل یا شبہ فعل متعدد ذکر ہوں تو متعلق کی پہچان اس طرح ہو گی کہ جس کے بارے میں متعلق بننے کا گمان ہو تو اس لفظ اور حرف جارہ کے اُردو معنی کیساتھ لفظ"کس"ملا کر سوال کیا جائے تو جواب میں اگر جار مجرور آجائے تو وہی متعلق ہو گا،ورنہ کوئی دوسرا متعلق ہو گا،جیسے:"جَلَسْتُ وَكَتَبْتُ بِالْقَلَمِ"،اس مثال میں"جَلَسْتُ"اور"باء"کے معنی کو اٹھا کر اگر سوال کیا جائے:"یعنی میں بیٹھا کس کیساتھ؟"تو جواب میں"بِالْقَلَمِ" کہنا درست نہیں ہے اور اگر"كَتَبْتُ"اور"باء"کے معنی کو اٹھا کر سوال کیا جائے،(یعنی میں لکھا کس کیساتھ) تو جواب میں"بِالْقَلَمِ" "کہنا درست ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ"بِالْقَلَمِ"جار مجرور"كَتَبْتُ"کیساتھ متعلق ہوں گے نہ کہ"جَلَسْتُ"کیساتھ۔[1]

(ب)۔ظرف مستقر کی تعریف:

ظرف مستقر وہ ہے جس کا عامل اور متعلق مقدر ہو،یعنی لفظوں میں مذکور نہ ہو اور یہ عموما افعال عامہ سے اور کبھی افعال خاصہ[2] سے ہوتا ہے،جیسے:"اَلْحَمْدُلِلّٰهِ"میں"لله"کا متعلق "ثَبَتَ"ویا کہ"ثَابِتٌ"بنا بر اختلاف مذہبین مقدر ہے اور لفظوں میں غیر مذکور ہے[3]،ظرف مستقر کی علامات یہ ہیں:۱)جار مجرور جب مبتداء کے لیے خبر ہوں،جیسے:"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ"، "أَيِ الْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلّٰهِ". ۲)جب موصول کے لیے صلہ ہوں،جیسے:"الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ"،"أَيْ ثَبَتَ مِنْ قَبْلِكُمْ". ۳)جب موصوف کے لیے صفت ہو،جیسے:"عَلَى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا"،"أَيْ كَائِنٌ فِيْ نَفْسِهَا"۔ ۴)جب ذوالحال کے لیے حال ہوں،جیسے:"فَاللَّفْظِيَّةُ مِنْهَاعَلَى نَوْعَيْنِ"،"كَائِناً مِنْهَا".

ظرف مستقر چار مقامات پر واقع ہوتا ہے: ۱۔خبر ۲۔صلہ ۳۔حال ۴۔صفت۔

---

[1] بدر السعید:۲۳۳،جہد قصیر:۴۱۔

[2] افعال عامہ اور افعال خاصہ سے مراد فعل لغوی یعنی مصدر مراد ہے نہ کہ فعل اصطلاحی،لیکن جب جار مجرور کیساتھ ان کیساتھ متعلق ہوتے ہیں تو بوقت تعلق یہ ضروری نہیں کہ یہ مصادر ہوں،بلکہ عام ہے،خواہ مصدر ہو،اسم فاعل ہو،اسم مفعول ہو،یا فعل ہو،لیکن"کون"بوقت متعلق تام ہوتا ہے ناقص نہیں ہوتا،کیونکہ پھر خبر کا تقاضا کرتا ہے۔(بدر السعید:۲۳۰)

[3] ظرف لغو کو"لغو"اس لیے کہتے ہیں کہ"لغو"لغت میں"الغاء"سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں:"رہائی پانا،بے پرواہ ہونا"اور ظرف لغو بھی اپنے عامل سے بے پرواہ ہوتا ہے اس لیے اسے ظرف لغو کہتے ہیں اور مستقر"استقرار"سے مشتق ہے جس کا معنی ہیں:"جگہ پکڑنا،قرار پانا"اور چونکہ یہ ظرف بھی اپنے عامل کی جگہ پر قرار پکڑتا ہے اور اپنے عامل کے معنی کو متضمن ہوتا ہے،اس لیے اس کو ظرف مستقر کہتے ہیں۔

ان کی تفصیل یہ ہے کہ: اگر ظرف مستقر خبر کے مقام پر واقع ہو تو اس کے متعلق میں بصریین اور کوفیین حضرات کا اختلاف ہے۔ بصریین حضرات کہتے ہیں کہ اس کا متعلق فعل ہو گا، کیونکہ جار مجرور کا متعلق عامل ہوتا ہے اور عمل کرنے میں فعل اصل ہے اور کوفیین کہتے ہیں کہ اس کا متعلق اسم ہو گا، کیونکہ خبر میں اصل افراد ہے اور اسم بھی مفرد ہوتا ہے اور اگر ظرف مستقر صلہ واقع ہو تو اس کا متعلق بالاتفاق فعل ہو گا، اس لیے کہ صلہ اصل میں جملہ ہوتا ہے اور فعل بھی جملہ ہوتا ہے اور اگر ظرف مستقر حال واقع ہو تو اکثر نحات کے نزدیک اس کا متعلق اسم ہو گا، کیونکہ حال میں اصل افراد ہے اور اسم بھی مفرد ہوتا ہے اور اگر ظرف مستقر صفت میں واقع ہو تو بالاتفاق اس کا متعلق اسم ہو گا، تاہم اگر موصوف واحد ہو تو صفت بھی واحد ہو گی، اگر تثنیہ ہو تو صفت بھی تثنیہ اور اگر جمع ہو تو صفت بھی جمع ہو گی، کیونکہ صفت اور موصوف میں تعدد کے اعتبار سے مطابقت ضروری ہوتی ہے۔

۵۔ افعال خاصہ اور افعال عامہ کا مفہوم:

افعال خاصہ ان افعال کو کہتے ہیں جن سے کوئی فعل خالی ہو، یعنی جن کا تعلق خاص معنی کیساتھ ہو اور ان کے مفہوم میں خصوصیت ملحوظ ہو، جیسے: ”اکل، نوم، قیام، قعود“ وغیرہ کے مفہوم میں ایک خاص معنی ملحوظ ہے اور ظاہر ہے کہ ان مفاہیم میں اتنا شمول اور عموم نہیں کہ تمام موجودات کو شامل ہوں اور افعال عامہ ان افعال کو کہتے ہیں جن سے کوئی بھی فعل خالی نہ ہو، یعنی جن میں اتنا عموم و شمول ہو کہ وہ تمام مفاہیم کو شامل ہوں، کیونکہ ہر چیز کے مفہوم میں ”ثَابِتٌ، كَائِنٌ، حَاصِلٌ، مَوْجُوْدٌ“ ملحوظ ہیں، پھر افعال عامہ آٹھ ہیں، جن میں چار مشہور ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں۔

افعال عامہ چہار است نزد ارباب عقول　　　کون است ثبوت است حصول است وجود

چار افعال عامہ غیر مشہور ہیں: ۱- لَذُوْقٌ ۲- لَزُوْقٌ ۳- لَصُوْقٌ ٤- تَلَبُّسٌ- ان چاروں کا معنی ”ملنا“ ہے۔

مذکورہ ان آٹھ افعالِ عامہ کے علاوہ باقی سب افعالِ خاصہ ہے کیونکہ ان آٹھ کے علاوہ جتنے بھی افعال ہیں وہ ضرور کسی نہ کسی فعل سے خالی ہیں جیسے: ”ضَرَبَ، نَصَرَ“ مثلاً یہ دونوں ”أَكْل“ اور ”شُرْب“ وغیرہ افعال سے خالی ہیں لیکن افعال عامہ سے کوئی بھی فعل خالی نہیں ہے، وجود، ثبوت، کون، حصول سے دنیا کا کوئی بھی فعل خالی نہیں، مثلاً کتابت ”لکھنا“ ایک فعل ہے، اس میں کون، ثبوت، وجود اور حصول چاروں موجود ہیں، جیسے: ”لکھنا ہے: یہ کون ہے۔ لکھنا ثابت ہے، یہ ثبوت ہے۔ لکھنا حاصل ہے، یہ حصول ہے۔ لکھنا موجود ہے یہ وجود ہے۔“[1]

٦۔ حروف جارہ کی اقسام وانواع:

---

[1] شرح الرضی: ۱/۲۴۴۔

حروف جارہ کی مختلف اعتبارات سے مختلف تقسیمات ہیں:

پہلی تقسیم: حروف جارہ کی متعلق کے اعتبار سے:

حروف جارہ کی متعلق کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں: (الف) اصلی، (ب) زائد (ج) شبہ زائد

(الف)۔ اصلی کی تعریف:

”مَا يَحْتَاجُ إِلَى مُتعَلَّقٍ، وَهُوَ لَا يُسْتَغْنَى عَنْهُ مَعنًا وَلَا إِعْرَاباً.“

وہ حروف جارہ ہیں جو متعلق کے محتاج ہوتے ہیں اور وہ متعلق سے معنی اوراعراب دونوں اعتبار سے مستغنی نہیں ہوتے اوراس کیساتھ ایک خاص معنی کا فائدہ دیتے ہیں، وہ حروف یہ ہیں: ”إِلَى، عَنْ، عَلَى، واوَ قسمیہ، تائے قسمیہ، مُذْ، مُنْذُ، كَيْ، فِيْ“.

(ب)۔ زائد کی تعریف:

”مَالَا يَحْتَاجُ إِلَى مُتَعَلَّقٍ، وَلَا يسْتَغْنَى عَنْهُ معنًا.“

وہ حروف جارہ ہیں جو متعلق کے محتاج نہیں ہوتے اور نہ کوئی خاص معنی کا فائدہ دیتے ہوں، بلکہ وہ مضمون کلام کی تاکید و تقویت کے لیے آتے ہیں اور وہ حروف یہ ہیں: ”مِنْ، کاف، باء، لام“ جب زائد ہوں۔

(ج)۔ شبیہ بالزائد کی تعریف:

”مَا لَا يُمْكِنُ الْاسْتِغْنَاءُ عَنْهُ لَفْظاً وَلَا مَعْناً، غَيْرَ أَنَّهُ لَا يَحْتَاجُ إِلَى مُتَعَلَّقٍ.“

وہ حروف جارہ ہیں جن سے استغناء لفظاً اور معناً ممکن نہ ہو اور وہ متعلق کے محتاج بھی نہ ہو، لیکن ایک خاص معنی کا فائدہ دیتے ہوں اور وہ یہ پانچ حروف ہیں: ”رُبَّ، خَلاَ، عَدَا، حَاشَا، لَعَلَّ.“ [۱]

دوسری تقسیم: باعتبار عمل[۲]:

حروف جارہ کی باعتبار عمل آٹھ قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو اسم ظاہر اور اسم ضمیر دونوں میں عمل کرتے ہیں اور وہ یہ سات حروف ہیں: ”مِنْ، إِلَى، عَنْ، عَلَى، بَاءَ، لَامْ، فِيْ“، ان کی مثالیں یہ ہیں: ”{وَمِنْكَ وَمِنْ نُوْحٍ}، {إِلَى اللهِ مَرْجِعُكُمْ}، {إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ}، {طَبقًا عَن طَبَقٍ}، {رَضِيَ الله عَنْهُم وَرَضوا عَنهُ}، {وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ}، {آمنُوا بِالله

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱۹۷/۳۔

[۲] شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۴۰۸، شرح قطر الندی: ۲۵۲۔

وَرَسُوله}، {آمِنُوا بِهِ}، {لله مَا فِي السَّمَاوَات وَمَا فِي الأَرْض}، {لَهُ مَا فِي السَّمَاوَات وَمَا فِي الأَرْض}، {كُلٌّ لَهُ قَانِتُوْنَ}، {وَفِي الأَرْض آيَاتٌ لِلْمُوْقِنِيْنَ}، {وَفَيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْأَنْفسُ}."[1]

دوسری قسم: وہ حروف جارہ مطلقاً اسم میں عمل کرتے ہیں، ضمیر میں عمل نہیں کرتے اور وہ یہ تین حروف ہیں: "حَتَّى، کاف، واؤ قسمیہ"۔

تیسری قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو مخصوص اسماء میں عمل کرتے ہیں اور حرف "تاء" ہے جو صرف دو اسموں میں عمل کرتا ہے: ۱) لفظ "الله" میں، جیسے: "تَاللهِ"۔ ۲) لفظ "رَبٌّ" میں، لیکن لفظ "رَبٌّ" کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کے بعد "كَعْبَةٍ" یا "یائے متکلم ہو، جیسے: "تَاللهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ، تَاللهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللهُ عَلَيْنَا، تَاللهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصْنَامَكُمْ}، تَرَبُّ الْكَعْبَة، وَتَرَبِّيْ لَأَفْعَلَنَّ."[2]

چوتھی قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو ایک خاص نوع میں عمل کرتے ہیں اور وہ یہ چار حروف ہیں: "مُذْ، مُنْذُ، لَاتَ، كَيْ"، ان میں "مُذْ وَمُنْذُ" یہ زمانہ غیر مستقبل میں عمل کرتے ہیں، جیسے: "مَا رَأَيْته مُنْذُ يَوْم الْجُمُعَة ومذ يَوْم الْجُمُعَة." اور "لَاتَ" یہ "حِيْنَ" میں عمل کرتا ہے اور "كَيْ" یہ "مَا" استفہامیہ، "مَا" مصدریہ اور "أَنْ" مصدریہ میں عمل کرتے ہیں۔

پانچویں قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو اسم ظاہر اور اسم ضمیر دونوں کے ایک خاص نوع میں عمل کرتے ہیں اور یہ لفظ "رُبَّ" ہے، یہ دو اسموں میں عمل کرتا ہے: ۱) ضمیر غائب مبہم مفرد مذکر میں جس کی تفسیر نکرہ منصوبہ کرے، جیسے: "رُبَّهُ رَجُلاً"۔ ۲) نکرہ موصوفہ میں، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ عَالِمٍ لَقِيْتُهُ".[3]

چھٹی قسم: وہ حرف جارہ ہے جو ایک خاص ضمیر میں عمل کرتا ہے اور وہ حرف "لَوْلَا" ہے، جیسے: "لَوْلَاكَ لَسَافَرْتُ الطَّائِرَةَ سَرِيْعَةً."، اس کا استعمال بہت قلیل ونادر ہے۔[4]

ساتویں قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو صرف استثناء کی صورت میں عمل کرتے ہیں اور یہ تین حروف ہیں: "حَاشَا، خَلَا، عَلاَ".

آٹھویں قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو "مَنْ" کے معنی کو متضمن ہو تو عمل کرتے ہیں اور "لَعَلَّ" اور "مَتیٰ" ہیں۔

تیسری تقسیم: باعتبار لفظ:

حروف جارہ کی باعتبار لفظ کی تین قسمیں ہیں:

---

[1] شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۴۱۱۔

[2] شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۴۱۱، شرح قطر الندی: ۲۵۲۔

[3] مغنی اللبیب: ۱۸۲، شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۴۱۱، شرح قطر الندی: ۲۵۲۔

[4] شرح قطر الندی: ۲۵۱۔

پہلی قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو اسم اور حرف دونوں استعمال ہوتے ہیں اور یہ چھ حروف ہیں: ”كَ، عَنْ، عَلَى، مُذْ، مُنْذُ، مَتیٰ“، یہ اسماء ظرف اور حروف دونوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔
دوسری قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو لفظاً حرفیت اور فعلیت میں شریک ہیں اور یہ دو حروف ہیں: ”خَلَا، عَدَا“، ان کی دو قسمیں ہیں: ایک ”خَلَا“ اور ”عَدَا“ فعلی ہیں اور ایک حرفی ہیں۔[۱]
تیسری قسم: وہ حروف ہیں جو صرف حرفیت کیساتھ لازم ہیں، یہ دونوں قسموں کے علاوہ باقی نو حروف ہیں۔
چوتھی قسم: وہ حروف جارہ ہیں جو حرفیت، اسمیت اور فعلیت تینوں میں شریک ہوں اور وہ صرف ”حَاشَا“ ہے، ”حَاشَا“ اسمی، فعلی اور حرفی تینوں آتا ہے[۲]۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ ”حَاشَا“ کی تین قسمیں ہیں: ۱) فعلی، ۲) اسمی، ۳) حرفی۔
۱) **”حَاشَا“ فعلی:** فعل متعدی متصرف ہوتا ہے اس صورت میں ”حَاشَا يُحَاشِيْ مُحَاشَاةً“ کے باب سے ہوگا، بمعنی ”استثناء کرنا“ جیسا کہ ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”أُسَامَةُ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ.“ راوی نے کہا: ”مَا حَاشَا فَاطِمَةَ وَلَا غَيْرَهَا.“ یہاں ”حَاشَا“[۳] استثنائیہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بھی استثناء نہیں کیا۔
۲) ”حَاشَا“ اسمی: یہ تنزیہ کے معنی میں ہوتا ہے اور ”بُرَاءَةٌ“ مصدر بمعنی ”بری ہونا“ کے مترادف ہوگا اور استثناء کے معنی میں نہیں ہوگا اور یہ ترکیب میں فعل محذوف کے لیے مفعول مطلق ہوگا اور اس کے بعد اسم لام ”کی“ کی وجہ سے مجرور ہوگا، جیسے: ”قُلْنَ حَاشَا لِلّٰهِ“ یا اضافت کی وجہ سے مجرور ہوگا، جیسے: ”حَاشَ اللّٰهِ“، اگر مضاف اور تنوین نہیں تھا، جیسے: ”حَاشَا لِلّٰهِ“

---

(۱) ”خَلَا، عَدَا“ کی دو قسمیں ہیں: ۱) حرفی، ۲) فعلی۔ ”خَلَا، عَدَا“ حرفی حرف جارہ ہونے کی صورت میں ”الا“ کی جگہ مستثنیٰ متصل کے لیے آتیں اور ان کا مابعد لفظاً مجرور اور بناء بر استثناء محلاً منصوب ہوگا، جیسے: ”جَاءَ الْقَوْمِ خَلَازَيْدٍ وَعَدَازَيْدٍ“، اس وقت مستغنی از متعلق ہوں گے اور ”خَلَا، عَدَا“ فعلی ان میں سے جب فعل ہو تو متعدی بہ ”مِنْ“ استعمال ہوتے ہیں، جیسے: ”خَلَتِ الدِّيَارُمِنَ الْأَنِيْسِ“ اور ”خَلَا“ فعل کی صورت میں استثناء کے لیے بھی آتا ہے اور ”عَدَا“ بھی ”خَلَا“ کی طرح ہے، لیکن متعدی بہ ”مِنْ“ استعمال نہیں ہوتا، ”خَلَا“ اور ”عَدَا“ والا جملہ، جملہ مستانفہ ہوگا، یا جملہ حالیہ ہوگا، یا محلاً منصوب ہوگا، اس وقت جب سے پہلی ”مَا“ نہ ہو، اگر ”مَا“ تھی تو اس وقت جملہ فعلیہ ہوگا، محلاً منصوب ہوگا بنا بر حالیت یا بناء بر ظرفیت، جیسے: ”قَامُوْا خَلَازَيْدِ“. (موسوعۃ النحو والصرف: ۳۶۱)
(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۱۴۳/۲۔
(۳) توهم النحاة أن قوله " ما حاشا فاطمة " من كلام النبيﷺ، فجعلوا " حاشا " استثنائية، واستدلوا به على أن حاشا الاستثنائية يجوز أن تدخل عليها ما، وذلك غير متعين، بل يجوز أن يكون هذا الكلام من كلام الراوي يعقب به على قول الرسولﷺ " أسامة أحب الناس إلي " يريد الراوي بذلك أن يبين أنه عليه الصلاة والسلام لم يستثن أحدا من أهل بيته لا فاطمة ولا غيرها، فما: نافية، وحاشى: فعل ماض، وفاعله ضمير مستتر فيه جوازا تقديره هو يعود إلى النبي، وفاطمة: مفعول به، وليست حاشا هذه هي الاستثنائية، بل هي فعل متصرف تام تكتب ألفه ياء لكونها رابعة، ومضارعه هو الذي ورد في قول النابغة الذبياني ولا أرى فاعلا في الناس يشبهه وما أحاشي من الاقوام من أحد.(منحة الجليل على شرح ابن عقيل:۲۳۹/۲)

تو اس وقت شبہ وضعی کی وجہ سے مبنی ہو گا، کیونکہ اس صورت میں "حَاشَا" حرفی کیساتھ وزن میں مشابہت ہو گا۔
۳) "حَاشَا" حرفی: اس صورت میں استثناء کے لیے ہوتا ہے اور "إِلَّا" کے معنی کو متضمن ہو گا اور معنی یہ ہو گا کہ مستثنی خالی ہے مستثنی منہ کی اس مشارکت سے جو فعل کیساتھ ہے، جیسے: "أَهْمَلُ الطُّلَابُ حَاشَا زَيْدٍ"، "زید کے سوا طلباء مہمل ہیں" اور اسی طرح نہیں کہہ سکتے: "صَلَّى الطُّلَابُ حَاشَازَيْدٍ" یہ صحیح نہیں اور بصریین کے نزدیک یہ بمعنی "إِلَّا" کے حرف ہے، لیکن مابعد اس کا مجرور ہو گا، تاہم اس صورت میں شبہ زائد ہونے کی وجہ سے متعلق نہیں چاہتا اور یہ امام مبردؒ اور امام زجاجؒ کے نزدیک اکثر حرف جر ہو گا، لیکن کبھی فعل متعدی جامد بھی ہوتا ہے، فعل کی صورت میں اس کا فاعل ضمیر ہو گا جو کہ ما قبل فعل کے مصدر کی طرف راجع ہوتا ہے اور جملہ مستانفہ یا حالیہ بنے گا۔ [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: حروف جارہ کو حروف خفض اور حروف الاضافہ بھی کہتے ہیں۔ [2]

قاعدہ: حروف جارہ میں پانچ حروف (ب، ل، ك، و، ت) یک حرفی ہیں، چار حروف (مِن، عَنْ، فِيْ، مُذْ) دو حرفی ہیں، تین حروف (إِلَى، عَلَى، مُنْذُ) سہ حرفی ہیں اور صرف ایک حرف (حَتَّى) چار حرفی ہے۔ [3]

قاعدہ: حروف جارہ کا عمل یہ ہے کہ حروف اسم کو جر دیتے ہیں، پھر جر عام ہے، کبھی کسرہ کی صورت میں ہو گا، جیسے: "بِزَيْدٍ"، کبھی فتحہ کی صورت میں ہو گا، جیسے: "بِعُمَرَ"، کبھی "یاء" کی صورت میں ہو گا، جیسے "بِأَخِيْكَ"۔ پھر جر عام ہے کبھی لفظًا ہو گا، جیسے: "بِزَيْدٍ"، کبھی تقدیراً ہو گا، جیسے: "بِمُوْسٰى" اور کبھی محلًا ہو گا، جیسے: "بِكَ"۔

قاعدہ: معرب کا اعراب لفظی اور تقدیری ہوتا ہے، جب کہ مبنیات کا اعراب ہمیشہ محلّی ہوتا ہے۔

فائدہ: جار مجرور کے لیے متعلق ضروری ہوتا ہے اور یہ چار چیزوں کیساتھ متعلق ہوتے ہیں: ۱) فعل کیساتھ، جیسے: "أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ"۔ یہاں "عَلَيْهِمْ" جار مجرور "أَنْعَمْتَ" فعل کیساتھ متعلق ہے۔ ۲) شبہ فعل [4] کیساتھ، جیسے: "غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ"۔ یہاں "عَلَيْهِمْ" جار مجرور "الْمَغْضُوْبِ" شبہ فعل کیساتھ متعلق ہے۔ ۳) مشیر معنی فعل [5] (یعنی جس کے ذریعے معنی فعل کی طرف اشارہ کیا گیا ہو) کیساتھ، جیسے: "مَا لِزَيْدٍ فِي الدَّارِ، أَيْ مَايَصْنَعُ زَيْدٌ؟"۔ ۴) مؤول بہ شبہ فعل کیساتھ

---

[1] حاشیۃ الصبان علی الاشمونی: ۲/۲۴۵، بدر السعید: ۲۵۱۔

[2] جامع الدروس العربیہ: ۳/۱۶۸۔

[3] شرح قطر الندی: ۲۵۲۔

[4] شبہ فعل یہ سات چیزیں ہیں: ۱) مصدر، ۲) اسم فاعل، ۳) اسم مفعول، ۴) صفت مشبہ، ۵) اسم تفضیل، ۶) اسم مبالغہ، ۷) اسم منسوب۔

[5] مشیر معنی فعل سے مراد وہ کلمہ ہے جس سے فعل والا معنی مفہوم ہوتا ہو، جیسے: "مَاأَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ"، یہاں "بِنِعْمَةِ رَبِّكِ" جار مجرور اس فعل سے متعلق ہے جو "مَا" نافیہ سے مفہوم ہو رہا ہے اور وہ "انْتَفَى بِنِعْمَةِ رَبِّكَ".

،جیسے:"هُوَالَّذِيْ فِي السَّمَاءِ إِلٰه وَفِي الْأَرْضِ إِلٰه"-أَيْ مَعْبُوْدٌ-یہاں"فِي السَّمَاءِ، وَفِي الْأَرْضِ"جار مجرور "مَعْبُوْدٌ" کیساتھ متعلق ہیں۔

قاعدہ: حرف جر کبھی قیاساً حذف ہوتا ہے اور کبھی سماعاً، حرف جر قیاساً آٹھ مقامات پر حذف ہوتا ہے:۱)"أَنْ" سے پہلے، جیسے:"وَعَجِبُوْا أَنْ جَاءَهم مُنْذرٌ مِنهُمْ." ۲)"أَنَّ" سے پہلے، جیسے:"شهِدَ اللهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ."،"أَيْ شَهِدَ اللهُ بِأَنَّهُ "۔ ۳)"كَيْ" سے پہلے، جیسے:"فَرَدَدْنَاهُ إِلَى أُمِّهِ كَيْ تَقرَّ عَيْنُهَا."،"أَيْ لِكَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا"۔ ۴)"كَمْ" استفہامیہ سے پہلے، بشرطیکہ "كَمْ" استفہامیہ پر خود بھی حرف جر داخل ہو، جیسے:"بِكَمْ دِرْهَمٍ اشْتَرَيْتَ هَذَا الْكِتَابَ؟ أَيْ بِكَمْ مِنْ دِرْهَمٍ؟"۔۵)اسم جلالہ "الله" جہاں قسم واقع ہو، جیسے:"اللهِ لَأَخُذُ مِنَ الْأَمَةَ خِدْمَةً صَادِقَةً"، أَيْ وَاللهِ. "۔ ٦)جواب استفہام میں، جیسے:"مِنْ مَنْ أَخَذْتَ الْكِتَابَ؟،أَيْ مِنْ خَالِدٍ"۔ ۷)"إِنْ" شرطیہ کے بعد، جیسے: "اذْهَبْ بِمَنْ شِئْتَ إِنْ خَلِيْلٌ وَإِنْ حَسَنٌ، أَيْ إِنْ بِخَلِيْلٍ وَ إِنْ بِحَسَنٍ!"۔اور حرف جر ایک مقام میں سماعی طور پر حذف ہوتا ہے اور وہ مفعول بہ ہے کہ مفعول بہ پر حرف جر سماعاً حذف ہوتا ہے اس کو منصوب بنزع الخافض کہتے ہیں، جیسے:"أَلَا إِنَّ ثَمُوْدَ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ، أَيْ بِرَبِّهِمْ." "وَاخْتَارَمُوْسَى قَوْمَهُ،أَيْ مِنْ قَوْمِهِ." [1]

قاعدہ: حروف جارہ میں سے "باء،عَنْ،مِنْ" کے بعد "ما" آتی ہے اور انہیں عمل سے روک دیتی ہے، جیسے:"مِمَّا خَطِيْئَاتِهِمْ أُغْرِقُوْا. عَمَّا قَلِيْلٍ لَيُصبِحَنَّ نَادِمِيْنَ. فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللهِ لِنْتَ لَهُمْ."ان تمام صورتوں میں "مَا" زائدہ ہوگا۔ [2]

فائد: فعل تام کیساتھ تمام حروف جارہ بلا اختلاف متعلق ہوسکتے ہیں اور فعل ناقص کیساتھ حروف جارہ کے متعلق ہونے میں اختلاف ہے، بعض حضرات کہتے ہیں کہ فعل ناقص کیساتھ بھی حروف جارہ متعلق ہوسکتے ہیں اس لیے کہ "لَيْسَ" کے علاوہ تمام افعال ناقصہ بھی حدوث پر دلالت کرتے ہیں تو حروف جارہ کیساتھ متعلق ہوسکتے ہیں، جیسے:"أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَباً أَنْ أَوْحَيْنَا"، یہاں "لِلنَّاسِ" مصدر "عَجَباً" کیساتھ متعلق نہیں ہوسکتا، کیونکہ مصدر عامل ضعیف ہے اور عامل ضعیف کا معمول اس سے مقدم نہیں ہوسکتا اور "أَوْحَيْنَا" کیساتھ بھی متعلق نہیں ہوسکتا، اس لیے کہ "أَوْحَيْنَا" فعل "أَنْ" کا صلہ ہے اور صلہ کا معمول اس سے مقدم نہیں ہوسکتا تو "لِلنَّاسِ" فعل ناقص "كَانَ" کیساتھ متعلق ہوگا اور جب کہ بعض نحات کہتے ہیں کہ حروف جارہ فعل ناقص کیساتھ متعلق نہیں ہوسکتے، اس لیے فعل ناقص حدوث پر دلالت نہیں کرتا، تو پھر اس کی خبر کو دیکھیں

[1] اوضح المسالک:۵۹/۱،شرح الاشمونی:۴۴۱/۱،جامع الدروس العربیۃ:۱۹۳/۳۔
[2] شرح الاشمونی:۱۰۴/۲،جامع الدروس العربیۃ:۱۹۱/۳۔

گے کہ مشتق ہے یا نہیں، اگر خبر مشتق ہو تو اس کیساتھ متعلق ہوں گے، ورنہ مجبوراً فعل ناقص کیساتھ متعلق ہوں گے، جیسے: "أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَباً أَنْ أَوْحَيْنَا" یہاں "لِلنَّاسِ" جار مجرور "كَانَ" فعل ناقص کیساتھ متعلق ہے۔[۱]

قاعدہ: ظرف لغو ترکیب میں کچھ واقع نہیں ہوتی نہ مسند اور نہ مسند الیہ، بلکہ اپنے متعلَّق سے متعلّق ہوجاتی ہے اور ظرف مستقر میں ترکیبی اعتبار سے چار احتمال ہیں: جن کی تفصیل یہ ہے کہ ظرف مستقر اور دو حال سے خالی نہیں، معرفہ کے بعد واقع ہوگی، یا نکرہ کے بعد، اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو ترکیب میں چار چیزوں میں سے کوئی ایک چیز بنے گی: ۱) اگر وہ معرفہ مبتداء ہے تو یہ خبر بنے گی، جیسے: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ"۔ ۲) اگر وہ معرفہ اسم موصول ہے تو یہ صلہ بنے گی، جیسے: "وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ"۔ ۳) اگر وہ معرفہ موصوف ہے تو یہ صفت بنے گی، جیسے: "بَحِلُّ مُشْكِلَاتُ الْكَافِيَةِ لِلْعَلَامَةِ..."۔ ۴) اگر مذکورہ تینوں صورتوں میں سے کوئی نہیں تو پھر ظرف مستقر معرفہ سے حال واقع ہوگی، جیسے شرح ماۃ عامل میں ہے: "فَالْلَفْظِيَّةُ مِنْهَا" اور اگر نکرہ کے بعد واقع ہو تو ہمیشہ صفت بنے گی، جیسے: "عَلَى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا".[۲]

قاعدہ: سات حروف ایسے ہیں جو اپنے مدخول کو جر دیتے ہیں، لیکن متعلق کا تقاضا نہیں کرتے ترکیب کے دوران ان کو "مستغنی از متعلق" کہتے ہیں، وہ حروف یہ ہیں: ۱) حروف زائدہ، ۲) رُبَّ، ۳) حَاشَا، ۴) خَلَا، ۵) عَدَا، ۶) لَوْلَا، ۷) لَعَلَّ.

قاعدہ: اگر کسی جار مجرور سے پہلے ایک سے زائد فعل یا شبہ فعل ہوں تو اس کو اسی کیساتھ متعلق کریں گے جس کیساتھ مناسب بنتا ہو، جیسے: "قَدْنَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ" میں "فِي السَّمَاءِ" جار مجرور "نَرَى" فعل سے متعلق نہیں ہوگا، بلکہ "تَقَلُّبِ" مصدر سے متعلق ہوگا۔

قاعدہ: اگر دو جار مجرور کا تعلق ایک ہی متعلق محذوف سے ہو تو پہلے جار مجرور کو ظرف مستقر اور دوسرے کو ظرف لغو کہتے ہیں، کیونکہ جب پہلے جار مجرور کے لیے متعلق ظاہر کریں تو دوسرے کے لیے وہ مذکور ہوجائے گا۔

قاعدہ: جو حروف جارہ ایک حرفی ہیں ان کو معرف باللام تعبیر کیا جاتا ہے، جیسے: "الْبَاءُ، التَّاءُ" اور باقی کو غیر معرف باللام تعبیر کیا جاتا ہے، جیسے: "مِنْ، إِلَى، مُذْ، مُنْذُ" وغیرہ۔

فائدہ: حروف تہجی اور حروف جار مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتے ہیں، اسی وجہ سے ان کی طرف مذکر اور مؤنث دونوں طرح کی ضمیر لوٹائی جاسکتی ہے، لیکن تانیث غالب اور کثیر الاستعمال ہے۔

قاعدہ: ہر متعلَق اپنے متعلّق میں عمل کرتا ہے، یعنی مجرور بحرف الجر میں دو عامل ہوتے ہیں: ایک حرف جر اور دوسرا وہ فعل یا

---

[۱] جہد قصیر: ۴۱، بدر السعید: ۲۳۳۔
[۲] المنہاج الکامل: ۱۳۷۔

شبہ فعل جس کیساتھ متعلق ہے، جیسے:"مَرَرْتُ بِزَيْدٍ"میں"زَيْدٍ"لفظاً مجرور سے حرف جر کی وجہ سے اور محلاً منصوب ہے، "مَرَرْتُ"فعل کی وجہ سے جو اس کا متعلق ہے اور یہ اس کے لیے مفعول بہ غیر صریح بن رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ جب حرف کو کسی وقت حذف کردیا جائے تو اس کو منصوب کیا جاتا ہے اسے منصوب "بنزع خافض" کہتے ہیں، لیکن اگر حرف زائد ہو تو اس کا مدخول لفظاً مجرور ہو کر معناً کبھی مرفوع ہو گا، جیسے:"كَفَى بِاللهِ شَهِيْداً"اور کبھی منصوب ہو گا، جیسے:"لَاتُلْقُوْا بِأَيْدِيكُمْ".

قاعدہ: عبارت میں جار مجرور مقدم ہو تو عموماً خبر ہوتا ہے، جیسے:"وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ".

فائدہ: "مُذْ وَمُنْذُ" کی دو قسمیں ہیں: ۱) جارہ، ۲) ظرفیہ۔ اگر ان کے بعد کوئی اسم مجرور ہو تو جار ہوں گے اور حرف ہوں گے، جیسے: "مَارَأَيْتُهُ مُنْذُ يَوْمَيْنِ أَوْ مُذْيَوْمِ الْجُمُعَةِ"، اور اگر ان کے بعد کوئی اسم مرفوع ہو، جیسے:"مَارَأَيْتُهُ مُنْذُيَوْمَانِ" یا "مُذْيَوْمُ الْجُمُعَةِ"، یا ان کے جملہ ہوں، جیسے:"جِئْتُ مُذْ دَعَا"، ان دونوں صورتوں میں یہ ظرفیہ ہوں گے اور اسم ہوں گے، پھر جارہ ہونے کی صورت میں یہ اپنے مجرور سے مل کر ماقبل یا مابعد سے متعلق ہوجاتے ہیں اور ظرفیہ ہونے کی صورت میں ان کے بعد اسم ہو تو یہ خبر مقدم بنیں گے اور وہ اسم مبتداء مؤخر ہو گا، یا اس کے برعکس اور اگر ان کے بعد جملہ ہو تو یہ مبتداء بنیں گے اور مابعد جملہ خبر۔ یا یہ مضاف ہوں گے اور مابعد جملہ مضاف الیہ، پھر مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ بن جائیں گے۔[1]

فائدہ: قسم کے لیے جواب قسم ضروری ہے، پھر جواب قسم دو حال سے خالی نہیں، جملہ اسمیہ ہو گا یا جملہ فعلیہ، اگر جملہ اسمیہ ہو تو اس کی پھر دو صورتیں ہیں: مثبت یا منفی، اور اگر جملہ فعلیہ ہو تو اس کی بھی دو صورتیں ہیں: جملہ ماضویہ ہو گا یا مضارعیہ، ان میں سے ہر ایک کی پھر دو دو صورتیں ہیں: مثبت یا منفی۔ یہ کل چھ صورتیں ہوئیں: ۱) اگر جواب قسم جملہ اسمیہ مثبتہ ہو تو اس کے شروع میں "إِنْ" یا "لام" ابتدائیہ لانا واجب ہے، جیسے:"وَاللهِ لَهُوَ أَفْضَلُ مِنْكَ، وَاللهِ إِنَّهُ أَفْضَلُ مِنْكَ." اور اسی طرح قرآن مجید میں ہے:"فَوَ رَبِّ السَّمَاءَ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ."(الذاریات:۲۳)۔ ۲) اگر جملہ اسمیہ منفیہ ہو تو اس کے شروع میں "مَا، لَا" یا "إِنْ" لانا واجب ہے، جیسے:"وَاللهِ مَازَيْدٌقَائِمٌ، وَاللهِ لَازَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَاعَمْرٌو، وَاللهِ إِنَّ زَيْداً قَائِمٌ"۔ ۳) اگر جملہ فعلیہ ماضویہ مثبتہ ہو تو اس کے شروع میں "لام" اور "قَدْ" دونوں یا صرف لام لانا واجب ہے، جیسے:"وَاللهِ لَقَدْقَامَ زَيْدٌ، وَاللهِ لَقَامَ زَيْدٌ". ۴) اگر جملہ فعلیہ ہو ماضویہ منفیہ ہو تو اس کے شروع میں "مَا" لانا واجب ہے، جیسے:"وَاللهِ مَاقَامَ زَيْدٌ". ۵) اگر جملہ فعلیہ مضارعیہ مثبتہ ہو تو اس کے شروع میں "لام" تاکید لانا واجب ہے، جیسے: "تَاللهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصْنَامَكُمْ."(الانبیاء:۵۷)۔ ۶) اگر جملہ فعلیہ مضارعہ منفیہ ہو تو اس کے شروع میں "مَا، لَا" یا "لَنْ"

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۵۰۶/۴۔

لانا واجب ہے، جیسے: "وَاللهِ مَا أَفْعَلَنَّ كَذَا، وَاللهِ لَا أَفْعَلَنَّ كَذاَ، وَاللهِ لَنْ أَفْعَلَ كَذَا". [1]

قاعدہ: اگر قسم سے پہلے جواب قسم جیسا جملہ آئے، یا قسم جملہ کے درمیان واقع ہو تو جواب قسم کو حذف کر دیا جاتا ہے اور مذکورہ جملہ ہی اس پر دلالت کرتا ہے، اس لیے مذکورہ جملہ کو "دال بر جواب قسم" یا "عوض جواب قسم" کہتے ہیں۔ پہلی صورت کی مثال، جیسے: "زَيْدٌ عَالِمٌ وَاللهِ، أَيْ وَاللهِ إِنَّ زَيْداً عَالِمٌ" اور دوسری صورت کی مثال، جیسے: "زَيْدٌ وَاللهِ عَالِمٌ، أَيْ وَاللهِ إِنَّ زَيْداً عَالِمٌ".

قاعدہ: قسم کی صورت میں "أُقْسِمُ" فعل مقدر مانا جاتا ہے، جیسے: "تَاللهِ لَأَكِيْدَنَّ أَصْنَامَكُمْ"، أَيْ أُقْسِمُ بِاللهِ!

قاعدہ: "رُبَّ" کے بعد جو فعل ہوتا ہے اس کو جواب "رُبَّ" کہتے ہیں اور وہ ہمیشہ فعل ماضی ہوتا ہے اور "رُبَّ" کے بعد جو فعل ہے اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو "رُبَّ" کا مدخول ہی مجرور لفظاً منصوب معناً اس کا مفعول بہ بنے گا، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُ" اور اگر اس کے بعد والا فعل لازمی ہو، یا متعدی ہو، لیکن اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو اس صورت میں "رُبَّ" کا مدخول مجرور لفظاً مرفوع معناً ہو کر مبتداء بنے گا اور بعد والا فعل خبر بنے گا، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهُ". [2]

قاعدہ: اگر "حَاشَا، خَلَا" اور "عَدَا" کے بعد کوئی اسم مجرور ہو تو یہ حروف جارہ ہوں گے اور اگر منصوب ہو تو یہ فعل ہوں گے اور ان کا فاعل ضمیر مستتر ہوگی، والا اسم مفعولیت کی بنا پر منصوب ہوگا اور دونوں صورتوں میں مستثنی والا معنی باقی رہے گا۔

قاعدہ: اگر "خَلَا" اور "عَدَا" لفظ "ما" کے بعد ہوں یا کلام کے شروع میں ہوں تو اس وقت یہ فعل ہی ہوں گے اور "خَلَا" اور "عَدَا" کے بعد والا اسم بناء بر فاعلیت مرفوع ہوگا، جیسے: "خَلا الْبَيْتُ زَيْداً" اور "عَدَا الْقَوْمُ زَيْداً" اور "مَاخَلَا" اور "مَاعَدَا" کے بعد وال اسم مفعولیت کی بناء پر منصوب ہوگا، جیسے: "مَاعَدَا زَيْداً" اور "مَاخَلَا زَيْداً". [3]

قاعدہ: "رُبَّ" نکرہ موصوفہ یا ضمیر مبہم پر داخل ہوتا ہے اور جو لفظ نکرہ موصوفہ کی صفت کے بعد یا ضمیر مبہم ممیز کی تمیز کے بعد آجائے وہ "رُبَّ" کا جواب ہوتا ہے، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهُ" یہاں "لَقِيْتُهُ"، "رُبَّ" کا جواب ہے اور نکرہ موصوفہ کی صفت کبھی مذکور اور کبھی قرینہ کی وجہ سے محذوف یا مقدر ہوتی ہے، یہاں تک بعض الناس کہتے ہیں کہ "رُبَّ" کی صفت لفظوں میں نہیں آتی، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ" اور صفت مذکورہ کی مثال، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهُ."

قاعدہ: جواب "رُبَّ" اگر اسم ہے تو مبتداء اور خبر بنیں گے، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ عِنْدِيْ" یہاں "رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ"

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش:۱۳۹/۵، شرح الرضی علی الکافیہ:۲۷۴/۲، ہمع الہوامع:۴۱/۲، شرح الاشمونی:۲۱۵/۳، شرح التصریح:۲۰۳/۲، النحو الوافی:۴۹۹/۲، معانی النحو:۱۷۵/۴۔

[2] شرح المفصل لابن یعیش:۴۸۳/۴۔

[3] شرح المفصل لابن یعیش:۵۱۰/۴۔

مبتداء اور "عِنْدِیْ" خبر ہے اور اگر جواب "رُبَّ" فعل ہو تو پھر دیکھیں گے یہ فعل "رُبَّ" کے مدخول سے مستغنی ہے یا نہیں ، اگر مستغنی ہے تو مبتداء اور خبر بنیں گے، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ لَقِیْتُہٗ" اور اگر مستغنی نہیں تو اس وقت فعل کے لیے مفعول بہ بنے گا، جیسے: "رُبَّ رَجُلٍ کَرِیْمٍ لَقِیتُ".

چند حل شدہ تراکیب:

✍ ...... "بَاء" کی مثال: نحو: "کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا":

"نَحْوٌ" خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظا برائے مبتداء محذوف کہ "مِثَالُھَا" باشد...... "مِثَالُ مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف ...... "ھَا" ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے "بَاء" ...... "نحو" مضاف...... "کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیدًا" جملہ بتَأوِیْلِ ھٰذَا التَّرْکِیْبِ مضاف الیہ اوست مجرور محلًا...... "کَفٰی" صیغہ فعل ماضی معلوم...... "بِاللّٰہِ" فاعلش مرفوع محلا...... "بَ" زائدہ جارہ...... لفظ "اللّٰہِ" مجرور بالکسر لفظًا جارِ مجرور مستغنی از متعلق است...... باز لفظ "اللّٰہِ" ذوالحال...... "شَہِیْدًا" حال اوست منصوب بالفتحہ لفظًا...... باز "شَہِیْدًا" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے ذوالحال...... ویا کہ "شَہِیْدًا" تمیز اوست منصوب بالفتحہ لفظًا از نسبت فعل بسوئے فاعل۔

✍ ...... "تاء" کی مثال: تَاللّٰہِ لَأَکِیدَنَّ أَصْنَامَکُمْ:

"تَاء" قسمیہ جارہ ... لفظ "اللّٰہِ" مقسم بہ مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق "أُقْسِمُ" فعل مقدر است... باز "أُقْسِمُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا "لَأَکِیدَنَّ" الخ... جملہ جواب قسم است... "لام" ابتدائیہ تاکیدیہ... "أَکِیدَنَّ" صیغہ فعل مضارع معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا...... "أَصْنَامَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا مضاف... "کُمْ" ضمیر مخاطبین مضاف الیہ اوست مجرور محلًا۔

✍...... "کاف" کی مثال: وَجْہُ الْأَمِیْرِ کَالْبَدْرِ الْمُنِیْرِ:

"وَجْہُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف...... "الْأَمِیْرِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا...... "کَالْبَدْرِ" ظرف مستقر خبر اوست مرفوع محلًا...... "کاف" جارہ "الْبَدْرِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح جارہ مجرور متعلق با "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین...... "ثَبَتَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے مبتداء...... ویا کہ "ثَابِتٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء ...... باز "الْبَدْرِ" موصوف "الْمُنِیْرِ" صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظًا...... باز "ال" بمعنی "الَّذِیْ" اسم موصول "مُنِیْرِ" صلہ اوست...... باز "مُنِیْرِ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے اسم موصول۔

✍...... "لام" کی مثال: یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ:

"یُسَبِّحُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظًا...... "لام" جارہ...... لفظ "اللّٰہِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح جارہ مجرور متعلق بہ "یُسَبِّحُ" فعل است ...... "مَا" موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش فاعلش مؤخر است مرفوع محلًا...... "فِي السَّمَاوَاتِ" ظرف مستقر صلہ یا صفت اوست ...... "فِي" جارہ...... "السَّمَاوَاتِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح... جارہ مجرور متعلق

به ''ثَبَتَ''......ویا کہ ''ثَابِتٌ'' مقدر است الخ...... ''ثَبَتَ'' صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے ''ما'' ......ویا کہ ''ثَابِتٌ'' الخ......

✍ ......''مُذْو مُنْذُ'' کی مثال: مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَوْ مُنْذُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ:

''مَا'' نافیہ غیر عاملہ...... ''رَأَيْتُ'' صیغہ فعل ماضی معلوم منفی...... ''تُ'' ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً...... ''هُ'' ضمیر غائب مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے فلاں...... ''مُذْ'' جارہ...... ''يَوْمِ'' مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ...... ''رَأَيْتُ'' فعل منفی است......باز ''يَوْمِ'' مضاف...... ''الْجُمُعَةِ'' مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً...... ''أَوْ'' حرف عاطفہ...... ''مُنْذُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ'' معطوف...... ''مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ'' معطوف علیہ اوست...... ''مُنْذُ'' جارہ...... ''يَوْمِ'' مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ''رَأَيْتُ'' فعل منفی است......باز ''يَوْمِ'' ......مضاف ''الْجُمُعَةِ'' مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔

✍ ......''خَلَا، حَاشَا، عَدَا'' کی مثال: جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ وَحَاشَا زَيْدٍ وَ عَدَا زَيْدٍ:

''جَاءَ'' صیغہ فعل ماضی معلوم...... ''نون'' وقایہ...... ''یاء'' ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلاً...... ''الْقَوْمُ'' فاعلش مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظاً مستثنیٰ منہ...... ''خَلَا'' استثنائیہ زائدہ جارہ...... ''زَيْدٍ'' مستثنیٰ است مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً......جار مجرور مستغنی از متعلق است...... ''واو'' حرف عاطفہ...... ''حَاشَا زَيْدٍ'' بتقدیر ''جَاءَنِي الْقَوْمُ'' معطوف...... ''جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ'' معطوف علیہ اوست...... ''حَاشَا'' استثنائیہ زائدہ جارہ...... ''زَيْدٍ'' مستثنیٰ است مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً......جار مجرور مستغنی از متعلق است...... ''واوْ'' حرف عاطفہ...... ''عَدَازَيْدٍ'' بتقدیر ''جَاءَنِي الْقَوْمُ'' معطوف...... ''حَاشَا زَيْدٍ'' بتقدیر ''جَاءَنِي الْقَوْمُ'' معطوف علیہ اوست قُرباً...... ''جَاءَنِي الْقَوْمُ'' معطوف علیہ اوست بعداً...... ''عَدَا'' استثنائیہ زائدہ جارہ...... ''زَيْدٍ'' مستثنیٰ است مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً......جار مجرور مستغنی از متعلق است۔

✍......''رُبَّ'' کی مثال: رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهُ:

''رُبَّ'' زائدہ جارہ...... ''رَجُلٍ'' مجرور بالکسرہ لفظاً مبتداء است مرفوع محلاً۔ ویا کہ منصوب محلاً مفعول بہ است مَا أُضْمِرَ عَامِلُهُ عَلٰى شَرِيْطَةِ التَّفْسِيْرِ......جار مجرور مستغنی از متعلق است مِنْ حَيْثُ اللَّفْظِ لَا مِنْ حَيْثُ الْمَعْنٰى......باز ''رَجُلٍ'' موصوف...... ''كَرِيْمٍ'' صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظاً......باز ''كَرِيْمٍ'' صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے موصوف...... ''لَقِيْتُهُ'' جواب ''رُبَّ'' سد مسد خبر یا تفسیر اوست...... ''لَقِيْتُ'' صیغہ فعل ماضی معلوم...... ''تُ'' ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً...... ''هُ'' ضمیر غائب مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے ''رَجُلٍ كَرِيْمٍ'' ......ویا کہ ''رُبَّ'' زائدہ جارہ...... ''رَجُلٍ'' مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ مقدم است......جار مجرور مستغنی از متعلق است مِنْ حَيْثُ اللَّفْظِ لَا مِنْ حَيْثُ الْمَعْنٰى......باز ''رَجُلٍ'' موصوف...... ''كَرِيْمٍ'' صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظاً...... ''كَرِيْمٍ'' صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے موصوف...... ''لَقِيْتُ'' جواب ''رُبَّ'' است فعلش مؤخر است...... ''لَقِيْتُ'' صیغہ فعل ماضی معلوم...... ''تُ'' ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً۔

✍......"حَتّٰی"کی مثال: أَكَلْتُ السَّمَكَةَ حَتّٰی رَأْسِهَا:

"أَكَلْتُ"صیغہ فعل ماضی معلوم......"تُ"،ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً......"السَّمَكَةَ"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا...... "حَتّٰی"جارہ......"رَأْسِ"مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح...جارہ مجرور متعلق بہ"أَكَلْتُ"است......باز"رَأْسِ"مضاف......"هَا"،ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلاً راجع بسوئے"السَّمَكَةَ"......ویا کہ"حَتّٰی"حرف عاطفہ...... "رَأْسَهَا"معطوف......"السَّمَكَةَ"معطوف علیہ اوست......باز"رَأْسَ"مضاف......"هَا"،ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلاً راجع بسوئے"السَّمَكَةَ"...... ویا کہ"حَتّٰی"استنافیہ مابعد جملہ متانفہ......"رَأْسُ"مبتداء مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف......"هَا" ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلاً راجع بسوئے"السَّمَكَةَ"برائے خبرش محذوف کہ"مَأْكُوْلٌ"باشد......باز "مَأْكُوْلٌ"،صیغہ اسم مفعول تکیہ گرفتہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ...ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلاً راجع بسوئے مبتداء۔

✍......"ثُمَّ"کی مثال:ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ:

"ثُمَّ"کہ حالش از ماقبل معلوم خواہد شد...... "أَتِمُّوا"صیغہ فعل امر حاضر معلوم......"واؤ"،ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً...... "الصِّيَامَ"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا......"إِلَى"جارہ......"اللَّيْلِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح......جار مجرور متعلق بہ"أَتِمُّوا"،فعل است۔

✍......اسم تاویلی کی مثال:أَسِيْرُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ:

"أَسِيْرُ"صیغہ فعل مضارع مرفوع بالضمہ لفظًا ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً......"حَتّٰی"...جارہ......"تَطْلُعَ الشَّمْسُ" جملہ بتقدیر"أَنْ"بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح......جار مجرور متعلق بہ"أَسِيْرُ"،فعل است......باز"أَن"،مصدریہ ناصبہ ناصبتا لمستقبل......"تَطْلُعَ"،صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظًا......"الشَّمْسُ"،فاعلش مرفوع باضمہ لفظًا۔

تمرین:

درج مثالوں میں حروف جارہ کی تعیین کیجئے،نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللهِ. أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ. أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ. أَتِمُّوْاالصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ. فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ. لِلّٰه خَزَائِنُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ. عَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ. لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ. بَاءُوا بِغَضَبٍ مِنَ اللهِ. يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللهِ. خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ. زَيْدٌ عَلَى السَّطْحِ. اَلْمَالُ فِى الْكِيْسِ. رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ وَوَصَلَ إِلَى الصَّيْدِ. سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ إِلَى الْكُوْفَةِ. مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَوْ مُنْذُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ. رَضِىَ اللهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْاعَنْه. وَجْهُ زَيْدٍ كَالْقَمَرِ. الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ. عَلَيْكُمْ وَقَارٌ. لَهُمْ حُكُوْمَةٌ. أَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌمِنْ ذَهَبِهِ. اسْتِرَاحَةُ النَّفْسِ فِى إِلْيَاسِ. إِخْفَاءُ الشَّدَائِدِمِنَ الْمُرُوَّةِ. اَلإِنْسَانُ مِنَ اللِّسَانِ. تَوَكَّلُوْا عَلَيْه. دَوَاءُ الْقَلْبِ اَلرِّضٰى بِالْقَضَاءِ. لَكُمْ دِيْنُكُمْ. خَيْرُ الْمَالِ مَا أُنْفِقَ فِى سَبِيْلِ اللهِ. أَنْزَلْنَاهُ فِى لَيْلَةِالْقَدْرِ. سُرُوْرُكَ

بِالدُّنْيَا غُرُوْرٌ. زِيَارَةُ الضُّعَفَاءِ مِنَ التَّوَاضُعِ. رَأَيْتُ طَلَبَةَ الْعِلْمِ خَلَازَيْدٍ. عَلَيْكُمْ هَيْبَةٌ. فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ. لَهُ مَافِي السَّمٰوٰتِ. هَلَاكُ الْمَرْءِ فِي الْعُجْبِ. نُوْرُ الْمُؤمِنِ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ. لَهُمْ فِيهاأَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ. يَهْدِى مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ. إلى اللهِ تُرْجَعُ الْأُمُوْرُ. لَاتُصَلِّ حَتّٰى تَتَوَضَّأَ. رُبَّ عَالِمٍ لَّقِيْتُ. لَا تَدْخُلْ بَيْتًاحَتّٰى تَسْتَأذِنَ. الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ. جَاءَ الوَلَدُ مِنَ المَدْرَسَةِ . مَا تَكَلَّمْتُ مَعَهُ مُذْ شَهْرٍ. لَمْ أَرَهُ مُنْذُ سَنَتَيْنِ. جَاءَ الأولادُ حَاشَا خَالِدٍ. رَأَيْتُ الطُّلابَ عَدا سَعِيدٍ. مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمَيْنِ. دَخَلَ الْمُجْرِمُ فِي السِّجْنِ. قَشَرْتُ الْفَاكِهَةَ بِالسِّكِّيْنِ. يَتَقَاتَلُ الْجُنُوْدُ بِالسُّيُوْفِ. يَذْهَبُ الْخَوْفُ عَنِ الطِّفْلِ. الْجَائَزَةُ لِلسَّابِقِ. اشْتَرَيْتُ قُفْلا لِلْخَزَانِةِ. اِسْتَغْفِرْ لَهُم عَدَا المُنَافِقِينَ . يَعُودُ الْغائِبُ إِلى الْوَطَن. بِالْعِلْم يَسُوْدُ الْمرءُ. تَتَلأْلأُ النُّجُومُ في السَّماءِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ آمَنَّا بِاللّٰهِ:

"مِنَ النَّاسِ"ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا..."مِنْ"جارہ..."النَّاسِ"مجرور بالکسرہ لفظًا ومنصوب محلًامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ"ثَبَتَ"...ویاکہ"ثَابِتٌ"مقدر است بنابراختلاف مذہبین..."ثَبَتَ"صیغہ فعل ماضی معلوم ...ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًاراجع بسوئے مبتداء مؤخر..."ویاکہ"ثَابِتٌ"صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر مبتداء مؤخر خود یعمل عمل فعلہ...ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلًاراجع بسوئے مبتدامؤخر..."مَنْ"موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ وصفت خویش مبتدامؤخراست مرفوع محلًا...باز"مَنْ"موصولہ یا موصوفہ..."يَقُولُ آمَنَّا بِاللّٰهِ"جملہ صفت یا صلہ اوست...باز"يَقُولُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظًاضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے"مَنْ"اسم موصول..."آمَنَّا بِاللّٰهِ"مقولہ قول است..."آمَنَّا"صیغہ فعل ماضی معلوم..."نَا"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا..."ب"حرف جارہ...لفظ"اللّٰه"مجرور بالکسرہ لفظًاو منصوب محلًامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"آمَنَّا"فعل است۔

✍..."دَوَاءُ الْقَلْبِ الرِّضٰى بِالْقَضَاءِ":

"دَوَاءُ"مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًامضاف..."الْقَلْبِ"مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا..."الرِّضٰى"خبرش مرفوع بالضمہ تقدیرًا..."ب"جارہ..."الْقَضَاءِ"مجرور بالکسرہ لفظًاو منصوب محلًامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ"الرِّضٰى"شبہ فعل است۔

✍..."خَيْرُ الْمَالِ مَا أُنْفِقَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ":

"خَيْرُ"مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًامضاف..."الْمَالِ"مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا..."مَا"موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ صفت خویش خبرش مرفوع محلًا...باز"مَا"موصولہ یاموصوفہ"أُنْفِقَ الخ..."جملہ صلہ یا صفت اوست..."أُنْفِقَ"صیغہ فعل ماضی مجہول ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلًا راجع بسوئے"مَا"..."فِيْ"جارہ..."سَبِيْلِ"مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ"أُنْفِقَ"فعل است... باز"سَبِيْلِ"مضاف... لفظ"اللّٰه"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا۔

✍ ... "رَأَيْتُ طَلَبَةَ الْعِلْمِ خَلَا زَيْدٍ":
"رَأَيْتُ"صیغه فعل ماضی معلوم فعل ازافعال قلوب دومفعول می طلبد ملغی از عمل بمعنی"أَبْصَرْتُ"... "أَبْصَرْتُ"صیغه فعل ماضی معلوم..."تُ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا... "طَلَبَةَ"مفعول اوست منصوب بالفتحه لفظًا مستثنی منه مضاف ... "الْعِلْمِ"مضاف الیه اوست مجرور بالکسره لفظًا... "خَلَا" استثنائیه زائده جاره... "زَيْدٍ"مستثنی است مجرور بالکسره لفظًاو منصوب محلًا...جار مجرور مستغنی از متعلق است۔

✍ ... "لَه مَافِي السَّمٰوٰتِ":
"لَه"ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا "لَ"جاره "ہ"ضمیر غائب مجرورو منصوب محلًا مفعول به غیر صریح راجع بسوئے "اللہ"که منقوش است بردل مؤمناں جار مجرور متعلق به "ثَبَتَ"ویا که "ثَابِتٌ"مقدراست بنابر اختلاف مذ ہبین۔ "ثَبَتَ"صیغه فعل ماضی معلوم ضمیر دور مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء مؤخر۔ ویا که "ثَابِتٌ"صیغه اسم فاعل تکیه گرفته برمبتداء مؤخر خودیعمل عمل فعله... ضمیر دور مستتر فاعلش مرفوع محلًاراجع بسوئے مبتداء مؤخر "مَا"موصوله یا موصوفه بمع صله یا صفت خویش مبتدامؤخر است مرفوع محلًا... باز "ما"موصوله یا موصوفه "فِي السَّمٰوٰتِ"ظرف مستقر صله یا صفت اوست... "فِيْ"جاره "السَّموات" مجرور بالکسره لفظًا و منصوب محلًا مفعول به غیر صریح ...جار مجرور متعلق به "ثَبَتَ"ویا که "ثَابِتٌ"مقدراست...... "ثَبَتَ"صیغه فعل ماضی معلوم... ضمیر دور مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول...ویا که "ثَابِتٌ"صیغه اسم فاعل تکیه گرفته بر موصوف خودیعمل عمل فعله ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف۔

✍ ......"لَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ":
"لَهُمْ"ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلاباز... "ل"جاره... "هُمْ" ضمیر غائبین مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح راجع بسوئے مذکورین ما قبل...جار مجرور متعلق به "ثَبَتْنَ"ویا که "ثَابِتَاتٌ"مقدر است بناء براختلاف مذ ہبین...باز "ثَبَتْنَ"صیغه فعل ماضی معلوم... "ن"ضمیر غائبات فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء مؤخر...ویا که "ثَابِتَاتٌ"صیغه اسم فاعل تکیه کرده برمبتداء مؤخر خودیعمل عمل فعله،ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء مؤخر... "فِيْهَا"ظرف متعلق به ظرف... "فِيْ"جاره ... "ها"ضمیر غائبه مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح راجع بسوئے مذکور ما قبل...جار مجرور متعلق به ظرف است... "أَزْوَاجٌ" مبتداء مؤخراست مرفوع بالضمه لفظاً موصوف... "مُطَهَّرَةٌ"صفت است مرفوع بالضمه لفظا...باز "مُطَهَّرَةٌ"صیغه اسم مفعول تکیه گرفته بر موصوف خودیعمل عمل فعله... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعله مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف۔

✍... يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ:
"يَهْدِي"صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه تقدیراً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے "اللہ"که منقوش است بردلِ مؤمناں... "مَنْ"موصوله یا موصوفه بمع صله یا صفت مفعول به اوست منصوب محلا...باز "مَنْ"موصوله یا موصوفه... "يَشَاءُ"جمله صله یا صفت اوست...باز "يَشَاءُ"صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے "اللہ"که منقوش است بردلِ مؤمناں... "إِيَّاهُ"عائد محذوف مفعول به است منصوب محلاراجع بسوئے اسم موصول... "إِلٰى"جاره... "صِرَاطٍ"

مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "یَشَاءُ" فعل است... باز "صِرَاطٍ" موصوف... "مُسْتَقِيمٍ" صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظا... باز "مُسْتَقِيمٍ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف۔

✍... "إِلَى اللهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ":

"إِلَى" جارہ لفظ... "الله" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "تُرْجَعُ"... فعل مؤخر است... "تُرْجَعُ" صیغہ فعل مضارع مجہول مرفوع بالضمہ لفظًا... "الْأُمُورُ" مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع بالضمہ لفظًا۔

✍... "لَا تَدْخُلْ بَيْتاً حَتَّى تَسْتَأْذِنَ:

"لَا" ناہیہ جازمہ جازمتہ ا مستقبل... "تَدْخُلْ" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "بَيْتًا" منہی عنہ مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظا... "حَتَّى" جارہ... "تَسْتَأْذِنَ" جملہ بتقدیر "أَنْ" بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَا تَدْخُلْ" فعل است... باز "أَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصب ا مستقبل... "تَسْتَأْذِنَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍... لَا تُصَلِّ حَتَّى تَتَوَضَّأَ:

"لَا" ناہیہ جازمہ جازمتہ ا مستقبل... "تُصَلِّ" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف حرف علت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا... "حَتَّى" جارہ... "تَتَوَضَّأَ" جملہ بتقدیر "اَنْ" بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَا تُصَلِّ" فعل است... باز "اَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصب ا مستقبل... "تَتَوَضَّأَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍... "الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ":

"الْعَاقِبَةُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً... "لِلْمُتَّقِيْنَ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "ل" جارہ "مُتَّقِيْنَ" مجرور بالیاء لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَتْ"... ویا کہ "ثَابِتَةٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین... "ثَبَتَتْ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوعا محلا راجع بسوئے مبتداء... ویا کہ "ثَابِتَةٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... باز "ال" بمعنی "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "مُتَّقِيْنَ" صلہ اوست... باز "مُتَّقِيْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول۔

فصل سوم: حروف مشبہ بالفعل کا بیان

۱۔ حروف مشبہ بالفعل کی تعداد:

حروف مشبہ بالفعل یہ چھ ہیں: "إِنَّ ، أَنَّ ، كَأَنَّ، لٰكِنَّ، لَيْتَ، لَعَلَّ. [۱]

۲۔ حروف مشبہ بالفعل کی وجہ تسمیہ:

حروف مشبہ بالفعل کو مشبہ بالفعل اس لیے کہتے ہیں کہ یہ حروف فعل کیساتھ لفظاً، معناً اور عملاً مشابہ ہیں:

(الف)۔ لفظاً اس طرح مشابہ ہیں کہ: ۱) جس طرح فعل ثلاثی اور رباعی ہوتا ہے، اسی طرح یہ بھی ثلاثی اور رباعی ہوتے ہیں، مثلاً "إنَّ" بروزن "فِرَّ"، "أنَّ" بروزن "مَدَّ"، "كَأنَّ" بروزن "ضَرَبْنَ"، کیونکہ "كَأنَّ" اصل میں "كَأنْنَ" تھا، "لَيْتَ" بروزن "لَيْسَ"، "لَكِنَّ" بروزن "ضَارِبْنَ"، کیونکہ "لَكِنَّ" اصل میں "لَكِنْنَ" تھا اور "لَعَلَّ" بروزن "دَحْرَجَ"، کیونکہ "لَعَلَّ" اصل میں "لَعَلْلَ" تھا۔ ۲) جس طرح فعل کے آخر میں یاء ضمیر متکلم بمع نون وقایہ آسکتی ہے اس طرح ان کے آخر میں بھی آسکتی ہے، جیسے "إِنَّنِيْ"۔ ۳) جس طرح فعل کے آخر میں "هَا" ضمیر غائبہ آسکتی ہے، اسی ان کے آخر میں بھی آسکتی ہے۔ ۴) جس طرح فعل مبنی بر فتح ہوتا ہے اسی طرح یہ بھی مبنی بر فتح ہوتے ہیں۔

(ب)۔ معناً اس طرح مشابہ ہیں کہ یہ فعل کے معنی کو متضمن ہیں، جیسے: "إِنَّ، أَنَّ" (حَقَّقْتُ) کے معنی میں ہے، "كَأَنَّ" (تَشَبَّهْتُ) کے معنی میں ہے، "لَيْتَ" (تَمَنَّيْتُ) کے معنی میں ہے، "لَكِنَّ" (اسْتَدْرَكْتُ) کے معنی میں ہے اور "لَعَلَّ" (تَرَجَّيْتُ) کے معنی میں ہے۔

(ج)۔ عملاً مشابہ اس طرح ہیں کہ جس طرح فعل متعدی اپنے مفعول کو نصب اور فاعل کو رفع دیتا ہے اسی طرح یہ بھی اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، لیکن چونکہ فعل متعدی اصل ہے تو اس لیے رفع مقدم اور نصب مؤخر ہے اور حروف مشبہ بالفعل فرع ہیں تو نصب مقدم اور رفع مؤخر ہے تاکہ اصل اور فرع میں فرق رہے۔ [۲]

۳۔ حروف مشبہ بالفعل کا حکم:

حروف مشبہ بالفعل کا حکم یہ ہے کہ یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتداء کو نصب دے کر اس کو اپنے لیے اسم اور خبر کو رفع دے کر اس کو اپنے لیے خبر بناتے ہیں، جیسے: "إِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" اس مثال میں "زَيْدًا" کو اسم "إِنَّ" اور "قَائِمٌ"

---

[۱] حروف مشبہ بالفعل کو ایک شاعر نے اس شعر میں بیان کیا ہے:

اِنَّ، اَنَّ، كَاَنَّ، لٰكِنَّ، لَيتَ لعلَّ　　ناصب اسم ند و رافع در خبر ضد مَا وَلَا

[۲] شرح المفصل لابن یعیش: ۵۲۱/۴، الکناش: ۹۰/۲، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۳۳۰/۴، جامع الدروس العربیۃ: ۲۹۸/۲۔

کو خبر "إِنَّ" کہتے ہیں۔

۴۔ حروف مشبہ بالفعل کے معانی:

حروف مشبہ بالفعل چھ (اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لٰکِنَّ، لَیتَ لعلَّ) ہیں، جن میں:

(الف/ب)۔ "إِنَّ" اور "أَنَّ" دونوں مضمون جملہ کی تحقیق کے لیے آتے ہیں، بشرطیکہ اس پر "مَا" کافہ داخل نہ ہو تو ورنہ حصر کے لیے ہوگا، جیسے: "إِنَّمَا اِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ"۔ پھر جملہ عام ہے، خواہ جملہ فعلیہ ہو، یا جملہ اسمیہ ہو۔ جملہ فعلیہ کے مضمون جملہ نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل کا مصدر نکال کر فاعل کی مضاف کیا جائے، جیسے: "قَامَ زَيْدٌ" کا مضمون جملہ "قِيَامُ زَيْدٍ" ہے اور اگر جملہ اسمیہ ہو تو اس کی خبر مشتق ہوگی یا جامد۔ اگر مشتق ہو تو خبر کا مصدر نکال کر مبتداء کی طرف مضاف کیا جائے، جیسے: "زَيْدٌ عَالِمٌ" کا مضمون جملہ "عِلْمُ زَيْدٍ" ہے اور اگر خبر جامد ہو تو اس کے آخر میں "یاء، تا" یا "واؤ، تا" یا صرف "تا" لگا کر اس کو مبتداء کی طرف مضاف کیا جائے، جیسے: "زَيْدٌ أَسَدٌ"، "هَذا زيدٌ" اور "زَيْدٌ أَخٌ" کا مضمون "أَسَدِيَّةُ زَيْدٍ"، "زَيْدِيَّةُ هَذَا" اور "أُخُوَّةُ زَيْدٍ" ہے اور اگر خبر مشتق یا جامد کے علاوہ ہو مثلاً: ظرف ہو تو ظرف کے متعلق کا مصدر نکال کر مبتداء کی طرف مضاف کر دیں، جیسے: "زَيْدٌ فِي الدَّارِ" کا مضمون جملہ "اسْتِقْرَارُ زَيْدٍ فِي الدَّارِ" یا "ثُبُوْتُ زَيْدٍ فِي الدَّارِ" ہے[1]۔

(ج)۔ "كَأَنَّ": تشبیہ کے لیے آتا ہے اور یہ اپنے اسم کو خبر کیساتھ تشبیہ دینے کے لیے آتا ہے، جیسے: "كَأَنَّ زَيْداً أَسَدٌ".

(د)۔ "لَكِنَّ": استدراک کے لیے آتا ہے، استدراک کا مطلب یہ ہے کہ کلام سابق سے پیدا ہونے والے وہم کو دفع کرنا، اس لیے "لَكِنَّ" ہمیشہ دو جملوں کے درمیان آتا ہے، پہلے جملہ کو موہمہ (وہم پیدا کرنے والا) اور دوسرے جملہ کو دافعہ "دفع کرنے والا" کہتے ہیں، ان دونوں جملوں میں تغایر ضروری ہے، خواہ تغایر لفظی ہو یا معنوی، تغایر لفظی یہ ہے کہ ایک مثبت ہو تو دوسرا منفی، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ لَكِنَّ عَمْراً لَمْ يَجِئْ" یا "مَاجَاءَنِيْ زَيْدٌ لَكِنَّ عَمْراً جَاءَنِيْ"۔ اور تغایر معنوی یہ ہے کہ مفہوم دونوں کا جدا جدا ہو، اگرچہ صورۃً دونوں مثبت ہوں یا دونوں منفی، جیسے: "غَابَ زَيْدٌ لَكِنَّ بَكْراً حَاضِرٌ" اور "جَاءَنِيْ زَيْدٌ لَكِنَّ عَمْراً ذَهَبَ".[2]

(ہ)۔ "لَيْتَ": تمنی کے لیے آتا ہے، اس سے حصول خبر کی آرزو مقصود ہوتی ہے، جیسے: "لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ!"[3]

---

[1] مضمون جملہ نکالنے کے بعد "ان" ہٹ جاتا ہے اور ما قبل والا فعل مضمون جملہ میں عمل کرتا ہے، جیسے: "بَلَغَنِيْ أَنَّ زَيْداً مُنْطَلِقٌ" مضمون جملہ کے بعد عبارت اس طرح ہوگی: "بَلَغَنِيْ انْطِلَاقِ زَيْدٍ".

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۲۹۹/۲۔

[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲۹۹/۲۔

(و)۔ "لَعَلَّ": ترجی کے لیے آتا ہے، اس سے حصول خبر کی امید مقصود ہوتی ہے، جیسے: "لَعَلَّ زَيْداً قَائِمٌ". [۱]

۵۔ "إِنَّ" اور "أَنَّ" میں فرق:

"إِنَّ" اور "أَنَّ" میں فرق لفظی اور معنوی دونوں طرح فرق ہے، معنوی فرق یہ ہے کہ "إِنَّ" جملہ کو اس کے معنی پر برقرار رکھتے ہوئے اس میں تحقیق والا معنی پیدا کرتا ہے اور "أَنَّ" جملہ میں تحقیق والا معنی پیدا کرنے کیساتھ ساتھ اس کو مفرد کے حکم میں کردیتا ہے اور اس کے بعد وہ جملہ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے، اس لیے وہ فاعل، مفعول مالم یسم فاعلہ اور مفعول بہ وغیرہ ترکیب میں واقع ہوتا ہے اور لفظی فرق یہ ہے کہ بارہ مقامات میں "إِنَّ" مکسورہ اور دس مقامات میں "أَنَّ" مفتوحہ پڑھا جاتا ہے:

۶۔ مقاماتِ "إِنَّ" مکسورہ:

جن مقامات میں "إِنَّ" مکسورہ پڑھا جاتا ہے وہ درج ذیل ہیں:

۱) ابتداءِ کلام میں، خواہ حقیقۃً ہو، جیسے: "إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْر"، "إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ"، یا حکماً ہو، جیسے: "أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ."

۲) "قَالَ يَقُوْلُ" مادہ کے بعد، جیسے: "قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللهِ".

۳) ابتداءِ صلہ میں، جیسے: "وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَا إِنَّ مَفاتحَهُ لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ أُوْلِي الْقُوَّةِ." اور "جَاءَ الَّذِيْ إِنَّهُ مُجْتَهِدٌ."

۴) جہاں مابعد ماقبل کی صفت واقع ہو، جیسے: "جَاءَ رَجُلٌ إِنَّهُ فَاضِلٌ".

---

[۱] تمنی اور ترجی میں فرق یہ ہیں:

۱)۔ تمنی ممکن اور ناممکن دونوں کی ہو سکتی ہے، ممکن پھر عام ہے خواہ اس کے حصول کی امید ہو یا نہ ہو، جیسے: "لَيْتَ زَيْداً حَاضِرٌ" اور امید نہ ہو، جیسے یہی جملہ وہ شخص کہے جس کو زید کے حاضر ہونے کی امید نہ ہو اور ناممکن کی مثال، جیسے کوئی معمر شخص کہے: "لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ" جب کہ ترجی صرف ممکن کی ہو سکتی ہے اور وہ بھی اس وقت جب اس کے حصول کی امید ہو، جیسے: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يُكْرِمُنِيْ" اور ممکن غیر مرجو الحصول اور ناممکن کی ترجی نہیں ہو سکتی، اول کی مثال، جیسے: کوئی مجرم شخص جس کو بادشاہ کی طرف سے اکرام کی امید نہ ہو وہ یہ نہیں کہہ سکتا: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يُكْرِمُنِيْ" اور دوسرے کی مثال، جیسے کسی بوڑھے شخص کا یہ کہنا درست نہیں کہ "لَعَلَّ الشَّبَابَ يَعُوْدُ".

۲)۔ تمنی صرف امر محبوب کی کی جا سکتی ہے جب کہ ترجی محبوب وغیر محبوب دونوں کی کی جا سکتی ہے، امر محبوب کی مثال، جیسے: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يُكْرِمُنِيْ" اور امر غیر محبوب کی مثال، جیسے: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يَقْتُلُنِيْ"۔ پھر ترجی کی دو قسمیں ہیں: ۱) طمع، ۲) اشفاق۔ کسی محبوب چیز کی امید ہو تو طمع کہلاتی ہے، جیسے: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يُكْرِمُنِيْ" اور کسی مکروہ چیز کی امید وانتظار ہو تو اشفاق کہلاتی ہے، جیسے: "لَعَلَّ السُّلْطَانَ يَقْتُلُنِيْ، لَعَلَّ الْمَرِيْضَ هَالِكٌ".

۵) ”واوٗ“ حالیہ کے بعد، جیسے: ”كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالحقِّ، وَإِنَّ فَرِيْقاً مِنَ المُؤمنينَ لَكَارِهُوْنَ.“
۶) جواب قسم کی ابتداء میں، جیسے: ”وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ“ اور ”واللهِ! انَّ الْعِلْمَ نورٌ. وَالْقرْآنِ الْحَكِيمِ، إِنَّكَ لَمِنَ المُرْسَلِيْنَ.“
۷) جواب نداء کی ابتداء میں، جیسے: ”يَانُوْحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ.“
۸) ”حَيْثُ“ ظرفیہ کے بعد، جیسے: ”اجلِسْ حَيْثُ إِنَّ الْعِلْمَ مَوْجُوْدٌ.“
۹) ”إِذْ“ ظرفیہ کے بعد، جیسے: ”جِئتُكَ إِذْ إِنَّ الشمسَ تطلُعُ.“۔
۱۰) حروف تنبیہ کے بعد، جیسے: ”أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ.“
۱۱) حروف زجر کے بعد، جیسے: ”كَلَّا إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهَدِيْنَ“.
۱۲) حروف ایجاب کے بعد، جیسے: ”قُلْ إِيْ وَرَبِّيْ إِنَّهُ لَحَقٌّ“.
۱۳) جب ”إِنَّ“ کی خبر پر لام داخل ہو، جیسے: ”وَاللهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُهُ، وَاللهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنافِقِيْنَ لَكَاذِبُوْنَ.“
۱۴) ”حَتَّى“ ابتدائیہ کے بعد، جیسے: ”مَرِضَ زَيْدٌ حَتَّى إِنَّهُمْ لَايَرْجُوْنَهُ، وَقَلَّ مَالُه حَتَّى إِنَّهُمْ لَا يُكَلِّمُوْنَهُ.“
۱۵) اسم عین کی خبر پر، یعنی وہ جس میں حدث اور مصدری معنی نہ ہو، جیسے: ”إِنَّ الَّذِيْن آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا إِنَّ اللهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.“[1]

۷۔ مقامات ”أَنَّ“ مفتوحہ:

درج ذیل مقامات میں ”أَنَّ“ مفتوحہ پڑھا جاتا ہے:
۱) محل فاعل میں، جیسے: ”أَوَلَمْ يَكْفِهِم أَنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ.“
۲) محل نائب فاعل میں، جیسے: ”قُلْ أُوْحِيَ اِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ.“
۳) مقام مفعول بہ میں، جیسے: ”وَلَا تَخَافُوْن أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُمْ باللهِ.“
۴) مقام مفعول لہ میں، جیسے: ”قَعَدْتُ عَنِ الْحَرْبِ أَنَّكَ جَبَنْتُ“.
۵) مقام مفعول معہ میں، جیسے: ”يُعْجِبُنِيْ جُلُوْسُكَ وَأَنَّكَ تُحَدِّثُنَا“.
۶) مقام مبتداء میں، جیسے: ”وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً.“
۷) مقام خبر میں، جیسے: ”اعْتِقَادِيْ أَنَّهُ عَالِمٌ“.

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۳۱۴/۲، النحو الوافی: ۶۴۵/۱۔

۸) مقام مستثنٰی میں، جیسے:"يُعْجِبُنِيْ أُمُوْرُكَ إِلَّا أَنَّكَ تَشْتِمُ النَّاسَ".
۹) حرف جارہ کے بعد، جیسے:"ذَلكَ بِأَنَّ اللهَ هُوَ الحقُّ."
۱) مضاف الیہ کے شروع میں، جیسے:"وَإِنَّهُ لحَقٌّ مِثْلَ مَا أَنَّكُم تَنْطِقُوْنَ."
۲) بدل کے شروع میں، جیسے:"وَاذْ يَعِدُكُمُ اللهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ."
۳) "لَوْلَا" کے بعد، جیسے:"لَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ".
۴) "لَوْ" کے بعد، جیسے:"وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِنَ اللهِ خيْرٌ."
۵) "حَتَّى" عاطفہ کے بعد، جیسے:"قُمْتُ حَتَّى أَنَّ زَيْداً قَائِمٌ".
۶) "مَا" حینیہ مصدریہ کے بعد، جیسے:"اجْلِسْ مَا أَنَّ زَيْداً قَائِمٌ" اور "مَا أَنَّ فِي السَّمَاءِ نَجْماً."
۷) "مُذْ" یا "مُنْذُ" اسمیہ کے بعد، جیسے:"مَارَأَيْتُهُ مُذْ أَنَّكَ سَافَرْتَ".
۸) "عَلِمَ يَعْلُمُ" اور "ظَنَّ يَظُنُّ" مادے کے بعد، جیسے:"عَلِمْتُ أَنَّكَ قَائِمٌ" اور "وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ".
۹) اگر "إِنَّ" مکسورہ کے اسم پر عطف ہو رہا ہو، جیسے:"أَنَّ لَكَ أَنَّ لَا تجُوْعَ فِيْهَاوَ أَلَّاتَعْرَى وَأَنَّكَ لَاتَظْمَأُ فِيْهَا".
۱۰) جب کسی مفرد پر عطف ہو، جیسے:"اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالِمِيْن."[1]

۸۔ جوازالامرین:

جوازالامرین سے مراد مقامات مشترکہ ہیں اور مقامات مشترکہ ان مقامات کو کہتے ہیں جہاں "إِنَّ" مکسورہ اور "أَنَّ" مفتوحہ دونوں پڑھنا جائز ہیں، وہ یہ ہیں:

۱) مقام تعلیل میں، جیسے:"صَلِّ عَلَيْهِمْ، إِنَّ صَلاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ."
۱) "إِذَا" مفاجاتیہ کے بعد، جیسے:"سَأَلْتُ فَإِذَا أَنَّهُ بَخِيْلٌ" اور "خَرَجْتُ فَإِذَا إِنَّ سَعْيَداً وَاقِفٌ."
۲) "فاء" جزائیہ کا بعد، جیسے:"مَنْ يُحادِدِ اللهَ وَرَسُوْلَهُ فِإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ." (جملہ کی حیثیت میں رکھ کر "إِنَّ" پڑھیں، یامبتداء محذوف الخبر یا خبر محذوف المبتداء بنا کر "أَنَّ" پڑھیں، "أَيْ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ ثَابِتٌ" یا "فَجَزَاءُهُ أَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ").
۳) "أَمَا" کے بعد، جیسے:"أَمَا أَنَّكَ ذَاهِبٌ" ("أَمَا" اگر "أَلَا" حرف تنبیہ کے معنی میں ہو تو "إِنَّ" مکسور پڑھیں گے اور اگر "حَقّاً" کے معنی میں ہو تو "أَنَّ" مفتوحہ پڑھیں گے)۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۱۹/۲، النحو الوافی: ۶۴۹/۱۔

۴) "لَاجَرَمَ" کے بعد، جیسے: "لَاجَرَمَ أَنَّ اللّٰهَ يَعلَمُ ما يُسِرُّونَ." ("لَاجَرَمَ" قسم کے معنیٰ میں ہو تو "إِنَّ" مکسورہ پڑھیں گے، کیونکہ جواب قسم پر "أَنَّ" آتا ہے اور اگر "وَجَبَ" یا "ثَبَتَ" کے معنیٰ میں ہو یا "لَابُدَّ" کی طرح ہو تو "أَنَّ" مفتوحہ پڑھا جائے گا، کیونکہ "وَجَبَ" کا فعل ہو گا، یا "لَاجَرَمَ" کی خبر بحذف "مِنْ" ہو گی، أيْ لَاجَرَمَ مِنْ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَايُسِرُّوْنَ).

۵) جب "إِنَّ" "واؤ" کے بعد اور "واؤ" سے پہلے "هٰذَا" یا "ذٰلِكَ" ہو تو دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، جیسے: "ذٰلِكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدَ الْكَافِرِيْنَ".[1]

خلاصہ کلام یہ ہے کہ مقام مفرد میں "أَنَّ" مفتوحہ پڑھا جاتا ہے اور مقام جملہ میں "إِنَّ" مکسورہ آتا ہے اور جس مقام میں دونوں صورتیں جائز ہوں: مفرد کی تاویل میں بھی کیا جا سکتا ہو اور مستقل جملہ بھی فرض کیا جا سکتا ہو وہاں دونوں کا تلفظ جائز ہو گا، ہاں دونوں کا تلفظ جائز ہو گا، اس طرح کل تین صورتیں ہوئیں: ۱) مقام جملہ کا تیقن ہو، اس صورت میں "إِنَّ" مکسورہ ہی پڑھا جائے گا۔ ۲) مظنہ مفرد میں ہونے کا تیقن ہو، اس صورت میں "أَنَّ" مفتوحہ ہی ہو گا۔ ۳) تقدیرین کا جواز ہو، اس صورت میں دونوں جائز ہوں گے۔

۸۔ حروف مشبہ بالفعل میں تخفیف النون:

حروف مشبہ بالفعل میں چار حروف (ان، ان، کان، لکن) میں نون مشدد ہوتا ہے اور کبھی مخفف، یعنی ان کے آخر میں سکون ہوتا ہے، جب یہ مشدد ہوں تو انہیں مثقلہ کہتے ہیں اور جب ساکن ہوں تو انہیں مخففہ کہتے ہیں، مثقل ہونے کی صورت میں یہ ہمیشہ عامل ہوتے ہیں، لیکن مخفف ہونے کی صورت میں کون عمل کرے گا اور کون نہیں، اس کی تفصیل یہ ہیں:

(الف): "إِنْ" مخففہ من المثقلہ:

"إِنْ" مخففہ من المثقلہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے، اگر اسم پر داخل ہو تو اعمال (عمل دینا) اور اہمال (عمل نہ دینا) دونوں جائز ہیں، جیسے: "إِنْ أَبَا حَنِيْفَةَ لَإِمَامٌ عَظِيْمٌ" اور "إِنْ أَبُوْحَنِيْفَةَ لَإِمَامٌ عَظِيْمٌ." "دونوں پڑھنا جائز ہیں، البتہ اہمال کثیر الاستعمال ہے اور اہمال کی صورت میں اس کی خبر پر "لام" ابتدائیہ داخل کرنا ضروری ہے، جیسے: "إِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ"، لیکن اگر فعل پر داخل ہو تو اس وقت اہمال واجب ہے، البتہ اس کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ افعال ناسخہ پر داخل ہو اور یہ تین ہیں، (الف): افعال ناقصہ، جیسے: "وَإِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ." (یوسف:۳)۔ (ب)۔ افعال مقاربہ، جیسے: "وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ." (الاسراء:۷۳)۔ (ج)۔ افعال قلوب،

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۳۱۹/۲، النحو الوافی: ۶۵۳۔

جیسے:"وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ."(الاعراف:۱۰۲)۔ دوسری شرط یہ ہے کہ اس کی خبر پر لام مفارقہ داخل ہوتا کہ "إنْ" مخففہ من المثقلہ او"إنْ"نافیہ میں فرق ہو، جیسے:"وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ."(الاعراف:۱۰۲)۔

"إنْ"مخففہ من المثقلہ کی علامات یہ ہیں کہ اس کے بعد لام تاکید مفتوحہ ہوتا ہے اور یہ اکثر افعال ناقصہ، افعال مقاربہ اور افعال قلوب کے شروع میں آتا ہے، جیسے:"وَإِنْ وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ."،"وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللّٰہُ"(البقرۃ:۱۴۳)،"وَإِنْ كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ مِنَ الْأَرْضِ."(الاسراء:۸۶)،"وَإِنْ نَظُنُّكَ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ."(الشعراء:۱۸۶)۔ [1]

(ب)۔"أنْ"مخففہ من المثقلہ:

"أنْ"مخففہ من المثقلہ امام سیبویہؒ اور کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ"أنْ"مخففہ من المثقلہ غیر عامل ہوتا ہے، نہ اسم ظاہر میں عمل کرتا ہے اور نہ اسم ضمیر میں، بلکہ یہ دیگر حروف کی طرح"أنْ"مصدریہ ہے، لیکن بصریین کہتے ہیں کہ یہ ہمیشہ عامل ہوتا ہے اور اس کا اسم ہمیشہ ضمیر محذوف ہوتی ہے اور مابعد جملہ اس کی خبر بنتا ہے، جیسے:"عَلِمَ أَنْ سَيَكُونُ"اصل میں"أَنَّهُ سَيَكُونُ"تھا اور یہ ہمیشہ جملہ پر داخل ہوتا ہے، پھر جملہ عام ہے، خواہ جملہ اسمیہ ہو، پھر اسمیہ عام ہے خواہ اسمیہ مثبتہ ہو یا اسمیہ منفیہ ہو، اگر جملہ اسمیہ مثبتہ ہو تو"أنْ"اور اس کی خبر کے درمیان فاصلہ نہیں آتا، جیسے:"وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِينَ."اور اگر جملہ اسمیہ منفیہ ہو تو"أنْ"اور اس کے خبر کے درمیان فاصلہ ہوگا، جیسے:"وَظَنُّوا أَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰہِ إِلَّا إِلَيْهِ."(التوبۃ:۱۱۸)۔

اور گر جملہ فعلیہ ہو تو پھر دیکھیں کہ فعل متصرف ہے یا غیر متصرف، اگر غیر متصرف ہو تو"أنْ"اور اس کی خبر کے درمیان فاصلہ نہیں آتا، جیسے:"وَأَنْ لَيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعَى."اور اگر فعل متصرف ہو تو پھر دیکھیں گے کہ جملہ دعائیہ ہے یا غیر دعائیہ۔ اگر جملہ دعائیہ ہے تو فاصلہ نہیں ہوگا، جیسے:"وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِينَ."اور اگر جملہ غیر دعائیہ ہو تو پھر دیکھیں گے کہ مثبتہ ہوگا یا منفیہ، اگر مثبتہ ہو تو"سین، سَوْفَ، قَدْ، لَوْ"کیساتھ فاصلہ لانا بہتر ہوگا:"سین"کی مثال، جیسے:"عَلِمَ أَنْ سَيَكُونُ مِنكُمْ مَرْضَى."(المزمل:۲۰)۔"سَوْفَ"کی مثال، جیسے:"عَلِمْتُ أَنْ سَوْفَ يَقُوْمُ"۔"قَدْ"کی مثال، جیسے:"ثَبَتَ أَنْ قَد ازْدَهرتِ الصَّنَاعَةُ فِيْ بِلَادِنَا."۔"لَوْ"کی مثال، جیسے:"وَأَلَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُمْ مَاءً غَدَقًا."(الجن:۱۶)۔ اور اگر جملہ جملہ غیر دعائیہ منفیہ ہو فاصلہ"لَا، لَنْ، لَمْ"کیساتھ ہوگا،"لَا"کی مثال، جیسے:"أَفَلَا يَرَوْنَ أَنْ لَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلاً."،"لَنْ"کی مثال، جیسے:"أَيحسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ لَّنْ

[1] النحو الوافی:۱/۶۷۶، جامع الدروس العربیۃ:۲/۳۲۱۔

نَجمَعَ عِظَامَهُ."، "لَمْ"کی مثال، جیسے:"أیحسَبُ أنْ لم یرَهُ أحَدٌ."

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ اگر"أنْ"مخففہ فعل یقین کے بعد ہو تو مخففہ من المثقلہ ہی ہو گا اور اس کا اسم ضمیر محذوف ہوگی اور فعل پر رفع واجب ہو گا، جیسے:"عَلِمَ أنْ سَیَکُوْنُ"اور اگر فعل ظن کے بعد ہو تو ہوں "أنْ"میں دو احتمال ہیں: پہلا احتمال یہ ہے کہ"أنْ"مخففہ من المثقلہ ہو اور اس صورت میں مابعد فعل مرفوع ہو گا اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ"أنْ"ناصبہ ہو اور اس صورت میں مابعد منصوب ہو گا، جیسے:"وَحَسِبُوْا أنْ لَا تَکُوْنُ فتنةٌ."اور"وَحَسِبُوْا أنْ لَا تَکُوْنَ فتنةٌ" دونوں پڑھنا جائز ہیں۔

"أنْ"مخففہ من المثقلہ کی علامات یہ ہیں کہ:۱) اس کے بعد"سین"آئے گا، جیسے:"عَلِمَ أنْ سَیَکُوْنُ"،"أیْ أنَّهُ سَیَکُوْنُ"۔۲) یا اس کے بعد"سَوْفَ"ہو گا، جیسے:"عَلِمْتُ أنْ سَوْفَ یَقُوْمُ،أَیْ أَنَّهُ سَوْفَ یَقُوْمُ"۔۳) یا اس کے بعد حرف نفی ہو گا، جیسے:"أَیَحْسَبُ أَنْ لَنْ یَقْدِرَ عَلَیْهِ أَحَد. "اور"أَیَحْسَبُ أَنْ لَمْ یَرَهُ أَحَدٌ." ۴) یا اس کے بعد "قَدْ"ہو گا، جیسے:"لِیَعْلَمَ أنْ قَدْ أَبْلَغُوْا، أَیْ أَنَّهُمْ قَدَ أَبْلَغُوْا".[1]

(ج):"کَأنْ"مخففہ من المثقلہ:

"کَأنْ"مخففہ من المثقلہ کوفیین کے نزدیک غیر عامل ہوتا ہے اور بصریین کہتے ہیں کہ یہ بھی"أنْ"مخففہ کی طرح ہمیشہ عامل ہوتا ہے اور اس کا اسم اکثر ضمیر محذوف ہوتی ہے اور کبھی مذکور بھی ہوتا ہے، اگر مذکور ہو تو اسم ظاہر ہو گا اور اس کا خبر مفرد ہوتا ہے، جیسے:"کَأَنْ زَیْداً أَسَدٌ"اور اگر اس کا اسم محذوف ہو تو وہ ضمیر شان ہوگی اور اس وقت اس کا خبر ہمیشہ جملہ ہوگی، پھر اگر جملہ اسمیہ ہو تو بغیر فاصلہ کیساتھ ہو گا اور اگر جملہ فعلیہ ہو تو فاصلہ"قَدْ، لَمْ"کیساتھ ہو گا، جیسے:"کَأَنْ لَمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ."تاکہ"أنْ"مخففہ اور"أنْ"مصدریہ میں فرق رہے۔[2]

(د):"لَکِنْ"مخففہ من المثقلہ:

"لَکِنْ"بھی دیگر حروف مشبہ بالفعل(إنْ، أنْ، کَأَنْ) کی طرح مخففہ من المثقلہ آتا ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں:۱) "لَکِنْ"مخففہ من المثقلہ،۲)"لَکِنْ"مخففہ اصلاً۔"لَکِنْ"مخففہ من المثقلہ جمہور کے نزدیک غیر عامل ہے اور یہ اسم و فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے، جیسے:"لَکِنِ اللّٰهُ یَشْهَدُ"اور"لَکِنْ لَاتُبْصِرُوْنَ"۔ لیکن امام اخفشؒ اور یونس نحوی کے نزدیک"لَکِنْ"مخففہ بھی مثقلہ کی طرح عمل کرتا ہے اور"لَکِنْ"مخففہ اصلاً کی پھر دو قسمیں ہیں:۱)عاطفہ، ۲)ابتدائیہ۔

---

[1] النحو الوافی:۱/۶۷۹،جامع الدروس العربیۃ:۲/۳۲۲۔

[2] جامع الدروس العربیۃ:۲/۳۲۸،النحو الوافی:۱/۶۸۳۔

"لَكِنْ" عاطفہ کی تفصیل حروف عاطفہ میں آئے گی اور "لَكِنْ" ابتدائیہ استدراک کے لیے آتا ہے اور اس کی تین شرطیں ہیں: ۱) مابعد جملہ ہو۔ ۲) مقترن بالواؤ ہو۔ ۳) اثبات کے بعد ہو۔[۱]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل کو حروف نواسخ بھی کہتے ہیں، کیونکہ یہ مبتداء اور خبر پر داخل ہونے کے بعد ان کے حکم اعرابی کو منسوخ کر دیتے ہیں، یعنی مبتداء کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل میں چار حروف "إِنَّ، أَنَّ، كَأَنَّ، لَكِنَّ" کو ذانون (نون والے حروف) بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: یہ حروف مبتداء اور خبر پر داخل ہوتے ہیں، مبتداء کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، اسم منصوب ان کا اسم اور اسم مرفوع کو ان کا خبر کہا جاتا ہے، جیسے: "إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ" پھر ان کا نصب عام ہے، کبھی فتحہ کیساتھ ہوگا، جیسے: "إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ" کبھی کسرہ کیساتھ ہوگا، جیسے "إِنَّ الْمُسْلِمَاتِ" کبھی الف کیساتھ ہوگا، جیسے: "إِنَّ أَبَانَا لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ" اور کبھی یاء کیساتھ ہوگا، جیسے: "إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ" اور کبھی اعراب لفظاً ہوگا، جیسے: "إِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ"، کبھی تقدیراً ہوگا، جیسے: "إِنَّ غُلَامِيْ حَاضِرٌ" کبھی محلاً ہوگا، جیسے: "إِنَّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ"۔

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل کی ایک سے زیادہ خبریں بھی آسکتی ہیں، جیسے: "إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ".

قاعدہ: "أَنَّ" جملہ کو بتاویل مفرد کر دیتا ہے، کیونکہ یہ محل مفرد میں واقع ہوتا ہے۔

فائدہ: "لَيْتَ" تمنی اور "لَعَلَّ" ترجی کے لیے آتا ہے، تاہم ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ "لَيْتَ" ممکنات اور ممتنعات دونوں میں استعمال ہوتا ہے، جب کہ "لَعَلَّ" فقط ممکنات میں استعمال ہوتا ہے۔

قاعدہ: جہاں "أَنَّ" کے مدخول کو مؤول بالمفرد کرنا درست ہو، یعنی اس جگہ مفرد واقع ہو سکتا ہو تو "أَنَّ" پڑھا جائے گا اور اگر ایسا کرنا درست نہ ہو تو "إِنَّ" مکسورہ پڑھا جائے گا اور جہاں دونوں صورتوں ممکن ہو تو دونوں صورتیں پڑھنا جائز ہیں۔

فائدہ: حروف مشبہ بالفعل میں "إِنَّ" وغیرہ کیساتھ کبھی "مَا" کافہ[۲] لاحق ہوتی ہے اور ان کو عمل سے روک دیتی ہے، جیسے: "إِنَّمَا إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ. كَأَنَّمَا الْعِلْمُ نُوْرٌ. لَعَلَّمَا اللّٰهُ يرحمُنا." اور اس وقت یہ فعل پر بھی داخل ہو سکتے ہیں، جیسے: "إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ" اور "إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُوْلِي الْأَلْبَابِ".[۳]

---

[۱] جامع الدروس العربیہ: ۳۲۸/۲، النحو الوافی: ۶۸۴/۱۔

[۲] "مَا" کافہ کو کافہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ "كَفَّ يَكُفُّ" سے مشتق ہے، جس کا معنی بند کرنے کے آتے ہیں اور یہ بھی ان کو عمل سے بند کر دیتا ہے۔

[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۳۰۸/۲، النحو الوافی: ۶۳۶/۱۔

قاعدہ: افعال قلوب میں "عَلِمَ يَعْلَمُ" متعدی بدو مفعول ہوتا ہے اور اگر ان کے بعد "أَنَّ" حروف مشبہ بالفعل آئے تو ان میں تین ترکیب ہو سکتی ہیں: ۱) ما بعد جملہ بتاویل مفرد مفعول اول اور مفعول ثانی محذوف "حَاصِلًا" ہوگا۔ ۲) یا ما بعد جملہ بتاویل مفرد قائم مقام ہر دو مفعول ہوگا۔ ۳) یا ما بعد جملہ مفعول اول ہوگا اور مفعول ثانی اس کا نہیں ہوگا۔

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل میں سے "لَيْتَ" کیساتھ "مَا" کافہ لاحق ہو تو اعمال اور اہمال دونوں صورتیں جائز ہیں، جیسے: "لَيْتَمَا الشَّبابَ يَعُوْدُ" اور "لَيْتَمَا الشَّبابُ يَعُوْدُ." دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن اعمال اہمال سے بہتر ہے۔ [1]

قاعدہ: اگر حروف مشبہ بالفعل کے بعد "مَا" موصولہ یا مصدریہ ہو تو یہ "مَا" حرف مشبہ بالفعل "أَنَّ" کو عمل سے نہیں روکتا، لہذا اگر ان کیساتھ "مَا" موصولہ لاحق ہو تو یہ "مَا" موصولہ محلا منصوب "أَنَّ" کا اسم ہوگا، جیسے: "أَيَحْسَبُوْنَ أَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهِ مِنْ مَالٍ وَبَنِيْنَ"، اور اگر "مَا" مصدریہ "إِنَّ" کیساتھ لاحق ہو تو اس کا ما بعد بتاویل مصدر "إِنَّ" کا اسم ہوگا، جیسے: "إِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ"، "أَيْ "إِنَّ" صُنْعَهُمْ". [2]

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل کے بعد جو "مَا" کافہ، "مَا" مصدریہ اور "مَا" موصولہ لاحق ہوتے ہیں ان کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ "مَا" موصولہ اور مصدریہ حروف مشبہ بالفعل سے جدا لکھے جاتے ہیں اور جب کہ "مَا" کافہ وہ ان کے ساتھ متصل لکھا جاتا ہے اور کبھی "مَا" موصولہ بھی متصل لکھا جاتا ہے، جیسے: "وَاعْلَمُوْا أَنَّمَاغَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ".

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل میں "كَأَنَّ" تشبیہ مؤکد (اس کا اسم مشبہ اور خبر مشبہ بہ ہوتا ہے) کے لیے آتا ہے، کیونکہ یہ اصل میں "إِنَّ" تاکید اور "كَ" تشبیہ سے مرکب ہے، جیسے: "كَأَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ" اصل میں "إِنَّ الْعِلْمَ كَالنُّوْرِ" تھا، لیکن تاکید پیدا کرنے کے لیے انہیں "كَأَنّ الْعِلْمَ نُوْرٌ" کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ [3]

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل کی خبر کو ان کے اسم پر مقدم کرنا جائز نہیں، مگر یہ کہ ان کی خبر ظرف ہو، پھر اگر ان کا اسم نکرہ ہو تو خبر کو مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "إِنَّ فِيْهَا قَوْماً جَبَّارِينَ" اور "إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً." اور پھر اگر ان کا اسم معرفہ ہو تو خبر کو مقدم کرنا جائز ہے، جیسے: "إِنَّ في الدَّار زيداً" اور اگر ان کا اسم نکرہ ہو تو خبر کو مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْراً". [4]

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل میں سے "إِنْ" کی خبر پر "لام" داخل ہوتا ہے اسے لام مزحلقہ کہتے ہیں، جیسے: "وَاللهِ يَعْلَمُ أَنَّكَ لَرَسُوْلُهُ" اور یہ اس کے اسم پر داخل نہیں ہوتا، لیکن اگر اسم مؤخر اور خبر جار مجرور مقدم ہو تو پھر داخل ہو سکتا ہے، جیسے: "إِنَّ فِيْ

---

(1) جامع الدروس العربیہ: ۳۰۸/۲، النحو الوافی: ۶۳۷/۱۔

(2) بدر السعید: ۲۵۸۔

(3) جامع الدروس العربیہ: ۲۹۸/۲، ہامش النحو الوافی: ۶۳۲/۱۔

(4) جامع الدروس العربیہ: ۳۰۲/۲۔

ذَلِكَ لَعِبْرَةً"اور"وَإِنْ مِّنْكُمْ لِمَنْ لَيُبَطِّئَنَّ"،اس وقت اسے لام تاکید کہتے ہیں۔[1]

قاعدہ: حروف مشبہ بالفعل میں سے "لَيْتَ" پر بھی "یاء" تنبیہ داخل ہوتا ہے، جیسے:"يَلَيْتَنَا نُرَدُّ"اور "يَلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَاباً".

قاعدہ: "أَنْ" اور "كَأَنْ" مخففہ ہمیشہ عامل ہوتے ہیں اور "لَكِنْ" تخفیف کے بعد ہمیشہ غیر عامل ہوتا ہے اور جب کہ "إِنْ" مخففہ کبھی عامل ہوتا ہے اور کبھی غیر عامل۔

قاعدہ: قرآن مجید میں ایک مقام پر "إِنْ" مخففہ اور مثقلہ دونوں ایک جگہ آئے ہیں، جیسے:"وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّى مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا."[2]

قاعدہ: "لَعَلَّ" کا لام ہمیشہ مشدد ہوتا ہے، یہ مخفف نہیں ہوتا۔[3]

قاعدہ: "كَأَنْ" کی خبر اگر اسم جامد ہو تو مفید تشبیہ ہوتا ہے، جیسے:"كَأَنْ زَيْداً أَسَدٌ"، لیکن اگر خبر جامد نہ ہو بلکہ مشتق ہو تو ظن والا معنی دیتا ہے، جیسے:"كَأَنْ زَيْداً قَائِمٌ، أَيْ ظَنَنْتُ زَيْداً قَائِماً"اور اسی طرح "كَأَنَّ زَيْداً فِي الدَّارِ،أَيْ ظَنَنْتُ زَيْداً فِي الدَّارِ".

قاعدہ: کبھی "لَكِنَّ" سے پہلے "واوَ" آتا ہے، یہ "واوَ" عاطفہ یا اعتراضہ کہلاتا ہے، جیسے:"أَنَّكَ لَاتَهْدِيْ مَنْ أَحَبْبتَ وَلَكِنَّ اللهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ".

چند حل شدہ تراکیب:

... "إِنَّ" کی مثال:إِنَّ اللهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ:

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد ... لفظ "الله" اسمش منصوب بالفتحہ لفظًا... "رَبِّي" خبر اوست مرفوع بالضمہ تقدیرًا... باز "رَبِّ" مضاف "ي" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "وَ" حرف عاطفہ... "رَبُّكُمْ" معطوف... "رَبِّي" معطوف علیہ است... باز "رَبُّ" مضاف... "كُمْ" ضمیر جمع مذکر مخاطبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا۔

... "أَنَّ" کی مثال:أَشْهدُأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَ رَسُوْلُهُ:

"أَشْهدُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "أَنَّ" بمع اسم و خبر خویش بتاویل مفرد مفعول بہ اوست منصوب محلا... باز "أَنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم و رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "مُحَمَّدًا" اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "عَبْدُ" خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... "هُ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے لفظ "الله" کہ منقوش است بر دل مومناں... "واؤ" حرف عاطفہ... "رَسُوْلُهُ" معطوف... "عَبْدُهُ" معطوف علیہ اوست...باز "رَسُوْلُ" مضاف... "ه" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے لفظ "الله".

... "كأَنَّ" کی مثال:كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ:

---

(1) موسوعۃ النحو والصرف:۵۶۰،جامع الدروس العربیۃ:۳۱۰/۲۔

(2) النحو الوافی:۶۸۳/۱۔

(3) النحو الوافی:۶۸۴/۱۔

"كَأَنَّ "حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم و رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "هُنَّ"ضمیر جمع مؤنث غائبات اسمش منصوب محلا راجع بسوئے مذکورات ما قبل... "الْيَاقُوتُ"خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا... "واوٗ"حرف عاطفہ... "الْمَرْجَانُ" معطوف... "الْيَاقُوتُ"معطوف علیہ اوست۔

... "لَيْتَ"کی مثال: لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ يَوْمًا:

"لَيْتَ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم و رافع الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "الشَّبَابَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظًا... "يَعُوْدُ يَوْمًا"جملہ خبر اوست مرفوع محلا... باز "يَعُوْدُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لَيْتَ"... "يَوْمًا"مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا۔

... "لَعَلَّ"کی مثال: لَعَلَّ اللهَ يَرْزُقْنِيْ صَلَاحاً:

"لَعَلَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم خبر خویش می طلبد... لفظ "اللهَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "يَرْزُقْنِيْ" جملہ خبر اوست مرفوع محلا... باز "يَرْزُقُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لَعَلَّ""ن"وقایہ... "ي"ضمیر متکلم مفعول بہ اول اوست منصوب محلا... "صَلَاحاً" مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظا۔

... "لٰكِنَّ"کی مثال: إِنَّ اللهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ:

"إِنَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم خبر خویش می طلبد... لفظ "اللهَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "لام"ابتدائیہ تاکیدیہ... "ذُوْ"خبر اوست مرفوع بالواو لفظا مضاف... "فَضْلٍ"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "عَلَى"جارہ... "النَّاسِ"مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "فَضْلٍ"است... "واو" حرف عاطفہ... "لٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ"الخ معطوف... "إِنَّ اللهَ لَذُوْ فَضْلٍ"معطوف علیہ اوست... باز "لٰكِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "أَكْثَرَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظا مضاف... "النَّاسِ"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ... "لَا يَشْكُرُوْنَ"جملہ خبر اوست مرفوع محلا... "لَا"نافیہ غیر عاملہ... "يَشْكُرُوْنَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منفی مرفوع باثبات نون اعرابی... "واو"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لٰكِنَّ".

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں حروف مشبہ بالفعل کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی ترکیب و تطبیق کریں۔

إِنَّ اللهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ . إِنَّه عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ. إِنَّكَ حَلِيْمٌ. إِنَّهَا صَالِحَةٌ. إِنَّهُمْ قَاعِدُوْنَ. إِنَّهُنَّ قَانِتَاتٌ. إِنَّا قَاعِدُوْنَ. إِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ. كَأَنَّ زَيْدًا قَمَرٌ. كَأَنَّهُ أَسَدٌ. كَأَنَّهُمْ شُمُوْسٌ. لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ. اعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا. لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ. لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ. لَيْتَ أَخَاعَمْرٍوحَاضِرٌ. لَعَلَّهَا أُخْتُ بَكْرٍ. إِنِّى عَبْدُاللهِ. إِنَّمَا يَتَذَكَّرُأُولُوالْأَلْبَابِ. لَعَلَّ أَبَاهَاجَاهِلٌ. إِنَّه ذُوْعِلْمٍ. إِنَّمَايَتَذَكَّرُ أُولُوالْأَلْبَابِ. إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِوَالْمُنْكَرِ. إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ. إِنَّ أَبَانَا لَفِى ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ. يَالَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي. لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ. لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا. إِنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ فَائِزُوْنَ. إِنَّ إِخَوَىْ زَيْدٍ حَاضِرَانِ.

إِنَّ زَيْنَبَ قَائِمَةٌ. لَيْتَ بَنِيْ زَيْدٍ يَنْصُرُوْنَ. إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِي جَنّٰتٍ وَّعُيُونٍ. إِنَّ هَذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ. إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ. إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُنِيبٌ. إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ. لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَذَا. لَكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللهِ يَجْحَدُونَ. لَعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ. إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا.لَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ. إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا. كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ. إِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَى. لَيْتَ الْقَمرَ طَالِعٌ. لَعَلَّ الِكِتَابَ رَخِيْصٌ. كَأَنَّ الْكِتابَ أَسْتَاذٌ. عَلِمْتُ أَنَّ الْامْتِحَانَ قَرِيْبٌ. لَعَلَّ الْمَرِيْضَ نَائِمٌ. لَيْتَ الْفَاكِهَةَ نَاضِجَةٌ. كَأَنَّ الْعِلمَ نُورٌ. لَعَلَّ الْمَنْزِلَ قَرِيْبٌ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍... "إِنَّ اللهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ":

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... لفظ "اللهَ" اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "سَمِيعٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز "سَمِيعٌ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... "عَلِيمٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز "عَلِيمٌ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"۔

✍... "إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ":

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "ن" وقایہ... "ي" ضمیر متکلم اسمش منصوب محلا... "أَعْلَمُ غَيْبَ الخ" جملہ خبرش مرفوع محلا... باز "أَعْلَمُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... ویا کہ "أَعْلَمُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز "أَعْلَمُ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... مفضل علیہ محذوف کہ "مِنْكُمْ" باشد... باز "مِنْ" جارہ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أَعْلَمُ" شبہ فعل است... ویا کہ "أَعْلَمُ" بمعنی "عَالِمٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً... باز "عَالِمٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم... "إِنَّ" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلا... "غَيْبَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا مضاف... "السَّمَاوَاتِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "واؤ" عاطفہ... "الْأَرْضِ" معطوف... "السَّمَاوَاتِ" معطوف علیہ اوست۔[1]

✍... "لَيْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا":

"لَيْتَ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "نون" وقایۃ... "ي" ضمیر متکلم اسمش منصوب محلا... "كُنْتُ تُرَابًا" جملہ خبرش مرفوع محلا... باز "كُنْتُ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "تُ" ضمیر بارز اسمش مرفوع محلا... "تُرَابًا" خبرش منصوب بالفتحہ لفظا۔

---

[1] دیکھئے التبیان فی اعراب القرآن لابی البقاء:۲/۴۷-۴۸، تفسیر الدر المصون للحلبی:۱/۲۶۰۔

✍... "إِنَّمَا يَتَذَكَّرُأُولُوالْأَلْبَابِ":
"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ملغی از عمل... "مَا" کافہ مکفوفہ... "يَتَذَكَّرُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... "أُوْلُو" فاعلش مرفوع بالواو لفظا مضاف... "الْأَلْبَابِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔

✍... "اعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا":
"اعْلَمُوْا" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... "واو" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد... "أَنَّ" بمع اسم و خبر خویش بتاویل مفرد مفعول اول است منصوب محلا مفعول ثانی محذوف کہ "حَاصِلًا" باشد... باز "حَاصِلًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بہ مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مفعول اول... ویا کہ "أَنَّ" بمع اسم و خبر خویش بتاویل مفرد قائم مقام ہر دو مفعول است منصوب محلا... ویا کہ "أَنَّ" بمع اسم و خبر خویش بتاویل مفرد مفعول اول است منصوب محلا مفعول ثانی ہیچ نیست... "أَنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... لفظ "الله" اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "يُحْيِ الْأَرْضَ الخ" جملہ خبرش مرفوع محلا... باز "يُحْيِ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع تقدیرا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "أَنَّ"... "الْأَرْضَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا... "بَعْدَ" مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا مضاف... "مَوْتِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظا... باز "مَوْتِ" مضاف... "ها" ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلا ... راجع بسوئے "الْأَرْضَ".[1]

✍... "يَالَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي":
"يا" حرف تنبیہ... ویا کہ حرف نداء قائم مقام "ادْعُوْا" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ برائے منادی محذوف کہ تقدیرش "يَاقَوْمِيْ" باشد... "قَوْمِ" منادی مضاف منصوب بالفتحہ تقدیراً... "ي" ضمیر متکلم مضاف الیہ است مجرور محلاً... "لَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ" جملہ مقصود بالنداء است... باز "لَيْتَ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "ن" وقایہ... "ي" ضمیر متکلم اسمش منصوب محلا... "قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ" جملہ خبرش مرفوع محلا... باز "قَدَّمْتُ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "تُ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... مفعول بہ محذوف کہ تقدیرش "عَمَلًاصَالِحًا" باشد... "عَمَلًا" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظاً موصوف... "صَالِحًا" صفت اوست منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "صَالِحًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف... "ل" جارہ... "حَيَاتِي" مجرور بالکسرہ تقدیرا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "قَدَّمْتُ" فعل است... باز "حَيَاتِ" مضاف... "ی" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا۔[2]

✍... "إِنَّ أَبَانَا لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِينٍ":
"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "أَبَا" اسمش منصوب بالالف لفظا مضاف...

---

(۱) الجدول فی اعراب القرآن: ۱۵۰/۲۷۔
(۲) اعراب القرآن، درویش: ۴۷۶/۱۰۔

"نَا"ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "ل"ابتدائیہ تاکیدیہ مزحلقہ... "فِي ضَلَالٍ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "فِي"جارہ... "ضَلَالٍ"مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ"ویا کہ "ثَابِتٌ"کہ مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین... "ثَبَتَ"صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... ویا کہ "ثَابِتٌ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ"خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... باز "ضَلَالٍ"موصوف... "مُبِينٍ"صفت است مجرور بالکسرہ لفظا... باز "مُبِينٍ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف۔[1]

✍ ... "إِنَّ أَخَوَيْ زَيْدٍ حَاضِرَانِ":

"إِنَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "أَخَوَيْ"اسمش منصوب بالیاء لفظا مضاف... "زَيْدٍ"مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظا... "حَاضِرَانِ"خبرش مرفوع بالالف لفظاً... باز "حَاضِرَانِ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ" خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"۔

✍ ... "إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ":

"إِنَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "الْمُتَّقِينَ"اسمش منصوب بالیاء لفظا... "فِي جَنَّاتٍ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... باز "فِي"جارہ... "جَنَّاتٍ"مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتُوْا"ویا کہ "ثَابِتُوْنَ"مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین... "ثَبَتُوْا"صیغہ فعل ماضی معلوم... "واؤ"ضمیر غائب فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... ویا کہ "ثَابِتُوْنَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ" خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... "واؤ"عاطفہ "عُيُونٍ" معطوف... "جَنَّاتٍ"معطوف علیہ اوست۔[2]

[1] اعراب القرآن، درویش: ۴/۴۵۷۔

[2] الجدول فی اعراب القرآن: ۱۴/۲۴۷۔

فصل چہارم: "مَا" و"لَا" مشبہ بہ "لَيْسَ" کا بیان

ا۔"مَا" و"لَا" مشبہ بہ "لَيْسَ"[۱] کی تعریف:

"مَا" و"لَا" مشبہ بہ "لَيْسَ" وہ حروف عاملہ ہیں جو" لَيْسَ "کی طرح مسند الیہ سے مسند کی نفی کرتے ہیں، جیسے: "مَا زَيدٌ قَائِماً"، میں "زِيْدٌ"، "مَا" کا اسم اور "قَائِماً" اس کی خبر ہے اور انہیں حروف مشبہ بہ "لَيْسَ" اس لیے کہتے ہیں کہ یہ "لَيْسَ" کیساتھ لفظاً اور معنامشابہ ہیں، لفظاًاس طرح مشابہ ہیں کہ جس طرح "لَيْسَ" رافع الاسم اور ناصب الخبر ہے، اسی طرح یہ بھی رافع الاسم اور ناصب الخبر ہیں اور معنامشابہت اس طرح ہے کہ دونوں نفی کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

۲۔"مَا" و"لَا" مشبہ بہ "لَيْسَ" کا حکم:

"مَا" و"لَا" مشبہ بہ "لَيْسَ" رافع الاسم اور ناصب الخبر ہیں، یہ حجازیین کامذہب ہے، کیونکہ اہل حجاز کے نزدیک "مَاوَلَا" دونوں عمل کرتے ہیں، اس لیے انہیں "مَا" اور "لَا" حجازیہ کہتے ہیں اور بنو تمیم کے نزدیک یہ حروف غیر عاملہ ہیں، لیکن، اہل حجاز کامذہب راجح ہے، کیونکہ یہ قرآن مجید کے موافق ہے، جیسے: "مَاهَذَا بَشَرًا". (یوسف:۲۱) اور "مَا هُنَّ أُمَّاتِهِمْ" (المجادلہ:۲). ان دونوں جگہوں میں "مَا" اور "لَا" نے عمل کیا ہے۔ [۲]

۳۔"مَا" و"لَا" کی عمل کے لیے شرائط:

"مَا" و"لَا" دونوں کی عمل کے لیے چار چار شرائط ہیں، "مَا" کے عمل کرنے کے لیے چار شرائط یہ ہیں:

۱)۔ اس کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہ ہو، جیسے: "مَاقَائِمٌ زَيْدٌ"، لیکن اگر خبر ظرف ہو تو اس صورت میں "مَا" ملغی از عمل نہ ہو گا، جیسے: "مَاعِنْدِيْ زَادٌ وَلَا رَاحِلَةٌ".

۲)۔ اس کی خبر پر "إِلَّا" داخل نہ ہو، جیسے: "وَمَامُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ".

---

[۱] جو حروف "لَيْسَ" کیساتھ مشابہ ہیں وہ کل چار ہیں، جن میں دو "مَاوَلَا" مشہور ہیں اور دو "إِنْ، لَاتَ" غیر مشہور ہیں، ان دو غیر مشہور کے عمل کے لیے شرائط یہ ہیں، "إِنْ" کے عمل کے لیے یہ تین شرطیں ہیں: ۱) ترتیب باقی ہو۔ ۲) اس کے اسم و خبر میں "إِلَّا" کا فاصلہ نہ ہو۔ ۳) "إِنْ" کی خبر کا معمول "إِنْ" کیساتھ متصل نہ ہو، اتفاقی مثال، جیسے: "إِنَ الذَّهبُ رَخِيْصاً." اور "لَاتَ" (یہ اصل میں "لَا" تھا، پھر اس کیساتھ "تاء" کو ملا دیا تاکید، یامبالغہ یا تانیث کے لیے تو "لات" ہوا) کے عمل کرنے لیے ایک شرط ہے وہ یہ کہ ظروف زمان میں سے "الحِيْنُ، الْوَقْتُ، الزِّمَنُ، الآنَ" پر داخل ہو اور اس کا اسم و خبر دونوں جمع نہیں ہوسکتے، اکثر اس کا اسم محذوف ہوتا ہے، اگر اسم محذوف نہ ہو تو پھر اس کی خبر محذوف ہو گی، جیسے: "فَنَادَوْا وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ." (ص:۳)، "أَيْ لَاتَ الحِينُ حِيْنَ مَنَاصٍ." یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ اور اگر "لَاتَ" کے بعد اسم مجرور ہو تو اس وقت یہ حروف جارہ میں سے ہو گا اور اگر مجرور نہ ہو تو حروف ماولامشبہ بلیس میں سے ہو گا۔ (جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۹۵، النحوالوافی: ۱/۶۰۴، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۹۴، ۵۶۶)

[۲] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۹۳۔

۳)۔اس کے اسم پر ''إِنْ'' زائدہ داخل نہ ہو، جیسے: ''مَا إِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ''.
۴)۔ ''مَا'' کی خبر کا معمول ظرف کے علاوہ ''مَا'' کیساتھ متصل نہ ہو، جیسے: ''مَاطَعَامَكَ زَيْدٌ اٰكِلٌ''، لیکن اگر ظرف ہو کر ''مَا'' کیساتھ متصل ہو تو اس وقت ''مَا'' عمل کرے گا، جیسے: ''مَا عِنْدَكَ زَيْدٌاٰكِلاً''۔ اگر مذکورہ چاروں صورتوں میں سے ایک صورت بھی پائی گئی تو اس وقت ''مَا'' ملغی از عمل ہو جائے گا۔

اور ''لَا'' کے عمل کے لیے دوسری شرط کے یہی شرائط ہیں، کیونکہ ''لَا'' اور اس کے اسم کے درمیان ''إنْ'' زائدہ آتا ہی نہیں، البتہ اس کی جگہ دوسری شرط یہ ہے کہ اس کے اسم اور خبر دونوں نکرہ ہوں، جیسے: ''لَا رَجُلَ طَرِيْفاً فِي الدَّارِ''، لہذا ''لَا زَيْدٌ عِنْدِيْ'' کہنا درست نہ ہو گا۔ [1]

۴۔ ''مَا'' کی اقسام:

''مَا'' کی متعدد قسمیں ہیں، اولاً لفظ ''مَا'' کی دو قسمیں ہیں: ۱) ''مَا'' حرفیہ، ۲) ''مَا'' اسمیہ۔

۱)۔ ''مَا'' حرفیہ کی اقسام:

''مَا'' حرفیہ کی چھ قسمیں ہیں:

(الف) ''مَا'' نافیہ، (ب) ''مَا'' مشبہ بلیس، (ج) ''مَا'' مصدریہ غیر زمانیہ، (د) ''مَا'' مصدریہ زمانیہ، (ھ) ''مَا'' زائدہ غیر کافہ، (و) ''مَا'' زائدہ کافیہ۔

(الف): ''مَا'' نافیہ: اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے بعد عموماً ''الا'' ہوتا ہے، جیسے: ''وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا إِلَهًا وَاحِدًا.''، ''مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ.''، ''مَا أغْنى عَنِّيْ مَالِيَهْ''، ''وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ''، ''وَمَا أرسلنَا إِلَيْهِم قَبْلَكَ مِنْ نَذِيْرٍ.'' وغیرہ، اس کی مثالیں بے شمار ہیں۔

(ب): ''مَا'' مشبہ بلَیس: اس کی علامت یہ ہے کہ یہ اسم اور خبر کا تقاضا کرتی ہے اور اس کی خبر پر اکثر ''باء'' زائدہ داخل ہوتی ہے، جیسے: ''وَمَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَنَا.'' اور ''مَا زَيْدٌ بِقَائِمٍ''.

(ج): ''مَا'' مصدریہ غیر زمانیہ: یہ اپنے مدخول کو مصدر کی تاویل میں کر دیتی ہے، جیسے: ''ضَاقَتْ عَلَيْهِم الأَرْض بِمَا رَحبَتْ}أى برُحْبِهَا، {فَذُوقُوا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَذَا}أىْ بنِسْيانِكُمْ.'' [2]

(د): ''مَا'' مصدریہ زمانیہ: اس کی علامت یہ ہے کہ یہ اپنے مدخول کو مصدر کی تاویل میں کر کے بحذف مضاف ما قبل کے لیے

[1] النحو الوافی: ۶۰۲/۱، جامع الدروس العربیۃ: ۲۹۲/۲۔
[2] مغنی اللبیب: ۳۹۹۔

ظرف بھی بنتی ہے، جیسے: "وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا. أى مدَّةَ دَوَامِيْ حَيّا." اور "فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ.أَيْ مُدَّةَ اسْتِطَاعَتِكُمْ. " اور اسی طرح یہ مثال ہے: "أَنْتَ مُفْلِحٌ مَا تَفْعَلُ الْخَيْرَ.أَيْ مُدَّةَ فِعْلِكَ الْخَيْرَ." (١)

(ھ): "مَا" زائدہ غیر کافہ: اس کی علامت یہ ہے کہ یہ عموماً حروف شرط اور اسمائے شرطیہ کے بعد زائد ہوتی ہے، جیسے: "أَيْنَمَا، إِذْمَا، مَتَى مَا، حَيْثُمَا، إِنْ مَا، أَيَّمَا" اور اسی طرح حروف جارہ کے بعد بھی زائدہ ہوتی ہے، جیسے: "فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ." اور "قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ." اور اسی طرح "زَيْدٌ صَدِيْقِيْ كَمَا أَنَّ عَمْراً أَخِيْ". (٢)

(و): "مَا" زائدہ کافیہ: اس کی پھر تین قسمیں ہیں: ۱) فعل پر داخل ہو کر اس کو عمل سے روک دے، یہ تین افعال (طَالَ، قَلَّ، كَثُرَ) کیساتھ خاص ہے، کیونکہ "رُبَّ" کے مشابہ ہے اور یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتی ہے، جیسے: "طَالَمَا انْتَظَرْتُكَ"۔ ۲) حروف مشبہ بالفعل پر داخل ہو کر ان کو عمل سے روک دے، جیسے: "إِنَّمَا اللّٰه إِلَه وَاحِد" اور "كَأَنَّمَا يُسَاقُوْنَ إِلَى الْمَوْت". ۳) حروف جارہ کے بعد آ کر ان کو عمل سے روک دے اور یہ "مَا" اکثر "رُبَّ" کیساتھ متصل ہوتی ہے، جیسے: "رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا." (٣)

۲)۔ "مَا" اسمیہ کی اقسام:

"مَا" اسمیہ کی بھی چھ قسمیں ہیں: (الف) "مَا" موصولہ، (ب) "مَا" موصوفہ، (ج) "مَا" شرطیہ، (د) "مَا" استفہامیہ، (ھ) "مَا" صفتیہ، (و) "مَا" تامہ۔

(الف): "مَا" موصولہ: اس کے ایک جملہ ہوتا ہے جس میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہوتا ہے جو "مَا" موصولہ کی طرف راجع ہوتی ہے، جیسے: "مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ." (النحل: ۹۶)۔

(ب): "مَا" موصوفہ: یہ "شَيْءٌ" یا "شَيْئاً" اور یا "شَيْءٍ" کے معنی میں ہو کر موصوف ہوتی ہے اور مابعد کلام اس کی صفت بنتی ہے، جیسے: "ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ." (الروم: ۴۳)، لیکن "مَا" موصولہ اور "مَا" موصوفہ آپس میں ملتی جلتی ہیں، اس لیے جہاں ایک ہو وہاں دوسری کا احتمال بھی ہوتا ہے، البتہ ان میں دو فرق ہیں: ۱) "مَا" موصولہ مبتداء بن سکتی ہے جب کہ موصوفہ نہیں بن سکتی۔ ۲) "مَا" موصولہ معرفہ ہوتی ہے جب کہ موصوفہ نکرہ ہوتی ہے۔

(ج): "مَا" شرطیہ: اس کے دو جملے ہوتے ہیں: پہلا جملہ شرط اور دوسرا جزاء کہلاتا ہے، جیسے: "مَاتَفْعَلُ أَفْعَلُ".

---

(١) معانی النحو: ۱۵۹/۲۔
(٢) مغنی اللبیب: ۴۰۳۔
(٣) مغنی اللبیب: ۴۰۴۔

(د) "مَا" استفہامیہ: یہ عموماً کلام کے شروع میں ہوتی ہے اور "أَيُّ شَيْءٍ" کے معنی میں ہو کر مبتداء بنتی ہے، جیسے: "وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَامُوسَى!" (طہ:۱۷) اور "وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ." (الہمزۃ:۵)۔

(ھ): "مَا" صفتیہ: یہ ہمیشہ صفت بنتی ہے، جیسے: "أَضْرِبُهُ ضَرْباً مَّا"، یہاں "ضَرْباً" موصوف اور "مَا" اس کی صفت ہے۔

(و): "مَا" تامہ: جیسے: "نِعِمَّا هِيَ" اصل میں "نِعْمَ مَا هِيَ" ہے، امام سیبویہؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی "الشَّيْءُ" ہو کر فاعل ہے اور ابو علی فارسیؒ کے نزدیک "مَا" بمعنی "شَيْئاً" ہو کر "نِعْمَ" کی "هُوَ" ضمیر سے تمیز ہے۔[1]

۵۔ "لَا" کی اقسام:

"لَا" کی چھ قسمیں ہیں: (الف) "لَا" مشبہ بلیس، (ب) "لَا" ناہیہ، (ج) "لَا" نافیہ، (د) "لَا" عاطفہ، (ھ) "لَا" زائدہ، (و) "لَا"، نفی جنس۔

(الف): "لَا" مشبہ بلیس: اس کی علامت یہ ہے کہ یہ اسم وخبر کو چاہتا ہے، اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، جیسے: "لَا رَجُلَ أَفْضَلَ مِنْكَ".

(ب): "لَا" ناہیہ: یہ بھی عاملہ ہے اور فعل مضارع کو جزم دیتا ہے، جیسے: "وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا}. {وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا}. {وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَهِينٍ}"۔ اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔

(ج): "لَا" نافیہ: یہ عموماً فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور غیر عاملہ ہوتی ہے، کبھی فعل ماضی پر بھی داخل ہوتا ہے، اس وقت عام طور پر "لَا" مکرر ہوتی ہے سمیت دوسری ماضی کے، جیسے: "فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّى."[2]

(د): "لَا" عاطفہ: یہ بھی غیر عاملہ ہوتا ہے اور اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ میرے ماقبل کی طرف جس حکم کی نسبت ہے میرے مابعد کی طرف نہیں، جیسے: "جَاءَنِي زَيْدٌ لَا عَمْرٌو".

(ھ): "لَا" زائدہ: یہ بھی غیر عاملہ ہوتا ہے اور چند مقامات میں زائدہ ہوتا ہے: ۱) نفی کے بعد "واوَ" کیساتھ، جیسے: "مَاجَاءَنِي زَيْدٌ وَ لَاعَمْرٌو". ۲) "أَنْ" مصدریہ کے بعد، جیسے: "مَامَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُد، أَيْ أَنْ لَاتَسْجُدَ". ۳) لفظ "أُقْسِمُ" کیساتھ، جیسے: "لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ" اور " فَلَا أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ."[3]

(و): "لَا" نفی جنس: یہ بھی اسم اور خبر کو چاہتا ہے، خبر کو رفع دیتا ہے اور اسم کے مختلف احوال ہیں، جن کی تفصیل آگے بیان ہو رہی ہے۔

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۳۲/۵۔
[2] مغنی اللبیب: ۳۲۰۔
[3] شرح المفصل لابن یعیش: ۳۴/۵۔

۶۔ قواعد و فوائد:

قاعدہ: ''مَاوَلَا''مشبہ بلیس مبتداء اور خبر پر داخل ہوتے ہیں، اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔

قاعدہ: ''مَا''معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہوتی ہے اور ''لَا''صرف نکرہ پر داخل ہوتی ہے، تاہم اگر ''لَا''معرفہ پر داخل ہو تو ملغی از عمل ہوگا اور اس کا تکرار واجب ہوگا، جیسے: ''لَاالشَّمْسُ يَنْبَغِيْ لَهَاأَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَوَلَااللَّيلُ سَابِقُ النَّهَارِ''(یٰس:۴۰)۔

قاعدہ: ''مَا''اور ''لَيْسَ'' کی خبر پر کبھی ''باء'' زائدہ داخل ہوتی ہے، اس وقت ان کی خبر لفظاً مجرور اور معناً منصوب ہوتی ہے، جیسے: ''مَاأَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَنَا، وَمَاهُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ، أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ''.

قاعدہ: جب ''لَا'' کے آخر میں ''تَ'' لاحق ہو تو پھر لفظ ''حِيْنَ'' کیساتھ خاص ہوجاتا ہے، جیسے: ''لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ''، (یہ وقت بچاؤ کا وقت نہیں)، اس جگہ ''لَاتَ'' کا اسم ''الْحِيْنُ'' محذوف ہے، تقدیر عبارت یوں ہے: ''لَاتَ الْحِينُ حِيْنَ مَنَاصٍ''.

فائدہ: چند حروف جارہ کے بعد اگر ''مَا'' استفہامیہ آجائے تو اس کا ''الف'' گرادیا جاتا ہے، مثلاً: ''فِيْ'' کے بعد، جیسے: ''فِيمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا.''(النازعات:۴۳)۔ ۲)''باء'' کے بعد، جیسے: ''بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ.''۔ ۳)''لام'' کے بعد، جیسے: ''لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ.''(الصف:۲) اور ''فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ أَنْبِيَاءَ مِنْ قَبْلُ.''(البقرۃ:۹۱)۔ ۴)''عَنْ'' کے بعد، جیسے: ''عَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ''۔(النباء:۱) ۵)''مِنْ'' کے بعد، جیسے: ''فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ.''(الطارق:۵)[1]

چند حل شدہ تراکیب:

✍... ''مَا'' کی مثال: ''مَا هٰذَا بَشَرًا'':

''مَا'' حرف از حروف مشبہ بلیس رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... ''هٰذَا'' اسم اشارہ اسمش مرفوع محلا... ''بَشَرًا'' خبرش منصوب بالفتحہ لفظا... باز ''بَشَرًا'' صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم ''مَا'' خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم ''مَا''۔

✍... ''لَا'' کی مثال: ''لَا رَجُلٌ أَفْضَلَ مِنْكَ'':

''لَا'' حرف از حروف مشبہ بلیس رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... ''رَجُلٌ'' اسمش مرفوع بالضمہ لفظا... ''أَفْضَلَ'' خبر است منصوب بالفتحہ لفظا... باز ''أَفْضَلَ'' اسم تفضیل تکیہ گرفتہ بر اسم ''لَا'' خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم ''لَا''... ''مِنْ'' جارہ... ''کاف'' ضمیر خطاب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ''أَفْضَلَ'' شبہ فعل است۔

[1] شرح شذور الذہب لابن ہشام:۴۱۲، ہمع الہوامع:۵۱۳/۳، شرح المفصل لابن یعیش:۴۱۰/۲، جامع الدروس العربیہ:۱۳۲/۲۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں ما و لامشبہ بلیس کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مَا أَنْتَ بِمُؤمِنٍ. مَا هذَا بَشَرًا. مَا لَكُمْ عِنْدِيْ زَادٌ وَلَا رَاحِلَةٌ. مَاهُنَّ أُمَّهَاتِهِم. يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَوْمٌ لَّابَيْعٌ فِيْهِ وَلَاخُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ. مَا هٰذَا قَوْلَ الْبَشَرِ. مَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ. مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ. وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ. وَمَا أَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ. مَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ. وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ. مَا أَنْتَ بِملُومٍ. لَا أَنَا بَاغِياً. لَا الْحَمْدُ مَكْسُوْباً وَلَا الْمَالُ بَاقِياً. مَا زالَ الأَسْتَاذُ مُنتَظِراً الجوابَ. لَا رَجُلٌ مُسَافِراً. مَا سَعِيدٌ جَالِساً. لا رَجُلٌ حَاضِراً. لا طَالِبٌ حَاضِراً . مَا أَنَا عَاصِياً أَمرَ الله.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ..."مَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَنَا":

"مَا" حرف از حروف مشبہ بلیس رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "أَنْتَ" ضمیر مخاطب اسمش مرفوع محلا... "بِمُؤْمِنٍ" ظرف مستقر خبرش منصوب محلا... "بِ" زائدہ جارہ... "مُؤْمِنٍ" مجرور بالکسرہ لفظا، جار مجرور مستغنی از متعلق است... باز "مُؤْمِنٍ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "مَا" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعل است مرفوع محلا راجع بسوئے اسمِ "مَا"... "لَ" جارہ... "نَا" ضمیر متکلم مع الغیر مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "مُؤْمِنٍ" شبہ فعل است۔

✍ ..."مَا لَكُمْ عِنْدِيْ زَادٌ وَلَا رَاحِلَةٌ":

اس کی دو ترکیبیں ہیں: پہلی ترکیب: "مَا" حرف از حروف مشبہ بلیس رافع الاسم و ناصب الخبر اسم و خبر می طلبد... "لَكُمْ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "لام" جارہ ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "وُجِدَا"... ویا کہ "مَوْجُوْدَانِ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین... "وُجِدَا" صیغہ فعل ماضی مجہول ... "الف" ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسمِ "ما" مؤخر... ویا کہ "مَوْجُوْدَانِ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم "مَا" مؤخر خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر است مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسمِ "مَا" مؤخر... "عِنْدَ" ظرف مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ تقدیراً مضاف ... "ی" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا... ظرف متعلق بہ ظرف... "زَادٌ" اسمش مؤخرش مرفوع بالضمہ لفظاً... "واؤ" عاطفہ... "لَا" زائدہ محض از برائے تحسین کلام... "رَاحِلَةٌ" معطوف... "زَادٌ" معطوف علیہ اوست۔

دوسری ترکیب: "مَا" حرف از حروف مشبہ بلیس رافع الاسم و ناصب الخبر اسم و خبر می طلبد... "لَكُمْ"... "لام" جارہ ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح جار مجرور متعلق بہ ظرف... "عِنْدِيْ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "عِنْدَ" ظرف مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ تقدیراً مضاف... "ی" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا... ظرف متعلق بہ "وُجِدَا" ویا کہ "مَوْجُوْدَانِ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین... "وُجِدَا" صیغہ فعل ماضی مجہول... "الف" ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع

محلاراجع بسوئے اسمِ "مَا" مؤخر... ویا کہ مَوْجُوْدَانِ"صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم "مَا" مؤخر، خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلاراجع بسوئے اسمِ "مَا" مؤخر... "زَادٌ" اسمش مؤخرش مرفوع بالضمہ لفظاً... "واؤ" عاطفہ... "لا" زائدہ محض از برائے تحسین کلام... "رَاحِلَةٌ" معطوف... "زَادٌ" معطوف علیہ اوست۔

✍ ...مَا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ:

"ما" حرف از حروف مشابہ بلیس رافع الاسم و ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "هُنَّ" ضمیر غائبات اسمش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورات ماقبل... "أُمَّهَاتِ" خبرش منصوب بالکسرہ لفظاً مضاف ... "هِمْ" ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل۔

✍...مَا هُمْ بِخَارِجِينَ مِنَ النَّارِ:

"مَا" حرف از حروف مشابہ بلیس رافع الاسم و ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "هُمْ" ضمیر غائبین اسمش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل... "بِخَارِجِينَ" خبرش منصوب محلا ... "ب" زائدہ جارہ... "خَارِجِينَ" مجرور بالیا لفظا و منصوب محلا ...جار مجرور مستغنی از متعلق است ... "مِنْ" جارہ... "النَّارِ" مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "خَارِجِينَ" شبہ فعل است۔

فصل پنجم: لائے نفی جنس کا بیان

۱۔ لائے نفی جنس کی تعریف:

"هِيَ الَّتِيْ تَدُلُّ عَلَى نَفْيِ الْجِنْسِ."

لائے نفی جنس وہ حرف عاملہ "لَا" ہے جو اسم نکرہ کی جنس کی نفی کے لیے آتا ہو، یعنی اس میں وحدت کی نفی کا بالکل احتمال نہ ہو، بلکہ جنس کی نفی کرنے میں نص ہو، جیسے: "لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ" میں جنسِ رجل کی نفی ہے نہ کہ فردِ رجل کی۔ اور جب کہ "لَا" مشبہ بلیس جنس کی نفی میں نص نہیں، بلکہ اس میں وحدت کی نفی کا احتمال بھی ہوتا ہے اور جنس کی نفی کا بھی۔ لائے نفی جنس کو "لائے تبریہ، لائے تنزیہ" اور "لَا الَّتِيْ لِنَفْيِ الْجِنْسِ" بھی کہتے ہیں۔ [1]

۲۔ لائے نفی جنس کا عمل:

لائے نفی جنس ناصب الاسم رافع الخبر ہے، جیسے: "لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللهِ". یہ ناصب الاسم اور رافع الخبر اس لیے ہے کہ یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے "إِنَّ" کیساتھ تاکید میں مشابہ ہیں، جس طرح "إِنَّ" اثبات تاکید کے لیے آتا ہے اسی طرح لائے نفی جنس نفی تاکید کے لیے آتا ہے تو اسی وجہ سے اس کا عمل بھی حروف مشبہ بالفعل کی طرح ہے۔ [2]

۳۔ لائے نفی جنس کے عمل کے لیے شرائط:

لائے نفی جنس کے عمل کے لیے چھ شرائط ہیں:

۱) "لَا" نافیہ ہو، زائدہ نہ ہو۔ اگر زائدہ ہو تو ملغی از عمل ہو گا، جیسے: "لَا سَعِيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا خَلِيْلٌ".

۲) نفی جنس کے لیے ہو، نفی مفرد کے لیے نہ ہو۔ اگر ہو تو ملغی از عمل ہو گا، جیسے: "لَا رَجُلٌ مُسَافِرٌ".

۳) نفی جنس علی سبیل التنصیص ہو، علی سبیل الاحتمال نہ ہو۔

۴) لائے نفی جنس پر حرف جر داخل نہ ہو، اگر ہو تو ملغی از عمل ہو گا، جیسے: "سَافَرْتُ بِلَا زَادٍ".

۵) لائے نفی جنس کا اسم نکرہ ہو، اگر معرفہ ہو تو ملغی از عمل ہو گا، جیسے: "لَا الْمُعَلِّمُ فِي الْمَدْرَسَةِ".

۶) لائے نفی جنس کا اسم "لَا" کیساتھ متصل ہو، اگر نہ ہو تو ملغی از عمل ہو گا، جیسے: "لَا فِيْهَا غَوْلٌ". [3]

۴۔ لائے نفی جنس کے اسم کی صورتیں:

لائے نفی جنس کے اسم کی چار صورتیں ہیں:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۳۲۹/۲۔

[2] بدر السعید: ۲۶۵، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۶۸۔

[3] جامع الدروس العربیہ: ۲۹۲/۲، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۶۸۔

پہلی صورت: لائے نفی جنس کا اسم نکرہ غیر مفصولہ مضاف یا شبہ مضاف (۱) ہو تو اس صورت میں معرب منصوب ہو گا، مضاف کی مثال، جیسے: "لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ." شبہ مضاف کی مثال، جیسے: "لَاطَالِعاً شَجْراً فِي الدَّارِ".

دوسری صورت: لائے نفی جنس کا اسم نکرہ غیر مفصولہ مفرد غیر مکرر ہو تو اس صورت میں مبنی علی الفتح ہو گا (۲)، جیسے: "لَا رَجُلَ فِيْ الدَّارِ"۔ یہ مبنی اس لیے کہ یہ "مِنْ" استغراقیہ کے معنی کو متضمن ہے اور اس میں شبہ معنوی پایا جاتا ہے۔

تیسری صورت: لائے نفی جنس کا اسم مفرد معرفہ ہو تو "لَا" ملغیٰ عن العمل ہو گا اور "لَا" کا تکرار دوسرے معرفہ کیساتھ لانا ضروری ہے اور "لَا" کا مدخول حسب سابق مبتداء اور خبر ہوں گے، جیسے: "لَا زَيْدٌ عِنْدِيْ وَلَا عَمْرٌو"، (اس صورت میں "لَا" کے لیے اسم و خبر نہیں ہوں گے)، اسی طرح اگر "لَا" کا اسم نکرہ غیر مفصولہ ہو تو اس وقت بھی "لَا" ملغیٰ عن العمل ہو گا، جیسے: "لَا فِيْهَا غَوْلٌ".

چوتھی صورت: لائے نفی جنس کا اسم مفرد نکرہ مکرر غیر مفصول ہو تو اس میں درج ذیل پانچ وجہیں جائز ہیں (۳):

پہلی وجہ: دونوں اسم مبنی بر فتحہ ہو، جیسے: "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"، دونوں جگہ لائے نفی جنس ہے اسم مفرد نکرہ غیر مفصولہ ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتحہ ہے، یعنی اس صورت میں دونوں اسم مبنی علی الفتح ہیں اور دونوں جگہ لائے نفی جنس عاملہ ہے اور دونوں اسم محلاً منصوب "لَا" کے اسم ہیں اور خبر محذوف ہے اور تقدیر عبارت یوں ہے: "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ مَوْجُوْدَانِ

---

(۱) شبہ مضاف وہ ہے جس کا معنی دوسرے اسم کے ملائے بغیر تام نہ ہو، یعنی دوسرا اسم پہلے اسم کے لیے تتمہ ہو، پھر لائے نفی جنس کا شبہ مضاف دو قسم پر ہے: ۱) دونوں آپس میں عامل و معمول ہوں، جیسے: "لَاطَالِعاً جَبَلاً حَاضِرٌ"، پھر عامل عام ہے، رفعی ہو، جیسے: "لَاحَسَناً فِعْلُهُ مَذْمُوْمٌ"، یا نصبی ہو، جیسے: "لَاطَالِعاً جَبَلاً حَاضِرٌ"، یا ظرف جار مجرور متعلق ہو، جیسے: "لَاخَيْرًا مِنْ زَيْدٍ عِنْدَنَا"۔ ۲) یا معطوف علیہ ہو ایسے معطوف کہ دونوں کا حکم ایک اسم کا ہو، جیسے: "لَا ثَلَاثَةَ وَلَا ثَلَثِيْنَ"، لیکن دونوں کسی غیر معین فوج کے ایک دستہ کا نام ہو اگر معین چیز کا نام ہو تو "لَا" ملغی ہو گا۔ جہد قصیر: ۴۶، بدر السعید: ۲۶۶۔

(۲) علامہ ابن حاجبؒ اور بعض اہل علم نے مبنی علی الفتح کے بجائے مبنی علی النصب کی تعبیر اختیار کی ہے، کیونکہ بعض صورتیں مبنی علی الفتح کہنے کی صورت میں خارج ہوتی ہیں، ان کو داخل کرنے کے لیے مبنی النصب کی تعبیر اختیار کی جاتی ہے، وہ صورتیں یہ ہیں: "رَجُلَيْنِ" اور "مُسْلِمِيْنَ" کا یاء اور "مُوْسیٰ" کا اعراب تقدیری۔ (بدر السعید: ۲۶۶)

(۳) اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ جب کلام میں "لَا" تکرار کیساتھ علی سبیل العطف ذکر کیا جائے اور ہر "لَا" کے بعد نکرہ غیر مفصولہ ہو تو اس میں پانچ صورتیں جائز ہیں: ۔ ۱۔ "إِنَّ" کی طرح دونوں عمل کریں، جیسے: "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" ۲۔ "لَيْسَ" کی طرح دونوں عمل کریں۔ یا "لَا" مہملہ ہو، اور مابعد مبتداء و خبر ہوں، جیسے: "لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰهِ" ۳۔ پہلا اسم مفتوح اور دوسرا مرفوع ہو، جیسے: "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰهِ" ۴۔ پہلا مرفوع ہو، اور دوسرا مفتوح ہو، جیسے: "لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰه" ۵۔ پہلا اسم مبنی بر فتحہ ہو، اور دوسرا "لَا" کے اسم کے محل پر عطف ہونے کی وجہ سے منصوب ہو، جیسے: "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةً إِلَّا بِاللّٰه"۔ اس کی دیگر مثالیں یہ ہیں۔ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَاخُلَّةٌ وَلَاشَفَاعَةٌ۔ (البقرة: ۲۵۴) فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ۔ (البقرة: ۱۹۷)۔ اسی طرح "لا نهرَ فی الصحراء ولا بحراً، لا تقدمَ ولا رقيَّ مع الجهالة، لا قويٌّ ولا ضعيفٌ أمام القانون، لا خيرَ (مَرجو) من الشرير، ولا نفعاً، لا كتابَ وقلمٌ فى الحقيبة."

بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ"،یہاں دو تراکیب ہو سکتی ہیں:۱)عطف المفرد علی المفرد،۲)عطف الجملۃ علی الجملۃ۔پہلی ترکیب عطف المفرد علی المفرد کی صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:"لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ مَوْجُوْدَانِ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ"۔اوردوسری ترکیب کی صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:"لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ مَوْجُوْدٌ[1] بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا قُوَّةَ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَةٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ".[2]

دوسری وجہ:دونوں اسم مرفوع ہوں،جیسے:"لَاحَوْلٌ وَلَاقُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰہِ"دونوں جگہ "لا"ملغیٰ از عمل ہے،"حَوْلٌ "اور"قوَّةٌ" مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہیں،یعنی اس صورت میں دونوں میں عامل معنوی ابتداء ہے،یہ دونوں مبتداء ہیں اوران کی خبر محذوف ہے،یہاں بھی دو تراکیب ہو سکتی ہیں:۱)عطف المفرد علی المفرد،۲)عطف الجملہ علی الجملہ۔پہلی ترکیب عطف المفرد علی المفرد کی صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:"لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ وَلَا قُوَّةَ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَانِ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ"۔اوردوسری ترکیب عطف الجملہ علی الجملہ کی صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:"لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ مَوْجُوْدٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا قُوَّةَ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَةٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ"

تیسری وجہ:پہلا اسم مبنی علی الفتح اوردوسرا مرفوع ہو تنوین کیساتھ،جیسے:"لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰہِ"،پہلی جگہ"لَا" نفی جنس ہے اور"حَوْلَ"اس کا اسم مفرد نکرہ ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتحہ ہے اور دوسری جگہ"لَا"،ملغیٰ از عمل ہے اور"قُوَّةٌ" مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے،یعنی اس صورت میں دوسرے اسم کے مرفوع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ"لَا"کے اسم کے محل بعید پر عطف ہے اوروہ رفع ہے،کیونکہ لائے نفی کا اسم اصل میں مبتداء ہے اور مبتداء مرفوع ہوتا ہے اوراب لائے نفی جنس کے بعد لائے نفی جنس کے اسم کا جو اعراب ہے وہ نصب ہے،محلاً،اس کو محل قریب کہتے ہیں،یہاں بھی دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں:۱)عطف المفرد علی المفرد،۲)عطف الجملہ علی الجملہ۔پہلی ترکیب عطف المفرد علی المفرد کی صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ وَلَا قُوَّةٌ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَانِ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ"۔اوردوسری ترکیب عطف الجملہ علی الجملہ کی صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:"لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ مَوْجُوْدٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا قُوَّةٌ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَةٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللّٰہِ".[3]

چوتھی وجہ:پہلا اسم مرفوع مع التنوین ہو اوردوسرا مبنی علی الفتح ہو،جیسے:"لَاحَوْلٌ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰہِ"،پہلا"لا" مشبہ بلیس ہے اور"حَوْلٌ"اس کا اسم مرفوع ہے اوردوسرا"لَا"نفی جنس ہے اور"قُوَّةَ" اس کا اسم مفرد نکرہ ہونے کی وجہ سے

---

(۱) یہاں متعلق"ثَابِتٌ"مقدر بھی نکال سکتے ہیں۔
(۲) جامع الدورس العربیۃ:۳۳۶/۲،النحوالوافی:۶۹۸/۱۔
(۳) جامع الدورس العربیۃ:۳۳۶/۲،النحوالوافی:۶۹۸/۱۔

مبنی بر فتحہ ہے، یعنی اس صورت میں پہلا "لَا" مشبہ بلیس ہے اور دوسرا لائے نفی جنس ہے اور اسم دوم محلاً منصوب "لَا" کا اسم ہو گا، اس صورت میں صرف ایک ترکیب عطف الجملہ علی الجملہ جائز ہے، کیونکہ اگر عطف المفرد علی المفرد جائز ہو جائے تو پھر ایک ہی حالت میں خبر کا مرفوع اور منصوب ہونا لازم آئے گا اور یہ محال ہے، کیونکہ "لَا" مشبہ بلیس یہ تقاضا کرتا ہے کہ میری خبر منصوب ہو اور لائے نفی جنس تقاضا کرتا ہے کہ میری خبر مرفوع ہو۔ عطف الجملہ علی الجملہ کی صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَاحَوْلٌ عَنِ الْمَعْصِيْةِ مَوْجُوْدٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللهِ وَلَا قُوَّةَ عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَةٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللهِ"۔

پانچویں وجہ: پہلا اسم مبنی علی الفتح اور دوسرا منصوب مع التنوین ہو، جیسے: "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةً إِلَّا بِاللهِ"، پہلا "لا" نفی جنس ہے اور "حَوْلَ" اس کا اسم مفرد نکرہ ہونے کی وجہ سے مبنی بر فتحہ ہے اور دوسر "لَا" ملغیٰ از عمل ہے اور "قُوَّةً" عطف ہے "حَوْلَ" کے محل پر اور وہ محلاً منصوب ہے، لہٰذا "قُوَّةً" بھی منصوب ہو گا، یعنی اس صورت میں پہلا اسم مبنی بر فتحہ اس لیے ہے کہ لائے نفی جنس ہے اور دوسرا اسم منصوب اس لیے ہے کہ اس کا عطف "حَوْلَ" کے محل قریب پر ہے اور "لَا" زائدہ برائے تاکید نفی ہے، اس صورت میں بھی دو تراکیب ہو سکتی ہیں: ۱) عطف المفرد علی المفرد، ۲) عطف الجملہ علی الجملہ۔ پہلی ترکیب کی صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيْةِ وَلَا قُوَّةً عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَانِ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللهِ" .اور عطف الجملہ علی الجملہ کی صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَاحَوْلَ عَنِ الْمَعْصِيْةِ مَوْجُوْدٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللهِ وَلَا قُوَّةً عَلَى الطَّاعَةِ مَوْجُوْدَةٌ بِأَحَدٍ إِلَّا بِاللهِ".[1]

۵۔ "لَا" مشبہ بلیس اور "لَا" نفی جنس میں فرق:

"لَا" مشبہ بلیس اور "لَا" نفی جنس میں عملاً و معناً فرق ہے، عملاً فرق تو ان کے مختلف عمل سے ظاہر ہے اور معنوی فرق یہ ہے کہ "لَا" مشبہ بلیس کے معنی میں دو احتمال ہیں: ۱) خبر کی نفی اسم کے صرف ایک فرد سے ہو، جیسے: "لَا رَجُلٌ قَائِماً" کا یہ مطلب لیا جائے کہ ایک مرد کھڑا نہیں، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ دو کھڑے ہوں۔ ۲) خبر کی نفی جنس اسم سے ہو، جیسے: "لَا رَجُلٌ قَائِماً" یہ مطلب لیا جائے کہ جنس رجل قائم نہیں نہ ایک نہ زیادہ۔ پہلی صورت میں "لَا رَجُلٌ قَائِماً" کے بعد "بَلْ رَجُلَانِ" کہنا درست ہو گا اور دوسری صورت میں درست نہیں ہو گا اور لائے نفی جنس میں ان معنوں میں دوسرا معنی متعین ہے پہلے معنی کا احتمال نہیں، چنانچہ "لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ" میں گھر میں ہونے کی نفی جنس رجل سے ہے صرف ایک فرد سے نہیں، لہٰذا "لا رجل فی الدار" کے بعد "بَلْ رَجُلَانِ" کہنے کی گنجائش نہیں۔ یعنی "لَا" مشبہ بلیس میں فرد واحد اور تمام افراد دونوں سے حکم کی نفی

---

[1] یہ آخری صورت ضعیف ہے، بعض نحات کہتے ہیں کہ اس میں صرف ایک احتمال عطف المفرد علی المفرد درست ہے، لیکن شرح جامی میں ہے کہ عطف الجملہ علی الجملہ بھی صحیح ہو سکتا ہے، مگر پھر کہتے ہیں کہ عطف الجملہ علی الجملہ کی صورت میں "قُوَّةً" کے منصوب ہونے کی وجہ معلوم نہیں، اس لیے صرف المفرد علی المفرد درست ہے (بدر السعید: ۲۷۰، جامع الدروس العربیۃ: ۳۳۵/۲، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۶۹)

کا احتمال ہوتا ہے، لہذا "لَا رَجُلَ مُنْطَلِقاً" کے بعد "بَلْ رَجُلَانِ" کہہ سکتے ہیں، تعیین کے لیے قرینہ کی ضرورت رہتی ہے، لیکن لائے نفی جنس اس احتمال کو ختم کر دیتا ہے، لہذا "لَا رَجُلَ مُنْطَلِقٌ" کے بعد "بَلْ رَجُلَانِ" نہیں کہہ سکتے ہیں، یہ تمام افراد سے حکم کی نفی پر تنصیصاً بلا قرینہ دلالت کرتا ہے۔ (۱)

قواعد و فوائد:

قاعدہ: لائے نفی جنس کی خبر اس کے اسم پر مقدم کرنا جائز نہیں، اگر چہ جار مجرور کیوں نہ ہو۔

قاعدہ: لائے نفی کا اسم کبھی مفرد ہو گا، جیسے: "لَا رَيْبَ فِيه"، کبھی مضاف ہو گا، جیسے: "لَا رَجُلَ سَوْءٍ عِنْدَنَا" اور کبھی مشابہ بالمضاف ہو گا، جیسے: "لَا مُسَافِراً الْيَومَ حاضرٌ" وغیرہ۔

فائدہ: تین مقامات میں "لَا"، ملغیٰ عن العمل ہو گا: ۱)۔ جب اس پر حرف جارہ داخل ہو، جیسے: "بِلَا زَادٍ". ۲) جب "لَا" اور اس کے اسم کے درمیان فاصلہ ہو، جیسے: "لَا فِيْهَا غَوْلٌ"۔ ۳) جب "لَا" کے بعد معرفہ ہو، جیسے: "لَا زَيْدٌ عِنْدِيْ وَلَا عَمْرٌو".

فائدہ: لائے نفی جنس کی علامت یہ ہے کہ یہ اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ اور مصدر وغیرہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: "لَا رَيْبَ فِيْهِ، لَا غَالِبَ، لَا مَعْبُوْدَ إِلَّا هُوْ، لَا حَكِيْمَ إِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ". (۲)

قاعدہ: لائے نفی جنس کا اسم کبھی محذوف ہوتا ہے، جیسے: "لَا عَلَيْكَ، أَيْ لَا بَأْسَ. لَا جُنَاحَ عَلَيْكَ، أَيْ لَا بَأْسَ."، یہاں لائے نفی جنس کے اسم کے محذوف ہونے پر قرینہ "لَا" کا حرف جارہ پر داخل ہونا ہے۔ اگر خبر مجہول ہو تو ذکر کرنا واجب ہے، جیسے حدیث میں ہے: "لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللهِ"، اور اگر خبر معلوم ہو تو حذف کرنا اس کا کثیر ہے، جیسے: "قَالُوْا لَا ضَيْرَ، إِنَّا إِلَى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ، أَيْ لَا ضَيرَ عَلَيْنَا." اور "وَلَوْ ترى إِذْ فَزِعُوْا، فَلَا فَوْتَ، أَيْ فَلا فَوتَ لَهُمْ.". (۳)

قاعدہ: لائے نفی جنس کا اسم اگر معرب ہو تو اس میں دو وجہیں (رفع اور نصب) پڑھنی جائز ہیں، جیسے: "لا طَالِبَ عِلْمٍ كَسُوْلاً، أَوْ كَسُوْلٌ، وَلَا طَالِباً عِلْماً كَسُوْلاً، أَوْ كُسْوْلٌ." اور اگر اس کا اسم مبنی ہو تو پھر دیکھیں گے کہ مفرد ہے، مضاف یا شبہ مضاف ہے، اگر مفرد ہو تو دیکھیں گے کہ متصل ہے یا غیر متصل، اگر متصل ہو تو اس میں تین وجہیں (رفع، نصب، جر) پڑھنی جائز ہیں، جیسے: "لَا رَجُلَ قَبِيْحاً، أَوْ قَبِيْحَ، أَوْ قَبِيْحٌ." اور اگر مفرد غیر متصل، یا مضاف، یا شبہ مضاف ہو تو پھر دو وجہیں (معرب مرفوع او معرب منصوب) ہیں، مضاف کی مثال، جیسے: "لَا تِلْمِيْذَ فِي الْمَدْرسةِ كَسُوْلاً، أَوْ كَسُوْلٌ." اور "لَا رَجُلَ ذَا شَرٍّ، أَوْ ذُوْ شَرٍّ فِي الْمَدْرَسِةِ." (۴)

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۹۴، ہامش کتاب النحو: ۴۳، المنہاج الکامل: ۱۹۳۔

(۲) بدر السعید: ۱۷۲، روضۃ الہادیہ: ۷۹۔

(۳) جامع الدروس العربیۃ: ۲/۳۳۴۔

(۴) جامع الدروس العربیۃ: ۲/۳۳۷، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۶۹، النحو الوافی: ۱/۷۰۳۔

قاعدہ: لائے نفی جنس کے بعد اگر "إِلَّا" واقع ہو تو "إِلَّا" کے بعد والے اسم کو مرفوع اور منصوب دونوں پڑھنا جائز ہے، جیسے: "لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ"، یہاں لفظ "اللّٰهُ" رفع کی صورت میں ماقبل سے بدل واقع ہوگا اور نصب کی صورت میں ماقبل سے مستثنیٰ واقع ہوگا۔

قاعدہ: اگر لائے نفی جنس کے اسم پر بغیر تکرار "لَا" کے عطف کیا جائے تو پہلا اسم مفتوح ہوگا اور معطوف میں دو وجہیں پڑھنا جائز ہیں، جیسے: "لَا أَبَ وَإِبْناً مِثْلَ مَرْوَانَ"، اس مثال میں "إِبْناً" کو مرفوع اور منصوب (یعنی ابْنٌ اور إِبْناً) دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔ [1]

قاعدہ: جب لا نفی جنس پر ہمزہ داخل ہو جائے تو ان کا عمل باطل نہیں ہوگا، حسب سابق عمل کرے گا اور وہی احکامات جاری ہوں گے اور یہ ہمزہ تین معانی کے لیے آتا ہے: ۱) ہمزہ استفہام انکاری توبیخی کے لیے ہو، جیسے کوئی بخیل آدمی کو کہیں: " أَلَا إِحْسَانَ مِنْكَ وَأَنْتَ غَنِيٌّ؟"۔ ۲) استفہام حقیقی کے لیے ہو، جیسے: " أَلَا رَجُلَ حَاضِرٌ!"۔ ۳) "أَلَا"، تمنی کے معنی میں ہو، امام سیبویہؒ اور امام خلیلؒ کے نزدیک بمعنی "أَتَمَنَّى" ہو کر خبر سے مستغنی ہوگا اور امام مازنیؒ کے نزدیک اس کا عمل برقرار رہے گا، یعنی اسم و خبر کا تقاضا کرے گا، جیسے:: "أَلَا مَالَ فَأُسَاعِدَ الْمُحْتَاجَ!"۔ امام مازنیؒ کے نزدیک اس کی خبر "مَوجُودٌ" محذوف ہوگی۔ [2]

قاعدہ: بعض الفاظ ایسے ہیں جو مبتداء و خبر پر داخل ہو کر ابتداء کے عمل کو منسوخ کر دیتے ہیں، ان کو نواسخ الابتداء کہتے ہیں اور ان کی تین قسمیں ہیں: ۱) افعال، جیسے: افعال ناقصہ، ۲) اسماء، جیسے وہ اسماء جو افعال ناقصہ سے مشتق ہیں۔ ۳) حروف، جیسے: حروف مشبہ بالفعل، ما و لا مشبہ بلیس اور لائے نفی جنس۔

چند حل شدہ تراکیب:

✍... "لَا عَقْلَ لَه":

"لَا" لائے نفی جنس... "عَقْلَ" نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... "لَه" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "ل" جارہ... "هُ" ضمیر غائبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے مذکور ماقبل... جار مجرور متعلق بہ "وُجِدَ"... ویا کہ "مَوْجُوْدٌ" کہ مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین... "وُجِدَ" صیغہ فعل ماضی مجہول ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسمِ "لَا"... ویا کہ "مَوْجُوْدٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسمِ "لَا" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا راجع بسوئے اسمِ "لَا"۔

✍... "لَا دِيْنَارَ وَلَا دِرهَمَ لِزَيْدٍ":

---

[1] بدر السعید: ۲۷۲۔
[2] النحو الوافی: ۱/۷۰۶، بدر السعید: ۲۷۲۔

''لَا'' لائے نفی جنس... ''دِيْنَارَ'' نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... ''وَ'' عاطفہ... ''لَادِرْهَمَ'' معطوف... ''لَادِيْنَارَ'' معطوف علیہ... باز ''لَا'' زائدہ محضہ از برائے تاکیدِ نفی یا تحسین کلام... ''دِرْهَمَ'' نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... ''لِزَيْدٍ'' ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... ''لِ'' جارہ... ''زَيْدٍ'' مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ''وُجِدَا''... ویا کہ ''مَوْجُوْدَانِ'' کہ مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین... ''وُجِدَا'' صیغہ فعل ماضی مجهول... ''الف'' ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسم ''لَا''... ویا کہ ''مَوْجُوْدَانِ'' صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم ''لَا'' خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر است مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسم ''لَا''۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں لائے نفی جنس کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

لَاإِكْرَاهَ فِي الدِّينِ. يَوْمُ القِيَامَةِ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ. لَا شِيَةَ فِيهَا. لَا عِلْمَ لَنَا. لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللهِ. لَا مُقَامَ لَكُمْ. لَا شَرِيكَ لَهُ. لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ. لَا مَرْحَبًا بِكُمْ. لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ. لَا غَالِبَ لَكُمُ. لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ. لَا بُرْهَانَ لَهُ. لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللهِ. لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَّةِ الْخَالِقِ. لَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ. لَاعَقْلَ لَه، لَادِيْنَارَ وَلَادِرهمَ لِزَيْدٍ، لَاكَيْلَ لَكُمْ عِنْدِىْ، لَاإِيْمَانَ لِمَنْ لَامُرُوْءَةَ لَه، لَافَقْرَ لِلْعَاقِلِ، لَاحُرْمَةَ لِلْفَاسِقِ، لَارَاحَةَ لِلْحَسُوْدِ، لَاغَمَّ لِلْقَانِعِ، لَاكَرَامَةَ لِلْكَاذِبِ، لَا مُرُوْءَةَ لِلْمَرْأَةِ، لَاعَقْلَ لِلْكَافِرِ، لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَه، لَا شَاهِدَ زُوْرٍ مَحْبُوبٌ. لَا شَجَرَةَ رُمَّانٍ فِي الْبُسْتَانِ. لَا رَاكِباً فَرَساً فِي الطَّرِيْقِ. لا مُقَصِّراً فِيْ وَاجِبِهِ مَمْدُوْحٌ. لَا فِي الْحَدِيْقَةِ صِبْيَانٌ وَلَا بَنَاتٌ. لَا حَسُوْدَ مُسْتَرِيْح. لَاصَاحِبَ جُودٍ مَذْمُوْم. لَا سَبِيْلَ إِلَى السَّلَامَةِ مِنْ أَلْسِنَةِ الْعَامَةِ. لَا مُتَنَافِسِيْنَ فِي الْخَيْرِ نَادِمُوْنَ. لَا كَوَاكِبُ طَالِعَاتٌ. لَا بَائِعَ فِي السُّوْقِ. لَا دَارَ كُتُبٍ فِي الْمَدِيْنَةِ. لَا هُوَ حَيٌّ فَيُرجَى وَلَا هُوَ مَيِّتٌ فَيُنْعَى. لَا مُجِدًّا فِيْ عَمَلِهِ مَذْمُوْمٌ. لَا سُرُوْرَ دائمٌ. لَا ضِدَّيْنِ مُجْتَمِعَانِ. لَا فِي الْقَصِيْدَةِ هِجَاءٌ وَلَا مَدِيْحٌ. لَا مُؤْمِنِيْنَ قَانِطُوْنَ. لَا دَفْتَرِيٌّ مَعِيَ وَلَا قَلَمِيٌّ. لَا جَاهِلاتٍ مُحْتَرَمَاتٌ. لا خَيْرَ فِي القَوْلِ بِالْجَهْلِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... لَاإِكْرَاهَ فِي الدِّينِ:

''لا'' لائے نفی جنس... ''إِكْرَاهَ'' نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... ''فی الدين'' ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... ''فِي'' جارہ... ''الدِّينِ'' مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق با ''ثَبَتَ''... ویا کہ ''ثَابِتٌ'' مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ...

✍... يَوْمُ القِيَامَةِ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ:

"یَوْمُ"مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظامضاف... "القیامۃِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "یَوْمٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا موصوف... "لَا بَیْعٌ فِیہِ"جملہ صفت اوست... "لا" لائے نفی جنس ملغی از عمل... "بَیْعٌ مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظا... "فِیْہِ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "فِي" جارہ... "ہ"،ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے موصوف جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ"... ویا کہ "ثَابِتٌ"مقدر است بناء بر اختلاف مذ ہبین الخ... "واو"عاطفہ... "لا"زائدہ محض از برائے تاکید نفی... "خُلَّۃٌ"معطوف... "بَیْعٌ"معطوف علیہ است... "واو"عاطفہ... "لا"زائدہ محض از برائے تاکید نفی[1]... "شَفَاعَۃٌ" معطوف "خُلَّۃٌ" معطوف علیہ قرباً... "بَیْعٌ" معطوف علیہ بعداً۔

... "لَا کَیْلَ لَکُمْ عِنْدِیْ":

(الف)... "لَا"لائے نفی جنس... "کَیْلَ"،نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... "لَکُمْ""...لَام"جار... ہ"کُمْ"،ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "کَیْلَ"شبہ فعل است... "عِنْدِیْ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا "عِنْدِ"،ظرف مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ تقدیراًمضاف... "یْ" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا... ظرف متعلق بہ "وُجِدَ"... ویا کہ "مَوْجُوْدٌ"مقدر است بناء بر اختلاف مذ ہبین... "وُجِدَ"،صیغہ فعل ماضی مجہول... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لَا"... ویا کہ "موجود"صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم "لَا"، خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر است مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لَا"۔

(ب)... "لَا"لائے نفی جنس... "کَیْلَ"،نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... "لَکُمْ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "لام"جارہ... "کُمْ" ضمیر مخاطبین مجرورو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "وُجِدَ"... ویا کہ "مَوْجُوْدٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذ ہبین... "وُجِدَ"،صیغہ فعل ماضی مجہول... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لا"... ویا کہ "مَوْجُوْدٌ"،صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم "لا"، خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لا"... "عِنْدَ"، ظرف مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ تقدیراًمضاف... "یْ"،ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا۔ ظرف متعلق بہ ظرف۔

... "لَا عَقْلَ لِلْکَافِرِ":

"لَا"لائے نفی جنس... "عَقلَ" نکرہ مفردہ غیر مفصولہ اسمش مبنی بر فتحہ... "لِلْکَافِرِ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "لام"جارہ... "کَافِرِ" مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ"... ویا کہ "ثَابِتٌ"مقدر است بر اختلاف مذ ہبین... "ثَبَتَ"،صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لا"... ویا کہ "ثَابِتٌ"،صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "لا"،خود یعملہ عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "لا"... "الف لام" بمعنی "اَلَّذِیْ" اسم موصول "کَافِرٌ" صلہ اوست... باز "کَافِرِ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصول۔

---

(۱) بعض حضرات نے "لا"کو مشابہ بلیس قرار دیا ہے، تاہم یہ درست نہیں۔ دیکھئے: تفسیر "اللباب لابن عادل الدمشقی":۳/۳۹۶، "الدر المصون فی علوم الکتاب المکنون":۲/۳۲۳، اعراب القرآن درویش:۱/۳۸۰۔

فصل ششم: حروف نداء کا بیان

۱۔ حروفِ نداء کی تعریف:

حروفِ نداء اُن حروف کو کہتے ہیں جو کسی کی توجہ طلب کرنے کے لیے "أَدْعُوْ" فعل کے قائم مقام ہوں، جیسے: "یَازَیْدُ!" اصل میں "أَدْعُوْ زَیْداً" تھا (میں زید کو بلاتا ہوں)، "أَدْعُوْ" کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کرکے حرفِ نداء کو اس کا قائم مقام کیا گیا ہے اور حروف نداء کو نداء اس لیے کہتے ہیں کہ نداء لغت میں آواز دینے کو کہتے ہیں اور ان حروف کیساتھ بھی متکلم مخاطب کو آواز دیتا ہے۔

۲۔ حروف نداء کی تعداد:

حروف نداء یہ آٹھ ہیں: "یَا، أَیَا، هَیَا، أَيْ، أَ، وَا، آ، آی".

ان میں "آ، آی" کا اضافہ کوفیین نے کیا ہے[۱]، امام مبردؒ فرماتے ہیں کہ "أَيْ" اور ہمزہ مفتوحہ نداء قریب کے لیے استعمال ہوتے ہیں، "أَیَا، هَیَا" نداء بعید کے لیے اور "یَا" نداء قریب وبعید دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور علامہ ابن برہان کے نزدیک، "أَیَا، هَیَا" نداء بعید کے لیے اور ہمزہ نداء قریب اور "أَيْ" نداء متوسط اور "یَا" نداء قریب، بعید اور متوسط سب لیے آتی ہے، لیکن مجازاً ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے رہتے ہیں[۲]۔

۳۔ حروف نداء کا عمل:

حروف نداء منادیٰ کو نصب دیتے ہیں، خواہ لفظاً ہو یا محلاً اور جو منادیٰ لفظاً منصوب ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ تین شرائط میں سے ایک شرط ان میں موجود ہو: ۱) منادیٰ مضاف ہو، جیسے: "یَاعَبْدَاللّٰه!"۔ ۲) منادیٰ شبہ مضاف ہو، جیسے: "یَا طَالِعًاجَبَلًا!"۔ ۳) منادیٰ نکرہ غیر معینہ ہو، جیسے: "یَا رَجُلًاخُذْ بِیَدِیْ" اور جو منادیٰ محلاً منصوب ہو اس کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ منادیٰ مفرد[۳] ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ منادیٰ معرفہ ہو، خواہ پہلے سے معرفہ ہو یا منادیٰ بننے کے بعد معرفہ بن گیا ہو، جب منادیٰ مفرد معرفہ ہو تو مبنی علی الرفع ہو گا اور محلاً منصوب ہو گا، جیسے: "یَازَیْدُ" یہ اس منادیٰ مفرد معرفہ کی مثال ہے جو پہلے سے معرفہ ہو اور علامت رفع ضمہ لفظی پر مبنی ہے۔ "یَازَیْدَانِ"، یہ اس منادیٰ مفرد کی مثال ہے جو حرف نداء کے داخل ہونے کے بعد معرفہ ہو گیا ہو، اس لیے کہ علم کا تثنیہ اس کو نکرہ کرنے کے بعد آتا ہے، پھر حرف نداء کے داخل ہونے سے معرفہ بن گیا اور یہ "زَیْدَانِ" علامت رفع "الف" پر مبنی ہے۔

---

[۱] شرح الکافیہ للرضی: ۱۲۸۹/۳۔

[۲] المقتضب للمبرد: ۲۳۵/۴، شرح التصریح: ۲۰۵/۲، النحو الوافی: ۵/۴۔

[۳] یہاں مفرد مضاف اور مشابہ مضاف کے مقابلے میں ہے۔

"يَامُسْلِمُوْنَ"، اس منادیٰ مفرد معرفہ کی مثال ہے جو حرف نداء کے داخل ہونے کے بعد معرفہ ہو اور علامت رفع "واؤ" پر مبنی ہے۔ "يَامُوْسَى"، یہ اس مفرد معرفہ کی مثال ہے جو حرف نداء داخل کرنے سے پہلے ہی معرفہ ہو اور یہ علامت رفع "ضمہ تقدیری" پر مبنی ہے۔ "يَاقَاضِيْ" یہ اس مفرد معرفہ کی مثال ہے جو حرف نداء کے داخل ہونے کے بعد معرفہ ہو گیا ہو اور یہ علامت رفع "ضمہ تقدیری" پر مبنی ہے۔۔

عاملِ منادیٰ:

منادیٰ کے عامل میں اختلاف ہے، امام سیبویہؒ کے نزدیک "أَدْعُوْ" فعل مقدر اس کو نصب دیتا ہے، امام مبردؒ کہتے ہیں کہ "یاء" اس کو نصب دیتا ہے جو "أَدْعُوْ" کے قائم مقام ہے اور ابو علیؒ کہتے ہیں کہ "یاء" اسمائے افعال میں سے ہو کر خود منادیٰ میں عامل ہے، صاحب نحو میرؒ، شیخ عبد القادرؒ وغیرہ نے امام مبردؒ کے مذہب کو اختیار کیا ہے۔ [1]

۴۔ منادیٰ کی تعریف اور اقسام:

حروف نداء کے مدخول کو منادیٰ کہتے ہیں اور منادیٰ وہ اسم ہے جس کے متوجہ ہونے کو حرف نداء (لفظاً یا تقدیراً) کے ذریعہ سے طلب کیا جائے، جیسے: "يَازَيْدُ!" (اے زید!) اس میں "یاء" حرفِ نداء ہے اور "زَيْدُ" منادیٰ ہے جس کے متوجہ ہونے کو "یاء" حرف نداء سے طلب کیا گیا ہے، پھر اعراب کے اعتبار سے منادیٰ کی چھ قسمیں ہیں:

پہلی قسم: منادیٰ معرب منصوب:

منادیٰ اس وقت معرب منصوب ہو گا جب منادیٰ مضاف یا شبہ مضاف ہو، یا نکرہ غیر معینہ [2] ہو، جیسے: "يَاعَبْدَاللهِ، يَاطَالِعًاجَبَلًا، يَارَجُلًاخُذْ بِيَدِيْ، يَا بِنْتاً أُدْرُسِيْ"۔ شبہ مضاف اس کو کہتے ہیں کہ جس کا معنی دوسرے اسم کے ملائے بغیر تام نہ ہو، یعنی دوسرا اسم پہلے اسم کے لیے تتمہ ہو، پھر شبہ مضاف کی چار قسمیں ہیں: ۱) دونوں عامل و معمول ہوں، جیسے: "يَاطَالِعًاجَبَلًا حَاضِرٌ"۔ ۲) دونوں معطوف علیہ اور معطوف ہوں، بشرطیکہ ایک اسم کے حکم میں ہو، جیسے: "يَا ثَلَاثَةٌ وَثَلَاثِيْنَ"۔ ۳) موصوف بجملۃ ہو، یعنی اس کی صفت جملہ ہو، جیسے: "يَاحَلِيْماً لَا تَعْجَلْ!"۔ ۴) موصوف بظرف ہو، جیسے: "يَا نَخْلَةَ بِذَاتِ عِرْقٍ." [3]

---

[1] جہد قصیر: ۴۷، شرح الاشمونی: ۲۳/۳۔

[2] سوال: نکرہ کیساتھ غیر معینہ کی قید لغو ہے، کیونکہ نکرہ تو نام غیر معین کا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ منادیٰ نکرہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) نکرہ مقصودہ، ۲) نکرہ غیر مقصودہ۔ نکرہ مقصودہ وہ ہے کہ بوقت نداء ایک معین شخص کا ارادہ ہو، جیسے: "يَارَجُلُ!" اور یہ حرف نداء کے دخول سے معرفہ ہوتا ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ یہ علامت رفع پر مبنی ہوتا ہے اور نکرہ غیر مقصودہ وہ ہے جو بوقت نداء ایک معین شخص کا ارادہ نہ ہو، جیسے: اندھے کا یہ کہنا: "يَا رَجُلًا خُذْ بِيَدِيْ" یہاں بوقت نداء متکلم کوئی مخصوص شخص مراد نہیں اور یہ نکرہ حروف نداء کے دخول کے بعد بھی نکرہ ہی رہتا ہے اور اس کا حکم یہ ہے کہ یہ منصوب ہوتا ہے تو قسم اول کو نکالنے کے لیے نکرہ کیساتھ غیر معینہ کی قید لگائی جاتی ہے۔

[3] شرح الاشمونی: ۲۳/۳، اوضح المسالک: ۱۶/۴، شرح التصریح: ۲۱۴/۲، جہد قصیر: ۴۸، بدر السعید: ۲۷۵۔

دوسری قسم: منادیٰ مبنی عَلَی مَایُرْفَعُ بِہٖ:

منادیٰ مبنی عَلَی مَایُرْفَعُ بِہٖ اور مبنی برعلامت رفع[۱] اس وقت ہوتا ہے جب منادیٰ مفرد معرفہ ہو[۲]، جیسے: "یَازَیْدُ، یَازَیْدَانِ، یَازَیْدُوْنَ، یَامُسْلِمُوْنَ، یَامُوْسیٰ، یَاقَاضِیْ."[۳]

تیسری قسم: منادیٰ معرب مجرور:

منادیٰ معرب مجرور اس وقت ہوتا ہے جب اس پر "لام" استغاثہ[۴]، "لام" تعجبیہ[۵] اور "لام" تہدید[۶] داخل ہو۔ "لام" استغاثہ کی مثال، جیسے: "یَا لَزَیْدٍ"، "لام" تعجبیہ کی مثال، جیسے: "یَا لَلْمَاءِ" اور "لام" تہدید کی مثال، جیسے: "یَا لَزَیْدٍ لَأَقْتُلَنَّكَ!"

چوتھی قسم: منادیٰ مبنی علی الفتح:

منادیٰ مبنی علی الفتح اس وقت ہوتا ہے جب اس کے آخر میں "الف" استغاثہ ملحق ہو، بشرطیکہ اس کے شروع میں "لام" استغاثہ نہ ہو، جیسے: "یَازَیْدَاهُ!"

پانچویں قسم: منادیٰ جائز الرفع والنصب[۷]:

وہ منادیٰ ہے جس پر رفع اور نصب دونوں جائز ہوں اور اس کے لیے آٹھ شرائط ہیں: ۱) مفرد ہو۔ ۲) علم ہو۔ ۳) موصوف ہو۔ ۴) موصوف بِإِبْنٍ یا بِإِبْنَةٍ ہو۔ ۵) ابن یا ابنۃ دوسرے علم کی طرف مضاف ہوں۔ ۶) موصوف کیساتھ متصل ہو۔ ۷) بنوتِ حقیقی ہو۔ ۸) منادیٰ کا اعراب لفظی ہو تقدیری نہ ہو، جیسے: "یَازَیْدُبْنُ عَمْرٍو" میں "زَیْدٌ" کو مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اور منصوب "یَازَیْدَبْنَ عَمْرٍو" بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اور جب کسی علم میں مذکورہ آٹھ شرائط موجود ہوں اور نویں شرط کہ "إِبْنٌ"

---

[۱] یہاں مبنی علی الضم کے بجائے مبنی برعلامت رفع اور مبنی علی مایُرفع بہ کی تعبیر اس لیے اختیار کی جاتی ہے تاکہ یہ "مُسْلِمُوْنَ" کے واو، "رَجُلَانِ" کے الف اور "قَاضِیْ" کے اعراب تقدیری کو بھی شامل ہو۔

[۲] منادیٰ مفرد مبنی اس لیے کہ یہ "أَدْعُوْكَ" کے "كَ" اسمی کی جگہ واقع ہے اور کاف اسمی لفظاً و معناً کاف حرفی کے مشابہ ہے اور کاف حرفی مبنی الاصل ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ کوئی اسم ایسے کلمہ کی جگہ واقع ہو جو مبنی الاصل کے مشابہ ہو تو یہ بھی مبنی ہوگا اور مبنی الاصل میں اصل سکون ہے اور اس کو سکون اس لیے نہیں دیا کہ یہ مشابہ مبنی الاصل ہے، یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مضاف اور مشابہ مضاف بھی "كَ" کی جگہ واقع ہیں تو ان کو بھی منادیٰ مفرد کی طرح مبنی بررفع ہونا چاہیے، حالانکہ یہ معرب ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان کو "أَدْعُوْكَ" کے "كَ" سے مشابہت نہیں، اس لیے کہ یہ مرکب ہیں اور "أَدْعُوْكَ" کا "كَ" مفرد ہے۔ (جہد قصیر: ۴۸)

[۳] شرح التصریح: ۲/۲۱۲۔

[۴] لام استغاثہ وہ لام ہے جو منادیٰ مستغاث پر داخل ہو۔

[۵] لام تعجبیہ وہ لام ہے جو بوقت تعجب منادیٰ پر داخل ہو۔

[۶] لام تہدید وہ لام ہے جو تہدید (ڈانٹ) کے وقت منادیٰ پر داخل ہو۔

[۷] شرح التصریح: ۲/۲۱۶۔

کے بعد والا علم عورت کا نام نہ ہو اور دسویں شرط کہ لفظ "إِبْنٌ" سطر کی ابتداء میں نہ ہو تو "إِبْنٌ" کے "الف" کو کتابۃً حذف کرنا واجب ہے اور اگر ان میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہو تو "إِبْنٌ" کا "الف" لکھاجائے گا، جیسے: "عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، عُزَيْرُ ابْنُ اللهِ، مَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ" وغیرہ۔[1]

۵۔ حرف نداء اور منادیٰ کا حذف:

حروف نداء میں صرف "یاء" کو حذف کیاجاتاہے اور منادیٰ کا حذف قلیل ہے، لیکن کبھی حذف ہوتا ہے بشرطیکہ اس کی حذف پر کوئی قرینہ موجود ہو، جیسے: "أَلَا يَااسْجُدُوْا، أَيْ أَلَا يَاقَوْمِ اسْجُدُوْا!" اور جن مقامات میں "یاء" حرف نداء کو حذف کیاجاتاہے اور وہ یہ چار ہیں: ۱) جب منادیٰ مضاف ہو، جیسے: "رَبَّنَاآتِنَافِي الدُّنْيَاحَسَنَةً، أَيْ يَارَبَّنَا"۔ ۲) جب منادیٰ علم ہو، جیسے: "يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا، أَيْ يَايُوْسُفُ!"۔ ۳) جب منادیٰ سے پہلے "أَيُّهَا" کا لفظ ہو، جیسے: "أَيُّهَا الرَّجُلُ، أَيْ يَاأَيُّهَاالرَّجُلُ"۔ ۴) جب منادیٰ اسم موصول ہو، جیسے: "مَنْ لَايَزَالُ مُحْسِناً أَحْسِنْ إِلَيَّ، أَيْ يَامَنْ لَايَزَالُ".[2]

آٹھ مقامات میں حرف نداء کو حذف کرناجائز نہیں: ۱) منادی مندوب میں، جیسے: "يَازَيْدَاهُ!"۔ ۲) منادیٰ مستغاث میں، جیسے: "يَالَلْفَقِيْرِ!" ۳) منادیٰ بعید میں، جیسے: "يَازَيْدُ!" (جب زید دور ہو)۔ ۴) منادیٰ اسم جنس غیر معین میں، جیسے: "يَارَجُلاًخُذْ بِيَدِيْ!"۔ ۵) منادیٰ اسم اشارہ میں، جیسے: "يَاهَذَا!"، اس کا حذف بہت قلیل ہے۔ ۶) منادیٰ اسم جلالہ ہو، بشرطیکہ اس کا آخر مشدد نہ ہو، جیسے: "يَااللهُ"۔ ۷) منادیٰ ضمیر مخاطب ہو، جیسے: "يَاأَنْتَ!".[3]

منادیٰ مستغاث:

منادیٰ مستغاث اس کو کہتے ہیں جس کو کسی کی مدد کے لیے پکاراجائے، پکارنے والے کو مستغیث، جس کو پکاراجائے اسے مستغاث اور جس کے لیے پکاراجائے تو اسے مستغاث لہ کہتے ہیں، منادیٰ مستغاث کے شروع میں لام جارہ مفتوحہ ہوتا ہے اور مستغاث لہ کے شروع میں لام جارہ مکسورہ ہوتاہے، جیسے: "يَاللهِ لِلْمُسْلِمِيْنَ، يَالَزَيْدٍ لِمَظْلُومٍ!" اور کبھی منادیٰ مستغاث کے آخر میں الف داخل کیاجاتاہے، اس صورت میں اس کے شروع میں لام جارہ نہیں ہو گا، جیسے: "يَازَيْدَاهُ!".[4] اور اگر مستغاث لہ یاء متکلم کے علاوہ ضمیر ہو تو اس کا لام مفتوح ہو گا، جیسے: "يَالَزَيْدٍلَكَ" اور یہ بھی ہوسکتاہے کہ مستغاث لہ اور مستغاث بہ دونوں

---

(۱) بدر السعید: ۲۷۷، جہد قصیر: ۴۹۔
(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۱۵۶/۳۔
(۳) شرح التصریح: ۲۰۷/۲، شرح الکافیہ للرضی: ۱۲۹۰/۳، جامع الدروس العربیۃ: ۱۵۶/۳، النحو الوافی: ۷/۴۔
(۴) جامع الدروس العربیۃ: ۱۶۰/۳، شرح التصریح: ۲۴۳/۲۔

ضمیر ہوں، جیسے مخاطب اپنے کے لیے استغاثہ کرتے ہوئے کہے:"یَا لَكَ لِيْ!"[1]

منادیٰ مندوب:

بعض اوقات میت پر افسوس کا اظہار کرنے کے لیے اس کو پکارا جاتا ہے اس منادیٰ کو منادیٰ مندوب کہتے ہیں، جیسے:" "واسَیّداہ!.واکَبِداہ!. وَامُصِیْبَتَاہُ!.وَاعُمَرَاہُ وَاعُمَرَاہُ."اس کو ندبہ بھی کہتے ہیں،منادی مندوب میں حرف نداء اور منادیٰ کو حذف کرنا جائز نہیں۔[2]

منادیٰ مندوب تین طرح پڑھا جاتا ہے:۱) اس کے آخر میں الف زائدہ پڑھا جائے، جیسے:"واکَبِدَا!." ۲)اس کے آخر میں الف اور ہاء پڑھا جائے، جیسے:"واحُسَیناہ." ۳)اپنے حال پر پڑھنا، جیسے:"واحُسینُ!."[3]

منادیٰ مندوب ہمیشہ معرفہ غیر مبہمہ ہوتا ہے، نکرہ منادیٰ مندوب نہیں ہو سکتا، جیسے:"وَا رَجُلُ" کہنا درست نہیں اور نہ ہی معرفہ مبہمہ منادیٰ مندوب ہو سکتا ہے، جیسے:اسمائے اشارہ اور اسمائے موصولہ منادیٰ مندوب واقع نہیں ہو سکتے، یہ کہنا جائز نہیں:"وامَنْ ذهبَ شهیدَ الوفاءِ!"لیکن اگر معرفہ مبہم اسم موصول مشہور ہو تو پھر جائز ہے، جیسے یہ کہنا درست ہے: "وامَنْ حَفرَ بِئرَ زمزمَ."[4]

منادیٰ مرخم:

بعض اوقات منادیٰ کے آخر سے ایک یا دو حرفوں کو حذف کر دیا جاتا ہے اس کو ترخیم کہتے ہیں اور ایسے منادیٰ کو "منادیٰ مرخم" کہتے ہیں، جیسے:"یَامَنْصُوْرُ" سے "یَامَنْصُ" اور "یَاحَارِثُ" سے "یَاحَارُ!"[5] ترخیم کے بعد منادیٰ کو اپنی اصل پر رکھنا بھی جائز ہے اور منادیٰ مفرد کی طرح پڑھنا بھی جائز ہے، جیسے:"یَاحَارِثُ" کو ترخیم کے بعد "یَاحَارِ" اور "یَاحَارُ" دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔[6]

اگر منادیٰ کے آخر میں ایسے دو حرف ہوں جو ایک ساتھ زائد ہوتے ہوں، جیسے:"مَرْوَان" تو ترخیم کے وقت ان دونوں کو حذف کیا جائے گا، جیسے:"یَامَرْوَ"، اسی طرح منادیٰ کے آخر میں حرف صحیح ما قبل مدہ ہو، بشرطیکہ کے حروف چار سے زائد ہوں، جیسے:"مَنْصُوْرُ" تو ان دونوں کو حذف کریں گے، جیسے:"یَامَنْصُ" اور اگر وہ اسم مرکب (مرکب اسنادی

---

(۱) شرح التصریح:۲/۲۴۴۔
(۲) شرح التصریح:۲/۲۴۶،جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۶۳۔
(۳) جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۶۴۔
(۴) شرح التصریح:۲/۲۴۷،جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۶۴۔
(۵) جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۶۴،شرح التصریح:۲/۲۵۱۔
(۶) جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۶۵۔

اوراضافی کے علاوہ) ہو تو دوسرے اسم کو حذف کریں گے، جیسے: "مَعْدِيْ كَرِبُ" سے "يَامَعْدِيْ" اور اگر مذکورہ صورتوں کے علاوہ ہو تو پھر ایک حرف کو حذف کیا جائے گا اور یہ کثیر الاستعمال ہے اور دو حرفوں کو حذف کرنا بھی جائز ہے، لیکن یہ قلیل ونادر ہے، جیسے: "عُثْمان ومَنْصُور،مِسْكِيْن" میں "يا عُثَم. يا مَنْصُ، يَا مِسْكُ" پڑھنا جائز ہے۔[1]

یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ منادی میں ترخیم مطلقاً جائز ہے اور باقی الفاظ میں صرف ضرورت شعری کے وقت جائز ہے۔

٦۔ قواعد وفوائد:

قاعدہ: جہاں نداء ہو وہاں چار چیزیں ہوں گی: ۱) منادِی (آواز دینے والا) ۲) منادیٰ (جس کو آواز دی جائے) ۳) حرف نداء (جس حرف کیساتھ آواز دی جائے)۔ ۴) مقصود بالنداء (جس غرض کے لیے آواز دی جائے)۔

فائدہ: منادیٰ مشابہ بالمضاف اس کو کہتے ہیں کہ منادیٰ مضاف نہ ہو لیکن مضاف کے مشابہ ہو، یعنی جس طرح مضاف کا معنی مضاف الیہ کے بغیر مکمل نہیں ہوتا اسی طرح منادیٰ کا معنی دوسرے کلمے کو ملائے بغیر مکمل نہیں ہوتا جیسے: "طَالِعًا" کا معنی ہے چڑھنے والا یہ معنی "جَبَلًا" کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔

فائدہ: مفرد چار چیزوں کے مقابلہ میں آتا ہے: ۱) مفرد مرکب کے مقابلہ میں۔ ۲) مفرد تثنیہ اور جمع کے مقابلہ میں۔ ۳) مفرد مضاف اور مشابہ بالمضاف کے مقابلہ میں۔ ۴) مفرد جملے کے مقابلے میں۔ یہاں منادی کی بحث میں مفرد مضاف اور مشابہ بالمضاف کے مقابلے میں ہے۔ یعنی یہاں مفرد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ منادی مضاف یا مشابہ بالمضاف نہ ہو، آگے عام ہے، خواہ وہ واحد، تثنیہ اور جمع ہو، یہ سب مفرد میں داخل ہے۔

قاعدہ: کبھی "يَاء" کے بعد منادیٰ کو حذف کیا جاتا ہے، جیسے: "يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ، فَأَفُوْزَ فَوْزاً عَظِيْمًا" یہاں منادیٰ "قَوْمِ" محذوف ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ "يَاء" اصل میں نداء کے لیے استعمال ہوتی ہے، اگر اس کے بعد منادیٰ نہ ہو تو یہ حرف تنبیہ ہو گا، جیسے "يَا لَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ".

قاعدہ: حرف "يَاء" کبھی تنبیہ کے لیے آتا ہے، اس وقت یہ اسم کے علاوہ فعل اور حرف پر بھی داخل ہوتا ہے، جیسے: "يَالَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ" اور "أَلَا يَااسْجُدُوْا"، لیکن بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس صورت میں منادیٰ محذوف ہوتا ہے، لہذا پہلی مثال میں "أَيُّهَا الْحَاضِرُوْنَ" اور دوسری میں "قَوْمِيْ" منادیٰ محذوف ہے۔

قاعدہ: حروف نداء میں "یاء" بمنزلہ اصل ہے اور اس کا حذف کثیر الاستعمال ہے، جیسے: "يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا". (یوسف:۲۹) اور "رَبِّ أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْكَ"۔ اور لفظ "الله"، منادیٰ مستغاث، منادیٰ مندوب اور "أَيُّهَا وَأَيَّتُهَا" پر صرف

---

[1] شرح التصریح: ۲/۲۵۷، جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۶۴۔

''یاء'' داخل ہوتی ہے اور کوئی حرف نداء داخل نہیں ہوتا اور حروف نداء میں سے صرف ''یاء'' کو حذف کرنا جائز ہے اور کسی کو حذف کرنا جائز نہیں۔ (۱)

قاعدہ: حرف نداء کو حذف کرنے کی پانچ شرطیں ہیں: ۱) منادیٰ اسم جنس نہ ہو۔ ۲) اسم اشارہ نہ ہو۔ ۳) منادیٰ مندوب و مستغاث نہ ہو۔ ۴) منادیٰ بعید نہ ہو۔ ۵) ضمیر مخاطب نہ ہو۔ ان مقامات میں حرف نداء کو حذف کرنا جائز ہیں۔ (۲)

قاعدہ: کبھی منادیٰ کو بھی حذف کیا جاتا ہے، جیسے: ''أَلَا يَااسْجُدُوْا، أَيْ أَلَا يَاقَوْمِ!'' (۳)

قاعدہ: لفظ ''فُلَانٌ'' علم سے کنایہ ہے اور یہ علم کے حکم میں ہے، لہٰذا ''يَافُلَانُ بْنُ فُلَانٍ'' کا بھی یہی علم والا حکم ہو گا۔

قاعدہ: جب منادیٰ معرف باللام ہو تو اس کے اور ''یاء'' کے درمیان مذکر کے لیے ''أَيُّهَا'' کا لفظ لانا ضروری ہے، جیسے: ''يَاأَيُّهَاالْإِنْسَانُ مَاغَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ''، (الانفطار: ۶) ''اور مؤنث کے لیے ''أَيَّتُهَا'' کا لفظ لایا جاتا ہے، جیسے: ''يَاأَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ''۔ (الفجر: ۲۷) ''، اسم اشارہ لانا ضروری ہے، جیسے: ''يَاهَذَاالرَّجُلُ!''، اس صورت میں منادیٰ اگر جامد ہو تو ''أَيُّهَا'' اور ''أَيَّتُهَا'' مبین بنیں گے اور منادیٰ عطف بیان ہو گا، جیسے: ''يَاأَيُّهَاالرَّجُلُ''، یہاں ''أَيُّهَا'' مبین ہے اور ''الرَّجُلُ'' عطف بیان ہے اور اگر منادیٰ اسم مشتق ہو تو ''أَيُّهَا'' اور ''أَيَّتُهَا'' موصوف بنیں گے اور منادیٰ صفت ہو گا، ''يَاأَيُّهَاالْعَالِمُ''، یہاں ''أَيُّهَا'' موصوف اور ''الْعَالِمُ'' صفت ہے، نیز ''أَيُّهَا'' اور ''أَيَّتُهَا'' مضاف مضاف الیہ بن کر مبین یا موصوف بنیں گے، یا ''أَيُّ'' اور ''أَيَّةُ'' اکیلے مبین یا موصوف بنیں گے اور ''هَاء'' تنبیہ کے لیے ہو گی۔ (۴)

فائدہ: اگر لفظ ''اللہ'' منادیٰ ہو تو اس کی پانچ خصوصیات ہوتی ہیں: ۱) اس پر حروف نداء میں سے صرف ''یاء'' داخل ہوتی ہے۔ ۲) اس کا ہمزہ قطعی ہو جاتا ہے۔ ۳) ''یاء'' کو حذف کر کے آخر میں میم مشدد لایا جاتا ہے، جیسے: ''اَللّٰهُمَّ''۔ (۵) ۴) لفظ ''اللہ'' اور حرف نداء کے درمیان ''أَيُّهَا'' کا فاصلہ نہیں لایا جاتا۔ ۵) لفظ ''اللہ'' کی ترخیم نہیں ہو سکتی۔ (۶)

قاعدہ: اگر منادیٰ ''یاء'' متکلم کی طرف مضاف ہو تو اس میں آٹھ وجہیں پڑھنا جائز ہیں: ۱) ''یاء'' کے سکون کیساتھ، جیسے:

---

(۱) شرح التصریح: ۲/۲۰۶، جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۵۶۔

(۲) شرح التصریح: ۲/۲۰۷، شرح الکافیہ للرضی: ۳/۱۲۹۰، جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۵۶۔

(۳) جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۵۸۔

(۴) شرح التصریح: ۲/۲۲۷، جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۵۳۔

(۵) ''اَللّٰهُمَّ'' تین طرح استعمال ہوتا ہے: ۱) محض نداء کے لیے، جیسے: '' اَللّٰهُمَّ اغفر لی!''۔ ۲) نفس امکان کے لیے، جیسے: '' أنا لا أزورك اللّٰهُمَّ إلا أن تدعوني.'' یا کوئی کہے: ''أخالد فعل هذا؟'' تو جواب دینے والا کہتا ہے: '' اَللّٰهُمَّ نعم!''۔ ۳) ندرت اور قلت وقوع کے لیے، جیسے کوئی بخیل شخص کو کہے: ''إن الأمة تعظمك، اللّٰهُمَّ ان بذلت شطراً من مالك في سبيلها.'' یہاں ''اَللّٰهُمَّ'' سے یہ بتانا مقصود ہے کہ بخیل سے مال کر خرچ کرنا بہت نادر و قلیل ہے۔ (شرح التصریح: ۲/۲۲۴، جامع الدروس العربیۃ: ۳/۱۵۴)

(۶) المنہاج الکامل: ۲۰۳، شرح التصریح: ۲/۲۳۲۔

"يَاغُلَامِيْ". ۲) "یاء" کے فتحہ کیساتھ، جیسے: "يَاغُلَامِيَ". ۳) "یاء" کے حذف کیساتھ، جیسے: "يَاغُلَامِ". ۴) "یاء" کو الف کیساتھ بدلا، جیسے: "يَاغُلَامَا"۔ پھر ان ہی چار صورتوں کے آخر میں "ہاء" سکتہ لگا کر پڑھنا، جیسے: ۵) "يَاغُلَامِيْهْ"۔ ۶) "يَاغُلَامِيَهْ"۔ ۷) "يَاغُلَامِهْ" ۸) "يَاغُلَامَاهْ".[۱]

قاعدہ: "يَاأَبِيْ" اور "يَاأُمِّيْ" میں مذکورہ بالا وجوہ کے علاوہ چھ وجہیں اور بھی جائز ہیں: ۱) "یاء" کو "تاء" مکسورہ سے تبدیل کر کے پڑھنا، جیسے: "يَاأَبَتِ، يَاأُمَّتِ."۔ ۲) "یاء" کو "تاء" مفتوحہ کیساتھ تبدیل کر کے پڑھنا، جیسے: "يَاأَبَتَ يَاأُمَّتَ." ۳) "تاء" کے بعد الف کر کے پڑھنا، جیسے: "يَاأَبَتَا" اور "يَاأُمَّتَا". پھر ان تینوں صورتوں کے آخر میں حالت وقف میں "ہاء" لگادینا، جیسے: "يَاأَبَتِهْ ويَاأُمَّتِهْ". ۵) "يَاأَبَتَهْ ويَاأُمَّتَهْ".۔ ۶) "يَاأَبَتَاهْ" اور "يَاأُمَّتَاهْ" اور جب کہ "يَاابْنَ أُمِّيْ" اور "يَاابْنَ عَمِّيْ" میں دس وجوہ جائز ہیں، آٹھ "غُلَامِيْ" والی اور دو مزید ہیں: ایک یہ ہے کہ "یاء" کو الف سے تبدیل کرنے بعد "الف" کو حذف کر دیا جائے اور میم کے فتحہ پر اکتفاء کیا جائے، جیسے: "يَاابْنَ أُمَّ" اور "يَاابْنَ عَمَّ" اور دوسری یہ کہ اسی صورت میں حالت وقف میں "ہاء" لگادی جائے، جیسے: "يَاابْنَ أُمَّهْ" اور "يَابْنَ عَمَّهْ".[۲]

قاعدہ: جب منادیٰ مفرد معرفہ علم ہو اور لفظ "ابْنٌ" یا "ابْنَةٌ" کیساتھ موصوف ہو اور وہ "ابْنٌ" یا "ابْنَةٌ" دوسرے علم کی طرف مضاف ہو تو اس صورت میں ضمہ اور فتحہ دونوں جائز ہیں، البتہ فتحہ پڑھنا اولیٰ ہے، جیسے: "يَاخَلِيلُ بنُ أَحْمَدَ." اور "يَاخَلِيلَ بنَ أَحمدَ".[۳]

قاعدہ: اگر منادیٰ صورۃً مکرر ہو اور اس کے بعد مضاف الیہ مذکور ہو تو اس میں ضمہ اور نصب دونوں وجہیں پڑھنی جائز ہیں، جیسے: "يَاتَيْمُ تَيْمَ عَدِيٍّ" اور "يَاتَيْمَ تَيْمَ عَدِيٍّ" اور اسی طرح "يَاسَعْدُ سَعْدَ الأوس" اور "يَاسَعْدُسَعْدَ الْأَوْسِ" دونوں جائز ہیں اور جب کہ دوسرا اسم ہمیشہ منصوب ہو گا۔[۴]

قاعدہ: منادیٰ مبنی علی الضم کے مفرد توابع اور وہ تابع جو مضاف باضافت لفظیہ یا شبہ مضاف ہوں تو ان پر رفع اور نصب دونوں پڑھنا جائز ہیں: ۱) صفت کی مثال، جیسے: "يَازَيْدُالْعَاقِلُ" یا "الْعَاقِلَ". ۲) تاکید کی مثال، جیسے: "يَاتَيْمُ أَجْمَعُوْنَ" یا "أَجْمَعِيْنَ". ۳) عطف بیان کی مثال، جیسے: "يَاغُلَامُ بِشْرٌ" یا "بِشْراً". ۴) عطف بحرف کی مثال، جیسے: "يَازَيْدُ وَالْحَارِثُ" یا "وَالحَارِثَ". ۵) اضافت لفظیہ کی مثال، جیسے: "يَازَيدُحَسنُ الْوَجهِ" یا "حَسَنَ الْوَجْه". ۶) شبہ مضاف کی مثال،

---

[۱] شرح التصریح: ۲۳۲/۲، المنہاج الکامل: ۲۰۳۔
[۲] شرح التصریح: ۲۲۰/۲، المنہاج الکامل: ۲۰۲۔ جامع الدروس العربیۃ: ۱۵۹/۳۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۱۵۰/۳۔
[۴] شرح التصریح علی التوضیح: ۲۲۰/۲، جامع الدروس العربیۃ: ۱۵۰/۳۔

جیسے:"يَازَيْدُالْحَسَنُ وجْهُهُ"يا"الحَسَنَ وَجْهُه".[1]

٦۔ چند حل شدہ تطبیقی تراکیب:

✍ ...منادیٰ مضاف کی مثال:يَاعَبْدَاللهِ أَقِمِ الصَّلَاةَ:

"يَا"حرف ندا قائم مقام"أَدْعُوْ"ناصب منادی مضاف یا مشابہ بالمضاف یا نکرہ غیر معینہ... "عَبْدَ"منادی مضاف منصوب بالفتحہ لفظا... لفظ"اللهِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "أَقِمِ الصَّلَاةَ"جملہ مقصود بالنداء است... "أَقِمِ" صیغہ امر حاضر معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الصَّلَاةَ"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا۔

✍ ...منادیٰ مشابہ بالمضاف کی مثال:يَا طَالِعاً جَبَلًا انْظُرْ إِلَيَّ:

"يَا"حرف ندا قاءم مقام"أَدْعُوْ"ناصب منادی مضاف یا مشابہ بالمضاف یا نکرہ غیر معینہ... "طَالِعًا"منادی مشابہ بالمضاف منصوب بالفتحہ لفظًا... باز"طَالِعًا"صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر موصوف مقدر خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف مقدر کہ"رَجُلًا"باشد... "رَجُلاً"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا... "انْظُرْ إِلَيَّ"جملہ مقصود بالندا است... باز"انْظُرْ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستر فاعلش مرفوع محلا... "إِلٰی"جارہ... "يَ"ضمیر متکلم مجرور منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"انْظُرْ"فعل است۔

✍ ... منادیٰ نکرہ غیر معینہ کی مثال:يَا رَجُلًا خُذْ بِيَدِيْ:

"يَا"حرف ندا قائم مقام"أَدْعُوْ"ناصب منادی مضاف یا مشابہ بالمضاف یا نکرہ غیر معینہ... "رَجُلًا"منادی نکرہ غیر معینہ منصوب بالفتحہ لفظًا... "خُذْ بِيَدِيْ" جملہ مقصود بالنداء است،... "خُذْ" صیغہ امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "ب"زائدہ جارہ... "يَد"مجرور تقدیراًو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور مستغنی از متعلق است... باز "يَد"مضاف... "ي"ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا۔

۷۔ تمرین:

درج مثالوں میں اقسام منادیٰ کی تعیین کیجئے،نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

يَايَحْيٰ خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ. يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا. يَاأَيُّها الْإِنْسَانُ مَاغَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ. يَاعَبْدَاللهِ أَقِمِ الصَّلَاةَ. يَا ذَالْمَالِ أَنْفِقْ مِنْ مَالِكَ فِى سَبِيْلِ اللهِ. يَاأَيُّها الشَّابُ اغْتَنِمْ شَبَابَكَ. يَاذَالشَّيْبَةِ لَاتَذْهلْ عَنِ الْمَوْتِ. أَيُّها الْحَرِيْصُ اِقْنَعْ فَإِنَّ الْقَنَاعَةَ كَنْزٌ لَايَفْنىٰ. يَاهٰذَا لَاتَغْفَلْ عَنْ ذِكْرِاللهِ. يَارَحْمٰنُ اِرْحَمْنَا. يَاذَاالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ. يَاأَيُّهَاالْكَافِرُوْنَ لَاأَعْبُدُمَاتَعْبُدُوْنَ. يَاآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُك الْجَنَّةَ. يَاجَاهِلًا اِجْتهِدْ فِى طَلَبِ الْعِلْمِ. يَامُتَعَلِّمًا رَاعِ أَدَبَ أُسْتَاذِكَ. تُوْبُوْا إِلَى اللهِ

[1] شرح التصریح:۲/۲۲۷،جامع الدروس العربیۃ:۳/۱۵۴۔

أَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ. أَيُّهَاالْعُلَمَاءُ أَخْلِصُوْا نِيَّا تِكُمْ فِي التَّعْلِيْمِ. يَاأَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِى خَلَقَكُمْ. يَاأَبَانَا اِسْتَغْفِرْلَنَا. يَاأَيُّهَاالدَّاعِى لَاتَتَجَاوَزْ عَنِ الْاَدَبِ فِي دُعَائِكَ. يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ. يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ. يَاأَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ. يَاأَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ. يَاأَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ. يَاذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ. يَادَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ. يَاعِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ. يَابُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ. يَاهَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا.يَا رِجَالُ أَتْقِنُوْا أَعْمَالَكُمْ. يَا ظَالِمًا تَبْصِرْ فِي الْعَوَاقِبِ. خُذْ بِيَدِيْ يَا رَحِيماً بِالضُّعَفَاءِ. يَا شَاهِدَانِ اشهَدْا بِالْعَدْلِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... يَايَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ:

"یا" حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ... "يَحْيٰى "منادی مفرد معرفہ مبنی علی ما یرفع بہ ..."خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ"جملہ مقصود بالندا است..."خُذِ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... "الْكِتَابَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً..."ب"جارہ... "قُوَّةٍ"مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ " خُذْ"،فعل است۔

✍... يُوْسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا:

"يُوسُفُ" منادی بحذف حرف نداء کہ تقدیرش"يَا يُوْسُفُ" باشد..."یا"حرف نداء قائم مقام"أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ..."يُوْسُفُ" منادی مفرد مبنی علی الضم..."أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا"جملہ مقصود بالندا است..."أَعْرِضْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا..."عَنْ" جارہ..."هٰذَا" اسم اشارہ مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ"أَعْرِضْ"،فعل است۔

✍... يَاأَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ:

"یا"حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ..."أَيُّهَا"منادی مفرد معرفہ مبنی علی الضم موصوف ویا کہ مبدل منہ..."ھا"حرف تنبیہ..."الْإِنْسَانُ" صفت،ویا کہ بدل اوست مرفوع بالضمہ لفظا..."مَاغَرَّكَ الخ"،جملہ مقصود بالندا است..."مَا"استفہامیہ بمعنی" أَيُّ شَيْءٍ"..."أَيُّ"مبتدا است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف..."شَيْءٍ"مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً..."غَرَّكَ"،جملہ خبرش مرفوع محلا..."غَرَّ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء..."كَ"،ضمیر مخاطب مفعول بہ است منصوب محلا..."ب"جارہ..."رَبِّ"مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"غَرَّ" فعل است...باز"رَبِّ"موصوف مضاف..."كَ"ضمیر مخاطب مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "الْكَرِيمِ"

صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔۔باز"الْكَرِيمِ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع راجع بسوئے موصوف۔

✍۔۔۔ يَا ذَاالْمَالِ أَنْفِقْ مِنْ مَالِكَ فِي سَبِيْلِ اللهِ:

"یا" حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ۔۔۔"ذَا" منادی مضاف منصوب بالالف تقدیرا مضاف۔۔۔"الْمَالِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔۔۔"أَنْفِقْ الخ" جملہ مقصود بالنداء۔۔۔"أَنْفِقْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔۔۔"مِنْ" جارہ۔۔۔"مَالِ" مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح۔۔۔جار مجرور متعلق بہ "أَنْفِقْ" فعل است۔۔۔"مَالِ" مضاف۔۔۔"كَ" ضمیر مخاطب مضاف الیہ است مجرور محلا۔۔۔"فِيْ" جارہ۔۔۔"سَبِيْلِ" مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح۔۔۔جار مجرور متعلق بہ "أَنْفِقْ" فعل است۔۔۔"سَبِيْلِ" مضاف۔۔۔ لفظ "اللّٰہِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً۔

✍۔۔۔ أَيُّها الْحَرِيْصُ اقْنَعْ فَإِنَّ الْقَنَاعَةَ كَنْزٌ لَا يَفْنٰى:

"أَيُّها" منادی بحذف بحرف نداء کہ تقدیرش "یاأَيُّها" باشد۔۔۔"یا" حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ۔۔۔"أَيُّها" منادی مفرد معرفہ مبنی علی الضم موصوف ویا کہ مبدل منہ۔۔۔"هَا" حرف تنبیہ۔۔۔"الْحَرِيْصُ" صفت، ویا کہ بدل اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔۔۔"اِقْنَعْ الخ" جملہ مقصود بالنداء است۔۔۔"اِقْنَعْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم۔۔۔ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً۔۔۔"ف" تعلیلیہ، ما بعد جملہ معللہ ما قبل جملہ معلَلہ۔۔۔"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد۔۔۔"الْقَنَاعَةَ" اسمش منصوب بالفتحہ لفظاً۔۔۔"كَنْزٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا موصوف۔۔۔"لَا يَفْنٰى" جملہ صفت اوست مرفوع محلا۔۔۔"لا" نافیہ۔۔۔"يَفْنٰى" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیرًا۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف۔

✍ ۔۔۔"يَا هٰذَا لَاتَغْفُلْ عَنْ ذِكْرِ اللهِ":

"یا" حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ۔۔۔"هٰذَا" منادی مفرد معرفہ مبنی علی ما یرفع بہ۔۔۔ "لَاتَغْفُلْ" جملہ مقصود بالنداء است۔۔۔"لَا" ناہیہ جازمہ جازم استقبل۔۔۔ "تَغْفَلْ" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف حرکت۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً۔۔۔"عَنْ" جارہ۔۔۔"ذِكر" مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح۔۔۔ جار مجرور متعلق بہ "تغفل" فعل است۔۔۔"ذِكْرِ" مضاف۔۔۔لفظ "الله" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً۔

✍۔۔۔ "يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ":

"یا" حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ۔۔۔"ذَا" منادی مضاف منصوب بالالف تقدیراً۔۔۔"الْجَلَالِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔۔۔"واؤ" عاطفہ۔۔۔ "الْإِكْرَامِ" معطوف۔۔۔ "الْجَلَالِ" معطوف علیہ است۔۔۔جملہ مقصود بالنداء محذوف است کہ تقدیریش "اغْفِرْلَنَا" باشد۔۔۔"اغْفِرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔۔۔"لَ" جارہ۔۔۔"نَا" ضمیر متکلم مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح۔۔جار مجرور متعلق بہ "اغْفِرْ" فعل است۔

✍... يَاأَيُّهَا الْكَافِرُونَ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ:

"يَا"حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ"ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ... "أَيُّهَا"منادی مفرد معرفہ مبنی علی الضم موصوف ویاکہ مبدل منہ... "هَا" حرفِ تنبیہ ... "الْكَافِرُونَ"صفت ویاکہ بدل اوست مرفوع بالواو لفظا... باز"ال"بمعنی "الَّذِيْ"اسم موصول... "کافرون"صلہ اوست... "كَافِرُوْنَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصول... "لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ"جملہ مقصود بالنداء است... "لا"نافیہ غیر عاملہ... "أَعْبُدُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "مَا"موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ صفت خویش مفعول بہ اوست منصوب محلا... باز "مَا"موصولہ یا موصوفہ... "تَعْبُدُونَ"جملہ صلہ یاصفت اوست... باز"تَعْبُدُونَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "ہ"ضمیر عائد محذوف است... باز"ہ"ضمیر مفعول بہ است منصوب محلاراجع بسوئے اسم موصول... ویاکہ "مَا"مصدریہ... "تَعْبُدُونَ"جملہ بتاویل مصدر مفعول مطلق است کہ تقدیرش "عِبَادَتَكُمْ"باشد... باز"عبادت"مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظاًمضاف... "كم"ضمیر مخاطبين مضاف اليہ است مجرور محلاً۔[1]

✍... "يَاآدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ":

"يَا"حرف نداء قائم مقام "أَدْعُوْ"ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ... "آدَمُ"منادی مفرد مبنی علی الضم... "اسْكُنْ أَنْتَ.."جملہ مقصود بالنداء است... "اسْكُنْ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر است فاعلش مرفوع محلامؤکد ... "أَنْتَ"ضمیر مخاطب تاکید اوست... "واؤ" عاطفہ... "زَوْجُكَ" معطوف... ضمیر مستتر در"اسْكُنْ"معطوف علیہ اوست ... باز"زَوْجُ"مضاف... "كَ"مضاف الیہ مجرور محلاً... "الْجَنَّةَ"مفعول بہ ویاکہ مفعول فیہ منصوب بالفتحہ لفظاً... ویاکہ "واؤ" عاطفہ... "زَوْجُكَ"جملہ معطوف کہ تقدیرش"وَلْتَسْكُنْ زَوْجُكَ"باشد... "اسْكُنْ أَنْتَ"جملہ معطوف علیہ اوست... "لِتَسْكُنْ"صیغہ فعل امر غائب معلوم مجزوم بحذف حرکت... "زَوْجُ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاًمضاف ... "كَ"ضمیر مخاطب مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "الْجَنَّةَ"مفعول بہ است ویاکہ مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔[2]

✍... "تُوْبُوْا إِلَى اللهِ أَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ":

"تُوْبُوْا"صیغہ امر حاضر معلوم... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "إِلى"جارہ... "اللهِ"مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "تُوْبُوْا" فعل است... "أَيُّهَا"منادی بحذف حرف نداء کہ تقدیرش "يَاأَيُّهَا"باشد... "أَيُّهَا"منادی مفرد معرفہ مبنی علی الضم موصوف ویاکہ مبدل منہ... "هَا"حرفِ تنبیہ ... "الْمُؤْمِنُوْنَ"صفت،ویاکہ بدل اوست مرفوع بالواوَ لفظاً... جملہ مقصود بالنداء محذوف کہ دال است براُو جملہ متقدمہ کہ تقدیرش"أَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ تُوْبُوْا إِلَى اللهِ"باشد۔

---

[1] اعراب القرآن درویش:۱۰/۶۰۱،الدر المصون:۱۱/۱۳۱۔

[2] الدر المصون:۱/۲۷۹،اعراب القرآن درویش:۱/۸۵،تفسیر اللباب:۱/۵۴۷۔

فصل ہفتم: حروف ناصبہ کا بیان

فعل مضارع میں عمل کرنے والے حروف کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ حروف ناصبہ ۲۔ حروف جازمہ

۱۔ حروف ناصبہ کی تعداد:

حروف ناصبہ کی تعداد میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک حروف ناصبہ یہ چار (أَنْ، لَنْ، كَيْ، إِذَنْ) ہیں، امام خلیلؒ کے نزدیک حرف ناصب صرف ایک "أَنْ" ہے اوران کے علاوہ باقی حروف فعل مضارع کو خود نصب نہیں دیتے، بلکہ ان کے بعد "أَنْ" مقدر ہوتا ہے اوروہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور جب کہ کوفیین کے نزدیک حروف ناصبہ دس (أَنْ، لَنْ، كَيْ، إِذَنْ، حَتَّى، لَام كَيْ، لام جحد، فاء، واؤ، أَوْ) ہیں، لیکن صحیح اور قرین قیاس یہی ہے کہ پہلے چار خود ناصب ہیں اور باقی چھ کے بعد "أَنْ" مقدر ہوتا ہے وہ نصب دیتا ہے، لہذا جمہور کا مذہب راجح ہے۔

۲۔ حروف ناصبہ کا عمل:

حروف ناصبہ فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں اوراس میں لفظاً ومعناً عمل کرتے ہیں، عمل لفظی تو یہ ہے کہ یہ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کو نصب دیتے ہیں اور سات صیغوں[۱] کے آخر سے نونِ اعرابی ساقط کردیتے ہیں[۲] اور جب کہ دو صیغوں میں مبنی ہونے کی وجہ سے عمل نہیں کرتے اوران حروف میں "أَنْ" کے علاوہ حروف تو ہمیشہ لفظوں ہی میں موجود ہو کر نصب دیتے ہیں اور "أَنْ"، لفظوں میں موجود ہو کر بھی نصب دیتا ہے اور چند مقامات میں مقدر ہو کر بھی نصب دیتا ہے اور عمل معنوی ان حروف کا مختلف ہے[۳] جس کی تفصیل مابعد میں آرہی ہے۔

۳۔ "أَنْ" ناصبہ:

حروف ناصبہ میں سے "أَنْ"، فعل مضارع پر داخل ہو کر لفظی عمل یہ کرتا ہے کہ اسے نصب دیتا ہے اور معنوی عمل یہ کرتا ہے کہ اسے مستقبل کیساتھ خاص کردیتا ہے اور فعل مضارع کو مصدر کی تاویل میں کردیتا ہے اسی وجہ سے اسے "أَنْ" مصدریہ کہتے ہیں، جیسے: "أُرِيْدُ أَنْ تَقُوْمَ" یہ "أُرِيْدُ قِيَامَكَ" کے معنی میں ہے اوراگر یہ ماضی یاامر پر داخل ہوجائے تو اسے

---

[۱] فعل مضارع کے چودہ صیغوں میں سے سات صیغوں میں نون اعرابی ہوتا ہے جو یہ ہیں: ۱۔ تثنیہ مذکر غائبین، ۲۔ جمع مذکر غائبین، ۳۔ تثنیہ مؤنث غائبتین، ۴۔ تثنیہ مذکر مخاطبین، ۵۔ جمع مذکر مخاطبین، ۶۔ واحدہ مؤنث مخاطبہ، ۷۔ تثنیہ مؤنث مخاطبتین۔

[۲] نون اعرابی عامل جازم اور عامل ناصب سے اس لیے گرجاتا ہے کہ یہ ضمہ اعرابی کے عوض ہے، ضمہ اعرابی کے گرنے سے یہ بھی گرجاتا ہے اور نون اعرابی نون تاکید کی وجہ سے اس لیے گرجاتا ہے کہ نون اعرابی معرب ہے اور نون تاکید مبنی ہے: "وَهُمَا ضِدَّانِ لَا يَجْتَمِعَانِ وَلَا يَفْتَرِقَانِ"

[۳] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۲۴/۴۔

مصدر کی تاویل میں تو کر دیتا ہے، لیکن نصب نہیں دیتا اور "أَنْ" مصدریہ کے مدخول کو مصدر کی تاویل میں کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ "أَنْ" مصدریہ کے مابعد فعل کو دیکھیں گے اس کا فاعل اسم ظاہر ہے یا اسم ضمیر، اگر اسم ظاہر ہو تو فعل کے مصدر کو اس کی طرف مضاف کر دیں، جیسے: "أُرِيْدُ أَنْ يَقُوْمَ زَيْدٌ" سے "أُرِيْدُ قِيَامَ زَيْدٍ" اور اگر اس کا فاعل اسم ضمیر ہو تو فعل کا مصدر اس ضمیر کی طرف مضاف کر دیں، جیسے: "أُرِيْدُ أَنْ تَقُوْمَ" سے "أُرِيْدُ قِيَامَكَ".

۴۔ شرائطِ "أَنْ" مصدریہ:

"أَنْ" مصدریہ کے عمل کے لیے چھ شرائط ہیں:

۱) "أَنْ" مصدریہ ہو۔ ۲) "أَنْ" زائدہ نہ ہو۔ ۳) "أَنْ" مخففہ من المثقلہ نہ ہو[1]۔ ۴) "أَنْ" تفسیریہ نہ ہو۔ ۵) "أَنْ" نافیہ نہ ہو۔ ۶) "أَنْ" شرطیہ نہ ہو۔ اور جب "أَنْ" میں یہ چھ شرطیں موجود ہوں تو عمل کرتا ہے اور اس کا مدخول فعل غیر یقینی ہوتا ہے اور یہ اپنے مدخول (خواہ ماضی ہو مضارع ہو یا امر ہو) مصدریہ کی تاویل میں کر دیتا ہے اور فعل مضارع کو مستقبل کے معنی میں کر کے اسے منصوب کر دیتا ہے اور پھر اگر مضارع معرب ہو تو منصوب لفظاً یا تقدیراً منصوب ہو گا اور اگر مبنی ہو تو محلاً منصوب ہو گا۔

۵۔ "أَنْ" مصدریہ کی ترکیبی حیثیت:

"أَنْ" مصدریہ کا مدخول مصدر کی تاویل میں ہو کر کبھی مبتداء بنتا ہے، جیسے: "وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ." (البقرۃ:۱۸۴)، "أَيْ صَوْمُكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ." اور "وَأَنْ يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَهُنَّ." (النور:۶۰)، "أَيْ اسْتِعْفَافُهُنَّ خَيْرٌ لَهُنَّ."، اور کبھی خبر بنتا ہے، جیسے: "وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ." (الطلاق:۴) یہاں "أَنْ يَضَعْنَ" مصدر "وَضْعُهُنَّ" کی تاویل میں ہو کر "أَجَلُهُنَّ" کی خبر ہے۔

کبھی فاعل بنتا ہے، جیسے: "أَعْجَبَنِيْ أَنْ تَقْرَأَ"، "أَيْ أَعْجَبَنِيْ قِرَاءَتُكَ"۔ کبھی مفعول مالم یسم فاعلہ بنتا ہے، جیسے: "وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ." (النساء:۲۳)، یہاں "أَنْ تَجْمَعُوا" مصدر "جَمْعُكُمْ" کی تاویل میں ہو کر "حُرِّمَتْ" کے لیے مفعول مالم یسم فاعلہ ہے۔ اور کبھی مفعول بہ بنتا ہے، جیسے: "فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيْبَهَا"۔ اور کبھی مفعول لہ بنتا ہے، جیسے: "عَبَسَ وَتَوَلَّى، أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمَى." (عبس:۱-۲)، "أَيْ لِأَجْلِ مَجِيْءِ الْأَعْمىٰ"۔ کبھی مجرور ہو کر ماقبل کے لیے مضاف الیہ بنتا ہے، جیسے: "مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ." (الزمر:۵۴)، یہاں "أَنْ يَأْتِيَ" مصدر "إِتْيَان" کی تاویل میں ہو کر "قَبْلِ" کے لیے مضاف الیہ ہے، تقدیر عبارت یوں ہے: "أَيْ مِنْ قَبْلِ إِتْيَانِ الْعَذَابِ."

---

[1] "أَنْ" مخففہ من المثقلہ کی تفصیل حروف مشبہ بالفعل میں گزر چکی ہے، "أَنْ" زائدہ کی تفصیل حروف غیر عاملہ میں ملاحظہ ہو اور "أَنْ" تفسیریہ کی تفصیل اور "أَنْ" شرطیہ کی تفصیل حروف غیر عاملہ میں ان شاء اللہ آئے گی۔

۵۔ مواضعِ "أنْ" مقدرہ:

حروف ناصبہ میں "أنْ" قوی عامل ہے، ظاہراً بھی نصب دیتا ہے اور مقدر ہو کر بھی نصب دیتا ہے، "أنْ" ناصبہ درج ذیل چھ حروف کے بعد مقدر ہوتا ہے اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے:

۱) "حَتّٰی" جارہ کے بعد "أنْ" مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، جیسے: "مَرَرْتُ حَتّٰی أَدْخُلَ الْبَلَدَ"، لیکن "" کے بعد "أنْ" اس وقت مقدر ہوگا جب کہ مابعد فعل میں ماقبل کے بہ نسبت مستقبل کا زمانہ مراد ہو، اس وقت یہ "کَیْ" یا "انتہاء" کے معنی میں ہوگا، ورنہ "حَتّٰی" ابتدائیہ ہوگا اور نصب نہیں دے گا۔

۲) لام جحد کے بعد، جیسے: "مَاكَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ"، اور لام جحد وہ ہوتا ہے جو "كَانَ" یا "يَكُنْ" منفیہ کی خبر پر تاکید کے لیے داخل ہو۔ "يَكُنْ" کی مثال، جیسے: "لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَلَهُمْ"۔ پھر اس "لام" میں اختلاف ہے، کوفیین کہتے ہیں کہ "لام" کا مدخول "كَانَ" کے لیے خبر ہوتا ہے اور لام تاکید کے لیے ہوتا ہے اور بصریین کہتے ہیں کہ "كَانَ" کی خبر "مُرِيْداً" مقدر ہے اور یہ "لام" اس کیساتھ متعلق ہوتا ہے، جیسے: "مَاكَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ"، "مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ" اور "لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ" کا معنی ہوگا: "أیْ مَا كَانَ اللّٰهُ مُرِيْداً لِيُعَذِبَهُمْ، أیْ مَا كَانَ اللّٰهُ مُرِيْداً لِظُلْمِهِمْ، أیْ وَلَمْ يَكُنْ مُرِيْداً لِتَعْذِيْبِهِمْ."[1]

۳) اس "أوْ" کے بعد جو "إِلٰی أَنْ" یا "إِلَّا أَنْ" کے معنی میں ہو، جیسے: "لَأُلْزِمَنَّكَ أَوْتُعْطِيَنِي حَقِّيْ"، أیْ إِلَی أَنْ تُعْطِيَنِي حَقِّيْ" یا "إِلّا أَن تُعْطِيَنِي حَقِّيْ".

یہاں یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ "أَوْ" کی دو قسمیں ہیں: ۱) "أَوْ" عاطفہ محضہ، ۲) "أَوْ" بمعنی "إِلَی أَنْ" یا "إِلَّا أَنْ".

(الف)۔ "أَوْ" عاطفہ محضہ: وہ ہے جس کے ذریعے مصدر مؤول کا عطف اسم صریحی پر ہو، جیسے: "إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا." (الشوریٰ: ۵۱) یہاں "أَوْ يُرْسِلَ" کے بعد "أنْ" مقدر ہے جس وجہ سے "يُرْسِلَ" فعل "إِرْسَالاً" مصدر کی تاویل میں ہے اور "إِرْسَالاً" مصدر مؤول[2] کا عطف اسم صریح "وَحْياً" پر ہے۔

(ب)۔ "أَوْ" بمعنی "إِلَی أَنْ" یا "إِلَّا أنْ": یہ اس وقت ہوتا ہے جب مصدر مؤول کا عطف مصدر متوہم یا مصدر متصید پر ہو،

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۱۷۶/۲، جہد قصیر: ۵۲، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۶۳، بدر السعید: ۲۸۶۔

(۲) مصدر کی دو قسمیں ہیں: ۱) مصدر مؤول، ۲) مصدر متصید۔

۱)۔ مصدر مؤول وہ ہے کہ فعل مضارع کو مصدر کی تاویل میں کیا جائے۔

۲)۔ مصدر متصید: وہ ہے کہ فعل مضارع سے مصدر کو شکار کیا جائے، جیسے: "لَأُلْزِمَنَّكَ" سے مصدر "الزام" کو شکار کیا گیا ہے، یعنی اس سے اخذ کیا گیا ہے۔ (بدر السعید: ۲۸۷، جہد قصیر: ۵۲، موسوعۃ النحو: ۱۷۰)

جیسے:"لَأُلْزَمَنَّكَ أَوْتُعْطِيَنِي حَقِّيْ"اس میں"أَوْ"کے بعد"أَنْ"مقدر ہے جس کی وجہ سے"تُعْطِيَنِي"فعل"إعْطَاءٌ" مصدر کی تاویل میں ہے اور"إعْطَاءٌ"مصدر کا عطف"لَأُلْزَمَنَّكَ"کے مصدر متوہم یا مصدر متصید پر ہے تو اب معنی یہ ہوگا: "اَلْاِلْزَامُ مِنِّي إلَى إعْطَائِكَ".

۴) "واؤ"صرف کے بعد، جیسے:"لَا تَأْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرِبَنَّ اللَّبَنَ"،"واؤ"صرف اس"واؤ"کو کہتے ہیں کہ جس کا معطوف، معطوف علیہ کے عامل کی صلاحیت نہ رکھے اور یہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔

پھر"واؤ"صرف کی دو قسمیں ہیں:(الف)واؤ عاطفہ محضہ،(ب)واؤ صرف۔

(الف):واؤ عاطفہ محضہ وہ ہے جس کے ذریعے مصدر مؤول کا عطف اسم صریح پر ہو، جیسے شعر ہے:

"لَلُبْسُ عَباءَةٍ وتَقِرَّ عَيْنِي ... أحَبُّ إليّ من لُبْسِ الشُفُوفِ"

اس شعر میں"واؤ"کے بعد"أَنْ"مقدر ہے جس کی وجہ فعل مضارع"تَقِرَّ"مصدر"قُرَّةٌ"کی تاویل میں ہے اور"قُرَّةٌ"مصدر کا عطف اس صریح"لَلُبْسُ عَباءَةٍ"پر ہے۔

(ب):"واؤ"صرف:وہ"واؤ"ہے جو فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے جس کے ذریعے مصدر مؤول کا عطف مصدر متوہم و متصید پر ہو، جیسے:"فَقَالُوا يَالَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا."(الانعام:۲۷)، اس مثال میں"وَلَا نُكَذِّبَ"کے"واؤ"کے بعد"أَنْ"مقدر ہے جس کی وجہ سے فعل مضارع منصوب ہے اور مصدر تکذیب کی تاویل میں ہے اور تکذیب مصدر کا عطف"نُرَدُّ"کے مصدر متصید"الرَّدُّ"پر ہے تو معنی یہ ہوگا:"فَلْيَكُنِ الرَّدُّ مِنْك وَعَدَمِ تَكْذِيْبٍ مِنَّا".[1]

"واؤ"صرف کے بعد فعل مضارع کے منصوب ہونے کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ اس کے ماقبل اور مابعد دونوں کے مضمون کا حصول ایک زمانہ میں ہو۔ اور دوسری شرط یہ ہے کہ"واؤ"صرف نو چیزوں میں سے کسی ایک کے بعد واقع ہو اور وہ نو چیزیں یہ ہیں: ۲)امر، ۲)نہی، ۳)نفی، ۴)استفہام، ۵)تمنی، ۶)ترجی، ۷)عرض، ۸)تحضیض، ۹)دعا۔ ان کی مثالیں درج ذیل ہیں:

۱ امر، جیسے: أَقْبِلْ وَأُحْسِنَ إلَيْكَ	أَيْ فَلْيَكُنْ إقْبَالٌ مِنْكَ مَعَ إحْسَانٍ مِنِّيْ
۲ نہی، جیسے:لَاتَأْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرَبَ اللَّبَنَ	أَيْ لَايَكُنْ مِنْكَ أَكْلُ السَّمَكِ مَعَ شُرْبِ اللَّبَنِ
۳ نفی، جیسے: مَاتَأْتِيْنَاوَتُحَدِّثَنَا	أَيْ لَيْسَ مِنْكَ إتْيَانٌ مَعَ تَحْدِيْثٍ مِنَّا
٤ استفہام، جیسے:هَلْ عِنْدَكُمْ مَاءٌوَأَشْرَبَهُ	أَيْ يَكُوْنُ مِنْكُمْ مَاءٌمَعَ شُرْبٍ مِنِّيْ

[1] شرح المفصل لابن یعیش:۴/۲۳۷۔

٥ تمنی، جیسے: لَيْتَ لِيْ مَالًا وَأَتَصَدَّقَ بِهِ — أَيْ لَيْتَ لِيْ ثُبُوْتُ مَالٍ مَعَ تَصَدُّقٍ مِّنِّيْ
٦ ترجی، جیسے: لَعَلِّيْ أَرْجِعُ الشَّيْخَ وَيُفْهِمَنِيْ — أَيْ لَعَلِّيْ إِرْجَاعٌ مِّنِّيْ إِلَى الشَّيْخِ مَعَ إِفْهَامٍ مِنْهُ
٧ عرض، جیسے: أَلَاتَنْزِلُ عِنْدَنَا وَتُصِيْبَ عِلْماً — أَيْ أَلَانُزُوْلُ لَكَ عِنْدَنَا مَعَ إِصَابَةِ عِلْمٍ
٨ تحضیض، جیسے: "هَلَّا أَكْرَمْتَ وَيَشْكُرَ — أَيْ هَلَّا يَكُوْنُ إِكْرَامٌ مِّنْكَ مَعَ الشُّكْرِ مِنْهُ
٩ دعا، جیسے: رَبِّ وَفِّقْنِيْ وَأَعْمَلَ صَالِحاً — أَيْ رَبِّ تَوْفِيْقِيْ مِنْكَ مَعَ أَعْمَالِ صَالِحٍ مِّنِّيْ[1]

۵) "لَامِ كَيْ" (لام سببیہ) کے بعد، جیسے: "أَسْلَمْتُ لِأَدْخُلَ الْجَنَّةَ". لام "کی" اس لام جارہ کو کہتے ہیں جو "كَيْ" سببیہ کے معنی میں ہو اور اس کا ما قبل ما بعد کے لیے علت اور سبب بنے۔ مثال مذکورہ میں اسلام دخول جنت کے لیے سبب ہے اور اس کی مثال یہ ہے: "كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ."

٦) اس "فَاء" کے بعد جو چھ چیزوں (امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی، عرض) کے جواب میں واقع ہو، اس کے بعد بھی "أَنْ" مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، پھر "فاء" کی دو قسمیں ہیں: (الف) "فاء" عاطفہ محضہ، (ب) "فاء" سببیہ۔

(الف)۔ "فاء" عاطفہ محضہ: وہ "فاء" ہے جس کے ذریعے مصدر مؤول کا عطف اسم صریح پر ہو، جیسے: "لَوْلَا تَوَقُّعُ مُعْتَرٍّ فَأُرْضِيَهُ .." یہاں " فَأُرْضِيَهُ" کے "فاء" کے بعد "أَنْ" مقدر ہے جس کی وجہ سے "أُرْضِيَهُ" فعل "إِرْضَاءٌ" مصدر کی تاویل میں ہے اور اس کا عطف "لَوْلَا" کے اسم صریح "تَوَقُّعُ" پر ہے۔

(ب)۔ "فاء" سببیہ: وہ "فاء" ہے جس کے ذریعے مصدر مؤول کا عطف مصدر متصید پر ہو، جیسے: "لَاتَشْتِمْنِيْ فَأَضْرِبَكَ" یہاں "فاء" سببیہ ہے اور اس کے بعد "أَنْ" مقدر ہے جس کی وجہ سے فعل مضارع منصوب ہے اور مصدر کی تاویل میں ہے اور "ضَرْبٌ" مصدر تاویلی کا عطف "تَشْتِمْنِيْ" کے مصدر متصید "شَتَمٌ" پر ہے، اس کا معنی ہوگا: "لَايَكُنْ شَتَمٌ مِنْكَ فَضَرْبٌ مِنِّيْ".

"فاء" سببیہ کے بعد فعل مضارع کے منصوب ہونے کے لیے دو شرطیں ہیں: ۱) اس کا ما قبل ما بعد کے لیے سبب ہو۔ ۲) نو چیزوں کے بعد ہو اور وہ نو چیزیں یہ ہیں:

۱)، امر کی مثال، جیسے: "زُرْنِيْ فَأُكْرِمَكَ"۔ ۲) نہی کی مثال، جیسے: "لَاتَفْتَرُوْا عَلَى اللهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ". (طہ:٦١)۔ ۳) نفی کی مثال، جیسے: "وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا." (فاطر:۳۵)۔

[1] جہد قصیر: ۵۲، بدر السعید: ۲۸۸۔

۴)استفہام کی مثال، جیسے:”مَنْ ذَاالَّذِیْ یُقْرِضُ اللہَ قَرْضاًحَسَناًفَیُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافاً کَثِیْراً“(البقرة:٢۴۵) اور”فَهَلْ لَنَا مِنْ شُفَعَاءَ فَيَشْفَعُوا لَنَا.“(الاعراف:۵٣)۔ ۵)تمنی کی مثال، جیسے:”يَالَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا.“(النساء:٧٣)۔ ٦)ترجی کی مثال، جیسے:”لَعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ.أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَى إِلَهِ مُوسَى.“(غافر:٣٦-٣٧)۔ ٧)عرض کی مثال، جیسے:”أَلَاتَنْزِلْ بِنَافَتُصِيْبَ خَيْراً“۔ ٨)دعاکی مثال، جیسے:”رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا.“(یونس:٨٨)۔ ٩) تحضیض، جیسے:”فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَى أَجَلٍ قَرِيبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصَّالِحِينَ.“اور”لَوْلَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُ نَذِيرًا.“(الفرقان:٧)[1]۔

٦۔”لَنْ“[2]ناصبہ:

حروف ناصبہ میں دوسرا حرف”لَنْ“ہے،اس کا لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور معنوی عمل میں

---

[1] موسوعۃ النحو:۴٧٨۔

[2] حرف ”لَنْ“ اصل میں کیا تھا؟اس میں اہل فن کا اختلاف ہے،اس پر امام فخر الدین رازیؒ،جار اللہ زمخشریؒ،علامہ ابوحیان اندلسی اورابن منظورافریقی نے تفصیلی کلام کیا ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ حرف ”لَنْ“ میں چار مذاہب ہیں:

١۔امام سیبویہ کا مذہب ٢۔امام خلیل اورامام کسائی کا مذہب ٣۔امام فراء کا مذہب ۴۔بعض حضرات کا مذہب۔

١۔امام سیبویہ کا مذہب یہ ہے کہ حرف ”لَنْ“ اپنی اصل پر حرف بسیط ہے اور دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حروف میں تصرف و تغیر کا نہ ہونا اصل ہے۔

٢۔امام خلیلؒ اورامام کسائیؒ کا مسلک یہ ہے کہ کلمہ ”لَنْ“ اصل میں ”لَا أَنْ“ ہے ان کے ہمزہ کو کثرت استعمال کی بناء پر بنظر تخفیف حذف کردیا۔ چنانچہ ”لَا“ کے الف اور ”أَنْ“ کے نون میں التقائے ساکنین کی وجہ سے ”لَا“ کے الف کو حذف کیا گیا،پھر لام اور نون کو باہم ملادیا تو ”لَنْ“ ہو گیا۔امام سیبویہؒ نے امام خلیلؒ اورامام کسائیؒ کے مذہب کو رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:”إِنَّ هَذَا لَيْسَ بِجَيِّدٍ“،کہ ان کا موقف زوردار نہیں،کیونکہ کلمہ ”لَنْ“ کے معمول کو اپنے عامل پر مقدم ہونا جائز ہے،جیسے:”زَيْدًا لَنْ يَّضْرِبَ“،بخلاف معمول ”أَنْ“ کہ اس کا مقدم ہونا جائز نہیں،جیسے:”زَيْدًايُعْجِبُنِيْ أَنْ يَّضْرِبَ“ کہنا درست نہیں،لہذا جب ”لَنْ“ کو ”أَنْ“ کے حیز میں اتاریں گے تو جس طرح ”أَنْ“ کے معمول کا مقدم ہونا جائز نہیں اسی طرح یہ لازم آئے گا کہ ”أَنْ“ کا مقدم ہونا جائز نہیں،جیسے:”زَيْداً لَنْ يَّضْرِبَ“، حالانکہ تمام بصریین اور سیبویہ کے نزدیک جائز ہے۔

٣۔امام فراء کا مذہب یہ ہے کہ حرف ”لَنْ“ ناصبہ کی اصل ”لَا“ ہے،الف کو نون سے بدل دیا ”لَنْ“ ہو گیا۔علامہ رضی فراء نحوی کی مسلک کی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں:”لَادَلِيْلَ عَلَى قَوْلِ الْفَرَّاءِ“، محشی زنجانی وغیرہ نے بھی کہتے ہیں کہ فراء نحوی کا مذہب کمزور ہے،کیونکہ نون کا الف سے بدلنا شائع اورعام ہے،جیسے:”لَنَسْفَعاً“ اور ”وَلْيَكُوْناً“ وغیرہ میں ہے،لیکن اس کے برعکس الف کا نون سے بدلنا درست نہیں۔

۴۔بعض حضرات کا مذہب: بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ ”لَنْ“ کی اصل ”لَا“ ہے، آخر میں نون خفیفہ نفی تاکید کے لیے لاحق کردیا،پھر الف اور نون میں التقائے ساکنین کی بنا پر الف گر گیا ”لَنْ“ باقی رہ گیا،لیکن علامہ عبدالحی اس مذہب کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آخر حروف میں نون تاکید کا لاحق ہونا معہود نہیں۔

مذکورہ مذاہب میں امام سیبویہؒ کا مسلک راجح ہے اس کو علامہ زبیدی،علامہ جاربردی،ابوحیان اندلسی،صاحب زنجانی اوردیگر اہل علم نے راجح قرار دیا۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: تاج العروس:١٨/۵١۵،ہامش زنجانی:٢٨،البحر المحیط:١/٢۴٣،تبیان:٢٨،مشکلات الصرف:١۴٩۔

تین قول ہیں:۱)۔ نفی مستقبل میں تاکید کا معنی دیتا ہے،اس میں تین چیزوں کا فائدہ ہوتا ہے: نفی کا، تخصیص زمانہ مستقبل کا اور تاکید کا۔ لہذا تاکیدِ نفی کا تعلق زمانہ مستقبل کیساتھ ہوگا، جیسے:''قَالَ لَنْ تَرَانِيْ''،(تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ پائے گا)۔ ۲)۔ نفی مستقبل میں تابید کا فائدہ دیتا ہے، یعنی نفی مستقبل میں دوام واستمرار، جیسے:''لَنْ يَّخْلُقُوْاذُبَاباً''،(وہ مکھی بھی کبھی پیدا نہیں کر پائیں گے)، کیونکہ مخلوق میں خالقیت کی شان نہیں پائی جاتی۔ ۳)۔ نفی مستقبل کا فائدہ دیتا ہے، مگر تاکید اور دوام کا بھی احتمال پایا جاتا ہے، جیسے:''لَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنْسِيًّا''،''فَلَنْ أَبْرَحَ الأَرْضَ حَتَّى يَأْذَنَ لِيْ أَبِيْ''۔اگر دوام استمرار کا معنی مراد ہو تو''الْيَوْمَ''اور''حَتَّى يَأْذَنَ''سے زمانہ مستقبل کی تحدید درست نہ ہوگی،ہاں قرائن سے دوام واستمرار کا معنی مراد لیا جاسکتا ہے۔پہلا قول راجح ہے، کیونکہ اہل عرب نفی محض کے لیے مضارع منفی کا استعمال کرتے ہیں اور تاکید نفی کے لیے نفی تاکید بہ''لَنْ''کا استعمال کرتے ہیں۔[1]

۷۔"كَيْ"ناصبہ:

حروف ناصبہ میں تیسرا حرف "کی" ہے،اس کا لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، جیسے:"أَسْلَمْتُ كَيْ أَدْخُلَ الْجَنَّةَ."اور معنوی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کا مستقبل اور مصدر کی تاویل میں کر دیتا ہے اور اس کا ما قبل ما بعد کے لیے سبب ہوتا ہے، جیسے مثال مذکور میں اسلام لانا دخول جنت کا سبب ہے، اسی وجہ سے اسے "كَيْ"سببیہ بھی کہتے ہیں۔ پھر "كَيْ" کی تین قسمیں ہیں:(الف)۔"كَيْ"اسمیہ،(ب)۔"كَيْ"جارہ،(ج)۔"كَيْ"ناصبہ۔

(الف)۔"كَيْ"اسمیہ:وہ ہے جو"كَيْفَ"استفہامیہ سے مخفف ہو، جیسے:"كَيْ تَنْجِحُوْنَ؟ أَيْ كَيْفَ تَنْجِحُوْنَ؟"

(ب)۔"كَيْ"جارہ:یہ معناً و عملاً لام تعلیلیہ کا مترادف ہے اور یہ "مَا"مصدریہ،"مَا"استفہامیہ یا"أَنْ"مصدریہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے:"كَيْمَا"یہ "لِمَا"کے معنی میں ہے۔

(ج)۔"كَيْ"ناصبہ:یہ معناً اور عملاً"أَنْ"مصدریہ کا مترادف ہوتا ہے، جیسے:"لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَى مَا فَاتَكُمْ."(الحدید:۲۳)۔اور اس کے مصدری ہونے کی شرط یہ ہے کہ اس کیساتھ لا تعلیلیہ لفظاً یا تقدیراً موجود ہو، جیسا کہ مذکورہ مثالوں سے واضح ہے اور اگر اس کیساتھ لام تعلیلیہ لفظاً یا تقدیراً موجود نہ ہو تو یہ "كَيْ"سببیہ مصدریہ نہیں رہے گا، جو فعل مضارع کو نصب دے کر مصدر کی تاویل میں کرتا ہے، بلکہ یہ "كَيْ"تعلیلیہ جارہ ہوگا۔

۸۔"إِذَنْ"ناصبہ:

حروف ناصبہ میں چوتھا حرف "إِذَنْ" ہے،اس میں نحات کا اختلاف ہے کہ "إِذَنْ"حرف ناصبہ ہے یا نہیں، کوفیین

---

[1] نوادر الاصول:۲۴۔

کہتے ہیں کہ یہ اصل میں اسم ظرف شرطیہ ہے اور یہ اصل میں "إِذَا" تھا، یہ جملہ کی طرف مضاف تھا، پھر جملہ (مضاف الیہ) کو حذف کردیا اور ان کے عوض میں تنوین لائی گئی اور اس کے بعد "أَنْ" مقدر ہوتا ہے اور فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، یہ خود ناصب نہیں۔ جمہور نحات کہتے ہیں کہ یہ خود حرف ناصبہ ہے فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے نصب دیتا ہے اور یہ فعل مضارع میں لفظاً اور معناً عمل کرتا ہے، معناً عمل یہ ہے کہ اپنے مدخول کیساتھ مل کر کسی قائل کے قول یا کسی فاعل کے فعل کا بدلہ اور جزاء ہوتی ہے، اسی وجہ سے اس کو "إِذَنْ" جوابیہ اور جزائیہ کہتے ہیں۔ اور اس کا لفظاً عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، لیکن کے لیے تین شرطیں ہیں:

پہلا شرط یہ ہے کہ جملہ کی ابتداء میں ہو ورنہ عمل نہیں کرے گا، جیسے کوئی شخص کہے: "جِئْتُ زَيْداً" تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: "زَيْدٌ إِذَنْ يُكْرِمُكَ"، یہاں "إِذَنْ" نے وسط کلام میں آنے کی وجہ سے عمل نہیں کیا۔

دوسرا شرط یہ ہے کہ "إِذَنْ" کا مابعد ما قبل کی بہ نسبت مستقبل کے معنی میں ہو، اگر حال کے معنی میں ہو تو عمل نہیں کرے گا، جیسے کوئی کہے: "أُحِبّكَ" تو اس کے جواب میں دوسرا کہے: "إِذَنْ أَظُنُّكَ كَاذِباً"، یہاں "إِذَنْ" نے عمل نہیں کیا، کیونکہ یہ "أَظُنُّ" زمانہ حال کے معنی میں ہے۔

تیسرا شرط یہ ہے کہ "إِذَنْ" اور اس کے مدخول کے درمیان فاصلہ نہ ہو، ورنہ عمل نہیں کرے گا، جیسے کوئی کہے: "جِئْتُ زَيْداً"، تو جواب میں دوسرا کہے: "إِذَنْ زَيْدٌ يُكْرِمُكَ"، یہاں بھی "إِذَنْ" نے عمل نہیں کیا، کیونکہ اس کے اور اس کے مدخول کے درمیان "زَيْدٌ" کا فاصلہ ہے[1]۔

مذکورہ تینوں شرطیں اگر "إِذَنْ" میں پائی جائیں تو اس وقت یہ عمل کرے گا، جیسے کوئی کہے: "أَسْلَمْتُ"، تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: "إِذَنْ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"۔ یا کوئی کہے: "أَنَا أَتِيكَ غداً" تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: "إِذَنْ أُكْرِمُكَ"۔ یہاں بعض حضرات نے تیسری شرط میں اختلاف کیا ہے کہ اگر "إِذَنْ" اور اس کے مدخول کے درمیان قسم یا "لَا" نافیہ کا فاصلہ ہو تو تب بھی "إِذَنْ" عمل کرے گا اور علامہ ابن عصفورؒ کا موقف یہ ہے کہ اگر نداء، ظرف اور جار مجرور کا فاصلہ ہو تو اس صورت میں بھی عمل کرے گا، قسم کی مثال، جیسے کوئی کہے: "أَنَا أَتِيْكَ غداً" تو اس کے جواب میں کہا جائے گا: "إِذَنْ واللهِ أُكرِمَكَ"۔ "لَا" نافیہ کی مثال، جیسے کوئی کہے: "اسْخَطْ عَنْكَ" تو جواب میں کہا جائے گا: "إِذَنْ لَا أجيئَكَ". نداء کی مثال، جیسے کوئی کہے: "سَأَجْتَهِدُ" تو جواب میں کہا جائے گا: "إِذَنْ يا زُهيرُ تنجحَ!"۔ ظرف کی مثال، جیسے: "إِذَنْ يومَ الجمعةِ أَجْيئَكَ"۔ جار مجرور کی مثال، جیسے: "إِذَنْ بِالجِدِّ تَبْلُغَ الْمَجدَ"۔ اور امام سیبویہؒ نے بعض حضرات سے

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۷۱/۲۔

نقل کیا ہے کہ "إذَنْ "فعل کیساتھ مختص نہیں، بلکہ اسماء پر بھی داخل ہوتا ہے، اس لیے یہ غیر عاملہ ہے، جیسے: "أَأَنتَ تُكْرِمُ الْيَتِيْمَ؟ إذنْ أَنتَ رَجُلٌ كَرِيْمٌ." علامہ مصطفی غلایینیؒ فرماتے ہیں کہ یہی قرین قیاس ہے۔[۱]

۹۔ قواعد و فوائد:

قاعدہ: "أَن" مصدریہ فعل کو بتاویل مصدر کر دیتا ہے اور یہ مصدر مؤول کبھی حالت رفعی میں ہوتا ہے، جیسے: "وَأَنْ تَعْفُوْا أَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی" (البقرۃ:۲۳۷) اور کبھی حالت نصبی میں ہوتا ہے، جیسے "فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيْبَهَا" (الکہف:۷۹)۔ اور کبھی حالت جری میں ہوگا، جیسے: "مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللّٰهِ" (الشوریٰ:۴۷)۔

قاعدہ: لام "كَيْ" کے بعد تب "أَنْ" مقدر ہوگا جب فعل "لَا" نافیہ یا "لَا" زائدہ کیساتھ مقترن نہ ہو، ورنہ ظاہر ہوگا، جیسے: "لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ." (البقرۃ:۱۵۰) اور "لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ." (الحدید:۲۹)۔

قاعدہ: "واؤ، فاء، ثُمَّ، أَوْ" جب عاطفہ ہوں گے تو ان کے بعد بھی "أَنْ" کا مقدر ہونا جائز ہے: ۱) "واؤ" کی مثال، جیسے: "لَوْلَا اللّٰهُ وَيَلْطُفُ بِيْ لَهَلَكْتُ." ۲) "فاء" کی مثال، جیسے: "تَعْبُكَ فَتَنَالَ الْمَجدَّ خَيْرٌ مِنْ رَاحَتِكَ فَتَحْرِمَ الْمَقْصدَ." ۳) "ثُمَّ" کی مثال، جیسے: "يَرْضَى الْجُبَّانُ بِالْهَوَان ثُمَّ يَسْلَمَ." ۴) "أَوْ" کی مثال، جیسے: "مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمُهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْياً، أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرسِلَ رسولا."[۲]

فائدہ: "أَنْ" کبھی افعال یقین کے بعد آتا ہے اور کبھی افعال ظن و شک کے بعد واقع ہوتا ہے، اگر افعال یقین کے بعد آئے تو مخففہ من المثقلہ ہوگا، مصدریہ نہیں ہوگا، جیسے: "عَلِمَ أَنْ سيَكُونُ، أَىْ عَلِمَ أَنَّه سَيَكُوْنُ." اور اگر افعال ظن کے بعد آئے دو احتمال ہیں: ۱) مصدریہ ہو، اس صورت میں مابعد فعل پر نصب پڑھیں گے۔ ۲) مخففہ من المثقلہ، اس صورت میں مابعد فعل پر رفع پڑھیں گے، جیسے: "وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ." (المائدۃ:۷۱) اور "أَلَّا تَكُونُ" دونوں طرح جائز ہے، لیکن اگر "أنْ" اور فعل کے درمیان "لَا" کا فاصلہ نہ ہو تو نصب راجح ہے، جیسے: "أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا.." (العنکبوت:۲) اور اگر "لَا" فاصلہ ہو تو رفع اور نصب دونوں برابر ہیں اور اگر "لَا" کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ ہو، مثلاً: "قَدْ، سِيْنَ، سَوْفَ" وغیرہ کا تو پھر رفع متعین ہے، کیونکہ "أنْ" اس وقت مخففہ من المثقلہ ہی ہوگا۔[۳]

قاعدہ: "أنْ" مصدریہ اپنے مدخول کو مصدر کی تاویل میں کر دیتا ہے اس لیے یہ صرف فعل متصرف پر داخل ہو سکتا ہے فعل غیر متصرف پر داخل نہیں ہوتا، کیونکہ فعل غیر متصرف کا کوئی مصدر نہیں ہوتا، اس لیے قرآن مجید میں جہاں بھی فعل غیر

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱۷۲/۲۔

[۲] جامع الدروس العربیۃ: ۱۷۵/۲۔

[۳] حاشیۃ الصبان: ۴۱۴/۳، جامع الدروس العربیۃ: ۳۲۳/۲، النحو الوافی: ۶۴۴/۱۔

متصرف پر "أَنْ" داخل ہے وہ مصدریہ نہیں ہے، بلکہ مخففہ من المثقلہ ہے، جیسے:" وَأَنْ عَسَى أَنْ يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ." (الاعراف:١٨٥)، یہ اصل میں "وَأَنَّه عَسَى أَنْ يَكُونَ." ہے، کیونکہ "عَسَى"، فعل غیر متصرف ہے اور یہ "أَنْ" مصدریہ نہیں، بلکہ مخففہ من المثقلہ ہے۔[1]

قاعدہ: "لَنْ" کے مدخول کا متعلق "لَنْ" سے مقدم بھی ہو سکتا ہے، جیسے: "زَيْداً لَنْ أَضْرِبَ".[2]

قاعدہ: اگر "كَيْ" کے شروع میں "لام" آجائے تو "كَيْ" مصدریہ اور لام تعلیلیہ ہو گا، جیسے: "لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَى مَا فَاتَكُمْ." اور اگر لام "كَيْ" کے بعد واقع ہوت "كَيْ" تعلیلیہ ہو گا اور لام تاکیدیہ زائدہ ہو گا اور "أَنْ" مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دے گا، جیسے: "جِئْتَكَ كَيْ لِأَتَعَلَّمَ" اور اگر "كَيْ" کے بعد "أَنْ" آجائے تو "كَيْ" جارہ تعلیلیہ ہو گا اور "أَنْ" مصدریہ ہو گا، جیسے: "جِئْتُ كَيْ أَنْ تُكْرِمُنِيْ" اور اس کے علاوہ ہو تو پھر دو احتمال ہیں: "كَيْ" جارہ بھی ہو سکتا ہے اور "كَيْ" ناصبہ بھی۔ اگر اس سے پہلے لام مقدر ہو تو "كَيْ" مصدریہ ہو گا اور اگر لام مقدر نہ ہو تو "كَيْ" تعلیلیہ ہو گا، مصدریہ کی صورت میں "كَيْ" خود نصب دیتا ہے اور تعلیلیہ کی صورت میں "أَنْ" مقدرہ نصب دیتا ہے۔[3]

قاعدہ: "كَيْ" کے معلول کا مؤخر ہونا جائز ہے، جیسے: "كَيْ تُكْرِمُنِيْ جِئْتُكَ".

قاعدہ: "لَنْ"، فعل مضارع کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے "قَالُوْا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِيْنَ" (طٰہٰ:٩١) اور "كَيْ" سببیہ کا ما قبل مابعد کے لیے سبب ہوتا ہے اور "إِذَنْ" اس کا مابعد ما قبل کے لیے جزاء اور جواب ہوتا ہے۔

قاعدہ: اگر "إِذَنْ"، "فاء" عاطفہ اور "واؤ" عاطفہ کے بعد واقع ہو تو اس کو عمل دینا اور نہ دینا دونوں جائز ہیں، البتہ عمل نہ دینا راجح ہے، جیسے "واوَ" کی مثال: "وَإِذًا لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا." (الاسراء:٧٦) اور "فاء" کی مثال، جیسے: "فَإِذًا لَا يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيرًا." (النساء:٥٣)[4]۔

قاعدہ: "إِذَنْ" کبھی نون تنوین کیساتھ ہوتا ہے، جیسے: "وَإِذًا لَا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا." (الاسراء:٧٦)۔

١٠۔ چند حل شدہ تراکیب:

✍... "أَنْ" کی مثال: أَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ:

"أَنْ تَصُوْمُوْا" جملہ بتاویل مصدر مبتداء است مرفوع محلا... "أَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... "تَصُوْمُوْا" صیغہ فعل مضارع

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:٢/٣٢٥۔
[2] جہد قصیر:٥١۔
[3] بدر السعید:٢٨٣۔
[4] جامع الدروس العربیۃ:٢/١٧١۔

معلوم منصوب بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "خَيْرٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "خَيْرٌ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ گرفتہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... "لام" حرف جارہ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "خَيْرٌ" شبہ فعل است۔

✍... "لَنْ" کی مثال: لَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ سَبِيْلًا:

"لَنْ" ناصبہ نافیہ تاکیدیہ ناصبتا لمستقبل... "يَجْعَلَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منفی منصوب بالفتحہ لفظًا... "اللّٰهُ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا... "لام" جارہ... "الْكَافِرِيْنَ" مجرور بالیاء لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "يَجْعَلَ" فعل منفی است... "ال" بمعنی "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "كَافِرِيْنَ" صلہ اوست... باز "كَافِرِيْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر اسم موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول... "على" جارہ... "الْمُؤْمِنِيْنَ" مجرور بالیاء لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "يَجعَلَ" فعل منفی است... "ال" بمعنی "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "مُؤْمِنِيْنَ" صلہ اوست... باز "مُؤْمِنِيْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر اسم موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول... "سَبِيْلًا" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍... "كَيْ" کی مثال: أَسْلَمْتُ كَيْ أَدْخُلَ الْجَنَّةَ:

"أَسْلَمْتُ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "تُ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "كَيْ" سببیہ ناصبہ ناصبتا لمستقبل... "أَدْخُلَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ" مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍... "إِذَنْ" کی مثال: أَنَا اٰتِيْكَ غَدًا إِذَنْ أُكْرِمَكَ:

"أَنَا" ضمیر مبتداء است مرفوع محلا... "اٰتِيْكَ" جملہ خبرش مرفوع محلا... "اٰتِيْ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیرا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "ك" ضمیر خطاب مفعول بہ است منصوب محلا... "غَدًا" مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا... "إِذَنْ" جزائیہ ناصبتا لمستقبل... "أُكْرِمُ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "كَ" ضمیر خطاب مفعول بہ است منصوب محلا۔

۱۱۔ تمرین:

درج ذیل مثالوں میں حروف ناصبہ کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ. يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ. أَقِمِ الصَّلَاةَ فَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ. لَا تَعْصِ اللّٰهَ فَتُعَذَّبَ. لَيْتَ لِيْ مَالًا فَأُنْفِقَ مِنْهُ. أَيْنَ الْمَاءُ فَأَشْرَبَهُ. لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ أَحَدٌ مِنْكُمْ بِعَمَلِهِ. أَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا' يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ . لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّتَأْتِيَ مِثْلَهُ. يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِها. لَأَجْتَهِدَنَّ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ أَوْ أَفُوْزَ. أَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ. مَا تَأْتِيْنَا فَتُحَدِّثَنَا. لَأَ لْزَمَنَّكَ أَوْ تُعْطِيَنِيْ حَقِّيْ. لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا. لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا.أَنْ تَصَدَّقُوا خَيْرٌ

لَكُمْ. أَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا. لَنْ يَنَالَ اللّٰهَ لُحُومُهَا. أَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى. كَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَى مَا فَاتَكُمْ.أَخَافُ أَنْ يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ. إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَنْ يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ. لَنْ يُخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهُ. لَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ. إِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُنَزِّلَ آيَةً. اعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّى يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ. إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا. جعَلُوا لِلّٰهِ أَنْدَادًا لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِهِ. مَا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ. حَضَرْتُ لَأَعُودَ الْمَرِيضَ. يَجْتَهِدُ الطَّالِبُ لِيَنْجَحَ. مَا كَانَ الصِّدِيْقُ لِيَخُوْنَ صَدِيْقَهُ. مَا كانَتِ الطُّيُورُ لِتَسْجُنَ فِي الأَقْفَاصِ. لاَ يُمْدَحُ الْوَلَدُ حَتَّى ينالَ رِضَا وَالديْهِ. يُعاقَبُ الْمُسِيءُ أَوْ يَعْتَذِرَ. يُحْرَمُ التِّلْمِيذُ الْمُكافَأَةَ أَوْ يَجْتَهِدَ. لَمْ يُواسِ الْفَقيرَ ويَمُنَّ عَلَيْهِ. لاَ تَأْكلْ حَتَّى تَجُوْعَ. اِصْنَع الْمَعْرُوفَ فَتَنَالَ الشُّكْرَ. لَمْ يَفْعَل الْخَيْرَ وَيَنْدِمَ. لا تَأْمُرْ بِالصِّدْقِ وَتَكْذِبَ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍ ... "يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ ":

"يُرِيدُ" صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه لفظا... لفظ "اللّٰه" فاعلش مرفوع بالضمه لفظا... "لَا" لام زائده جاره... "يُبَيِّنَ" جمله بتقدیر "أنْ" بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلا... جار مجرور مستغنی از متعلق است... باز "أنْ" مصدریه ناصبة امستقبل... "يُبَيِّنَ" صیغه فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحه لفظا... ضمیر در و مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے لفظ "اللّٰهُ"... "لام" جاره... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح... جار مجرور متعلق به "يُبَيِّنَ" فعل است... و یا که "لام" ناصبه عند الکوفیین... "يُبَيِّنَ" جمله بتاویل مصدر مفعول به است منصوب محلا الخ... و یا که "لِيُبَيِّنَ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا برائے مبتداء محذوف که "إِرَادَةُ اللّٰهِ" باشد... باز "إِرَادَةُ" مبتداء است مرفوع بالضمه لفظاً مضاف... لفظ "اللّٰهِ" مضاف الله اوست مجرور بالکسره لفظاً... "لِ" جاره... "يُبَيِّنَ" جمله بتقدیر "أَنْ" بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح... جار مجرور متعلق به "ثَبَتَ" و یا که "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... [1]

✍ ...يُرِيدُونَ أَنْ يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ:

"يُرِيدُونَ" صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "أَنْ يَخْرُجُوا" جمله بتاویل مصدر مفعول به است منصوب محلا... "أَنْ" مصدریه ناصبه ناصب امستقبل... "يَخْرُجُوا" صیغه فعل مضارع معلوم منصوب بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "مِنْ" جاره... "النَّارِ" مجرور بالکسره لفظا و منصوب محلا مفعول به غیر صریح... جار مجرور متعلق به "يَخْرُجُوا" فعل است... و یا که " أَنْ يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ "جمله بتاویل مصدر خبرش مرفوع محلا برائے مبتداء محذوف که "إِرَادَتُهُمْ" باشد... باز "ارادة" مبتداء است مرفوع بالضمه

---

[1] الدر المصون: ۶۵۹/۳، تفسیر اللباب: ۳۲۹/۶۔

لفظا مضاف... "هُمْ"ضمیر غائبین مضاف الیہ الخ...[1]

✍... مَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ:

"مَا" نافیہ غیر عاملہ... "كَانَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر می طلبد... لفظ "اللهُ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا... "لِيُعَذِّبَهُمْ" جملہ خبرش منصوب محلا... "لام"زائدہ جارہ... "يُعَذِّبَهُمْ" جملہ بتقدیر" أن"بتاویل مصدر مجرور و منصوب محلا... جار مجرور مستغنی از متعلق... باز"أن"مصدریہ ناصبہ ناصبتا مستقبل... "يُعَذِّبَ"صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے "اللهُ"... "هُمْ"ضمیر غائبین مفعول بہ اوست منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل۔ ویا کہ "مَا" نافیہ غیر عاملہ... "كَانَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر می طلبد... لفظ "اللهُ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا... خبر محذوف کہ "مُرِيْدًا"باشد... "لِيُعَذِّبَهُمْ"جار مجرور متعلق بہ "مُرِيْدًا"شبہ فعل است الخ...[2]

✍... "ذَرْنِيْ فَأُكْرِمَكَ":

"ذَرْنِيْ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "ن"وقایہ... "يْ"ضمیر متکلم مفعول بہ اوست منصوب محلا... "فا"سببیہ عاطفہ... "أُكْرِمَكَ"جملہ بتقدیر"أن" بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "زِيَارَةٌ"باشد... باز "أن" مصدریہ ناصبہ ناصبتا مستقبل... "أُكْرِمَكَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "ك" ضمیر مخاطب مفعول بہ اوست منصوب محلا۔

✍... "أَقِمِ الصَّلَاةَ فَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ":

"أَقِمِ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الصَّلَاةَ"مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظا... "فا"سببیہ عاطفہ... "تَدْخُلَ"جملہ بتقدیر"أن"بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "إِقَامَةٌ"باشد... باز"أن"مصدریہ ناصبہ ناصبتا مستقبل... "تَدْخُلَ"صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ"مفعول بہ اوست منصوب محلًا۔

✍... "لاَ تَعْصِ اللهَ فَتُعَذَّبَ":

"لاَ"ناہیہ جازمہ جازمتا مستقبل... "تَعْصِ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرف علت... ضمیر درو مستتر فاعل مرفوع محلا... لفظ "اللهَ"مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظاً... "فا"سببیہ عاطفہ... "تُعَذَّبَ"جملہ بتقدیر"أن"بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "عِصْيَاناً"باشد... باز"أن"مصدریہ ناصبہ ناصبتا مستقبل... "تُعَذَّبَ"صیغہ فعل مضارع مجہول منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا۔

✍... "أَيْنَ الْمَاءُ فَأَشْرِبَهُ":

---

[1] تفسیر الدر المصون:۲۵۷/۴،اعراب القرآن،درویش:۴۶۸/۲۔

[2] الجدول فی اعراب القرآن:۲۱۱/۹،اعراب القرآن،درویش:۵۶۹/۳۔

"أَيْنَ"ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا... ظرف متعلق بہ "وَجَدَ" ویا کہ "مَوْجُوْدٌ"مقدر است بنا بر اختلاف مذ ہبین الخ... "اَلْمَاءُ"مبتدا موٴخر اوست مرفوع بالضمہ لفظا... "فا"سببیہ عاطفہ... "أَشْرِبَهُ" جملہ بتقدیر" أن" بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "وِجْدَاناً "باشد... باز"أَشْرِبَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا ... "ہ"،ضمیر غائب مفعول بہ است منصوب محلا راجع بسوئے "الماء"مبتدا۔

✍... "لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ كِبْرٌ":

"لَنْ" ناصبہ نافیہ تاکیدیہ ناصبتہ ا مستقبل... "يَّدْخُلَ"صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... "اَلْجَنَّةَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظا... "مَنْ"موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش فاعلش موٴخر است مرفوع محلا... باز "مَنْ"موصولہ یا موصوفہ " ... كَانَ الخ... "جملہ صلہ یا صفت اوست... باز "كَان "،فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "فِيْ قَلْبِهٖ" ظرف مستقر خبر مقدم است منصوب محلاً... "فِيْ"جارہ... "قَلْبِ"مجرور بالکسرہ لفظ ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتًا"مقدر است بنا بر اختلاف مذ ہبین الخ... "قَلْبِ" مضاف... "ہ"،ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... راجع بسوئے موصول،"كِبْرٌ" اسمش موخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔

✍... أَلَاتَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا:

"أَلَا"عرضیہ حرف تنبیہ... "تَنْزِلُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "بِ"جارہ ... "نَا"،ضمیر متکلم مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "تَنْزِلُ"،فعل است... "فا"سببیہ عاطفہ... "تُصِيْبَ" جملہ بتقدیر"ان "بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ محذوف کہ "نُزُوْلًا"باشد... باز"أَن"مصدریہ ناصبہ ناصبتہ ا مستقبل... "تُصِيْبَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "خَيْرًا"،مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔

✍ ...لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّتَأْتِيَ مِثْلَهٗ:

"لَا"ناہیہ جازیہ جازمتہ ا مستقبل... "تَنْهَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف حرف علت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "عَنْ" جارہ... "خلق" مجرور بالکسرہ لفظاًو منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرو متعلق بہ"لَاتَنْهَ "،فعل است... "واؤ" عاطفہ ... "تَأْتِيَ مِثْلَهٗ"،جملہ بتقدیر" أَنْ" بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "نهيًا"باشد...باز"تَأْتِيَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش... "مِثْلَ"،مفعول بہ است بالفتحہ لفظاً مضاف... "ہ"،ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاًراجع بسوئے "خُلُقٍ".

✍... مَاتَأْتِيْنَا فَتُحَدِّثَنَا:

"مَا"نافیہ غیر عاملہ... "تَأْتِيْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "نَا"،ضمیر متکلم مع الغیر مفعول بہ اوست منصوب محلاً... "فا"سببیہ عاطفہ... "تُحَدِّثَنَا"،جملہ بتقدیراً"أن"بتاویل مصدر معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ "إِتْيَاناً"باشد... باز"تُحَدِّثَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظاً... ضمیر درد مستتر فاعلش مرفوع محلا... "نَا" ضمیر متکلم مع الغیر مفعول بہ اوست منصوب محلاً۔

✍... لَأَجْتَهِدَنَّ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ أَوْأَفُوْزَ:
۱)۔ "لام" ابتدائیہ تاکیدیہ... "أَجْتَہِدَنَّ" صیغہ فعل مضارع معلوم موکد بانون تاکید ثقیلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "فِيْ" جارہ... "طَلَبِ" مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب محلاً مفعول غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَأَجْتَهِدَنَّ" فعل است... باز "طَلَبِ" مصدر مضاف خود یعمل عمل فعلہ... "الْعِلْمِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب معنا بنابر مفعولیت... "أو" بمعنی "إلٰی أنْ" جارہ... "أَفُوْزَ" جملہ بتقدیر "أنْ" بتاویل مصدر مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَأَجْتَهِدَنَّ" فعل است... باز "أنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ استقبل... "أَفُوْزَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَأَجْتَهِدَنَّ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ إِلٰى أَنْ أَفُوْزَ".
۲)۔ "لام" ابتدائیہ تاکیدیہ... "أَجْتَہِدَنَّ" صیغہ فعل مضارع معلوم موکد بانون تاکید ثقیلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "فِيْ" جارہ... "طَلَبِ" مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب محلاً مفعول غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَأَجْتَهِدَنَّ" فعل است... باز "طَلَبِ" مصدر یعمل عمل فعلہ... "الْعِلْمِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب معنا بنابر مفعولیت... "أو" بمعنی "إلّا أنْ" ... "دَائِماً" مفعول فیہ محذوف است منصوب بالفتحہ لفظاً برائے موصوف محذوف کہ "زَمَانًا" باشد... باز "زَمَانًا" مستثنیٰ منہ... "أو" بمعنی "إِلّا" حرف استثناء ناصب مستثنیٰ متصل در کلام موجب... "وَقْتَ" مفعول فیہ محذوف است منصوب بالفتحہ لفظاً مستثنیٰ ظرف مضاف... "أَفُوْزَ" جملہ بتقدیر "أنْ" بتاویل مصدر مضاف الیہ است مجرور محلا... ظرف متعلق بہ "لَأَجْتَهِدَنَّ" فعل است... ویا کہ "وَقْتَ" مفعول فیہ محذوف است منصوب بالفتحہ لفظاً مستثنیٰ مفرغ ظرف مضاف... "أَفُوْزَ" جملہ بتقدیر "أنْ" بتاویل مصدر مضاف الیہ است مجرور... محلا ظرف متعلق بہ "لَأَجْتَهِدَنَّ" فعل است... باز "أنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ استقبل... "أَفُوْزَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَأَجْتَهِدَنَّ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ زَمَاناً دَائِماً إِلّا وَقتَ أَنْ أَفُوْزَ".

فصل ہشتم: حروف جازمہ کا بیان

۱۔ حروف جازمہ کی تعداد:

وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں پانچ ہیں:

"۱) لَمْ ۲) لَمَّا ۳) لام أمر ٤) لائے نہی ٥) "إنْ" شرطیہ"

یہ حروف فعل مضارع پر داخل ہو کر اس میں لفظاً و معناً عمل کرتے ہیں، لفظاً عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، پانچ صیغوں میں جزم بسقوط حرکات ہوتا ہے اور اگر ان کے آخر میں حرف علت ہو تو جزم حذف حرف علت کیساتھ ہو گا اور سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی [1] کو گرا دیتے ہیں اور دو صیغوں میں مبنی ہونے کی وجہ سے کچھ بھی عمل نہیں کرتے، جیسے: "لَمْ يَنْصُرْ، لَمَّا يَنْصُرْ، لِيَنْصُرْ، لَا يَنْصُرْ، إِنْ تَنصُرْ أَنْصُرْ"، اور معنوی عمل ہر ایک کا مختلف ہے جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

۲۔ "لَمْ" اور "لَمَّا":

حروف جازمہ میں پہلا "لَمْ" اور دوسرا "لَمَّا" ہیں، ان دونوں کا لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، جیسے: "لَمْ يَضْرِبْ" اور "لَمَّا يَضْرِبْ" اور معنوی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع مثبت کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتے ہیں اور یہ دونوں پانچ چیزوں میں مشترک ہیں: ۱) نفی میں، ۲) مختص بالمضارع ہونے میں، ۳) فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی کرنے میں۔ ۴) فعل مضارع کو جزم دینے میں، ۵) دخول ہمزہ میں۔

۳۔ "لَمْ" اور "لَمَّا" میں فرق:

---

(۱) نون اعرابی فعل مضارع کے سات صیغوں میں اس لیے آتا ہے کہ ضمیر فاعل سے غایتِ اتصال کے سبب نون اعرابی لاجاتا ہے، چونکہ واوٴ، الف اور یاء فعل کے آخر میں وسطِ کلمہ کے قائم مقام ہو کر علامت رفع ہو جاتے ہیں اور فعل مضارع معرب ہوتا ہے، لہذا اگر ضمائر سے پہلے اعراب لایا جاتا ہے تو گویا ظاہری اعتبار سے درمیان میں پڑتا ہے اور اگر ضمیروں پر اعراب داخل کیا جائے تو حقیقت میں دوسرے کلمہ پر اعراب کا دخول ہو گا، اس لیے لامحالہ اعراب رفع کے عوض "نون" لایا جاتا ہے جس کو نون اعرابی کہا جاتا ہے۔ (الحنفیہ:۸۹، الفلاح:۵۷، تبیان:۲۶، مشکلات الصرف:۱۲۳)
نون اعرابی تثنیہ کے چار صیغوں میں مکسور اور باقی تین میں مفتوح کیوں ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جمع مذکر غائبین اور جمع مذکر مخاطبین میں نون کے ماقبل واوٴ ہوتا ہے اور واحدہ مؤنث مخاطبہ میں ماقبلِ نون یاء ہوتی ہے، واوٴ اور یاء چونکہ دونوں ثقیل ہیں، لہذا اگر ان تین صیغوں میں کسرہ یا ضمہ دیا جائے تو ثقل میں مزید اضافہ ہو جائے گا، اس لیے اخف الحرکات فتحہ ان تین صیغوں کو دیا تاکہ توازن برقرار رہے اور تثنیہ کے چار صیغوں میں نون کے ماقبل الف ہوتا، لہذا نون ہر اعراب کا متحمل ہے اور قاعدہ "السَّاكِنُ إِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ" کے تحت کسرہ کو ترجیح دیتے ہوئے کسرہ دیا۔ نیز کسرہ اور تثنیہ میں چونکہ مناسبت ہے، کیونکہ ضمہ فتحہ میں کسرہ متوسط حرکت ہے اور واحد و جمع میں تثنیہ متوسط ہے، لہذا متوسط کو متوسط دینا اولیٰ اور بہتر ہے۔ مزید ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اسم تثنیہ سے مشابہت کے سبب بھی چار صیغوں میں نون اعرابی کو کسرہ دیا گیا ہے، جیسے: "رَجُلَانِ" اور "تَضْرِبَانِ" میں مشابہت ہے۔ (تبیان:۲۶، مشکلات الصرف:۱۲۴)

"لَمْ"[۱] اور "لَمَّا" اگرچہ مذکورہ پانچ چیزوں میں مشترک ہیں، لیکن پھر بھی کئی وجوہ سے ان میں فرق ہے:

پہلا فرق: "لَمَّا" ماضی منفی میں استغراق کا فائدہ دیتا ہے اور "لَمْ" مطلقاً نفی کا فائدہ دیتا ہے، یعنی "لَمَّا" کی نفی عموماً زمانہ ماضی میں شروع ہو کر حال تک جاری رہتی ہے، جیسے: ﴿وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ﴾ اور "لَمْ" کی نفی زمانہ ماضی ہی میں ختم ہو جاتی ہے، جیسے: "لَمْ أَفْهِمْ كَلَامَكَ"[۲].

دوسرا فرق: "لَمَّا" کے بعد جو فعل ہوتا ہے اس کا حصول متوقع ہوتا ہے جب کہ یہ بات "لَمْ" میں شرط نہیں ہے، یعنی "لَمَّا" کی نفی کی صورت میں ثبوت کی امید ہوتی ہے بخلاف "لَمْ" کہ اس کی نفی متوقع الثبوت نہیں ہوتی، جیسے: "لَمَّا يَذْهَبْ زَيْدٌ" کا معنی ہے کہ زید ابھی تک نہیں گیا، لیکن اس کے جانے کی امید ہے۔

تیسرا فرق: "لَمَّا" کے بعد فعل مجزوم کو قرینہ کی وجہ سے حذف کرنا جائز ہے، جیسے اس مثال میں ہے: "نَدِمَ زَيْدٌ وَ لَمَّا، أَيْ لَمَّا تَنْفَعُهُ النَّدَامَةُ" اور جب کہ "لَمْ" کے فعل مجزوم کو حذف کرنا جائز نہیں۔

چوتھا فرق: "لَمَّا" حرف شرط کے بعد واقع نہیں ہو سکتا جب کہ "لَمْ" واقع ہو سکتا ہے، جیسے: "وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ."[۳]

مذکورہ فروق کے باوجود "لَمْ" اور "لَمَّا" ایک دوسرے کے معنی میں استعمال ہوتے رہتے ہیں، جیسے: ﴿كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ﴾، ﴿لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ﴾ پہلی مثال میں "لَمَّا" "لَمْ" کے معنی میں استعمال ہوا ہے جب کہ دوسری مثال میں "لَمْ" "لَمَّا" کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔[۴]

۴۔ "لَمَّا" کی اقسام:

"لَمَّا" کی تین قسمیں ہیں: (الف) "لَمَّا" جازمہ استغراقیہ، (ب) "لَمَّا" شرطیہ، (ج) "لَمَّا" استثنائیہ

(الف)۔ "لَمَّا" جازمہ استغراقیہ: "لَمَّا" جازمہ استغراقیہ ماضی منفی میں استغراق کا فائدہ دیتا ہے، مذکورہ مثالیں اسی ہی کی ہیں، کچھ اور مثالیں یہ ہیں: "لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ." (ص:۸)، "وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ." (الحجرات:۱۴)۔

---

[۱] جمہور کے نزدیک حرف "لَمْ" اصل کلمہ ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، امام فراءؒ فرماتے ہیں کہ "لَمْ" کی اصل "لَا" ہے، الف کو میم سے بدل دیا۔ علامہ رضی الدین استر آبادی امام فراء کے قول کو رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "لَا دَلِيْلَ عَلَى قَوْلِ الْفَرَّاءِ"۔ (شرح الرضي:۳۳۵/۲)

[۲] حرف "لَمْ" شروع میں اس لیے آتا ہے کہ متکلم کو شروع تکلم سے یہ بات معلوم ہو جائے کہ یہ نفی جحد بلم ہے، جحد (بفتح الجیم وسکون الحاء) کے معنی (الإنکار مع العلم) جانتے ہوئے انکار کرنے کے آتے ہیں اور کبھی مطلق انکار کے لیے بھی آتا ہے، چونکہ ماضی متحقق الوقوع ہوتا ہے، لہٰذا اس کے معنی جانتے ہوئے انکار کرنے کے ہیں اور یہی جحد کا صحیح تلفظ ہے، کیونکہ بفتحتین اور بالضم کی صورت میں اس کے معنی قلت خیر اور تنگدست کے آتے ہیں جو علم صرف کے باب میں مقصود نہیں۔ (الصحاح:۴۵۱/۲، لسان العرب:۱۸۲/۲)

[۳] جامع الدروس العربیۃ:۱۸۴/۲، موسوعۃ النحو والصرف:۵۸۱، النحو الوافی:۴۱۳/۴۔

[۴] الموجز فی قواعد اللغۃ العربیۃ:۸۷/۱.

(ب)۔ "لَمَّا" شرطیہ: "لَمَّا" جب فعل ماضی پر داخل ہو تو اس وقت شرطیہ ہوتا ہے، قرآن مجید مین اس کی مثالیں بے شمار ہیں، جیسے: "فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ." (الاسراء:٦٦) "فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ." (لقمان:۳۲) " وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِنَ النَّاسِ." (القصص:۲۳)۔

(ج)۔ "لَمَّا" استثنائیہ: "لَمَّا" جملہ اسمیہ پر داخل ہو تو اس وقت استثنائیہ ہوتا ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ یہ "إِنْ" نافیہ کے بعد آتا ہے، جیسے: "إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ." [۱]

خلاصہ کلام یہ ہے کہ "لَمَّا" فعل مضارع پر داخل ہو جازمہ ہوگا، ماضی پر داخل ہو تو شرطیہ ہوگا اور اگر جملہ اسمیہ پر داخل ہو تو استثنائیہ ہوگا۔

۵۔ لام امر اور لائے نہی:

حروف جازمہ میں تیسرا "لام" امر اور چوتھا "لَا" نہی ہے، لام امر کا لفظی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع معلوم کے مخاطب کے صیغوں کے علاوہ باقی صیغوں پر داخل ہو کر ان کو جزم دیتا ہے، جیسے: "لِيَضْرِبْ" اور معنوی عمل یہ ہے کہ فعل مضارع میں "طلب فعل" والا معنی پیدا کرتا ہے، لام امر کو لام دعا، لام التماس اور لام مکسورہ بھی کہتے ہیں، کیونکہ یہ ہمیشہ مکسور ہوتا ہے، لیکن اگر اس سے پہلے "واؤ، فاء" یا "ثُمَّ" آجائے تو ساکن ہوجاتا ہے، جیسے: "ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ." (الحج:۲۹) اور "فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَى طَعَامِهِ." (عبس:۲۴)[۲] اور لائے نہی بھی فعل مضارع لفظاً جزم دیتا ہے اور معناً فعل مضارع میں "ترک فعل" والا معنی پیدا کرتا ہے، جیسے: "يَا بُنَيَّ لاتُشْرِكْ بِاللهِ. وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيعاً وَلا تَفَرَّقُوا." [۳]

۶۔ "إِنْ" جازمہ:

حروف جازمہ میں پانچواں حرف "إِنْ" ہے، اس کو "إِنْ" شرطیہ کہتے ہیں، یہ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے اور باقی چار حروف جازمہ ایک فعل کو جزم دیتے ہیں[۴] اور یہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں، لفظی عمل اس کا یہ ہے کہ شرط اور جزاء دونوں کو جزم دیتا ہے، فعل مضارع کو لفظاً اور فعل ماضی کو تقدیراً۔ اور معنوی عمل یہ ہے کہ فعل ماضی کو مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔ پھر شرط اور جزاء کے اعراب کی یہ سات صورتیں ہیں:

---

[۱] النحو الوافی: ۴/۴۲۰۔
[۲] النحو الوافی: ۴/۴۰۷۔
[۳] النحو الوافی: ۴/۴۰۹۔
[۴] جوازم کی دو قسمیں ہیں: ۱)۔ ایک وہ جو ایک فعل کو جزم دیتے ہیں، جیسے: إِنْ، ولَمْ، و لام أمر، و لام نهي. ۲)۔ دوسری قسم جوازم کی وہ ہے جو دو فعلوں کو جزم دیں۔ جیسے: إِنْ، مَنْ، أَيْنَ اور دیگر اداتِ شرط وغیرہ۔

(الف)۔ شرط اور جزاء دونوں فعل مضارع ہوں، اس صورت میں دونوں پر جزم واجب ہوگی اور لفظاً مجزوم ہوں گے، جیسے: "إِنْ يَنْتَهُوا يُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ." (الانفال:۲۹)۔

(ب)۔ اگر شرط و جزاء دونوں ماضی ہوں محلاً مجزوم ہوں گے، جیسے: "إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ." (الاسراء:۷)۔

(ج)۔ اگر شرط فعل ماضی اور جزاء فعل مضارع ہو تو جزاء میں رفع اور جزم دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن رفع کی صورت میں بھی جزاء محلاً مجزوم ہوگا، اس صورت میں جزم احسن اور رفع حسن ہے، جیسے: "مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ." (ہود:۱۵)۔

(د)۔ اگر شرط و جزاء دونوں فعل مضارع ہوں اور شرط پر "لَمْ" جازمہ داخل ہو تو اس صورت میں جزاء پر جزم اور رفع دونوں جائز ہیں، جزم کی مثال، جیسے: "إِنْ لَمْ تَقُم أَقُمْ"، اور رفع کی مثال، جیسے: "إِنْ لَمْ تَقُمْ أَقُوْمُ."

(ھ)۔ اگر شرط فعل مضارع ہو اور جزاء ماضی ہو تو شرط پر لفظاً جزم واجب ہے، جیسے ایک حدیث میں ہے: "مَنْ يَقُمْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيْمَاناً وَاحْتِسَاباً، غُفِرَ له ما تقدَّمَ من ذنبِهِ." لیکن یہ صورت قلیل و نادر ہے۔

(و)۔ اگر جزاء فعل مضارع ہو اور اس پر "فاء" داخل ہو تو جزاء پر جزم لفظاً ممنوع ہے، لیکن محلاً مجزوم ہوگا، جیسے: "وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ."

(ز)۔ اگر جزاء جملہ ہو اور "فاء" یا "إِذَا" کیساتھ مقترن ہو تو اس صورت میں محلاً مجزوم ہوگا، جیسے: "إِنْ تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ" اور "وَإِنْ تَنْتَهُوا فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ." (الانفال:۱۹)۔ [1]

۷۔ جملہ شرطیہ کے لیے شرائط:

شرط ہمیشہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے اور جزاء جملہ فعلیہ بھی ہو سکتی ہے، جملہ اسمیہ بھی اور مذکور بھی اور محذوف بھی، جب جملہ شرط واقع ہو (پھر شرط عام ہے خواہ ادات شرط "إِنْ" ہو، یا اس کا غیر ہو) تو اس کے لیے یہ سات شرائط ہیں:

(الف)۔ معناً فعل ماضی نہ ہو، لہذا "إِنْ ضَرَبْتَ أَمْسِ أَضْرِبْ" کہنا درست نہیں ہوگا۔

(ب)۔ اس میں طلب والا معنی نہ ہو، یعنی امر، نہی، استفہام وغیرہ نہ ہو، لہذا "إِنْ قم" کہنا درست نہیں۔

(ج)۔ فعل غیر متصرف نہ ہو، لہذا "إِنْ لَيْسَ" کہنا درست نہ ہوگا۔

(د)۔ "سين" یا "سَوْفَ" میں سے کوئی حرف اس پر داخل نہ ہو، لہذا "إِنْ سَيَضْرِبْ" کہنا درست نہ ہوگا۔

(ھ)۔ اس پر "قَدْ" داخل نہ ہو، لہذا "إِنْ قَدْجَاءَتْ" درست نہیں۔

(و)۔ اس پر "لَمْ" اور "لَا" کے علاوہ کوئی اور حرف نفی داخل نہ ہو، لہذا "إِنْ لَنْ يَضْرِبَ" کہنا درست نہیں ہوگا۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۰۰۔

(ز)۔ جملہ اسمیہ نہ ہو، لہذا "إِنْ زَيْدٌ ضَارِبٌ أَضْرِبْ" کہنا درست نہ ہو گا۔[1]

۸۔ جزاء پر "فاء" جزائیہ کا دخول:

شرط کی جزاء پر "فاء" داخل ہوتا ہے، پھر اس کی تین صورتیں ہیں، بعض صورتوں میں واجب، بعض میں جائز اور بعض ممنوع ہے، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

پہلی صورت: وجوب:

ہر وہ جزاء جس کا شرط بننا ممتنع ہو تو اس پر "فاء" کا داخل کرنا واجب ہے اور وہ یہ بارہ مقامات ہیں:

۱) جزاء جملہ اسمیہ ہو، جیسے: "وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ." (ہود:۱۰۷)

۲) جزاء فعل جامد ہو، جیسے: "إِنْ تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَوَلَدًا، فَعَسَى رَبِّي أَنْ يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِنْ جَنَّتِكَ." (الکہف:۳۹-۴۰) اور "إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ." (البقرۃ:۲۷۱)۔

۳) جزاء جملہ انشائیہ ہو، جیسے: "قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللهُ" (ال عمران:۳۱)۔

۴) جزاء فعل ماضی ہو اور اس پر "قَدْ" داخل ہو، پھر "قَدْ" عام ہے خواہ لفظاً ہو، جیسے: "إِن يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِن قَبْلُ." (یوسف:۷۷) یا مقدر ہو، جیسے: "إِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ." (یوسف:۲۶)، "أَيْ فَقَدْ صَدَقَتْ."

۵) جزاء فعل مضارع ہو اور اس پر "سَوْفَ" داخل ہو، جیسے: "وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللهُ مِن فَضْلِهِ." (التوبۃ:۲۸)۔

۶) جزاء فعل مضارع ہو اور اس پر "سین" داخل ہو، جیسے: "وَمَن يَسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيهِ جَمِيعاً." (النساء:۱۷۲)۔

۷) جزاء فعل مضارع مؤکد بلن ناصبہ ہو، جیسے: "وَمَا يَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُكْفَرُوهُ." (ال عمران:۱۱۵)۔

۸) جزاء فعل ماضی منفی ہو، جیسے: "فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُمْ مِّنْ أَجْرٍ." (یونس:۷۲)

۹) جزء پر کلمہ حصر "كَأَنَّمَا" داخل ہو، جیسے: "مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا." (المائدۃ:۳۲)۔

۱۰) جزاء مصدر بادواتِ شرط ہو، جیسے: "وَإِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۹۱/۲، المنہاج الکامل: ۲۲۳۔

الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِآيَةٍ."(الانعام:۳۵)۔

۱۱) جزاء فعل مضارع ہو اور اس پر "قَدْ" داخل ہو، جیسے: "إن تَذهبْ فقد أَذهبُ."

۱۲) جزاء پر "رُبَّ" داخل ہو، جیسے: "إِنْ تَجِيءْ فَرُبّمَا أَجِيْءُ."[1]

دوسری صورت: جواز الامرین:

جزاء پر دخول "فاء" کی دوسری صورت جواز الامرین کی ہے اور یہ دو مقامات ہیں جن میں "فاء" کو جزاء پر داخل کرنا اور نہ کرنا دونوں جائز ہیں:

۱) جزاء فعل مضارع مثبت ہو اور اس پر "سین وسوف" داخل نہ ہو، جیسے: "إِنْ تَضْرِبْنِيْ أَضْرِبْكَ" اور "إِنْ تَضْرِبْنِيْ فَأَضْرِبْكَ" دونوں جائز ہیں اور قرآن مجید سے مثال یہ ہے: "وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَى عَذَابِ النَّارِ."(البقرۃ:۱۲۶)۔

۲) جزاء فعل مضارع منفی ہو اور اس پر "لَا" داخل ہو، جیسے: "إِنْ تَشْتِمُنْيْ لَاأَضْرِبُ" یا "إِنْ تَشْتِمُنِيْ فَلَا أَضْرِبْكَ" دونوں طرح جائز ہے، قرآن مجید سے مثال یہ ہے: "وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا." (الانعام:۱۶۰)۔

تیسری صورت: امتناع:

جزاء پر دخول "فاء" کی تیسری صورت امتناع کی ہے کہ اس صورت میں جزاء پر "فاء" داخل کرنا ممتنع اور ناجائز ہے اور یہ درج ذیل تین مقامات ہیں:

۱) جزاء فعل ماضی مثبت ہو اور اس پر "قَدْ" داخل نہ ہو، جیسے: "وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا."(ال عمران:۹۷)، یہاں "كَانَ آمِنًا." پڑھنا ناجائز ہے۔

۲) جزاء فعل نفی جحد بہ "لَمْ" کا صیغہ ہو، جیسے: "مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللهَ!"

۳) جزاء مصدر بہ ہمزہ استفہام ہو، جیسے: "أَرَأَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّى، أَلَمْ يَعْلَمْ."(العلق:۱۲-۱۳)[2]

عامل شرط و جزاء:

شرط اور جزاء کے عامل میں اختلاف ہے، اکثر بصریین کے نزدیک دونوں میں عامل حرف شرط ہے، امام خلیلؒ اور امام مبردؒ کے نزدیک فعل شرط میں عامل ادات شرط ہے اور جزاء میں عامل کلمہ شرط و فعل شرط دونوں ہیں، امام اخفشؒ کے نزدیک فعل شرط میں عامل ادات شرط ہے اور جزاء میں عامل فعل شرط ہے اور کوفیین حضرات نے نزدیک فعل شرط میں

---

[1] جامع الدروس العربیہ:۱۹۲/۲، موسوعۃ النحو والصرف:۴۰۹۔

[2] جامع الدروس العربیۃ:۱۹۳/۲۔

عامل اداتِ شرط ہے اور جزاء میں جزم جوار کی وجہ سے ہے۔ [۱]

۸۔ قواعد وفوائد:

قاعدہ: "إِنْ" دو فعلوں پر داخل ہوتا ہے اور انہیں جزم دیتا ہے، پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں، پھر اگر شرط و جزاء دونوں فعل مضارع ہوں، یا فقط شرط فعل مضارع ہوں تو جزم واجب ہوگی، جیسے: "إِنْ تَضْرِبْنِيْ أَضْرِبْكَ، إِنْ تَضْرِبْنِيْ ضَرَبْتُكَ" اور اگر صرف جزاء فعل مضارع ہو تو رفع اور جزم دونوں جائز ہیں، جیسے: "إِنْ ضَرَبْتَنِي أَضْرِبْكَ، أَضْرِبُكَ" اور اگر شرط و جزاء فعل ماضی ہو تو وہاں جزم محلی ہوگا، جیسے "إِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ"۔ اور شرط ہمیشہ مشکوک الوجود ہوگا، لیکن اگر شرط متیقن الوجود ہو تو وہاں "إِنْ" کے بجائے "إِذَا" لایا جائے گا، جیسے "اٰتِيْكَ إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ"۔

فائدہ: "لَمْ" مضارع کی نفی کے لیے آتا ہے اور اس کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے: "أُولٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا"۔ اور "لَمَّا" یہ بھی مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، اس کو "لَمَّا" استغراقیہ کہتے ہیں، جیسے "وَلَمَّا يَدْخُلِ الإِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ" (الحجرات:۱۴)۔ اور "لام أمر" مضارع میں طلب اور امر کا معنی پیدا کرتا ہے، جیسے "لِيُنْفِقْ ذُوْسَعَةٍ مِنْ سَعَتِه" (الطلاق:۸)۔ پھر یہ طلب عام ہے، خواہ غائب سے ہو، یا مخاطب سے یا متکلم سے ہو۔ اور اگر "لام أمر"، "واؤ، فاء، ثُمَّ" کے بعد واقع ہو تو ساکن ہوگا، جیسے: "فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَلْيَبْكُوْا كَثِيْراً، ثُمَّ لِيَقْضُوْا" وغیرہ۔ اور "لائے نہی" مخاطب یا غائب کو کسی کام سے روکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے: "وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ"۔

قاعدہ: لام امر "قُلْ" کے جواب میں محذوف ہوتا ہے، جیسے: "قُلْ لِعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ." (ابراہیم:۳۰) [۲]۔

قاعدہ: لائے نہی عموماً مخاطب اور غائب پر داخل ہوتی ہے اور صیغہ متکلم پر اس کا دخول قلیل و نادر ہے۔ [۳]

قاعدہ: "لَمْ" اور "لَمَّا" کو "حرفِ نفی"، "حرفِ جزم" اور "حرفِ قلب" بھی کہتے ہیں؛ اس لئے کہ یہ مضارع مثبت کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتے ہیں۔

قاعدہ: "إِنْ" مستقبل کے لیے آتا ہے حتی کہ اگر فعل ماضی پر بھی داخل ہوجائے تو اس کو بھی مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے: "وَإِنْ عُدْتُمْ عُدْنَا" اور اس صورت میں مجزوم محلاً ہوگا کیونکہ فعل ماضی مبنی ہے معرب نہیں۔

قاعدہ: اگر اسم اور فعل مبنی ہوں تو ان دونوں کا اعراب محلی ہوگا۔

---

[۱] شرح الاشمونی مع حاشیۃ الصبان: ۱۳/۴، شرح التصریح: ۳۱۳/۲، شرح الرضی علی الکافیۃ: ۲۳۶/۲، الانصاف فی مسائل الخلاف بین النحویین البصریین والکوفیین: ۴۹۳/۲۔

[۲] النحو الوافی: ۴۰۷/۴۔

[۳] النحو الوافی: ۴۱۰/۴۔

قاعدہ: "كَانَ" اگر شرط واقع ہو تو تب بھی اس کا معنیٰ ماضی والا ہو گا، جیسے: "إِنْ كُنْتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ." (المائدۃ:۱۱۶)۔

فائدہ: بعض اوقات "فاء" جزائیہ کی جگہ "إِذَا" مفاجاتیہ بھی لایا جاتا ہے، جیسے: "وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ." (الروم:۳۶)، اس مثال میں "هُمْ يَقْنَطُونَ" جزاء ہے جو جملہ اسمیہ ہے، لیکن اس پر "فاء" لانے کی بجائے "إِذَا" مفاجاتیہ لائے ہیں۔[1]

قاعدہ: جملہ شرطیہ ہمیشہ لا محل لہا من الاعراب ہوتا ہے اور اعراب لفظاً یا محلاً فعل شرط پر واقع ہوتا ہے اور جملہ جزائیہ لا محل لہا من الاعراب ہے، لیکن اگر شرط جازم کی جزاء مصدر بالفاء یا "إِذَا" مفاجاتیہ ہو تو محلاً مجزوم ہوتا ہے۔[2]

قاعدہ: اگر امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی، عرض، دعا اور تحضیض کا جواب "واوٌ" اور "فاء" سے خالی ہو اور ارادہ سبب مسبب کا ہو (یعنی پہلا دوسرے کے لیے سبب بن سکتا ہو) تو وہاں "إِنْ" بمع شرط کے مقدر ہوتا ہے اور مذکورہ چیزوں کا جواب "إِنْ" شرطیہ کی جزاء ہونے کی وجہ سے مجزوم ہوتا ہے، جیسے: ۱) امر کی مثال، جیسے: "أَسْلِمْ تَسْلِمْ"۔ ۲) نہی، جیسے: "لَا تَكْفُرْ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"۔ ۳) استفہام، جیسے: "هَلْ تَنْصُرْ أَنْصُرْ؟" ۴) تمنی، جیسے: "لَيْتَ لِيْ مَالاً فَأُنْفِقَهُ"۔ ۵) عرض، جیسے: "أَلَا تَنْزِلَ بِنَاتُصِبْ خَيْراً"۔ ۶) دعا، جیسے: "أَبْقَاكَ اللهُ أَزُرْكَ"۔ ۷) تحضیض، جیسے: "لَوْلَا تَأْتِيْنِيْ أُكْرِمْكَ"۔ ۸) نفی، جیسے: "لَا تَفْعَلِ الشَّرْ يَكُنْ خَيْراً لَكَ"۔ اور اگر سبب و مسبب کا ارادہ نہ ہو تو وہاں تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں: ۱) صفت ہو موصوف کی، جب کہ اس سے پہلے کوئی نکرہ ہو، جیسے: "فَهَبْ لِيْ مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي." ۲) حال ہو، جیسے: "ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ." (الانعام:۹۱)۔ ۳) یہاں "يَلْعَبُونَ" فعل مضارع اگرچہ جواب امر ہے، لیکن حال بن رہا ہے۔ یا جملہ مستانفہ ہو گا، جیسے: "وَقَالَ رَائِدُهُمْ : أَرْسُوْا نُزَاوِلُهَا." یہاں "نُزَاوِلُهَا" جملہ مستانفہ ہے، اگرچہ امر کے جواب میں ہے۔[3]

قاعدہ: اگر "إِنْ" شرطیہ یا کسی بھی اداتِ شرط کے بعد کوئی اسم مرفوع آجائے تو وہ فعل محذوف کا فاعل یا نائب فاعل ہو گا اور مابعد فعل اس فعل محذوف کی تفسیر ہو گی، جیسے: "وَإِنْ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ." (التوبۃ:۶) یہاں تقدیرِ عبارت یوں ہے: "وَإِنِ اسْتَجَارَ أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ." اور اسی طرح یہ مثال ہے: "إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ." (التکویر:۱)، "أَيْ إِذَا كُوِّرَتِ الشَّمْسُ كُوِّرَتْ."[4]

قاعدہ: کبھی "إِنْ" شرطیہ میں "لَا" نافیہ مدغم ہو جاتا ہے، بظاہر وہ "إِلَّا" استثنائیہ معلوم ہوتی ہے، لیکن وہ "إِلَّا" مرکبہ ہوتی ہے، جیسے: "وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ." (یوسف:۳۳) یہ اصل میں "إِنْ لَا تَصْرِفْ.." ہے اور کبھی "مَا"

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۱۹۲/۲۔
[2] جامع الدروس العربیہ: ۱۹۲/۲۔
[3] المفصل للزمخشری: ۳۳۴، شرح المفصل لابن یعیش: ۲۷۸/۴، معانی النحو: ۱۴/۴۔
[4] جامع الدروس العربیۃ: ۱۹۱/۲۔

زائدہ میں مدغم ہوجاتا ہے اور بظاہر "اِمَّا" عاطفہ معلوم ہوتی ہے، جیسے:" فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ."(غافر: ۷۷)۔ یہ اصل میں "إِنْ مَا.." ہے۔

فائدہ: جب شرط پر "واؤ" یا "فاء" کیساتھ فعل مضارع کا عطف ہو تو مضارع میں دو وجہیں جائز ہیں: ۱) جزم بنا بر عطف، ۲) نصب بناء بر تقدیر "إِنْ"، جیسے: "إِنْ تَحْلِفْ وَتَكْذِبْ" پڑھنا بھی جائز ہے اور "تَكْذِبَ تَأْثَمْ" پڑھنا بھی جائز ہے اور اسی طرح " إِنْ تَقْضِ وَتَعْدِلْ" پڑھنا بھی جائز ہے اور " تَعْدِلَ تُدْرِكَ رِضَاالنَّاسِ." پڑھنا بھی جائز ہے۔ اور جب جزاءء پر فعل مضارع کا عطف "واؤ" یا "فاء" کیساتھ ہو تو وہاں مضارع میں تین وجہیں پڑھنا جائز ہیں: ۱) جزم بناء بر عطف، ۲) نصب بنا پر تقدیر "إِنْ"، ۳) رفع بنا بر استیناف، جیسے: "مَنْ يَأْكُلْ كَثِيْراً يَنْخَمْ وَيَمْرَضْ" یا" يمرَضَ "یا "يمرَضُ "تینوں پڑھنا جائز ہیں۔ [1]

قاعدہ: جب شرط اور قسم دونوں جمع ہوں تو جواب ان میں سے سابق کے لیے ہوگا، یعنی اگر شرط پہلے ہو تو جواب اس کے لیے ہوگا، جیسے: "إِنْ صَحَبتِ الْأَشْرَارَ وَاللهِ! تَنْدِمْ" اور اگر قسم پہلے ہو تو جواب قسم کے لیے ہوگا، جیسے: "وَاللهِ! إِنْ صَحَبتِ الْأَشْرَارَ لَتَندِمَنَّ"، لیکن اگر شرط اور قسم سے پہلے ایسی چیز (مثلاً: مبتداء، "إِنَّ" وغیرہ) ہو جو خبر کی طرف محتاج ہو تو پھر جواب میں اختیار ہے، خواہ شرط کے لیے بنائیں یا قسم کے لیے، جیسے: "أَنْتَ وَاللهِ إِنِ اتَّبَعْتَ نُصْحَ الْأُسْتَاذِ تَنْجَحْ" یا "لَتَنْجَحَنَّ" اور اسی طرح یہ مثال ہے: "إِنَّكَ إِنِ اتَّقَنْتَ الْعَمْلَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ أُضَاعِفْ لَكَ الْأَجْرَ" یا "لَأُضَاعِفَنَّ لَكَ الْأَجْرَ." [2]

قاعدہ: کبھی فعل شرط کو حذف کیا جاتا ہے، لیکن اس کے شرط یہ ہے کہ "إِنْ" شرطیہ کے بعد "إِلَّا" واقع ہو، جیسے تہذیب میں ہے: "إِنَ كَانَ(الْعِلْمُ) إِذْعَاناً لِلنِّسْبَةِ فَتَصْدِيْقٌ وَإِلَّا فَتَصَوُّرٌ" اور کبھی جزاء محذوف ہوتی ہے، لیکن اس کے لیے دو شرطیں ہیں: ۱) جزاء پہلے سے معلوم ہو۔ ۲) فعل شرط ماضی ہو، جیسے: "أَنْتَ ظَالِمٌ إِنْ فَعَلَتْ، أَيْ إِنْ فَعَلْتَ فَأَنْتَ ظَالِمٌ" اور کبھی دونوں حذف ہوتے ہیں، جیسے: "وَ إِلَّا فَلَا". [3]

چند حل شدہ تراکیب:

✍... "إِنْ" کی مثال: إِنْ تُقْرِضُوا اللهَ قَرْضًاحَسَنًا يُّضَاعِفْهُ لَكُمْ:

"إِنْ" حرف شرط جازما مستقبل... "تُقْرِضُوْا" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... لفظ "اللهَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا... "قَرْضًا" مفعول مطلق اوست منصوب بالفتحہ لفظا موصوف... "حَسَنًا" صفت اوست منصوب بالفتحہ لفظا... باز "حَسَنًا" صیغہ صفت مشبہ تکیہ گرفتہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر

---

[1] النحو الوافی: ۴/۳۶۳۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش: ۴/۲۸۷، المنہاج الکامل: ۷/۲۲۷۔
[3] بدر السعید: ۳۰۰۔

فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف... " يُضَاعِفْ "جملہ جزاو لش مجزوم محلا،... باز "يُضَاعِفْ" صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے "الله"... "هُ"، ضمیر غائب مفعول بہ است منصوب محلا راجع بسوئے "قَرْضًا"... "لام" جارہ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرورو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "يُضَاعِفْ" است۔

✍ ..."لَمْ" کی مثال: أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ:

"أ" حرف استفہام ... "لَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ" جملہ مستفہمہ است ... "لَمْ" جازمہ جحدیہ جازمۃ المستقبل ... "يَأْتِ" صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرف علت ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مفعول بہ مقدم است منصوب محلا ... "نَذِيرٌ" فاعلش مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظا۔

✍..."لَا" کی مثال: لَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ:

"لا" ناہیہ جازمہ جازمۃ المستقبل ... "تَعْثَوْا" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا ذوالحال... "فِيْ" جارہ... "الْأَرْضِ" مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "تَعْثَوْا" فعل است ... "مُفْسِدِيْنَ" حال اوست منصوب بالیاء لفظا... باز "مُفْسِدِيْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍ ..."لام" امر کی مثال: فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا:

"ف" کہ حالش از ما قبل معلوم خواہد شد... "لام" امریہ جازمہ جازمۃ المستقبل ... "يَضْحَكُوْا" صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "قَلِيْلاً"، مفعول مطلق اوست منصوب بالفتحہ لفظا صفت باعتبار موصوف محذوف کہ "ضِحْكاً" باشد... "واو" حرف عاطفہ... "لِيَبْكُوْا كَثِيْرًا" معطوف اوست ... "لِيَضْحَكُوْا الخ" معطوف علیہ است... "لام" امریہ جازمہ جازمۃ المستقبل ... "يَبْكُوْا" صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف نون اعرابی ... "واو" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "كَثِيْراً"، مفعول مطلق اوست منصوب بالفتحہ لفظا باعتبار موصوف محذوف کہ "بُكَاءً" باشد۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں حروف جازمہ کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

إِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌعَظِيْمٌ. إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. لَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ. أُولٰئِك لَمْ يُؤْمِنُوْا. إِنْ تَنْصُرُوااللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ. لاَ تَكْفُرْ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ. أَصْلِحْ عَمَلَكَ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ. إِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ. إِنْ جَاؤكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ. إِنْ تَكْفُرُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ. وَإِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ. إِنْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوْا النَّارَ الَّتِيْ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِيْنَ. خَالِفْ نَفْسَكَ تَسْتَرِحْ. لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ.

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنْفُسَهُمْ. وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِنَ النَّاسِ. لَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا. وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ. إِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ. فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَذَا الْبَيْتِ. إِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُوا بِهَا. وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا. ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ. وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ. وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ. لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ. فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَى طَعَامِهِ. وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ. فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ. فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ. إِنْ تَدْرُسْ تَنْجَحْ . إِنْ تَقْرَأِ الْقُرآنَ تَتَهَذَّبْ. لا تَكْذِبْ يَكُنْ خَيْراً. لَا تَعْجَلْ فِيْ أُمُوْرِكَ تَسْلِمْ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍... إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ:

"إِنْ" حرف شرط جازمہ جازمتہ ا مستقبل ... "تُعَذِّبْ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً ... "هُمْ "ضمیر غائبین مفعول بہ است منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... جزاء محذوف کہ تقدیرش "تَعْدِلْ" ویاکہ "أَنْتَ الْعَادِلُ فِيْ ذٰلِكَ" باشد... "ف" تعلیلیہ قائم مقام جزاء است... "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "هُمْ" ضمیر غائبین اسمش منصوب محلاً... "عِبَادُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظامضاف... "كَ" ضمیر خطاب مضاف الیہ است مجرور محلاً... "واؤ" عاطفہ... "إِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ" جملہ معطوف... "إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ" جملہ معطوف علیہ اوست... "إِنْ" حرف شرط جازمہ جازمتہ ا مستقبل... "تَغْفِرْ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... "ل" جارہ... "هم" ضمیر غائبین مجرورو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "تَغْفِرْ" فعل است... جزاء محذوف کہ تقدیرش "تَتَفَضَّلْ" ویاکہ "فَذٰلِكَ تَفَضُّلٌ مِّنْكَ" باشد... "فَ" تعلیلیہ قائم مقام جزاء است... "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "ك" ضمیر خطاب اسمش منصوب محلاً موکد "أَنْتَ" تاکید است... ویاکہ "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "كَ" ضمیر خطاب اسمش منصوب محلاً... "أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ" جملہ خبرش مرفوع محلا... باز "أَنْتَ" ضمیر مرفوع منفصل مبتداء اوست مرفوع محلا... "العزيز" خبر اول اوست مرفوع بالضمہ لفظاالخ... ویاکہ "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "كَ" ضمیر خطاب اسمش منصوب محلاً... "أَنْتَ" ضمیر فصل... "الْعَزِيزُ" خبر اول اوست مرفوع بالضمہ لفظا... باز "الْعَزِيزُ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم... "إِنَّ" ویاکہ بر مبتدا خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... "الْحَكِيْم" خبر ثانی اوست مرفوع بالضمہ لفظا... باز "الْحَكِيْم" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم... "إِنَّ" ویاکہ بر مبتدا خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... ویاکہ "الْعَزِيزُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظاموصوف الخ... "الْحَكِيْمُ" صفت اوست مرفوع بالضمہ لفظاالخ... [1]

---

[1] التبیان لابی البقاء:۱/۴۷۷، تفسیر النسفی:۱/۴۸۷، الدر المصون:۱/۲۶۷، تفسیر اللباب:۱/۵۲۱۔

✍... لَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوْبِكُمْ:
"لَمَّا"جحدیہ جازمہ جازمتہ المستقبل... "یَدْخُلْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... "الْإِیمَانُ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً ... "فِی"جارہ... "قُلُوْبِ"مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ "یَدْخُلْ" فعل است...باز "قُلُوْبِ" مضاف... "کُمْ"ضمیر مخاطبین مضاف الیہ است مجرور محلاً۔
✍ أُولٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا:
" أُولَئِكَ"اسم اشارہ مبتدا است مرفوع محلاً... "لَمْ يُؤْمِنُوا"جملہ خبر ش مرفوع محلاً... "لَم"جحدیہ جازمہ جازمتہ المستقبل ... "یُؤْمِنُوا"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے مبتدا۔
✍... "لَاتَكْفُرْ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ:
۱)۔ "لَا"ناہیہ جازمہ جازمتہ المستقبل... "تَکْفُرْ"صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا ... "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جواب نہی است... "تَدْخُلْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ" مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔
۲)۔ ویا کہ "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جملہ جزائش مجزوم محلا برائے شرط محذوف کہ تقدیرش... "إِنْ لَاتَكْفُرْ"باشد...باز "إِنْ"حرف شرط جازمہ جازمتہ المستقبل... "لَا"نافیہ غیر عاملہ... "تَکْفُرْ"صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جملہ جزائش مجزوم محلا...باز "تَدْخُلِ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت، ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ" مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔
✍ ..."أَصْلِحْ عَمَلَكَ تَدْخُلِ الْجَنَّةَ":
۱)۔ "أَصْلِحْ"صیغہ فعل امر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "عَمَلَ"مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "كَ"ضمیر مخاطب مضاف الیہ است مجرور محلا و منصوب معنا بنا بر مفعولیت... "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جملہ جواب امر است... "تَدْخُلِ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ"مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔
۲)۔ ویا کہ "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جملہ جزاء است مجزوم محلا برائے شرط محذوف کہ تقدیرش ..."إِنْ تُصْلِحْ عَمَلَكَ"باشد ...باز "إِنْ"حرف شرط جازمہ جازمتہ المستقبل ... "تُصْلِحْ"صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجذوم بحذفِ حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "عَمَلَ"مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "كَ"ضمیر مخاطب مضاف الیہ است مجرور محلا و منصوب معنا بنا بر مفعولیت... "تَدْخُلِ الْجَنَّةَ"جملہ جزائش مجزوم محلا...باز "تَدْخُلْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت،... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الْجَنَّةَ" مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔
✍ ..."خَالِفْ نَفْسَكَ تَسْتَرِحْ":

ا)۔ ”خَالِفْ“صیغہ فعل امر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... ”نَفْسَ“مفعول بہ است منصوب بالفتحہ مضاف... ”كَ“ ضمیر مخاطب مضاف الیہ است مجرور محلا... ”تَسْتَرِحْ“جملہ جواب امر است... باز ”تَسْتَرِحْ“صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

۲)۔ ویا کہ ”تَسْتَرِحْ“جملہ جزاء است مجزوم محلا برائے شرط محذوف کہ تقدیرش... ”إِنْ تُخَالِفْ نَفْسَكَ“باشد... باز ”إِنْ“حرف شرط جازم استقبل... ”تُخَالِفْ“ صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... ”نَفْسَ“مفعول بہ است منصوب بالفتحہ مضاف... ”كَ“ضمیر مخاطب مضاف الیہ است مجرور محلا... ”تَسْتَرِحْ“جملہ جزائش مجزوم محلا... باز ”تَسْتَرِحْ“صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍... إِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذَلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ:

”إِنْ“حرف شرط جازمہ جازمۃ استقبل... ”تَصْبِرُوا“صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف نون اعرابی... ”واؤ“ ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... ”و“عاطفہ... ”تَتَّقُوا“معطوف... ”تَصْبِرُوا“معطوف علیہ، جزاء محذوف کہ تقدیرش ”فَهُوَخَيْرٌ لَّكُمْ“ویا کہ ”فَقَدْأَحْسَنْتُمْ“ویا کہ ”أَصَبْتُمْ“باشد الخ... ”فَ“تعلیلیہ قائم مقام جزاء است... ”إِنَّ“حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... ”ذٰلِكَ“اسم اشارہ اسمش منصوب محلا... ”مِنْ عَزْمِ“... ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... باز ”مِنْ“جارہ... ”عَزْمِ“مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ”ثَبَتَ“ویا کہ ”ثَابِتٌ“مقدر است بناء براختلاف مذہبین الخ... ”عَزْمِ“مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... ”الْأُمُورِ“مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب معنا بناء بر مفعولیت۔ [1]

✍... إِنْ جَاءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ:

”إِنْ“حرف شرط جازمہ جازمۃ استقبل... ”جَاءُوْكَ“فعل ماضی معلوم شرطش مجزوم محلاً... ”واؤ“ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل... ”ك“ضمیر مخاطب مفعول بہ است منصوب محلا... ”ف“جزائیہ... ”احْكُمْ“صیغہ امر حاضر معلوم جزائش مجزوم محلا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... ”بَيْنَ“مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا مضاف... ”هُمْ“ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل۔

✍... إِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ:

”إِنْ“حرف شرط جازمہ جازمۃ استقبل... ”تَكْفُرُوا“صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم باسقاط نون اعرابی... ”واؤ“ ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا جزاء محذوف کہ تقدیرش ”يَعُوْدُ وَبَالُ كُفْرِكُمْ إِلَيْكُمْ لَا إِلَى اللهِ تعالى“باشد... ”ف“تعلیلیہ... ”إِنَّ اللهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ“ قائم مقام جزاء است... باز ”إِنَّ“حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... لفظ ”اللهَ“اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... ”غَنِيٌّ“خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز ”غَنِيٌّ“صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر اسم ”إِنَّ“

[1] اعراب القرآن درویش: ۱۲۷/۲۔

خود یعمل عمل فعله... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم "إِنَّ"... "عَنْ" جاره... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرورو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "غَنِيٌّ" شبہ فعل است۔ [۱]

✍... وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ:

"واؤ" عاطفه... "إِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ" جمله معطوف... "إِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ" جمله معطوف الیه است... "إِنْ" حرف شرط جازمه جازمتا مستقبل... "تَشْكُرُوْا" صیغه فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم باسقاط نون اعرابی "واؤ" ... ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "يَرْضَهُ" جزائش مجزوم بحذف حرف علت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع راجع بسوئے "الله"... "ه" ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اوست منصوب محلاراجع بسوئے مذکور ماقبل... "ل" جاره "كُمْ" ضمیر مخاطبین مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "يَرْضَهُ" فعل است۔ [۲]

✍... فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ:

"ف" استئنافیه... "إِنْ" حرف شرط جازمه جازمتا مستقبل... "لَمْ تَفْعَلُوْا" صیغه فعل جحد معلوم شرطش مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "وَلَنْ تَفْعَلُوا" جمله معترضه بین الشرط والجزاء لامحل لهامن الاعراب... "وَ" اعتراضیه... "لَنْ" ناصبه نافیه تاکیدیه ناصبتا مستقبل... "تَفْعَلُوا" صیغه فعل مضارع معلوم منصوب بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "ف" جزائیه... "اتَّقُوا" جمله جزائش مجزم محلا... باز "اتَّقُوا" صیغه فعل امر حاضر معلوم... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "النَّارَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحه موصوف ذوالحال... "الَّتِي" اسم موصول بمع صله صفت خویش صفت اوست منصوب محلا... باز "الَّتِي" اسم موصول... "وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ" جمله صله اوست... "وَقُودُهَا" مبتداء است مرفوع بالضمه لفظامضاف... "هَا" ضمیر غائبه مضاف الیه اوست مجرور محلاراجع بسوئے اسم موصول... "النَّاسُ" خبرش مرفوع بالضمه لفظا... "واؤ" عاطفه... "الْحِجَارَةُ" معطوف... "النَّاسُ" معطوف علیه اوست... "أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ" جمله حال اوست منصوب محلا... باز "أُعِدَّتْ" صیغه فعل ماضی مجهول... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاًراجع بسوئے "النَّار"... "لام" جاره... "الْكَافِرِينَ" مجرور بالیالفظاً ومنصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق "أُعِدَّتْ" فعل است... باز "الف لام" بمعنی "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "كَافِرِيْنَ" صله است... باز "كَافِرِيْنَ" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر موصول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاًراجع بسوئے موصول... ویاکه "أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ" جمله استئنافیه جواب سوال مقدره که "لِمَنْ قَالَ"؟ باشد... ویاکه "أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ" جمله صله اوست برائے "الَّتِي" الخ... [۳]

---

[۱] اعراب القرآن درویش: ۱۲۷/۲۔
[۲] اعراب القرآن درویش: ۱۲۷/۲۔
[۳] الدرالمصون: ۲۰۶/۱، اعراب القرآن درویش: ۵۸/۱، التبیان لابی البقاء: ۴۰/۱۔

بابِ دوم: افعالِ عاملہ

یہ بات درج ذیل گیارہ فصلوں پر مشتمل ہے:

❁... فصل اول: فعل اور عملِ فعل کا بیان ❁... فصل دوم: مفعول مطلق کا بیان ❁... فصل سوم: مفعول فیہ کا بیان ❁... فصل چہارم: مفعول معہ اور مفعول لہ کا بیان ❁... فصل پنجم: حال کا بیان ❁... فصل ششم: تمیز کا بیان ❁... فصل ہفتم: مفعول بہ کا بیان ❁... فصل ہشتم: فاعل اور نائب فاعل کا بیان ❁... فصل نہم: فعل متعدی کی اقسام ❁... فصل دہم: افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ کا بیان ❁... فصل یازدہم: افعال مدح وذم اور افعال تعجب

فصلِ اول: فعل اور عمل فعل کا بیان[1]

۱۔ فعل کی اقسام:

فعل کی دو قسمیں ہیں: (الف): فعلِ متصرف (ب): فعل غیر متصرف

(الف): فعلِ متصرف: وہ فعل ہے جس میں تصریف یعنی ماضی، مضارع، امر اور نہی وغیرہ گردانیں ہوں۔

(ب): فعل غیر متصرف: وہ فعل ہے جس فعل سے تمام گردانیں نہ آتی ہوں، جیسے: ”عَسَی، لَیْسَ“ وغیرہ۔

۲۔ عمل کے اعتبار سے فعل کی تقسیم:

ہر ایک فعل عامل ہوتا ہے اور عمل کے اعتبار سے اولاً فعل کی دو قسمیں ہیں: (الف) فعل تام (ب) قاصر

(الف): فعل تام کی تعریف:

فعل تام وہ ہے جو خبر منصوب کا تقاضا نہ کرے، بالفاظِ دیگر فعل تام وہ ہے جو اپنے مرفوع سے نسبتِ تام رکھے، یعنی اپنے مرفوع سے مل کر جملہ بنے، بالفاظِ دیگر فعل تام اس فعل کو کہتے ہیں جس میں نسبتِ حدوث (فعل کی نسبت) فاعل کی طرف مفید ہوتی ہے، جیسے: ”ضَرَبَ زَیْدٌ“.

(ب)۔ فعل قاصر کی تعریف:

فعل قاصر وہ ہے جو خبر منصوب کا تقاضا کرے، بالفاظِ دیگر فعل قاصر وہ ہے جو اپنے مرفوع سے نسبت تام نہ رکھے، یعنی اپنے مرفوع سے مل کر جملہ نہ بنے، بلکہ پہلے سے موجودہ نسبت کی تعیین کرے کہ وہ دائمی ہے یا جوازی، زمانہ ماضی میں ہے یا زمانہ حال میں ہے، بالفاظِ دیگر فعل قاصر اس فعل کو کہتے ہیں جس میں نسبتِ حدوث (فعل کی نسبت) فاعل کی طرف اس وقت تک مفید نہ ہو جب تک دوسرا کلمہ ساتھ نہ ملایا جائے، جیسے: افعال ناقصہ ہیں۔

۲۔ فعل تام کی اقسام:

فعل تام کی دو قسمیں ہیں: (الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول

---

[1] اس باب کا عنوان ”عملِ افعال“ ہے، افعال عاملہ نہیں، جیسا کہ باب اول کا عنوان ”حروف عاملہ“ ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر افعال عاملہ کہتے تو اس سے یہ شبہ پیدا ہوتا کہ افعال بھی حروف کی طرح دو قسم ہیں: عاملہ اور غیر عاملہ، حالانکہ کوئی فعل غیر عامل نہیں، بلکہ ہر فعل عامل ہے، یاد رہے کہ بعض حضرات کے نزدیک بعض افعال غیر عاملہ ہیں، جیسے: ”قَلَّ، کَثُرَ، طَالَ“، لیکن ان کے لیے شرط یہ ہے کہ ان کے بعد ”مَا“ آجائے اور اس کے بعد جو ”مَا“ ہے اس میں دو مذہب ہیں: ۱) یہ ”مَا“ مصدریہ ہے اور یہ اپنے مابعد کو مصدر کی تاویل میں کر دیتا ہے اور پھر ماقبل فعل کے لیے معمول بنے گا، اس صورت میں یہ تینوں عاملہ ہوں گے۔ ۲) بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ ”مَا“ کافہ ہے اور جو ان افعال کو عمل سے روک دیتا ہے اور جب کہ چوتھا فعل غیر عامل ”کَانَ“ زائدہ ہے اور پانچویں وہ افعال ہیں جو تاکید کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور وہ بھی غیر عاملہ ہوتے ہیں، جیسے: ”هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ.“ (المؤمنون:۳۶)۔ (جہد قصیر:۵۹، بدر السعید:۳۰۱)

(الف): فعل معروف کی تعریف:

فعل معروف وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم ہو، بالفاظِ دیگر فعل معروف وہ فعل ہے جو نسبتِ قیامی پر دلالت کرے، یعنی اس کی نسبت فاعل کی طرف ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا".

(ب): فعل مجہول کی تعریف:

فعل مجہول وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو، بالفاظِ دیگر فعل مجہول وہ فعل ہے جو نسبتِ وقوعی پر دلالت کرے، یعنی اس کی نسبت نائب فاعل کی طرف ہو، جیسے: "ضُرِبَ زَیْدٌ"، یہاں مارنے والا کوئی اور ہے، لیکن فعل کی نسبت فاعل کی طرف نہیں، یعنی یہ "فعل الفاعل المجہول" ہے۔

۳۔ فعل معروف کی اقسام:

فعل معروف کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ فعل لازمی (ب)۔ فعل متعدی

(الف)۔ فعل لازمی کی تعریف:

فعل لازمی وہ ہے جس کا معنی فاعل پر تام ہو اور مفعول بہ کا تقاضا نہ کرے، اگرچہ باقی مفاعیل موجود ہوں، جیسے: "قَامَ زَیْدٌ".

(ب)۔ فعل متعدی کی تعریف:

فعل متعدی وہ فعل ہے جو فاعل پر تام نہ ہو، بلکہ مفعول بہ کا بھی تقاضا کرے، جیسے: "ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا" اور جو حکم افعال کا ہے وہی حکم ان کے مشتقات کا بھی ہے، البتہ ظرف مکان وزمان اور اسم آلہ وغیرہ عمل نہیں کرتے۔

۴۔ فعل معروف کا عمل:

فعل معروف خواہ لازمی ہو یا متعدی ہو ایک اسم (فاعل) کو رفع دیتا ہے، جیسے: "قَا مَ زَیْدٌ" اور ان چھ اسماء کو نصب دیتا ہے[1]: ۱) مفعول مطلق، جیسے: "قَا مَ زَیْدٌ قِیَامًا، ضَرَبَ زَیْدٌ ضَرْبًا". ۲) مفعول فیہ، جیسے: "صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، جَلَسْتُ فَوْقَكَ". ۳) مفعول معہ، جیسے: "جَاءَالْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ، أَیْ مَعَ الجُبَّاتِ". ۴) مفعول لہ، جیسے: "قُمْتُ إِکْرَامًا لِزَیْدٍ، ضَرَبْتُهُ تَأْدِیْبًا". ۵) حال، جیسے: "جَاءَ زَیْدٌ رَّاکِبًا". ۶) تمیز، جیسے: "طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا"[2].

۵۔ فاعل کی تعریف:

---

[1] باقی رہا مفعول بہ، اس کو صرف فعل متعدی نصب دیتا ہے نہ فعل لازمی، کیونکہ فعل لازمی مفعول بہ کو نہیں چاہتا۔

[2] تمیز میں فعل اس وقت عمل کرے گا جب رفع ابہام اجمالِ نسبت سے کرے، جیسے: "طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا" اگر رفع ابہام ذات سے کرے تو پھر اس میں عامل نہیں بن سکتا، بلکہ اس وقت اسم تام اس میں عمل کرے گا، جیسے: "طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَماً". (جہد قصیر: ۶۰، بدر السعید: ۳۰۳)

"كُلُّ اسْمٍ قَبْلَهُ فِعْلٌ أَو شِبْهُهُ يَقُومُ بِهِ الفِعْلُ وَيُسْنَدُ إِلَيْهِ."

فاعل اس اسم کو کہتے ہیں جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل[1] ہو اور اس کی نسبت (خواہ نسبتِ ایجابیہ ہو یا سلبیہ) اس اسم کی طرف بطور قیام ہو نہ کہ بطور وقوع، یعنی وہ اسم ہے جس سے پہلے کوئی ایسا فعل ہو جو اس اسم کی طرف اس طور پر منسوب ہو کہ فعل کا قیام اس اسم کی وجہ سے ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ" میں "زَيْدٌ" فاعل ہے۔

۶۔ قواعد و فوائد:

قاعدہ: تمام افعال عاملہ ہیں، لیکن اگر "قَلَّ، كَثُرَ، طَالَ" کیساتھ جب "مَا" کافہ لاحق ہو جائے تو پھر یہ غیر عاملہ ہوتے ہیں، جیسے: "قَلَّمَا، كَثُرَمَا، طَالَمَا" اور "كَانَ" زائدہ بھی عمل نہیں کرتا، جیسے: "إِنَّ مِنْ أَفْضَلِهِمْ كَانَ زَيْدٌ" اور وہ فعل جو تاکید لفظی کے لیے آئے وہ بھی عمل نہیں کرتا، جیسے: "ضَرَبَ ضَرَبَ زيد" میں دوسرا "ضَرَبَ" عمل نہیں کرتا۔[2]

قاعدہ: فعل ہر حال میں عمل کرتا ہے، اس کے عمل کے لیے کوئی شرط نہیں، خواہ ثلاثی ہو، یا رباعی ہو، مجرد ہو یا مزید، معروف ہو یا مجہول، مثبت ہو یا منفی، متصرف ہو یا غیر متصرف، لازمی ہو یا متعدی، ماضی ہو یا مضارع، امر ہو یا نہی۔

قاعدہ: فعل لازمی اور فعل متعدی میں صرف اتنا فرق ہے کہ لازمی مفعول بہ کا تقاضا نہیں کرتا اور متعدی مفعول بہ کا تقاضا بھی کرتا ہے، لیکن باقی معمولات (مفعول مطلق، مفعول لہ، حال، تمیز وغیرہ) کو جس طرح فعل متعدی نصب دیتا ہے اسی طرح فعل لازمی بھی نصب دیتا ہے۔

فائدہ: فاعل کو حذف کرنا جائز نہیں، لیکن چند مقامات اسے مستثنی ہیں: ۱) فعل مجہول میں فاعل حذف ہوتا ہے اور مفعول اس کا قائم مقام ہوتا ہے جسے نائب فاعل کہتے ہیں۔ ۲) مصدر کے بعد جب فاعل مذکور نہ ہو اور مفعول کی طرف مضاف ہو، کیونکہ مصدر میں ضمیر نہیں مانی جا سکتی، جیسے: "يُعْجِبُنِيْ ضَرْبُ زَيْدٍ"، یہاں "زید" مفعول بہ اور فاعل محذوف ہے۔ ۳) فعل تعجب کا فاعل جب کہ اس سے پہلے مذکور فعل تعجب اس پر دلالت کرے، جیسے: "أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ". ۴) فاعل "واوَ" جمع، یا "یائے" مخاطبہ ہو اور فعل مؤکد بنون تاکید ہو، جیسے: جمع مذکر مخاطبین اور واحد مونث مخاطبہ کے صیغوں میں التقائے ساکنین کی وجہ سے "واوَ" اور "یاء" ضمیر فاعل کو حذف کیا جاتا ہے۔[3]

قاعدہ: فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے، البتہ جب مصدر کی اضافت اس کی طرف ہو جائے، جیسے: "لَوْلَادَفْعُ اللهِ النَّاسَ"، یا "باء" زائدہ جارہ اس پر داخل ہو، جیسے: "كَفَى بِاللهِ شَهِيْداً"، یا "مِنْ" زائدہ جارہ اس پر داخل ہو جائے، جیسے: "مَاجَاءَمِنْ بَشِيْرٍوَّلَا

---

[1] یہاں شبہ فعل سے مراد اسم فاعل، صفت مشبہ، اسم تفضیل، اسم مبالغہ، ظرف اور اسم فعل ہے اور ظرف سے ظرف مستقر مراد ہے نہ کہ صیغہ ظرف، اس لیے کہ وہ غیر عامل ہے۔ (جہد قصیر: ٦٠)

[2] النحو الوافی: ۲/۲/۷۲۔

[3] النحو الوافی: ۲/۷۰۔

نَذِيْرٍ"تو ان تینوں صورتوں میں فاعل لفظاً مجرور اور معناً مرفوع ہو گا۔
فائدہ: فاعل کو فعل پر مقدم کرنا جائز نہیں، لیکن چار مقامات میں فاعل کو مفعول سے مقدم کرنا واجب ہے:۱) جب فاعل ضمیر مرفوع متصل ہو، جیسے:"ضَرَبْتُ زَيْداً". ۲) جب فاعل اور مفعول دونوں کا اعراب تقدیری ہو اور فاعل کی فاعلیت اور مفعول کی مفعولیت پر کوئی قرینہ بھی نہ ہو، جیسے:"ضَرَبَ مُوْسیٰ عِيْسَى"، تاہم اگر قرینہ موجود ہو تو پھر مفعول کی تقدیم بھی جائز ہے، جیسے:"أَكَلَ الْكُمَّثْرَى يَحْيٰ"، (یحیی نے امرود کھایا)۔ ۳) جب مفعول "إِلَّا" کے بعد واقع ہو، جیسے:"مَاضَرَبَ زَيْدٌ إِلَّا عَمْراً". ۴) جب مفعول "إِنَّمَا" کے بعد واقع ہو، جیسے:"إِنَّمَا ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْراً".[1]
قاعدہ: جب فاعل معطوف علیہ ہو اور اس پر "مِنْ" زائدہ داخل ہو تو اس کے معطوف کو دیکھیں گے کہ معرفہ ہے یا نکرہ۔ اگر نکرہ ہو تو اس میں دو وجہیں (یعنی رفع اور جر) پڑھنی جائز ہیں، اگر رفع پڑھیں تو عطف ہو گا محل پر اور اگر مجرور پڑھیں تو عطف ہو گا لفظ پر، جیسے:"مَاجَاءَنَا مِنْ أَحَدٍ وَلَا رَجُلٍ"، اور اگر معرفہ ہو تو پھر رفع پڑھنا واجب ہے، جیسے:"مَاجَاءَنَا مِنْ أَحَدٍ وَّ لَا زَيْدٌ"، کیونکہ اس صورت میں محل پر عطف ہو گا نہ کہ لفظ پر۔ اور اگر فاعل پر "باء" زائدہ داخل ہو تو معطوف میں مطلقاً دو وجہیں (یعنی رفع اور جر) پڑھنا جائز ہیں، جیسے:"كَفَى بِالْحَقِّ وَالْأَخْلَاقِ".[2]
قاعدہ: ہر وہ فعل جس میں مفعول بہ فاعل کیساتھ شریک ہو تو ہر ایک کو مرفوع یا منصوب پڑھنا جائز ہے، جیسے:"خَاصَمَ زَيْدٌ عَمْراً"، یہاں "زَيْدٌ" کو مرفوع اور "عَمْراً" کو منصوب یا اس کے برعکس دونوں پڑھنا جائز ہے۔

۷۔ تمرین:

درج ذیل مثالوں میں فعل معروف و مجہول اور لازمی و متعدی کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔
مَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ. تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللهِ. ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ. قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ. فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ. قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى. أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ. يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ. حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ. رَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا. تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ. أَحَلَّ اللهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا. لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ. أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ. مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ. ثَارَ الْغُبَارُ. فَاضَ النَّهْرُ. يَعُوْدُ الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ. يَسْتَجِيبُ اللهُ الدُّعَاءَ. رَأَيْتُ الصُّلْحَ خَيْرًا. وَجَدْتُ الفِرَاغَ مَفْسَدَةً. يَكْسُو الْعِلْمُ أَهْلَهُ وَقَاراً. يَسْقِي الطَّبِيْبُ الْمَرِيْضَ الدَّوَاءَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

[1] النحو الوافی:۲/۷۲۔
[2] بدر السعید:۶۰۳، النحو الوافی:۲/۶۲۔

✍...”مَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ“:

”مَا“نافیہ غیر عاملہ ”كَفَرَ“صیغہ **فعل** ماضی معلوم،”سُلَيْمَانُ“فاعل مرفوع بالضمہ لفظاً۔

✍...”تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللهِ“:

”تُتْلَى“صیغہ **فعل** مضارع مجہول...”عَلَيَ“جارہ...”كُمْ“ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ”تُتْلَى“**فعل** است...”آيَاتُ“نائب فاعل اوست مرفوع محلاً مضاف...”الله“مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔

فصلِ دوم: مفعول مطلق کا بیان

ا۔ مفعول مطلق کی تعریف:

”وَهُوَ مَصْدَرٌ بِمَعْنٰى فِعْلٍ مَذْكُورٍ قَبْلَهُ.“

مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو فعل مذکور کا ہم معنی ہو، یعنی مفعول مطلق اس مصدر[1] کو کہتے ہیں جو کسی فعل کے بعد واقع ہو اور وہ مصدر اس فعل مذکور کے معنی میں ہو اور اپنے عامل کی تاکید یا نوع یا عدد بیان کرے، جیسے: ”ضَرَبْتُ ضَرْبًا، سِرْتُ سيرَ العُقلاءِ، وقفتُ وقفتينِ.“ پہلی مثال مفعول مطلق تاکیدی کی، دوسری نوعی کی اور تیسری عددی کی ہے۔

۲۔ مفعول مطلق کی پہلی تقسیم:

مفعول مطلق کی باعتبار معنی تین قسمیں ہیں:

(الف) تاکیدی (ب)۔ نوعی (ج)۔ عددی

(الف) مفعول مطلق تاکیدی: وہ مفعول مطلق ہے جو زائد معنی پر دلالت نہ کرے اور فعل مذکور کی تاکید کے لیے ہو، جیسے: ”جَلَسْتُ جُلُوْساً.“ (میں بیٹھا اچھی طرح بیٹھنا) اور قرآنی مثالیں یہ ہیں: ”{وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسَى تَكْلِيْماً}. {وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيمًا}. {صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيمًا}.“ اس کی علامت یہ ہے کہ اگر مصدر نکرہ غیر مضاف اور غیر موصوف ہو تو مفعول مطلق تاکیدی ہو گا، جیسے: ”ضَرَبْتُ ضَرْباً“.

(ب)۔ مفعول مطلق نوعی: وہ مفعول مطلق ہے جو فعل مذکورہ کی حالت و کیفیت بیان کرے، جیسے: ”جَلَسْتُ جِلْسَةً.“ (میں بیٹھا ایک قسم کا بیٹھنا) اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں: ”فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيْزٍ مُقْتَدِرْ.“ اور ”جَلَسْتُ جُلُوسَ الْقَاضِي“، ”جَلَسْتُ جُلُوسًا حَسَناً.“ اس کی علامت یہ ہے کہ اگر مصدر مضاف یا مقترن بہ الف لام عہدی ہو، یا مصدر موصوف ہو یا صفت ہو، یا ”فِعْلَةٌ“ کے وزن پر ہو تو یہ مفعول مطلق نوعی ہو گا، جیسے: ”ضَرَبْتُ ضَرْباً شَدِيْداً، صَنَعْتُ صُنْعَ الْحُكَمَاءِ، دَفَعْنَاعَنْ عَلِّيٍ الدِّفَاعَ“.

---

[1] مصدر کی دو قسمیں ہیں: ۱) حقیقی، ۲) حکمی۔
مصدر حقیقی عام مصادر کو کہتے ہیں اور مصدر حکمی کی چار قسمیں ہیں: ۱) لفظ ”كُلُّ“ یا ”بَعْضُ“ مصدر کی طرف مضاف ہو، جیسے: ” فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ.“ (النساء: ۱۲۹) اور ”سَعَيْتُ بَعْضَ السَّعِيْ“۔ ۲) مصدر صفت واقع ہو، جیسے: ” فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا.“ (التوبة: ۸۲)، ” أىْ ضِكْحاً قَلِيلًا.“ ۳) مصدر کا عدد واقع ہو، جیسے: ” فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً.“ (النور: ۴)۔ ۴) ”أَىْ“ استفہامیہ مصدر کی طرف مضاف ہو، جیسے: ” أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ.“ (الشعراء: ۲۲۷). یہ تمام مصادر مفعول مطلق واقع ہیں۔

(ج)۔ مفعول مطلق عددی: وہ مفعول مطلق ہے جو فعل مذکورہ کا عدد بیان کرے، جیسے: ” جَلَسْتُ جَلْسَةً.“(میں بیٹھا ایک بار بیٹھنا) اور اسی طرح یہ مثال ہے: ”فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَة.“اس کی چار علامات ہیں:۱) مصدر علامت تثنیہ و جمع کیساتھ ہو، جیسے: ”ضَرَبْتُ ضَرْبَتَيْنِ“. ۲) مفعول مطلق اسم عدد ہو اور مصدر کیساتھ اس کی تمیز لائی گئی ہو، جیسے: ”أَشَرْتُ إِلَيْه عَشَرَ إِشَارَاتٍ“. ۳) مصدر تائے وحدت کیساتھ استعمال ہو، جیسے: ”ضَرَبْتُ ضَرْبَةً“۔ ۴) ”فَعَلَةً“ کے وزن پر ہو، جیسے: ”جَلَسْتُ جَلْسَةً“.[۱]

مفعول مطلق کی اقسام ثلاثہ میں فرق:

مفعول مطلق کی تینوں قسموں میں فرق یہ ہے کہ مفعول مطلق تاکیدی کا تثنیہ و جمع نہیں آسکتا جب کہ عددی اور نوعی کا آسکتا ہے، عددی کا بلا اختلاف اور نوعی کا بالاختلاف۔ اور مفعول مطلق تاکیدی کو عامل سے مقدم کرنا جائز نہیں جبکہ عددی اور نوعی کی تقدیم جائز ہے اور اسی طرح مفعول مطلق تاکیدی کے عامل کو حذف کرنا جائز نہیں جب کہ عددی و نوعی کے عامل کو حذف کرنا جائز ہے۔[۲]

مفعول مطلق کی دوسری تقسیم:

مفعول مطلق کی باعتبار لفظ دو قسمیں ہیں: (الف)۔ مفعول مطلق من لفظہ (ب)۔ مفعول مطلق من غیر لفظہ

(الف)۔ مفعول مطلق من لفظہ:

مفعول مطلق من لفظہ وہ ہے جو فعل مذکور کیساتھ مادہ اور باب دونوں میں متحد ہو، جیسے: ”وَكَلَّمَ اللهُ مُوسَى تَكْلِيْماً“.

(ب)۔ مفعول مطلق من غیر لفظہ:

مفعول مطلق من غیر لفظہ وہ ہے جو فعل مذکور کیساتھ باب یا مادہ اور یا باب اور مادہ دونوں میں متحد نہ ہو: ۱) باب الگ ہو، جیسے: ”وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا.“(ال عمران:۳۷) اور ”وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيْلاً.“۔ ۲) مادہ الگ ہو، جیسے: ”قَعَدْتُ جُلُوْساً“. ۳) باب اور مادہ دونوں الگ ہوں، جیسے: ”فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُوسَى.“(طٰہ:۶۷)۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مفعول مطلق کو اس لیے مفعول مطلق کہتے ہیں کہ یہ قیودات (بہ، لہ، معہ، فیہ) سے خالی ہوتا ہے، اس کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ یہ اکثر فعل مذکور کا مصدر اور ہم معنی ہوتا ہے۔

---

[۱] بدر السعید: ۳۰۷، المنہاج الکامل: ۴۱۵۔
[۲] جامع الدروس العربیہ: ۳/۳۷۔

قاعدہ: اسم مصدر مفعول مطلق تاکیدی واقع ہوتا ہے نہ کہ عددی و نوعی، جیسے: "تَوَضَّأْتُ وُضُوءاً".

قاعدہ: بعض مفعول مطلق مضاف الیہ کی صورت میں ہوتا ہے، لہذا مضاف "كُلُّ" اور "بَعْضُ" کے الفاظ اور اسی طرح اسم عدد، اسم صفت وغیرہ مفعول مطلق کے قائم مقام ہو کر مفعول مطلق بنتے ہیں، جیسے: "وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ." (الاسراء: ۲۹)، "وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ." (المعارج: ۴۴)، "فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً." (النور: ۴)۔

قاعدہ نمبر: کبھی ضمیر مفعول مطلق کے قائم مقام ہوتی ہے، نیز کبھی مفعول مطلق محذوف و ہتا ہے اور کوئی قائم مقام مفعول مطلق بنتا ہے، جیسے: "لَا أُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ." (المائدۃ: ۱۱۵)، یہاں مفعول مطلق محذوف "الْعَذَابُ" ہے اور "ہ" ضمیر اس کے قائم مقام ہے اور اسی طرح "وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا." (البقرۃ: ۳۵) میں "أَكْلاً" مفعول مطلق محذوف ہے اور "رَغَدًا" اس کے قائم مقام ہے۔

قاعدہ: بعض مصادر ایسے ہیں جو اپنے فعل کے تلفظ کے عوض میں آتے ہیں اور فعل کو حذف کر دیا جاتا ہے، اسی طرح کے مصادر کی سات قسمیں ہیں:

۱) وہ مصدر جو مقام امر میں واقع ہو، جیسے: "صَبْراً عَلَى الْأَذَى فِي الْمَجْدِ. بَلْهاً الشَرَّ. وبَلْهَ الشَّرَّ."

۲) وہ مصدر جو مقام نہی میں واقع ہو، جیسے: "إجْتِهَاداً لَا كَسْلاً. جِداً لَا تَوانياً. مَهْلاً لَا عُجْلَةً. سُكوتاً لَا كَلاَماً. صَبْراً لا جَزَعاً." یہ مصادر ان مصادر کے تابع ہو کر آتی ہیں جن سے امر مقصود ہو۔

۳) وہ مصدر جو مقام دعا میں واقع ہو، جیسے: "سَقْياً لَكَ وَرَعْياً، تَعْساً لِلْخائِنْ، بُعْداً لِلظَّالِمِ، سُحْقاً للَّئِيْمِ، جَدعاً لِلْخَبِيْثِ، رَحْمَةً لِلْبَائِسِ، عَذَاباً لِلْكَاذِبِ، شَقَاءً لِلْمُهْمَلِ، بُؤْساً لِلْكَسْلَانِ، خَيْبَةً لِلْفَاسِقِ، تَبّاً لِلْوَاشِيْ، نُكْساً لِلْمُتَكَبِّر."

۴) وہ مصدر جو استفہام کے بعد واقع ہو توبیخ یا تعجب وغیرہ کے موقع پر، جیسے: "أَجُرأَةً عَلَى الْمَعَاصِيْ؟."

۵) مصادر مسموعہ جن کا استعمال کثرت سے ہو، جیسے: "سَمْعاً وَطَاعَةً. حَمْداً للهِ وشُكْراً. عجَباً لكَ." اور اسی طرح جو مضاف ہو کر استعمال ہوتی ہیں، جیسے: "سُبحانَ اللهِ! مَعاذَ اللهِ!." اور جو تثنیہ ہوں، جیسے: "لَبَّيكَ وسَعدَيك وحَنانَيكَ ودَوالَيكَ وحَذارَيكَ." ان سے تثنیہ مراد نہیں بلکہ کثرت مراد ہے۔

۶) وہ مصادر جو ما قبل اجمال کی تفصیل کے لیے ہوں، جیسے: " فَشُدُّوا الوَثاقَ، فإمّا مَنّاً بعدُ، وإمَّا فِداءً."۔ ۷) وہ مصدر جو ما قبل جملہ کے مضمون کی تاکید کے لیے ہو، جیسے: "هُوَ أَخِيْ" یہاں "أَخِيْ " میں اخوت مجازی کا احتمال بھی تھا، لیکن "حَقًّا" نے اس احتمال کو ختم کر دیا اور اسی طرح یہ مثال ہے: "لَا أَفْعَلُهُ بَتّاً وبَتاتاً وبَتَّةً والبَتَّةَ."[1]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۳/۳۸۔

فائدہ: بارہ چیزیں مصدر کے قائم مقام ہوتی ہیں اور وہ **مفعول مطلق** ہونے کی وجہ سے **منصوب** ہوتی ہیں:
۱) اسم مصدر، جیسے: "أَعطَيْتُكَ عَطاءً، اغْتَسَلْتُ غُسْلاً، كَلَّمْتُكَ كَلَاماً، سَلَّمْتُ سَلَاماً."
۲) مصدر کی صفت، جیسے: "اذْكُرُوْا اللهَ كَثِيْراً." اور "سِرْتُ أَحْسَنَ السَّيْرِ."
۳) وہ ضمیر جو مصدر (**مفعول مطلق**) کی طرف راجع ہو، جیسے: "فَإِنِّي أُعِذِّبُهُ عَذَاباً لَا أُعَذِّبُهُ أَحْداً مِنَ الْعَالَمِينَ." یہاں "أعذِّبُهُ" میں "ہ" ضمیر **مفعول مطلق** ہے اور "اجْتَهَدْتُ اجْتِهَاداً لَمْ يَجْتَهِدْهُ غَيْرِيْ." یہاں "لَمْ يَجْتَهِدْهُ" میں "ہ" ضمیر **مفعول مطلق** ہے۔
۴) وہ اسم جو مصدر کا **مترادف** اور **ہم معنی** ہو، جیسے: "شَنِئْتُ الْكَسْلاَنَ بُغْضاً. قُمْتُ وقُوفاً. رُضْتُه إِذْلالاً. أَعْجَبَنِي الشَّيْءَ حُبّاً."
۵) وہ اسم جو **فعل** کی **نوعیت** پر دلالت کرے، جیسے: "رَجَعَ الْقَهْقَرَى. قَعَدَ القُرْفُصَاءَ. جَلَسَ الاحِتِبَاءَ. اشْتَمَلَ الصَّمَّاءَ."
۶) **مفعول مطلق** اور **فعل** مذکور کا مادہ اشتقاق ایک ہو، جیسے: "وَاللهُ أَنْبَتَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ نبَاتاً. تبتَّلْ إِليهِ تَبتيلاً."
۷) وہ اسم جو **فعل** کے عدد پر دلالت کرے، جیسے: "فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا ثَمَانِيْنَ جلدةً." اور "أَنْذَرْتُك ثَلَاثاً."
۸) وہ اسم جو **فعل** کے آلہ پر دلالت کرے، جیسے: "ضَرَبْتُ اللصَّ سَوْطاً، أَوْ عَصاً. رَشَقْتُ الْعَدوَّ سَهْماً، أَوْ رَصَاصَةً أَوْ قُذَيْفَةً." یہاں آلہ سے مراد وہ آلہ ہے جو اس **فعل** کے لیے **معہود** ہو، اگر "ضَرَبْتُهُ خَشَبةً، رَمَيْتُهُ كُرسِيّاً" کہا تو یہ **مفعول مطلق** نہیں ہوگا۔
۹) "مَا" استفہامیہ اور "أَيْ" استفہامیہ، جیسے: "وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ." اور "مَا أَكْرَمْتَ خَالِداً؟. أَيَّ عيشٍ تَعِيْشُ؟." یہاں "مَا" اور "أَيَّ" استفہامیہ ہے۔
۱۰) "مَا، مَهْمَا، أَيُّ" جب شرطیہ ہوں، جیسے: "مَا تَجْلِسْ أجْلِسْ.مَهْمَا تقِفْ أَقِفْ. أَيَّ سَيرٍ تَسِرْ أَسِرْ."
۱۱) لفظ "كُلَّ، بَعْضٌ" اور "أَيْ" جو مصدر کی طرف **مضاف** ہوں، جیسے: "وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ." اور "فَلَا تَمِيْلُوْا كلَّ الْمَيْلِ." اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں: "سَعَيتُ بعضَ السَّعْيِ. واجْتَهَدْتُ أَيَّ اجْتِهَادٍ."
۱۲) اسم اشارہ جس کا مشار الیہ مصدر ہو، پھر مصدر عام ہے خواہ مصدر اس کے بعد ہو، جیسے: "قُلتُ ذَلكَ الْقَوْلَ" أَمْ لَا؟" یا نہ ہو، جیسے کوئی کہے: "هَلْ اجتَهَدْتَ اجْتِهَاداً حَسَناً." جواب میں کہا جائے گا: "اجْتَهَدْتُ ذَلِكَ." [1]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۳/۳۴، المنہاج الکامل: ۴۱۳۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مفعول مطلق کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اتَّقُوا اللهَ حَقَّ تُقَاتِهِ، اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيرًا، لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولٰى، صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، يَنْصُرَكَ اللهُ نَصْرًا عَزِيزًا، فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا، فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا. وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا. وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا. فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا. وَجَاهِدُوا فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهِ. مَا قَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهِ. فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ. وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ. وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً. أَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا. فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ. وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيرًا. يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلَاوَتِهِ. وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا. سَارَ بَكْرٌ سَيْرَ الْبَرِيْدِ، جَالَ الْوَلِيْدُ جَوْلَانَ الْبَهَائِمِ، جَلَسَ السَّعِيْدُ جِلْسَةَ الْمُؤَدِّبِ، عِشْتُ فِي بَلْدَتِكَ عِيشَةً رَاضِيَةً. أَقْرَرْتُ بِذَنْبِي اعتِرافاً. سَارَ القِطَارُ سَرِيعاً. رَجَعَ الْجَيْشُ القَهْقَرَى. يُحِبُّ الْعَاقِلُ وَطْنَهُ كُلَّ الْحُبِّ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... اتَّقُوا اللهَ حَقَّ تُقَاتِهِ:

"اتَّقُوا" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... لفظ "اللهَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً... "حَقَّ" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظاً مضاف... "تُقَاتِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "هِ" ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلاً و منصوب معناً بناء بر مفعولیت راجع بسوئے "الله"... ویا کہ "حَقَّ" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظا باعتبار موصوف محذوف کہ تقدیرش "التُّقَاةَ الْحَقَّ" باشد... باز "التُّقَاةَ" موصوف "الْحَقَّ" صفت اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔[1]

✍... لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى:

"لَا" ناہیہ جازمہ جازمتہ المستقبل ... "تَبَرَّجْنَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منہی مجزوم محلاً... "ن" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً ... "تَبَرُّجَ" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظاً مضاف... ویا کہ "تَبَرُّجَ" منصوب بنزع الخافض... "الْجَاهِلِيَّةِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً موصوف... "الْأُوْلٰى" صفت اوست مجرور بالکسرہ تقدیراً۔[2]

---

[1] الجدول فی اعراب القرآن: ۲۶۱/۴۔

[2] الجدول فی اعراب القرآن: ۱۵۹/۲۲۔

فصل سوم: مفعول فیہ کا بیان

مفعول فیہ کی تعریف:

"هُوَ الاسْمُ الّذِي يَقَعُ فِيهِ مِنَ الزَّمانِ وَالمَكَانِ."

مفعول فیہ اس زمان یا مکان کو کہتے ہیں جس میں فعل مذکور واقع ہو اور اس کو ظرف بھی کہتے ہیں، اس کی علامت یہ ہے کہ جہاں بھی فعل یا شبہ فعل و فاعل کے بعد ظرف آجائے خواہ ظرف زمان ہو، یا ظرف مکان تو ترکیب میں مفعول فیہ ہو گا۔

ظرف کی پہلی تقسیم:

ظرف کی باعتبار معنی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ ظرف زمان (ب)۔ ظرف مکان

(الف)۔ ظرف زمان کی تعریف:

ظرف زمان وہ ہے جس میں زمانے کا معنی موجود ہو، جیسے: "سَافَرْتُ لَيْلاً." (میں رات کو سفر کیا) "صُمْتُ يَوْمَ الجُمُعَةِ" (میں نے جمعہ کو روزہ رکھا) اور "سِرْتُ حِيْناً" (میں ایک مدت تک چلا)۔ ظرف زمان کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جو "مَتىٰ" کا جواب بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں وہ ظروف زمانیہ ہیں۔

(ب)۔ ظرف مکان کی تعریف:

ظرف مکان وہ ہے جس میں مکان کا معنی موجود ہو، جیسے: "وَقَفْتُ تَحْتَ عَلَمِ الْعِلْمِ."، "قُمْتُ خَلْفَكَ" (میں تیرے پیچھے کھڑا ہوا)، "جَلَسْتُ فِي الدَّارِ" (میں گھر بیٹھا)۔ ظرف مکان کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جو "أَيْنَ" کا جواب بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں وہ ظروف مکانیہ ہیں۔ [1]

ظرف کی دوسری تقسیم:

ابہام اور عدم ابہام کے اعتبار سے ظرف کی دو قسمیں ہیں: مبہم اور محدود اور پھر ان دونوں میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں تو یہ کل چار قسمیں ہوئیں:

(الف)۔ ظرف مکان مبہم (ب)۔ ظرف مکان محدود (ج)۔ ظرف زمان مبہم (د)۔ ظرف زمان محدود

(الف)۔ ظرف مکان مبہم: وہ ہے جو غیر معین مکان پر دلالت کرے، جیسے: "دَارٌ، مَسْجِدٌ، مَدْرَسَةٌ، بَلَدٌ".

(ب)۔ ظرف مکان محدود: وہ ہے جو معین مکان پر دلالت کرے، جیسے: "جہات ستہ (أَمَامٌ، خَلْفٌ، يَمِيْنٌ، يَسَارٌ، فَوْقَ، تَحْتَ) اور اسی طرح لفظ "جَانِبٌ، جِهَةٌ، مَكَانٌ، نَاحِيَةٌ" وغیرہ اور اسی مقادیر کے نام، جیسے: "میل، فرسخ، کلومیٹر" وغیرہ۔

(ج)۔ ظرف زمان مبہم: وہ ہے جو زمانی کی غیر معین مقدار پر دلالت کرے، جیسے: "أَبَدٌ، أَمَدٌ، حَيْنَ، وَقْتٌ، زَمَانٌ."

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۴۸/۳۔

(د)۔ ظرف زمان محدود: وہ ہے جو زمانہ کی معین مقدار پر دلالت کرے، جیسے: "سَاعَةٌ، يَوْمٌ، لَيْلَةٌ، أُسْبُوْعٌ، شَهْرٌ، سَنَةٌ، عَامٌ." وغیرہ۔[1]

ظرف کی تیسری تقسیم:

جملہ ظروف کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ ظروفِ متصرفہ (ب)۔ ظروفِ غیر متصرفہ

(الف)۔ ظروفِ متصرفہ کی تعریف:

ظروفِ متصرفہ وہ ظروف ہیں جو مفعول فیہ بننے کے علاوہ ترکیب میں کچھ اور بھی واقع ہوں، مثلاً خبر، فاعل اور مفعول بہ وغیرہ واقع ہوں، جیسے: "شَهْرٌ، سَنَةٌ، يَوْمٌ، لَيْلٌ" وغیرہ ان کے مفعول فیہ ہونے کی مثال، جیسے: "سِرْتُ يَوْماً أَوْشَهْراً أَوْسَنَةً أَوْلَيْلاً" اور غیر مفعول واقع ہونے کی مثال، جیسے: "السَّنَةُ إِثْنَا عَشرَ شَهْراً. وْالشَّهْرُ ثَلَاثُوْنَ يَوْماً وَاللَّيْلُ طَوِيْلٌ. وَسَرَّنِيْ يَوْمُ قُدُوْمِكَ. وَانْتَظَرْتُ سَاعَةَ لِقَائِكَ. وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ مُبارَكٌ."

(ب)۔ ظروفِ غیر متصرفہ کی تعریف:

ظروفِ غیر متصرفہ وہ ظروف ہیں جو صرف مفعول فیہ واقع ہوں اور منصوب ہوں، یا بعض حروف جارہ کی وجہ سے مجرور ہوں، یعنی جو صرف ظرف واقع ہوں اور ان پر حروف جارہ داخل نہیں ہوسکتے، جیسے: "عَوْضُ، قَطُّ" اور یا ان پر حروف جارہ داخل ہوسکتے ہوں، جیسے: "قَبْلُ، بَعْدُ، فَوْقُ، تَحْتُ، لَدٰى، لَدُنْ، عِنْدَ، أَيْنَ، حَيْثُ، ثُمَّ".[2]

ظروف کا اعراب:

ظروف زمانیہ مطلقاً خواہ محدود ہوں یا مبہم دونوں صورتوں میں منصوب ہوتے ہیں، بشرطیکہ "فِيْ" کے معنی کو متضمن ہوں، جیسے: "سَافَرْتُ لَيْلَةً، أَيْ فِيْ لَيْلَةٍ، صُمْتُ نَهَاراً، أَيْ فِيْ نَهَارٍ" اور اگر "فِيْ" جارہ کے معنی کو متضمن نہ ہو تو ان اعراب بحسب العامل ہوگا، جیسے: "يَوْمُنَا يَوْمٌ سَعِيْدٌ، جَاءَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، لَا تَضِيْعُ أَيَّامَ شَبَابِكَ." اور ظروف مکانیہ میں دو چیزیں منصوب ہوتی ہیں: ۱) ظرف مکان مبہم یا مشابہ مبہم، بشرطیکہ "فِيْ" کے معنی کو متضمن ہوں، جیسے: "وَقَفْتُ أَمَامَ الْمِنْبَرِ. سِرْتُ فَرْسَخاً." پہلی مثال مبہم کی ہے اور دوسری مشابہ مبہم کی ہے اور اگر یہ "فِيْ" کے معنی کو متضمن نہ ہو تو اعراب بحسب العامل ہوگا، جیسے: "الْمِيْلُ ثُلُثُ الْفَرْسَخِ. الْكِيْلُوْمِترُ أَلْفُ مِترٍ."

۲) دوسری چیز ظروف مکانیہ میں سے وہ منصوب ہوتے ہیں جو مشتق ہوں، خواہ مبہم ہوں یا محدود، بشرطیکہ جس فعل سے مشتق ہوں وہی ان کا عامل بھی ہو، جیسے: "جَلَسْتُ مَجْلِسَ أَهْلِ الْفَضْلِ. ذهبتُ مَذْهبَ ذَوِي الْعَقْلِ." اور اگر دوسرا

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۴۹/۳۔

[2] جامع الدروس العربیہ: ۵۰/۳۔

فعل ان کا عامل ہو تو پھر جر واجب ہوگا، جیسے:"أَقمتُ فِيْ مَجْلِسِكَ. سِرْتُ فِي مَذْهَبِكَ."اور اگر ظرف مکان محدود غیر مشتق ہوں تو ان کو نصب دینا جائز نہیں، بلکہ "فِيْ" کے ذریعے انہیں جر دینا واجب ہے، جیسے:"جَلَسْتُ فِي الدَّارِ. أَقَمْتُ فِي الْبَلَدِ. صَلَّيتُ فِي الْمَسْجِدِ."لیکن اگر وہ "دخلَ، نَزَلَ، سكنَ "اور ان کے مشتقات کے بعد واقع ہوں تو پھر نصب بھی جائز ہے، جیسے:"دَخَلْتُ الْمَدِيْنَةَ. نزلتُ البلَدَ. سَكَنْتُ الشَّامَ." [1]

قواعد وفوائد:

قاعدہ: مفعول فیہ مفعول بہ سے رُتبۃً مؤخر ہوتا ہے، لیکن کبھی لفظاً بھی مقدم ہوتا ہے، جیسے"إِذْيَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ".

قاعدہ: ظرف زمان خواہ محدود ہو یا غیر محدود یہ دونوں "فِيْ" کے مقدر ہونے سے منصوب ہوتے ہیں، جیسے:"سَافَرْتُ شَهْراً، قُمْتُ دَهْراً، أَيْ فِيْ شَهْرٍ وَدَهْرٍ"، لیکن ظرفِ مکان میں "فِيْ" کا ذکر ناضروری ہے، جیسے:"جَلَسْتُ فِي الدَّارِ، فِي السُّوْقِ، فِي الْمَسْجِدِ" یہاں "جَلَسْتُ الدَّارَ" وغیرہ نہیں کہہ سکتے، البتہ باب "دَخَلْتُ" [2] کے بعد یہ الفاظ بلحاظ وسعت کلام کے منصوب مستعمل ہوتے ہیں، [3] جیسے:"دَخَلْتُ الدَّارَوَالْمَسْجِدَ" وغیرہ۔ [4]

قاعدہ: زمان اور مکان پر دلالت کرنے والے کلمات اس وقت مفعول فیہ بن سکتے ہین جب کہ وہ "فی" کی تقدیر کو قبول کر سکتے ہوں، یعنی "فِيْ" کے ذکر کرنے سے معنی میں کوئی خرابی لازم نہ آتی ہو، جیسے:"صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، أَيْ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ" اور اگر "فِيْ" کی تقدیر کو قبول نہ کرسکتے ہوں تو مفعول فیہ نہیں بن سکتے، جیسے:"وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ" یہاں "فِيْ" کے ذکر کرنے سے معنی میں خرابی آتی ہے، کیونکہ انذار کا حکم وقوع قیامت سے پہلے کا ہے، وقوع قیامت کے دن میں نہیں، لہٰذا "يَوْمَ الْآزِفَةِ" مفعول بہ ہے مفعول فیہ نہیں ہوگا اور "يَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ مُبَارَكٌ" میں بھی خرابی لازم آتی ہے، کیونکہ "فِيْ" ذکر کرنے سے جمعہ کا دن مبارک نہ رہے گا، بلکہ دوسرا کوئی دن مبارک ہوگا جس میں جمعہ واقع ہوگا اور یہ خلاف حقیقت ہے، لہٰذا "يَوْمُ

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۵۲/۳۔

[2] باب "دَخَلْتُ" سے مراد ایسے افعال ہیں جن کے مصدر "فُعُولٌ" مصدرِ لازم کے وزن پر ہو اور ان کے بعد آنے والا ظرف مکان محدود (مفعول فیہ) مفعول بہ کے مشابہ ہو، یعنی مفعول بہ بنانے میں معناً خرابی لازم نہ آئے، جیسے:"نزول، سکون، دخول، قعود، جلوس، مرور" وغیرہ، مثالیں یہ ہیں:"دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلَى حِيْنَ غَفْلَةٍ. نَزَلْتُ الْوَادِيْ.سَكَنْتُ الدَّارَ. أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ، أَمُرُّالدِّيَارَ". (ہامش کتاب النحو: ۵۷، المعجم المفصل: ۱۰۷۷)

[3] یہ کلمات مفعول فیہ واقع ہوتے ہیں، کیونکہ باب دخلت کے بعد واقع ہونے والے ظروفِ مکان محدود کو ظروف مکان مبہم غیر محدود پر محمول کیا گیا ہے، لہٰذا ظرف مکان مبہم کا حکم ان پر بھی جاری ہوگا اور یہ کلمات بھی "فِيْ" کی تقدیر پر مفعول فیہ ہوں، یہ اصح قول ہے، بعض نحات نے "دَخَلَ يَدْخُلُ" کو متعدی مانا ہے اور اس کے بعد آنے والے کلمات کو مفعول بہ قرار دیا ہے، لیکن یہ غیر اصح ہے، دیگر بعض نحات نے ان کو منصوب بنزع الخافض کہا ہے، یعنی عامل جار کو حذف کر دیا گیا ہے اس وجہ سے نصب آیا ہے۔ (شرح ابن عقیل: ۲۸۲، النحو الوافی: ۱۶۲/۲، ہامش کتاب النحو: ۵۷)

[4] کتاب النحو: ۵۶۔

الْجُمُعَةِ"مبتداء ہے اور "يَوْمٌ مُبَارَكٌ"خبر ہے نہ کہ عامل محذوف کا مفعول فیہ۔ [1]

قاعدہ: بعض نحات کہتے ہیں کہ اگر "فِيْ"مقدر ہو تو مفعول فیہ منصوب ہو گا اور اگر "فِي"لفظوں میں مذکور ہو تو لفظاً مجرور ہو گا، لیکن محلاًوہ مفعول فیہ ہو گا،اس کو مفعول متعدی بحرف جر نہیں کہیں گے،جمہور نحات کہتے ہیں کہ اگر "فِيْ"لفظوں میں مذکور ہو تو اس کو مفعول فیہ نہیں کہاجائے گا،بلکہ اب وہ مفعول بہ متعدی بحرف جر ہو گا،یعنی ان کے نزدیک مجرور کلمہ مفعول فیہ نہیں ہو سکتا،البتہ وہ مفعول بہ متعدی بحرف جر ہو سکتا ہے،جیسے:"ذَهَبَ اللهُ بِنُوْرِهِمْ"میں"ذَهَبَ"لازم ہے اور "نُوْرِهِمْ" مفعول بہ متعدی بحرف جر واقع ہے۔ [2]

قاعدہ: اگر کوئی اسم "فِيْ" کے معنیٰ کو متضمن ہو،لیکن زمان یا مکان میں سے نہ ہو تو وہ مفعول فیہ نہیں ہو گا،جیسے:" وَتَرْغَبُوْنَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ."(النساء:۱۲۷)یہاں"أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ"مصدر مؤول معنیٰ"فِيْ"کو متضمن ہے،لیکن زمان یا مکان میں سے نہیں،اس لیے یہ مفعول فیہ نہیں۔

فائدہ: جس طرح ظرف مجازی جار مجرور متعلق کا تقاضا کرتے ہیں تو اسی طرح ظروف جو منصوب ہوں وہ بھی متعلق کا تقاضا کرتے ہیں، پھر ظروف کا متعلق یا تو مذکور ہو گا،جیسے:"غِبْتُ شَهْراً، جَلَسْتُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ"،یا محذوف ہو گا، پھر محذوف کی دو صورتیں ہیں:جوازاًاور وجوباً۔ جوازاًتب محذوف ہوتا ہے جب افعال خاصہ میں سے ہو اور کوئی دلیل موجود ہو، جیسے کوئی کہے:" أينَ أجلسُ؟"تو جواب میں کہاجائے گا:"عِنْدَالْعُلَمَاءِ، أيْ اجْلِسْ عِنْدَالْعُلَمَاءِ" اور وجوباً متعلق تین مقامات میں محذوف ہوتا ہے:۱)افعال عامہ میں ہو اور یہ متعلق مقدر کبھی خبر بنے گا،جیسے:"الْجَنَّةُ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ"،کبھی صفت ہو گا جیسے:"مَرَرْتُ بِرَجُلٍ عِنْدَ الْمَدْرَسَةِ"،کبھی حال ہو گا،جیسے:"رَأَيْتُ الْهِلالَ بَيْنَ السَّحَابِ."اور کبھی صلہ ہو گا،جیسے:"حَضَرَ مَنْ عندَهُ الْخَبَرُ الْيِقْينُ."

۲)مقام اشتغال میں،یعنی ظرف کے بعد کوئی فعل یا شبہ فعل ہو جو اس سے اعراض کرکے اس کی ضمیر میں عمل کر رہا ہو،جیسے:" يَوْمَ الْخَمِيْسِ صُمْتُ فِيْه. وَقَتَ الْفَجْرِ سَافَرْتُ فيه."

۳)سماعاً متعلق محذوف ہو،جیسے:"حِيْنَئِذٍ، الْآنَ، أيْ كَانَ ذَلِكَ حَيْنَئِذٍ، فَاسْمَعِ الْآنَ." [3]

قاعدہ: ظروف متعلَق مقدرہ کے لیے مفعول فیہ بنتے ہیں۔

قاعدہ: بعض چیزیں ظرف کے قائم مقام ہوتی ہیں جنہیں نائب الظرف کہاجاتا ہے اور وہ مفعول فیہ ہونے کی بناء پر منصوب

---

[1] شرح شذور الذہب:۳۰۰۔
[2] غایۃ التحقیق:۱۸۰۔
[3] جامع الدروس العربیۃ:۵۳/۳۔

ہوتی ہیں، وہ چیزیں یہ ہیں: ۱) وہ اسم جو مضاف ہو ظرف کی طرف اور کلیت وبعضیت پر دال ہو، جیسے: "مَشَيْتُ كُلَّ النَّهَارِ، أَوْ جَمِيْعَ النَّهَارِ، أَوْ بَعضَ النَّهارِ، أَوْ نِصْفَ النَّهارِ، أَوْ رُبعَ النَّهَارِ."
۲) وہ اسم جو ظرف کی صفت واقع ہو، جیسے: "وَقَفْتُ طَوِيْلاً مِنَ الْوَقْتِ، أَىْ زَماناً طَوِيْلاً مِّنْهُ، جَلَسْتُ شرقِيَّ الدَّارِ، أَىْ مَكَاناً شَرْقِيًّا مِنْهَا."
۳) اسم اشارہ، جیسے: "مَشَيْتُ هَذَا الْيَومَ مَشْياً مُتعِباً. انْتَبَذْتُ تِلْكَ النَّاحِيَّةِ."
۴) اسم عدد جس کی تمیز ظرف ہو، جیسے: "سَافَرْتُ ثَلاَثِيْنَ يَوْماً. سِرْتُ أَرْبَعِيْنَ فَرْسَخاً. لَزِمْتُ الدَّارَ سِتَّةَ أَيَّامٍ، سِرْتُ ثَلَاثَةَ فَرَاسِخَ."
۵) وہ مصدر جو ظرف کے معنی کو متضمن ہو اور یہ اس جگہ ہوتا ہے جہاں ظرف مصدر کی طرف مضاف ہو اور پھر مضاف کو حذف کرکے مضاف الیہ کو اس کی جگہ رکھ دیا گیا ہو، جیسے: "سَافَرْتُ وَقْتَ طُلُوعِ الشَّمْسِ. قَدِمتُ قُدُوْمَ الرَّكبِ. وَكَانَ ذَلِكَ خُفُوقَ النّجمِ. وَجِئْتُكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ. نَزَلَ الْمَطْرُ رَكْعَتَيْنِ مِنَ الصَّلاةِ. وَأَقَمْتُ فِي الْبَلَدِ رَاحَةَ الْمُسَافِرِ." مذکورہ تمام مثالوں میں مصدر سے پہلے "وَقْتَ" یا "سَاعَةَ" مضاف محذوف ہے۔ [1]
قاعدہ: اگر "بَيْنَ" کا مضاف الیہ زمانہ ہو تو ظرف زمان ہوگا، جیسے: "جَلَسْتُ بَيْنَ الْعِشَائَيْنِ"، ورنہ ظرف مکان ہوگا، جیسے: "جَلَسْتُ بَيْنَ الْقَوْمِ."
قاعدہ: اگر ظرف کی ضمیر مفعول فیہ واقع ہو رہی تو "فِيْ" کے ذریعے مجرور ہوگی منصوب علی الظرفیۃ درست نہیں، جیسے: "يَوْمَ الْخَمِيْسِ صُمْتُ فيْهِ" یہاں "صُمْتُه" کہنا درست نہیں، البتہ کبھی ظرف میں توسع کرکے مجازاً مفعول بہ بنایا جاتا ہے اور ضمیر کی صورت میں بغیر "فِيْ" استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: "إِذْ جَاءَ يَوْمُ الْخَمِيْسِ صُمْتُهُ." [2]
فائدہ: ایک عامل کے لیے ظروف متعددہ بھی آسکتے ہیں، بشرطیکہ زمان اور مکان کے اعتبار سے مختلف ہوں، جیسے: "اسْتَرِحْ هُنَا سَاعَةً" اور اگر زمان ومکان کے اعتبار سے متحد ہوں تو صرف دو صورتوں میں متعدد آسکتے ہیں: ایک یہ کہ ایک دوسرے کے تابع ہوں، یعنی دوسرا بدل واقع ہو رہا ہو، جیسے: "أُقَابِلُكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ظُهْراً" اور دوسرا عامل اسم تفضیل ہو، جیسے: "الْمَرِيْضُ الْيَوْمَ أَحْسَنَ مِنْهُ أَمْسِ".
قاعدہ: بعض ظروف مرکب واقع ہوتے ہیں جن کے دونوں جزء مبنی علی الفتح ہوتے ہیں، جیسے: "مَسَاءَمَسَاءَ، يَوْمَ يَوْمَ، صَبَاحَ صَبْاحَ" ان کے معنی "كُلَّ مَسَاءٍ، كُلَّ يَوْمٍ، كُلَّ صَبَاحٍ" ہیں اور یہ مرکب بنائی ہیں۔

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۵۴/۳، المنہاج الکامل: ۵۴/۳۔
[2] جامع الدروس العربیۃ: ۵۶/۳۔

فائدہ: راجح قول کے مطابق افعال ناقصہ کے لیے بھی ظرف آسکتا ہے۔[1]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مفعول فیہ کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا. وَجَاءُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ. سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا. فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ. فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ. لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ.تَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ. بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا. لَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى.لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا. جَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ. لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ. وَأَقِيمُوا وُجُوهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ. فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ. يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا. وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. يَتْلُونَ آيَاتِ اللّٰهِ آنَاءَ اللَّيْلِ. مَكَثْتُ بِالْإِسْكَنْدَرِيَّةِ شَهْرًا. شَرِبَ الْمَرِيْضُ الدُّوَاءَ صَبَاحًا. جَلَسْتُ مَعَ صَدِيْقِيْ لَحْظَةً. تَوَقَّدَ الْمَصَابِيْحُ لَيْلًا. وَقَفْتُ أَمَامَ الْمِرْآةِ. جَلَسَتِ الهِرَّةُ تَحْتَ الْمَائِدَةِ. نَامَ الْكَلْبُ خَلْفَ الْبَابِ. صُمْتُ دَهْراً وَسَافَرْتُ شَهْراً. جِئْتُ يَومَ الجُمُعَةِ. وَقَف المُدَرِّسُ أَمَامَ الطُّلابِ. يَلْعَبُ اَلطُّلابُ فِي سَاحَةِ المَدْرَسَةِ. وَضَعْتُ الكُرْسِيَّ فَوْقَ المِنْضَدَةِ. جَلَسَ الرَّشِيْدُ أَمَامَ الْمَامُوْنِ، وَصَلَ زَيدٌمَدِيْنَةَ السَّلامِ يَوْمَ السَّبْتِ. بشِّرْنَفْسَكَ بِالظَّفَرِ بَعْدَ الصَّبْرِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا:

" أَرْسِلْ "صیغہ فعل امر حاضر معلوم مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "ہ"ضمیر غائب مفعول بہ است منصوب محلا راجع بسوئے مذکور ما قبل... "مع "ظرف مکان مضاف... "نا"ضمیر متکلم مع الغیر مضاف الیہ است مجرور محلا... ظرف متعلق بہ "أَرْسِلْهُ"فعل است "غَدًا"ظرف زمان متعلق بہ "أَرْسِلْهُ"فعل است ویا کہ "غَدًا"مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔[2]

✍ ...جَاءُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُوْنَ:

"جَاءَ"صیغہ فعل ماضی معلوم... "واوَ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاًذوالحال راجع بسوئے مذکورین ما قبل ذوالحال... "أَبَا"مفعول بہ است منصوب بالف لفظاً مضاف... "هُمْ"ضمیر غائبین مضاف الیہ مجرور محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "عِشَاءً"مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظاً... "يَبْكُوْنَ"جملہ حال است منصوب محلاً ...باز "يَبْكُونَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی ... "واوْ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل۔[3]

---

(۱) المنهاج الكامل: ۴۲۴۔

(۲) اعراب القرآن درویش: ۴۵۸/۴، اعراب القرآن صافی: ۳۸۹/۱۲۔

(۳) الجدول فی اعراب القرآن: ۳۹۴/۱۲۔

فصل چہارم: مفعول معہ اور مفعول لہ کا بیان

۱۔ مفعول معہ کی تعریف:

"مَا يُذْكَرُ بَعْدَ "وَاوْ" بِمَعْنٰى "مَعَ" لِمُصاحَبَتِهِ مَعْمُولَ فِعْلٍ."

وہ اسم ہے جو "واؤ" بمعنیٰ "مع" کے بعد فاعل یا مفعول کی مصاحبت کے لیے آئے، یعنی جو "واؤ" بمعنیٰ "مع" کے بعد واقع ہو اور ماقبل کے معمول کی مصاحبت پر دلالت کرے، اگر ماقبل فعل کا معمول فاعل ہو تو اس کیساتھ صدور فعل میں شریک ہو گا، جیسے: "جَاءَالْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ، أَيْ مَعَ الْجُبَّاتِ" (جاڑا جبوں کیساتھ آیا) یہاں "الْجُبَّاتِ" مفعول معہ ہے اور اگر ماقبل فعل کا معمول مفعول بہ ہو تو اس کیساتھ وقوعِ فعل میں شریک ہو گا، جیسے: "كَفَاكَ وَزَيْداً دِرْهَمٌ"۔ (تجھ کو زید سمیت ایک درہم کافی ہو گیا)۔ مفعول معہ کی علامت یہ ہے کہ یہ ہمیشہ "واؤ" کے بعد آتا ہے، جیسا کہ مذکورہ مثالوں میں ہے۔ [۱]

۲۔ مفعول معہ کا عامل:

مفعول معہ بالاتفاق منصوب ہوتا ہے، لیکن اس کے عامل میں نحات کا اختلاف ہے، امام عبد القاہر جرجانی کے نزدیک اس کا عامل ناصب یہی "واؤ" ہے، کوفیین حضرات کے نزدیک اس کا عامل معنوی ہے، گویا ان کے نزدیک عامل معنوی جس طرح رفع دیتا ہے تو اسی طرح نصب بھی دیتا ہے اور یہ نصب دینے والا عامل معنوی ان کے نزدیک "اختلاف" ہے، یعنی مابعد کا ماقبل کے مخالف ہونا ہے، جیسے: "اسْتَوَى الْمَاءُوَالْخَشَبَةَ" میں "الْمَاءُ" کیساتھ تو "اسْتَوَى" کہا جا سکتا ہے، لیکن "الْخَشَبَةَ" کیساتھ اس کا تکرار مناسب نہیں، کیونکہ اس صورت میں معنیٰ ہو گا کہ: "لکڑی سیدھی ہو گئی" اور یہ درست نہیں، کیونکہ وہ ٹیڑھی ہی کب تھی کہ سیدھی ہو گئی، لہٰذا "واؤ" کا مابعد اس کے ماقبل کے مخالف ہوا اور یہی خلاف ہونا عامل معنوی ہے جو نصب دیتا ہے۔

امام زجاجؒ کا مذہب یہ ہے کہ مفعول معہ کا عامل ناصب "واؤ" کے بعد مقدر ہوتا ہے، جیسے: "سرت والنیل"، یہ اصل میں "سِرْتُ وَلَابَسْتِ النَيْلُ" تھا اور اسی طرح "اسْتَوَى الْمَاءُوَالْخَشَبَةَ"، اصل میں "اسْتَوَى الْمَاءَ وَلَابَسَ الْخَشَبَةَ" تھا۔

امام اخفشؒ کے نزدیک مفعول معہ بنا بر ظرفیت منصوب ہوتا ہے، کیونکہ اس میں "واؤ"، "مع" کی جگہ میں واقع ہے اور "مع" ظرفیت کی بناء پر منصوب ہے تو اس کے قائم مقام "واؤ" آیا تو اس کا اعراب بھی "واؤ" پر آنا چاہیے تھا، لیکن "واؤ" حرف ہونے کی وجہ سے اعراب قبول نہیں کرتا، لہٰذا "مع" کے قائم مقام ہونے کی وجہ سے جو نصب "واؤ" پر آنا چاہیے تھا تو وہ اب "واؤ" کے بعد آئے گا۔

---

[۱] شرح المفصل لابن یعیش: ۴۳۹/۱، الارتشاف لابن حیان: ۱۴۸۳/۳۔

جمہور کے نزدیک مفعول معہ میں عامل بواسطہ "واؤ" فعل یا شبہ فعل ہے، فعل کی مثال، جیسے: "سِرْتُ وَالْلَيْلَ." اور شبہ فعل کی مثال، جیسے: "أَنَا ذَاهِبٌ وَخَالِداً. وَحَسْبُكَ وَسَعِيْداً مَا فَعَلْتُمَا." اور کبھی اس کا عامل مقدر ہوتا ہے اور یہ عموماً "مَا" اور "كَيْفَ" استفہامیہ کے بعد ہوتا ہے، جیسے: "مَا أَنْتَ وَخَالِداً. وَمَا لَكَ وَسِعِيْداً. وَكَيْفَ أَنْتَ وَالسَّفَرَ غَداً." تقدیر عبارت یوں ہے: "مَا تَكُوْنُ وَخَالِداً؟ وَمَا حَاصَل لَكَ وَسَعِيْداً؟ وَكَيْفَ تَكُوْنُ وَالسَّفَرَ غَداً." [1]

مفعول معہ کے منصوب ہونے کے لیے شرائط:

مفعول معہ کے منصوب ہونے کے لیے تین شرائط ہیں:

۱) فضلہ ہو، یعنی اس کے بغیر جملہ تام ہو اور اگر "واؤ" عمدہ ہو تو وہ مفعول معہ نہیں بنے گا، بلکہ وہ معطوف اور معطوف علیہ ہوں گے، کیونکہ معطوف کو معطوف علیہ کیساتھ حکم میں شرکت تو پائی جاتی ہے، لیکن مصاحبت زمانی و مکانی ان میں ضروری نہیں، جیسے: "اشْتَرَكَ سَعِيْدٌ وَخَلَيْلٌ" میں "واؤ" عاطفہ ہے اور یہ فضلہ نہیں، بلکہ عمدہ ہے۔

۲) "واؤ" بمعنی "مع" ہو، جیسے: "سَارَ عَلِيٌّ وَالْجَبَلَ. وَمَا لَكَ وَسَعِيْداً؟ وَمَا أَنْتَ وَسَلِيْماً." اور اگر "واؤ" بمعنی "مع" نہ ہو، بلکہ عاطفہ، جیسے: "جَاءَ خَالِدٌ وَسَعِيْدٌ قَبْلَهُ أَوْ بَعْدَهُ." یا "واؤ" حالیہ ہو تو مفعول معہ نہیں ہو گا، جیسے: "جَاءَ عَلِيٌّ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ."

۳) "واؤ" سے پہلے جملہ ہو، اگر جملہ نہ ہو مفرد ہو تو مابعد کا ماقبل پر عطف ہو گا، جیسے: "كُلُّ امْرِئٍ وَشَأْنُهُ"، یہاں یہ "واؤ" بمعنی "مع" نہیں، بلکہ "واؤ" عاطفہ ہے۔ [2]

مفعول لہ کی تعریف:

"وَهُوَ اسْمٌ لأَجْلِهِ يَقَعُ الفِعْلُ المَذْكُورُ قَبْلَهُ ، وَيُنْصَبُ بِتَقْدِيرِ الَّلامِ."

مفعول لہ وہ اسم ہے جو فعل مذکور کی علت ہو اور بتقدیر "لام" منصوب ہو، یعنی اپنے عامل کی علت بیان کرے اور اپنے عامل کیساتھ زمانہ اور فاعلیت میں بھی شریک ہو، جیسے: "ضَرَبْتُهُ تَأْدِيْبًا، حَارَبْتُ شَجَاعَةً، اغْتَرَبْتُ رَغبةً فِي الْعِلْمِ." یہاں "تَأْدِيْبًا، شَجَاعَةً، رَغبةً" مفعول لہ ہیں۔ مفعول لہ کو مفعول من اجلہ اور مفعول لاجلہ بھی کہتے ہیں۔ [3]

مفعول لہ کے منصوب ہونے کے لیے شرائط:

مفعول لہ کے منصوب ہونے کے لیے درج ذیل پانچ شرائط ہیں:

---

(۱) الارتشاف لابی حیان: ۱۴۸۴/۳، جامع الدروس العربیۃ: ۷۸/۳، ہمع الہوامع: ۱۳۸/۳، المنہاج الکامل: ۱۹۶،

(۲) الارتشاف لابی حیان: ۱۴۸۳/۳، شرح المفصل لابن یعیش: ۴۳۹/۱، جامع الدروس العربیۃ: ۷۲/۳۔

(۳) جامع الدروس العربیۃ: ۴۳/۳۔

۱) مصدر ہو، اگر مصدر نہ ہو تو منصوب نہیں ہوگا، جیسے: "وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ."
۲) مصدر قلبی ہو، یعنی ایسے فعل کا مصدر ہو جس کا منشاء حواس باطنی ہو، جیسے: محبت، تعظیم و توقیر، بغض و عناد اور خوف وغیرہ اور اگر مصدر غیر قلبی ہو تو اس منصوب پڑھنا جائز نہیں، جیسے: "جِئْتُ لِلْقِرَاءَةِ."
۳) مفعول لہ اور فعل معلل لہ کا فاعل ایک ہو اور اگر ایک نہ ہو تو اس کو منصوب پڑھنا جائز نہیں، جیسے: "جِئْتُكَ لِمَجِيئِكَ إِيَّايَ." یہاں فعل کا فاعل متکلم اور مفعول کا فاعل مخاطب ہے۔
۴) مفعول لہ اور فعل مذکور اور اس کے عامل کے وجود کے زمانے میں مقارنت ہو، پھر اس کی تین صورتیں ہیں: ۱) دونوں کے وجود کا زمانہ ایک ہو، جیسے: "ضَرَبْتُكَ تَأْدِيْباً". ۲) فعل کا زمانہ مفعول کے زمانے کا جزء ہو، جیسے: "قَعَدَتُ عَنِ الْحَرْبِ جُبْناً" یہاں "قعود" فعل کا زمانہ "جبن" مفعول لہ کے زمانہ کا جزء ہے۔ ۳) مفعول لہ کا زمانہ فعل مذکور کے زمانہ کا جزء ہو، جیسے: "شَهِدْتُ الْحَرْبَ إِيْقَاعاً لِلْصُلْحِ بَيْنَ الْفَرِيْقَيْنِ" یہاں "إِيْقَاعاً" مفعول لہ کا زمانہ "شُهُوْدِعِنِ الْحَرْبِ" فعل کے زمانے کا جزء ہے۔
۵) وہ مصدر حصول فعل کے لیے علت اور سبب ہو، جیسے: "عَظَمْتُ الْعُلَمَاءَ تَعْظِيْمًا." اگر مذکورہ بالا پانچ شرائط میں سے کوئی ایک شرط مفقود ہو تو مفعول لہ ایسے حرف جارہ کی وجہ سے مجرور ہوگا جو تعلیل کا فائدہ دے، مثلاً: "مِنْ، فِيْ، بَاءَ، لَام"، "مِنْ" کی مثال، جیسے: "مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا." (نوح:۲۵) اور "وَلَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ مِنْ إِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ." اسی طرح ایک حدیث میں ہے: "دَخَلتْ امْرَأَةٌ النَّارَ فِيْ هِرَّةٍ حَبَسَتْهَا." "فِيْ" کی مثال، جیسے: "الْحُبُّ فِي اللهِ". "باء" کی مثال، جیسے: "إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ." (البقرۃ:۵۴)۔ "لام" کی مثال، جیسے: "لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ." (القریش:۱).[1]

مفعول لہ کی اقسام:

مفعول لہ کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ حصولی (ب)۔ وجودی

(الف)۔ مفعول لہ حصولی:

مفعول لہ حصولی وہ ہے جس کے حصول کے لیے فعل لایا گیا ہو، جیسے: "ضَرَبْتُهُ تَأْدِيباً"، یہاں "ضرب" "تادیب" کے لیے کی گئی ہے۔

(ب)۔ مفعول لہ وجودی:

مفعول لہ وجودی وہ ہے جو پہلے سے حاصل ہو، لیکن اس کے وجود کی وجہ سے فعل کا صدور ہو، جیسے: "حَارَبْتُ شُجَاعَةً." یہاں "شجاعت" پہلے سے موجود ہے، لیکن "حرب" کے وقت اس کا وجود ظاہر ہوا۔

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۴۴/۳، النحو الوافی: ۲/۲۳۷، بدر السعید: ۳۱۳، جہد قصیر: ۶۳، المنہاج الکامل: ۴۲۴۔

مفعول لہ کی صورتیں:

مفعول لہ کی تین صورتیں:

مفعول لہ کی تین صورتیں ہیں:

۱) الف لام اور اضافت دونوں سے مجرد ہو تو اکثر منصوب ہوتا ہے، جیسے: "وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً." (الانبیاء: ۳۵) اور "وَقَفَ النَّاسُ احْتِرَاماً لِلْعَالِمِ." وغیرہ۔

۲) الف لام کیساتھ مقترن ہو تو اکثر مجرور ہوتا ہے، جیسے: "سَافَرْتُ لِلرَّغْبَةِ فِي الْعِلْمِ." اور کبھی منصوب بھی ہوتا ہے، جیسے: "وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ." (الانبیاء: ۴۷).

۳) مضاف ہو تو اس صورت میں نصب اور جر دونوں برابر ہیں، منصوب کی مثال، جیسے: "يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ اللهِ." اور مجرور کی مثال، جیسے: "وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ الله." (البقرۃ: ۷۴) اور جر کی دیگر مثالیں یہ ہیں: "تَرَكْتُ الْمُنْكَرَ خَشْيَةَ اللهِ، أَوْ لِخَشْيَةِ اللهِ، أَوْ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ." [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مفعول معہ اپنے مصاحب اور عامل پر مقدم نہیں ہو سکتا، لہذا اس طرح کہنا جائز نہیں: "وَالْجَبَلَ سَارَ عَلِيٌّ. سَارَ وَالْجَبَلَ عَلِيٌّ." [2]

فائدہ: "واؤ" بمعنی "مع" اور "واؤ" عاطفہ میں فرق یہ ہے کہ "واؤ" بمعنی "مع" دو اسموں میں مقارنت اور مصاحبت پر دلالت کرتی ہے اور "واؤ" عاطفہ میں شرکت ہوتی ہے، لیکن مقارنت اور مصاحبت نہیں ہوتی، جیسے: "مَاتَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو" کا مطلب یہ ہے کہ زید و عمرو دونوں مر گئے، لیکن اس پر دال نہیں کہ اکٹھے مرے ہیں یا الگ الگ، لیکن "واؤ" بمعنی "مع" کی صورت "مَاتَ زَيْدٌ وَّ عَمْراً" کا مطلب یہ ہے کہ دونوں اکٹھے مرے ہیں۔

فائدہ: مفعول معہ اور معطوف بہ واؤ عاطفہ دونوں "واؤ" کے بعد ہوتے ہیں، اس لیے ان کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ اگر "واؤ" کا مدخول ایسے فعل کے بعد ہو جس کا وقوع و صدور متعدد سے ہو سکتا ہو تو یہ "واؤ" عاطفہ ہو گا اور اگر فعل کا وقوع متعدد سے نہ ہو اور عطف بھی صحیح نہ ہو تو مفعول معہ ہو گا، جیسے: "جَاءَ الْأُسْتَاذُ وَالْكِتَابَ"، چونکہ مجیئت کے لیے تعدد ضروری نہیں اور عطف بھی درست نہیں کہ "جَاءَ الْكِتَابُ" کہنا صحیح نہیں، اس لیے "الْكِتَابَ" مفعول معہ ہے اور اگر فعل کا وقوع متعدد سے ہو اور عطف درست ہو تو مفعول معہ اور معطوف دونوں بن سکتے ہیں، جیسے: "جَاءَ الْأَمِيْرُ وَالْجُنْدَ"، پس مجیئت کے لیے تعدد

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۳/۴۷، النحو الوافی: ۲/۲۳۷۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۳/۷۸، اللباب فی علل البناء والاعراب: ۱/۲۸۲، الارتشاف لابی حیان: ۳/۱۴۸۵۔

ضروری نہیں اور مجیئت کی "الْجُنْدَ" کی طرف نسبت کر کے "جَاءَ الْجُنْدَ" کہنا بھی درست ہے، اس لیے "الْجُنْدَ" مرفوع ہو کر معطوف ہو یا منصوب ہو کر مفعول معہ ہو دونوں درست ہیں۔[۱]

قاعدہ: مفعول لہ ہر وہ مصدر رہے، جو ما قبل کا سبب بیان کرے اور اپنے عامل کیساتھ زمانہ اور فاعلیت میں شریک ہو، اور اپنے عامل سے لفظاً مختلف ہو۔ اس کو مفعول لاجلہ اور مفعول من اجلہ بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: مفعول لہ متعدد واقع نہیں ہو سکتے، البتہ عطف بیان اور بدل واقع ہو سکتے ہیں، جیسے "وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا". اس میں "لِتَعْتَدُوْا" دوسرا مفعول لہ نہیں ہے، بلکہ "ضِرَاراً" کیساتھ متعلق ہے۔

قاعدہ: مفعول لہ کو عامل پر مقدم کرنا جائز نہیں، خواہ منصوب ہو یا حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو، جیسے: "رَغْبَةً لِلْعِلْمِ أَتَيْتُ، لِلتِّجَارَةِ سَافَرْتُ."[۲]

قاعدہ: مفعول لہ کو حذف کرنا بھی جائز ہے، جیسے: "يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ أَنْ تَضِلُّوا." (المائدۃ:۱۷۶)" أيْ كَرَاهَةَ أَنْ تَضِلُّوا."[۳]

قاعدہ: مفعول لہ کے عامل کو حذف کرنا جائز ہے بشرطیکہ کوئی قرینہ موجود ہو، جیسے کوئی پوچھے: "لِمَ قَصَدْتَّ الضَّوَاحِيْ؟" تو جواب میں کہا جائے: "بُعْدًا عَنِ الضَّوْضَاءِ."[۴]

قاعدہ: ایک عامل کے لیے مفعول لہ متعدد نہیں ہو سکتے، کیونکہ ایک معلول کے لیے ایک ہی علت ہو سکتی ہے۔[۵]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مفعول معہ اور مفعول لہ کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ. أَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ. وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ. أَوِّبِي مَعَهُ وَالطَّيْرَ. يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا. يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ. بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللهِ كُفْرًا. خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ. قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا. أَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا. طَلِّقْ دُنْيَاكَ فَإِنَّها زَانِيَةٌ، صُمْتُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ طَلَبًا لِّلثَّوَابِ، جِئْتُهُ يَوْماً لِّزِيَارَتِهِ، "اغتربتُ رَغبةً في العلم. قَعَدَ المُتخاذِلُ عَنِ الحَربِ جُبْناً.

---

[۱] المنہاج الکامل:۱۹۸۔

[۲] جامع الدورس العربیۃ:۴۷/۳۔

[۳] النحو الوافی:۲۴۰/۲۔

[۴] النحو الوافی:۲۴۱/۲۔

[۵] النحو الوافی:۲۴۱/۲۔

وَقَفْتُ احْتِراماً لأَبِي. جِئْتُ أَنَا وَخَالِداً . أَعْطَيتُ الفَقِيرَ رَأْفَةً بِهِ . كَيْفَ حَالُك وَالحَوادِثَ . يُسَافِرُ الطَّلَبَةُ إلَى أُوْرُوْبَا طَلبًا لِلْعِلْمِ. يَسْتَيْقَظُ الْعُمَّالُ وَأَذَانِ الْفَجْرِ. عَاقَبَ الْقَاضِيْ الْمُجْرِمَ تَأْدِيبًا لَهُ. دَرسْتُ وَخَالِداً . قَمْ احْتِرَامًا لِأُسْتَاذِكَ. اجْتَهَدَ الأَبُّ وَالْمُعَلِّمُ فِيْ تَرْبِيَّةِ الْوَلَدِ. تَصَدَّقْتُ عَلى الْفَقِيْرِ أَمْلًا فِي الثَّوَابِ. صَفَحْتُ عَنِ السَّفِيْهِ حِلْمًا. مَاتَ سَعِيْدٌ وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ. تَجَاوَزْتُ عَنْ هَفْوَةِ الصِّدِيْقِ إِبْقَاءً عَلى مَوَدَّتِهِ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍... مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ:

"مِنَ النَّاسِ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا... "مِن" جاره "النَّاسِ" مجرور بالکسره لفظاو منصوب محلامفعول به غیر صریح ...جار مجرور متعلق به "ثَبَتَ" ویا که "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... "مَنْ" موصوله یا موصوفه بمع صله یا صفت خویش مبتداء مؤخر اوست مرفوع محلا... "يَشْرِيْ" جمله صله یا صفت اوست... "يَشْرِيْ" صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه تقدیرًا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول "نَفْسَ" مفعول به است منصوب بالفتحه لفظاً مضاف... "هُ" ضمیر غائب مضاف الیه است مجرور محلاراجع بسوئے مبتداء... "ابْتِغَاءَ" مفعول له منصوب بالفتحه لفظامضاف... "مَرْضَاتِ" مضاف الیه است مجرور بالکسره مضاف... "اللهِ" مضاف الیه است مجرور بالکسره لفظاً۔ (۱)

✍ ... "أَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ":

"أَجْمِعُوا" صیغه فعل امر حاضر معلوم... "واوَ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً،... "أَمْرَ" مفعول به اوست منصوب بالفتحه لفظاً مضاف... "كُمْ" مخاطبین مضاف الیه اوست مجرور محلاً... "واوَ" بمعنی "مع"... "شُرَكَاءَ" مفعول معه اوست منصوب بالفتحه لفظاً مضاف... "كُمْ" مخاطبین مضاف اوست مجرور محلاً۔

✍ ...طَلِّقْ دُنْيَاكَ فَإِنَّهَازَانِيَةٌ:

"طَلِّقْ" صیغه فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "دُنْيَا" مفعول به اوست منصوب بالفتحه تقدیراًمضاف... "كَ" ضمیر خطاب مضاف الیه است مجرور محلا... "ف" جوابیه تعلیلیه ما قبل جمله معلَله مابعد جمله معلِله... "إِنَّ" حرف از حروف مشبه بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "ها" ضمیر غائبه اسمش منصوب محلاراجع بسوئے "دُنْيَا"... "زَانِيَةٌ" خبر ش مرفوع بالضمه لفظا...باز "زَانِيَةٌ" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتدا خود یعمل عمل فعله... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے "دُنْيَا".

---

(۱) اعراب القرآن، درویش:۱/۳۰۷۔

فصل پنجم: حال کا بیان

ا۔حال کی تعریف:

"لَفْظٌ يَدُلُّ عَلَى بَيَانِ هَيْئَةِ الفَاعِلِ أَوِ المَفْعُولِ بِهِ أَوْ كِلَيْهِمَا."

حال وہ اسم (نکرہ) ہے جو اپنے ذوالحال کی ہیئت بیان کرے، خواہ ذوالحال فاعل ہو، یا مفعول بہ ہو، یا فاعل و مفعول بہ دونوں ہوں[1] اور پھر عام ہے، خواہ حقیقۃً ہو یا حکماً، حقیقۃً ہو، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَّاكِبًا، ضَرَبْتُ زَيْدًا مَّشْدُوْدًا، لَقِيْتُ زَيْدًا رَّاكِبَيْنِ." اور حکماً سے نو چیزیں مراد ہیں:

۱) نائب فاعل، جیسے: "وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا." (النساء:۲۸)ز

۲) مبتداء، بشرطیکہ فاعل یا مفعول کے معنی میں ہو، جیسے: "وَمِنْ قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَامًا وَرَحْمَةً." یہاں " إِمَامًا وَرَحْمَةً" ترکیب میں " كِتَابُ مُوسَى "مبتداء سے حال واقع ہے۔

۳) خبر بشرطیکہ فاعل یا مفعول کے معنی میں ہو، جیسے: " هَذِهِ نَاقَةُ اللهِ لَكُمْ آيَةً." (ہود:۶۴) یہاں " آيَةً" ترکیب میں " نَاقَةُ اللهِ "خبر سے حال واقع ہے۔

۴) مفعول مطلق، جیسے: "سِرْتُ السَّيْرَ حَثِيْثاً، فَتَعَبْتُ التَّعْبَ شَدِيْداً." یہاں "حَثِيْثاً" اور "شَدِيْداً" مفعول مطلق ترکیب میں "السَّيْرَ" اور "التَّعَلْبَ" سے حال واقع ہیں۔

۵) مفعول فیہ، جیسے: "سَرَيْتُ اللَّيْلَ مُظْلِماً. صُمْتُ الشَّهْرَ كَامِلاً." یہاں "مُظْلِماً "اور "كَامِلاً" یہ "اللَّيْلَ "اور "الشَّهْرَ" سے حال واقع ہیں جو کہ مفعول فیہ ہیں اور یہ حکماً مفعول بہ ہیں۔

۶) مفعول لہ، جیسے: "افْعَلِ الْخَيْرَ مَحَبَّةَ الْخَيْرِ مُجَرَّدَةً عَنِ الرِّيَاءِ." یہاں "مُجَرَّدَةً" ترکیب میں "مَحَبَّةَ الْخَيْرِ" سے حال واقع ہے جو کہ مفعول لہ ہے اور یہ حکماً مفعول بہ ہے۔

۷) مفعول معہ، جیسے: "لَا تَسْرِ وَاللَّيْلَ دَاجِياً." یہاں "دَاجِياً" ترکیب میں "وَاللَّيْلَ" سے حال واقع ہے جو کہ مفعول معہ ہے اور یہ حکماً مفعول بہ ہے۔

۸) مجرور بحرف الجر، جیسے: "وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ نَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ." (الصافات:۱۱۲) یہاں " نَبِيًّا" ترکیب میں "بِإِسْحَاقَ" سے حال واقع ہے جو کہ مجرور بحرف الجر ہے۔

۹) مضاف الیہ، جیسے: "فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا." (ال عمران:۹۵)، لیکن مضاف الیہ سے حال بننے کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ مضاف فاعل یا مفعول ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ مضاف مضاف الیہ

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۷۸/۳۔

کا جزء حقیقی ہو، جیسے: "أَنَّ دَابِرَ هَؤُلَاءِ مَقْطُوعٌ مُصْبِحِينَ." (الحجر:۵۵)، یہاں "مُصْبِحِينَ" ترکیب میں "هَؤُلَاءِ" مضاف الیہ سے حال واقع ہے اور "دَابِرَ" مضاف "هَؤُلَاءِ" مضاف الیہ کا جزء حقیقی یا بمنزلہ جزء حقیقی ہے، یعنی مضاف کو حذف کرکے مضاف الیہ کو اس کی جگہ پر رکھنا صحیح ہو، جیسے: "فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا." (آل عمران:۹۵)، یہاں "مِلَّةَ" کو حذف کرکے اس کی جگہ "إِبْرَاهِيمَ" کو رکھنا صحیح ہے۔ یا مضاف ذوالحال میں عامل ہو، یعنی صیغہ صفت اور مصدر اپنے فاعل یا مفعول کی طرف مضاف ہو، جیسے: "إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا." (یونس:۴) یہاں "جَمِيعًا" ترکیب میں "كُمْ" ضمیر مخاطب سے حال واقع ہے جو مصدر کا فاعل اور مضاف الیہ ہے۔ [1]

۲۔ علاماتِ حال:

حال کی مختلف لفظی اور معنوی علامات ہیں، معنوی علامت یہ ہے کہ حال کا ترجمہ کرتے وقت اُردو میں "اس حال، درانحالیکہ" وغیرہ الفاظ آتے ہیں اور لفظی علامات یہ ہیں:

(الف): فعل کے بعد نکرہ منصوبہ اسم فاعل یا اسم مفعول کا صیغہ آئے تو عموماً حال واقع ہوتا ہے، بشرطیکہ افعال ناقصہ کی خبر نہ ہو، اسم فاعل کی مثال، جیسے: " إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا." (الاحزاب:۴۵) اور اسم مفعول کی مثال، جیسے: " وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا." (الانعام:۱۱۴)۔

(ب): شرط اور جزاء کے درمیان جملہ اسمیہ آئے تو عموما حال واقع ہوتا ہے، جیسے: "إِنْ مَاتَ الْمَرِيْضُ أَوِالْمُسَافِرُ وَهُمَاعَلَى حَالِهِمَا لَمْ يَلْزَمْهَا الْقَضَاءُ".

(ج): لفظ "وَحْدَهُ" جہاں بھی آئے بتاویل "مُنْفَرِداً" ہو کر ما قبل سے حال واقع ہوگا، جیسے: "مَنْ رَّأَىَ هِلَالَ رَمَضَانَ وَحْدَهُ صَامَ، أَيْ مَنْ رَّاى هَلَالَ رَمَضَانَ مُنْفَرِداً صَامَ".

(د): فعل کا مصدر جب مفعول مطلق یا مفعول لہ نہ بن سکے تو عموماً مشتق کی تاویل میں ہو کر حال واقع ہوتا ہے، جیسے: "أَرْسَلَهُ هُدًى، أَيْ هَادِياً".

(ھ): فعل کے بعد جملہ اسمیہ آجائے اور اس کی ابتداء میں "واؤ" اور ضمیر آجائیں، یا صرف "واؤ" ہو تو یہ جملہ حالیہ واقع ہوگا، جیسے: " أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا." (البقرۃ:۲۵۹) اور صرف "واؤ" کی مثال، جیسے ایک حدیث میں ہے: "كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ." [2]

---

[1] جہد قصیر: ۶۳، بدر السعید: ۳۱۴، النحو الوافی: ۸۰/۳۔

[2] أخرجه ابن سعد (٥٩/٧)، وابن أبي شيبة (٣٢٩/٧، رقم ٣٦٥٥٣)، والطبراني (٩٢/١٢، رقم ١٢٥٧١) . والحاكم (٦٦٥/٢، رقم ٤٢٠٩) ، وقال: صحيح الإسناد.

(و):اگر معرفہ کے بعد جملہ فعلیہ آئے تو وہ بھی جملہ حالیہ واقع ہو گا،جیسے:" وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَاب."(البقرۃ:۴۹)،یہاں" يَسُومُونَكُمْ"ترکیب میں" مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ"سے حال واقع ہے۔[۱]

۳۔حال کی اقسام:

حال کی مختلف اعتبارات سے مختلف قسمیں ہیں،جو درج ذیل ہیں:

۴۔حال کی پہلی تقسیم:

حال کی باعتبار صورت تین قسمیں ہیں:(الف):مفرد،(ب):شبہ جملہ،(ج):جملہ

(الف):مفرد: مفرد سے مراد یہ ہے کہ جملہ یا شبہ جملہ نہ ہو،جیسے:"جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً".

(ب):شبہ جملہ: شبہ جملہ سے مراد یہ ہے کہ ظرف اور جار مجرور ہو،جیسے:"رَأَيْتُ الْهِلَالَ بَيْنَ السَّحَابِ"میں"السَّحَابِ"ترکیب میں"ثَابِتاً"سے متعلق ہو کر"الْهِلَالَ"سے حال واقع ہے،یا جیسے:" فَخَرَجَ عَلَى قَوْمِهِ فِي زِينَتِهِ."(القصص:۷۹)،یہاں"فِي زِينَتِهِ"جار مجرور"ثَابِتاً"کیساتھ متعلق ہو کر"خَرَجَ"کی ضمیر فاعل سے حال واقع ہے۔

(ج):جملہ: جملہ سے مراد جملہ اسمیہ ہے اور جب جملہ حال واقع ہو تو اس کے لیے تین شرطیں ہیں:۱)جملہ خبریہ ہو،۲)"سِيْن"اور"سَوْفَ"سے خالی ہو،۳)رابط موجود ہو،پھر رابط دو چیزیں ہیں:۱)"واوَ"،۲)ضمیر۔اگر جملہ اسمیہ حال واقع ہو تو رابط"واوَ"اور ضمیر دونوں ہوں گے،یا صرف"واوَ"ہو گی،لیکن صرف ضمیر کا ہونا ضعیف ہے[۲]اور اگر جملہ فعلیہ مضارعیہ مثبتہ حال واقع ہو تو رابط صرف ضمیر ہو گی اور اگر جملہ فعلیہ مضارعیہ منفیہ یا ماضویہ مثبتہ یا منفیہ حال واقع ہو تو رابط"واوَ"اور ضمیر دونوں بھی ہو سکتی ہیں اور صرف"واوَ"اور ضمیر اکیلے اکیلے بھی ہو سکتے ہیں۔[۳]

۵۔حال کی دوسری تقسیم:

حال کی بیان اور تاکید کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:(الف):حالِ مبینہ(ب):حال مؤکدہ

(الف):حالِ مبینہ: وہ ہے جس کا معنی حال کو ذکر کیے بغیر سمجھ میں نہ آئے،جیسے:"جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً"،یہاں"رکوب"والا معنی"رَاكِباً"حال کو ذکر کیے بغیر سمجھ میں نہیں آتا۔

---

[۱] بدر السعید:۳۱۵۔

[۲] یہ علامہ زمخشری،صاحب کافیہ اور بعض نحات کی رائے ہے،لیکن صحیح بات یہ ہے کہ صرف ضمیر کا ہونا ضعیف نہیں،بلکہ قرآن مجید میں صرف ضمیر کا استعمال وارد ہے،جیسے:"وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ."(الزمر:۶۰)اور"وَاللهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ."(الرعد:۴۱)۔ان دونوں مثالوں میں" وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ"اور" لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ"جملہ اسمیہ حال واقع ہیں اور اس میں صرف ضمیر ہے اور اس کی دیگر مثالیں یہ ہیں:" {اهبطوا بَعْضكُم لبَعض عَدو}.{فنبذوه وَرَاء ظُهُورهمْ كَأَنَّهُمْ لَا يعلمُونَ} .{وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسلين إِلَّا إِنَّهُم لَيَأْكُلُوْن الطَّعَام}." (مغنی اللبیب:۶۵۶)

[۳] جامع الدروس العربیۃ:۹۹/۳۔

(ب):حال مؤکدہ: وہ ہے جس کا معنی حال کو ذکر کیے بغیر سمجھ میں آئے، لیکن اس کو صرف تاکید کے لیے ذکر کیا جائے، پھر اس کی تین قسمیں ہیں: ۱)حال اپنے عامل کی ہو، جیسے: "كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّى مُدْبِرًا."(النمل:۱۰) ۲)حال ذوالحال کی تاکید ہو، جیسے: "وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَنْ فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا."(یونس:۹۹) ۳)حال مضمونِ جملہ کی تاکید کے لیے ہو، جیسے: "زَيْدٌ أَبُوْكَ عَطُوْفاً".[1]

۶۔حال کی تیسری تقسیم:

حال کی ذوالحال کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں:

(الف):حال حقیقیہ (ب):حال سببیہ (ج):حال مترادفہ (د):حال متداخلہ

(الف):حال حقیقیہ: وہ حال ہے جو اپنے ذوالحال کی حالت بیان کرے، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً".

(ب):حال سببیہ: وہ حال ہے جو اپنے ذوالحال کے متعلق کی حالت بیان کرے، جیسے: "كَلَّمْتُ زَيْداً حَاضِرٌ أَبُوْهُ".

(ج):حال مترادفہ: وہ حال ہے جس میں ذوالحال ایک ہو اور حال متعدد ہو، جیسے: "سِرْ رَاشِداً مَّهْدِيّاً"، یہاں "رَاشِداً" اور "مَهْدِيًّا" دونوں "سِرْ" کے ضمیر فاعل سے حال واقع ہیں۔

(د):حال متداخلہ: وہ حال ہے جس میں حال ثانی حالِ اول کی ضمیر سے حال واقع ہو، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً ضَاحِكاً"، یہاں "ضَاحِكاً" ترکیب میں "رَاكِباً" کی ضمیر سے حال واقع ہے اور "رَاكِبًا" ترکیب میں "زَيْدٌ" سے حال واقع ہے۔

۷۔حال کی چوتھی تقسیم:

حال کی باعتبار قصدِ ذات دو قسمیں ہیں: (الف):حال مقصودہ مباشرہ (ب):حال غیر مقصودہ موطئہ

(الف):حال مقصودہ مباشرہ: وہ حال ہے جو مقصود بالذات ہو، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً".

(ب):حال غیر مقصودہ موطئہ: وہ حال ہے جو جامد ہو اور اپنی صفت کے اعتبار سے حال واقع ہو، جیسے: "فتَمثَّلَ لَهَا بَشَراً سَوِياً." یہاں "بَشراً" باعتبار صفت "سَوِياً" حال واقع ہے، اس کو حال ممہدہ بھی کہتے ہیں۔[2]

۸۔حال کی پانچویں تقسیم:

حال کی باعتبار زمانہ دو قسمیں ہیں: (الف):حال مقارنہ (ب):حال مقدرہ

(الف):حال مقارنہ: وہ حال ہے جس کا زمانہ ذوالحال کے زمانہ سے مقارن ہو، جیسے: "وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا."(النساء:۷۹)۔

(ب):حال مقدرہ: وہ حال ہے جو خبر دیتے وقت بالفعل موجود نہ ہو، بلکہ مستقبل میں ہو، جیسے: "فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ."(الزمر

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۹۹/۳۔
[2] النحو الوافی: ۳۷۳/۲۔

:۷۳)۔ [1]

۹۔ حال کی چھٹی تقسیم:

حال کی باعتبار انتقال وصف لازم کی چار قسمیں ہیں:

(الف): حالِ منتقلہ (ب): حال لزومیہ (ج): حال مشتقہ (د): حال جامدہ

(الف): حالِ منتقلہ: وہ ہے جو اپنے ذوالحال سے جدا ہو سکے، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً"، رکوب زید سے جدا ہو سکتا ہے۔

(ب): حال لزومیہ: وہ ہے جو اپنے ذوالحال سے جدا نہ ہو سکے، جیسے: "رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا"، ایک مسلمان سے اللہ تعالی کی ربوبیت کا اقرار جدا نہیں ہو سکتا۔

(ج): حال مشتقہ : حال مشتقہ وہ حال ہے جو مشتق ہو، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً"۔ یہاں "رَاكِباً" اسم مشتق اسم فاعل ہے۔

(د): حال جامدہ: وہ حال ہے جو اسم جامد واقع ہو، جیسے: "فَتَمَثَّلَ لها بَشراً سَوياً." پھر حال جامدہ کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ اسم جامد کو مشتق کی تاویل میں کیا جائے اور یہ تین مقامات ہیں: ۱) وہ جامد مؤول تشبیہ پر دلالت کرے، جیسے: "وضَحَ الحقُّ شَمْساً، أيْ مُضِيْئاً، أوْ مُنِيْراً كالشَّمْسِ." ۲) مفاعلہ پر دال ہو، جیسے: "بِعتُكَ الفرَسَ يداً بيدٍ، أيْ مُتَقَابِضَيْنِ." ۳) ترتیب پر دال ہو، جیسے: "دَخَلَ القومُ رَجُلاً رَجُلاً"، أي مُتَرَتّبينَ." اور "قَرَأْتُ الْكِتابَ بَاباً باباً، أيْ مُرَتّباً." [2]

دوسری صورت یہ ہے کہ بعض مقامات میں اسم جامد غیر مؤول ہوتا اور اسے مشتق کی تاویل میں نہیں کیا جاتا ہے اور وہ یہ سات مقامات ہیں: ۱) موصوف ہو، جیسے: "{إنَّا أنْزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِياً}. {فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشراً سَوياً}." ۲) تسعیر اور بھاؤ پر دلالت کرے، جیسے: "بِعْتُ الْقُمْحَ مُدًّا بِعَشَرةِ قُروشٍ. واشْتَرَيْتُ الثَّوْبَ ذِراعاً بِدِيْنَارٍ." ۳) عدد پر دلالت کرے، جیسے: "{فَتَمَّ مِيقاتُ رَبِّكَ أرْبَعِيْنَ لَيْلَةً}." ۴) حالت پر دلالت کرے، جیسے: "خَالِدٌ غُلَاماً أَحْسَنُ مِنْهُ رَجُلاً. العِنَب زَبِيْباً أَطْيَبُ مِنْه دِبْساً." ۵) ذوالحال کی قسم اور نوع پر دلالت کرے، جیسے: "هَذَا مَالُكَ ذهباً." ۶) ذوالحال کی فرع ہو، جیسے: "{وَتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتاً}." اور "هَذَا ذَهبُكَ خَاتِماً." ۷) اپنے ذوالحال کی اصل ہو، جیسے: "{أَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْناً؟}" اور "هَذَا خَاتُمُكَ ذَهْباً. وَهَذَا ثَوْبُكَ كَتَّاناً." [3]

۱۰۔ قواعد و فوائد:

قاعدہ: حال عموماً مفرد ہوتا ہے اور کہیں کہیں جملہ بھی حال بنتا ہے۔

---

[1] بدر السعید: ۳۲۳، جہد قصیر: ۶۴۔

[2] جامع الدروس العربية: ۸۴/۳۔

[3] جامع الدروس العربية: ۸۴/۳۔

قاعدہ: عموماً حال فاعل یا مفعول بہ یا دونوں سے واقع ہوتا ہے، لیکن کبھی مبتداء، مضاف الیہ، مفعول مطلق، مفعول معہ اور مجرور بحرف الجر سے بھی حال واقع ہوجاتا ہے۔

قاعدہ: اگر فعل کے بعد اسم یا اسم مفعول کا صیغہ نکرہ اور منصوب ہو کر آجائے تو وہ حال بنتا ہے، بشرطیکہ افعال ناقصہ اور افعال قلوب کے بعد نہ ہو، جیسے: "فَاعْبُدِ اللهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ." (الزمر:۲) اور "وَيَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُورًا." (الانشقاق :۹) وغیرہ۔

فائدہ: اگر جملہ فعلیہ ماضویہ حال واقع ہو تو بصریین کے نزدیک اس پر "قَدْ" داخل کرنا واجب ہے خواہ لفظاً ہو یا تقدیراً، لیکن کوفیین کے نزدیک ضروری نہیں۔

قاعدہ: اگر جملہ انشائیہ حال واقع ہو تو اس کو "مَقُوْلًا فِيْ حَقِّهِ" کی تاویل میں کیا جائے گا۔

قاعدہ نمبر: چار مقامات میں "واؤ" حالیہ کا لانا واجب ہے: ۱) جب جملہ اسمیہ حال واقع ہو اور ضمیر رابط سے خالی ہو، جیسے: " لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ." (یوسف:۱۴)۔ اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں: "كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ، وإِنَّ فَرِيْقاً مِنَ الْمُؤْمِنِيِنَ لكَارِهُوْنَ." (الانفال:۵)، "جِئْتُ وَالنَّاسُ نَائِمُوْنَ، جِئْتُ وَمَا الشَّمْسُ طَالِعَةٌ." ۲) جب جملہ حالیہ ایسی ضمیر سے مصدر ہو جس کا اور ذوالحال کا مصداق ایک ہو، جیسے: "لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى." (النساء:۴۳)۔ ۳) جب جملہ حالیہ فعل ماضی ہو اور رابط سے خالی ہو، خواہ مثبت ہو یا منفی، اگر مثبت ہو تو "قَدْ" کا لانا ضروری ہے، چاہے مقدر ہو، جیسے: "أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ." (النساء:۹۰)، "أَيْ قَدْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ." یا مذکور ہو، جیسے: "أَوْ جِئْتُ وَقَدْ طَلَعَتْ الشَّمْسُ." ۴) مضارع مثبت جب "قَدْ" کیساتھ مستعمل ہو، جیسے: "يَاقَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَدْ تَعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللهِ إِلَيْكُمْ." (الصف:۵)۔ [1]

فائدہ: چھ مقامات میں "واؤ" حالیہ کا لانا ممنوع ہے اور ضمیر رابط کا لانا ضروری ہے: ۱) جب جملہ حروف عاطفہ کے بعد واقع ہو، جیسے: "وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا فَجَاءَهَا بَأْسُنَا بَياتاً أَوْ هُمْ قَائِلُوْنَ} ." ۲) جب جملہ حالیہ مضمونِ جملہ کی تاکید ہو، جیسے: "ذَلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ} ." (البقرۃ:۲)۔ ۳) جب جملہ حالیہ فعل ماضی ہو اور "إِلَّا" کے بعد واقع ہو، جیسے: "مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَّسُوْلٍ إِلاَّ كَانُوْا بِهِ يَسْتَهْزِءُوْنَ." ۴) جملہ جب حالیہ فعل ماضی ہو اور اس کے بعد "أَوْ" ہو، جیسے: " لَأَضْرِبَنَّهُ عَاشَ أَوْ مَاتَ." ۵) جب جملہ حالیہ فعل مضارع مثبت ہو اور "قَدْ" کیساتھ مقترن نہ ہو، جیسے: "وَلَا تَمنُنْ تَسْتَكْثِرُ." ۶) جب جملہ حالیہ فعل مضارع منفی بصورت "مَا" یا "لَا" ہو، جیسے: "وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ باللهِ." اور "مَا لِيْ لَا أَرَى الْهُدهُدَ." اور اگر فعل مضارع منفی بصورت "لَمْ" ہو تو "واؤ" اور ضمیر دونوں لانا واجب ہے، جیسے: "أَوْ قَالَ أُوحِيَّ، إِلَيَّ

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۰۳/۳۔

وَلَمْ يُوْحَ إِلَيْهِ شَيءٌ.“[١]

قاعدہ: ذوالحال اکثر معرفہ ہوتا ہے، اگر نکرہ ہو تو وجوہِ تخصیص میں کسی ایک سے تخصیص حاصل کرے گا اور وجوہ تخصیص سات ہیں: ۱) تقدیم حال سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ”جَاءَنِيْ رَاكِباً رَجُلٌ“. ۲) وصف سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ”جَاءَنِيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ رَاكِباً.“ ۳) اضافت سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ”فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً لِلسَّائِلِينَ.“(فصلت: ۱۰)۔ ۴) استفہام سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ”هَلْ أَتَاكَ رَجُلٌ رَاكِباً“۔ ۵) نفی اور ”إِلَّا“ کے درمیان واقع ہونے کی وجہ سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ”مَاجَاءَنِي رَجُلٌ إِلَّا رَاكِباً“. ۶) ایسے جملے سے تخصیص حاصل کی ہو جو مقرون بالواوٗ ہو، جیسے: ”أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا.“(البقرۃ:۲۵۹)۔ ۷) ذوالحال کے نکرہ مستغرقہ ہونے سے تخصیص حاصل کی ہو، جیسے: ” فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ. أَمْرًا مِنْ عِنْدِنَا.“[٢]

فائدہ: حال بننے کے لیے چار شرطیں ہیں: ۱) حال صفت منتقلہ ہو، جیسے: ”طَلَعْتُ الشَّمْسُ صَافِيَةً.“۔ ۲) حال نکرہ ہو اور اگر معرفہ ہو تو اس کی تاویل کی جائے گی، جیسے: ”آمَنْتُ بِاللهِ وَحْدَهُ". أَيْ مُنْفَرِداً.“ ۳) حال کا مفہوم ذوالحال کی ذات میں ملحوظ ہو، جیسے: ”جَاءَ زَيْدٌ رَاكِباً“ یہاں ”رَاكِباً“ کا مفہوم اعتباراً ”زَيْدٌ“ میں ملحوظ ہے۔ ۴) حال مشتق ہو جامد نہ ہو، جیسے: ”جَاءَ سَعِيْدٌ رَاكِباً.“[٣]

فائدہ: تین مقامات میں حال کو ذوالحال پر مقدم کرنا واجب ہے: ۱) جب ذوالحال نکرہ ہو اور وجہ تخصیص بھی نہ ہو، جیسے: ”جَاءَنِيْ مُسْرِعاً رَسُوْلٌ“. ۲) جب ذوالحال حال میں محصور ہو، جیسے: ”مَاجَاءَ مَاشِياً إِلَّا سَلِيْمٌ“. ۳) جب ذوالحال ایسی ضمیر کی طرف مضاف ہو جو حال کے ملابس کی طرف لوٹ رہی ہو، جیسے: ”قَامَ زَائِراً فَاطِمَةُ أَبُوْهَا“.[٤]

قاعدہ: اگر حال متعدد اور ذوالحال ایک ہو تو اسے حال مترادفہ کہتے ہیں، اور حال ثانی حال اول کی ضمیر سے حال واقع ہو تو اسے حال متداخلہ کہتے ہیں۔

فائدہ: بعض اوقات عدد حال واقع ہوتا ہے اور پھر اس کی دو صورتیں ہیں: ۱) عدد معدود کیساتھ ہو، جیسے: ”فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ.“(النساء:۳)۔ ۲) عدد اسم فاعل کیساتھ مستعمل ہو، جیسے: ”إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ.“(التوبۃ:۴۰).

قاعدہ: اگر ”إِنَّا“ حروف مشبہ بالفعل کے بعد حال واقع ہو تو حال کو مکرر لانا واجب ہے، جیسے: ”إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا

---

[١] جامع الدروس العربیۃ: ۱۰۴/۳، موسوعۃ النحو والصرف: ۳۴۰۔

[٢] حاشیۃ الصبان: ۲۶۰/۲، بدر السعید: ۳۱۶۔

[٣] جامع الدروس العربیۃ: ۸۲/۳، بدر السعید: ۳۱۷، جہد قصیر: ۶۴۔

[٤] حاشیۃ الصبان: ۲۶۰/۲۔

شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا."(الانسان:۳)اور اگر لائے نفی کے بعد حال واقع ہو تو اس کو اکثر مکرر لایا جاتا ہے، جیسے:"جَاءَنِيْ زَيْدٌ لَارَاكِباً وَلَا مَاشِياً".

قاعدہ: ذوالحال اکثر معرفہ ہوتا ہے، البتہ چند مقامات میں نکرہ کو بھی ذوالحال بنانا درست ہے:۱)حال جب ذوالحال سے مقدم ہو، جیسے:"جَاءَنِيْ رَاكِباً رَجُلٌ"۔ ۲)ذوالحال نکرہ موصوفہ ہو، جیسے:"وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَهُمْ."(البقرۃ:۸۹)۔ ۳)نکرہ کی طرف مضاف ہو، جیسے:"جَاءَنِيْ غُلَامُ رَجُلٍ رَاكِباً". ۴)حرف نفی کے بعد واقع ہو، جیسے:"مَاجَاءَنِيْ رَجُلٌ رَاكِباً"۔ ۵)حرف استفہام کے بعد واقع ہو، جیسے:"هَلْ أَتَاكَ رَجُلٌ رَاكِباً". ۶)وہ جملہ جو "واوٌ" کیساتھ مقترن ہو اور حال واقع ہو، جیسے:"أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا."(البقرۃ:۲۵۹)۔

قاعدہ: حال عامل کا محتاج ہوتا ہے اور حال کا عامل تین چیزیں ہو سکتی ہیں: (الف)۔ فعل، جیسے:"طَلَعْتُ الشَّمْسُ صَافِيةً. جَاءَنِيْ زَيْدٌ رَاكِبًا." (ب)۔ شبہ فعل(شبہ فعل سے مراد اسمائے صفات ہیں)، جیسے:"مَا مُسَافِرٌ خَلِيْلٌ مَاشِياً." (ج)۔ معنیٰ فعل اور معنیٰ فعل سے نو چیزیں مراد ہیں:۱)اسم فعل، جیسے:"صَهْ سَاكِتاً. ونَزَالِ مُسْرِعاً." ۲)اسم اشارہ، جیسے:"{وَهَذَا بَعْلِيْ شَيْخاً}. {فَتِلْكَ بُيوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا}. {إِنَّ هَذِهِ أُمَّتُكم أُمَّةً وَاحِدَةً}." اور"هَذَا خَالِدٌ مُقْبِلاً." ۳)ادوات تشبیہ، جیسے:"كأَنَّ خَالداً مُقْبِلاً أَسَدٌ." ۴)ادوات تمنی و ترجی، جیسے:"لَيْتَ السُّرُوْرَ دَائِماً عِنْدَنَا. لَعلَّك مدَّعياً عَلَي حقٍّ." ۵)ادوات استفہام، جیسے:"{فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ}."(المدثر:۴۹)اور"مَا شَأْنُكَ وَاقِفاً؟ . مَا لَكَ مُنْطَلقاً. كَيْفَ أَنْتَ قَائِماً؟ . كَيْفَ بزُهَيْرٍ رَئِيْساً؟" ۶)حرف تنبیہ، جیسے:"هَا هُوَ ذَا الْبَدْرُ طَالِعاً." ۷)جار مجرور، جیسے:"الْفرَسُ لَكَ وَحْدَكَ." ۸)ظرف، جیسے:"لَدَيْنَا الْحَقُّ خَفَّاقاً لِوَاؤُهُ." ۹)حرف نداء، جیسے:"يَا أَيُّهَا الرَّبعُ مُبكيّاً بسَاحَتِهِ."[۱]

فائدہ: تین صورتوں میں حال کو ذوالحال سے مؤخر کرنا واجب ہے[۲]:۱)جب حال محصور ہو، جیسے:"وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ."(الانعام:۴۸)۔ ۲)جب حال جملہ ہو اور مقترن بالواو ہو، جیسے:"جَاءَ عَلِيٌّ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ." اور جملہ مقترن بالواو نہ ہو تو تقدیم اور تاخیر دونوں جائز ہیں، جیسے:"جَاءَ خَلِيْلٌ يحمِلُ كِتَابهُ.جَاءَ يَحْمَلُ كِتَابَهُ خَلِيْلٌ." ۳)جب ذوالحال مجرور بالاضافت ہو، جیسے:"يُعْجِبُنِي وُقوفُ عَلِيٍّ خَطِيْباً. سَرَّنِيْ عَمَلُكَ مُخْلِصاً."اور مجرور بحرف الجر میں اختلاف ہے جمہور عدم جواز کے قائل ہیں کہ اس صورت میں حال کو مقدم کرنا ناجائز ہے، جیسے:"مَرَرْتُ رَاكِبَةً بِسَعُادَ وَأخذتُ عَاثِراً بِيَدِ خَلِيْلٍ." کہنا جائز نہیں، بلکہ حال کو مؤخر کرنا واجب ہے اور ابن مالکؒ جواز کے قائل

---

[۱] جامع الدروس العربیہ:۸۶/۳۔
[۲] جامع الدروس العربیۃ:۹۰/۳۔

ہیں۔

قاعدہ: اصل میں حال اپنے عامل سے مؤخر ہوتا ہے، لیکن کبھی حال کو اپنے عامل پر مقدم کرنا جائز ہے اور اس کی چند صورتیں ہیں: ۱) حال فعل متصرف ہو جیسے: "{خُشَّعاً أبْصَارُهُمْ يَخرُجونَ}" اور "رَاكِباً جاءَ عَلِيٌّ." وغیرہ۔ ۲) حال اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ ہو، جیسے: "مُسْرِعاً خالدٌ مُنطلقٌ". "اور اگر حال کو عامل اسم جامد، یا اسم تفضیل یا معنی ہو تو ان صورتوں میں حال کو مقدم کرنا جائز نہیں، جیسے: "مَا أَجْمَلَ الْبَدْرَ طَالِعاً!. عَلِيٌّ أَفْصَحُ النَّاسِ خَطِيْباً. كَأَنَّ عَلِيّاً مُقَدِّماً أَسَدٌ"." ان صورتوں کو حال کو مقدم کر کے یوں پڑھنا جائز نہیں "طَالِعاً مَا أَجْمَلَ الْبَدْرَ. عَلِيٌّ خَطِيْباً أَفْصَحُ النَّاسِ. مُقَدِّماً كَأَنَّ عَلِيّاً أَسَدٌ." [1]

فائدہ: تین صورتوں میں حال کو عامل پر مقدم کرنا واجب ہے: ۱) جب حال صدارتِ کلام کا تقاضا کرے، جیسے: "كيفَ رجعَ سَلِيْمٌ؟" اسماءِ استفہام صدارت کلام کا تقاضا کرتے ہیں، یہاں "كَيْفَ"، "سَلِيْمٌ" سے حال واقع ہے۔ ۲) اس کا عامل اسم تفضیل ہو، پھر اس کی دو صورتیں ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل حالین میں عامل ہو، جیسے: "خَالدٌ فَقِيْراً، أَكْرَمُ مِنْ خَلِيْلٍ غَنِيّاً"،" اور دوسری صورت یہ ہے کہ اسم تفضیل ایک ہی حال میں عامل ہو، جیسے: "سَعِيْدٌ سَاكِتاً خَيْرٌ مِنْهُ مُتَكَلِّمًا." ۳) معنی تشبیہ اس میں عامل ہو، جیسے: "أَنَا فَقِيْراً كَخَلِيْلٍ غَنِيّاً." لیکن اگر اداتِ تشبیہ "كَأَنَّ" ہو تو اس صورت میں حال کو مقدم کرنا جائز نہیں، جیسے: "كَأَنَّ خَالِداً مُهْرُوْلاً سَعِيْدٌ بَطِيْئاً." [2]

فائدہ: حال منصوبات فضلہ میں سے ہے اس لیے اس کا ذکر و حذف دونوں جائز ہیں اور یہ وہاں حذف ہوتا ہے جب اس کے حذف پر کوئی قرینہ موجود ہو اور یہ عموماً جب قول کے بعد واقع ہو تو اسے حذف کیا جاتا ہے، جیسے: "وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ." (الرعد: ۲۳-۲۴) "أَيْ يَدْخُلُوْنَ قَائِلِيْنَ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ." اور اسی طرح یہ مثال ہے: "وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا." (البقرۃ: ۱۲۷)، "أي يَرْفَعَانِ الْقَوَاعِدَ قَائِلَينِ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا." [3]

فائدہ: حال کے عامل کو بعض اوقات جوازاً حذف کیا جاتا ہے اور یہ حذف وہاں ہوگا جہاں کوئی قرینہ ہو، جیسے مسافر سے کہا جاتا ہے: "سَالِماً غَانِماً، أَيْ تَرْجِعُ سَالِماً غَانِماً!" یا حاجی کو سفر حج سے واپسی پر کہا جاتا ہے: "مَأْجُوْراً، أَيْ رَجَعْتُ مَأْجُوْراً!" اور یہ مثالیں ہیں: "{أَيحسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ لَّنْ نَجْمَعَ عِظَامَهُ بَلى قَادِرِيْنَ عَلَى أَنْ نُسَوِّي بنَانَهُ}.

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۹۳/۳۔

[2] جامع الدروس العربیہ: ۹۳/۳، المنہاج الکامل: ۴۲۹۔

[3] جامع الدروس العربیۃ: ۹۶/۳۔

{فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَاناً} ."[1]

فائدہ: پانچ مقامات میں حال کے عامل کو وجوباً حذف کیا جاتا ہے: ۱) حال کے ذریعے کسی چیز کی زیادتی یا نقصان کو تدریجاً بیان کیا جائے، جیسے: "تَصَدَّقْ بِدِرْهَمٍ فَصَاعِداً أَوْ فَأَكْثَرَ. اشْتَرِ الثَّوبَ بِدِيْنَارٍ فَنَازِلاً أَوْ فَأَقَلَّ أَوْ فسَافِلاً." لیکن اس کے شرط یہ ہے کہ اس کے شروع میں "فاء" یا "ثُمَّ" ہو اور اکثر "فاء" ہوتا ہے۔ ۲) حال کو زجر و توبیخ کے لیے ذکر کیا جائے، جیسے: "أَقَاعِداً عَنِ الْعَمِلِ، وَقَدْ قَامَ النَّاسَ؟. أَمتوَانياً، وَقَدْ جَدَّ قُرَناؤكَ؟. أَتَميمِيّاً مرةً، وقَيسيّاً أُخرَى؟." ۳) حال مضمون جملہ کی تاکید کے لیے ہو، جیسے: "أَنْتَ أَخِيْ مَوَاسِياً." ۴) حال خبر کے سد مسد اور قائم مقام ہو، جیسے: "تَأَدِّيبِي الْغُلامَ مُسِيْئاً." ۵) حال کا حذف سماعی ہو، جیسے: "هَنِيْئاً لَكَ ."[2]

قاعدہ: فاعل اور مفعول کو ذوالحال (صاحبِ حال) کہتے ہیں اور فاعل و مفعول کبھی معنوی بھی ہوتے ہیں، یعنی ترکیب کلام میں نہیں ہوتے، لیکن کلام کے معنی و مفہوم سے ان کا فاعل یا مفعول ہونا سمجھ میں آتا ہے، جیسے: "هَذَا زَيْدٌ قَائِماً"، یہاں اسم اشارہ "أُشِيْرُ" کے معنی میں ہے اور "زَيْدٌ" مفعول بہ ہے۔

۱۱۔ تمرین:

درج مثالوں میں حال کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

سِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا. هُمْ أَحيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ فَرِحِينَ. يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ أَفْوَاجًا، آتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا. لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ. خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا.قَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً. تَرَى النَّاسَ سُكَارَى. جَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ. يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ. يَصْلَاهَا مَذْمُومًا مَدْحُورًا. نَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ. نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا. يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ نَائِمُونَ.جَاءَ زَيْدٌ بَاكِياً. أَتَى أَخُوْهُ بَاكِياً. تَجَنَّبَ زَيْدٌ عَنْ عَمْرٍومُّعْرِضاًعَنْهُ. جَلَسَ خَالِدٌ مُّتَّكِئاً. اسْتَقْبَلْتُ سَعِيداً فَارِساً. لَقِيْتُ حَمِيداً رَاكِبَيْنِ. زيدٌ فِي الدّار قائِماً. جاءَنِي رَاكِباً رَجُلٌ. جَاءَنِي زَيْدٌ وَغُلامُهُ رَاكِبٌ. رَأَيْتُ سَعِيداً يركَبُ فَرَسَهُ. وَقَفَ الْمُذْنِبُ خَائِفاً . تَكَلَّمَ خَالِدٌ فِي دَائِرَتِهِ جَالِساً . هَذَا مَحْمُودٌ وَاعِظاً. جَاءَ الأَبُ والابْنُ رَاكِبَيْنِ سَيَّارَةً. خَرجَ المُعَلِّمُ راضِيّاً عَنِ الطُّلاَّبِ. جَاءَ الطَّالِبُ وَكِتَابُهُ مَفْقُودٌ. رَأَيْتُ النَّاسَ وَهُمْ يَرْكُضُونَ. عَادَ الْجَيْشُ ظَافرًا. أَقْبَلَ الْمَظْلُوْم بَاكِيًا. جَرَى الْمَاءُ صَافِيًا. لَا تَلْبِسِ الثَّوْبَ مُمزقًا. رَجعَ الْقَائدُ مَنْصُوراً. لَا تأكُلُوا الطَّعَامَ

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۹۷/۳۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۹۸/۳۔

حَاراً. حَضَرَ الضُّيُوفُ وَالمضيفُ غَائِبٌ. غَابَ أَخُوْكَ وَقَدْ حَضَرَ جميعُ الأَصْدِقَاءِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... سِيْقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَراً:

"سِيْقَ "صیغہ فعل ماضی مجہول ... "الَّذِينَ "موصول بمع صلہ خویش مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاً... باز "الَّذِينَ "اسم موصول ... "اتَّقَوْا "جملہ صلہ است ... باز "اتَّقَوْا" فعل ماضی معلوم ... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاذوالحال راجع بسوئے اسم موصول ... "ربَّ "مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظا مضاف ... "هُمْ "ضمیر غائبین مضاف الیہ است مجرور محلاراجع بسوئے اسم موصول ... "إلى "جارہ ... "الْجَنَّةِ"مجرور بالکسرہ لفظاًو منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق "اتَّقَوْا"فعل است ... "زُمَراً"حال است منصوب بالفتحہ لفظاً۔

✍ ...هُمْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ فَرِحِينَ:

"هُمْ"ضمیر غائبین مبتدا است مرفوع محلاًراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "أَحْيَاءٌ"خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً... باز "أَحْيَاءٌ"صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء... "عِنْدَ"ظرف مضاف... "رَبِّ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا... ظرف متعلق بہ "يُرْزَقُونَ"فعل مؤخر است... ویا کہ "عِنْدَ رَبِّهِمْ"ظرف مستقر خبر ثانی است مرفوع محلا... باز "عِنْدَ"ظرف مضاف... "رَبِّ"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا... ظرف متعلق بہ "ثبت"ویا کہ "ثابت"مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... ویا کہ "أَحْيَاءٌ"موصوف ... "عِنْدَ رَبِّهِمْ"ظرف مستقر صفت است مرفوع محلًا... ظرف متعلق "ثَابِتٌ"مقدر است... باز "ثَابِتٌ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف... "يُرْزَقُونَ"جملہ خبر ثالث مرفوع محلا... باز "يُرْزَقُونَ" صیغہ فعل مضارع مجہول مرفوع باثباتِ نون اعرابی ... "واؤ"ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاًذوالحال راجع بسوئے مبتداء... "فَرِحِينَ"حال است منصوب بالیاء لفظاً... باز "فَرِحِينَ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے ذوالحال۔[1]

---

[1] اعراب القرآن درویش:۱۰۷/۲،الجدول فی اعراب القرآن:۳۷۱/۴۔

فصل ششم: تمیز کا بیان

ا۔ تمیز کی تعریف:

"إسْمٌ نَكِرَةٌ يُذْكَرُ تَفْسِيْراً لِلْمُبْهَم مِنْ ذَاتٍ أو نِسبةٍ."

تمیز اس اسم نکرہ کو کہتے ہیں جو کسی مبہم چیز (ذات یا نسبت) سے ابہام کو دور کرے، بالفاظِ دیگر تمیز وہ اسم نکرہ فضلہ ہے جو "مِنْ" بیانیہ کا معنی دے کر اسم ذات یا نسبت سے اجمال دور کرے اور جس چیز سے ابہام کو دور کرے اسے "ممیز" (بصیغہ اسم مفعول) کہتے ہیں، اسم ذات کی مثال، جیسے: "عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتاً" اور نسبت کی مثال، جیسے: "طَابَ زَيْدٌ نَفْساً".

۲۔ تمیز کی اقسام:

تمیز کی اولاً دو قسمیں ہیں: (الف): تمیزِ الذات (ب): تمیزِ النسبۃ

(الف): تمیزِ الذات کی تعریف:

تمیز الذات اس کو کہتے ہیں جو ذات سے ابہام دور کرے اور اس کو تمیز المفرد بھی کہتے ہیں، پھر اس کی چار قسمیں ہیں:

(الف) عدد سے، (ب) مقدار سے، (ج) شبہ مقدار سے، (د) اصل بعد الفرع سے۔

(الف): عدد کی دو قسمیں ہیں: ۱) عدد صریح (جو معلوم الکمیۃ ہو)، جیسے: "إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا." (یوسف: ۴)۔ ۲) عدد کنائی (یہ "كَمْ، كَذَا، كأَيِّنْ" ہیں)، جیسے: "كَمْ كِتَاباً عِنْدَكَ؟"

(ب): مقدار: مقدار کی چار قسمیں ہیں: ۱) مقدار وزنِ حقیقی ہو، جیسے: "عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتاً"۔ ۲) مقدار کیل حقیقی ہو، جیسے: "عِنْدِيْ قَفِيْزَانْ بُرًّا". ۳) مقدار مساحت ہو، جیسے: "عِنْدِيْ شِبْرٌ أَرْضاً"۔ ۴) مقدار مقیاس ہو، جیسے: "عَلَى التَّمَرَةِ مِثْلُهَا زَبْداً".

(ج): شبہ مقدار: شبہ مقدار کی بھی چار قسمیں ہیں: ۱) شبہ مقدار وزن ہو، جیسے: "فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خيراً يَرَهُ، وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شرًّا يَرَهُ." ۲) مقدار شبہ کیل ہو، جیسے: "عِنْدِيْ جَرَّةٌ مَاءً." ۳) مقدار شبہ مساحت ہو، جیسے: "عِنْدِيْ مَدُّ الْبَصْرِ أَرْضاً. وَمَا فِي السَّمَاءِ قَدْرُ رَاحةٍ سَحَاباً." ۴) مقدار شبہ مقیاس ہو، جیسے: "عِنْدِيْ مَدُّ يَدِكَ حَبَلاً."

(د): اصل بعد الفرع: وہ ہے جو فرع بنے اور اصل آکر اس سے رفع ابہام کرے، جیسے: "عِنْدِيْ خَاتِمٌ فِضّةً، وَسَاعَةٌ ذَهَباً، وَثَوْبٌ صَوْفاً، ومِعْطَفٌ جَوْخاً."[1]

(ب): تمیزِ النسبۃ کی تعریف:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۱۴/۳۔

تمیز النسبۃ اس کو کہتے ہیں جو نسبت سے ابہام کو دور کرے اور اس کو تمیزِ الجملہ بھی کہتے ہیں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں:۱) محوَّل،۲) غیر محوَّل۔

۱) محوَّل: اس تمیز کو کہتے ہیں جو پہلے فاعل یا مفعول بہ یا مبتداء ہو پھر اس کو حذف کرنے کی وجہ سے کلام میں ابہام پیدا ہو جائے تو اسے دور کرنے کے لیے دوبارہ اس کو بطور تمیز لایا جائے، یہ ہمیشہ منصوب ہوتی ہے اور اس کو "مِنْ" جارہ اور اضافت کی وجہ سے مجرور نہیں پڑھا جاتا ہے۔

پھر اس کی تین قسمیں ہیں:

(الف): محوَّل عن الفاعل: وہ تمیز ہے جو اصل میں فاعل ہو، جیسے: "وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا." یہ اصل میں "وَاشْتَعَلَ الشَّيْبُ" تھا اور اسی طرح "طَابَ زَيْدٌ نَفْساً"، یہ اصل میں "طَابَ نَفْسُ زَيْدٍ" تھا۔

(ب): محوَّل عن المفعول: وہ تمیز ہے جو اصل میں مفعول ہو، جیسے: "وَفَجَّرنَا الْأَرْضَ عُيُوْناً." یہ اصل میں "وَفَجَّرنَا عُيُوْنَ الْأَرْضَ" تھا اور اسی طرح "زَرَعْتُ الْحَدِيقَةَ شَجَراً" اصل میں "زَرَعتُ شَجَرَ الْحَدِيقةِ." تھا۔

(ج): محوَّل عن المبتداء: وہ تمیز ہے جو اصل میں مبتداء ہو، جیسے: "أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالاً وَأَعَزُّ نَفْراً." یہ اصل میں "مَالِيْ اَكْثَرَ مِنْ مَالِكَ." تھا اور اسی طرح "خَلِيْلٌ أَوْفَرُ عِلْماً وَأَكْبرُ عَقْلاً"." اصل میں "عِلْمُ خَلِيْلٍ وَعَقْلُهُ أَوْفَرُ أَكْبَرُ." تھا۔

۲) غیر محوَّل: وہ تمیز ہے جو کسی سے پھری ہوئی نہ ہو اور ان تینوں قسموں میں سے کوئی قسم نہ ہو، جیسے: "أَكْرِمْ بِسَلِيْم رَجُلاً. عَظُمْتُ شُجَاعاً، لِلّٰهِ دَرُّهُ فَارِساً، مَلَأْتُ خَزَائِنِيْ كُتُباً. مَا أَكْرَمكَ رَجُلاً." اس کا حکم یہ ہے کہ اس کو نصب دینا جائز ہیں، جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے اور مجرور بہ "مِنْ" جارہ پڑھنا بھی جائز ہے[1]، جیسے: "لِلّٰهِ دَرُّهُ مِنْ فَارِسٍ. أَكْرِمْ بِه مِنْ رَجُلٍ." پڑھنا جائز ہے۔[2]

۳۔ تمیز اور حال میں فرق:

تمیز اور حال میں بعض وجوہ مثلاً: اسم، نکرہ، فضلہ، منصوب اور رفع ابہام کے لیے ہونے میں اشتراک ہے اور بعض وجوہ میں فرق ہیں:

۱) تمیز رفع ابہام ذات سے کرتی ہے اور جب کہ حال رفع ابہام وصف سے کرتا ہے۔

۲) حال اکثر مشتق ہوتا ہے اور تمیز اکثر جامد ہوتی ہے۔

---

[1] پھر اس میں تین مذاہب ہیں:۱) امام سیبویہؒ کے نزدیک یہ "مِنْ" زائدہ ہے۔۲) عند البعض "مِنْ" تبعیضیہ ہے۔۳) بعض نحات کے نزدیک "مِنْ" بیانیہ ہے اور یہی قول راجح ہے۔ (المنہاج فی القواعد والاعراب:۳۱۰)

[2] جامع الدروس العربیہ:۱۱۵/۳۔

۳) حال جار مجرور اور ظرف واقع ہو سکتا ہے، لیکن تمیز جار مجرور اور ظرف واقع نہیں ہو سکتا۔
۴) حال ذوالحال کے لیے تاکید ہوتی ہے، لیکن تمیز ممیز کی تاکید نہیں کرتی۔
۵) حال اپنے ذوالحال سے مقدم ہو سکتا ہے، لیکن تمیز ممیز سے مقدم نہیں ہو سکتی۔
۶) حال متعدد ہو سکتے، لیکن تمیز میں تعدد نہیں ہو سکتا۔
۷) بعض اوقات کلام کا معنی حال پر موقوف ہوتا ہے، لیکن تمیز پر کلام کا معنی موقوف نہیں ہوتا۔
۸) حال جملہ اور شبہ جملہ واقع ہو سکتا ہے، لیکن تمیز ہمیشہ اسم صریح ہوتا ہے۔
۹) حال میں اصل معرفہ ہے اور تمیز میں اصل نکرہ ہے اور اگر تمیز معرفہ واقع ہو تو بھی معناً نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے[۱]۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: تمیز الذات کا عامل ناصب ممیز ہی ہوتا ہے اور تمیز النسبۃ کا عامل ناصب ما قبل فعل یا شبہ ہوتا ہے۔

فائدہ: تمیز اور صفت میں فرق یہ ہے کہ تمیز رفع ابہام ذات سے کرتی ہے اور صفت رفع ابہام وصف سے کرتی ہے۔

قاعدہ: تمیز ہمیشہ جامد ہوتی ہے، اگر مشتق ہو تو تمیز ہونے کیساتھ حال بھی بن سکتی ہے، جیسے: "لِلّٰہِ دَرُّهُ فَارِسًا" اور اگر تمیز مصدر واقع ہو تو بتاویل مشتق بنا کر اس کو حال بنانا بھی صحیح ہے، جیسے: "وَحُكْمُهُ: أَنْ يَّخْتَلِفَ آخِرُهُ بِاخْتِلَافِ الْعَوَامِلِ لَفْظاً، أَيْ مَلْفُوْظاً"[۲]۔

قاعدہ: اسم تفضیل کے بعد کوئی اسم واقع ہو تو دو حال سے خالی نہیں، ما قبل کی جنس سے ہوگا یا نہیں، اگر نہ ہو تو اس کو تمیز کی بناء پر منصوب پڑھنا واجب ہے، جیسے: "أَنْتَ أَعْلَى مَنْزِلاً۔" اور اگر ما قبل کی جنس سے ہو تو اسم تفضیل کی اس کی طرف اضافت کرکے اسے جر دینا واجب ہے، جیسے: "أَنْتَ أَفْضَلُ رَجُلٍ۔" البتہ اسم تفضیل تمیز کے علاوہ کسی اور کی طرف مضاف ہو تو پھر نصب دینا ہی واجب ہے، جیسے: "أَنْتَ أَفْضَلُ النَّاسِ رَجُلاً۔"[۳]

قاعدہ: تمیز کا عامل اگر ذات یا فعل جامد ہو تو اس کو عامل پر مقدم کرنا جائز نہیں، جیسے: "عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتًا، مَاأَحْسَنَهُ رَجُلاً، نِعْمَ زَيْدٌ رَجُلاً"، البتہ اور اس کے مرفوع کے درمیان آسکتی ہے، جیسے: "طَابَ نَفْساًعَلِيٌّ" اور اگر اس کا عامل فعل متصرف ہو تو اس پر مقدم ہو سکتی ہے، لیکن یہ بہت قلیل و نادر ہے۔[۴]

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ: ۱۲۳/۳، بدر السعید: ۳۲۶، حاشیۃ الصبان: ۳۰۱/۲۔
[۲] بدر السعید: ۳۲۶۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۱۱۶/۳۔
[۴] المنہاج الکامل: ۴۳۰۔

قاعدہ: صرف اسم صریح تمیز بن سکتا ہے۔[1]

قاعدہ: تمیز میں تعدد جائز نہیں۔[2]

قاعدہ: تمیز میں اصل یہ ہے کہ اسم جامد ہو، لیکن کبھی کبھی مشتق بھی بحذف مضاف تمیز بن سکتا ہے، جیسے: ”لِلّٰهِ دَرُّهُ فارساً!. ما أَحْسَنَهُ عَالِماً!. مَرَرْتُ بِعِشْرِيْنَ رَاكِباً.“ یہ اصل میں ”لِلّٰهِ دَرُّهُ رَجُلاً فَارِساً، وَمَا أَحْسَنُهُ رَجُلاً عالماً. وَمَرَرْتُ بِعِشْرِيْنَ رَجُلاً رَاكِباً.“ ہے، گویا تمیز حقیقت میں موصوف محذوف ہے اور یہ مشتق اس کا نائب ہے۔[3]

قاعدہ: تمیز میں اصل یہ ہے کہ نکرہ ہو، لیکن کبھی کبھی معرفہ بھی تمیز بن جاتا ہے، لیکن وہ نکرہ کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ”عَلاَمَ مُلِئْتَ الرُّعبَ؟ أَيْ رُعْبًا. أَلِمَ فلانٌ رَأْسَهُ، أي أَلِمَ رأساً.“ اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں: ”{إلاَّ مَنْ سَفِه نَفسَه}، أيْ سَفِهَ نَفْساً. {وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا}، أَيْ بَطِرَت مَعِيْشةً.“ بعض حضرات نے انہیں مفعول بہ ہونے کے بناء پر منصوب پڑھا ہے اور بعض نے مذکورہ مثالوں کو بطور استشہاد پیش کیا ہے کہ تمیز بھی معرفہ واقع ہو سکتی ہے۔[4]

قاعدہ: تمیز کو حذف کرنا جائز ہے جب کوئی قرینہ موجود ہو، جیسے: ”عَلَيْهَاتِسْعَةُ عَشَرَ، أيْ مِلَكاً أَوْخَازِناً“.

قاعدہ: تمیز کا عامل اگر افعال مدح وذم میں سے ہو تو ہاں چند چیزوں کو ملحوظ رکھنا ضروری ہیں: ۱) تمیز مؤخر ہو، لہذا ”رَجُلاً نِعْمَ زُهَيْرٌ.“ کہنا جائز نہیں۔ ۲) افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث میں مخصوص بالمدح یاذم کے مطابق ہو، جیسے: ”نِعْمَ رَجُلاً زُهَيْرُ، نِعْمَ رَجُلَيْنِ زُهَيرٌ وَأَخُوْهُ، نعْمَ رجالاً أَنْتُمْ، نِعْمَتْ فَتَاةً فَاطِمَةُ، نِعْمَتْ فَتاتَينَ فَاطِمَةُ وَسُعَادُ، نِعْمَتْ فَتَيَاتٍ الْمُجْتَهِداتُ.“ ۳) الف لام کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو، کیونکہ یہ محول عن الفاعل ہوتی ہے، جیسے: ”نِعْمَ رجلاً زُهَيْرٌ“ کہ یہ اصل میں ”نِعْمَ الرَّجُلُ زُهَيْرٌ.“ ہے اور جو الف الام کو قبول نہیں کرتا وہ اس باب میں تمیز نہیں بن سکتا، جیسے: ”مِثْلٌ، أيٌّ، غَيْرٌ.“ ۴) جب ان افعال کا فاعل اسم ضمیر ہو جو تمیز کی طرف لوٹ رہی ہو تو تمیز کو حذف کرنا جائز نہیں۔[5]

قاعدہ: تمیز اور عدد کے درمیان سوائے ضرورتِ شعریہ کے فاصلہ جائز نہیں۔

فائدہ: جمہور کے نزدیک حال، تمیز، مستثنیٰ اور لازم النصب اسماء نائب فاعل نہیں بن سکتے ہیں۔

---

[1] جامع الدورس العربیۃ: ۱۲۴/۲۔
[2] جامع الدورس العربیۃ: ۱۲۴/۲۔
[3] جامع الدورس العربیۃ: ۱۲۴/۳، المنہاج الکامل: ۴۳۰۔
[4] جامع الدورس العربیۃ: ۱۲۵/۳۔
[5] جامع الدورس العربیۃ: ۸۳/۱۔

تمرین:

درج مثالوں میں تمیز کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا. أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا. رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا. ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا۔جَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا. كَفَى بِاللّٰه حَسِيبًا. أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا. أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَنِ عِتِيًّا. حَسُنَ أُولَئِكَ رَفِيقًا. لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً. جَّرنَا الْأَرْضَ عُيُوْناً. فَاللهُ خَيْرٌ حَافِظًا. كَانَ الْإِنْسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا . هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا. حَسَّانُ أوفرُ عِلْماً وَأكْبَرُ عَقْلاً. اِشْتَرَيْتُ خَاتَمَ فِضَّةٍ. في الْحَقْلِ عِشْرُون بَقَرَةً. اِشْتَرَيْتُ رِطْلاً بَلحاً. غَلَّتِ الأرضُ إِرْدَباً قَمْحاً. بَاعَنِي التاجرُ ذِراعاً حَرِيراً. طَابَ المكانُ هَوَاءً. فَاضَ القَلْبُ سُروراً. الْعِنَبُ مِنْ أَلَذِّ أَنْوَاعِ الْفَاكِهَةِ طَعْماً. الْكَرَاتْشِيْ أَكْثَرُ مِنَ بِشَاوَرَ سُكَّاناً. لا أَمْلِكُ شِبْراً أرْضاً. زَارَنِي عِشْرُونَ صَدِيقاً. وَجَدْتُ أَحَدَ عَشَرَ كِتَاباً مُفِيداً. عِنْدِي مَنَوانِ عَسَلاً. هذا سَلِيمٌ نَفْساً. سَعِيدٌ طَيِّبٌ عَشِيرَةً. عِنْدِي ثَلاثُونَ دَفْتَراً. هَذَا سِوارٌ ذَهَباً. كَرُمَ عَلِيٌّ أَدَباً. طَابَ الْمُجْتَهِدُ نَفْساً.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍...رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا.

"رَبِّ"منادیٰ بحذف حرف نداء کہ تقدیرش"يَارَبِّ" "باشد... "ياء"حرف نداء قائم مقام"ادعو"ناصب منادیٰ مضاف یاشبہ جملہ یانکرہ غیر معینہ... "رَبِّ"منادیٰ مضاف... "ی"ضمیر محذوف مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... "زِدْنِي عِلْمًا"جملہ مقصود بالنداء... "زِدْ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوعامحلاً..."ن"وقایہ..."ي"ضمیر متکلم مفعول بہ اوست منصوب محلاً... "عِلْمًا"تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظاً...ویا کہ مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔[1]

✍... أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا:

"أَنَا"ضمیر واحد متکلم مبتداء است مرفوع محلاً... "أَكْثَرُ"خبر ش مرفوع بالضمہ لفظا...باز"أَكْثَرُ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً..."مِنْ" جارہ..."ك"ضمیر خطاب مجرور و منصوب محلاًمفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ"أَكْثَرُ" شبہ فعل است... "مَالًا"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً...ویا کہ"أَكْثَرُ"اسم تام مع التنوین مقدر مبہم ممیز ناصب التمیز... "مِنْ" جارہ..."ك"ضمیر خطاب مجرور و منصوب محلاًمفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ"أَكْثَرُ" شبہ فعل است... "مَالًا"تمیز محول عن المبتداء منصوب بالفتحہ لفظا۔

---

[1] اعراب القرآن، درویش:۲۵۱/۶۔

فصل ہفتم: مفعول بہ کا بیان

۱۔ مفعول بہ کی تعریف:

"وَهُوَ اسْمٌ يَقَعُ عَلَيهِ فِعْلُ الفَاعِلِ."

وہ اسم ہے کہ جس پر فاعل کا فعل واقع ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا".

پھر مفعول بہ کی دو قسمیں ہیں: ۱) صریحی ۲) غیر صریحی

۱) مفعول بہ صریحی: وہ ہے جو بلاواسطہ اور بلا تاویل مفعول بہ واقع ہو، پھر اس کی تین صورتیں ہیں: ۱) اسم ظاہر ہو، جیسے: "اسْتَوْقَدْنَاراً". ۲) ضمیر متصل ہو، جیسے: "أَكْرَمْتُكَ وَأَكْرَمْتُهُمْ." ۳) ضمیر منفصل ہو، جیسے: "إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ."

۲) مفعول بہ غیر صریحی: وہ ہے جو بواسطہ حرف جارہ یا تاویل کے مفعول بہ واقع ہو، جیسے: "امَنَّابِاللّٰهِ"۔ پھر اس کی تین قسمیں ہیں: (الف): جملہ مؤول بالمصدر ہو، جیسے: "عَلِمْتُ أَنَّكَ مُجتَهِدٌ." (ب): جملہ مؤول بالمفرد، جیسے: "ظَنَنْتُكَ تَجْتَهِدُ." یہاں "تَجْتَهِدُ" بتاویل "مُجْتَهِداً." ہے اور تقدیر عبارت یوں ہے: "ظَنَنْتُكَ مُجْتَهِداً." (ج): مفرد بواسطہ حرف جر کے مفعول بہ ہو، جیسے: "أَمْسكْتُ بيدِكَ."[1]

۲۔ حذفِ عاملِ مفعول بہ:

مفعول بہ عامل ناصب (فعل) اکثر مذکور ہوتا ہے، لیکن کبھی اس کو حذف کیا جاتا ہے، پھر حذف عامل کی دو قسمیں ہیں: (الف): حذف جوازی (ب): حذفِ وجوبی

(الف): حذف جوازی:

مفعول بہ کا عامل نصب وہاں محذوف ہوگا جہاں اس کے حذف پر کوئی قرینہ موجود ہو، پھر قرینہ کبھی حالیہ ہوگا، جیسے کوئی حاجی احرام باندھ کر مکہ مکرمہ ہو تو اس سے کہا جائے: "مَكَّةَ مَكَّةَ!" اس کا عامل ناصب حذف ہے: "أَيْ تُرِيْدُ مَكَّةَ؟"، یہاں قرینہ حاجی کی ظاہری حالت احرام کا باندھنا ہے اور قرینہ مقالیہ کی مثال، جیسے کوئی سوال کرے: "مَنْ تَضْرِبُ؟" تو اس کے جواب میں کہا جائے: "زَيْداً"، "أَيْ أَضْرِبُ زَيْداً!"، یہاں قرینہ سائل کا سوال ہے۔

(ب): حذفِ وجوبی:

مفعول بہ کے عامل ناصب کو بعض مقامات میں حذف کیا جاتا ہے، پھر حذف کی دو قسمیں ہیں: ۱) سماعی ۲) قیاسی۔

۱) سماعی: حذف سماعی کے لیے کوئی قاعدہ و قانون نہیں، بلکہ یہ موقوف علی السماع ہیں، جیسے: "امْرَاءَوَنَفْسَه، أيْ اتْرُكْ

---

[1] جامع الدروس العربية: ۶/۳۔

امْرَاءً وَنَفْسَهُ، أَهْلًاوَسَهْلاً، أىْ أَتَيْتُ أَهْلًاوَوَطَيْتُ سَهْلاً، انْتَهُوْا خَيْراً لَكُمْ! أىْ انْتَهُوْا عَنِ التَّثْلِيْثِ وَاقْصِدُوْا خَيْراً لَكُمْ".

۲)قیاسی:مفعول بہ کے عامل ناصب کو جہاں قیاساً حذف کیا جاتا ہے وہ درج ذیل چھ مقامات ہیں۔

۱)منادیٰ ۲)تحذیر ۳)اضمار علی شریطۃ التفسیر ۴)منصوب علی سبیل الاغراء ۵)منصوب علی سبیل الاختصاص ۶)منصوب علی سبیل المدح والذم

۱۔منادیٰ:

منادیٰ وہ اسم ہے جس پر حرفِ نداء داخل ہو اور فعل محذوف "أُدْعُوْ" کے قائم مقام ہوتا ہے، جیسے:"یَازَیْدُ!"، یہ اصل میں "ادْعُوْ زَیْداً" تھا، پھر "أُدْعُوْ" کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کرکے حرف نداء کو اس کے قائم مقام کیا گیا ہے۔[1]

۲۔تحذیر:

تحذیر کے لغوی معنیٰ "ڈرانے" کے ہیں، ڈرانے والے کو "محذِّر"، جس کو ڈرایا جائے اس کو "محذَّر" اور جس سے ڈرایا جائے اسے "محذَّر منہ" کہتے ہیں، جیسے زید خالد کو شیر سے ڈراتے ہوئے کہے:"إِيَّاكَ وَالْأَسَدَ!"، یہاں زید محذِّر، خالد محذَّر اور شیر محذَّر منہ ہے اور تحذیر اصطلاح میں اس مفعول کو کہتے ہیں جو "اتَّقِ، احذَرْ، باعِدْ، تَجنَّبْ، قِ" فعل مقدر کا معمول ہو، پھر تحذیر کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ محذَّر اور محذَّر منہ دونوں مذکور ہوں، یعنی فعل مقدر کا معمول محذَّر ہو اور اس کے بعد محذَّر منہ مذکور ہو، جیسے:"إِيَّاكَ وَالْأَسَدَا!"[2] یہ اصل میں "بَعِّدْ وَالْأَسَدَا!" تھا یہاں "إِيَّاكَ" محذَّر ہے جو "بَعِّدْ" فعل مقدر کا معمول ہے اور "الْأَسَدَ" محذَّر منہ ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ محذَّر منہ مکرر مذکور ہو تو اس صورت میں فعل مقدر کا معمول محذَّر منہ ہو تو تکرار کیساتھ مذکور ہوگا، جیسے:"الطَّرِيْقَ الطَّرِيْقَ!" یہاں "الطَّرِيْقَ الطَّرِيْقَ!" محذَّر منہ ہے جو "اتَّقِ" فعل مقدر کا معمول ہے اور مکرر

---

[1] منادیٰ پر تفصیلی بحث حروف نداء کے ذیل میں گذر چکی ہے۔

[2] "الأَسَدَ" کا "إِيَّاكَ" پر عطف ہے، تقدیری عبارت یہ ہے:"بَعِّدْكَ وَالْأَسَدَ"، یہاں "بَعِّدْ" کو تنگی وقت کی وجہ سے حذف کردیا گیا اور "كَ" ضمیر متصل کو ضمیر منفصل سے بدل دیا گیا تو "إِيَّاكَ وَالْأَسَدَ" ہو گیا، اس صورت میں عطف المفرد علی المفرد ہوگا، یاد رہے کہ "بَعِّدْكَ" میں ضمیر فاعلی اور مفعولی کا اتصال ہے جو خلاف اصول ہے، اس لیے "كَ" سے پہلے "نَفْسُ" کا اضافہ کرکے "بَعِّدْ نَفْسَكَ وَالْأَسَدَ" اصل نکالی جاتی ہے اور یہاں عطف الجملہ علی الجملہ بھی درست ہے، اس صورت میں تقدیری عبارت یہ ہوگی:"بَاعِدْنَفْسَكَ وَاحْذُرِالْأَسَدَا!" یا "بَعِّدْنَفْسَكَ مِنَ الْأَسَدِ وَبَعِّدِ الْأَسَدَ مِنْ نَفْسِكَ!" (التسہیل السامی:۳۰۷، ہامش کتاب النحو:۵۴)

مذکور ہے اور اگر محذر منہ بجائے مکرر ہونے کے معطوف علیہ و معطوف کی صورت ہو تو وہ بھی اسی قسم میں شامل ہے، جیسے: ”نَاقَةَ اللہ وَسُقْيَاهَا.“(اللیل:۱۳)۔

۳۔اضمار علی شریطۃ التفسیر:

وہ اسم ہے کہ اس کے بعد فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اس اسم سے اعراض کر کے اس کی ضمیر یا اس کے کسی متعلق میں عمل کر رہا ہو اس طور پر کہ اس فعل یا شبہ فعل یا اس کے کسی مناسب کو اس اسم پر مسلط کیا جائے تو اسے نصب دے، فعل کی مثال، جیسے: ”وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ، أيْ قَدَّرْنَا الْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ.“ شبہ فعل کی مثال، جیسے: ”زَيْداً أنْتَ ضَارِبُهُ، أيْ أنْتَ ضَارِبٌ زَيْدًا أنْتَ ضَارِبُهُ“۔ فعل کے مناسب کو مسلط کرنے کی مثال، جیسے: ”زَيْداًضَرَبْتُ غُلَامُهُ، أيْ أهَنْتَ زَيْداً ضَرَبْتُ غُلَامُهُ“، یہاں ”ضَرَبْتُ“ کو ”زَيْداً“ پر مسلط نہیں کر سکتے، کیونکہ معنی مقصودی کے خلاف ہو جائے گا، بلکہ اس کے مناسب ”أهَنْتَ“ کو مسلط کریں گے، کیونکہ سردار کے غلام کو مارنے سے سردار کی توہین ہوتی ہے، ان تمام مثالوں میں بعد والا فعل یا شبہ فعل چونکہ پہلے والے فعل یا شبہ فعل کی تفسیر کر رہا ہے، اس لیے پہلے والے فعل یا شبہ فعل کو حذف کرنا واجب ہے، اس مقام کو مقام اضمار، ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر، اضمار علی شرط التفسیر اور مقام اشتغال بھی کہتے ہیں[1]۔

مشتغل عنہ کا اعراب:

جس اسم کا عامل ناصب بشرط التفسیر مضمر مقدر ہوتا ہے اور اس کے بعد جو فعل آئے وہ اپنے مابعد میں عمل کرنے میں مشغول رہتا ہے تو اس اسم کو مشتغل عنہ کہتے ہیں، پھر مشتغل عنہ کے اعراب کی پانچ صورتیں ہیں: ۱) نصب واجب، ۲) نصب راجح، ۳) رفع واجب، ۴) رفع راجح، ۵) دونوں کا اختیار۔

۱) وجوب نصب کے مقامات: مشتغل عنہ یعنی جس کا عامل مضمر اور اس سے پہلے ایسے کلمات آئیں جن کا دخول فعل کیساتھ مختص ہو، مثلاً حروف شرط، حروف تخضیض اور حروف استفہام (سوائے ہمزہ) کے آجائیں تو اسم مشتغل عنہ کو منصوب پڑھنا واجب ہے، جیسے: ”هَلاَّ الخيرَ فَعَلْتَهُ. إنْ عَلِياً لَقِيْتَهُ فسَلّمْ عليهِ. هَلْ خَالِداً أكْرَمْتَهُ؟“

۲) ترجیح نصب کے مقامات: مشتغل عنہ کو ان پانچ صورتوں میں منصوب پڑھنا راجح ہے: ۱) مشتغل عنہ کے بعد امر ہو، جیسے: ”خَالِداً أكْرِمْهُ، علياً لِيُكرِمْهُ سَعْيْدٌ.“ ۲) مشتغل عنہ کے بعد نہی ہو، جیسے: ”الْكَرِيْمَ لا تُهِنهُ.“ ۳) مشتغل عنہ کے بعد فعل دعا ہو، جیسے: ”اللّٰهُمَّ أمريَ يَسّرهُ، وعَمَلي لا تُعَسّرْهُ.“ اور یہ دعا خبر کی صورت میں ہوتی ہے، جیسے: ”سليماً غفرَ اللهُ لهُ، وخالداً هداهُ اللهُ.“ ۴) مشتغل عنہ حرف استفہام کے بعد ہو، جیسے: ”أَبَشَراً مِنَّا وَاحِداً نَتَّبِعُهُ؟.“

---

[1] النحو الواضح: ۴۳۵/۲۔

۵) مستفہم عنہ کا جواب منصوب واقع ہو، جیسے "عَلیّاً أَكْرَمْتُهُ" اس شخص کے جواب میں کہا جائے جو یہ پوچھے "مَنْ أَكْرَمْتَ؟" کہا جائے۔ ٦) اس کا جملہ فعلیہ پر عطف ہو، جیسے: "ضَرَبْتُ زَيْداً وَ عَمْراً أَكْرَمْتُهُ." ۷) اس کو مرفوع پڑھنے کی صورت میں فعل مشتغل (مابعد میں عمل کرنے والا فعل) کے صفت واقع ہونے کا اشتباہ ہوتا ہو اور معنی خلاف مقصود ہو جاتا ہو، جیسے: "إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ." (القمر: ۴۹)، اگر اس میں "كُلَّ شَيْءٍ" موصوف "خَلَقْنَاهُ" صفت، دونوں مل کر مبتداء اور "بِقَدَرٍ" اس کی خبر واقع ہو تو معتزلہ کے مذہب کی تائید ہوگی جو افعال اختیاریہ کا خالق انسان کو مانتے ہیں اور اگر "كُلَّ شَيْءٍ" کو منصوب (مفعول بہ کی صورت میں) پڑھیں تو موصوف صفت کا احتمال نہیں رہے گا۔ (۱)

۳) وجوب رفع کے مقامات: اسم مشتغل عنہ کو تین جگہوں میں مرفوع پڑھنا واجب ہے: ۱) مشتغل عنہ "إِذَا" فجائیہ کے بعد واقع ہو، جیسے: "فإذا الجوُّ يملَؤُهُ الضَّبابُ." ۲) مشتغل عنہ "واؤ" حالیہ کے بعد واقع ہو، جیسے: "جِئْتُ وَالْفَرَسُ يَركبُهُ أَخُوْكَ." ۳) فعل مشتغل کے پہلے ایسے کلمات آئیں جو صدرات کلام کے مقتضی ہوں، کیونکہ ان کا مابعد ماقبل میں عامل نہیں ہو سکتا اور جو عامل نہیں ہو سکتا وہ محذوف کی تفسیر و توضیح بھی نہیں کر سکتا، مثلاً ادوات استفہام، ادات شرط و تخضیض، "مَا" نافیہ، "لَا" ابتدائیہ، "مَا" تعجبیہ، "كَمْ" خبریہ اور حروف مشبہ بالفعل وغیرہ، جیسے: "زُهيرٌ هَلْ أَكْرَمْتَهُ؟ سَعِيْدٌ فَأَكْرِمْهُ. خَالدٌ هَلاَّ دَعَوْتَهُ. الشرُّ ما فعلتُهُ. الْخيرُ لَأَنَا أَفعلُهُ. الخلُق الحَسَنُ ما أَطيبَهُ! زُهيرٌ كم أكرمتُهُ! أُسامةُ إِنِّيْ أَحِبُّهُ." (۲)

۴) ترجیح رفع کے مقامات: مشتغل عنہ "أَمَّا" کے بعد آئے، یا اس پر نصب پڑھنے کا قرینہ معدوم ہو تو اس پر رفع پڑھنا راجح ہے۔

۵) اختیاری مقامات: مشتغل عنہ کا ذو جہتین جملہ پر عطف ہو، یعنی ایسا جملہ جس میں مبتداء اسم ہو اور خبر بصورت جملہ فعلیہ ہو تو جملہ اسمیہ پر عطف کا لحاظ کیا جائے تو رفع اور اگر جملہ فعلیہ پر عطف کا لحاظ کیا جائے تو نصب دونوں اعراب درست ہیں۔ (۳)

۴۔ منصوب علی سبیل الاغراء:

منصوب علی سبیل الاغراء وہ اسم ہے کہ متکلم مخاطب کو کسی فعل ممدوح پر ابھارنے کے لیے ذکر کرے، یعنی کسی اسم کے لیے ایسا عامل ناصب محذوف ماننا جو کسی اچھے کام کا شوق اور ترغیب دلائے جس کام کی ترغیب دلائی جاتی ہے اسے "مغریٰ بہ" کہتے ہیں، اگر مغریٰ بہ مکرر ہو یا اس پر عطف کیا گیا ہو تو عامل کو حذف کرنا واجب ہے، اول کی مثال، جیسے: "الْاِجْتِهَادَ الْاِجْتِهَادَ، أَيْ افْعَلِ الْاجِتِهَادَ الْاجْتِهَادَ!" اور دوسری کی مثال، جیسے: "الصِّدْقَ وَكَرَمِ الْأَخْلَاقَ، أَيْ أَلْزِمِ

(۱) جامع الدروس العربیہ: ۲۱/۳۔
(۲) جامع الدروس العربیہ: ۲۳/۳، ہادیہ شرح کافیہ: ۱۰۰، ہامش کتاب النحو: ۵۴۔
(۳) جامع الدروس العربیہ: ۲۳/۳، ہادیہ شرح کافیہ: ۱۰۰، ہامش کتاب النحو: ۵۴۔

الصِّدْقَ وَكَرِّمِ الْأَخْلَاقَ!“اور اگر مکرر بھی نہ ہو اور اس پر عطف بھی نہ کیا گیا ہو تو عامل کو حذف کرنا اور ذکر کرنا دونوں جائز ہیں، جیسے:”الْإِقْدَامَ، الْخَيْرَ، الصَّلَاةَ“یہاں”أَلْزِمِ الْإِقْدَامَ، افْعَلِ الْخَيْرَ، احْضَرِ الصَّلَاةَ“ کہنا بھی جائز ہے۔[1]

۵۔ منصوب علی سبیل الاختصاص:

وہ اسم ہے جس کے لیے ایسا عامل ناصب محذوف مانا جائے جو اختصاص پر دلالت کرے، یعنی جو”أَخَصُّ، أعْنِيْ“ فعل محذوف کے لیے مفعول بنے اور یہ چند مقامات میں ہوتا ہے:۱) ضمیر متکلم کے بعد اسم معرف باللام آجائے جیسے:”نَحْنُ الْعرَبَ نُكْرِمُ الضّيفَ.أىْ نَخُصُّ الْعَرَبَ..“ ۲) ضمیر متکلم کے بعد کوئی اسم مضاف معرف باللام آجائے، جیسے: ”نَحْنُ مَعاشرَ الْأنْبيَاءِ لَا نُورِثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدقَةٌ. أَىْ نَخُصُّ مَعاشرَ الْأَنْبِيَاءِ.“ ۳) ضمیر متکلم کے بعد”أَىْ“آجائے، جیسے:”أَنَا أَفْعَلُ الْخيرَ أيُّها الرَّجُلُ. نَحْنُ نَفْعَلُ الْمَعْرُوْفَ أيُّها الْقَوْمُ. أَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا أَيَّتُها العَصَابَةُ. أىْ أَنَا أَفْعَلُ الْخَيْرَ مَخْصُوْصَاً مِنْ بَيْنِ الرِّجَالِ. نَحْنُ نَفْعَلُ الْمَعْرُوْفَ مَخْصُوْصِيْنَ مِنْ بَيْنَ الْقَوْمِ. اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا مَخْصُوْصِيْنَ مِنْ بَيْنِ الْعَصَائِبِ.“، منصوب علی الاختصاص کی دیگر مثالیں یہ ہیں:” نحنُ -الشبانَ- نُجِلُّ آراءَ المُجرّبين. نَحْنُ -الطلبةَ- شِعَارُنا الْجِدُّ. نَحْنُ -بَنِي العَربِ- نُغيث الْمَلْهُوفَ. نَحْنُ -سُكَّانَ المُدَنِ- نَمِيْل إلىَ التَّرَف. بِنَا -مَعْشَر الشَّرقِيِيْنَ- نزْعَة إِلَى التَّفَاخُرِ بِالْمَجْدِ الْقَدِيْمِ. إِنَّا -الْآباءَ- لا نَدَّخِرُ جُهْداً في ترْبية أبنائنا. نَحْنُ -أَهْلَ الْقُرَى- نَطْلُبُ إنشاءَ مَسَاكِنَ عَلَى طَرَازٍ صَحيٍّ. لا تَزْجُرْنِي -أَيُّهَا المسكين- فإن في قولٍ معروف صدقةً. بثباتي -أَيها الصبور- نلت آمالي. ۷- ما أَحوجني -أَيها الضعيف- إلى عفو ربي. إِنَّا -معشرَ المصْرِيِّين- نَكْرِم الضّيْف. عَلَيَّ -أيها المقدامُ- يُعَوَّلُ. اعْفُ عَنَّا أيتها الفئة النَّادِمَةُ. اتبعُوني -أَيُّها المُرْشِدُ- تَفُوزوا.“[2]

۶۔ منصوب علی سبیل المدح والذم:

منصوب علی سبیل المدح والذم اس کو کہتے ہیں کہ کسی صفت مجرور کو جر سے نقل کرکے منصوب پڑھنا تو اس صورت میں وہ فعل محذوف کے لیے مفعول بہ ہوگا، پھر اگر مقام مدح ہو تو”أمْدَحُ“فعل محذوف کے لیے مفعول بہ ہوگا اور اگر مقام ذم ہو تو”أذُمُّ“فعل محذوف کے لیے مفعول بہ ہوگا۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مفعول بہ میں اصل یہ ہے کہ اپنے فعل اور فاعل سے مؤخر ہو، اور کبھی کبھی فاعل پر یا فعل دونوں پر مقدم کیا جاتا ہے۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۶/۳۔
[2] النحو الواضح: ۲/۴۴۳، جامع الدروس العربیۃ: ۱۸/۳۔

قاعدہ: بسا اوقات مفعول بہ سے حرف جر کو حذف کیا جاتا ہے، جس کو منصوب بنزع الخافض کہتے ہیں، جیسے: "أَعَجِلْتُمْ أَمْرَ رَبِّكُمْ" (الاعراف:۱۵) أيْ عَنْ أَمْرِ رَبِّكُمْ. [1]

قاعدہ: جب صرف مفعول کا ذکر کیا جائے تو نحات کے نزدیک اس سے مفعول بہ مراد ہوتا ہے۔

فائدہ: چار مقامات میں مفعول بہ کی تقدیم واجب ہے: ۱) جب مفعول بہ اسم شرط واقع ہو، جیسے: "من يُضلِلِ اللهُ فما لهُ من هادٍ، أَيَّهُمْ تُكرِمْ أُكرِمْ." ۲) جب مفعول بہ اسم استفہام ہو، جیسے: "فأيَّ آياتِ اللهِ تُنكرِونَ؟، من أكرمتَ؟ وما فعلتَ؟ وكمْ كتاباً اشتريتَ؟" ۳) جب "كَمْ" اور "كَأَيِّنْ" خبریہ مفعول بہ واقع ہو، جیسے: "وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ." ۴) مفعول بہ کا ناصب جواب "أمّا" ہو، جیسے: "فأمّا اليتيم فلا تَقهرْ، وأَمَّا السائلَ فلا تَنهرْ." [2]

فائدہ: چار مقامات میں مفعول بہ کو فاعل پر مقدم کرنا واجب ہے: ۱) جب مفعول بہ ضمیر منصوب متصل ہو اور فاعل اسم ظاہر ہو، جیسے: "ضَرَبَكَ زَيْدٌ"۔ ۲) جب فاعل کے اندر ایسی ضمیر ہو جو مفعول کی طرف راجع ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدًا غُلَامُهُ". ۳) جب فاعل "إلَّا" کے بعد واقع ہو، جیسے: "مَاضَرَبَ عَمْراً إلَّا زَيْدٌ". ۴) جب فاعل معنیً "إلَّا" کے بعد واقع ہو، جیسے: "إنَّمَا ضَرَبَ عَمْراً زَيْدٌ".

فائدہ: چند جگہوں میں مفعول بہ کا حذف کرنا جائز نہیں: ۱) جب نائب فاعل واقع ہو، جیسے: "ضُرِبَ زَيْدٌ"۔ ۲) جب مفعول بہ متعجب منہ واقع ہو، جیسے: "مَا أَحْسَنَ زَيْداً"۔ ۳) جب مفعول بہ سوال کے جواب میں واقع ہو، جیسے: "زَيْداً"، اس شخص کے جواب میں جو کہے: "مَنْ رَأَيْتَ؟" ۴) جب مفعول بہ محصور ہو، جیسے: "مَارَأَيْتُ إلَّا زَيْداً".

قاعدہ: کبھی مفعول بہ فاعل سے مقدم ہوتا ہے اور کبھی مؤخر، جیسے: "كَتَبَ الدَّرْسَ زُهيرٌ، كَتَبَ زُهيرٌ الدَّرْسَ." اور کبھی فعل پر بھی جوازاً مقدم ہو جاتا ہے، جیسے: "وَجْهَ الْحَبِيْبِ أَتَمَنَّى"، وجوباً جب اس میں استفہام کا شرط وغیرہ کا معنی ہو، جیسے: "مَنْ ضَرَبْتَ؟ مَافَعَلْتَ؟ كَمْ كِتَاباً اشْتَرَيْتَ؟" [3]

فائدہ: چند صورتیں ایسی ہیں جہاں فاعل اور مفعول بہ کی ایک دوسرے پر تقدیم واجب ہے: ۱) جب التباس کا خوف ہو اور فاعل و مفعول کا پتہ نہ چلے تو اس صورت میں فاعل کی تقدیم واجب ہے، جیسے: "عَلَّمَ مُوسى عِيسى. أكرَمَ إبنيْ أَخِيْ. غَلَبَ هَذَا ذَاكَ." ۲) فاعل کیساتھ ایسی ضمیر متصل ہو جو مفعول بہ کی طرف راجع ہو اس صورت میں مفعول بہ کو مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "وَإذْ ابْتَلَى إبْرَاهِيْمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ. يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّالمينَ مَعْذِرتُهم." اور اگر مفعول کیساتھ ایسی ضمیر متصل ہو جو فاعل کی طرف راجع ہو تو تقدیم و تاخیر دونوں جائز ہیں، جیسے: "أكْرَمَ الأُسْتَاذُ تِلْمِيْذَهُ. أكْرَمَ تلميذَهُ

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۶/۳۔

(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۱۲/۳۔

(۳) المنہاج الکامل: ۴۱۷۔

الأُسْتَاذُ." ۳) فاعل اور مفعول بہ دونوں ضمیر کی صورت میں ہوں اور کسی ایک میں حصر نہ ہو تو اس صورت میں فاعل کو مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "أَكْرَمْتُه." ۴) فاعل اور مفعول بہ میں سے ایک ضمیر متصل ہو اور دوسرا اسم ظاہر ہو تو ضمیر کو مقدم کیا جائے گا، اسم ظاہر کی مثال، جیسے: "أكَرَمْتُ عِلِياً." مفعول بہ ضمیر ہو اور فاعل اسم ظاہر ہو، جیسے: "أكرَمَنِيْ عَلِيٌّ." اس صورت میں "عَلِيٌّ" کو فعل سے پہلے بھی لاسکتے ہیں، لیکن اس صورت میں یہ مبتداء ہو گا۔ ۵) فاعل اور مفعول بہ میں سے کسی ایک میں فعل "إِنَّمَا" یا "إِلَّا" کے ذریعے محصور ہو، دریں صورت جس میں فعل محصور ہو گا اس کو مؤخر کرنا واجب ہے، فاعل میں فعل محصور، جیسے: "مَا أَكْرَمَ سَعِيْداً إِلَّا خَالِدٌ. إِنَّمَا أَكْرَمَ سَعِيْداً خالدٌ." اور مفعول بہ میں فعل محصور ہو، جیسے: "مَا أَكْرَمَ سَعِيْدٌ إلاَّ خَالِداً. إِنَّمَا أَكرمَ سعيدٌ خَالِداً."[1]

قاعدہ: جب ایک فعل کے لیے دو مفعول بہ واقع ہوں ایک اسم ظاہر ہو دوسرا ضمیر، تو ضمیر کو اسم ظاہر پر مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "أَعْطَيْتُكَ دِرْهَماً".

قاعدہ: تحذیر کبھی لفظ "إِيَّاكَ" کیساتھ ہوتی ہے، جیسے: "إِيَّاكَ وَالْأَسَدَ! أَيْ اتَّقِ نَفْسَكَ وَالْأَسَدَ!"، اسی طرح "إِيَّاكَ والكَذِبَ. إِيَّاكَ إِيَّاكَ والشرَّ. إِيَّاكُمَا مِنَ النِّفَاقِ. إِيَّاكُمْ الضَّلالَ. إِيَّاكُنَّ وَالرَّذِيلةَ." اور کبھی لفظ "إِياكَ" کے بغیر محذر منہ کے تکرار کیساتھ ہوتا ہے، جیسے: "نَفْسَكَ وَالشرَّ، الْأَسْدَ الْأَسْدَ! الْكَسْلَ الْكَسْلَ! أَيْ احْذَرِ الْكَسْلَ الْكَسْلَ! يَدَكَ وَالْمِدَادَ، أيْ باعِدْ يَدَكَ وَاحْذَرِ المِدَادَ!"[2]

قاعدہ: منصوب علی الاختصاص تین چیزوں کے لیے لایا جاتا ہے: ۱) فخر کے لیے۔ ۲) تواضع کے لیے۔ ۳) بیان کے لیے۔

قاعدہ: اہل عرب باب اختصاص میں اکثر ان اسماء "بنو فلان. معشر. أهلُ البيتِ.آلُ فلانٍ." کو نصب دیتے ہیں۔[3]

قاعدہ: تمام منصوبات جملہ کے پورے ہونے کے بعد ہوتے ہیں اور جملہ فعل اور فاعل سے پورا ہو جاتا ہے، اسی وجہ سے کہا جاتا ہے: "الْمَنْصُوْبُ فَضْلَةٌ" منصوبات زائد چیزیں ہیں۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں مفعول بہ کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ، اعْلَمُوْا أَنَّ فِيْكُمْ رَسُولَ اللهِ، وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ، لَا تَقْتُلُوا يُوسُفَ، إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ، إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ. يُخَادِعُونَ اللهَ. اسْتَوْقَدَ نَارًا. اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ. أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً. يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللهِ. عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ. يُصَوِّرُكُمْ

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۱۰/۳، المنہاج الکامل: ۴۱۷۔

(۲) النحو الواضح: ۴۳۵/۲، جامع الدروس العربیۃ: ۱۵/۳۔

(۳) جامع الدروس العربیۃ: ۱۹/۳۔

فِي الْأَرْحَامِ. لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا. قِنَا عَذَابَ النَّارِ. تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ. آتُوا الْيَتَامَى أَمْوَالَهُمْ. لَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيثَ بِالطَّيِّبِ. يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَى ظُلْمًا. أَطِيعُوا اللهَ وَرَسُولَهُ. يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ. فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ. خَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ. نَادَى رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا. احْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي. يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا. اَلنَّارَ النَّارَ. يَا خَيْرَ الرَّازِقِينَ. تَعَلَّمَ الطِّفلُ الصَّلاةَ. يَا غِيَاثَ المُسْتَغِيثِينَ. صَنَعَ النَّجَّارُ كُرْسِيّاً. رَمَى الصَّيَّادُ الشبَكَةَ. طَبخَت المرْأَةُ الطَّعَامَ. أَبْصَرَ الرَّجلُ الْهِلاَلَ. الْكَسْلَ الْكَسْلَ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍... اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللهِ عَلَيْكُمْ:

"اذْكُرُوا"صیغہ فعل امر معلوم..."و"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا..."نِعْمَةَ"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظامضاف ... لفظ "الله"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "عَلیٰ"جارہ... "كُمْ"ضمیر مخاطبین مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ "اذْكُرُوا"فعل است...ویا کہ "نِعْمَةَ"مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظامضاف ذوالحال ... لفظ "الله"مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... "عَلَيْكُمْ"ظرف مستقر حال اوست منصوب محلاً... "عَلیٰ"جارہ... "كُمْ"ضمیر مخاطبین مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتَةً" مقدراست...باز "ثَابِتَةً"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ برذوالحال خود یعمل عملہ فعلہ ... ضمیر درومستتر فاعلش مرفوع محلاً۔[1]

✍...إِنَّ اللهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ:

"إِنَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... لفظ "اللّٰهَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظاً... "يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ"جملہ خبرش مرفوع محلاً...باز "يُحِبُّ"صیغہ فعل مضارع معلوم... ضمیر درومستتر فاعلش مرفوع محلاً "الْمُحْسِنِينَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔

[1] اعراب القرآن صافی:۲۸۹/۶.

فصل ہشتم: فاعل اور نائب فاعل

۱۔ فاعل کی تعریف:

"اِسْمٌ يَقَعُ بَعْدَ فِعْلٍ أَوْ شِبْهِهِ، يَقُومُ بِهِ الفِعْلُ وَيُسْنَدُ إِلَيْهِ."

فاعل وہ اسم ہے جو فعل یا شبہ فعل کے بعد واقع ہو اور اس کی طرف فعل یا شبہ فعل (اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، صیغہ مبالغہ، اسم تفضیل) کی نسبت اس طور پر ہو کہ وہ فعل یا شبہ فعل اس کیساتھ قائم ہو۔ نیز فاعل فعل کے لیے بمنزلہ جزء کے ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ فاعل فعل کے بعد متصل ہوتا ہے، جیسے: "قَامَ خالِدٌ. خَالِدٌ قَائِمٌ أَبُوهُ. مَا زارَ سَعيدٌ خَالِداً."

۲۔ فاعل کی اقسام:

فاعل کی تین قسمیں ہیں:

۱) فاعل اسم صریح ہو، جیسے: " ضَرَبَ زَيْدٌ".

۲) فاعل اسم ضمیر ہو، پھر ضمیر کی دو قسمیں ہیں: ۱) ضمیر بارز، جیسے: "ضَرَبْتُ"۔ ۲) ضمیر مستتر، پھر مستتر کی دو قسمیں ہیں: ۱) واجب الاستتار، ۲) جائز الاستتار۔ ان کی تفصیل مضمرات کے بیان میں گذر چکی ہے۔

۳) فاعل اسم مؤول ہو، اسم مؤول اس اسم کو کہتے ہیں جو بتاویل مصدر ما قبل کے لیے فاعل ہو، جیسے: "يَحسُنُ أَنْ تَجْتَهِدَ." یہاں "أَنْ تَجْتَهِدَ" بتاویل مصدر "يَحْسُنُ" فعل کے لیے فاعل ہے۔[1]

جب فعل کا فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کا صیغہ ہمیشہ واحد لایا جائے گا، جیسے: "ضَرَبَ الرَّجُلُ، ضَرَبَ الرَّجُلَانِ، ضَرَبَ الرِّجَالُ" اور جب فاعل اسم ضمیر ہو تو فاعل واحد کے لیے فعل واحد، فاعل تثنیہ کے لیے فعل تثنیہ اور فاعل جمع کے لیے فعل جمع لایا جائے گا، جیسے: "الْخَادِمُ ذَهَبَ، الْخَادِمَانِ ذَهَبَا، الْخَادِمُوْنَ ذَهَبُوْا".

۳۔ فعل کی تذکیر و تانیث فاعل کے اعتبار سے:

فعل کی تذکیر و تانیث باعتبار فاعل تین قسم پر ہے: پہلی قسم: جہاں فعل کو مذکر لانا واجب ہے، دوسری قسم: جہاں فعل کو مؤنث لانا واجب ہے اور دوسری قسم جواز لامرین کی ہے۔

پہلی قسم: فعل کو تین مقامات میں مذکر لانا واجب ہے: ۱) فاعل معناً مذکر ہو، خواہ لفظاً مذکر ہو یا مؤنث، جیسے: "جاءَ طَلْحَةُ". ۲) جب فعل اور فاعل میں "إِلَّا" کا فاصلہ ہو، جیسے: "مَا قَامَ إِلاَّ فَاطِمَةُ". ۳) جب فاعل جمع مذکر سالم ہو، جیسے: " قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ." (المؤمنون: ۱).

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۴۴۔

دوسری قسم: فعل کو چار مقامات میں مؤنث لانا واجب ہے: ۱) جب فاعل اسم ظاہر مؤنث حقیقی ہو اور متصل بالفعل ہو، جیسے: "قَالَتْ نَمْلَةٌ."(النمل:۱۸)۔ ۲) جب فاعل ایسی ضمیر ہو جو مؤنث حقیقی کی طرف راجع ہو، جیسے:" وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا."(النساء:۱۲۸)۔ ۳) جب فاعل ضمیر مستتر ہو اور جمع مؤنث مکسر یا جمع سالم کی طرف راجع ہو، جیسے:"وَاللهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا."(فاطر:۸)۔ ۴) جب فاعل ضمیر مستتر ہو اور جمع مکسر غیر ذوی العقول کی طرف راجع ہو، جیسے:"وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ."(الانفطار:۲)۔ [1]

تیسری قسم: جواز الامرین ہے اور یہ نو مقامات میں جہاں فعل کو مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے:

۱) جب فاعل اسم ظاہر مؤنث غیر حقیقی ہو، جیسے:"طَلَعَ الشَّمْسُ "اور"طَلَعَتِ الشَّمْسُ "دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن مؤنث پڑھنا افصح ہے۔

۲) فاعل مؤنث حقیقی ہو اور فعل و فاعل کے درمیان بغیر "إِلَّا" کے فاصلہ ہو، جیسے:"حَضَرَ الْمَجْلِسَ امْرَأَةٌ."اور "حَضَرَتِ الْمَجْلِسَ امْرَأَةٌ."دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن مؤنث پڑھنا افصح ہے۔

۳) جب فاعل ضمیر مرفوع منفصل مؤنث ہو اور فعل اور فاعل کے درمیان "إِلَّا" کا فاصلہ ہو، جیسے:"مَا قَامَ إِلَّا هِيَ، مَا قَامَتْ إِلَّا هِيَ."دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن فعل کو مؤنث نہ پڑھنا احسن ہے۔

۴) فاعل مؤنث مذکر اور اس کی جمع "الف"اور"تاء" کیساتھ لائی گئی ہو، جیسے:"جَاءَ الطَّلْحَاتُ."اور "جَاءَتِ الطَّلْحَاتُ."دونوں جائز ہیں، لیکن مذکر پڑھنا احسن ہے۔

۵) فاعل مؤنث حقیقی متصل بالفعل ہو اور وہ فعل افعال مدح وذم میں سے ہو، جیسے:" "نِعمَتِ المرأةُ، نِعمَ المرأةُ هِنْدٌ، بِئْسَتِ الْمَرْأَةُ هِنْدٌ، بِئْسَ الْمَرْأَةُ هِنْدٌ، سَاءَتِ الْمَرْأَةُ، هِنْدٌ، سَاءَ الْمَرْأَةُ هِنْدٌ."دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن مؤنث پڑھنا احسن ہے۔

۶) فاعل جمع مکسر مؤنث ہو، یا جمع مکسر مذکر ہو، جیسے:"جَاءَتِ الْفَوَاطِمُ، جَاءَ الْفَوَاطِمُ، جَاءَتِ الرِّجَالُ، جَاءَ الرِّجَالُ. "دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن اگر فاعل مذکر ہو تو فعل کو مذکر پڑھنا اور اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل کو مؤنث پڑھنا افضل ہے۔

۷) فاعل اسم ضمیر ہو اور جمع مذکر مکسر ذوی العقول کی طرف راجع ہو، جیسے:"الرِّجَالُ جَاءُوْا، الرِّجَالُ جَاءَتْ." دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن فعل کو مذکر پڑھنا افصح ہے۔

۸) فاعل ملحق بہ جمع مذکر سالم یا ملحق بہ جمع مؤث سالم ہو، جیسے:"جَاءَ الْبَنُوْنُ، جَاءَتِ الْبَنُوْنُ، قام الْبَنَاتُ،

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۴۱۔

قامَتِ الْبَنَاتُ" دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن اگر فاعل مذکر ہو تو فعل کو مذکر پڑھنا اور اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل کو مؤنث پڑھنا راجح ہے۔

۹) فاعل اسم جمع یا اسم جنس ہو، جیسے: "جَاءَ أَوْ جَاءَتِ النِّسَاءُ، أَوِ الْقَوْمُ، أَوِ الرَّهْطُ، أَو الْإِبل." اور " "قَالَ ،أَوْ قَالَتِ الْعَرْبُ" دونوں پڑھنا جائز ہیں، لیکن فعل کو مذکر پڑھنا فصیح اور کثیر الاستعمال ہے اور مؤنث پڑھنا ضعیف ہے۔[1]

فعل مجہول کی تعریف:

فعل مجہول وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو اور اس کی نسبت نائب فاعل کی طرف ہو، بالفاظِ دیگر فعل مجہول وہ فعل ہے جو نسبتِ وقوعی پر دلالت کرے، یعنی اس کی نسبت نائب فاعل کی طرف ہو، جیسے: "ضُرِبَ زَيْدٌ".

فعل مجہول کا عمل:

فعل مجہول فاعل کے بجائے مفعول بہ کو رفع دیتا ہے اور باقی اسموں کو نصب دیتا ہے، جیسے: "ضُرِبَ زَيْدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَمَامَ الْأَمِيْرِ ضَرْبًا شَدِيْدًافِيْ دَارِهِ تَأْدِيْبًا وَالْخَشَبَةَ".

متقدمین حضرات فعل مجہول کو فعل مالم یسم فاعلہ کہتے ہیں اور اس کے مرفوع کو مفعول مالم یسم فاعلہ کہتے ہیں اور متاخرین اس کو فعل مجہول اور اس کے مرفوع کو نائب فاعل کہتے ہیں۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: فاعل کو فعل پر مقدم کرنا جائز نہیں جب کہ مفعول بہ کو مقدم کرنا جائز ہے، نیز فاعل کو حذف کرنا بھی جائز نہیں بخلاف مفعول بہ کے کہ اس کو حذف کرنا جائز ہے۔

قاعدہ: فاعل کبھی اسم ظاہر ہو گا اور کبھی اسم ضمیر ہو گا، پھر ضمیر کی دو قسمیں ہیں: ۱) بارز: وہ ضمیر ہے، جو ظاہر پڑھی جائے، فعل کے لام کلمہ سے ملی ہوئی ہو اور اس کے بغیر فعل تام نہ ہو، جیسے: "ضَرَبَا، ضَرَبُوْا" میں "الف، واؤ" ضمیر بارز ہیں۔ ۲) مستتر: وہ ضمیر ہے، جو ظاہر نہ پڑھی جائے، جیسے "ضَرَبَ" میں ضمیر غائب مستتر ہے۔

قاعدہ: مفعول مالم یسم فاعلہ وہ مفعول ہے، جس کی طرف فعل مجہول کی نسبت ہو اور فاعل کو حذف کر کے اس کی جگہ مفعول کو ذکر کیا جائے۔ اس کو نائب فاعل بھی کہتے ہیں، یہ فعل کے مذکر و مؤنث اور واحد تثنیہ جمع میں فاعل کی طرح ہے۔

قاعدہ: فعل مجہول فاعل کی جگہ مفعول بہ کو رفع دیتا ہے اور باقی معمولات کو نصب دیتا ہے، جیسے: "ضُرِبَ زَيْدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَمَامَ الْأَمِيْرِ ضَرْباً شَدِيْداً فِيْ دَارِهِ تَأْدِيْباً وَالْخَشْبَةَ مَشْدُوْداً".

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۴۱/۲۔

فائدہ: نائب فاعل یہ چار چیزیں بن سکتی ہیں: ۱)مفعول بہ، جیسے: "ضُرِبَ زَيْدٌ". ۲)مجرور بحرف جر، جیسے: "نُظِرَ فِي الْأُمُوْرِ". ۳)ظرف جو متصرف اور مختص ہو، جیسے: "مُشِيَ يَوْمٌ كَامِلٌ، وَصِيْمَ رَمَضَانُ." ۴)مصدر جو متصرف اور مختص ہو، جیسے: "احْتُفِلَ احْتِفَالٌ عَظِيْمٌ."، لیکن جب نائب فاعل مجرور بحرف جر ہو تو ترکیب کے دوران مجرور لفظاً مرفوع معناً سے تعبیر کریں گے۔[۱]

قاعدہ: جب دو جار مجرور فعل مجہول کے بعد آجائیں تو ان میں سے ہر ایک نائب فاعل بن سکتا ہے، البتہ جو معناً مفعول بہ ہو اس کو نائب فاعل بنانا راجح ہے، جیسے: " يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِنْ ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ." (الزخرف:۷۱)، یہاں "عَلَيْهِمْ" بھی نائب فاعل بن سکتا ہے، لیکن "بِصِحَافٍ" کو نائب فاعل بنانا راجح ہے، کیونکہ معناً یہی مفعول بہ ہے۔

قاعدہ: مجرور بحرف الجر نائب فاعل تب بنتا ہے جب فعل لازمی ہو۔

قاعدہ: جو افعال مجہول ہی استعمال ہوتے ہیں، جیسے: "جُنَّ، بُهِتَ، زُهِيَ، حُمَّ، زُكِمَ" وغیرہ ان کے بعد مسند الیہ نائب فاعل نہیں ہو گا، بلکہ فاعل ہو گا، کیونکہ یہ افعال صورۃً تو مجہول ہیں، لیکن معناً مجہول نہیں۔[۲]

قاعدہ: نائب فاعل کیساتھ ایسا لفظ ذکر کرنا صحیح نہیں جو فاعل پر دلالت کرنے والا ہو، اس لیے "عُوْقِبَ الْكَسْلَانِ مِنَ الْمُعَلِّمِ" کہنا درست نہیں۔[۳]

قاعدہ: اگر مفعول بہ مذکور نہ ہو تو مفعول فیہ یا مفعول مطلق کو نائب فاعل بنانا درست ہے، لیکن مفعول بہ کی موجودگی میں کسی اور کو نائب فاعل بنانا درست نہیں اور ان چار چیزوں کو بھی نائب فاعل بنانا جائز نہیں: ۱)مفعول لہ، ۲)مفعول معہ، ۳)باب "عَلِمْتُ" کے مفعول ثانی کو، ۴)باب "أَعْلَمْتُ" کے مفعول ثانی کو اور جب کہ باب "أَعْلَمْتُ" کے دونوں مفعولوں کو نائب فاعل بنانا جائز ہے، البتہ دوسرے مفعول کی نہ نسبت پہلے کو نائب فاعل بنانا زیادہ بہتر ہے، جیسے: "أُعْطِيَ زَيْدٌ دِرْهماً" یا "أُعْطِيَ زَيْداً دِرْهَمٌ".

قاعدہ: جار مجرور کے نائب فاعل بننے کے لیے تین شرطیں ہیں: ۱) "رُبَّ" اور حروف استثناء نہ ہوں۔ ۲)حرف جارہ تعلیل کا نہ ہو۔ ۳)حروف قسم نہ ہوں۔[۴]

قاعدہ: اگر جار مجرور فاعل واقع ہو تو اس کو فعل پر مقدم کرنا جائز ہے، جیسے: "بِهِنْدٍ مُرَّ".

قاعدہ: اگر جار مجرور نائب فاعل مؤنث ہوں تو فعل کو مذکر لایا جا سکتا ہے، جیسے: "مُرَّ بِهِنْدٍ".

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۵۰۔
[۲] المنہاج الکامل:۴۱۲۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۵۲۔
[۴] جہد قصیر:۶۸۔

فائدہ: جمہور بصریین کے نزدیک جب جار مجرور نائب فاعل واقع ہوں تو نائب فاعل صرف مجرور ہو گا، جار مجرور دونوں نائب فاعل نہیں بن سکتے، اس قول کے مطابق جار مجرور متعلق ہوتے ہیں اور ابن مالک نحوی کا قول یہ ہے کہ دونوں جار مجرور نائب فاعل واقع ہوں، اس قول کے مطابق جار، مجرور متعلق نہیں ہوں گے اور متعلق نہیں چاہتے۔ (۱)

فائدہ: جملہ نائب فاعل بن سکتا ہے یا نہیں، اس میں اختلاف ہے، اکثر نحات کا مسلک یہ ہے کہ جملہ فاعل اور نائب فاعل نہیں بن سکتا اور امام ثعلبؒ اور دیگر نحات مطلقاً جملہ کے فاعل اور نائب فاعل بننے کے قائل ہیں، لیکن امام فراء اور امام سیبویہؒ اس میں یہ تفصیل کرتے ہیں کہ اگر اس میں دو شرطیں موجود ہوں تو نائب فاعل بن سکتے ہیں، پہلی شرط یہ ہے کہ فعل قلبی ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ جملہ فعل سے معلق ہو، جیسے: "ظُهِرَ لِيْ أَقَامَ زَيْدٌ." "اس مثال میں" أَقَامَ زَيْدٌ "نائب فاعل ہے، کیونکہ اس کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے جس کی وجہ سے یہ جملہ معلق ہے، اگر یہ شرائط مفقود ہوں تو نائب فاعل نہیں بن سکتا، باقی اگر جملہ محکی بالقول ہو یا جملہ کے الفاظ مراد ہو تو وہ جملہ اتفاقاً نائب فاعل بن سکتا ہے، کیونکہ یہ تو جملہ نہیں بلکہ مفرد ہے۔ (۲)

تمرین:

درج مثالوں میں فاعل کی اقسام اور نائب فاعل کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

قَالَ نِسْوَةٌ. ضَمِنَ اللهُ رِزْقَ كُلِّ أَحَدٍ. ضَاقَتِ الأَرْضُ. كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ. يَاأَيُّهَا الذِّيْنَ آمَنْوا كُتِبَ عَلَيْكُمْ الصِّيَامُ. أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اقْتَرَبَ الْوَعْدُالْحَقُّ خَرَّ مُوسٰى صَعِقًا. ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا. يُرَدُّوْنَ إلي أَشَدِّ الْعَذَابِ. يُرِيْدُ اللهُ بِكُمُ الْيُسرَ. قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ. يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ. وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ. لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا. أَدَّتْ زَيْنَبُ الصَّلاةَ . قُرِئَ الكِتَابُ. عُوقِبَ المُسيءُ .

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... " أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ":

"أُحِلَّ "صیغہ فعل ماضی مجہول... "ل "جارہ... "كُم "ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أُحِلَّ "فعل است... "لَيْلَةَ "مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا ظرف مضاف... "الصِّيَامِ "مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظا ظرف متعلق بہ "أُحِلَّ "فعل است... "الرَّفَثُ "مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع بالضمہ لفظا... ویا کہ "أُحِلَّ "صیغہ فعل ماضی مجہول... "ل "جارہ... "كُم "ضمیر مخاطبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أُحِلَّ "فعل است... "لَيْلَةَ "مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا ظرف برائے فعل محذوف کہ تقدیرش "أُحِلَّ لَكُمْ أن تَرْفُثُوْا لَيْلَةَ الصِّيَامِ "باشد... "أن

---

(۱) بدر السعید: ۳۳۹۔

(۲) مغنی اللبیب: ۵۲۴، حاشیۃ الصبان: ۹۶/۲، بدر السعید: ۳۴۰۔

تَرْفُثُوْا''جملہ بتاویل مصدر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلًا... ''أن''مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... ''تَرْفُثُوا''صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بحذف نون اعرابی... ''واؤ''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''لَیْلَةَ ''مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاظرف مضاف... ''الصِّیَامِ''مضاف الیہ است مجروربالکسرہ لفظا... ظرف متعلق بہ''تَرْفُثُوا''فعل است... ویاکہ''أُحِلَّ ''صیغہ فعل ماضی مجہول... ''ل''جارہ... ''كُم''ضمیر مخاطبین مجرورومنصوب محلامفعول بہ غیرصریح ...جارمجرور متعلق بہ''أُحِلَّ ''فعل است... ''لَیْلَةَ ''مفعول فیہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاظرف مضاف... ''الصِّیَامِ''مضاف الیہ است مجروربالکسرہ لفظا... ظرف متعلق بہ''الرَّفَثُ''شبہ فعل مؤخراست... ''الرَّفَثُ''مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع بالضمہ لفظا۔ [1]

✍... ''خَرَّ مُوسٰی صَعِقًا'':

''خَرَّ''صیغہ فعل ماضی معلوم... ''مُوسٰی ''فاعلش مرفوع بالضمہ تقدیراذوالحال... ''صَعِقًا''حال اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔ [2]

✍... ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ مَثَلًا:

'' ضُرِبَ''صیغہ فعل ماضی مجہول... ''ابْنُ''مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... ''مَرْیَمَ''مضاف الیہ است منصوب بالفتحہ لفظاً ... ''مَثَلًا''مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظاً...ویاکہ'' ابْنُ مَرْیَمَ''ذوالحال... ''مَثَلًا''حال اوست منصوب بالفتحہ لفظاً... تقدیرعبارت یوں ہوگی:'' أَيْ ذُكِرَ مُمَثَّلًا بِهِ.'' [3]

---

[1] تفسیر الدر المصون:۲۹۲/۲،التبیان لابی البقاء:۱۵۴/۱.
[2] الدر المصون:۴۵۱/۵،اعراب القرآن صافی:۶۹/۹.
[3] التبیان لابی البقاء:۱۱۴۱/۲،اعراب القرآن درویش:۹۸/۹.

فصل نہم: فعل متعدی کی اقسام

۱۔ فعل متعدی کی تعریف:

فعل متعدی وہ فعل ہے جو فاعل پر تام نہ ہو، بلکہ مفعول بہ کا بھی تقاضا کرے، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا".

۲۔ فعل متعدی کی اقسام:

فعل متعدی کی باعتبار مفعول چار قسمیں ہیں:

پہلی قسم: متعدی بیک مفعول: ایک مفعول کی طرف متعدی ہو، جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا".

پھر اس کی چار قسمیں ہیں: (الف): جو ایک مفعول کی طرف بلاواسطہ متعدی ہو، جیسے افعال حواس ظاہرہ اور یہ کل پانچ ہیں: "۱) رَأَيْتُ، ۲) شَمَمْتُ، ۳) ذُقْتُ، ٤) سَمِعْتُ، ٥) لَمَسْتُ" اور اس کو مفعول بہ صریح کہتے ہیں۔

(ب): جو ایک مفعول کی طرف بواسطہ حرف جر متعدی ہو، جیسے: "مَرَرْتُ بِزَيْدٍ"، اس کو مفعول غیر صریح کہتے ہیں۔

(ج): جو ایک مفعول کی طرف کبھی بلاواسطہ اور کبھی بالواسطہ متعدی ہو، جیسے: "شَكَرَ، قَصَدَ، نَصَحَ"، جیسے: "شَكَرْتُهُ وَشَكَرْتُ لَهُ".

(د): جو ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتے ہیں، لیکن کبھی متعدی اور کبھی لازمی مستعمل ہوتے ہیں، جیسے: "فَغَرَ" جب لازمی مستعمل ہو، جیسے: "فَغَرَ فُوْهُ" (اس کا منہ کھل گیا)، متعدی مستعمل ہو، جیسے: "فَغَرَ فَاهُ" (اس نے اپنا منہ کھول دیا)۔[1]

دوسری قسم: متعدی بدو مفعول: دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو لیکن ایک مفعول پر اکتفاء کرنا جائز ہو، جیسے: "أَعْطٰى" اور وہ فعل جو اس کے ہم معنی ہو، جیسے: "أَعْطَيْتُ زَيْدًا دِرْهَمًا"۔ اس جگہ "أَعْطَيْتُ زَيْدًا" کہنا بھی جائز ہے۔ اس کی پھر دو قسمیں ہیں:

(الف): جو کبھی متعدی اور کبھی لازمی مستعمل ہو، جیسے: "نَقَصَ"، لازمی مستعمل ہو، جیسے: "نَقَصَ الْمَالُ" (مال کم ہوا)، متعدی مستعمل ہو، جیسے: "نَقَصتْ زَيْدًا دِينَارًا" اور اسی طرح قرآن مجید میں ہے: "ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوكُمْ شَيْئًا." (التوبۃ: ۴)، "پھر انہوں نے تم سے نہ کوئی خیانت نہیں۔"

(ب): جو ہمیشہ متعدی مستعمل ہو، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم وہ ہے جو مفعول اول کی طرف ہمیشہ بلاواسطہ متعدی ہوتے ہیں اور مفعول ثانی کی طرف کبھی بالواسطہ اور کبھی بلاواسطہ متعدی ہوتے ہیں اور یہ دس افعال ہیں: "۱) أَمَرَ، ۲) اسْتَغْفَرَ، ۳) اخْتَارَ، ٤) كَنَى، ٥) سَمَّى، ٦) دَعَا، ٧) صَدَقَ، ٨) زَوَجَ، ٩) كَالَ، ١٠) وَزَنَ."[2] اور دوسری قسم وہ ہیں جن

---

[1] جہد قصیر: ٦٧، بدر السعید: ۳۴۱۔
[2] امثلہ کے لیے دیکھئے: شرح شذور الذہب لابن ہشام: ۴۷٦۔

کا پہلا مفعول معناً فاعل ہو، جیسے: ”کَسَوْتُهُ جُبَّةً، أَعْطَيْتُهُ دِيْنَارًا۔“[1]
تیسری قسم: متعدی بدو مفعول: دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو لیکن ایک مفعول پر اکتفاء کرنا جائز نہ ہو، کیونکہ یہ دونوں مفعول آپس میں مبتداء وخبر بنتے ہیں اور مبتداء وخبر کا تعلق وربط بہت قوی ہوتا ہے اس لیے یہ دو بمنزلہ ایک مفعول بہ کے ہیں[2] اور یہ افعال قلوب میں ہوتا ہے، جیسے: ”عَلِمْتُ، ظَنَنْتُ، حَسِبْتُ، خِلْتُ، زَعَمْتُ، رَاَيْتُ، وَجَدْتُ“، جیسے: ”عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلًا، وَظَنَنْتُ زَيْدًا عَالِمًا“.
چوتھی قسم: متعدی بسہ مفعول: تین مفعولوں کی طرف متعدی ہو اور دو مفعولوں پر اکتفاء جائز نہ ہو اور یہ سات افعال قلوب ہیں: ”١) أَعْلَمَ، ٢) أَرٰى، ٣) أَنْبَأَ، ٤) أَخْبَرَ، ٥) خَبَّرَ، ٦) نَبَّأَ، ٧) حَدَّثَ“. ان میں ”أَعْلَمَ“ اور ”أَرٰى“ کا معنی ہے: ”یقین دلانا“، جیسے: ”أَعْلَمَ اللّٰهُ زَيْدًا عَمْرًوا فَاضِلًا“ (اللہ تعالی نے زید کو عمر کی فضیلت کا یقین دلایا) اور باقی پانچوں ”أَنْبَأَ، أَخْبَرَ، خَبَّرَ، نَبَّأَ، حَدَّثَ“ کا معنی ہے: ”خبر دلانا“، جیسے: ”أَنْبَأَ زَيْدٌ عَمْرًوا بَكْرًا فَاضِلًا“ (زید نے عمرو کو بکر کی فضیلت کی خبر دلائی)۔

۳۔ متعدی بدو مفعول کی اقسام:

دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو لیکن ایک مفعول پر اکتفاء کرنا جائز نہ ہو، کیونکہ یہ دونوں مفعول آپس میں مبتداء وخبر بنتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں:
(الف): افعال قلوب (ب): افعال تصییر/افعال تحویل

(الف): افعال قلوب:

افعال قلوب سے مراد وہ افعال ہیں جن کا تعلق دل سے ہے، اعضاء ہاتھ اور پاؤں وغیرہ کو ان کے صدور میں کچھ دخل نہیں ہوتا اور ان افعال میں شک ویقین کے معنی پائے جاتے ہیں، اس لیے انہیں افعال شک ویقین بھی کہتے ہیں، پھر افعال قلوب کی باعتبار معنی تین قسمیں ہیں:
پہلی قسم: وہ افعال قلوب ہیں جو یقین کا معنی دیتے ہیں اور یہ کل چھ ہیں:

---

[1] شرح شذور الذہب: ۴۶۲۔
[2] اس کی دو وجہیں ہیں: پہلی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں مفعول اسم واحد کے حکم میں ہوتے ہیں، کیونکہ مفعول بہ حقیقت میں دونوں اسموں کا مضمون ہے نہ کہ یہ اسم جدا جدا، چنانچہ ”عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلاً“ اصل میں ”عَلِمْتُ فَضْلَ زَيْدٍ“ کے معنی میں ہیں، لہذا یہ دونوں مفعول اسم واحد کی طرح ہیں تو ایک کو حذف کرنا ایسے ہوگا جیسے کلمہ واحدہ کے بعض اجزاء کو حذف کرنا، حالانکہ یہ جائز نہیں اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ان دو اسموں میں مقصود بالذکر دوسرا اسم ہوتا ہے اور پہلا اسم دوسرے اسم کے لیے بمنزلہ تمہید ہے، جیسے ”عَلِمْتُ زَيْدًا فَاضِلاً“ کے معنی ”عَلِمْتُ فَضْلَ زَيْدٍ“ سے ظاہر ہو رہا ہے، اب اگر پہلے اسم کو حذف کریں تو مقصود بلا تمہید رہ جائے گا تو جب مقصود تک پہنچنے کا وسیلہ ہی نہ رہا تو مقصود کا راستہ کیا ہوگا؟ اور اگر دوسرے اسم کو حذف کریں تو مقصود کو حذف کرنا لازم آتا ہے تو تمہید بے کار ہو جائے گی اور جب کہ امام اخفش حذف کے قائل ہیں۔

"١) عَلِمْتُ ، ٢)رَأَيْتُ، ٣)وَجَدَّتُ، ٤)دَرَيْتُ، ٥)أَلْفَيْتُ، ٦)تَعَلَّمَ بمعنى أَعْلَمَ."

۱)"عَلِمْتُ":یہ متعدی بدو مفعول اس وقت ہو گا جب"اعْتَقَدْتُ"کے معنی میں ہو، جیسے:"عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمناتٍ."اور اگر"عَرَفَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا، جیسے:"واللهُ أخْرَجكُمْ مِنْ بُطوْنِ أمَّهاتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئاً."اوراگر"شَعَرَ، أحاطَ، أدْرَكَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا، کبھی بلاواسطہ متعدی ہو گا، جیسے:"عَلِمْتُ الشّيْءَ."اور کبھی بالواسطہ، جیسے:"عَلِمْتُ بِالشَّيْءِ."

۲)"رأيتُ"متعدی بدو مفعول اس وقت ہو گا جب"عَلَمْتُ"یا"اعْتَقَدْتُ"کے معنی میں ہو، جیسے:"رأيتُ اللهَ أكبرَ كلِّ شيءٍ."یارؤیت منامی کے معنی میں ہو، جیسے:"إنِّي أرَانِيْ أعْصِرُ خَمْراً." اوراگر رؤیت بصری کے معنی میں ہو تو پھر متعدی بیک مفعول ہو گا، جیسے:"رأيتُ الشَّمْسَ."

۳)"وَجَدَّتُ"اگر"عَلَمْتُ"یا"اعْتَقَدْتُ"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہو گا، جیسے:"وإنْ وَّجَدْنَا أكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِيْنَ."اور یہ مثال ہے:"وَجَدَّتُ الصِّدقَ زينةَ العُقلاء."اوراگر"عَلَمْتُ"یا"اعْتَقَدْتُ"کے معنی میں نہ ہو تو متعدی بدو مفعول نہ ہو گا۔[1]

۴)"دَرَيْتُ"یہ اکثر"باء"حرف جارہ کیساتھ متعدی بیک مفعول ہوتا ہے، جیسے:"دَرَيْتُ بِكَ."اوراگر یہ"خَدَعَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول بلاواسطہ ہو گا، جیسے:"دَرَيْتُ الصَّيْدَ."اوراسی طرح یہ"حَكَّ"کے معنی میں ہو تو بھی متعدی بیک مفعول بلواسطہ ہو گا، جیسے:"دَرَى رأْسَهُ بِالْمَدْرَى."

۵) "تَعَلَّمَ"اگر"اعْتَقَدَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہو گا، جیسے:"تعلّموا أنّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"."
اوراگر"تَعَلَّمَ يَتعَلَّمُ"کے سے ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا، جیسے:"تَعَلَّمُوا الْعَرَبِيَّةَ وَعَلِّمُوْهَا النَّاسَ."

۶)"الفَيْتُ"اگر"عَلِمْتُ"یا"اعْتَقَدْتُ"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہو گا، جیسے:"الفَيْتُ قولكَ صواباً."اور اگر"أصَابَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا، جیسے:"وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَى الْبَابِ."(یوسف:۲۵)۔[2]

دوسری قسم:وہ افعال قلوب ہیں جو ظن کے معنی میں ہیں اور یہ پانچ افعال ہیں:

١)زَعَمْتُ، ٢)جَعَلْتُ، ٣)عَدَدْتُ، ٤)هَبْ(صیغہ امر)، ٥)حَجَوْتُ

۱)"زَعَمْتُ":یہ متعدی بدو مفعول ہوتا ہے اور یہ عموماً ظن فاسد کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، جیسے:"زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ لَنْ يُبْعَثُوا."(التغابن:۷)۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۳۹/۱۔
[2] جامع الدروس العربیۃ:۳۷/۱۔

۲)"جَعَلْتُ":اگر"ظَنَنْتُ"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہو گا،جیسے:"وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَنِ إِنَاثًا."(الزخرف:۱۹)،اگر"خَلَقَ"کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا،جیسے:"وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ."(الانعام:۱)اور اگر"صَيَّرَ"کے معنی میں ہو تو افعال تحویل میں سے ہو گا،جس کی تفصیل آرہی ہے اور اگر"أَنْشَأَ" کے معنی میں ہو تو افعال ناقصہ میں سے ہو گا،جیسے:"جَعَلَتِ الْأُمَّةُ تَمْشِيْ فِيْ طَرِيْقِ الْمَجْدِ، أَيْ أَخَذَتْ وَأَنْشَأَتْ."

۳)"عَدَدْتُ":یہ متعدی بدو مفعول ہوتا ہے،جیسے:"فَلا تَعْدُدِ الْمَوْلى شَرِيكَكَ فِي الغنى."اور اگر"أَحْصَىٰ" کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا،جیسے:"عَدَدْتُ الدَّرَاهِمَ، أَيْ حَسَبْتُهَا وأَحْصَيْتُهَا."

۴)"هَبْ"(صیغہ امر):اگر یہ"ظن"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہوتا ہے،جیسے:"وإلاّ فَهَبْني امرَءًا هالِكا." اور اگر یہ"وَهَبَ يَهِبُ هِبَةً"مثال واوی سے صیغہ امر ہو تو افعال قلوب میں سے نہ ہو گا،بلکہ ان افعال میں سے ہو گا جو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے،جیسے:"هَبْ لِلْفُقَراءِ مَالًا."اور اگر"هَيْبَةٌ"اجوف یائی سے تو متعدی بیک مفعول ہو گا،جیسے:"هَبْ رَبَّكَ، أَيْ خفه."

۵)"حَجَوْتُ":اگر"ظن"کے معنی میں ہو تو متعدی بدو مفعول ہوتا ہے،جیسے:"قد كُنتُ أحجُو أبا عَمْرٍ أَخا ثِقَةٍ."، لیکن اگر"غَلَبَ، سَاقَ، كَتَمَ، حَفِظَ، مَنَعَ، قَصَدَ"وغیرہ کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا،"غَلَبَ" کے معنی میں ہو،جیسے:"حَاجَيْتُهُ فَحَجَوْتُه، أَيْ فَاطنته فغلبته."،"سَاقَ"کے معنی میں ہو،جیسے:"حَجَتِ الرِّيْحُ سَفِيْنَةً، أَيْ سَاقتها."،"كَتَمَ"اور"حَفِظَ"کے معنی میں ہو،جیسے:"حَجَوْت السِّرَ، أَيْ كَتَمْتُه وَحَفِظْتُهُ."، "مَنَعَ"کے معنی میں ہو،جیسے:" (حجوت فلاناً) أي منعته ورددته."[۱]

تیسری قسم:وہ افعال قلوب ہیں جو ظن اور یقین[۲] میں مشترک ہیں،لیکن اکثر ظن کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں اور یہ تین افعال ہیں:

۱)"ظَنَنْتُ" ۲)"خِلْتُ"، ۳)"حَسِبْتُ".

۱)"ظَنَنْتُ":یہ ظن اور یقین دونوں معنوں میں مشترک ہے اور یہ متعدی بدو مفعول ہوتا ہے،یقین کے معنی میں ہو،جیسے:" يَظُنُّونَ أَنَّهُم ملاقوا رَبِّهِمْ."(البقرۃ:۴۶)،"وَظَنُّوْا أَن لاَّ مَلْجَأَ مِنَ اللهِ إِلاَّ إِلَيْهِ. [التوبة: ۱۱۸]، أَيْ: عَلِمُوْا وَاعْتَقِدُوْا."اور ظن کے معنی میں ہو،جیسے:" ظَنَنْتُكَ إن شَبَّتْ لظى الحربِ صالِياً."اور اگر"اتَّهَمَ"

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ:۱/۴۲۔

[۲] شک اس نسبت خبریہ مع الحکایت کو کہتے ہیں جس کے معارض کوئی قرینہ یا دلیل پائی جاتی ہو اور کوئی پہلو غالب نہ ہو اور اگر کوئی پہلو غالب ہو تو اسے ظن یا رجحان غالب کہتے ہیں اور جو پہلو مغلوب ہو اسے وہم کہتے ہیں اور یقین جزم بالحکم ثابت مطابق بالواقع کو کہتے ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھئے:ہماری کتاب:قواعد المنطق۔

کے معنی میں ہو تو متعدی بیک مفعول ہو گا، جیسے:"وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِظَنِيْنَ. أيْ مُتَّهِمٌ. "،"ظَنَّ الْقَاضِيْ فُلَاناً، أيْ اتَّهَمَهُ."

۲)"خِلْتُ": یہ بھی ظن اور یقین دونوں کے معنی میں آتا ہے اور متعدی بدو مفعول ہوتا ہے، ظن کے معنی میں ہو، جیسے:" إخالُكَ إنْ لَمْ تُغْمِضِ الطَّرْفَ ذَا هَوي."اور یقین کے معنی میں، جیسے:"دَعَانِي الْعَوانِيْ عَمَّهنَّ. وخِلْتُني لِيَ اسمٌ، أيْ دَعَوْنَنِيْ عمَّهنَّ، وَقَدْ عَلِمْتُ أنْ لِيْ إسْماً."یہاں مفعول اول "ی"ضمیر متکلم ہے اور مفعول ثانی "لِيَ اسمٌ "پورا جملہ ہے۔

۳)"حَسِبْتُ": یہ بھی ظن اور یقین دونوں معنوں میں مشترک ہے اور متعدی بدو مفعول ہوتا ہے، ظن کے معنی میں ہو، جیسے: "{يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ.}(البقرة:٢٧٣). {وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ}". (الکہف: ۱۸)اور یقین کے معنی میں ہو، جیسے:"حَسِبْت التُّقَى والجودَ خيرَ تِجارةٍ."[۱]

(ب):افعال تصییر/افعال تحویل:

افعال تصییر وہ افعال ہیں جو ایک چیز کو اس کے اصلی حال سے دوسرے حال کی طرف پھرائیں اور یہ بھی دو اسموں مبتداء اور خبر پر داخل ہوتے ہیں اور دونوں کو نصب دیتے ہیں، انہیں افعال تحویل بھی کہتے ہیں اور یہ سات ہیں:"١)صَيَّرَ. ٢)رَدَّ. ٣)تَرَكَ. ٤)تَخِذَ. ٥)اتَّخَذَ. ٦)جَعَلَ. ٧)وَهَبَ."

۱)"صَيَّرَ"کی مثال، جیسے:"صيّرْتُ العدُوَّ صديقاً." ۲)"رَدَّ"کی مثال، جیسے:"وَدَّ كَثِيرٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُمْ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا."(البقرۃ:۱۰۹).

۳)"تَرَكَ"کی مثال، جیسے:"وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ."(الکہف:۹۹)۔

۴)"تَخِذَ"کی مثال، جیسے:"تَخِذتُكَ صديقاً."

۵)"اتَّخَذَ"کی مثال، جیسے:"وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا."(النساء:۱۲۵)۔

۶)"جَعَلَ"کی مثال، جیسے:" وَقَدِمْنَا إِلَى مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَنْثُورًا."(الفرقان:۲۳)۔

۷"وَهَبَ"کی مثال، جیسے:"وَهَبَنِيَ اللّٰهُ فداء المُخلصين."

مذکورہ افعال دو مفعولوں کو تب نصب دیتے ہیں جب "صَيَّرَ"کے معنی میں ہوں اور اگر اس کے معنی میں نہ ہوں تو پھر متعدی بیک مفعول ہوں گے۔[۲]

[۱] جامع الدروس العربیۃ:۱/۴۰،بدر السعید:۳۴۳۔
[۲] جامع الدروس العربیۃ:۱/۴۴۔

۴۔ افعال قلوب کی باعتبار عمل اقسام:

افعال قلوب کی باعتبار عمل تین قسمیں ہیں: (الف): اعمال (ب): الغاء (ج): تعلیق

(الف): إعمال: افعال قلوب کی اعمال کی صورت یہ ہے کہ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتداء وخبر دونوں کو نصب دیں، جیسے: "ظَنَنْتُ زیداً عَالماً." اوراعمال کے لیے تین شرطیں ہیں: ۱) ترتیب باقی ہو، یعنی فعل مقدم اور مفعول مؤخر ہو۔ ۲) موانع عشرہ مفعولین میں سے کسی ایک پر داخل نہ ہوں۔ ۳) افعال قلوب اپنی معانی میں مستعمل ہوں، جیسے: "عَلِمْتُ زیداً عَالِمًا."

(ب): الغاء: الغاء کا مطلب یہ ہے کہ افعال قلوب کے عمل کو لفظاً ومعناً باطل اور ختم کر دینا اور یہ تب ہو گا کہ ان کی ترتیب باقی نہ ہو، پھر اس کی دو صورتیں ہیں: ۱) فعل قلب مفعولین (مبتداء وخبر) کے درمیان واقع ہو، جیسے: "زَيْدٌ ظَنَنْتُ عَالِمٌ." اس صورت میں اعمال الغاء سے احسن ہے، کیونکہ اگر عمل نہ دیا جائے تو "ظَنَنْتُ" جملہ معترضہ بنے گا۔ ۲) فعل قلب مفعولین (مبتداء وخبر) کے بعد واقع ہو، جیسے: "زَيْدٌ عَالِمٌ ظَنَنْتُ." اس صورت میں الغاء اعمال سے احسن ہے، ورنہ "ظَنَنْتُ" جملہ مستانفہ بنے گا۔

(ج): تعلیق: تعلیق کا مطلب یہ ہے کہ ان کا عمل صرف لفظاً باطل ہو اور معناً باقی ہو، یعنی معنی کے اعتبار سے دونوں مفعول ہوں، لیکن لفظاً منصوب نہ ہوں اور تعلیق اس صورت میں ہو گا کہ جب افعال قلوب کے مفعولین (مبتداء وخبر) پر موانع عشرہ میں سے کوئی ایک داخل ہو اور وہ موانعِ عشرہ یہ ہیں[1]:

۱) مفعولین پر لام ابتدائیہ داخل ہو، جیسے: "وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ." (البقرۃ: ۱۰۲)۔

۲) لام جواب قسم مفعولین پر داخل ہو، جیسے: "عَلِمْتُ لَيَقُوْمَنَّ زَيْدٌ، أَيْ عَلِمْتُ وَاللهِ لَيَقُوْمَنَّ زَيْدٌ."

۳) استفہام مفعولین پر داخل ہو، خواہ حرف استفہام ہو، جیسے: "وَإِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ أَمْ بَعِيدٌ مَا تُوعَدُونَ." (الانبیاء: ۱۰۹)، یا اسم استفہام ہو، پھر خواہ وہ مبتداء ہو، جیسے: "لِنَعْلَمَ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصَى." (الکہف: ۱۲)، "وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا." (طٰہٰ: ۷۱)، یا خبر ہو، جیسے: "عَلِمْتُ مَتَى السَّفَرُ." اوریا مفعول ہو، جیسے: "وَ سَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ." (الشعراء: ۲۲۷)۔

۴) "مَا" نافیہ مفعولین پر داخل ہو، جیسے: "لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَؤُلَاءِ يَنْطِقُونَ." (الانبیاء: ۶۵)۔

۵) "لَا" نافیہ مفعولین پر داخل ہو، جیسے: "عَلِمْتُ وَاللهِ لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو."

---

[1] شرح شذور الذہب: ۴۷۱۔

۶) "إِنْ"نافیہ جواب قسم پر داخل ہو، جیسے:"عَلِمْتُ وَاللهِ إِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ، أيْ مَا زَيْدٌ قَائِمٌ."

۷) "لَعَلَّ"مفعولین پر داخل ہو، جیسے:"وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَكُمْ."(الانبیاء:۱۱۱)۔

۸) "لَو"شرطیہ مفعولین پر داخل ہو، جیسے شعر ہے:

"وَقد عَلِمَ الأَقْوام لَو أَن حَاتِماً ... أَرَادَ ثراء المَال كَانَ لَهُ وفر"

۹) "إِنَّ"حروف مشبہ بالفعل مفعولین پر داخل ہو، بشرطیکہ اس کی خبر پر لام مزحلقہ داخل ہو، جیسے:" وَاللهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ."(المنافقون:۱)۔

۱۰) "كَمْ"خبریہ مفعولین پر داخل ہو، جیسے:" أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ."(یس:۳۱)۔ [۱]

الغاء اور تعلیق میں فرق یہ ہے کہ الغاء جائز ہے اور جب کہ تعلیق واجب ہے، نیز الغاء میں ابطالِ عمل لفظاً و معناً دونوں ہوتا ہے اور تعلیق میں ابطالِ عمل لفظاً ہوتا ہے، معناً نہیں ہوتا۔ [۲]

فعل لازمی اور متعدی کی علامات:

فعل لازمی اور متعدی دونوں کی متعدد علامات ہیں، فعل لازم کی یہ پانچ مشہور علامات ہیں:

۱) باب "كَرُمَ" سے آنا، جیسے:"حَسُنَ، جَمُلَ، شَرُفَ، لَؤُمَ، كَرُمَ"وغیرہ۔

۲) باب"فَرِحَ" سے آنا اور رنگ یا عیب یا حلیہ کے معنی پر دلالت کرنا، یا رنج، خوشی، یا خالی ہونے اور بھر جانے کے معنی پر دلالت کرنا، جیسے:"حَمِرَ، عَمِشَ، حَزِنَ، طَرِبَ، صَدِيَ، عَطِشَ، شَبِعَ"وغیرہ۔

۳) فعل متعدی بیک مفعول کا مطاوع ہونا، جیسے:"كَسَرْتُ الْحَجَرَفَانْكَسَرَ، دَحْرَجْتُهُ فَتَدَحْرَجَ".

۴) باب انفعال، باب افعلال، افعنلال سے آنا۔

۵) مدح یا ذم کے معنی پیدا کرنے لیے باب "كَرُمَ" کی طرف فعل متعدی کو منتقل کرنا، جیسے:"فَهُمَ الرَّجُلُ، بَلُدَ التِّلْمِيْذُ".

اور فعل متعدی کی بھی پانچ مشہور علامات یہ ہیں:

۱) ہمزہ تعدیہ داخل ہونا، جیسے:"أَنزَلَ الْفُرْقَانَ".

۲) عین کلمہ کا مضعف ہونا، جیسے:"نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ".

۳) باب استفعال سے آنا اور طلب یا نسبت کے معنی پر دلالت کرنا، جیسے:"اسْتَخْرَجْتُ المَالَ".

---

[۱] شرح شذور الذہب:۱/ ۴۷۱، بدر السعید:۳۴۷۔

[۲] جہد قصیر:۶۹۔

۴) مفاعلت کے معنی پر دلالت کرنا، جیسے: "جَالَسْتُ الْعُلَمَاءَ".
۵) حرفِ جر (علامت تعدیہ) کو توسعاً حذف کرنا، جیسے: "تَمُرُّوْنَ الدِّيَارُوَلَمْ تَعُوْجُوْا"۔ یہ اصل میں "تَمُرُّوْنَ بِالدِّيَارِ" تھا، لیکن کثرت استعمال کی وجہ سے "باء" کو حذف کیا جاتا ہے۔[1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: افعال قلوب کو افعال قلوب اس لیے کہتے ہیں کہ ان میں یقین اور ظن والا معنی پایا جاتا ہے، جس کا تعلق قلب سے ہوتا ہے۔ اور یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتے ہیں، مبتداء کو ان کا مفعول اول اور خبر کو مفعول ثانی کہتے ہیں۔

قاعدہ: اگر "ظَنَنْتُ" بمعنی "اتَّهَمْتُ"، "عَلِمْتُ" بمعنی "عَرِفْتُ"، "رَأَيْتُ" بمعنی "أَبْصَرْتُ" اور "وَجَدْتُ" بمعنی "أَصَبْتُ" ہو تو پھر یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوں گے۔

قاعدہ: افعال قلوب کے دونوں مفعولوں کو بلا قرینہ حذف کرنا جائز نہیں۔

قاعدہ: افعال قلوب میں یہ ضروری نہیں کہ مبتداء اور خبر پر داخل ہوں، بلکہ کبھی "أَنَّ" اور اس کے معمول پر داخل ہوتے ہیں اور یہ بتاویل مصدر ہو کر افعال قلوب کے لیے دو مفعولوں کے قائم مقام ہوتے ہیں، جیسے "عَلِمْتُ أَنَّ زَيْدًا عَالِمٌ".

قاعدہ: افعال قلوب کے دو مفعولوں میں سے ایک کو حذف کر کے ایک پر اکتفاء کرنا جائز نہیں، بلکہ دونوں مذکور ہوں گے یا دونوں محذوف ہوں گے۔

قاعدہ: "عَلِمْتُ" اور "رَأَيْتُ" کی ابتداء میں ہمزہ زیادہ کیا جائے تو یہ تین مفعولوں کا تقاضا کرتے ہیں، جیسے: "أَعْلَمْتُ زَيْدًا عَمْرًا فَاضِلًا، أَرَأَيْتُ عَمْرًا خَالِدًا عَالِمًا" اور یہ ہمزہ افعال قلوب میں سے صرف "عَلِمْتُ" اور "رَأَيْتُ" کے شروع میں زیادہ کیا جاتا ہے، باقی افعال کے شروع میں نہیں، البتہ امام اخفشؒ کے نزدیک باقی افعال میں بھی ہمزہ کی زیادتی جائز ہے، جیسے: "أَظْنَنْتُ زَيْداً عَمْرًا فَاضِلاً".

فائدہ: بعض افعال قلوب کا استعمال "أَنَّ" کیساتھ ہوتا ہے، اس وقت "أَنَّ" بتاویل مفرد دو مفعولوں کا قائم مقام ہو گا، جیسے: "اعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا." یہاں "أَنَّ" بتاویل مفرد دو مفعولوں کے قائم مقام ہے۔

فائدہ: افعال قلوب میں متعدی بسہ مفعول یہ پانچ افعال "أَنْبَأَ، أَخْبَرَ، خَبَّرَ، نَبَّأَ، حَدَّثَ" اصل میں دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتے ہیں، مفعول اول کی طرف بلاواسطہ متعدی ہوتے ہیں، جیسے: "يَاآدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ." (البقرۃ:۳۳) اور مفعول ثانی کی طرف بواسطہ "باء" یا "عَنْ" متعدی ہوتے ہیں، جیسے: "وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ." (الحجر:۵۱) اور بعض اوقات مفعول ثانی سے حرف جارہ حذف ہوتا ہے، جیسے: "مَنْ أَنْبَأَكَ هَذَا." (التحریم:۳)۔ اور یہ مذکورہ افعال متعدی

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۲۹۹/۴، التصریف: ۴٦.

بسہ مفعول تب ہوتے ہیں جب یہ "أَعْلَمَ" یا "أَرٰی" کے معنی میں ہوں۔ (۱)

فائدہ: متعدی بسہ مفعول میں سے "أَعْلَمَ" اور "أَرٰی" کے تینوں مفاعیل کو ثابت رکھنا بھی جائز ہے اور مفعول اول کو حذف کرکے دوسرے اور تیسرے کو ثابت رکھنا بھی جائز ہے اور یا آخری دو مفعولوں کو حذف کرکے پہلے مفعول کو ثابت رکھنا بھی جائز ہے، لیکن آخر میں دو مفعولوں میں سے ایک حذف کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ آپس میں مبتداء وخبر ہوتے ہیں۔ (۲)

قاعدہ: تمام مفعولات مفعول بہ ہیں اور باب "عَلِمْتُ" میں مفعول دوم کو اور باب "أَعْلَمْتُ" میں مفعول سوم کو اور مفعول لہ اور مفعول معہ کو (نائب فاعل بنانے کی غرض سے) فاعل کی جگہ پر نہیں رکھ سکتے۔ اور دوسرے مفعولوں کو رکھ سکتے ہیں البتہ باب "أَعْطَيْتُ" میں مفعول ثانی کے مقابلہ میں مفعول اول کو مفعول مالم یسم فاعلہ کی جگہ پر لانا زیادہ بہتر ہے۔ (۳)

چند حل شدہ تراکیب:

✍ ... "عَلِمْتُ" کی مثال: "عَلِمْتُ زَيْداً عَالِمًا":

"عَلِمْتُ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد ... "ت" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا ... "زَيْداً" مفعول بہ اول اوست منصوب بالفتحہ لفظا ... "عَالِماً" مفعول بہ ثانی است منصوب بالفتحہ لفظا ... باز "عَالِماً" صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مفعول اول۔

✍ ... "رَأَيْتُ" کی مثال: "رَأَيْتُ اللهَ أَكْبَرَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ":

"رَأَيْتُ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد ... "ت" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا ... لفظ "اللهَ" مفعول بہ اول اوست منصوب بالفتحہ لفظا ... "أَكْبَرَ" مفعول بہ ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظ ... باز "أَكْبَرَ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ گرفتہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مفعول اول ... "مِنْ" جارہ ... "كُلِّ" مجرور بالکسرہ لفظا ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "أَكْبَرَ" است ... باز "كُلِّ" مضاف ... "شَيْءٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔

تمرین:

امثلہ ذیل میں فعل متعدی کی اقسام کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

لَا تَحْسَبَنَّ اللهَ غَافِلاً عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ، وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ، وَجَدْنَا مَاوَعَدَنَا رَبُّنَا حَقاً، رَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللهِ أَفْوَاجًا، اَللهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهُ، ظَنَّ زَيْدٌ عَمْرواً عَالِماً، اتَّخَذَ اللهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً، كَذَبَتْ عَادُ الْمُرْسَلِيْنَ، رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ. لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا

---

(۱) شرح المفصل لابن یعیش: ۲۹۹/۴، جہد قصیر: ۶۹۔
(۲) بدر السعید: ۳۴۸۔
(۳) اس قاعدہ کی تفصیل ما قبل گذر چکی ہے۔

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتاً، يَحْسَبُوْنَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهبُوْا، يُرِيْهِمُ اللّٰهُ أَعْمَالَهمْ حَسَراتٍ عَلَيْهِمْ، رَأَيْتُ بَكْراً فَاضِلاً، زَعَمْتُه جاهِلاً، أَرَاكَ صَائِماً، أَخَالُ أَنَّكَ مَرِيْضٌ، لَا تَحْسَبُوْنِيْ كَاذِباً، أُوْتِيْ مُوْسَى الْكِتَابَ، أُعْطِيَ زَيْدٌ ثَوْبًا، وَجَدُوْامَاعَمِلُوْا حَاضِراً. يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً. وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰه عُرْضَةً لِأَيْمَانِكُمْ. وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً. فَاتَّخِذُوهُ عَدُوًّا. نبَّأتُ سَعِيْداً أَخَاهُ قَادِماً. رَأَيْتُ العِلْمَ نَافِعاً. ظَنَنْتُ الْمِصْبَاحَ مُنْطَفِئاً. أَخْبَرَنِيْ فَرِيْدٌ أَبَاهُ مَرِيْضاً. خِلْتُكَ مُسَافِراً . أَنْبَأَ زَيْدٌ عَمْراً سَعِيْداً نَاجِحاً. أَعْطَيْتُ الفَقِيرَ ثَوْباً. ظَنَنْتُ سَعِيْداً وَاقِفاً.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍ ...لَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ:

"لَا"ناہیہ جازمہ جازمتا مستقبل... "تَحْسَبَنَّ"صیغہ فعل مضارع معلوم موکد بانون تاکید ثقیلہ مبنی مجزوم محلاً فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً لفظ... "اللّٰهَ"مفعول اول است منصوب بالفتحہ لفظاً... "غَافِلًا"مفعول ثانی است منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "غَافِلًا"صیغہ اسم فاعل الخ تکیہ کردہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مفعول اول... "عَنْ"جارہ... "ما"موصولہ یاموصوفہ بمع صلہ وصفت خویش مجرور ومنصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح،... جار مجرور متعلق بہ "غَافِلًا" شبہ فعل است... باز "مَا"موصولہ یا موصوفہ... "يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ" جملہ صلہ یا صفت اوست ... "يَعْمَلُ"صیغہ فعل مضارع مرفوع بالضمہ لفظاً... "ہ"ضمیر غائب مفعول بہ محذوف است منصوب محلاراجع بسوئے اسمِ موصول... "الظَّالِمُونَ"فاعلش مرفوع بالواوَ لفظاً... ویاکہ "عَنْ"جارہ... "مَا" مصدریہ "يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ"جملہ بتاویل مصدر "عَمَلِهِمْ"مجرور ومنصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "غَافِلًا" شبہ فعل است... باز "مَا" مصدریہ... "يَعْمَلُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظًا... "الظَّالِمُونَ" فاعلش مرفوع بالواوَ لفظاً۔[1]

✍... وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا:

"وَجَدْنَا"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد... "نا"ضمیر متکلم مع الغیر فاعلش مرفوع... "ما"موصولہ یاموصوفہ بمع صلہ یاصفت خویش مفعول اول اوست منصوب محلا... باز "مَا"موصولہ یا موصوفہ... "وَعَدَنَا رَبُّنَا"جملہ صلہ یاصفت اوست... "وَعَدَ "صیغہ فعل ماضی معلوم... "نَا"ضمیر متکلم مع الغیر فاعلش مرفوع محلا عائد محذوف کہ تقدیرش "إِيَّاهُ"باشد۔ "إِيَّاهُ" مفعول بہ اوست منصوب محلا... "ربُّ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "نا"ضمیر متکلم مع الغیر مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "حقًّا"مفعول ثانی است منصوب بالفتحہ لفظا... باز" حقًّا "صیغہ مصدر تکیہ کردہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاًراجع بسوئے مفعول اول... ویاکہ "وَجَدْنَا"صیغہ فعل ماضی معلوم الخ... "نا"ضمیر متکلم مع الغیر فاعلش مرفوع محلا

---

[1] اعراب القرآن درویش:۲۰۴/۵.

ذوالحال الخ... "حقًّا" حال اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔ [۱]

✍ ...رَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ أَفْوَاجًا:

" رَأَيْتَ "صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد... "تَ "ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا... "النَّاسَ "مفعول اول اوست منصوب بالفتحہ لفظًا... "يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ "جملہ مفعول ثانی اوست منصوب محلاً... ویا کہ" رَأَيْتَ "صیغہ فعل ماضی معلوم بمعنی "أَبْصَرْتَ"... "أَبْصَرْتَ "صیغہ فعل ماضی معلوم... "تَ "ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "النَّاسَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا ذو الحال... "يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ "جملہ حال اوست منصوب محلاً،... باز "يَدْخُلُونَ "صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "واؤ "ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاذوالحال راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "فِي "جارہ... "دِينِ "مجرور بالکسرہ لفظًا ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "يَدْخُلُونَ "فعل است... باز "دِينِ "مضاف... لفظ "اللهِ "مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظًا... "أَفْوَاجًا "حال اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔ [۲]

✍... اللهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ:

لفظ "اللهُ "مبتداء اوست مرفوع بالضمہ لفظاً... "يَعْلَمُ "جملہ خبرش مرفوع محلاً... "يَعْلَمُ "صیغہ فعل مضارع معلوم فعل ازافعال قلوب بدو مفعول می طلبد ملغی از عمل بمعنی "يَعْرِف"... باز "يَعْرِف "صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء "إِنَّ "بمع اسم وخبر خویش مفعول بہ است منصوب محلاً... "إِنَّ "حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "كَ "ضمیر مخاطب اسمش منصوب محلا... "ل "ابتدائیہ تاکیدیہ... "رَسُولُ "خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "ہ "ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلاراجع بسوئے اللہ۔ [۳]

✍...رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ:

"رَبُّ "مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... "نَا "ضمیر متکلم مضاف الیہ است مجرور محلا... "يَعْلَمُ "جملہ خبرش مرفوع محلاً... باز "يَعْلَمُ "صیغہ فعل مضارع معلوم فعل ازافعال قلوب بدو مفعول می طلبد... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... "إِنَّ "بمع اسم وخبر خویش قائم مقام ہر دو مفعول بہ است منصوب محلاً... "إِنَّ "حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "نَا "ضمیر متکلم اسمش منصوب محلا... "إلى "جارہ... "كُمْ "ضمیر مخاطبین مجرورو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَمُرْسَلُونَ "شبہ فعل مؤخر است... "ل "ابتدائیہ تاکیدیہ... "مُرْسَلُونَ "خبرش مرفوع بالواؤ لفظًا... باز "مُرْسَلُونَ "صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر اسم "إِنَّ"... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ مرفوع محلاراجع بسوئے اسم "إِنَّ". [۴]

✍ ..."لا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ أَمْواتاً:

---

[۱] التبیان لابی البقاء:۵۷۰/۱.

[۲] اعراب القرآن درویش:٦۰٦/۱۰.

[۳] اعراب القرآن صافی:۲۵۳/۲۸، اعراب القرآن درویش:۹۷/۱۰.

[۴] اعراب القرآن درویش:۱۸۳/۸، اعراب القرآن صافی:۲۹۸/۲۲.

''لا''ناہیہ جازمہ جازمتہ المستقبل... ''تَحْسَبَنَّ''صیغہ فعل مضارع معلوم مؤکدبانون تاکید ثقیلہ مبنی مجزوم محلاً فعل ازافعال قلوب بدو مفعول می طلبد،... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... ''الَّذِينَ''اسم موصول بمعہ جملہ صلہ خویش مفعول اول است منصوب محلا... ،باز''الَّذِينَ''اسم موصول''قُتِلُوا الخ... ''صلہ است...باز'' قُتِلُوا''صیغہ فعل ماضی مجہول... ''واؤ''ضمیر بارز مفعول لم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... ''فِي''جارہ... ''سَبِيلِ''مجرور بالکسرہ ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ''قُتِلُوا''فعل است...باز''سَبِيلِ''مضاف... ''اللهِ''مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظًا... ''أَمْوَاتاً''مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔ (۱)

✍ ...يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا:

''يَحْسَبُونَ''صیغہ فعل مضارع فعل مرفوع باثبات نون اعرابی فعل ازافعال قلوب بدو مفعول می طلبد... ''واو''ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''الْأَحْزَابَ''مفعول اول است منصوب بالفتحہ لفظًا... ''لَمْ يَذْهَبُوا''جملہ مفعول بہ ثانی است منصوب محلا... ''لَمْ''جازمہ جحدیہ جازمتہ المستقبل... ''يَذْهَبُوا''صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم باسقاط نون اعرابی... ''واوَ''ضمیر غائبین فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل۔ (۲)

✍ ...يُرِيهِمُ اللهُ أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ:

اگر''رُؤْيَتْ''سے''رُؤْيَتْ بَصَرِيْ''مراد ہو تو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو گااور اگر اس سے رؤیت قلبی مراد ہو تو تین مفعولوں کی طرف متعدی ہو گا۔

۱)۔''يُرِي''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراًفعل ازافعال قلوب ملغی از عمل... ''هِم''ضمیر غائبین مفعول اول اوست منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''اللهُ''فاعلش مؤخر مرفوع بالضمہ لفظًا... ''أَعْمَالَ''مفعول بہ ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظًا ذوالحال مضاف... ''هُمْ''ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''حَسَرَاتٍ''حال اوست منصوب بالکسرہ لفظًا... ''عَلَى''جارہ... ''هِم''ضمیر غائبین مجرورو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح،،راجع بسوئے مذکورین ما قبل...جار مجرور متعلق بہ''حَسَرَاتٍ''شبہ فعل است...ویاکہ''حَسَرَاتٍ''موصوف... ''عَلَيْهِمْ''ظرف مستقر صفت اوست منصوب محلا... ''عَلَى''جارہ... ''هِم''ضمیر غائبین مجرورو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح،راجع بسوئے مذکورین ما قبل...جار مجرور متعلق بہ''ثابتًا''شبہ فعل است۔

۲)۔''يُرِي''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراًفعل ازافعال قلوب بسہ مفعول می طلبد... ''هِم''ضمیر غائبین مفعول اول اوست منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''اللهُ''فاعلش مؤخر مرفوع بالضمہ لفظاً... ''أَعْمَالَ''مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظاًمضاف... ''هُم''ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مذکورین ما قبل... ''حَسَرَاتٍ''مفعول ثالث اوست منصوب بالکسرہ لفظاً... ''عَلَى''جارہ... ''هِم''ضمیر غائبین مجرورو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح،،راجع بسوئے مذکورین ما قبل...جار مجرور متعلق

---

(۱) الدر المصون: ۴۸۰/۳،اعراب القرآن صافی: ۳۷۰/۴۔

(۲) اعراب القرآن درویش: ۶۲۱/۷۔

به "حَسَرَاتٍ" شبہ فعل است... ویا کہ "حَسَرَاتٍ" موصوف... "عَلَيْهِمْ" ظرف مستقر صفت اوست منصوب محلا... "عَلَى" جاره ... "هِم" ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح، راجع بسوئے مذکورین ماقبل... جار مجرور متعلق بہ "ثابتًا" شبہ فعل است۔ [۱]

✍ ... "وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حاضِرًا":

" وَجَدُوا" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال قلوب بدو مفعول می طلبد... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ماقبل... "مَا عَمِلُوْا" جملہ بتاویل مصدر مفعول اول اوست منصوب محلا کہ تقدیریش "أيْ وَجَدُوْا عَمَلَهُمْ حَاضِرًا" باشد... باز "مَا" مصدریہ... "عَمِلُوا" صیغہ فعل ماضی معلوم... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے مذکورین ماقبل... "حَاضِرًا" مفعول ثانی است منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "حَاضِرًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مفعولِ اول... ویا کہ "ما" موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ وصفت خویش مفعول اول است منصوب محلاً... باز "ما" موصولہ یا موصوفہ... "عَمِلُوْا" جملہ صلہ یا صفت است... باز "عَمِلُوْا" صیغہ فعل ماضی معلوم... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش محلًا مرفوع راجع بسوئے مفعولِ اول... "حَاضِرًا" مفعول ثانی است منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "حَاضِرًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مفعول اول خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکور ماقبل... عائد محذوف کہ تقدیرش "إيّاهُمْ" باشد ... راجع بسوئے ما موصولہ یا موصوفہ۔ [۲]

---

[۱] تفسیر الدر المصون: ۲۲۱/۲، اعراب القرآن درویش: ۲۳۲/۱۔

[۲] اعراب القرآن درویش: ٦١٧/۵۔

فصل دہم: افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ

۱۔ افعال ناقصہ کی تعریف[۱]:

افعال ناقصہ ان افعال کو کہتے ہیں جو اپنے فاعل کے لیے مصدر کے علاوہ کوئی اور صفت ثابت کریں، یعنی جو صرف فاعل کے ملنے سے جملہ نہیں بنتے، بلکہ ان کے مصدری معنی کے علاوہ فاعل کی صفت[۲] بیان کرنے کی ضرورت رہتی ہے، فاعل کو ان کا اسم اور صفت کو خبر کہتے ہیں اور انہیں افعال ناقصہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ افعال اپنے اسم کیساتھ مل کر بھی کلام تام نہیں بنتے، بلکہ خبر کی طرف محتاج رہتے ہیں، لہٰذا اس نقص کی وجہ سے انہیں افعال ناقصہ کہتے ہیں اور ان کو افعال ناسخہ بھی کہتے ہیں۔[۳]

۲۔ افعال ناقصہ کی تعداد:

افعال ناقصہ کل چوبیس ہیں، جن میں سترہ مشہور ہیں اور سترہ میں اصل افعال ناقصہ یہ تیرہ ہیں:

"۱) كَانَ ۲) صَارَ ۳) ظَلَّ ٤) بَاتَ ٥) اَصْبَحَ ٦) أَضْحَى ٧) أَمْسٰى ٨) مَازَالَ ٩) مَاانْفَكَّ ١٠) مَا بَرِحَ ١١) مَا فَتِئَ ١٢) مَادَامَ ١٣) لَيْسَ." اور باقی گیارہ ملحقات ہیں: "۱) عَادَ ۲) آضَ ۳) غَدَا ٤) رَاحَ ٥) رَجَعَ ٦) حَارَ ٧) ارتدَّ ٨) تَحَوَّل ٩) اسْتَحَالَ ١٠) انقلبَ ١١) تَبدَّل."[۴]

۳۔ افعال ناقصہ کا عمل:

افعال ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں، مبتداء کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، جیسے: "كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا" لفظ "اللّٰهُ" کو اسم کان اور "عَلِيْمًا حَكِيْمًا" کو خبر کان کہتے ہیں۔

۴۔ معانی افعال ناقصہ:

افعال ناقصہ میں ہر ایک فعل کا خاص معنی و مفہوم ہے جس کی مختصر وضاحت یہ ہے:

۱)۔ "كَانَ":

"كَانَ" اپنے اسم کی خبر کو زمانہ ماضی میں ثابت کرنے کے واسطے آتا ہے، خواہ ممکن الانقطاع ہو یا ممتنع الانقطاع

---

[۱] ما قبل یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ فعل کی دو قسمیں ہیں: تام اور قاصر، فعل تام کی بحث ختم ہوئی، یہاں سے فعل قاصر کو بیان کیا جاتا ہے، فعل قاصر کی دو قسمیں ہیں: ۱) افعال ناقصہ۔ ۲) افعال مقاربہ۔

[۲] یہاں صفت اصطلاحی مراد نہیں، جس میں باعتبار اعراب مطابقت کا ہونا ضروری ہوتا ہے، بلکہ فعل ناقص کے معنی مصدری کے علاوہ جو معنی مصدری فاعل کے لیے ثابت کیا جا رہا ہے اس کو "صفت" سے تعبیر کیا گیا ہے، جیسے: "کان زید قائما" میں صفت قیام کو اور "کان اللہ علیما" میں صفت علم کو فاعل (اسم) کے لیے بیان کیا گیا ہے۔

[۳] شرح المفصل لابن یعیش: ۳۳۵/۴، جامع الدروس العربیہ: ۲۷۱/۲۔

[۴] شرح المفصل لابن یعیش: ۳۳۶/۴، جامع الدروس العربیہ: ۲۷۲/۲۔

ہو، پھر ''کَانَ'' کی تین قسمیں ہیں: (الف): ناقصہ (ب): زائدہ (ج): تامہ

(الف): ''کَانَ'' ناقصہ: ''کَانَ'' اگر اپنے فاعل (اسم) پر پورا نہ ہو، بلکہ خبر کا بھی تقاضا کرے تو ناقصہ ہوتا ہے اور یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ زمانہ ماضی میں اسم کے لیے خبر ثابت ہے، خواہ ممکن الانقطاع ہو، جیسے: ''كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا''، یہاں خبر غیر دائمی ہے، یعنی خبر اسم سے جدا ہو جاتی ہے اور یا ممتنع الانقطاع ہو، جیسے: ''كَانَ اللّٰهَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا''. یہاں خبر کا ثبوت دائمی ہے، یعنی خبر اسم سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔

(ب): ''کَانَ'' تامہ: وہ ہوتا ہے جو فاعل سے مل کر کلام تام ہو اور خبر کا محتاج نہ ہو، اس وقت یہ ''وَجَدَ، حَصَلَ'' یا ''ثَبَتَ'' کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ''كَانَ مَطَرٌ، أَيْ حَصَلَ مَطْرٌ'' یا ''وَجَدَ مَطَرٌ.''

(ج): ''کَانَ'' زائدہ: وہ ہوتا ہے کہ اگر اس کو حذف کیا جائے تو معنی مقصودی میں کوئی خرابی نہ آئے اور صرف تحسین کلام کے لیے لایا جاتا ہے ''کَانَ'' زائدہ چھ مقامات میں واقع ہوتا ہے:

۱) مبتداء اور خبر کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''زَيْدٌ كَانَ قَائِمٌ''.

۲) موصول اور صلہ کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِيْ الْمَهْدِ صَبِيًّا''.

۳) ''مَا'' تعجبیہ اور اس کے فعل کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''مَا كَانَ أَحْسَنَ زَيْدًا''.

۴) جار مجرور کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''عَلَى كَانَ الْمُسَوَّمَةِ الْعِرَابِ''.

۵) موصوف اور صفت کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''جَاءَ رَجُلٌ كَانَ عَالِمٌ''.

٦) افعال قلوب کے دو مفعولوں کے درمیان ''کَانَ'' زائدہ ہوتا ہے، جیسے: ''عَلِمْتُ زَيْدًا كَانَ فَاضِلًا''[1].

۲۔ ''صَارَ'':

''صَارَ'' جملہ ابتدائیہ پر داخل ہوتا ہے اور انتقال کے لیے آتا ہے اور پھر انتقال کی چار صورتیں ہیں:

۱) ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف انتقال کرنا، جیسے: ''صَارَ الطِّيْنُ خَزِفًا، صَارَ الْمَاءُ هَوَاءً.''

۲) ایک صفت سے دوسری صفت کی طرف انتقال کرنا، جیسے: ''صَارَ زَيْدٌ غَنِيًّا، صَارَ الْأَسْوَدُ أَحْمَرَ.''

۳) ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف انتقال کرنا، جیسے: ''صَارَ زَيْدٌ مِنْ دَارٍ إِلٰى دَارٍ.''

۴) ایک شخص کی طرف سے دوسرے شخص کی طرف انتقال کرنا، جیسے: ''صَارَ زَيْدٌ مِنْ عَمْرٍو إِلٰى بَكْرٍ.''

بعض اوقات ''صَارَ'' تامہ ہوتا ہے اور یہ صرف اسم پر تام ہو جاتا ہے، خبر کا تقاضا نہیں کرتا، اس وقت یہ ''رَجَعَ، جَاءَ، انْتَقَلَ'' کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ''أَلَا إِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْأُمُوْرِ.'' (الشوریٰ: ۵۳)، قرآن مجید میں صرف ایک ہی جگہ

---

[1] اوضح المسالک: ۲۴۸/۱، شرح ابن عقیل: ۲۸۸/۱، شرح التصریح: ۲۵۱/۱، الارتشاف لابی حیان: ۱۱۸٦/۳، جامع الدروس العربیۃ: ۲۸۰/۲۔

"صَارَ" مستعمل ہے اور وہ تامہ ہے[1]۔

۳)۔" اَصْبَحَ، أَضْحَى، أَمْسٰى ":

یہ تینوں افعال مضمون جملہ کو اپنے اپنے اوقات (صبح، چاشت، شام) سے مقارن کرنے کے واسطے آتے ہیں، جیسے: "أَصْبَحَ زَيْدٌ عَالِمًا، أَمْسَى زَيْدٌ عَارِفًا، أَضْحَى زَيْدٌ أَمِيْراً."اور کبھی یہ تینوں "صَارَ" کے معنی میں آتے ہیں، جیسے: "أَصْبَحَ[2] أَوْ أَمْسَى أَوْ أَضْحَى زَيْدٌ غَنِيًّا، أَيْ صَارَ.."اور کبھی یہ تینوں تامہ ہوتے ہیں، اس وقت یہ "دَخَلَ" کے معنی میں ہوتے ہیں، جیسے: "أَصْبَحْنَا أَوْ أَمْسَيْنَا." [3]

۴)۔"ظَلَّ، بَاتَ":

یہ دونوں مضمون جملہ کو اپنے دونوں وقت "شب و روز" سے ملانے کے لیے آتے ہیں، جیسے: "ظَلَّ زَيْدٌ صَائِمًا" (زید تمام دن روزہ دار رہا) اور "بَاتَ زَيْدٌ نَائِمًا" (زید تمام رات سویا رہا) اور یہ دونوں کبھی "صَارَ" کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں، جیسے: "وَإِذا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِالْأُنْثى ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا.(النحل:۵۸)، أَيْ صَارَ.."،" بَاتَ الشَّابُ شَيْخاً، أَيْ صَارَ.. "۔اس کی دیگر مثالیں قرآن مجید میں یہ ہیں:"{إِنْ نَشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِيْنَ} [الشعراء: ٤]. {وَانْظُرْ إِلَى إِلَهِكَ الَّذِيْ ظَلَّتْ عَلَيْهِ عَاكِفاً} [طه: ٩٧]، . {وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَاباً مِنَ السَّماءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ لَقَالُوْا إِنَّما سُكِّرَتْ أَبْصارُنَا} [الحجر: ١٤ - ١٥]. {وَلَئِنْ أَرْسَلْنَا رِيحاً فَرَاوْهُ مُصَفَّراً لَظَلُّوْا مِنْ بَعْدِه يَكْفُرُونَ} [الروم: ٥١]. {إِنْ يِشَأْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهِ} [الشورى: ٣٣]. {قَالُوْا نَعْبُد أَصْنَاماً فَنَظُلُّ لَهَا عَاكِفِيْنَ}. [الشعراء: ٧١]."[4]

---

[1] شرح المفصل لابن يعيش: ۳۵۳/۴، الكناش: ۴۱/۲، الرضي على الكافيه: ۳۲۱/۲۔

[2] "أَصْبَحَ" قرآن مجید میں تقریباً اٹھائیس مقامات میں مستعمل ہے ان میں صرف ان تین مقامات میں انعام واکرام کے لیے استعمال ہے، جیسے: "{فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِه إِخْوَاناً} [آل عمران: ١٠٣]. {فَأَيَّدنَا الَّذِيْنَ أمَنُوْا عَلَى عَدُوِّهِمْ فأَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ} [الصف: ١٤]. {أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخَضَّرَةً إِنَّ اللهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ}. [الحج: ٦٣]. "اور باقی تمام میں شر اور عقوبات کے لیے مستعمل ہے، جیسے:" {فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِيْنَ} [المائدة: ٣١]. {فأَصْبَحَ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ} [المائدة: ٣٠]. {فأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَيْهِ عَلَى مَا أَنْفَقَ فِيْهَا} [الكهف: ٤٢]. {فأَصْبَحَ هَشِيْماً تَذْرُوْهُ الرِّيْحُ} [الكهف: ٤٥]. {فأَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَائِفاً يَتَرَقَّبُ} [القصص: ١٨]. {فأَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جاثِمِيْنَ} [هود: ٦٧]." معانی النحو: ۲۳۹/۱۔

[3] شرح المفصل لابن يعيش: ۳۵۳/۴، شرح الرضي على الكافيه: ۲۹۲/۲، الكناش: ۴۱/۲۔

[4] شرح المفصل لابن يعيش: ۳۵۷/۴۔

۵)۔"مَازَالَ، مَاانْفَكَّ، مَا بَرِحَ، مَا فَتِئَ":

ان چاروں افعال میں سے ہر ایک مسند کو علی سبیل الاستمرار والدوام اپنے مسند الیہ کے لیے ثابت کرتا ہے اور ان چاروں کا معنیٰ ہے:"جدا ہونا، زائل ہونا"اور ان کے مفہوم میں نفی ملحوظ ہے اور ان کے شروع میں "مَا" نافیہ ہے اور قاعدہ ہے کہ جب نفی نفی پر داخل ہو تو اثبات کا فائدہ دیتی ہے، اس لیے ان چاروں میں اثبات کا معنیٰ علی الدوام ہے اور یہ چاروں اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ جب سے اسم نے خبر کو قبول کیا ہے اس وقت سے خبر اسم کے لیے ہمیشہ کے لیے ثابت ہے، جیسے: "فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ."(غافر:۳۴)۔"مَاانْفَكَّ بَكْرٌ أَمْيْرًا"(بکر ہمیشہ امیر رہا)۔"مَا بَرِحَ عَمْرٌو صَائِمًا"(عمرو ہمیشہ روزہ دار رہا)۔"مَافَتِئَ زَيْدٌسَخِيًّا"(زید ہمیشہ سخی رہا)۔

ان افعال کے ناقصہ ہونے کے لیے شرط یہ ہے کہ ان کے شروع میں نفی (ما، لا، لن) ہو، خواہ مذکور ہو یا محذوف، مذکور کی مثال، جیسے:"وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ."(یوسف:۱۱۸)،"لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ."(التوبۃ:۱۱۰)،"فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ."(یوسف:۸۰)،"قَالُوا لَنْ نَبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِينَ."(طٰہٰ:۹۱)۔اور محذوف کی مثال، جیسے:"قَالُوا تَاه تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ."(یوسف:۸۵)،"أَيْ لَا تَفْتَؤُ تَذْكُرُ يُوسُفَ."اور ان افعال میں نفی کے لیے یہ ضروری نہیں کہ حرف کیساتھ ہو، بلکہ فعل کیساتھ بھی ہو سکتی ہے، جیسے:"لَسْتَ تَبْرَحُ مُجْتَهِدًا"اور اسم کے بھی ہو سکتی ہے، جیسے:"زَيْدٌ غَيْرُ مُنْفَكٍّ قَائِمًا بِالْوَاجِبِ."[1]

۶)۔"مَادَامَ":

"مَادَامَ" کسی کام کی تعیینِ وقت کے لیے آتا ہے اور اس کے اول میں "مَا" مصدریہ حینیہ ہے، حینیہ اس لیے ہے کہ یہ وقت اور ظرف کے معنیٰ میں آتا ہے اور مصدریہ اس لیے کہ یہ اپنے مابعد کو مصدر کی تاویل میں کر دیتی ہے اور یہ دو جملوں کے درمیان آتا ہے اور اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جب تک میرے اسم کے لیے خبر ثابت ہے اس وقت تک مابعد والا حکم بھی اپنے مسند الیہ کے لیے ثابت ہے، اس لیے یہ جملہ سابقہ کا ہمیشہ محتاج ہوتا ہے، جیسے:"وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا."(مریم:۳۱)۔اور "مَادَامَ" اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ سابقہ کے مذکور فعل یا شبہ فعل کا مفعول فیہ واقع ہو گا۔[2]

۷)۔"لَيْسَ":

"لَيْسَ" مضمون جملہ کی نفی کے لیے آتا ہے اور یہ اصل میں "لَيِسَ" تھا، کثرت استعمال کی وجہ خلاف القیاس

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش:۳۵۹/۴، الاشمونی:۲۲۷/۱، حاشیۃ الصبان:۲۲۷/۱، شرح الرضی علی الکافیۃ:۲۲۲/۲۔
[2] شرح المفصل لابن یعیش:۱۱۱/۷، الاشمونی:۲۲۸/۱، التصریح:۱۸۶/۱، شرح ابن عقیل:۱۱۱/۱، الرضی علی الکافیہ:۳۲۱/۲۔

"یاء" کے کسرہ کو گرادیا تو "لَیْسَ "ہو گیا اور یہ فعل غیر متصرف ہے ماضی کے سوا اس سے کوئی فعل نہیں آتا اور اپنے اسم سے خبر کی نفی کے لیے آتا ہے زمانہ میں، جیسے: "لَیْسَ زَیْدٌ قَائِمًا" (زید زمانہ حال میں کھڑا ہونے والا نہیں ہے)، لیکن کبھی قرینہ کی وجہ سے زمانہ ماضی یا استقبال میں بھی نفی کے لیے آتا ہے، جیسے: "وَلَسْتُمْ بِآخِذِيْهِ إِلَّا أَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ}. [البقرة: ٢٦٧]. "أَلَا يَوْمَ يَأْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ."[هود: ٨]. "[1]

۵۔ افعال ناقصہ کی پہلی تقسیم:

افعال ناقصہ باعتبار عمل تین قسم پر ہیں:

پہلی قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جو غیر مشروط اور بغیر شرط کے عمل کرتے ہیں اور یہ کل آٹھ افعال ہیں: "١) كَانَ، ٢) صَارَ، ٣) ظَلَّ، ٤) بَاتَ، ٥) أَصْبَحَ، ٦) أَضْحَىٰ، ٧) أَمْسىٰ، ٨) لَيْسَ".

دوسری قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جو اس شرط کیساتھ عمل کرتے ہیں کہ ان سے پہلے نفی یا نہی یا دعا ہو اور یہ چار افعال ہیں: "١) زَالَ، ٢) فَتِئَ، ٣) بَرِحَ، ٤) إِنْفَكَّ."

تیسری قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جو اس شرط کیساتھ عمل کرتے ہیں کہ ان سے پہلے "مَا" مصدریہ ظرفیہ ہو اور یہ صرف "دَامَ" ہے۔[2]

۶۔ افعال ناقصہ کی دوسری تقسیم:

افعال ناقصہ کے تصرف اور عدم تصرف کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جو مطلقاً غیر متصرف ہیں اور وہ صرف "لَیْسَ" اور "دَامَ" ہیں، ماضی کے علاوہ ان کی کوئی گردان نہیں آتی۔

دوسری قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جن میں تصرف ناقص ہے اور وہ یہ چار افعال ہیں: "مَازَالَ، مَاانْفَكَّ، مَابَرِحَ، مَافَتِئَ"، ان سے ماضی اور مضارع تو آتا ہے، لیکن اور کوئی گردان نہیں آتی۔

تیسری قسم: وہ افعال ناقصہ ہیں جن میں تصرف تام ہے اور یہ باقی سات افعال ہیں: "كَانَ، صَارَ، ظَلَّ، بَاتَ، أَصْبَحَ، أَمْسَى، أَضْحَى"، ان سے تینوں افعال ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں آتی ہیں۔[3]

۷۔ افعال ناقصہ کی تیسری تقسیم:

افعال ناقصہ کی تین قسمیں ہیں:

---

[1] شرح الاشمونی: ۱/۲۲۷، حاشیۃ الصبان: ۱/۲۷۷، شرح ابن عقیل: ۱/۱۱، حاشیۃ التصریح: ۱/۱۸۳، شرح الرضی علی الکافیہ: ۲/۳۲۸۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۷۴۔

[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۷۵۔

پہلی قسم وہ افعال ناقصہ ہیں جن کے شروع میں "مَا" نافیہ یا "مَا" مصدریہ ہے، دوسری قسم وہ افعال ناقصہ ہیں جن کے شروع میں "مَا" نہیں ہے اور تیسرا "لَيْسَ" ہے، جن کے شروع میں "مَا" ہے ان کی خبر ان کے اسم پر مقدم ہو سکتی ہے جن کے شروع میں "مَا" نہیں تو ان کی خبر ان کے اسم پر بھی مقدم ہو سکتی ہے اور خود ان پر بھی، نیز ان کی خبر کے معمول کو بھی ان پر مقدم کرنا جائز ہے، جیسے: "وَأَنْفُسَهُمْ كَانُوا يَظْلِمُونَ." (الاعراف:۱۷۷) اور "أَهَؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ." (سبا:۴۰) اور جب کہ "لَيْسَ" کی خبر اس کے اسم پر تو مقدم ہو سکتی ہے، لیکن خود اس پر مقدم ہو سکتی ہے یا نہیں اس میں نحات کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ مقدم ہو سکتی ہے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ مقدم نہیں ہو سکتی۔ [1]

۸۔ افعال مقاربہ کی تعریف:

افعال مقاربہ وہ افعال ہیں جو اپنی خبر کو اسم کے قریب کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہوں، لیکن یہ سب قرب کا فائدہ نہیں دیتے، ان میں اکثر قرب کا فائدہ دیتے ہیں اس لیے تغلیباً انہیں افعال مقاربہ کہا جاتا ہے اور یہ افعال ناقصہ کی طرح مبتداء و خبر پر داخل ہوتے ہیں، مبتداء کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، البتہ ان کی خبر ہمیشہ فعل مضارع ہوتی ہے۔ [2]

۹۔ افعال مقاربہ کی تعداد:

افعال مقاربہ تیرہ ہیں، جن میں چار مشہور اور نو غیر مشہور ہیں، چار مشہور یہ ہیں: "۱) عَسٰى، ۲) كَادَ، ۳) كَرُبَ، ٤) أَوْشَكَ." ان کی مثالیں یہ ہیں: "عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ، كَادَ الْمَطَرُ يَهْطِلُ. أَوْشَكَ الْوَقْتُ أَنْ يَنْتَهِيْ. كَرُبَ الصُّبْحُ أَنْ يَنْبَلِجَ." اور نو غیر مشہور یہ ہیں: "۱) أَنْشَأَ، ۲) عَلِقَ، ۳) طَفِقَ، ٤) أَخذَ، ٥) هَبَّ، ٦) جَعَلَ، ٧) حرَى، ٨) اخْلَوْلَقَ، ٩) انْبَرَى." ان کی مثالیں یہ ہیں: "أَنْشَأَ خَلِيْلٌ يَكْتُبُ، عَلِقُوْا يَنْصَرِفُوْنَ. أَخَذُوْا يَقْرءُونَ. هَبَّ الْقَوْمُ يَتَسَابَقُوْنَ. جَعَلُوْا يَسْتَيْقِظُوْنَ. حَرَى الْمَرِيْضُ أَنْ يَشْفِيَ. اخْلَوْلَقَ الْكَسْلَانُ أَنْ يَجْتَهِدَ. انبَرُوْا يَسْتَرْشِدُوْنَ." [3]

۱۰۔ افعال مقاربہ کی پہلی تقسیم:

افعال مقاربہ کی باعتبار معنی تین قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ افعال ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا حصول مبتداء کے لیے قریب ہے، جیسے: "كَادَ زَيْدٌ أَنْ يَخْرُجَ" (قریب ہے کہ زید نکلے) اور تین افعال ہیں: "۱) كَادَ، ۲) كَرُبَ، ۳) أَوْشَكَ." اور اصل افعال مقاربہ یہی ہیں۔

---

[1] المنہاج الکامل: ۲۶۹، جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۷۹۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۸۵۔

[3] جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۸۵۔

دوسری قسم: افعال رجاء ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اسم کے لیے خبر کے حصول کی امید ہے، جیسے: "عَسَى زَيْدٌ أَنْ يَخْرُجَ" (امید ہے کہ زید نکلے) اور یہ بھی تین ہیں: "١) عَسٰى، ٢) حَرَى، ٣) اخْلَوْلَقَ."

تیسری قسم: افعال شروع ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اسم نے خبر کو حاصل کرنا شروع کر دیا، جیسے: "أَخَذَ زَيْدٌ أَنْ يَخْرُجَ" (زید نے نکلنا شروع کر دیا) اور یہ سات ہیں: "أَنْشَأَ، ٢) عَلِقَ، ٣) طَفِقَ، ٤) أخذَ، ٥) هَبَّ، ٦) جَعَلَ، ٧) انْبَرَى." [١]

۱۱۔ افعال مقاربہ کی دوسری تقسیم:

افعال مقاربہ کی باعتبار دخولِ "ان" قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ افعال مقاربہ ہیں جن کی خبر پر "أَنْ" کا داخل کرنا واجب ہے اور یہ دو ہیں: "١) حَرَى، ٢) اخْلَوْلَقَ."

دوسری قسم: وہ افعال مقاربہ ہیں جن کی خبر پر "أَنْ" کا داخل نہ کرنا واجب ہے اور وہ افعال شروع ہیں: "أَنْشَأَ، ٢) عَلِقَ، ٣) طَفِقَ، ٤) أخذَ، ٥) هَبَّ، ٦) جَعَلَ، ٧) انْبَرَى." ان پر "أَنْ" کا دخول اس لیے ممنوع ہے کہ ان افعال میں مقصود خبر کا وقوع زمانہ حال میں بتلانا مقصود ہوتا ہے اور "أَنْ" مستقبل کے لیے آتا ہے اور ان دونوں میں تناقض ہے۔

تیسری قسم: وہ افعال مقاربہ ہیں جن کی خبر پر "أَنْ" کا دخول و عدم دخول دونوں جائز ہیں اور وہ افعال یہ ہیں: "١) كَادَ، ٢) كَرُبَ، ٣) أَوْشَكَ، ٤) عَسَى."، لیکن "أَوْشَكَ، عَسَى" کے خبر پر "أَنْ" کا داخل ہونا کثیر وشائع ہے اور "كَادَ، كَرُبَ" کی خبر پر "أَنْ" کا داخل ہونا قلیل ہے۔ [٢]

اور جب ان کی خبر پر "أَنْ" داخل ہو تو فعل مضارع بتاویل مصدر خبر بنے گا، جیسے: "أَوْشَكَتِ السَّمَاءُ أَنْ تُمْطِرَ. عَسَى الصَّدِيْقُ أَنْ يَحْضُرَ. أَيْ أَوْشَكَتِ السَّمَاءُ ذَا مَطَرٍ. وَعَسَى الصَّدِيْقُ ذَا حُضُوْرٍ." اور ان کی خبر "أَنْ" مصدریہ کے بغیر ہو تو اس وقت فعل مضارع ہی خبر بنے گا، جیسے: "أَوْشَكَتِ السَّمَاءُ تَمْطِرُ." [٣]

۱۲۔ افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ میں فرق:

افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ میں ایک فرق یہ ہے کہ افعال مقاربہ کی خبر ہمیشہ فعل مضارع آتی ہے جب کہ افعال ناقصہ کے لیے یہ شرط نہیں اور دوسرا فرق ان دونوں میں یہ ہے کہ افعال مقاربہ کی خبر میں ایسی ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو ان کے اسم کی طرف راجع ہو اور جب کہ افعال ناقصہ میں یہ شرط نہیں۔

۱۳۔ قواعد و فوائد:

---

[١] جامع الدورس العربیہ: ۲۸۵/۲۔

[٢] جامع الدورس العربیہ: ۲۸۷/۲، موسوعۃ النحو والصرف: ۵۳۹۔

[٣] جامع الدورس العربیۃ: ۲۸۹/۲۔

قاعدہ: اگر افعال ناقصہ کے بعد دو اسم ہوں، ایک معرفہ اور دوسرا نکرہ۔ تو معرفہ کو ان کے لیے اسم اور نکرہ خبر بنے گا، کیونکہ اس کا اسم بمنزلہ مبتداء اور خبر بمنزلہ خبر کے ہوتی ہے۔ لیکن اگر دونوں اسم معرفہ ہوں تو پھر اختیار ہے کہ پہلے کو اسم اور دوسرے کو خبر بنا دیں۔ یا اس کے برعکس کریں۔

فائدہ: افعال ناقصہ کے مشتقات (مضارع، امر، اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ) کا بھی وہی حکم ہے جو خود افعال ناقصہ کا ہے۔

قاعدہ: جو احکام واقسام فاعل کے ہیں وہ افعال ناقصہ کے اسم کے بھی ہوں گے، کیونکہ وہ فاعل کے حکم میں ہوتا ہے اور جو اقسام واحکام مبتداء کی خبر کے ہیں وہ افعال ناقصہ کی خبر کے بھی ہوں گے، کیونکہ وہ اس کے حکم میں ہوتی ہے سوائے اس کے کہ ان کی خبر پر مفعول بہ کے مشابہ ہونے کی وجہ سے نصب واجب ہے۔[1]

قاعدہ: "كَانَ" کی خبر دو صورتوں میں فعل ماضی آتی ہے: ۱) جب خبر کے شروع میں "قَدْ" ہو، جیسے: "كَانَ زَيْدٌ قَدْ جَلَسْ". ۲) جب "كَانَ" سے پہلے حرف شرط ہو، جیسے: "وَإِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصَّادِقِينَ."

قاعدہ: بعض اوقات "كَانَ" اور اس کے اسم کو حذف کیا جاتا ہے اور صرف اس کی خبر کو باقی رکھا جاتا ہے اور یہ اکثر "إِنْ" شرطیہ اور "لَوْ" شرطیہ کے ہوتا ہے، جیسے: "إِنْ سِرْ مُسْرِعاً، إِنْ رَاكِباً، وإِنْ مَاشِياً. النَّاسُ مَجزِيُّونَ بأَعْمَالِهِمْ، إِنْ خَيْراً فَخَيْرٌ، وإِنْ شَرّاً فَشَرٌّ. التَمِسْ وَلَوْ خَاتِماً مِنْ حَدِيْدٍ. الإطعامَ ولو تمراً".[2]

قاعدہ: بعض اوقات "كَانَ" بمع اسم وخبر حذف کیا جاتا ہے اور اس کے عوض کچھ بھی نہیں لایا جاتا، جیسے: "لَا تُعَاشِرْ فُلَاناً، فَإِنَّهُ فَاسِدُ الْأَخْلَاقِ. فَيَقُوْلُ الْجَاهِلُ: أَنِّي أُعَاشِرُهُ وإِنْ، أيْ وإِنْ كَانَ فَاسِدَهَا."[3]

قاعدہ: کبھی "كَانَ" سے تخفیفاً "نون" کو حذف کیا جاتا ہے، لیکن اس کے لیے چار شرطیں ہیں: ۱) فعل مضارع ہو، ۲) مجزوم ہو، ۳) اس کے بعد ساکن نہ ہو۔ ۴) اس کے بعد ضمیر متصل ہو، جیسے: "وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا." (مریم:۲۰)، "لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ." (المدثر:۴۳)، "ذَلِكَ بِأَنَّ الله لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِعْمَةً." (الانفال:۵۳) اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ اگر اس کے بعد ساکن ہو تو اس کے نون کو تخفیفاً حذف کیا جاتا ہے، جیسے ایک قراءت شاذۃ میں سورۃ البینہ کی پہلی آیت "لم يَكُ الذينَ كَفَرُوْا" منقول ہے۔[4]

قاعدہ: افعال ناقصہ میں سے "لَيْسَ" اور "كَانَ" کی خبر پر "باء" زائدہ داخل ہوتی ہے، لیکن "كَانَ" کے لیے شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو، جیسے: "أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ." (التین:۸) اور اسی طرح یہ مثال ہے: "مَا كُنْتُ

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۷۷، المنہاج الکامل: ۲۶۹۔
[2] جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۸۱۔
[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۸۳۔
[4] جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۸۴۔

بحاضِرٍ.لَا تَكُنْ بغَائبٍ"،البتہ"کان"کے خبر پر"باء"کا داخل ہونا قلیل ہے اور"لَيْسَ"کے خبر پر"باء"کا دخول کثیر اور شائع ہے۔[1]

قاعدہ: اگر"کَانَ"ان افعال"أَصْبَحَ، أَمْسَى، ظَلَّ، بَاتَ"کے معنی میں ہو تو اس کی خبر ماضی نہیں آسکتی۔[2]

فائدہ: ابو حیان اور ابو علی فارسی کے نزدیک افعال ناقصہ کا مجھول نہیں آتا، جب کہ جمہور کے نزدیک ان کا مجھول آتا ہے، بشرطیکہ کلام میں ان کے بعد ظرف اور جار مجرور واقع ہوں تاکہ نائب فاعل بن سکے۔[3]

قاعدہ: "كَانَ"جب فعل مضارع پر داخل ہو تو ماضی کے استمرار کا فائدہ دیتا ہے اور اگر اس سے پہلے"قَدْ"ہو تو ماضی کے بعید ہونے کا فائدہ دیتا ہے۔[4]

قاعدہ: افعال ناقصہ کے اسم میں اصل یہ ہے کہ فعل کیساتھ متصل ہو، یعنی ان کے اسم کو پہلے اور ان کی خبر کو بعد میں ذکر کیا جائے، لیکن کبھی خبر کو مقدم اور اسم کو مؤخر بھی کیا جاتا ہے، جیسے:"وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ."(الروم:۴۷)[5]

قاعدہ: افعال مقاربہ افعال جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں، افعال ناقصہ کی طرح اسم کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب دیتے ہیں ،البتہ ان کی خبر فعل مضارع ہوتی ہے کبھی"أَنْ"کیساتھ ہوتی ہے، جیسے:"عَسٰى زَيْدٌ أَنْ يَّخْرُجَ"اور کبھی بغیر"أَنْ"کے ہوتی ہے، جیسے:"عَسٰى زَيْدٌ يَخْرُجُ"اور کبھی فعل مضارع"أَنْ"کے ساتھ"عَسٰى"کا فاعل ہوتا ہے اور خبر کی ضرورت نہیں پڑتی، جیسے:"عَسٰى أَنْ يَّخْرُجَ زَيْدٌ"یہاں فعل مضارع"أَنْ"کے ساتھ رفع کی جگہ میں ہے اور مصدر کے معنی میں ہے۔[6]

قاعدہ: "كَادَ"قرب حصولِ خبر کے لیے آتا ہے اور اس کی خبر اکثر بغیر"أَنْ"کے ہوتی ہے، جیسے:" كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا."(الجن:۱۹)۔

قاعدہ: "عَسَى"کی خبر سے کبھی"أَنْ"حذف ہوتا ہے اور"كَادَ"کی خبر کیساتھ کبھی آجاتا ہے، لیکن"عَسَى"کی خبر پر"أَنْ"لانا اور"كَادَ"کی خبر سے"أَنْ"کرنا زیادہ بہتر ہے۔[7]

قاعدہ: "كَرُبَ"اور"أَوْشَكَ"حصولِ خبر کے لیے آتے ہیں،"كَرُبَ"کی خبر بغیر"أَنْ"کے اور"أَوْشَكَ"کی خبر مع"أَنْ"

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۸۴۔
[2] بدر السعید:۳۵۶۔
[3] بدر السعید:۳۵۶۔
[4] بدر السعید:۳۵۶، جہد قصیر:۷۱۔
[5] شرح المفصل لابن یعیش:۴/۳۶۸، ہمع الھوامع:۱/۴۲۸، شرح التصریح:۱/۲۴۲، جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۷۸۔
[6] موسوعۃ النحو والصرف:۵۳۹۔
[7] موسوعۃ النحو والصرف:۵۳۹۔

کے ہوتی ہے، جیسے: ''كَرُبَ الْقَلْبُ يَذُوْبُ'' (نزدیک ہے میرے دل پگھل جائے) اور ''أَوْشَكَ زَيْدٌ أَنْ يَأْتِيْ'' (قریب ہے کہ زید آئے)۔[1]

فائدہ: افعال مقاربہ میں ''طَفِقَ، جَعَلَ، أَخَذَ'' فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں جو شروع فی الخبر کے لیے آتے ہیں، لیکن ان کی خبر پر ''أَنْ'' کا لانا منع ہے، جیسے: ''وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ.'' (الاعراف:۲۲)۔(حضرت آدم اور حضرت حواء علیہما السلام دونوں اپنے اوپر بہشت کے پتے سینے لگے) اور ایک روایت میں ہے: ''جَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَمْسَحُ رَأْسَهُ''. (رسول اللہ ﷺ ان کا یعنی حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا سر سہلانے لگے)۔ ''أَخَذْتُ أَكْتُبُ''. (میں لکھنے لگا)[2]۔

قاعدہ: یہ افعال جب تامہ ہوں تو جملہ خبریہ ہوں گے اور جب مقاربہ ہوں تو جملہ انشائیہ ہوں گے۔

فائدہ: ''كَادَ'' اور اس کے مشتقات پر حرف نفی داخل ہو جائے تو وہ نفی کا فائدہ دیتا ہے یا نہیں، اس میں تین قول ہیں: ۱) بعض نحات کہتے ہیں کہ مطلقاً نفی کا فائدہ دیتا ہے، خواہ حرف نفی ''كَادَ'' ماضی پر داخل ہو، یا اس کے دیگر مشتقات پر داخل ہو، یہی مذہب راجح ہے۔ ۲) بعض حضرات کہتے ہیں کہ مطلقاً نفی کا فائدہ نہیں دیتا، بلکہ اثبات اپنے حال پر باقی رہتا ہے۔

۳) بعض کہتے ہیں کہ ''كَادَ'' ماضی پر حرف نفی داخل ہو تو نفی کا فائدہ نہیں دیتا، لیکن مستقبل میں نفی کا فائدہ دیتا ہے۔

قاعدہ: افعال مقاربہ صرف فعل ماضی سے مستعمل ہیں، البتہ ''كَادَ، أَوْشَكَ، طَفِقَ، جَعَلَ'' فعل مضارع کی صورت میں بھی استعمال ہوتے ہیں، پھر ان میں ''كَادَ'' اور ''أَوْشَكَ'' اکثر فعل مضارع سے مستعمل ہیں، جیسے: ''يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ.'' (النور:۳۶) اور ایک حدیث میں ہے: ''يُوشِكُ أَنْ يَنزِلَ فِيكُمْ عِيسَى بنُ مريمَ حَكَماً عَدلاً.''[3]

قاعدہ: افعال مقاربہ میں سے ''عَسَى، اخْلَوْلَقَ، أَوْشَكَ'' کبھی تامہ ہوتے ہیں اور یہ اس وقت ہوں گے جب ان پر ''أَنْ'' مصدریہ داخل ہو تو جملہ بتاویل مصدر ان کے لیے فاعل ہوگا اور اس صورت میں غیر محتاج الی الخبر ہوں گے، یعنی فاعل پر تام ہو جائیں گے، جیسے: ''عَسَى أَنْ تَقُوْمَ. اخْلَوْلَقَ أَنْ تُسَافِرُوْا. أوشكَ أَنْ نَرحَلَ.'' اور اسی طرح قرآن مجید میں ہے: ''{وَعَسَى أَن تَكْرَهُواْ شَيْئاً وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسَى أَن تُحِبُّواْ شَيْئاً وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ} [البقرة: ٢١٦] . {عَسَى أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي} [الكهف: ٢٤] . {عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَاماً مَّحْمُوداً}. [الإسراء: ٧٩].''[4]

فائدہ: ''عَسَى أَنْ يَخْرُجَ زَيْدٌ'' جیسی مثالوں میں تین ترکیبیں ہو سکتی ہیں: ۱) ''عَسَى'' فعل تام اور ''أَنْ يَخْرُجَ زَيْدٌ''

---

(۱) شرح شذور الذہب:۱۸۹، موسوعۃ النحو والصرف:۴۴۷۔

(۲) کتاب النحو:۴۰۔

(۳) جامع الدروس العربیہ:۲/۲۹۰۔

(۴) جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۹۰، موسوعۃ النحو والصرف:۵۳۹۔

بتاویل مصدر فاعل ہے۔ ۲)"عَسَی"فعل تام"أَنْ يَخْرُجَ"جملہ فعلیہ خبر مقدم اور"زَيْدٌ"مبتداء مؤخر ہے، پھر جملہ اسمیہ "عَسَی"کے لیے فاعل ہوگا۔ ۳)"عَسَی"فعل مقارب،اس میں ضمیر اس کا اسم ہے اور"أَنْ يَخْرُجَ زَيْدٌ"جملہ اسمیہ خبر ہے۔

قاعدہ: "عَسَی"کیساتھ ضمیر متصل مل جائے تو یہ"لَعَلَّ"حرف مشبہ بالفعل کے معنی میں ہوتا ہے اور اس وقت یہ ناصب الاسم اور رافع الخبر ہوتا ہے، لیکن قلیل ونادر ہے۔[1]

چند حل شدہ تراکیب:

✍... "كَانَ"ناقصہ کی مثال:"كَانَ اللهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا":

"كَانَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "الله"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا، ..."عَلِيْمًا" خبرش منصوب بالفتحہ لفظا،...باز"عَلِيْمًا" صیغہ صفت مشبہ تکیہ گرفتہ بر اسم"كَانَ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم"كَانَ"... "حَكِيْمًا"خبر بعد از خبر اوست منصوب بالفتحہ لفظا،...باز"حَكِيْمًا"صیغہ صفت مشبہ تکیہ گرفتہ بر اسم"كَانَ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم"كَانَ".

✍ ..."كَانَ"تامہ کی مثال:"كَانَ اللهُ لَمْ يَكُن مَّعَهُ شَيْءٌ":

"كَانَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال تامہ... "الله"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظا ذوالحال... "لَمْ يَكُنْ مَعَه" جملہ حال اوست منصوب محلا... "لَمْ" جازمہ جحدیہ جازمۃ ا مستقبل... "يَكُنْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت... ،باز"يَكُنْ"فعل افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "مَعَه" ظرف مستقر خبر مقدم است منصوب محلا...باز"مَعَ" مفعول فیہ منصوب بالفتحہ لفظا ظرف مضاف... "هُ"ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا ...راجع بسوئے"الله"... ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ"...ویا کہ"ثَابِتاً"مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ... "شَيْءٌ" اسمش مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظا۔

✍... "كَانَ"زائدہ کی مثال:"كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا":

"كَيْفَ"اسم متضمن بمعنی"عَلى أَيِّ حَالٍ"مفعول فیہ مقدم است منصوب محلا... "عَلى"جارہ... "أَيِّ"مجرور بالکسرہ لفظا ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ"نُكَلِّمُ"است...، باز "أَيِّ"مضاف... "حَالٍ"مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظا... "نُكَلِّمُ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "مَنْ" موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش مفعول بہ اوست منصوب محلا ..."كَانَ"زائدہ ..."فِي الْمَهْدِ"ظرف مستقر صلہ یا صفت اوست ..."فِي"جارہ... "الْمَهْدِ"مجرور بالکسرہ لفظا ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"ثَبَتَ" ویا کہ"ثَابِتٌ"مقدر است الخ... راجع بسوئے موصول ذوالحال..."صَبِيًّا"حال است منصوب بالفتحہ لفظا۔

✍ ..."أَصْبَحَ"تامہ کی مثال:"أَصْبَحَ زَيْدٌ أَيْ دَخَلَ فِي الصَّبَاحِ":

---

[1] جامع الدروس العربیہ:۲۹۱/۲۔

"أَصْبَحَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال تامہ... "زَيْدٌ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا..."أَيْ"حرف تفسیر..."دَخَلَ فِي الصَّبَاحِ" مفسِّراوست..."أَصْبَحَ زَيْدٌ"مفسَّراوست..."دَخَلَ"صیغہ فعل ماضی معلوم..."زَيْدٌ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا... "فِيْ"جارہ..."الصَّبَاحِ" مجرور بالکسرہ لفظًاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"دَخَلَ" است۔

✍ ..."مَا انْفَكَّ" کی مثال:"مَا انْفَكَّ زَيْدٌ جَالِسًا":

"مَا انْفَكَّ"فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد..."مَا"نافیہ غیر عاملہ برائے استمرار و ثبوت ..."زَيْدٌ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظًا..."جَالِسًا"خبر اوست منصوب بالفتحہ لفظا...باز"جَالِسًا"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم"مَا انْفَكَّ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم"مَا انْفَكَّ".

✍ ..."لَيْسَ" کی مثال:"أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ":

"أَ"ہمزہ استفہامیہ..."لَيْسَ اللهُ الخ"جملہ مستفہمہ است..."لَيْسَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "اللهُ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا..."بِأَحْكَمِ"خبر اوست منصوب محلا ... "ب"زائدہ جارہ... "أَحْكَمِ" مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا...جار مجرور مستغنی از متعلق است... باز"أَحْكَمِ"صیغہ اسم تفضیل تکیہ گرفتہ بر اسم "لَيْسَ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم"لَيْسَ" ...باز"أَحْكَمِ"مضاف ... "الْحَاكِمِينَ"مضاف الیہ اوست مجرور بالیا لفظا...، باز"ال" بمعنی "الَّذِيْنَ" اسم موصول ..."حَاكِمِيْنَ"صلہ اوست... باز "حَاكِمِيْنَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ گرفتہ بر اسم موصول یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول۔

✍ ..."مَادَامَ" کی مثال:"اجْلِسْ مَادَامَ الْأَمِيْرُ جَالِسًا":

"اجْلِسْ"صیغہ فعل امر حاضر معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا..."مَادَامَ الْأَمِيْرُ جَالِسًا" جملہ بتاویل مصدر بمعنی"وَقْتَ جُلُوْسِ الْأَمِيْرُ"مفعول فیہ اوست منصوب محلا..."مَا"مصدریہ حینیہ..."مَادَامَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... "الْأَمِيْرُ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا..."جَالِسًا" خبر اوست منصوب بالفتحہ لفظا...باز "جَالِسًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم"مَادَامَ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم"مَادَامَ"۔

✍ ..."كَادَ" کی مثال:" كَادَ زَيْدٌ أَنْ يَّخْرُجَ":

"كَادَ"فعل از افعال مقاربہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد..."زَيْدٌ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظا..."أَنْ يَّخْرُجَ"بتاویل مصدر خبر است منصوب محلا..."أَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... "يَخْرُجَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم"كَادَ".

✍ ..."عَسٰى"کی مثال:"عَسٰى اللهُ أَن يَّنْفَعَنَا":

"عَسٰى"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مقاربہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم خبر خویش می طلبد... لفظ"الله" اسمش مرفوع بالضمہ لفظا..."أَنْ يَنْفَعَنَا"جملہ بتاویل مصدر خبر اوست منصوب محلا..."أَنْ"مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... "يَنْفَعَ" صیغہ فعل مضارع

معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "عَسٰی"... "نَا"، ضمیر متکلم مفعول بہ اوست منصوب محلا۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں افعال ناقصہ اور افعال مقاربہ کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْماً. أَصْبَحَ زَيْدٌ ذَاكِرًا. مَاكَادُوْا يَفْعَلُوْنَ. وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ. كُوْنُوْا عِبَادَاللّٰهِ إِخْوَانًا. لَا تَكُنْ مِنَ الْقَانِطِيْنَ. كُوْنُوْا أَنْصَارَ اللّٰهِ. أَصْبَحُوْا نَادِمِيْنَ. أَمْسٰى زَيْدٌ قَارِئًا. لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ. أَصْبَحْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ. عَسٰى أَنْ يَكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ. لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا. مَا كَانُوْا أَوْلِيَائَهُ. أَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا. لَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ. ظَلَّ زَيْدٌ مُصَلِّيًا. يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا. ظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِيْنَ. لَمْ يَكُنْ لَّه كُفُوًا أَحَدٌ. طَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ. يُوْشِكُ زَيْدٌ أَنْ يَّدْخُلَ الْمَسْجِدَ. عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يَّرْحَمَكُمْ. مَا زَالَ عَمْرٌو فَاضِلًا. اجْلِسْ مَا دَامَ زَيْدٌ قَائِمًا. مَازِلْتُ قَاعِدًا. مَا انْفَكَّ غُلَامُ بَكْرٍ مُطِيْعاً. لَاتَفْتَؤُا ذَاكِرًا. أَمْسَى الْغَنِيُّ فَقِيْراً. كَادَتِ السَّفِيْنَةُ أَنْ تَغْرَق. صَارَ الْبَرْدُ قَارِسًا. كَرَبَ الشِّتَاءُ أَنْ يَنْقَضِي. أَصْبَحَ الْجَوُّ مُمْطِرًا. أَوْشَكَ الْمَالُ أَنْ يَنْفَد. أَضْحَى الْغَمَامُ كَثِيْفًا. يُوْشِكُ الْمَرِيْضُ أَنْ يَبْرَأ. ظَلَّ الْمَطَرُ غَزِيْرًا. عَسَى الضِّيْقُ أَنْ يَنْفَرِج. بَاتَ الْمَرِيْضُ مُتَأَلِّمًا. حَرَى الْغَائِبُ أَنْ يَحْضُرَ. أَضْحَى السَّجِيْنُ طَلِيْقاً. اخْلَوْلَقَ المذنبُ أَنْ يَتُوبَ. ظَلَّ الْعِنَبُ كَثِيْراً. اخْلَولَقَ الْهَوَاءُ أَنْ يَعْتَدِل. صَارَ الأَوَّلُ آخِراً. شَرَعَ الطِّفْلُ يَبْكِيْ. أَنْشَأَتِ السَّمَاءُ تُمْطِرُ. لَيْسَ الْمَيْدَانُ فَسِيْحاً. أَخَذَ الثَّوْبُ يُبْلَى.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... كُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَاناً:

"كُونوا" صیغہ فعل امر حاضر معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "واؤ" ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً... "عِبَادَ" منادی بحذف حرف نداء کہ تقدیرش "يَاعِبَادَاللّٰهِ" باشد... باز "يا" حرف ندا قائم مقام "أَدْعُوْ" ناصب منادی مضاف یا مشابہ مضاف یا نکرہ غیر معینہ... "عِبَادَ" منادی مضاف منصوب بالفتحہ مضاف... لفظ "اللّٰہ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظا... جملہ مقصود بالنداء محذوف کہ دال است بر اُو جملہ متقدمہ... "إِخْوَاناً" خبرش منصوب بالفتحہ۔

✍... لَسْتُمْ بِآخِذِيْهِ:

"لَسْتُمْ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "تُمْ" ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً

... "بِآخِذِيْهِ"خبرش منصوب محلًا... "ب"زائدہ جارہ... "آخِذِيْ"مجرور بالیاء لفظًا و منصوب محلاً...جار مجرور مستغنی از متعلق است ... "آخِذِي"مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلًا... راجع بسوئے مذکور ما قبل۔[1]

✍ ... "لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ":

"لَسْتَ "صیغہ فعل ماضی معلوم فعل ازافعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "تَ"ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً... "عَلٰی"جارہ... "هِمْ"ضمیر غائبین مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "مُصَيْطِرٍ"شبہ فعل مؤخر است ... "بِمُصَيْطِرٍ"خبرش منصوب محلا... "ب"زائدہ جارہ... "مُصَيْطِرٍ"مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب محلا...جار مجرور مستغنی از متعلق است۔[2]

✍ " عَسٰى أَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ":

"عَسٰى "صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مقاربہ تامہ... "أَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ "جملہ بتاویل مصدر فاعلش مرفوع محلاً ... "أَنْ"مصدریہ ناصبہ ناصبۃ استقبل... "يَكُنَّ"صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب محلاً...باز "يَكُنَّ"صیغہ فعل مضارع معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "ن" ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً راجع بسوئے مذکورین ما قبل ... "خَيْرًا"خبرش منصوب بالفتحہ لفظًا... "خَيْرًا" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر اسم "يَكُنَّ" خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع راجع بسوئے اسم "يَكُنَّ"... "مِنْ"جارہ... "هُنَّ"ضمیر غائبات مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... راجع بسوئے مذکورات ما قبل... ،جار مجرور متعلق بہ "خَيْرًا" شبہ فعل است۔

✍ ... "يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا:

"يَبِيتُونَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی فعل ازافعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "واوَ"،ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "لام "جارہ... "رَبِّ"مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "سُجَّدًا"شبہ فعل مؤخر است... باز "رَبِّ"مضاف... "هِمْ"ضمیر غائبین مضاف الیہ است مجرور محلا... راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "سُجَّدًا"خبرش منصوب بالفتحہ لفظًا،ب... از "سُجَّدًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم... "يَبِيتُ" خود یعمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "يَبِيتُ"...۔ ویا کہ "يَبِيْتُوْنَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی فعل ازافعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد ملغی از عمل تامہ... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً ذوالحال راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "لام "جارہ... "ربّ"مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "سُجَّدًا"شبہ فعل مؤخر است... باز "رَبِّ"مضاف... "هِمْ"ضمیر غائبین مضاف الیہ مجرور محلا... راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "سُجَّدًا"حال اوست منصوب بالفتحہ لفظًا... ،باز "سُجَّدًا" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش

[1] اعراب القرآن درویش:۱/۴۱۷.

[2] اعراب القرآن درویش:۱۰/۴۵۹.

مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال۔ [1]

✍ ...ظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ:

"ظَلَّتْ"صیغہ فعل ماضی فعل ازافعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... " أَعْنَاقُ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "هُمْ "ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "لَ"جارہ... "ها"ضمیر غائبہ مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ "خَاضِعِينَ"شبہ فعل مؤخر است...، "خَاضِعِينَ"خبرش منصوب بالیاء لفظاً،... "خَاضِعِينَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "ظَلَّتْ"خود یعمل عمل فعلہ،... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... راجع بسوئے اسم "ظَلَّتْ"۔ [2]

✍ ...لَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ:

"لَمْ"حجدیہ جازمہ جازمتہ المستقبل... "يَكُنْ"فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "لَهُ"لام جارہ... "ہ"ضمیر غائب مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... راجع بسوئے اللہ کہ منقوش است بر دلِ مؤمناں... جار مجرور متعلق بہ "كُفُوًا "شبہ فعل است... "كُفُوًا "خبر مقدم است منصوب بالفتحہ لفظاً... "أَحَدٌ"اسم مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔... ویاکہ "لَمْ"حجدیہ جازمہ جازمتہ المستقبل... "يَكُنْ"فعل مضارع معلوم الخ... "لَهُ"ظرف مستقر حال مقدم است منصوب محلاب... از "لام "جارہ... "ہ"ضمیر غائب مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... راجع بسوئے اللہ کہ منقوش است بر دلِ مؤمناں... جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتًا"مقدر است،... باز" ثَابِتًا"صیغہ اسم فاعل تکیہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... راجع ذوالحال... "كُفُوًا"خبر مقدم است منصوب بالفتحہ لفظاً ذوالحال مؤخر... "أَحَدٌ"اسم مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:وَلَمْ يَكُنْ أَحَدٌ كُفُوًا لَهُ)۔ ویاکہ "لَمْ"حجدیہ جازمہ جازمتہ المستقبل "يَكُنْ"فعل مضارع معلوم الخ... "لَهُ"ظرف مستقر خبر مقدم اوست منصوب محلا الخ... "أَحَدٌ"اسم مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً ذوالحال... "كُفُوًا "حال مقدم اوست منصوب بالفتحہ لفظاً(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:وَلَمْ يَكُنْ لَهُ أَحَدٌ كُفُوًا)۔ [3]

✍... "طَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ":

" طَفِقَا"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مقاربہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "الف"ضمیر غائبین اسمش مرفوع محلا... راجع بسوئے مذکورَین ما قبل... "يَخْصِفَانِ"جملہ خبرش منصوب محلا... "يَخْصِفَانِ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "الف"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... راجع بسوئے مذکورَین ما قبل ذوالحال... "عَلَيْهِمَا"ظرف مستقر حال اوست منصوب محلا... "عَلٰى"جارہ... "هِمَا"ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتَيْنِ"مقدر است الخ... "مِنْ"جارہ... "وَرَقِ"مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "يَخْصِفَانِ"فعل است...

---

[1] اعراب القرآن درویش:۳۹/۱،اعراب القرآن صافی:۴۰/۱۹.

[2] اعراب القرآن درویش:۵۳/۷.

[3] التبیان لابی البقاء:۱۳۰۹/۲،اعراب القرآن درویش:۶۱۷/۱۰.

"وَرَقِ "مضاف... "الْجَنَّةِ"مضاف اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔ [1]

✍... اجْلِسْ مَادَامَ زَيْدٌ قَائِماً:

"اجْلِسْ "صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... " مَادَامَ زَيْدٌ قَائِمًا"جملہ بتاویل مصدر بمعنیٰ "وَقْتَ قِيَامِ زَيْدٍ"مفعول فیہ است منصوب محلاً... باز "مَا"مصدریہ حینیہ... "دَامَ"صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعالِ ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "زَيْدٌ"اسمش مرفوع بالضمہ لفظًا... "قَائِماً"خبرش منصوب بالفتحہ لفظًا... ،باز "قَائِماً"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "مَادَامَ"خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "مَادَامَ۔

✍ ..."لَا تَفْتَؤُ ذَاكِرًا":

"لَا"نافیہ غیر عاملہ از برائے استمرار... "تَفْتَؤُ"صیغہ فعل مضارع معلوم، فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... ضمیر درو مستتر اسمش مرفوع محلا... "ذاکراً"خبرش منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "ذاکر اً"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم "لَا تَفْتَؤ "خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

---

[1] اعراب القرآن درویش: ۳/۳۲۴.

فصل یازدہم: افعال مدح وذم اور افعال تعجب

۱۔ افعال مدح وذم کی تعریف:

افعال مدح وذم وہ افعال ہیں جو انشاء مدح یا انشاء ذم کے لیے وضع کیے گئے ہیں، لہٰذا ''مَدَحْتُهُ وَذَمَّمْتُهُ'' اگرچہ مدح وذم پر دلالت کرتے ہیں، لیکن ان کو افعال مدح وذم نہیں کہا جاتا، کیونکہ ان میں انشاء نہیں، بلکہ خبر ہے۔

۲۔ افعال مدح وذم کا عمل:

افعال مدح وذم کا عمل یہ ہے کہ اپنے ما بعد فاعل ہونے کی بناء پر رفع دیتے ہیں اور ان افعال کے بعد ایک اور اسم ہوتا ہے جو مرفوع ہوتا ہے اور وہ افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں فاعل کے موافق ہوتا ہے وہ اسم اگر افعال مدح کے بعد ہو تو اسے مخصوص بالمدح کہتے ہیں، جیسے: ''نعمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ'' میں ''زَيْدٌ'' مخصوص بالمدح ہے اور اگر افعال ذم کے بعد ہو تو اسے مخصوص بالذم کہتے ہیں، جیسے: ''بِئْسَ الرَّجُلُ عَمْرٌو.'' لیکن ''حَبَّذَا'' میں مخصوص بالمدح کا اس کے فاعل کے موافق ہونا ضروری نہیں۔

۳۔ افعال مدح وذم کی تعداد:

افعال مدح وذم کل چار ہیں: ''۱) نِعْمَ، ۲) حَبَّذَا، ۳) بِئْسَ، ٤) سَاءَ.'' ان میں اول الذکر دونوں انشاء مدح کے لیے ہیں اور ثانی الذکر دونوں انشاء ذم کے لیے ہیں اور یہ چاروں افعال غیر متصرفہ ہیں، ماضی کے علاوہ ان سے کوئی صیغہ مستعمل نہیں، ''نِعْمَ'' اصل میں ''نَعِمَ'' تھا، پھر عین کلمہ کی متابعت میں ''ن'' کو کسرہ دیا تو ''نِعِمَ'' ہوا اور اس کے بعد تخفیف کے لیے ''عین'' کو ساکن کر دیا تو ''نِعْمَ'' ہو گیا اور اسی طرح ''بِئْسَ'' اصل میں ''بَئِسَ'' تھا، اس میں بھی یہی تعلیل ہوئی ہے اور جب کہ ''سَاءَ'' اصل میں ''سَوَءَ'' تھا، ''قال باع'' قانون سے ''واؤ'' کو ''الف'' سے بدلا دیا تو ''سَاءَ'' ہوا۔[1]

۴۔ ''نِعْمَ، بِئْسَ، سَاءَ'' کے فاعل کی صورتیں:

ان تینوں کے فاعل کی چار صورتیں ہیں:

۱) ان کا فاعل معرف باللام ہو، جیسے: ''نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ''.

۲) یا ان کا فاعل معرف باللام کی طرف مضاف ہو، جیسے: ''نِعْمَ صَاحبُ الْقَوْمِ زَيْدٌ''، اور قرآن مجید میں ہے: ''وَلنِعْمَ دارُ المتَّقِينَ} (النحل:۳۰)، {فَبِئْسَ مَثْوَى المُتكبِّرينَ}. (الزمر:۷۲).

۳) یا ان کا فاعل ایسی ضمیر مستتر ہو جس کی تمیز نکرہ منصوبہ کے ساتھ لائی گئی ہو، جیسے: ''نِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ''، ''نِعْمَ'' کا فاعل ضمیر مستتر ہے جو اس میں پوشیدہ ہے اور ''رَجُلًا'' تمیز ہونے کی بنا پر منصوب ہے، کیونکہ وہ ضمیر مبہم ہے۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۷۔

۴) یا ان کا فاعل ضمیر مستتر ہو ممیز ہو جس کی تمیز "مَا" نکرہ منصوبہ کیساتھ لائی گئی ہو، جیسے: "إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ." (البقرۃ:۲۷۱) یہاں "نِعْمَ" میں ضمیر مستتر مبہم ممیز ہے اور "مَا" بمعنی "شَيْئاً" منصوب بناء بر تمیز ہے اور پھر کبھی اس کے بعد اسم آتا ہے، جیسے: "نِعِمَّا هِيَ" اور کبھی اس کے بعد فعل آتا ہے، جیسے: "بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ." (البقرۃ:۹۰) اور کبھی کچھ بھی نہیں آتا، جیسے: " غَسَلْتُهُ غَسْلاً نِعِمَّا. دَقَقْتُهُ دَقاً نِعْمَا، أَيْ نِعْمَ الْغَسْل وَنِعمَ الدَّقْ." [۱]

۵۔ "مَا" ترکیب میں کیا واقع ہو گا؟

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر "مَا" بمعنی "شَيْئاً" کے بعد اسم آیا ہو، جیسے: "نِعِمَّا هِيَ" تو اس میں تین اقوال ہیں: ۱) "مَا معرفہ تامہ اس کے لیے فاعل بنے گا اور مابعد والا اسم اس کے لیے مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم بنے گا، یہ امام سیبویہؒ کا مذہب ہے۔ ۲) "مَا نکرہ تامہ تمیز اور ضمیر مستتر ممیز اس کے لیے فاعل اور مابعد والا اسم اس کے لیے مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم بنے گا۔ ۳) "مَا" مرکبہ ہے فعل مدح یا ذم کیساتھ، یعنی دونوں ایک کلمہ ہے اور مابعد والا اسم اس کے لیے فاعل بنے گا، مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم محذوف ہو گا۔

اور اگر اس کے بعد فعل ہو، جیسے: "{نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ}.[النساء:۵۸]، {بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهِ}. [البقرۃ :۹۰]" تو اس "مَا" میں چار اقوال ہیں: ۱) "مَا" نکرہ موصوفہ منصوب ہو کر تمیز ہے اور فعل اس کے لیے صفت اور ضمیر مستتر ممیز اس کے لیے فاعل اور مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم محذوف ہو گا، یا فعل مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم محذوف کے لیے صفت ہو گی، یہ امام اخفشؒ، زجاجؒ اور ابو علی فارسی کا مذہب ہے۔ ۲) "مَا" موصولہ معرفہ اور فعل اس کے لیے صلہ ہے، دونوں مل کر فاعل اور مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم محذوف ہے۔ ۳) "مَا" مخصوص بالمدح یا مخصوص الذم موصولہ ہے اور فاعل ضمیر مستتر ہے، یہ امام کسائیؒ کا قول ہے۔ ۴) "مَا" کافہ ہے۔ [۲]

اور اگر اس "مَا" کے بعد کچھ نہ ہو تو اس میں دو قول ہیں: ۱) "مَا" معرفہ تامہ فاعل بنے گا، جیسے: "نِعْمَ الشَّيْءُ الدَّقُ." ۲) "مَا" نکرہ تامہ تمیز اور ضمیر مستتر ممیز اس کے لیے فاعل ہے، جیسے: "نِعْمَ الشَّيْءُ الدَّقُ." اور مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم دونوں صورتوں میں محذوف ہو گا۔ [۳]

۶۔ "حَبَّذَا":

"حَبَّذَا" میں اصل کے اعتبار سے دو لغات ہیں: "حاء" کے ضمہ اور "حاء" کے فتحہ کیساتھ، لیکن انشاء مدح کی طرف

---

[۱] اوضح المسالک: ۲۴۶/۳، شرح التصریح: ۹۶/۲، ہمع الہوامع: ۸۶/۲، بدر السعید: ۳۶۲۔

[۲] اوضح المسالک: ۲۴۶/۳، شرح التصریح: ۹۶/۲، ہمع الہوامع: ۸۶/۲، بدر السعید: ۳۶۲۔

[۳] حاشیۃ الصبان: ۵۰/۳، بدر السعید: ۳۶۳۔

منقول ہونے کے بعد فتحہ متعین ہو گیا اور ضمہ پڑھنا درست نہیں اور یہ اصل میں "حَبُبَ" تھا، متجانسین کے قانون سے "حَبَّ" ہوا، یہ تعلیل "فاء" کلمہ کے مفتوح ہونے کی صورت میں ہے اور "فاء" کلمہ کے مضموم ہونے کی صورت میں تعلیل یوں ہو گی کہ "باء" اول کا ضمہ نقل کر کے "حاء" کو دیا اور بقانون متجانسین "باء" کو "باء" میں مدغم کیا تو "حُبَّ" ہو گیا اور یہ ہمیشہ "ذا" کیساتھ استعمال ہوتا ہے، اسی لیے جب افعال مدح میں شمار جاتا ہے تو "حَبَّذَا" کہا جاتا ہے نہ کہ "حَبَّ".[1]

"حَبَّذَا" انشاء مدح میں "نِعْمَ" کی مانند ہے اور یہ "حَبَّ" فعل ماضی اور "ذَا" اسم اشارہ سے مرکب ہے اور یہی "ذَا" ہمیشہ اس کا فاعل ہوتا ہے اور اس کے بعد مخصوص بالمدح آتا ہے، جیسے: "حَبَّذَا زَيْدٌ!" اور کبھی "حَبَّذَا" میں مخصوص بالمدح سے پہلے یا بعد میں ایک اسم نکرہ منصوبہ کی صورت میں آجاتا ہے جو اسم اشارہ سے تمیز یا حال بنتا ہے، جیسے: "حَبَّذَا رَجُلًا خَالِدٌ. حَبَّذَا رَاكِبًا خَالِدٌ." یہاں "رَجُلًا" تمیز ہے اور "رَاكِبًا" حال ہے۔

۷۔ افعال مدح وذم کی تراکیب:

افعال مدح وذم کی ترکیب میں پانچ احتمالات ہیں:

۱) مخصوص بالمدح یا ذم مبتداء مؤخر ہوں اور ما قبل جملہ خبر مقدم ہو، جیسے: "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ" میں "زَيْدٌ" مبتداء مؤخر اور "نِعْمَ الرَّجُلُ" فعل فاعل جملہ خبر مقدم ہے۔

۲) مخصوص بالمدح یا ذم بدل ہوں اور ما قبل فاعل مبدل منہ ہو، جیسے: نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ" میں "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح بدل ہے اور "الرَّجُلُ" مبدل منہ ہے، مبدل منہ بدل سے مل کر "نِعْمَ" فعل کے لیے فاعل ہوا۔

۳) مخصوص بالمدح یا ذم عطف بیان ہوں اور ما قبل فاعل مبین ہو، جیسے: "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ" میں "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح عطف بیان ہے اور "الرَّجُلُ" مبین ہے، مبین عطف بیان سے مل کر "نِعْمَ" فعل کے لیے فاعل ہوا۔

۴) مخصوص بالمدح یا ذم مبتداء محذوف "هُوَ" کے لیے خبر ہوں، جیسے: "نِعْمَ الرَّجُلُ" فعل فاعل مل کر الگ جملہ ہے اور "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء محذوف "هُوَ" کے لیے خبر الگ جملہ ہے، تقدیر عبارت یوں ہے: "نِعْمَ الرَّجُلُ هُوَ زَيْدٌ".

۵) مخصوص بالمدح یا ذم مبتداء ہوں اور ان کی خبر "مَمْدُوحٌ" یا "مَذْمُومٌ" محذوف ہو، جیسے: "نِعْمَ الرَّجُلُ" فعل فاعل مل کر الگ جملہ ہے اور "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء ہے اور اس کی خبر محذوف "مَمْدُوحٌ" ہے اور اگر مخصوص بالذم ہو تو "مَذْمُومٌ" ہو گی۔

پہلے تین احتمالات کی صورت میں ایک جملہ اور آخری دو احتمالات کی صورت میں دو جملے ہوں گے، لیکن یہ یاد رکھیں کہ

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۷۔

جب مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم فعل مدح یا فعل ذم پر مقدم ہو جائے تو اس وقت ترکیب میں صرف ایک ہی صورت جائز ہے کہ مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم مبتداء ہو گا اور مابعد خبر ہو گا۔

۸۔ فعل تعجب کی تعریف:

فعل تعجب اس فعل کو کہتے ہیں جو انشاء تعجب (کسی نادر الوقوع چیز پر حیرانی کا اظہار کرنے) کے لیے وضع کیا گیا ہو، جمہور کے نزدیک فعل تعجب کے دو صیغے (مَاأَفْعَلَهُ،أَفْعِلْ بِهِ) ہیں، تاہم بعض حضرات نے ''فَعُلَ'' کا صیغہ بھی فعل میں داخل کیا ہے، اسے فعل تعجب محدود، قیاسی اور اصطلاحی کہتے ہیں، اس کے علاوہ تعجب کے دیگر صیغے بھی ہیں جو بلاوضع تعجب تعجب پر دلالت کرتے ہیں، جیسے: ''كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللهِ''(البقرة:۲۸) اور ''سُبْحَانَ اللهَ! إِنَّ الْمُوْمِنَ لَايَنْجَسُ'' اور ''لِلّٰه دَرُّهُ'' وغیرہ۔ اسے فعل تعجب مطلق اور غیر اصطلاحی بھی کہتے ہیں[1]۔

۹۔ فعل تعجب کے لیے شرائط:

فعل تعجب کے لیے یہ سات شرائط ہیں:

۱) جس لفظ سے فعل تعجب بنایا جائے وہ فعل ثلاثی ہو، غیر ثلاثی سے فعل تعجب نہیں آتا۔

۲) وہ فعل ثلاثی ایسا نہ ہو جس سے صفت مشبہ کا صیغہ أَفْعَلُ کے وزن پر اور اس کا مؤنث ''فُعْلَاءُ'' کے وزن پر آتا ہو، جیسے: ''أَحْمَرُ،أَصْفَرُ، أَعْوَرُ'' وغیرہ۔

۳) وہ فعل متصرف ہو، جامد نہ ہو، اس لیے ''بِئْسَ،عَسَى،لَيْسَ'' وغیرہ سے فعل تعجب نہیں آتا۔

۴) وہ فعل مثبت ہو منفی نہ ہو، فعل منفی سے فعل تعجب نہیں آتا۔

۵) اس فعل کو معنائے مصدری تفاوت اور مفاضلت کو قبول کر سکے، یعنی اس فعل میں زیادتی کی صلاحیت ہو، اس لیے ''فَنَى،مَاتَ،هَلَكَ'' وغیرہ سے فعل تعجب نہیں آئے گا۔

۶) وہ فعل تام ہو، ناقص نہ ہو، اس لیے افعال ناقصہ سے فعل تعجب نہیں آتا۔

۷) وہ فعل معلوم ہو، مجہول نہ ہو، اگر صورۃً مجہول اور معنی معلوم ہو تو بھی اس سے فعل تعجب نہیں آئے گا، جیسے: ''سُلْ، سُرْ'' وغیرہ۔[2]

جب فعل تعجب کسی ایسے فعل سے بنانا ہو جس میں مذکورہ بالا تمام شرطیں نہ پائی جائیں تو ''أَشَدُّ'' یا ''أَعْظَمُ'' یا ''أَكْثَرُ'' وغیرہ اس فعل کے مصدر سے پہلے لائیں گے اور مصدر کو اس کی تمیز بنادیں گے، جیسے: ''زَيْدٌ أَشَدُّ اِحْتِرَاساً

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش: ۴/۴۱۲، النحو الوافی: ۳/۳۴۰۔

[2] جامع الدروس العربیہ: ۱/۶۵، علم التصریف للاعظمی: ۸۰۔

مِنَ المَعَاصِيْ''،''مَا أَشَدُّ احْتَرَاسُهُ''،''أَشَدُدْباحْتَرَاسِ زَيْدٍ''.[۱]

١٠۔ تراکیبِ صیغہائے فعل تعجب:

جمہور کے نزدیک فعل تعجب کے دو صیغے ہیں: ''مَا أَفْعَلَهُ''اور''أَفْعِلْ بِهِ''.

(الف): ''مَا أَفْعَلَهُ''کی ترکیب میں نحات کے تین اقوال ہیں: ''مَا''میں تو اتفاق ہے کہ یہ ''مَا''اسمیہ مبتداء ہے،البتہ اس کے بعد میں اختلاف ہے۔

۱) امام سیبویہؒ کے نزدیک ''مَا''،بمعنی ''شَیْئٌ''نکرہ مبتداء اور مابعد والا جملہ خبر ہے۔

۲) امام اخفشؒ کے نزدیک ''مَا''موصولہ ہے اور مابعد والا جملہ صلہ ہے،موصول صلہ مل کر مبتداء ہے اور خبر ''شَيْئٌ عَظِيْمٌ''محذوف ہے۔

۳) امام فراءؒ کے نزدیک ''مَا''،بمعنی ''أَيُّ شَيْئٍ'' مبتداء اور مابعد والا جملہ خبر ہے[۲]۔

(ب): ''أَفْعِلْ بِهِ''لفظا امر کا صیغہ ہے اور معنًا خبر ہے اور یہ اصل میں ماضی کا صیغہ ہے،اس صیغے کی ترکیب میں نحات کے دو قول ہیں:

۱) امام سیبویہؒ کے نزدیک ''أَحْسِنْ''صیغہ امر ماضی ''أَحْسَنَ''کے معنی میں ہو کر ''زَيْدٌ''اس کے لیے فاعل بنے گا اور ''ب''جارہ زائدہ ہے اور ہمزہ صیرورت کا ہے، معنی ہو گا۔ ''صَارَزَيْدٌذَا حُسْنٍ''.

۲) امام اخفشؒ کے نزدیک ''أَحْسِنْ'' صیغہ امر اپنے معنی میں ہے اور ضمیر اس میں فاعل ہے اور ''ب''تعدیہ کے لیے ہے اور ''زَيْد''،مفعول بہ ہے تو معنی ہو گا:''أَحْسِنْ زَيْدًا.''یہی مذہب امام فراءؒ،امام زجاجؒ،زمخشریؒ اور ابن کیسانؒ کا اختیار کردہ ہے[۳]۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: افعال مدح اور ذم وہ افعال ہیں، جو علی سبیل المبالغہ انشاء مدح وذم کے لیے وضع کیے گئے ہیں،ان میں زمانہ ملحوظ نہیں ہوتا، جس کی وجہ سے ان کا تثنیہ اور جمع نہیں آتی۔

فائدہ: مخصوص بالمدح اس کو کہتے ہیں جس کی تعریف کرنا مقصود ہو اور مخصوص بالذم اسے کہتے ہیں جس کی مذمت کرنا مقصود ہو۔

فائدہ: افعال مدح وذم غیر متصرف ہیں اور یہ اپنے جمود میں اس حد تک پہنچ چکے ہیں کہ بعض اوقات ان پر حرف جارہ بھی داخل

---

[۱] علم التصریف للاعظمی:۸۰۔

[۲] شرح الاشمونی:۲/۲۶۳،شرح المفصل لابن یعیش:۴/۴۲۰،النحو الوافی:۳/۳۴۲۔

[۳] شرح الاشمونی:۲/۲۶۶،واضح المسالک الی الفیۃ ابن مالک:۳/۲۲۷۔

ہو جاتا ہے، جیسے: "نِعْمَ السَّيْرُ عَلَى بِئْسَ الْعِيْرِ." اس لیے بعض کوفیین حضرات اور امام فراءؒ نے انہیں اسم قرار دیا ہے۔ (۱)

قاعدہ: کبھی مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم کو حذف کیا جاتا ہے، قرآن مجید میں اس کی مثالیں بکثرت موجود ہیں، جیسے: "إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ". (ص:۳۸)، "أيْ أَيُّوْبُ" اور "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ." (آل عمران:۱۷۳) "أي هُوَ".

قاعدہ: کبھی مخصوص بالمدح اور مخصوص بالذم مقدم بھی ہوتا ہے، جیسے: "زَيْدٌ نِعْمَ الرَّجُلُ."

قاعدہ: مخصوص بالمدح اور مخصوصب الذم واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث ہونے میں افعال مدح وذم کے فاعل کے مطابق ہو گا، جیسے: "نِعْمَ رَجُلاً زُهيرُ. نعْمَ رَجُلَيْنِ زُهَيرٌ وَأَخُوْهُ. نعْمَ رِجَالًا أَنْتُمْ. نِعْمَتْ فَتاةً فَاطِمَةُ. نِعْمَتْ فَتَاتَينَ فَاطِمَةُ وَسُعَادُ. نِعْمَتْ فَتَياتٍ الْمُجْتَهِدَاتُ." (۲)

قاعدہ: مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم کا معرفہ یا نکرہ مخصصہ ہونا ضروری ہے، جیسے: "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ" یا "نِعْمَ الرَّجُلُ رَجُلٌ يُحَاسِبُ نَفْسَهُ"، لہٰذا "نِعْمَ الْعَامِلُ رَجُلٌ" کہنا جائز نہیں۔

قاعدہ: بعض اوقات مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم کو فعل مدح یا فعل ذم پر مقدم کیا جاتا ہے، اس صورت میں ایک ترکیبی احتمال ہو گا کہ مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم مبتداء اور مابعد والا جملہ اس کے لیے خبر ہو گا۔

قاعدہ: اگر "حَبَّذَا" سے پہلے نفی آئے تو پھر یہ "بِئْسَ" کی طرح فعل ذم ہو گا، جیسے: "لَاحَبَّذَا" (۳).

قاعدہ: "حَبَّذَا" کا مخصوص بالمدح اور اس کی تمیز اس سے مقدم نہیں ہو سکتی، جیسے یہ کہنا جائز نہیں: "خَالِدٌ حَبَّذَا رَجُلًا. رَجُلاً حَبَّذَا خَالِدٌ." (۴)

قاعدہ: "حَبَّذَا" کے مخصوص بالمدح پر نواسخ مبتداء وخبر (افعال ناقصہ، حروف مشبہ بالفعل، افعال قلوب) وغیرہ کا داخل کرنا جائز نہیں، چنانچہ "حَبَّذَا رَجُلاً كَانَ خَالِدٌ. حَبَّذَا رَجُلاً ظَنَنْتُ سَعِيْداً." کہنا جائز نہیں۔ (۵)

قاعدہ: "حَبَّ" کا فاعل مخصوص بالمدح ہوتا ہے، جیسے: "حَبَّ زُهيرٌ رَجُلاً." اور کبھی اس پر "باء" زائدہ بھی داخل ہوتی ہے، جیسے: "حَبَّ بِه عَامِلًا." (۶)

فائدہ: جمہور کے نزدیک فعل تعجب کے دو صیغے ہیں: پہلا "مَا أَفْعَلَهُ" اور دوسرا "أَفْعِلْ بِهِ"، یہ دونوں صیغے فعل تعجب کے

---

(۱) شرح الاشمونی: ۲/۲۷۵، شرح ابن عقیل: ۳/۱۶۰۔
(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۱/۸۳۔
(۳) جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۶۔
(۴) جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۵۔
(۵) جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۶۔
(۶) جامع الدروس العربیۃ: ۱/۷۷۔

غیر متصرفہ ہیں، یعنی ان سے مضارع امر، نہی اور تثنیہ و جمع کچھ نہیں آتا، کیونکہ یہ دونوں حرف انشاء کے لیے ہونے میں مشابہ ہیں، دوسری وجہ یہ ہے کہ جب ان دونوں صیغوں کو معنی تعجب کی طرف نقل کیا گیا تو یہ بمنزلہ کہاوت وامثال کے ہو گئے اور امثال میں تصرف نہیں ہوتا، لہٰذا ان میں بھی نہیں ہو گا۔ امام سیبویہؒ کے نزدیک ''فَعُلَ'' کا وزن بھی فعل تعجب کے لیے آتا ہے، لیکن یہ قول محلِ نظر ہے اس لیے صرفیین اسے ''قِيْلَ'' صیغہ تمریض سے تعبیر کرتے ہیں۔

قاعدہ: فعل تعجب ثلاثی مجرد سے ہیں لیکن وزن ان کا باب افعال سے ہے، فعل تعجب میں پہلا صیغہ ماضی کا جبکہ دوسرا امر کا ہے ایک صیغہ خبر کا اور دوسرا انشاء کا ہے مگر معنی میں دونوں خبر ہیں۔

فائدہ: بعض حضرات نے ''فَعُلَ'' کا صیغہ بھی تعجب میں داخل کیا ہے، تاہم ان صیغوں کے علاوہ تعجب کے لیے دیگر صیغے بھی استعمال ہوتے ہیں، جو بلا وضع تعجب کے تعجب پر دلالت کرتے ہیں، مثلاً ''كَيْفَ''، جیسے ''كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا'' اور ''سُبْحَانَ اللّٰهِ'' وغیرہ۔

چند حل شدہ تراکیب:

✍... ''نِعْمَ'' کی مثال: ''نِعْمَ صَاحِبُ الرَّجُلِ زَيْدٌ'':

(جب اس کا فاعل اسم جنس معرف باللام کی طرف مضاف ہو): ''نِعْمَ'' صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از مدح رافع اسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر مبہم... ''صَاحِبُ'' مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام فاعل اوست مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... ''الرَّجُلِ'' مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... ''زَيْدٌ'' مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... ''نِعْمَ صَاحِبُ الرَّجُلِ'' جملہ خبر مقدم است مرفوع محلا۔ ویا کہ ''زَيْدٌ'' خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا برائے مبتداء محذوف کہ ''هُوَ'' باشد... ''هُوَ'' ضمیر مبتداء مرفوع محلا راجع بسوئے ''صَاحِبُ الرَّجُلِ''۔ ویا کہ ''زَيْدٌ'' مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا برائے خبر محذوف کہ ''مَمْدُوْحٌ'' باشد... ''مَمْدُوْحٌ'' صیغہ اسم مفعول تکیہ گرفتہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء. ویا کہ ''صَاحِبُ الرَّجُلِ'' مبین... ''زِيْدٌ'' مخصوص بالمدح عطف بیان اوست مرفوع بالضمہ لفظا۔

✍ ... ''نِعْمَ'' کی مثال: نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ :

(جب اس کا فاعل اسم جنس معرف باللام ہو): ''نِعْمَ'' صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع اسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر مبہم... ''الرَّجُلُ'' اسم جنس معرف باللام فاعل اوست مرفوع بالضمہ لفظًا... ''زَيْدٌ'' مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... ''نِعْمَ الرَّجُلُ'' جملہ خبر مقدم است مرفوع محلا ویا کہ ''زَيْدٌ'' مخصوص بالمدح خبر است مرفوع بالضمہ لفظًا برائے مبتداء محذوف کہ ''هُوَ'' باشد... ''هُوَ'' ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے ''الرَّجُلُ''... ویا کہ ''زَيْدٌ'' مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظا برائے خبر محذوف کہ ''مَمْدُوْحٌ'' باشد... باز ''مَمْدُوْحٌ'' صیغہ اسم مفعول تکیہ گرفتہ بر مبتداء

خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است راجع بسوئے مبتداء ویا کہ "الرَّجُلُ" مبین... "زِیْدٌ" مخصوص بالمدح عطف بیان اوست مرفوع بالضمہ لفظًا۔

... "نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ": (جب اس کا فاعل اسم ضمیر ہو):

"نِعْمَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع اسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر مبہم...، ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا ضمیر مبہم ممیز ناصب التمیز راجع بسوئے معہود فی الذہن... "رَجُلًا" تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا... "زَیْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... "نِعْمَ رَجُلًا" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلا... ویا کہ "زَیْدٌ" خبر است مرفوع بالضمہ برائے مبتداء محذوف کہ "ھُوَ" باشد... "ھُوَ" ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے ضمیر مبہم۔ ویا کہ "زَیْدٌ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا برائے خبر محذوف کہ "مَمْدُوْحٌ" باشد... باز "مَمْدُوْحٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ گرفتہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلًا راجع بسوئے مبتداء... ویا کہ ضمیر مبہم مبین... "زِیْدٌ" مخصوص بالمدح عطف بیان اوست مرفوع بالضمہ لفظًا۔

... "حَبَّذَا" کی مثال: "حَبَّذَا زَیْدٌ":

"حَبَّ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع کہ فاعل ہمیشہ "ذَا" باشد... "ذَا" اسم اشارہ فاعل اوست مرفوع محلا... "زَیْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... "حَبَّذَا" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلا... ویا کہ "زَیْدٌ" خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا برائے مبتداء محذوف کہ "ھُوَ" باشد... "ھُوَ" ضمیر مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم اشارہ... ویا کہ "زَیْدٌ" مبتداء است برائے خبر محذوف کہ "مَمْدُوْحٌ" باشد مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "مَمْدُوْحٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... ویا کہ "ذَا" اسم اشارہ مبین... "زَیْدٌ" عطف بیان اوست مرفوع بالضمہ لفظًا۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں افعال مدح وذم اور افعال تعجب کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

نِعْمَ الْعَبْدُ أَیُّوْبُ. نِعْمَتِ الصَّلَاۃُ ھذِہ. بِئْسَ الْمِھَادُ جَھَنَّمُ. أَبْصِرْبِهِ وَأَسْمِعْ. مَا أَصْبَرَھُمْ عَلَی النَّارِ. مَا أَحْسَنَ الدِّیْنُ وَالدُّنْیَا إِذَااجْتَمَعَا. سَاءَ الرَّجُلُ تَارِكُ الصَّلَاۃِ. بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَغَا. بِئْسَتِ الْمَرْأَۃُ نَاشِزَۃُ الزَّوْجِ. حَبَّذَا زَیْدٌ رَّاکِبًا. مَاأَحْلَمَ زَیْدًا. مَاأَقْنَعَ عَمْرًوا. نِعْمَ الْعَابِدُ زَیْدٌ. نِعْمَتِ الشَّابَۃُ ھِنْدٌ. بِئْسَ الْعَالِمُ غَیْرُ عَامِلٍ عَلیٰ عِلْمِهِ. أَعْذِبْ بِمَاءِ النَّیْلِ. بِئْسَ مَثْوَی الْمُتَکَبِّرِیْنَ. نِعْمَ الْمَاھِدُوْنَ. سَاءَتِ الْمَرْأَۃُ حَرِیْصَۃُ الْمَالِ. نِعْمَتْ أُمُّ الْمُؤمِنِیْنَ عَائِشَۃُ. مَا أَحْسَنَ الیَوْمَ زَیْداً. حَبَّذا سَعِیدٌ رَجلاً. مَا أَوْسَعَ الأملَ! لَاحَبَّذَا جُلَسَاءُ السَّوْءِ. نِعْمَ رَجُلاً حَمِیدٌ. سَاءَ رَجُلاً حَامِدٌ. حَبَّذا رَاکِباً جَعْفَرٌ. بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ. بِئْسَ غُلامُ الرَّجُلِ زَیْدٌ. لَا حَبَّذا یَوْمٌ لَا

تَعْمَلُ فِيْهِ خَيْراً. بِئْسَ رَجُلاً زَيْدٌ. سَاءَ الرَّجُلُ حامدٌ. أَقْبِحْ بالْبُخْلِ! سَاءَ غُلامُ الرَّجُلِ حَامِدٌ. مَا أَشَدُّ أَنْ يَصْبِرَ الْجَمَلُ! نِعْمَ الْفَاتِحُ عَمْرٌو. حَبَّذا الْقَنَاعَةُ مَعَ الْجِدِّ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

... "نِعْمَتِ الصَّلَاةُ هذِهِ":

"نِعْمَتِ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع الاسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر مبہم... "الصَّلَاةُ" اسم جنس معرف باللام فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا... "هٰذِهِ" اسم اشارہ مخصوص بالمدح مبتدا مؤخر است مرفوع محلا... "نِعْمَتِ الصَّلَاةُ" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلاً... ویا کہ "هٰذِهِ" اسم اشارہ مخصوص بالمدح خبرش مرفوع محلاً برائے مبتدا محذوف کہ "هِيَ" باشد... باز "هِيَ" ضمیر غائبہ مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے "الصَّلَاةُ"... ویا کہ "هٰذِهِ" اسم اشارہ مخصوص بالمدح مبتداء است مرفوع محلا برائے خبر محذوف کہ "مَمْدُوْحَةٌ" باشد... باز "مَمْدُوْحَةٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتدا خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... ویا کہ "الصَّلَاةُ" مبین... "هٰذِهِ" اسم اشارہ مخصوص بالمدح عطف بیان است مرفوع محلاً۔

... أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ:

"أَبْصِرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم بمعنی "أَبْصَرَ"... "أَبْصَرَ" صیغہ ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... "ب" زائدہ جارہ... "ہ" ضمیر غائب فاعلش (عند سیبویہ) مجرور و مرفوع محلاً... راجع بسوئے فلاں... جار مجرور مستغنی از متعلق است... "واؤ" عاطفہ... "أَسْمِعْ" معطوف... "أَبْصِرْ" معطوف الیہ است۔

... "مَا أَحْسَنَ الدِّيْنَ وَالدُّنْيَا إِذَا اجْتَمَعَا":

۱)۔ "مَا" استفہامیہ بمعنی "أَيُّ شَيْءٍ" (عند الامام فراء) ... "أَيُّ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... "شَيْءٍ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظًا... "أَحْسَنَ الدِّيْنَ وَالدُّنْيَا" جملہ خبرش مرفوع محلا... "أَحْسَنَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش محلا راجع بسوئے مبتداء... "الدِّيْنَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا... "واؤ" عاطفہ... "الدُّنْيَا" معطوف... "الدِّيْنَ" معطوف علیہ۔

۲)۔ "مَا" بمعنی "شَيْءٌ" (عند سیبویہ)، "شَيْءٌ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا... "أَحْسَنَ الدِّيْنَ وَالدُّنْيَا" جملہ خبرش مرفوع محلا... "أَحْسَنَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش محلا راجع بسوئے مبتداء... "الدِّيْنَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظاً... "واؤ" عاطفہ... "الدُّنْيَا" معطوف... "الدِّيْنَ" معطوف علیہ۔

۳)۔ "مَا" موصولہ بمع صلہ خویش مبتداء است مرفوع محلا... باز "مَا" موصولہ... "أَحْسَنَ الدِّيْنُ وَالدُّنْيَا" جملہ صلہ است... باز "أَحْسَنَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش محلا راجع بسوئے مبتداء... "الدِّيْنَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا... "واؤ" عاطفہ... "الدُّنْيَا" معطوف... "الدِّيْنَ" معطوف علیہ۔ برائے خبر محذوف کہ "شَيْءٌ عَظِيْمٌ" باشد... "شَيْءٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا موصوف... "عَظِيْمٌ" صفت اوست مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "عَظِيْمٌ" صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف

خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف... "إِذَا "اسم ظرف متضمن بمعنیٰ حرف شرط مفعول فیہ مقدم است منصوب محلاً... "اجْتَمَعَا" جملہ شرطش مجزوم محلاً... "اجْتَمَعَا" صیغہ فعل ماضی معلوم "الف"... ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے "الدِّيْنُ وَالدُّنْيَا"... جزاء محذوف کہ دال است بر اُو جملہ متقد مہ۔

✍... "حَبَّذَا زَيْدٌ رَّاكِبًا":

"حَبَّذَا" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع کہ فاعل او ہمیشہ "ذا" باشد... "ذا" اسم اشارہ فاعلش مرفوع محلاً... "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظاً ذوالحال... "رَاكِبًا" صیغہ حال است منصوب بالفتحہ لف لفظاً... باز "رَاكِبًا" اسم فاعل تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ذو الحال... "حَبَّذَا" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلاً... ویا کہ "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح خبر است مرفوع بالضمہ لفظاً ذوالحال برائے مبتداء محذوف کہ "ھو "باشد... "ھُوَ" ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلاً راجع بسوئے "ذَا" اسم اشارہ... ویا کہ "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً ذوالحال برائے خبر محذوف کہ "مَمْدُوْحٌ" باشد... باز "مَمْدُوْحٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتدا خود یعمل عملہ فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلاً راجع بسوئے مبتداء... "رَاكِبًا" حال است منصوب بالفتحہ لفظاً... باز "رَاكِبًا" اسم فاعل تکیہ کردہ بر ذو الحال خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال... ویا کہ "ذَا" اسم اشارہ مبین... "زَيْدٌ" مخصوص بالمدح عطف بیان اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔

✍... "نِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ":

۱)۔ "نِعْمَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال مدح رافع الاسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر مبہم... "الْمَاهِدُوْنَ" اسم جنس معرف باللام فاعلش مرفوع بالواو لفظاً... "الف لام" بمعنیٰ "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "مَاهِدُوْنَ" صلہ است... باز "مَاهِدُوْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر اسم موصول خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اسم موصول... مخصوص بالمدح محذوف کہ "نَحْنُ" باشد... "نَحْنُ" مخصوص بالمدح مبتداء مؤخر است مرفوع محلا... "نِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلاً۔ ۲)۔ ویا کہ "نَحْنُ" مخصوص بالمدح خبر ش مرفوع محلاً برائے مبتداء محذوف کہ "هم" باشد ... "هم" ضمیر جمع مذکر غائبین مبتداء است مرفوع محلاً راجع بسوئے "الْمَاهِدُوْنَ"۔ ۳)۔ ویا کہ "نَحْنُ" مخصوص بالمدح مبتداء است مرفوع محلا برائے خبر محذوف کہ "مَمْدُوْحُوْنَ" باشد... باز "مَمْدُوْحُوْنَ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا۔ ۴)۔ ویا کہ "الْمَاهِدُوْنَ" مبین... "نَحْنُ" مخصوص بالمدح عطف بیان اوست مرفوع محلاً۔ [1]

✍ "بِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ":

۱)۔ "بِئْسَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ذم رافع الاسم جنس معرف باللام یا مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام یا ضمیر

---

[1] تفسیر الدر المصون:۱۰/۵۸، اعراب القرآن، درویش:۹/۳۲۰۔

مبہم... "مَثْوَی" مضاف بسوئے اسم جنس معرف باللام فاعلش مرفوع بالضمہ تقدیراًمضاف... "الْمُتَكَبِرِيْنَ" مضاف الیہ است مجرور بالیاء لفظًا... باز "الف لام" بمعنیٰ "الَّذِيْنَ" اسم موصول... "مُتَكَبِّرِيْنَ" صلہ است... باز "مُتَكَبِّرِيْنَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول... مخصوص بالذم محذوف کہ "جَهَنَّمُ" باشد... باز "جَهَنَّمُ" مخصوص بالذم مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... "بِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ" جملہ خبر مقدم است مرفوع محلاً۔ ۲)۔ ویا کہ "جَهَنَّمُ" مخصوص بالذم خبر است مرفوع بالضمہ لفظًا برائے مبتدا محذوف کہ "هِيَ" باشد... باز "هِيَ" ضمیر واحدہ مؤنث غائبہ مبتدا است مرفوع محلاً راجع بسوئے "مَثْوَی"... ۳)۔ ویا کہ "جَهَنَّمُ" مخصوص بالذم مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا برائے خبر محذوف کہ "مَذْمُوْمَةٌ" باشد... "مَذْمُوْمَةٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔ ۴)۔ ویا کہ "مَثْوَی" مبین... "جَهَنَّمُ" مخصوص بالذم عطف بیان است مرفوع بالضمہ لفظًا۔[1]

---

[1] اعراب القرآن، درویش: ۲۸۹/۵، الجدول فی اعراب القرآن: ۳۰۷/۱۴۔

باب سوم: اسماءِ عاملہ [1]

یہ باب درج ذیل چھ فصلوں پر مشتمل ہے:

---

[1] اسمائے عاملہ کی درج ذیل گیارہ قسمیں ہیں:
۱) اسماء شرطیہ، ۲) اسماء افعال بمعنی ماضی، ۳) اسماء افعال بمعنی امر حاضر معروف، ۴) اسم فاعل، ۵) اسم مفعول، ۶) صفت مشبہ، ۷) اسم تفضیل، ۸) مصدر، ۹) اسم مضاف، ۱۰) اسم تام، ۱۱) اسماء کنایہ از عدد۔

فصلِ اول: اسماءِ شرطیہ اور اسماءِ افعال کا بیان

۱۔ اسماءِ شرطیہ کی تعریف:

اسماءِ شرطیہ وہ اسماء ہیں جو "إنْ" شرطیہ کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں اور یہ "إنْ" شرطیہ کی طرح ہمیشہ دو جملوں پر داخل ہوتے ہیں، پہلے جملے کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں، انہیں اسماءِ جازمہ، اسماء متضمنہ معنی حرفِ شرط، کلماتِ شرط و جزاء اور کلم المجازات بھی کہتے ہیں۔

۲۔ اسماء شرطیہ کی تعداد:

اسمائے شرطیہ نو ہیں: "١) مَنْ ٢) مَا ٣) أَيْنَ ٤) مَتٰى ٥) أَيُّ ٦) أَنّٰى ٧) إِذْمَا ٨) حَيْثُمَا ٩) مَهْمَا."

یہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، جیسے: "مَنْ تَضْرِبْ أَضْرِبْ، مَا تَفْعَلْ أَفْعَلْ، أَيْنَ تَذْهَبْ أَذْهَبْ، مَتٰى تَقُمْ أَقُمْ، أَيُّ شَيْءٍ تَأْكُلْ اٰكُلْ، أَنّٰى تَكْتُبْ أَكْتُبْ، إِذْ مَا تُسَافِرْ أُسَافِرْ، حَيْثُمَا تَقْصُدْ أَقْصُدْ، مَهمَا تَقْعُدْ أَقْعُدْ".

۳۔ اسماءِ شرطیہ کی اقسام:

اسمائے شرطیہ کی معنی کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ اسمائے شرطیہ ہیں جو معنی ظرف کو متضمن نہ ہوں اور وہ کل تین ہیں: "مَنْ، مَا، مَهْمَا." ان میں "من" ذوالعقول کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے، اول کو شرط اور ثانی کو جزاء کہتے ہیں، جیسے: "مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ." (النساء: ۱۲۳) اور "مَا" اکثر غیر ذی العقول کے لیے آتا ہے، جیسے: "وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللهُ" (البقرۃ: ۱۹۷) اور کبھی ذوی العقول کے لیے بھی آتا ہے۔

"مَهْمَا" بھی غیر ذوی العقول کے لیے آتا ہے، اس کی اصل میں نحات کے تین اقوال ہیں: ۱) امام خلیلؒ کے نزدیک یہ اصل میں "مَامَا" تھا، پہلا "مَا" شرطیہ اور دوسرا زائدہ تھا، پھر پہلے "مَا" کے الف کو "ہاء" سے بدل دیا تو "مَهْمَا" ہو گیا۔ ۲) امام زجاجؒ کے نزدیک "مَهْمَا" مرکب ہے، "مَهْ" اسم فعل اور "مَا" شرطیہ سے اور "مَهْمَا تَفْعَلْ أَفْعَلْ" گویا سوال مقدر کا جواب ہے، کسی نے کہا: "لَا تَقْدِرْ عَلَى مَا تَفْعَلْ" (جو کام میں کروں گا تو اس پر قادر نہیں) تو جواب دینے والے نے کہا: "مَهْمَا تَفْعَلْ أَفْعَلْ، أَيْ مَهْ مَا تَفْعَلْ أَفْعَلْ!" (اپنی بات سے رک جا جو کچھ تو کرے گا میں بھی کروں گا)۔ ۳) بعض نحات کہتے ہیں کہ "مَهْمَا" مستقل کلمہ ہے، مرکب نہیں۔[۱]

"مَهْمَا" تین معانی میں استعمال ہوتا ہے: ۱) بمعنی شرط غیر ظرف غیر ذوی العقول: اس صورت میں اس کے

---

[۱] جامع الدروس العربیہ: ۱۸۷/۲۔

بعد دو جملے ہوں گے، پہلا جملہ شرط اور دوسرا جزاء۔ پھر اگر مابعد فعل مفعول بہ کا مطالبہ کر رہا ہو تو یہ مفعول بہ بنے گا، جیسے: "مَهْمَا تَفْعَلْ تُسْأَلْ عَنْهُ" اور اگر مابعد فعل لازمی ہو یا متعدی ہو، لیکن اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو یہ مبتداء بنے گا، شرط وجزاء مل کر اس کے لیے خبر ہوں گے، جیسے: "مَهْمَا يَنْزِلُ بِكَ مِنْ خَطَبٍ فَاحْتَمِلْه" اور "مَهْمَا تَفْعَلُوْهُ تَجِدُوْهُ."[1]
۲) بمعنی ظرف زمان متضمن معنی شرط: جیسے: "مَهْمَا تَذْهَبْ أَذْهَبْ" اس میں مفعول فیہ بنے گا۔ ۳) بمعنی استفہام عند البعض: لیکن نحات نے اس معنی کا انکار کیا ہے۔[2]
دوسری قسم: وہ اسمائے شرطیہ ہیں جو ظرف زمان کے معنی کو متضمن ہوں اور یہ دو ہیں: "مَتَى، إِذْمَا"، پھر "إِذْمَا" میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک یہ حرف ہے اور امام مبرد، ابن سراج وغیرہ کے نزدیک یہ اسم ہے۔
تیسری قسم: وہ اسمائے شرطیہ ہیں جو ظرف زمکان کے معنی کو متضمن ہوں اور یہ تین ہیں: "۱) این، ۲) انی، ۳) حیثما"، ان کی تفصیل اسمائے ظروف میں گذر چکی ہے۔
چوتھی قسم: وہ اسمائے شرطیہ ہیں جو مذکورہ اقسام کے درمیان متردد ہیں اور وہ صرف "أَيُّ" ہے، اس کا دارومدار مضاف الیہ پر ہے، اگر مضاف الیہ غیر ظرف ہو تو پھر یہ "أَيُّ" پہلی قسم میں شمار ہوگا اور اگر ظرف زمان ہو تو دوسری قسم میں شمار ہوگا اور اگر ظرف مکان ہو تو تیسری قسم میں شمار ہوگا۔

۴۔ اسمائے افعال:

اسمائے عاملہ کی دوسری قسم اسمائے افعال[3] بمعنی فعل ماضی ہے اور یہ تین ہیں، جیسے: "هَيْهَاتَ، شَتَّانَ، سَرْعَانَ" یہ افعال اسم کو فاعل ہونے کی بنا پر رفع دیتے ہیں، جیسے: "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ، أَيْ بَعُدَ". اور اسمائے عاملہ کی تیسری قسم اسمائے افعال بمعنی امر حاضر معلوم ہیں اور یہ چھ ہیں: "رُوَيْدَ، بَلْهَ، حَيَّهَلْ، عَلَيْكَ، دُوْنَكَ، هَا" یہ افعال اسم کو مفعول ہونے کی بناء پر نصب دیتے ہیں، جیسے: "رُوَيْدَ زَيْدًا، أَيْ أَمْهِلْهُ". اسمائے افعال کی پوری تفصیل ما قبل بیان ہو چکی ہے۔

۵۔ قواعد و فوائد

قاعدہ: اسمائے شرطیہ نو ہیں، جو "إِن" شرطیہ کے معنی کو شامل ہونے کی وجہ سے مضارع کو جزم دیتے ہیں اور ہمیشہ دو جملوں پر داخل ہوتے ہیں، پہلا جملہ شرط اور دوسرا جزاء ہوتا ہے اور ان اسماء شرط میں شرط کے معنی نہ پائے جائیں تو اس وقت یہ عمل

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۰۳/۲۔
[2] المنہاج الکامل: ۲۳۴۔
[3] اسم فعل وہ اسم غیر متمکن ہے جو فعل کے معنی، زمانہ اور عمل کو متضمن ہو، اور فعل کی علامتوں کو قبول نہ کرتا ہو۔ بالفاظِ دیگر اسم فعل وہ اسم ہے جو باعتبارِ وضع امر یا ماضی کے معنی میں ہو، انہیں اسمائے افعال اس لیے کہتے ہیں کہ یہ فعل کے معنی میں ہوتے ہیں۔

نہیں کریں گے اور فعل مضارع کو جزم نہیں دیں گے، جیسے: ”مَنْ“ جب استفہام کے لیے ہو، جیسے: ”مَنْ تَضْرِبُ“؟

قاعدہ: اسمائے شرطیہ میں ”مَنْ، مَا، أيُّ“ ترکیب میں کبھی مرفوع ہوتے ہیں، کبھی منصوب اور کبھی مجرور، جب ان کے فعل لازمی یا فعل متعدی ہو، لیکن اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو یہ مرفوع ہوتے ہیں اور اگر ان کے بعد فعل متعدی ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو یہ منصوب ہوتے ہیں اور مفعول بہ مقدم بنتے ہیں اور اگر کوئی اسم ان کی طرف مضاف ہو، یا ان پر حرف جارہ داخل ہو تو یہ مجرور ہوتے ہیں، پھر مرفوع ہونے کی صورت میں ”مَنْ“ اور ”مَا“ ہمیشہ مبتداء بنتے ہیں اور ”أيُّ“ کبھی مبتداء اور کبھی خبر بنتا ہے اور منصوب ہونے کی صورت میں ”مَنْ“ اور ”مَا“ ہمیشہ مفعول بہ بنتے ہیں اور ”أيُّ“ اپنے مضاف کے اعتبار سے مفعول بنے گا، اگر اس کا مضاف الیہ مصدر ہو تو ”أيُّ“ مفعول مطلق بنے گا، جیسے: ”أيَّ ضَرْبَةٍ تَضْرِبْ أَضْرِبْ“ اور اگر اس کا مضاف الیہ ظرف ہو تو مفعول فیہ بنے گا، جیسے: ”أيَّ يَوْمٍ تَذْهَبْ أَذْهَبْ“ اور اگر اس کا مضاف الیہ مصدر اور ظرف کے علاوہ ہو تو مفعول بہ بنے گا، جیسے: ”أيَّ شَيْءٍ تَطْلُبْ أَطْلُبْ“ اور اگر مجرور ہو تو یا مجرور باضافت ہوں گے یا مجرور بحرف الجر۔ ان تین کے علاوہ باقی اسمائے شرطیہ ترکیب میں یا منصوب ہوتے ہیں یا مجرور۔ اگر منصوب ہوں تو مابعد فعل کے لیے مفعول ہوں گے، جیسے: ”أَيْنَمَا تَذْهَبْ أَذْهَبْ، حَيْثُمَا تَقْعُدْ أَقْعُدْ“ اور اگر مجرور ہوں تو مابعد فعل کیساتھ متعلق ہوں گے، جیسے: ”مِنْ أَيْنَ تَقْرَءْ أَقْرَءْ!“ (۱)

فائدہ: جس صورت میں اسمائے شرطیہ مبتداء واقع ہوں تو عند البعض صرف شرط ان کے لیے خبر ہوگی اور عند البعض جزاء ان کے لیے خبر ہوگی اور عند البعض شرط و جزاء دونوں ان کے لیے خبر بنیں گے۔

فائدہ: ”إِذَا“ ظرفیہ محضہ ہو یا شرطیہ عند المحققین ”حَتَّى“ کی طرف یہ اپنے مابعد کی طرف مضاف نہ ہوگا۔

فائدہ: بعض حضرات کے نزدیک ”إِذَا“ شرطیہ جازم ہے اور جزاء کو جزم دیتا ہے اور اس میں جزاء عامل ہوگی، اگر ”فاء“ کے بعد جزاء واقع ہو، کیونکہ شرط ”إِذَا“ کی طرف مضاف ہوتی ہے اور مضاف الیہ اپنے مضاف ”إِذَا“ میں عمل نہیں کرسکتا۔ اور عند البعض اس میں عامل شرط ہوگا، اگرچہ ”إِذَا“ کے لیے مضاف الیہ واقع ہو، یعنی اضافت اس صورت میں عمل سے مانع نہیں ہے، بلکہ اپنے مضاف ”إِذَا“ میں بھی عمل کرے گی۔ (۲)

قاعدہ: جزاء میں ایک ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو اسمائے شرطیہ کی طرف راجع ہو تاکہ جزاء میں شرط کی طرف احتیاج ہو، اگر ضمیر مذکور نہ ہو تو مقدر نکالی جائے گی، کیونکہ اگر جزاء میں ضمیر نہ ہو تو وہ مستقل جملہ بن جائے گا اور شرط پر مرتب نہ ہوگا۔

فائدہ: شرط ہمیشہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے کیونکہ شرط میں تعلیق ہوتی ہے اور تعلیق زمانہ میں پائی جاتی ہے اور زمانہ فعل میں ہوتا ہے،

---

(۱) جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۰۳، المنہاج الکامل: ۲۳۶۔

(۲) بدر السعید: ۳۰۷۔

اس لیے شرط ہمیشہ فعل ہوتا ہے، لیکن جزاء کبھی جملہ اسمیہ ہو گا اور کبھی جملہ فعلیہ ہو گا، خواہ جزاء مذکور ہو یا محذوف ہو۔

فائدہ: جزاء پر "ف" کا داخل کرنا دس مقامات پر واجب، دو مقامات پر جائز اور دو جگہ منع ہے، جن دس مقامات پر "ف" کا داخل کرنا واجب ہے وہ یہ ہیں:۔ ا۔ جزاء جملہ اسمیہ ہو، جیسے "فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ" (سورۃ المؤمنون:۱۰۲) ۲۔ جزاء امر ہو، جیسے "يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوهَكُمْ" (سورۃ المائدۃ:۶) ۳۔ جزاء نہی ہو، جیسے "فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ" (سورۃ الممتحنہ:۱۰) ۴۔ جزاء جملہ دعائیہ ہو، جیسے "إِنْ أَكْرَمْتَنِيْ فَجَزَاكَ اللهُ خَيْراً" ۵۔ جزاء پر "قَدْ" داخل ہو، جیسے "فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ" (سورۃ ال عمران:۱۸۴) ۶۔ جزاء ماضی کا وہ صیغہ ہو، جس کے شروع میں حرف نفی ہو، جیسے: "وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ" (سورۃ المائدۃ:۶۷) ۷۔ جزاء مضارع کا وہ صیغہ ہو، جس کے شروع میں "سین" ہو، جیسے: "وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى" (سورۃ الطلاق:۶) ۸۔ جزاء مضارع کا وہ صیغہ ہو، جس کے شروع میں "سَوْفَ" ہو، جیسے: "فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي" (سورۃ الاعراف:۱۴۳) ۹۔ جزاء مؤکد بہ "لن" ناصبہ ہو، جیسے: "وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ" (سورۃ ال عمران:۸۵) ۱۰۔ جزاء فعل غیر متصرف ہو، جیسے: "مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَاالسَّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا".

اور جن دو مقامات پر شرط کی جزاء پر "ف" کا داخل کرنا جائز ہے وہ یہ ہیں:۔ ا۔ جزاء مضارع مثبت ہو۔ ۲۔ جزاء مضارع منفی ہو۔ اس کی چار صورتیں بنتی ہیں:۔ ا۔ جزاء مضارع مثبت ہو اور اس پر "ف" داخل ہو، جیسے "وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا" (سورۃ البقرۃ:۱۲۶) ۲۔ جزاء مضارع مثبت ہو اور اس پر "ف" داخل نہ ہو، جیسے: "إِنْ تَنْصُرُوا اللهَ يَنْصُرْكُمْ" (سورۃ محمد:۷) ۳۔ جزاء مضارع منفی ہو اور اس پر "ف" داخل ہو، جیسے: "وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا" (سورۃ الانعام:۱۶۰) ۴۔ جزاء مضارع منفی ہو اور اس پر "ف" داخل نہ ہو، جیسے: "وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لَا يَتَّبِعُوكُمْ" (سورۃ الاعراف:۱۹۳).

اور جن دو مقامات پر میں جزاء پر "ف" کا داخل کرنا منع ہے وہ یہ ہیں:۔ ا۔ جزاء ماضی مثبت بغیر "قَدْ" کے ہو، جیسے: "إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ" (سورۃ الاسراء:۷) ۲۔ جزاء فعل جحد بہ "لَمْ" کا صیغہ ہو، جیسے "مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِاللهَ".[1]

قاعدہ: شرط اور جزاء دونوں کا ایک نوع سے ہونا ضروری نہیں، بلکہ کبھی شرط و جزاء دونوں مضارع ہوتے ہیں، جیسے: "{وَإِنْ تَعُودُوا نَعُدْ} [الأنفال: ١٩]." اور کبھی دونوں ماضی ہوتے ہیں، جیسے: "{وَإِنْ عُدْتُمْ عُدْنَا} [الإسراء: ٨]

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۰۰۔

."اور کبھی ایک شرط ماضی اور جزاء مضارع ہوگی، جیسے:"{مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ} [الشورى: ٢٠] ."یا شرط مضارع اور جزاء ماضی ہوگی، جیسے:"{إِنْ نَشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ" أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ} [الشعراء: ٤]."[1]

فائدہ: شرط اور جزاء میں عامل کون ہیں؟ جمہور کہتے ہیں کہ شرط اور جزاء دونوں کو ادات شرط جزم دیتے ہیں اور یہی ابن عصفور کا اختیار کردہ ہے، بعض کہتے ہیں کہ شرط میں عامل جازم ادات شرط ہیں اور جزاء میں عامل شرط ہے، جیسا کہ مبتداء میں عامل ابتداء ہے اور خبر میں عامل مبتداء ہے، یہ امام اخفشؒ کی طرف منسوب ہے اور صاحب تسہیل نے اسی کو اختیار کیا ہے، بعض کہتے ہیں کہ شرط اور جزاء ایک دوسرے کو خود جزم دیتے ہیں، یہ ابن جنیؒ نے امام اخفشؒ سے نقل کیا ہے اور بعض نحات کہتے ہیں کہ ادات شرط اور شرط دونوں جزاء میں عامل جازم ہیں اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ ادات شرط، شرط کو جزم دیتے ہیں اور جزاء مجزوم بالجوار ہے۔[2]

فائدہ: اسمائے شرطیہ کو کلِم المجازات بھی کہتے ہیں، یعنی جزاء کو چاہنے والے کلمات، چونکہ یہ کلمات جزاء کو چاہتے ہیں، اس لیے انہیں کلمُ المجازات کہتے ہیں۔

چند حل شدہ تراکیب:

✍ ... "مَنْ" شرطیہ کی مثال: مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ:

"مَنْ" اسم متضمن بمعنی حرف شرط جازم تا مستقبل مبتداء است مرفوع محلا... "يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ" ہر دو خبر اوست مرفوع محلًا ... ویا کہ "يَعْمَلْ" تنہا خبر اوست مرفوع محلا... ویا کہ "يُجْزَ" تنہا خبر اوست مرفوع محلا... ویا کہ ہیچ خبر نیست برائے اُو... "يَعْمَلْ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... راجع بسوئے مبتداء... "سُوءًا" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا... ویا کہ "سُوءًا" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظًا باعتبار موصوف محذوف کہ "عَمَلًا" باشد... "يُجْزَ" صیغہ فعل مضارع مجہول جزائش مجزوم بحذف حرف علت... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء "ب" حرف جار... "ہ" ضمیر غائب مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے "سُوءًا" جار مجرور متعلق بہ "يُجْزَ" فعل است۔

✍ ... "أَيّ" شرطیہ کی مثال: أَيًّا مَا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى:

"أَيًّا" اسم متضمن بمعنی حرف شرط جازم تا مستقبل مفعول بہ مقدم است منصوب محلا... "مَا" زائدہ... "تَدْعُوا" صیغہ فعل مضارع معلوم مؤخر شرطش مجزوم بحذف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... "فا" جزائیہ... "لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى" جملہ جزائش مجزوم محلا... "لَهُ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا... "لام" جارہ... "ہُ" ضمیر غائب مجرور ومنصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے "اللہ" کہ منقوش است بر دل مومناں... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین

---

[1] شرح التصریح: ۴۰۱/۲۔
[2] شرح التصریح: ۴۰۰/۲۔

الخ... "الْأَسْمَاءُ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظا موصوف... "الْحُسْنٰى "صفت اوست مرفوع تقدیرا... باز "الْحُسْنٰى "صیغہ اسم تفضیل تکیہ گرفتہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف۔

✍ ... "مَتٰى "استفہامیہ کی مثال: "مَتٰى نَصْرُ اللهِ "

"مَتٰى "ظرف مستقر اسم متضمن بمعنی حرف استفہام خبر مقدم است مرفوع محلا ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ... "نَصْرُ "مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظا مضاف... لفظ "اللهِ "مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔

✍ ... "أَيُّ" استفہامیہ کی مثال: "أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَذِهِ إِيمَانًا":

"أَيُّ "اسم متضمن بمعنی حرف استفہام مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظا مضاف... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "زَادَتْهُ هَذِهِ إِيمَانًا "جملہ خبرش مرفوع محلا... "زَادَتْ "صیغہ فعل ماضی معلوم... "هُ" ضمیر مفعول بہ مقدم است منصوب محلا راجع بسوئے مبتداء... " هَذِهِ "فاعلش مؤخر است مرفوع محلا... "إِيمَانًا "تمیز است منصوب بالفتحہ لفظا از نسبت فعل بسوئے مفعول۔

✍... "أَنّٰى" استفہامیہ کی مثال: "أَنّٰى لَكِ هَذَا":

"أَنّٰى "اسم متضمن بمعنی حرف استفہام مفعول فیہ مقدم است منصوب محلًا... "لَكِ "ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا... "لَ" جارہ... "كِ" ضمیر خطاب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ... "هَذَا "اسم اشارہ مبتداء مؤخر است مرفوع محلا۔

✍ ... "حَيْثُمَا" شرطیہ کی مثال: "حَيْثُمَا تَجْلِسْ أَجْلِسْ":

"حَيْثُمَا" اسم ظرف متضمن بمعنی حرف شرط مفعول فیہ مقدم است منصوب محلا... "تَجْلِسْ "صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "أَجْلِسْ "صیغہ فعل مضارع معلوم جزائش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا، مفعول فیہ محذوف است کہ "فِيْهِ" باشد... "فِيْ" جارہ... "ہ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "أَجْلِسْ "فعل است۔

✍... امر کی مثال: "رُوَيْدَ زَيْداً أَيْ أَمْهِلْهُ" :

"رُوَيْدَ "اسم فعل بمعنی "أَمْهِلْ" ناصب ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "زَيْدًا "مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا... "أَيْ "حرف تفسیر... "أَمْهِلْ زَيْدًا "مُفسِّر... "رُوَيْدَ زَيْدًا "مُفسَّر اوست... "أَمْهِلْ "صیغہ امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "زَيْدًا "مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظا۔

✍ ... فعل ماضی کی مثال: "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ أَيْ بَعُدَ":

"هَيْهَاتَ "اسم فعل بمعنی "بَعُدَ "رافع... "يَوْمُ "فاعلش مرفوع بالضمہ لفظا مضاف... "الْعِيْدِ "مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا... "أَيْ" حرف تفسیر... "بَعُدَ يَوْمُ الْعِيدِ "مُفسِّر اوست... "هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيدِ "مفسَّر اوست... "بَعُدَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "يَوْمُ "فاعلش مرفوع بالضمہ لفظا مضاف... "الْعِيْدِ "مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا۔

تمرین:

درج مثالوں میں اسمائے شرطیہ اوراسمائے افعال کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ أَطَاعَ الله. مَنْ يُّؤتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا. مَاتُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ. مَنْ كَثُرَ كَلَامُهُ كَثُرَ خَطَائُهُ. مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِأَخِيْهِ وَقَعَ فِيْهَا. مَنْ أَبْصَرَ عَيْبَ نَفْسِه شَغَلَ عَنْ عَيْبِ غَيْرِهِ. مَنْ قَنَعَ شَبِعَ. مَنْ سَكَتَ سَلِمَ. مَتٰى تَعْصِ اللهَ يَسْوَدُّ قَلْبُكَ. أَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَأْتِ بِكُمُ الله. أَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ. حَيْثُمَا تَذْهَبُوْا يَعْلَمْكُمُ الله. مَهْمَا تَخْفُوْا يَحْضُرْكُمُ اللهُ. أَيْنَمَاتُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللهِ. أَنّٰى لَكِ هذَا. أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ. أَيَّ شَيْءٍ تَشْتَهِىْ. عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ. شَتَّانَ زَيْدٌوَّعَمْرٌو. حَيَّهَلِ الصَّلوٰةَ. يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ. وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللهَ شَيْئًا. فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى. من أفْشَى سِرَّ الصَّدِيقِ فَلَيْسَ بِأَمِينٍ. إن ظلمتَ فسوف تُحاسَب. من ظَلَمَ النَّاسَ فَسَوْفَ يَنْدَمُ. أَيَّانَ تَكُنْ وَفيًّا يكثُرْ مُحِبُّوك. أَيْنَ يكثرُ الظُّلْمُ يضعُفِ العُمْرَانُ. أنّٰى يكُنِ النّيلُ جارياً تُخصِبُ الأرضُ. أَيّ لَعِبٍ تلعبْ يلعبْ أخوكَ. أيَّ نَفْعٍ تنفعِ الناسَ يَحْمَدُوكَ عَلَيْهِ. كَيْفَمَا تعاملْ إخْوانَكَ يُعَامِلُوكَ. كَيْفَما يكنِ الْمُعَلِّم يكنْ تلامِيذُهُ. مَنْ يكثرْ كلامُه يكثرْ مَلامُه. مَنِ احترمَ الناسَ احْتَرَمُوه. ما تَقْرَأ يُفِدْك. كَيفَمَا يَكُنِ الْعُودُ يَكَنْ ظِلُّهُ. أيَّانَ يَكْثُر فَرَاغَ الشُّبَّانِ يَكْثُرْ فَسَادُهُمْ. هَيْهَاتَ الْأَمَلُ إِذَا لَمْ يُسْعِدُهُ الْعَمَلُ. وَيْ لِشَبَابٍ لَا يَعْمَلُ. مَنْ لَمْ يَذُدْ عَنْ حَوْضِهِ يُهَدَّم.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍...مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ:

"مَنْ" اسم متضمن بمعنیٰ حرف شرط جازمۃ ا لمستقبل مبتداء است مرفوع محلاً... "يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ" ہر دو خبر است مرفوع محلاً... ویا کہ " يُطِعِ الرَّسُولَ" تنہا خبر است مرفوع محلاً... ویا کہ " فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ" تنہا خبر اوست مرفوع محلاً... ویا کہ ہیچ خبر نیست برائے او... "يُطِعِ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرکت... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے مبتداء... "الرَّسُولَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا... "ف" جزائیہ... ما بعد جملہ جزاء است مجزوم محلاً... "قَدْ" حرف تحقیق مع التقریب... "أَطَاعَ" صیغہ فعل ماضی معلوم محقق مقرب... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع... محلا راجع بسوئے مبتداء... لفظ "اللّٰهَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ...مَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ:

"مَا" اسم متضمن بمعنی حرف شرط جازمۃ ا لمستقبل مفعول بہ مقدم است منصوب محلا... "تُنْفِقُوا" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذوف نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً ذوالحال... "مِنْ خَيْرٍ" ظرف مستقر حال است منصوب محلاً... "مِنْ" جارہ... "خَيْرٍ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ " ثَابِتًا" مقدر است...،باز "ثَابِتًا"

صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے ذوالحال ... "ف" جزائیہ مابعد جملہ جزاء است مجزوم محلاً ... "لِأَنْفُسِكُمْ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا برائے مبتدا محذوف کہ "هو" باشد ... باز "لام" جارہ ... "أَنْفُسْ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ ... باز "أَنْفُسْ" مضاف ... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مضاف الیہ است مجرور محلًا. (۱)

✍ ... مَتٰى تَعْصِ اللّٰهَ يَسْوَدُّ قَلْبُكَ:

"مَتٰى" اسم ظرف متضمن بمعنیٰ حرف شرط جازمۃ المستقبل مفعول فیہ مقدم است منصوب محلاً ... "تَعْصِ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بحذف حرف علت ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً ... لفظ "اللّٰہ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظًا ... "يَسْوَدُّ قَلْبُكَ" جملہ جزاء است مجزوم محلا ... "يَسْوَدُّ" صیغہ فعل مضارع معلوم مجزوم بحذف حرکت ... "قَلْبُ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف ... "كَ" ضمیر خطاب مضاف الیہ مجرور محلاً۔

✍ ... أَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ:

"أَيْنَمَا" اسم ظرف متضمن بمعنیٰ حرف شرط جازمۃ المستقبل مفعول فیہ مقدم است منصوب محلاً ... "تُوَلُّوا" صیغہ فعل مضارع مجہول شرطش مجزوم بحذف نون اعرابی ... "واؤ" ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاً ... "ف" جزائیہ ... "ثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ" جملہ جزاء است مجزوم محلاً ... "ثَمَّ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلاً ... ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ ... "وَجْهُ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف ... لفظ "اللّٰہ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا۔

✍ ... "أَيَّ شَيْءٍ تَشْتَهِيْ":

"أَيَّ" اسم متضمن بمعنی حرف استفہام مفعول بہ مقدم است منصوب بالفتحہ لفظاً مضاف ... "شَيْءٍ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً ... "تَشْتَهِيْ" صیغہ فعل مضارع معلوم ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

✍ ... "عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ:

"عَلَيْكَ" اسم فعل بمعنی "أَلْزِمْ" ... "أَلْزِمْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً ... "ب" جارہ ... "الصَّبْرِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "أَلْزِمْ" فعل است۔

✍ ... يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ:

"يَقُوْلُوْنَ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی ... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع راجع بسوئے مذکورین ماقبل ... "مَتٰى هُوَ" جملہ مقولہ قول است ... "مَتٰى" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلاً ... ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ ... "هُوَ" ضمیر غائب مبتداء مؤخر است مرفوع محلاً راجع بسوئے مذکور ماقبل۔

(۱) اعراب القرآن درویش: ۱/۴۲۲.

فصل دوم: اسم فاعل، اسم مفعول کا بیان

اسم فاعل کی تعریف:

اسم فاعل وہ اسم ہے جو مصدر سے مشتق ہو اور ایسی ذات پر دال ہو، جس کیساتھ فعل بطریق حدوث اور تجدد کے قائم ہو نہ کہ بطور ثبوت، جیسے: "قَائِمٌ، ضَارِبٌ" اور یہ فعل معروف والا عمل کرتا ہے، اگر فعل لازمی ہو تو اسم فاعل صرف فاعل کو رفع دے گا، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ أَبُوْهُ" اور اگر متعدی ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دے گا، جیسے: "زَيْدٌ ضَارِبٌ أَبُوْهُ عَمْرًا".

اسم فاعل کے عمل کے لیے شرائط:

اسم فاعل مجرد عن اللام ہو گا یا مقرون باللام، اگر مقرون باللام ہو تو بغیر کسی شرط کے مطلقاً عمل کرے گا، خواہ اس کا فاعل (مرفوع) اسم ظاہر ہو یا ضمیر ہو اور منصوب بھی عام ہے خواہ مفاعیل خمسہ میں سے ہو، یا حال ہو، یا تمیز ہو، یا مستثنیٰ ہو، یعنی جتنے معمولات میں فعل عمل کرتا ہے ان تمام معمولات میں اسم فاعل بھی عمل کرے گا اور اسم فاعل مجرد عن اللام ہو تو اسم فاعل اسم ظاہر اور مفعول بہ کے علاوہ باقی معمولات میں بغیر کسی شرط کے عمل کرے گا اور ان دونوں میں تین شرطوں کیساتھ عمل کرے گا، جیسے: ۱) موصوف نہ ہو۔ ۲) مصغر نہ ہو۔ ۳) ان چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر اعتماد اور تکیہ لگایا ہوا ہو[1]:

۱) مبتداء پر، یعنی وہ مبتداء کی خبر ہو، جیسے: "زَيْدٌ قَائِمٌ أَبُوْهُ." اور "زَيْدٌ ضَارِبٌ أَبُوْهُ عَمْرًا"، پہلی مثال فعل لازمی کی ہے کہ یہ فاعل کو رفع دے رہا ہے اور دوسری فعل متعدی کی ہے جس نے فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیا ہے۔

۲) موصوف پر، یعنی اسم فاعل اس کی صفت واقع ہو، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ أَبُوْهُ بَكْرًا"۔ یہاں اسم فاعل "ضَارِبٍ" کا تکیہ موصوف "رَجُلٍ" پر ہے اور یہ اپنے فاعل اور مفعول بہ کو نصب دے رہا ہے۔

۳) موصول پر ہو، یعنی اسم فاعل اس کا صلہ واقع ہو، جیسے: "جَاءَنِي الْقَائِمُ أَبُوْهُ" اور "جَاءَ نِي الضَّارِبُ أَبُوْهُ عَمْرًوا"، پہلی مثال فعل لازمی کی ہے کہ یہ فاعل کو رفع دے رہا ہے اور دوسری فعل متعدی کی ہے جس نے فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیا ہے۔

۴) ذوالحال پر، یعنی اسم فاعل حال واقع ہو، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ رَاكِبًا غُلَامُهُ فَرَسًا"، اس مثال میں اسم فاعل متعدی کا تکیہ "زید" ذوالحال پر ہے اور اپنے فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیا ہے۔

۵) ہمزہ استفہام پر ہو، یعنی اسم فاعل کا تکیہ ہمزہ استفہام پر ہو، جیسے: "أَضَارِبٌ زَيْدٌ عَمْرًوا"، یہ اسم فاعل متعدی کی مثال ہے جس کا تکیہ ہمزہ استفہام پر ہے اور "زید" فاعل کو رفع اور "عَمْرًا" مفعول بہ کو نصب دیا ہے۔

---

[1] شرح التصریح: ۱۲/۲۔

۶) حرف نفی پر، یعنی اسم فاعل کا تکیہ حرف نفی پر ہو، جیسے: "مَاقَا ئِمٌ زَیْدٌ"، یہ اسم فاعل لازمی ہے جس کا اعتماد حرف نفی پر ہے اور اس نے فاعل کو رفع دیا ہے۔[۱]

مفعول بہ میں عمل کرنے کے لیے مذکورہ تین شرائط کے علاوہ ایک شرط یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اسم فاعل حال یا استقبال کے معنی میں ہو[۲]، لیکن امام کسائیؒ فرماتے ہیں کہ اسم فاعل کے عمل کے لیے زمانہ حال اور استقبال شرط نہیں، بلکہ ان کے نزدیک زمانہ ماضی میں ہوتے ہوئے بھی اسم فاعل عمل کرتا ہے، جیسے: "وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ" (الکہف:۱۸)۔ یہاں "بَاسِطٌ" اسم فاعل ماضی کے معنی میں ہے اور اس کے باوجود "ذِرَاعَيْهِ" مفعول بہ کو نصب دیا ہے، جمہور فرماتے ہیں کہ حال کے معنی میں ہونے کی شرط عام ہے، خواہ حقیقتاً حال ہو یا حکایۃً، یہاں "بَاسِطٌ" اگرچہ حقیقتاً حال نہیں ہے، لیکن حکایۃً حال کے معنی میں ہے[۳]۔

اسم مفعول:

اسمائے عاملہ کی پانچویں قسم اسم مفعول ہے، اسم مفعول وہ اسم ہے جو فعل متعدی سے مشتق ہو۔ اور اس ذات پر دال ہو جس پر فعل واقع ہو، جیسے: "مَضْرُوْبٌ، مَنْصُوْرٌ"، اسم مفعول کے عمل کے وہی شرائط ہیں، جو اسم فاعل کے لیے ہیں، تاہم کیفیتِ عمل میں فرق ہے کہ اسم فاعل فعل معلوم والا عمل کرتا ہے اور اسم مفعول فعل مجہول والا عمل کرتا ہے، یہ فاعل کے بجائے نائب فاعل کو رفع دیتا ہے، پھر اگر متعدی بیک مفعول ہو تو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے مفعول بہ کو رفع دے گا، جیسے: "زَيْدٌ مَضْرُوْبٌ أَبُوْهُ" اور اگر متعدی بدو مفعول ہو تو مفعول اول کو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے رفع دے گا اور دوسرے مفعول کو بناء بر مفعولیت نصب دے گا، جیسے: "بَكْرٌ مَعْلُوْمٌ ابْنُهُ فَاضِلًا" اور "عَمْرٌو مُعْطًى غُلَامُهُ دَرْهَمًا" اور اگر متعدی بسہ مفعول ہو تو پہلے اسم کو نائب فاعل ہونے کی وجہ سے رفع دے گا اور ثانی و ثالث کو بناء پر مفعولیت نصب دے گا، جیسے: "خَالِدٌ مُخْبَرٌ ابْنُهُ عَمْرًوا فَاضِلًا."[۴]

اسم مفعول کی اشیاء ستہ پر اعتماد اور تکیہ لگانے کی مثالیں درج ذیل ہیں:

۱) مبتداء پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "زَيْدٌمَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ الْآنَ أَوْ غَدًا."

---

[۱] شرح التصریح:۱۲/۲۔

[۲] حال یا استقبال کے معنی میں ہونے کی شرط اس لیے لگائی ہے تاکہ فعل مضارع کیساتھ اس کی مشابہت تام ہو، کیونکہ اسم فاعل فعل مضارع کیساتھ مشابہت کی وجہ سے ہی عمل کرتا ہے چونکہ اسم فاعل کی فعل مضارع کیساتھ لفظی مشابہت تو ہوتی ہی ہے حروف کی تعداد، حرکات و سکنات میں، اب اگر اسم فاعل حال یا استقبال کے معنی میں ہو گا تو معنوی مشابہت بھی قائم ہو جائے گی، کیونکہ فعال مضارع میں بھی حال یا استقبال والا معنی پایا جاتا ہے اور اشیاء ستہ پر اعتماد کی شرط اس لیے لگائی کہ یہ فعل کی بہ نسبت کمزور ہے، اس لیے بغیر سہارے کے عمل نہیں کر سکتا۔

[۳] شرح التصریح:۱۲/۲۔

[۴] شرح التصریح:۲۲/۲۔

۲) موصول پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "اَلْمَضْرُوْبُ غُلَامُهُ زَيْدٌ".
۳) موصوف پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ".
۴) ذوالحال پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ مَضْرُوْبًا غُلَامُهُ".
۵) حرف نفی پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "مَامَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ".
۶) حرف استفہام پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: "أَمَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ".

اگر اسم مفعول میں مذکورہ شرائط نہ پائی گئیں تو یہ ملغیٰ از عمل ہو گا اور اس وقت مابعد کی طرف اس کی اضافت لازم ہو گی، جیسے: "مُؤَدِّبُ الْخَوَادِمِ" اصل میں "مُؤَدِّبٌ خَوَادِمُهُ" تھا۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: جس طرح مبتداء پر اعتماد ہوتا ہے اسی طرح حروف مشبہ بالفعل، ماولا، افعال ناقصہ کے اسم، مفعول ثانی کا مفعول اول پر اور مفعول ثالث کا مفعول ثانی پر بھی اعتماد اور تکیہ لگایا جاتا ہے، کیونکہ وہ بھی اصل میں مبتداء ہوتے ہیں۔

قاعدہ: جس طرح اسم فاعل مذکور پر اعتماد اور تکیہ لگاتا ہے تو اسی طرح مقدر پر تکیہ لگاتا ہے، جیسے: "مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ، أَيْ صِنْفٌ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ، يَاطَالِعًا جَبَلاً، أَيْ يَارَجُلًا طَالِعًا جَبَلاً."

فائدہ: اسم فاعل جب لازم ہو تو اس کی اضافت اپنے فاعل کی طرف جائز ہے جب کہ اس سے دوام واستمرار کا قصد نہ ہو، جیسے: "طَاهِرُ النَّفْسِ"، اگر اسم فاعل متعدی ہو تو پھر دیکھیں گے کہ متعدی بیک مفعول ہے یا بد مفعول، اگر متعدی بدو مفعول ہو تو اپنے فاعل کی طرف مضاف نہ ہو گا، اگر متعدی بیک مفعول ہو تو پھر اس کی فاعل کی طرف اضافت کرنے میں تین اقوال ہیں: ۱) جمہور کے نزدیک فاعل کی طرف اضافت جائز نہیں۔ ۲) بعض حضرات کے نزدیک اس کی اضافت فاعل کی طرف اس شرط کیساتھ جائز ہے جب اس کا التباس مفعول بہ کیساتھ نہ ہو، جیسے: "ضَارِبُ أَبِ زَيْدٍ". ۳) ابن عفصور کے نزدیک اسم فاعل کی اضافت اپنے فاعل کی طرف اس وقت جائز ہے جب اس کا مفعول بہ محذوف ہو۔[۱]

قاعدہ: اگر صیغہ صفت کا حرف نفی یا حرف استفہام کے بعد واقع ہو اور فاعل اسم ظاہر کو رفع دے تو اس صورت میں صیغہ صفت مبتداء کے قائم مقام ہوتا ہے اور فاعل خبر کے قائم ہوتا ہے، اس کو مبتداء کو مبتداء کی قسم ثانی کہتے ہیں۔

قاعدہ: مبتداء کی قسم ثانی ہمیشہ مسند الیہ ہوتی ہے اور مبتداء کی قسم ثانی مسند ہوتی ہے۔

قاعدہ: صیغہ صفت حرف نفی یا حرف استفہام کے بعد واقع ہو اور اس کے بعد اسم ظاہر ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں: ۱) صیغہ صفت مابعد اسم ظاہر کے موافق نہ ہو، جیسے: "مَاقَائِمُ الزَّيْدَانِ، مَاقَائِمُ الزَّيْدُوْنَ". ۲) صیغہ صفت مابعد اسم ظاہر کے

---

[۱] بدر السعید: ۳۷۵۔

مفرد ہونے میں موافق ہو، جیسے: "أَقَائِمٌ زَيْدٌ، مَاقَائِمٌ زَيْدٌ"۔ ۳)صیغہ صفت مابعد اسم ظاہر کے تثنیہ یا جمع ہونے میں موافق ہو، جیسے: "أَقَائِمَانِ الزَّيْدَانِ، مَاقَائِمُوْنَ الزَّيْدُوْنَ"۔ پہلی صورت میں صیغہ صفت کا مبتداء ہونا واجب ہے، دوسری صورت میں مبتداء بنایا جائے یا خبر مقدم بنائی جائے دونوں جائز ہیں اور تیسری صورت میں صیغہ صفت کا خبر ہونا واجب ہے۔[۱]

قاعدہ: اسم فاعل تثنیہ و جمع بھی مفرد کی طرح عمل کرتے ہیں، جیسے: "وَالذَّاكِرِينَ اللّٰهَ كَثِيرًا." (الاحزاب:۳۵)[۲]۔

قاعدہ: اسم فاعل کی اپنے فاعل کی طرف تو اضافت جائز نہیں، البتہ مفعول بہ کی طرف اضافت جائز ہے، جیسے: "هَذَا مُدَرِّسُ النَّحْوِ"، اس وقت مفعول بہ مجرور لفظاً اور منصوب معناً ہوگا، تاہم اس کے تابع پر جر اور نصب دونوں جائز ہیں، جیسے: "هَذَا مُدَرِّسُ النَّحْوِوَالصَّرْفِ أَوْالصَّرْفَ، أَنْتَ مُعِيْنُ الْعَاجِزِالْمِسْكِيْنِ أَوِالْمِسْكِيْنَ"۔[۳]

قاعدہ: اسم فاعل کے معمول کو اس پر مقدم کرنا جائز ہے، جیسے: "أَنْتَ الْخَيْرَفَاعِلٌ"، الایہ کہ اسم فاعل معرف باللام ہو، جیسے: "هَذَا الْمُكْرِمُ سَعِيْدًا"، یا مجرور بالاضافۃ ہو، جیسے: "هَذَا وَلَدُمُكْرِمٍ خَالِداً"، یا مجرور بحرف الجر ہو، جیسے: "أَحْسَنْتَ إِلَى مُكْرِمٍ عَلِيًّا" تو ان صورتوں میں تقدیم جائز نہیں۔

فائدہ: اسم مبالغۃ بھی اسم فاعل کے حکم میں ہے جن شرائط کیساتھ جو عمل اسم فاعل کرتا ہے انہی شرائط کیساتھ وہی عمل اسم مبالغہ بھی کرتا ہے، کیونکہ اسم مبالغہ میں فعل مضارع کیساتھ مشابہت لفظی ہو زائل ہوجاتی ہے، لیکن معنی کی زیادتی اس کے قائم مقام ہوتی ہے۔

فائدہ: اسم فاعل اور فاعل میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل اس اسم کو کہتے ہیں جو فعل مصدر سے اس ذات کے لیے مشتق ہو جس کیساتھ یہ فعل بطریق حدوث و تجدد قائم ہو اور فاعل وہ اسم ہے جس کیساتھ فعل قائم ہو، خواہ صادر ہو یا نہ ہو اور یہ محض ذات و تشخص پر دلالت کرتا ہے۔[۴]

چند حل شدہ تراکیب:

✍ ...اسم فاعل کی مثال: "زَيْدٌضَارِبٌ أَبُوْهُ عَمْرًوا":

"زَيْدٌ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا... "ضَارِبٌ" خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "ضَارِبٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... "أَبُوْ" فاعل اوست مرفوع بالواو لفظًا مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا ...راجع بسوئے مبتداء... "عَمْرواً" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا۔

---

[۱] المنہاج الکامل:۳۰۵۔
[۲] جامع الدروس العربیۃ:۲۸۱/۳۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ:۲۸۱/۳۔
[۴] ایضاح:۱۳۰، ارشاد الصرف:۲۴.

✍ ...اسم مفعول کی مثال: "زَيْدٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ":

"زَيْدٌ" مبتداء است مرفوع بالضمه لفظًا... "مَضْرُوْبٌ" خبر اوست مرفوع بالضمه لفظًا... باز "مَضْرُوْبٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... "غُلَامُ" مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... "ہٗ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے مبتداء۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے عاملہ اسم فاعل اور اسم مفعول کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ. إِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً. إِنَّ هٰؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَاهمْ فِيْه وَبَاطِلٌ مَاكَانُوْا يَعْمَلُوْنَ. كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ. رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا. إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا. مَا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ. أَنَّ اللّٰهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِينَ. يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ. إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ طِينٍ. خَيْرُ الْأَغْنِيَاءِ مُنْفِقٌ مَالَه فِيْ سَبِيْلِ اللّٰه. جَاءَ نِيْ عَمْرٌو مُعْطِيًا غُلَامَهُ دِرْهَمًا. عَمْرٌو عَالِمَةٌ إِبْنَتُهُ. زَيْدٌ جَائِعٌ بَطْنُهُ وَعَمْرٌو عَارٍ بَدَنُه مِنَ الثَّوْبِ. أَبُوْكَ مُغَطًّى رَأْسُهُ. عَمْرٌو مُطَهِّرٌ ثَوْبَهُ. الْعِلْمُ مَعْرُوْفَةٌ فَوَائِدُهُ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ... كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ:

"كَلْبُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف... "هُمْ" ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... راجع بسوئے مذکورین ماقبل... "بَاسِطٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "بَاسِطٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء... "ذِرَاعَيْ" مفعول بہ است منصوب بالیا لفظًا مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ مجرور محلا راجع بسوئے مبتداء... "ب" جارہ... "الوَصِيْدِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "بَاسِطٌ" شبہ فعل است۔

✍ ...إِنَّ هٰؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ:

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "هَؤُلَاءِ" اسم اشارہ اسمش منصوب محلاً... "مُتَبَّرٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز "مُتَبَّرٌ" صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... "مَا" موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاً... باز ما موصولہ یا موصوفہ... "هُمْ فِيهِ" جملہ صلہ یا صفت اوست... "هُمْ" ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... "فِيهِ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "فِي" جارہ... "ہِ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے اسم موصول... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... ویا کہ "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "هَؤُلَاءِ" اسم اشارہ اسمش منصوب محلاً... "مُتَبَّرٌ مَا" جملہ خبرش منصوب محلاً... باز "مُتَبَّرٌ" خبر مقدم اوست مرفوع محلاً... "مَا" موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ یا صفت خویش

مبتداء مؤخر اوست مرفوع محلا... باز "مَا" موصوله یا موصوفه... "هُمْ فِيهِ" جمله صله یا صفت اوست... "هُمْ" ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... "فِيهِ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "فِي" جاره... "هِ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول به غیر صریح... راجع بسوئے اسم موصول...، جار مجرور متعلق به "ثَبَتَ" ویا که "ثَابِتٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... "واوٗ" عاطفه... "بَاطِلٌ" معطوف... "مُتَبَّرٌ" معطوف الیه اوست... باز "بَاطِلٌ" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتدا خود یعمل عمل فعله... "مَا" موصوله یا موصوفه بمع صفت صله خویش فاعل اوست مرفوع... محلاً راجع بسوئے اسم "إِنَّ"... باز "مَا" ما موصوله یا موصوفه... "كَانُوا يَعْمَلُونَ" جمله صله یا صفت است... "كَانُوا" صیغه فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصه رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "واؤ" ضمیر بارز اسمش مرفوع محلاً راجع بسوئے مذکورین ماقبل... "يَعْمَلُونَ" جمله خبرش منصوب محلاً... باز "يَعْمَلُونَ" صیغه فعل مضارع مرفوع باثبات نون اعرابی... "واؤ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے اسم "كَان"... عائد محذوف که تقدیرش "إِيّاهُ" باشد... "إِيَّاهُ" منصوب منفصل مفعول به است منصوب راجع بسوئے ما موصوله... ویا که "واؤ" عاطفه... "بَاطِلٌ مَا الخ" جمله معطوف... "مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ" جمله معطوف الیه اوست... باز "بَاطِلٌ" خبر مقدم است مرفوع بالضمه لفظًا... "مَا" موصوله یا موصوفه بمع صفت صله خویش مبتداء مؤخر است مرفوع محلا... باز "مَا" موصوله یا موصوفه... "كَانُوا يَعْمَلُونَ" جمله صله یا صفت اوست الخ...[1]

✍ ... "جَاءَنِيْ عَمْرٌو مُعْطِيًا غُلَامَهُ دِرْهَمًا":

"جَاءَ" صیغه فعل ماضی معلوم... "ن" وقایه... "ی" ضمیر متکلم مفعول به مقدّم اوست منصوب محلا... "عَمْرٌو" فاعل مؤخر اوست مرفوع بالضمه لفظا ذوالحال... "مُعْطِيًا" حال است منصوب بالفتحه لفظًا... باز "مُعْطِيًا" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال... "غُلَامُ" مفعول اوّل است منصوب بالفتحه لفظاً مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیه است مجرور محلا راجع بسوئے "عَمْرٌو"... "دِرْهمًا" مفعول ثانی است منصوب بالفتحه لفظًا۔

✍ ... "زَيْدٌ جَائِعٌ بَطْنُهُ وَعَمْرٌو عَارٍ بَّدَنُهُ مِنَ الثَّوْبِ":

"زيدٌ" مبتداء است مرفوع بالضمه لفظًا... "جائعٌ" خبرش مرفوع بالضمه لفظًا... باز "جَائِعٌ" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله... "بَطْنُ" فاعلش مرفوع بالضمه لفظًا مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیه اوست مجرور محلاً راجع بسوئے مبتداء... "واؤ" عاطفه... "عَمْرٌو عارٍ" جمله معطوف... "زَيْدٌ جَائِعٌ" جمله معطوف الیه اوست...، باز "عَمْرٌو" مبتداء است مرفوع بالضمه لفظًا... "عَارٍ" خبرش مرفوع بالضمه تقدیراً... باز "عَارٍ" صیغه اسم فاعل تکیه کرده بر مبتداء خود یعمل عمل فعله... "بَدَن" فاعلش مرفوع بالضمه لفظًا مضاف... "ہ" مضاف الیه مجرور محلا راجع بسوئے "عَمْرٌو"... "مِن" جاره... "الثَّوْبِ" مجرور بالکسره لفظًا و منصوب محلاً مفعول به غیر صریح،... جار مجرور متعلق به "عَارٍ" شبه فعل است۔

---

[1] الدر المصون: ۴۴۴/۵، اعراب القرآن درویش: ۴۴۶/۳.

فصل سوم: صفت مشبہ کا بیان

صفت مشبہ کی تعریف:

صفت مشبہ وہ اسم ہے، جو ایسی ذات کے لیے موضوع ہو، جس کیساتھ معنی حدوثی علی سبیل الدوام والثبوت قائم ہو، جیسے: ''كَرِيْمٌ، شَرِيْفٌ''، صفت مشبہ ہمیشہ فعل لازم والا عمل کرتا ہے، اس لیے یہ فعل لازمی سے مشتق ہوتا، فعل متعدی سے صفت مشبہ نہیں آتی، یعنی یہ فاعل کو رفع دے گی، لیکن مفعول بہ میں عمل نہیں کرے گی، بلکہ شبہ مفعول بہ میں عمل کرے گی اور اسی طرح اس کے عمل کے لیے اس کا حال یا استقبال کے معنی میں ہونا بھی شرط نہیں، کیونکہ جب یہ دوام واستمرار پر دلالت کرتی ہے تو زمانہ کی شرط لگانا لغو ہے، کیونکہ بلا اشتراط بھی حال واستقبال کے معنی پیدا ہو رہے ہیں۔

اور باقی اس کی فاعل اسم ظاہر اور شبہ مفعول میں عمل کرنے کے لیے یہ چار شرطیں ہیں:

پہلی شرط یہ ہے کہ اسم موصول کے علاوہ باقی پانچ چیزوں پر تکیہ لگایا ہو، کیونکہ الف لام بمعنی ''الَّذِيْ'' اسم فاعل اور اسم مفعول کیساتھ خاص ہے اور اس کا الف لام اسم موصول والا نہیں ہوتا۔ صفت مشبہ کی اشیاء خمسہ پر اعتماد اور تکیہ لگانے کی مثالیں یہ ہیں:

۱) مبتداء پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: ''زَيْدٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ''.
۲) موصوف پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: ''جَاءَنِيْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ''.
۳) ذوالحال پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: ''جَاءَنِيْ زَيْدٌ حَسَناً غُلَامُه''.
۴) حرف نفی پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: ''مَا حَسَنٌ غُلَامُهُ''.
۵) حرف استفہام پر تکیہ لگانے کی مثال، جیسے: ''أَحَسَنٌ غُلَامُهُ؟''

دوسری شرط یہ ہے کہ مصغر نہ ہو، تیسری شرط یہ ہے کہ موصوف نہ ہو اور چوتھی شرط یہ ہے کہ مضمر نہ ہو، مضمر کا معنی یہ ہے کہ صفت مشبہ کی طرف راجع ہونے والی ضمیر نہ ہو، اگر یہ چار شرطیں موجود ہوں تو صفت مشبہ عمل کرے گی، ورنہ عمل نہیں کرے گی[1]۔

صفت مشبہ کی استعمال کی اٹھارہ صورتیں:

صفت مشبہ کی استعمال کے اعتبار سے اٹھارہ صورتیں ہیں جن میں بعض عمدہ ہیں انہیں احسن کہا جاتا ہے، بعض اس سے کم درجہ کی ہیں انہیں حسن کہا جاتا ہے، بعض مختلف فیہ ہیں اور بعض صورتیں قبیح ہیں اور بعض ناجائز ہیں۔ ان صورتیں کی تفصیل یہ ہے کہ صفت مشبہ معرف باللام ہوگا یا غیر معرف باللام، دونوں میں سے ہر ایک کے معمول کی تین تین صورتیں

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۸۲/۳۔

ہیں:۱)دونوں میں سے ہر ایک کا معمول معرف باللام ہو گا۔ ۲)یا مضاف ہو گا۔ ۳)یا دونوں سے خالی ہو گا، تو یہ کل چھ صورتیں بنتی ہیں، پھر ان چھ صورتوں میں سے ہر ایک میں تین تین احتمالات ہیں:۱)صفت مشبہ کا معمول فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہو گا۔ ۲)یا شبہ مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہو گا،اگر معمول معرفہ ہو اور اگر معمول نکرہ ہو تو بناء بر تمیز منصوب ہو گا۔ ۳)یا بناء پر اضافت مجرور ہو گا، تو یہ کل اٹھارہ صورتیں ہوئیں[1]،ان کی تفصیل یہ ہے:

حالتِ معمول		حالت رفعی بناء بر فاعلیت	حکم	حالت نصبی بناء بر شبہ مفعول بہ تمیز	حکم	حالت جری بناء بر اضافت	حکم
صفت مشبہ معرف باللام ہو	معمول مضاف ہو	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهُهُ	احسن	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهَهُ	حسن	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهُهُ	ممنوع
	معمول معرف باللام ہو	زَيْدٌ الْحَسَنُ الْوَجْهُهُ	قبیح	زَيْدٌ الْحَسَنُ الْوَجْهَ	احسن	زَيْدٌ الْحَسَنُ الْوَجْهِ	احسن
	معمول دونوں سے خالی ہو	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهٌ	قبیح	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهًا	احسن	زَيْدٌ الْحَسَنُ وَجْهٍ	ممنوع
صفت مشبہ غیر معرف باللام ہو	معمول مضاف ہو	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهُهُ	احسن	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهَهُ	حسن	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهِهِ	مختلف فیہ
	معمول معرف باللام ہو	زَيْدٌ حَسَنٌ الْوَجْهُ	قبیح	زَيْدٌ حَسَنٌ الْوَجْهَ	احسن	زَيْدٌ حَسَنٌ الْوَجْهِ	احسن
	معمول دونوں سے خالی ہو	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهٌ	قبیح	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهًا	احسن	زَيْدٌ حَسَنٌ وَجْهٍ	احسن

مذکورہ اٹھارہ صورتوں میں نو احسن، دو حسن، ایک مختلف یہ، چار قبیح اور دو ناجائز و ممتنع ہیں، ہر ایک کی تفصیل درج ذیل ہے:

(الف):احسن صورتیں: احسن صورتیں نو ہیں جن میں ایک ضمیر ہے خواہ صیغہ صفت میں ہے یا معمول میں وہ احسن ہیں اور احسن اس لیے ہیں کہ موصوف کیساتھ ربط دینے کے لیے ان میں ایک ضمیر موجود ہے اور ایک ضمیر کا ہونا ربط کے لیے کافی ہے۔

(ب): حسن صورتیں: حسن صورتیں دو ہیں جن میں دو ضمیریں ہیں وہ حسن ہیں، اس لیے کہ موصوف کیساتھ ربط دینے کے لیے ضمیر موجود ہے اور غیر احسن ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ربط کے لیے ایک ضمیر کی ضرورت تھی اور ان میں دو ضمیریں ہیں۔

[1] شرح التصریح:۴۶/۲۔

(ج): مختلف یہ صورت: وہ یہ ہے کہ صیغہ صفت معرف باللام نہ ہو اور معمول مضاف الی الضمیر کی طرف مضاف ہو، جیسے: ”حسن وجہہ“، اس میں بصریین اور کوفیین کا اختلاف ہے، بصریین کے نزدیک قبیح اور کوفیین کے نزدیک غیر قبیح ہے، بصریین کی دلیل یہ ہے کہ اضافت لفظیہ تخفیف کے لیے ہوتی ہے، یہاں مناسب یہ تھا کہ اعلی درجہ کی تخفیف ہوتی اور اس کی صورت یہ تھی کہ مضاف سے تنوین اور مضاف الیہ سے ضمیر حذف ہوتی، لیکن یہاں تخفیف ادنی درجہ کی ہے کہ صرف مضاف سے تنوین حذف ہوئی ہے، مضاف الیہ سے ضمیر حذف نہیں ہوئی، تو اعلی درجہ کی تخفیف ممکن ہوتے ہوئے ادنی درجہ کی تخفیف پر اکتفاء کرنا قبیح ہے اور کوفیین کہتے ہیں کہ جواز کے لیے فی الجملہ (کسی نہ کسی مرتبہ) تخفیف ہونی چاہیے اور وہ یہاں تنوین کے حذف سے حاصل ہو چکی ہے، اس لیے یہ قبیح نہیں۔

(د): قبیح صورتیں: باقی صورتوں میں سے وہ چار صورتیں قبیح ہیں، جن میں صیغہ صفت اور معمول دونوں میں ضمیر موجود نہیں، کیونکہ صفت کو موصوف کیساتھ ربط دینے کے لیے ضمیر کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ ان میں موجود نہیں۔

(ھ): ممتنع اور ناجائز صورتیں: باقی دو صورتیں ممتنع اور ناجائز ہیں، امتناع کی پہلی صورت یہ ہے کہ صیغہ صفت معرف باللام ہو اور وہ معمول مجرد عن اللام کی طرف مضاف ہو، جیسے: ”الْحَسَنُ وَجْه“، یہ اس لیے ممتنع ہے کہ ترکیب میں معرفہ کی اضافت نکرہ کی طرف ہے اور یہ ممتنع ہے اور امتناع کی دوسری صورت یہ ہے کہ صیغہ صفت معرف باللام ہو اور وہ مضاف ہو معمول مضاف الی الضمیر کی طرف، جیسے: ”الْحَسَنُ وَجْهِهِ“، یہ اس لیے ممتنع ہے کہ اس اضافت سے کچھ بھی تخفیف حاصل نہیں ہوئی، کیونکہ تخفیف نون تنوین کے حذف سے حاصل ہوتی ہے یا نون تثنیہ و جمع کے حذف سے یا ضمیر کے حذف سے حاصل ہوتی ہے، لیکن یہاں اضافت نے ان تینوں میں سے کسی کا فائدہ نہیں دیا۔ [1]

اوزان صفت مشبہ:

صفت مشبہ کے صیغے مختلف اوزان پر آتے ہیں جن میں اکثر سماعی اور چند قیاسی ہیں، قیاسی اوزان تین قسم کے ہیں:

۱) الأَصِيْلُ، ۲) الْمُلْحَقُ بِالْأَصِيْلِ، ۳) الْجَامِدُ الْمُؤَوَّلُ

۱) "الأَصِيْلُ": وہ اسم مشتق ہے جو فعل لازم ثلاثی مجرد متصرف کے مصدر سے بنایا جاتا ہے اور بغیر کسی قرینہ اور تاویل کے فعل کے دائمی معنی پر دلالت کرتا ہے؛ اسی وجہ سے اس کو "اصیل" یعنی بنیادی قسم کہا جاتا ہے، اس کے کئی اوزان ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں:

۱)۔ "فَعِلٌ" اگر فعل ماضی ثلاثی لازم خوشی غم یا کسی ایسی حالت پر دلالت کرے جو کہ وقتاً فوقتاً طاری ہوتی ہے اور پھر تیزی سے زائل ہو جاتی ہے تو صفت مشبہ "فَعِلٌ" کے وزن پر آئے گی۔ جیسے "وَجِلٌ، طَرِبٌ، حَذِرٌ، تَعِبٌ" یہ سب فعل کے وزن پر

---

[1] شرح التصریح: ۴۶/۲۔

صفت مشبہ کے اوزان ہیں اور ایسے احوال پر دلالت کرتے ہیں جو کہ انسان پر آتے رہتے ہیں۔
۲)۔ "أَفْعَلُ" اگر فعل کسی ایسے طبعی یا فطری امر پر دلالت کرے جس میں دوام پایا جاتا ہے تو صفت مشبہ "أَفْعَلُ" کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے "أَعْوَرُ، أَحْمَرُ، أَعْرَجُ، أَحْوَرُ"، "أَفْعَلُ" کے وزن پر صفت مشبہ کے صیغے ہیں۔
۳)۔ "فَعْلانٌ" اگر فعل کسی ہیجانی کیفیت یا ایسی حالت پر دلالت کرے جس میں خالی پن (خلو) یا بھرنے (امتلاء) کے معنی پائے جائیں جو کہ وقتاً فوقتاً طاری اور پھر تیزی سے زائل نہ ہوتی ہو تو صفت مشبہ "فَعْلانٌ" کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے "غَضْبَانٌ، عَطْشَانٌ، رَيَّانٌ، شَبْعَانٌ، ظَمَّانٌ"، "فَعْلانٌ" کے وزن پر ہیں اور اضطرابی کیفیت پر دلالت کر رہیں ہے اور اگر فعل ماضی فعل کے وزن پر ہو تو صفت مشبہ بہت سے اوزان پر آتی ہے جن میں مشہور اوزان درج ذیل ہیں:
۱) "فَعِيْلٌ" جیسے "بَخِيْلٌ"، ۲) "فَعْلٌ" جیسے "سَبْطٌ"، ۳) "فِعْلٌ" جیسے "صِفْرٌ"، ٤) "فُعْلٌ" جیسے "حُرٌ"، ٥) "فَاعِلٌ" جیسے "صَاحِبٌ". اگر فعل ماضی "فَعَلَ" کے وزن پر ہو تو صفت مشبہ "فَيْعِلٌ" کے وزن پر آتی ہے اور یہ صفت مشبہ کا سب سے کم استعمال ہونے والا وزن ہے۔ جیسے "مَيِّتٌ، سَيِّدٌ".
۲) "مُلْحَق بِالْأَصِيْل": وہ اسم مشتق ہے جو کہ اسم فاعل یا اسم مفعول کے وزن پر ہوتا ہے لیکن معنی ان کا نہیں دیتا بلکہ کسی دلیل اور قرینے کی بنیاد پر صفت مشبہ کا معنی دیتا ہے۔ صفت مشبہ اسم فاعل اور اسم مفعول کے معنی میں دو شرطوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے: ۱)۔ اسم فاعل و مفعول دائمی معنی پر دلالت کرتا ہو، ۲)۔ اسم فاعل ہونے کی صورت میں اپنے فاعل اور اسم مفعول ہونے کی صورت میں نائب فاعل کی طرف مضاف ہو۔ جیسے: "وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ، مُسْتَجَابُ الدَّعْوَةِ".
۳) "الْجَامِدُ الْمُؤَوَّلُ": وہ اسم جامد ہے جو مشتق کی تاویل میں ہو کر صفت مشبہ کے معنی پر دلالت کرے اور صفت مشبہ اسم جامد کی صورت میں اس وقت واقع ہوتی ہے جب اسم جامد دائمی معنی پر دلالت کرے اور اس کی تاویل اسم مشتق سے کی جا سکتی ہو۔ جیسے "اِنْتَصَرَ الْمَلِكُ الْأَسَدُ جُنْدَه، أَعْجَبَتْنِيْ الْفَتَاةُ الْقَمَرُ وَجْهَهَا"، اس مثال میں "اسد" کی تاویل "شجاع" سے کی جا سکتی ہے اور "قمر" کی تاویل "جمیل" سے کی جا سکتی ہے۔[1]

صفت مشبہ اور اسم فاعل میں فرق:

اسم فاعل اور صفت مشبہ میں چند وجوہ سے فرق ہے:

۱) صفت مشبہ میں معنی مصدری دوام اور استمرار کے لیے ہوتا ہے جبکہ اسم فاعل میں مصدری معنی عارضی ہوتا ہے، جیسے: "خَالِدٌ حَسِيْنٌ" (خالد خوبصورت ہے)، "زَيْدٌ ضَارِبٌ" (زید مارنے والا ہے)۔

---

[1] الصرف العربی: ۱۱۳.

۲)اسم فاعل لازم اور متعدی دونوں طرح سے آتا ہے جبکہ صفت مشبہ صرف لازم باب سے آتا ہے۔
۳)۔اسم فاعل پر الف لام اسمی داخل ہوتا ہے جبکہ صفت مشبہ پر داخل نہیں ہوتا۔[۱]
۴)۔اسم فاعل کے صیغے قیاسی ہیں جبکہ صفت مشبہ کے صیغے سماعی ہے،صفت مشبہ صرف ثلاثی مجرد سے آتا ہے جبکہ اسم فاعل ثلاثی مجرد مزید،رباعی مجرد اور مزید ہر ایک سے آتا ہے۔
۵)۔صفت مشبہ کا معمول اس سے مقدم نہیں ہو سکتا جب کہ اسم فاعل کا معمول اس سے مقدم ہو سکتا ہے۔
۶)۔اسم فاعل عمل میں اپنے فعل کا مخالف نہیں ہو سکتا جب کہ صفت مشبہ عمل میں اپنے فعل کے مخالف ہو سکتی ہے،یعنی صفت مشبہ فعل لازم سے مشتق ہونے کے باوجود بھی نصب دیتی ہے،حالانکہ فعل لازم مفعول بہ کو نصب نہیں دیتا۔
۷)۔صفت مشبہ کے مرفوع کو نصب اور جر دونوں دینا جائز ہے اور جب کہ اسم فاعل کے مرفوع(فاعل)میں رفع ہی متعین ہے۔
۸)صفت مشبہ ماضی منقطع کے لیے نہیں آتا،بلکہ ماضی متصل حال یا حال دائمی کے لیے آتا ہے اور جب کہ اسم فاعل ماضی،حال اوراستقبال تینوں کے لیے آتا ہے۔
۹)صفت مشبہ اوران کے مرفوع اور منصوب کے درمیان فاصلہ عند الجمہور جائز نہیں اور جب کہ اسم فاعل میں فاصلہ جائز ہے۔
۱۰)صفت مشبہ کا معمول سببی ہوتا اجنبی نہیں ہو سکتا اور اسم فاعل کا معمول سببی اور اجنبی دونوں ہو سکتا ہے،معمول سببی اس کو کہتے ہیں کہ ایسا اسم ظاہر ہو جو موصوف کی ضمیر کیساتھ متصل ہو،خواہ ضمیر لفظاً مذکور ہو،جیسے:"زَيْدٌحَسَنُ وَجْهِهِ"یا ضمیر مقدر ہو،جیسے: "زَيْدٌحَسَنُ الْوَجْهِ، أيْ الْوَجْهِ مِنْهُ"،لیکن"زَيْدٌحَسَنٌ عَمْرًا"کہنادرست نہیں،کیونکہ "عَمْرًا"میں ایسی ضمیر نہیں ہے جو موصوف کی طرف راجع ہو۔
۱۱)صفت مشبہ کبھی فعل مضارع کیساتھ حرکات وسکنات میں موافق ہوتا ہے،جیسے:"ضَارِبٌ"یہ"یَضْرِبُ"کے موافق ہے اور کبھی موافق نہیں ہوتا،جیسے:"حَسُنْ"یہ"یَحْسُنُ"کیساتھ حرکات وسکنات میں موافق نہیں اور جب کہ اسم فاعل ہمیشہ فعل مضارع کیساتھ حرکات وسکنات میں موافق ہوتا ہے۔[۲]

قواعد وفوائد:

قاعدہ: صفت مشبہ فاعل اسم ظاہر اور شبہ مفعول کے علاوہ باقی معمولات میں مطلقاً(بغیر کسی شرط کے)عمل کرتی ہے،مثلاً فاعل

---

[۱] معنی مصدری پر دلالت کرنے والا اسم فاعل میں صفت عارضی ہوتی ہے،یعنی شروع سے نہ ہو،بلکہ کسی خاص وقت میں وہ متصف ہو جاتا ہے اور یہ حدوث پر دلالت کرتا ہے استمرار پر نہیں،مثلاً:"حَائِضٌ، طَالِقٌ"تو مراد یہ ہو گا کہ وہ عورت پہلے حائضہ اور مطلقہ نہیں تھی،بلکہ اب ہو گئی اور کسی وقت ختم ہو جائے گی اور صفت صفت میں لازمی اور دائمی صفت ہوتی ہے،جیسے:"زَيْدٌحَسَنٌ وَكَرِيْمٌ"،اس سے مراد یہ ہو گا کہ زید میں صفت حسن اور صفت کرم شروع سے پائی گئی،یعنی اس میں یہ صفت دائمی واستمراری ہے۔(مصباح:۵:۲۳۵)۔
[۲] کشاف اِصطلاحات الفنون:۱/۱۹۳،الصرف العربي:۱۲۰،موسوعۃ النحو والصرف:۴۱۸،جہد قصیر:۸۱،بدرالسعید:۳۸۱۔

ضمیر مستتر ہو یا مفعول لہ ہو یا مفعول معہ ہو یا حال ہو یا تمیز ہو یا مستثنیٰ ہو، البتہ مصدر میں اختلاف ہے، عند البعض مفعول مطلق مصدر میں عمل نہیں کرتی اور عند البعض مفعول مطلق مصدر میں بھی عمل کرتی ہے۔

قاعدہ: جن صورتوں میں صفت مشبہ اپنے معمول کو رفع دے رہی ہے ان صورتوں میں صفت مشبہ کے اندر ضمیر نہیں ہوگی، کیونکہ اس کا معمول فاعل اسم ظاہر موجود ہے اور جن صورتوں میں صفت مشبہ اپنے معمول کو نصب یا جر دے رہی ہو اس وقت صفت مشبہ میں ایک ضمیر ہوگی جو موصوف کی طرف راجع ہوگی اور صفت مشبہ کا فاعل بنے گی۔

فائدہ: صفت مشبہ کو صفت مشبہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ درج ذیل امور میں اسم فاعل کے مشابہ ہوتی ہے اسی وجہ سے اس کو "الصِّفَةُ الْمُشَبَّهَةُ بِاسْمِ الْفَاعِلِ" کہتے ہیں:۱)۔ صفت مشبہ اسم فاعل کی طرح مشتقات میں سے ہے۔ ۲)۔ مفرد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث واقع ہونے میں اسم فاعل کی طرح ہے۔ ۳)۔ اسم فاعل کی طرح فعل کا عمل بھی کرتی ہے۔[۱]

فائدہ: صفت مشبہ تین چیزوں پر دلالت کرتا ہے:۱)۔ معنیٰ مصدری پر جسے "وصف" یا "صفت" کہتے ہیں۔ ۲)۔ موصوف پر جس کے ساتھ یہ معنیٰ مصدری قائم ہوتا ہے۔ ۳)۔ تیسری دلالت اس بات پر ہوتی ہے کہ معنیٰ مصدری موصوف کے لیے تمام زمانوں میں ثابت ہے۔[۲]

فائدہ: بعض صورتوں میں لفظی یا معنوی قرینے کی وجہ سے اسم فاعل دائمی معنیٰ پر دلالت کرتا ہے اس صورت میں اسم فاعل کے وزن پر ہونے کے باوجود صفت مشبہ ہی شمار ہوتا ہے۔ اس کی کئی صورتیں ہیں:

۱)۔ جب ثلاثی مجرد لازم کا صیغہ اسم فاعل اپنے فاعل کی طرف مضاف ہو تو یہ صفت مشبہ بن جاتا ہے، جیسے: "رَاجِحُ الْعَقْلِ" (کامل عقل والا) "حَاضِرُ الْبَدِيْهَةِ" (ذہین) یہ اصل میں "رَاجِحٌ عَقْلُه، حَاضِرَةٌ بَدِيْهَتُه" ہیں۔

۲)۔ جب غیر ثلاثی مجرد لازم کا صیغہ اسم فاعل اپنے فاعل کی طرف مضاف ہو، جیسے: "النَّجْمُ مُسْتَدِيْرُ الشَّكْلِ، مُتَوَقِّدُ الْجِرْمِ، مُسْتَضِيْءُ الْوَجْهِ" یہ اصل میں "مُسْتَدِيْرٌ شَكْلُه، مُتَوَقِّدٌ جِرْمُه، مُسْتَضِيْءٌ وَجْهُه" ہیں۔

۳)۔ جب صیغہ اسم فاعل خود دوام و ثبات کے معنیٰ پر دلالت کرتا ہو، جیسے: "خَالِدٌ، مُسْتَدِيْمٌ، دَائِمٌ" وغیرہ۔

۴)۔ جب صیغہ اسم فاعل اللہ تعالیٰ کی ذات مقدسہ کے لیے استعمال ہو تو اس صورت میں بھی اسم فاعل دائمی معنیٰ پر دلالت کی وجہ سے صفت مشبہ ہی ہوتا ہے، جیسے: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ﴾، ﴿غَافِرِ الذَّنْبِ﴾ وغیرہ۔[۳]

ایک حل شدہ ترکیب:

✍... صفت مشبہ کی مثال: "زَيْدٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ":

---

[۱] الصرف العربی: ۱۱۲۔
[۲] المستقصی فی علم التصریف: ۴۹۵، الصرف العربی: ۱۱۱، شرح الرضی: ۷۴۷۔
[۳] النحو الوافی: ۳/۲۴۵۔

''زَيْدٌ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظا... ''حَسَنٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظا... باز''حَسَنٌ''صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ''غُلَامُ''فاعلش مرفوع بالضمہ لفظامضاف... ''ہٗ'' ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مبتداء۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے عاملہ میں سے صفت مشبہ کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق وترکیب کریں۔

إِنَّ رَبِّي لَسَمِيْعُ الدُّعَاء. إِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ. إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ. إِنَّنِي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ، زَيْدٌ حَسَنٌ أَخُوْهُ. هَذَا نَذِيرٌ مِنَ النُّذُرِ الْأُولَى. اشْتَرَيْتُ الجَوادَ الأَشْهَبَ لونُهُ. زُرْتُ الْمَسْجِدَ الْفَسِيْحَ السَّاحَةَ. أوْقَدْتُ المصباحَ القَوِيَّ النُّور. الْبَحْرُ بعيدٌ غَوْراً. النَّيْلُ عَذْبٌ مَاؤُه كَثِيْرٌ فَيْضَانُهُ. المُؤمِنُ صَبُورٌ شَكُورٌ . المُنافِقُ حَسُودٌ خَبِيثٌ . هَذَا طَالِبٌ حَسَنَةٌ سِيْرَتُهُ. السُّلَحْفَاةُ بَطِيءٌ سَيْرُهَا. الْبَاكِسْتَانُ لَطِيْفٌ جَوْهُهُ كَرِيمٌ أَهْلُهُ. هَذَا هُوَ الرَّجُلُ الْكَرِيْمُ نَسَبُهُ. الْفَائِزُ قَرِيْرُ الْعَيْنِ. الْكَثِيْرُ هَمًّا هُوَ الْعَظِيْمُ هِمَّةً. الْقَلِيْلُ الْكَلَامُ قَلِيْلُ النَّدَمِ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ...زُرْتُ الْمَسْجِدَ الْفَسِيْحَ السَّاحَةَ:

''زُرْتُ''صیغہ فعل ماضی معلوم... ''تُ''بارز فاعلش مرفوع محلاً... ''الْمَسْجِدَ''مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً موصوف... ''الْفَسِيْحَ''صفت اوست منصوب بالفتحہ لفظاً...باز''الْفَسِيْحَ''صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف خود خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاًراجع بسوئے موصوف... ''السَّاحَةَ''مفعول اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔

✍ ...الْبَحْرُ بعيدٌ غَوْراً:

''الْبَحْرُ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً... ''بعيدٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً...باز''بعيدٌ''صیغہ صفت مشبہ تکیہ کردہ بر موصوف خود خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاًراجع بسوئے مبتداء... ''غَوْراً''مفعول اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔

فصل چہارم: اسم تفضیل کا بیان

۱۔ اسم تفضیل کی تعریف:

"اِسْمٌ يُشْتَقُّ مِنْ فِعْلٍ لِيَدُلَّ عَلى المَوْصُوفِ بِزِيَادَةٍ عَلى غَيْرِهِ."

اسم تفضیل وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں دوسروں کے مقابلے میں معنی مصدری کی زیادتی ہو، جیسے: "أَضْرَبُ" (دوسروں کی نسبت زیادہ مارنے والا) جس میں معنی مصدری کی زیادتی پائی جائے اسے مفضل اور جس کے مقابلے میں پائی جائے اسے مفضل علیہ کہتے ہیں۔

اسم تفضیل قیاساً صرف ثلاثی مجرد سے آتا ہے اور ثلاثی مجرد کے بھی ان ابواب سے جن میں رنگ اور عیب والے معنی نہ پائے جائیں، الوان و عیوب سے اسم تفضیل نہیں آتا، جیسے: "أَسْوَدُ" (سیاہ رنگ)، "أَعْوَرُ" (کانا) اسم تفضیل نہیں، بلکہ صفتِ مشبہ ہیں اور وہ ابواب جن میں رنگ و عیب والا معنی پایا جائے اور وہ ابواب جو ثلاثی مجرد کے علاوہ ہیں اگر ان کا اسم تفضیل بنانا ہو تو ان کے مصدر کے شروع میں "أَشَدُّ" یا اس کا ہم معنی کوئی کلمہ بڑھا دیا جائے گا، جیسے: "أَشَدُّ إِكْرَاماً، أَزْيَدُ بَيَاضاً" وغیرہ اور وہ ابواب جن میں رنگ اور عیب کے معنی ہوں ان سے "أَفْعَلُ" کے وزن پر آنے والا کلمہ اسم تفضیل نہیں ہوگا، بلکہ صفتِ مشبہ ہوگا اور اس کی مؤنث "فَعَلَاءُ" کے وزن پر آئے گا، جیسے: "أَسْوَدُ، أَخْضَرُ، أَبْيَضُ، أَحْمَرُ" سے "سَوْدَاءُ، خَضْرَاءُ، بَيْضَاءُ، حَمْرَاءُ" اور اس کی جمع ہمیشہ "فُعْلٌ" کے وزن پر آئے گی، جیسے: "سُوْدٌ، خُضْرٌ، بُيْضٌ، حُمْرٌ".[1]

۲۔ اسم تفضیل بنانے کے شرائط:

اسم تفضیل بنانے کے لیے درج ذیل سات شرائط ہیں:

۱) جس لفظ سے اسم تفضیل بنایا جائے وہ فعل ثلاثی ہو، غیر ثلاثی سے اسم تفضیل نہیں آتا اور نہ ایسے لفظ سے جس کا فعل سرے سے آتا ہی نہ ہو۔

۲) وہ فعل ثلاثی ایسا نہ ہو جس سے صفت مشبہ کا صیغہ أَفْعَلُ کے وزن پر اور اس کا مؤنث "فَعْلَاءُ" کے وزن پر آتا ہو، جیسے: "أَحْمَرُّ، أَصْفَرُّ، أَعْوَرُّ" وغیرہ۔ چنانچہ ان افعال سے اسم تفضیل نہیں آئے گا جو رنگ و عیب کے معنی پر دلالت کرتے ہیں۔

۳) وہ فعل متصرف ہو، جامد نہ ہو، اس لیے "بِئْسَ، عَسَى، لَيْسَ" وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں آئے گا۔

۴) وہ فعل مثبت ہو منفی نہ ہو، فعل منفی سے اسم تفضیل نہیں آتا۔

---

[1] موسوعۃ النحو والصرف: ۶۰، علم التصریف للاعظمی: ۷۶-۷۷۔

۵) اس فعل کو معنائے مصدری تفاوت اور مفاضلت کو قبول کرسکے، اس لیے "فَنِیَ، مَاتَ، هَلَكَ" وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں آئے گا۔

۶) وہ فعل تام ہو، ناقص نہ ہو، اس لیے افعال ناقصہ سے اسم تفضیل نہیں آتا۔

۷) وہ فعل معلوم ہو، مجہول نہ ہو، اگر صورۃً مجہول اور معنیٰ معلوم ہو تو بھی اس سے اسم تفضیل نہیں آئے گا، جیسے: "سُلْ، سُرْ" وغیرہ۔ یہ شرائط کسی فعل میں نہ ہو تو اگر اس سے اسم تفضیل بنانا ہو تو ان کے مصدر کے شروع میں "أَشَدُّ" یا اس کا ہم معنیٰ کوئی کلمہ بڑھا دیا جائے گا اور اس کے بعد مصدر کو بطور تمیز لایا جائے، جیسے: "أَشَدُّ إِكْرَاماً، أَزْيَدُ بَيَاضاً". [1]

۳۔ اسم تفضیل کے طرق استعمال:

اسم تفضیل تین طریقوں سے استعمال ہوتا ہے:

۱) "مِنْ" کیساتھ، جیسے: "زَيْدٌ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو".

۲)۔ یا الف ولام کیساتھ، جیسے: "جَاءَ زَيْدٌالْأَفْضَلُ".

۳)۔ یا اضافت کے ساتھ، خواہ اضافت الی المعرفہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ أَفْضَلُ الْقَوْمِ" یا اضافت الی النکرہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ أَفْضَلُ رِجَالٍ." اگر اسم تفضیل "مِنْ" یا اضافت الی النکرہ کیساتھ استعمال ہو تو اس کو مفرد مذکر لانا واجب ہے، خواہ موصوف واحد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو، یا مذکر ہو یا مؤنث، جیسے: "زَيْدٌ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو" یا "أَفْضَلُ رِجَالٍ، الزَّيْدَانِ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو" یا "أَفْضَلُ رِجَالٍ، الزَّيْدُوْنَ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو" یا "أَفْضَلُ رِجَالٍ، هِنْدٌ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو" یا "أَفْضَلُ رِجَالٍ" .اگر الف لام کیساتھ استعمال ہو تو موصوف کے مطابق لانا ضروری ہے، جیسے: "زَيْدٌالْأَفْضَلُ، الزَّيْدَانِ الْأَفْضَلَانِ، الزَّيْدُوْنَ الْأَفْضَلُوْنَ، هِنْدٌالْفُضْلیٰ، الْهِنْدَانِ الْفُضْلَيَانِ، الْهِنْدَاتُ الْفُضْلَيَاتُ"، اگر اضافت الی المعرفہ کیساتھ استعمال ہو تو مفرد مذکر لانا بھی جائز ہے اور موصوف کے مطابق لانا بھی جائز ہے جوازین الامرین ہے، جیسے: "الزَّيْدَانِ أَفْضَلُ الْقَوْمِ" یا "أَفْضَلَا الْقَوْمِ الزَّيْدُوْنَ، أَفْضَلُ الْقَوْمِ" یا "أَفْضَلُوا الْقَوْمِ، هِنْدٌ أَفْضَلُ الْقَوْمِ" یا "فُضْلَى الْقَوْمِ".

۴۔ اسم تفضیل کا عمل:

اسم تفضیل فعل معلوم والا عمل کرتا ہے، فاعل، ضمیر، مفعول فیہ، حال اور تمیز میں بغیر کسی شرط کے عمل کرتا ہے، جیسے: "زَيْدٌ أَحْسَنُ مِنْكَ الْيَوْمَ رَاكِبًا، أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا"، پہلی مثال میں "أَحْسَنَ" میں ضمیر فاعل ہے، "الْيَوْمَ" مفعول فیہ ہے اور "رَاكِبًا" حال ہے اور دوسری مثال میں "مَالًا" تمیز ہے اور فاعل اسم ظاہر میں تین شرطوں کیساتھ عمل

---

[1] موسوعۃ النحو والصرف: ۶۰، علم التصریف للاعظمی: ۶۷-۷۷۔

کرتاہے:

۱) اسم تفضیل نفی، نہی یا استفہام انکاری کے بعد واقع ہو۔

۲) اسم تفضیل باعتبار لفظ ایک شئی کی صفت بن رہا ہو اور باعتبار معنی اس شئی کے متعلق کی صفت بن رہا ہو اور وہ متعلق اس شئی اور دوسری شئی میں مشترک ہو۔

۳) وہ متعلق بھی ایسا ہو جو ایک شئی کے اعتبار سے مفضل اور دوسری شئی کے اعتبار سے مفضل علیہ ہو، جیسے: "مَارَأَيْتُ رَجُلاً أَحْسَنَ فِيْ عَيْنَهِ الْكَحْلُ مِنْهُ فِيْ عَيْنِ زَيْدٍ"، یہ تینوں شرائط اس مثال میں موجود ہیں اس طور پر کہ اس کے شروع میں حرف نفی ہے، "أَحْسَنَ" باعتبار لفظ "رَجُلاً" کی صفت ہے اور باعتبار معنی "رَجُلاً" کے متعلق یعنی "الْكَحْلُ" کی صفت ہے اور یہ متعلق یعنی "الْكَحْلُ" رجل اور زید کی آنکھ میں مشترک ہے اور اسی طرح یہ "کحل" عین رجل کے اعتبار سے مفضل علیہ اور عین زید کے اعتبار سے مفضل ہے۔ اسم تفضیل کی عمل والی یہ صورت "مَسْأَلَةُ الْكُحْلِ" کے نام سے مشہور ہے، کیونکہ اس مثال میں یہ تینوں شرائط موجود ہیں۔ [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: اسم تفضیل کا معنی دینے والے کو افعل تفضیلی، جیسے: "أَضْرَبُ"، یا فعلی تفضیلی، جیسے: "ضُرْبىٰ" کہتے ہیں، نون اور عیب کا معنی دینے والے "أَفْعَلُ، فُعْلَى" کو أَفْعَلُ صفتی یا فعلاء صفتی کہتے ہیں، جیسے: "أَسْوَدُ، أَحْمَرُ، أَعْرَجُ، سَوْدَاءُ، حَمْرَاءُ، عَرْجَا" اور ان دونوں قسموں میں سے نہ ہو تو انہیں أَفْعَلُ اسمی یا فَعْلَاءُ اسمی کہتے ہیں، جیسے: "أحمد" یا "صَحْرَاءُ، قُصْوىٰ".

قاعدہ: اسم تفضیل ہمیشہ "اسم فاعل" کے معنی دیا کرتا ہے، جیسے: "أَنْصَرُ"، (بہت مدد کرنے والا)، لیکن کبھی اسم مفعول کے واسطے بھی آتا ہے، جیسے: "أَشْهَرُ"، (بہت مشہور)، "أَشْغَلُ"، (بہت کام میں لگا ہوا)۔

قاعدہ: اسم تفضیل جب خبر واقع ہو تو اکثر اور اگر حال واقع ہو تو کبھی کبھار "مِنْ" محذوف ہوتا ہے، جیسے: "الله اکبر" اور "لَلْآخِرَةُ خَيْرٌ" اور کبھی کبھار "مِنْ" مذکور بھی ہوتا ہے، جیسے: "أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا." (الکھف:۲۹)۔ [2]

قاعدہ: اسم تفضیل جب "مِنْ" کیساتھ استعمال ہو تو "مِنْ" کو مؤخر کرنا واجب ہے، لیکن جب "مِنْ" کا مجرور استفہام یا استفہام کی طرف مضاف ہو تو "مِنْ" کا مقدم کرنا واجب ہے، جیسے: "أَنْتَ مِنْ مَنْ أَفْضَلُ" یہ اصل میں "أَنْتَ أَفْضَلُ مِمَّنْ" تھا، یا

---

[1] اوضح المسالک:۲۶۷/۳، شرح قطر الندی:۲۸۲، شرح الاشمونی:۳۱۱/۲، شرح ابن عقیل:۱۸۸/۳، النحو الوافی:۴۲۹/۳، موسوعۃ النحو الصرف:۶۲۴۔

[2] حاشیۃ الصبان:۸۰/۳۔

جیسے:"أَنْتَ مِنْ غُلَام مَنْ أَفْضَلُ"،یہ اصل میں"أَنْتَ أَفْضَلُ مِنْ غُلَامِ مِنْ"تھا۔[1]

فائدہ: اسم تفضیل اگر مصدر متعدی بنفسہ سے مشتق ہو اور حب یا بغض یا ان کے معنی پر دال ہو تو متعدی باللام ہو گا،بشرطیکہ ان کا مجرور معناً مفعول بہ ہو اور اسم تفضیل کے ماقبل معناً فاعل ہو،جیسے:"الشَّرْقِيُّ أَحَبُّ لِلدِّيْنِ مِنَ الْغَرْبِيِّ، وَأَبْغَضُ لِلْخُرُوْجِ عَلَى أَحْكَامِه.أيْ يُحِبُّ الشَّرقِيُّ الدِّيْنَ، وَيَبْغَضُ الْخُرُوْجَ عَلَى أَحْكَامِهِ."اور کبھی"لام"کی جگہ"إلَى" آتا ہے بشرطیکہ اس کا مجرور فاعل معنوی ہو اور اس کے ماقبل مفعول معنوی ہو،جیسے:"الْمَالُ أَحَبُّ إِلَى الشَّحِيْحِ مِنْ مُتَعِ الْحَيَاةِ. أيْ يُحِبُّ الشَّحِيْحُ الْمَالَ أَكْثَرَ مِنْ مُتْعِ الْحَيَاةِ."اور اگر فعل متعدی بنفسہ ہو اور مادہ علم ہو تو ہمیشہ "باء" کیساتھ متعدی ہو گا،جیسے:"صَدِيْقِيْ أَعْلَمُ بِيْ، وَأَنَا أَعْرَفُ بِه وَأَدْرَى بِأَحْوَالِه." اور اس کے علاوہ کسی اور معنی پر دال ہو تو"لام"کیساتھ متعدی ہو گا،جیسے:"الحُرُّ أَطْلَبُ لِلثَّأَرِ وَأَدْفَعُ لِلْإِهَانَةِ."اور اگر فعل کسی معین حرف جر کیساتھ متعدی ہو تو اسم تفضیل بھی اسی کیساتھ متعدی ہو گا،جیسے:"كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ أَزْهَدُ النَّاس فِي الدُّنْيَا، وَأَبْعَدُهُمْ مِنَ التَّعَلُّقِ بِهَا، وَأَشْفَقُهُمْ عَلَى الرَّعِيَّةِ، وَأَنْحَاهُمْ عَنِ الظُّلْمِ، وَأَذَلُّهُمْ لِنَفْسِهِ فِيْ طَاعَةِ رَبِّهِ."[2]

قاعدہ: بعض اوقات اسم تفضیل کا صیغہ معنی تفضیل سے خالی ہوتا ہے اس وقت وہ اسم فاعل یا صفت مشبہ کے معنی میں ہوتا ہے،جیسے:"رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ، أيْ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ. وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ.أيْ هُوَ هَيِّنٌ عَلَيْهِ."

قاعدہ: کبھی مفضل علیہ محذوف ہوتا ہے جس کو قرائن سے معلوم کیا جاسکتا ہے،جیسے:"اللّٰهُ أَكْبَرُ، أيْ أَكْبَرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" .

فائدہ: اسم تفضیل اور صیغہ مبالغہ میں فرق یہ ہے کہ صیغہ مبالغہ میں معنی فاعلیت کی زیادتی بغیر کسی تقابل کے فی حد ذاتہ مقصود ہوتی ہے کسی دوسرے کا لحاظ نہیں،جیسے:"علامہ"بہت زیادہ جاننے والا۔اور اسم تفضیل میں زیادتی دوسرے کے مقابلے میں ہوتی ہے،جیسے:"زَيْدٌ أَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو"،زید عمرو سے زیادہ اچھا ہے۔[3]

ایک حل شدہ ترکیب:

✍ ...أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا:

"أَيُّ"اسم متضمن بمعنی حرف استفہام مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "كُمْ"ضمیر مخاطبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "أَحْسَنُ"خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً...باز"أَحْسَنُ"صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش

---

(۱) شرح الاشمونی:۲۰۲/۱،اوضح المسالک:۲۶۲/۳۔

(۲) النحو الوافی:۴۳۲/۳۔

(۳) علم الصیغہ فارسی:۱۶.

مرفوع محلا اسم تام مع التنوین مقدر مبہم تمیز ناصب التمیز... "عَمَلًا" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔ [1]

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے عاملہ میں اسم تفضیل کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللهِ حَدِيْثًا. ذَلِكُمْ أَقْسَطُ عِنْدَ الله. النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ. أَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَاءِ. خَيْرُ الْعِلْمِ مَا نَفَعَ. زَيْدٌ أَحْسَنُ مِنْ عَمْرٍو. نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ. أَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ. هذَا الْمَسْجِدُ أَرْفَعُ وَأَطْوَلُ مِنْ ذٰلِكَ. أَكْثَرُهُمْ كَافِرُوْنَ. هٰذَا الطَّعَامُ أَقَلُّ. أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً. هُوَ أَهْدٰى مِنْهُ. هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ. ذٰلِكُمْ أَطْهرُ لِقُلُوْبِكُمْ، الْمَدِينَةُ أشرَفُ الْمُدُن. الْعلَماءُ الْعَامِلُوْنَ أفْضَلُ النَّاسِ. مَوْتٌ في قوَّةٍ وعِزٍّ أصْلَحُ مِنْ حَيَاةٍ فِيْ ذُلٍّ وعَجْزٍ. الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفَلى. وَعْدُ الْكَرِيْمِ أَلْزَمُ مِنْ دَيْن الغَرِيْمِ. سَعِيدٌ أَحْسنُ أَخْلاقاً.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ...مَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللهِ حَدِيثًا:

"مَنْ" اسم متضمن بمعنٰی حرف استفہام مبتداء است مرفوع محلاً... "أَصْدَقُ" خبر ش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "أَصْدَقُ" اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا اسم تام مع التنوین مقدر مبہم ممیز ناصب التمیز... "مِنْ" جارہ... لفظ "اللهِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح...، جار مجرور متعلق بہ "أَصْدَقُ" شبہ فعل است... "حَدِيثًا" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ..."هٰذَا الطَّعَامُ أَقَلُّ":

"هٰذَا" اسم اشارہ مبتدا است مرفوع محلاً موصوف ویا کہ مبدل منہ ویا کہ مبین... "الطَّعَامُ" مشار الیہ صفت است ویا کہ بدل ویا کہ عطف بیان است... "أَقَلُّ" خبر ش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "أَقَلُّ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔

[1] اعراب القرآن درویش: ۱۰/۱۴۶۔

فصل پنجم: مصدر اور اسم مضاف کا بیان

۱۔ مصدر کی تعریف:

مصدر وہ اسم ہے، جو ایسے معنی پر دال ہو جو قائم بالغیر ہو، اور زمانہ سے خالی ہو، یعنی مصدر وہ اسم ہے جو فعل کا ماخذ اور مشتق منہ ہو اور معنی حدثی پر دلالت کرے، معنی حدثی اس معنی یا صفت کو کہتے ہیں جو کسی ذات کیساتھ قائم ہو، جیسے: "ضَرْبًا، قِيَامًا".

مصدر کے عمل کے لیے شرائط:

مصدر کے عمل کے لیے آٹھ شرائط ہیں:

۱) مفرد ہو تثنیہ و جمع نہ ہو۔ ۱) مکبر ہو مصغر نہ ہو۔ ۳) مفعول مطلق نہ ہو۔ ۴) اس کے آخر میں تاء وحدت کی نہ ہو۔ ۵) محذوف نہ ہو۔ ٦) اس میں زمانہ حال نہ ہو۔ ۷) اپنے معمول سے مؤخر نہ ہو۔ ۸) مصدر اور اس کے معمول کے درمیان فاصلہ نہ ہو۔

مذکورہ شرائط کی موجودگی میں مصدر فعل والا عمل کرتا ہے، اگر فعل لازم ہو تو فعل لازم والا عمل کرتا ہے صرف فاعل کو رفع دیتا ہے، جیسے: "أَعْجَبَنِيْ قِيَامُ زَيْدٍ" اور اگر فعل متعدی ہو تو فعل متعدی والا عمل کرتا ہے، فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیا ہے، جیسے: "سَاءَنِيْ عِصْيَانُكَ إِيَّايَ"، لیکن فرق صرف یہ ہے کہ فعل کے فاعل کو حذف کرنا جائز نہیں اور مصدر کے فاعل کو حذف کرنا جائز ہے اور دوسرا فرق یہ ہے کہ فعل میں ضمیر مستتر ہو سکتی ہے، لیکن مصدر میں ضمیر نہیں ہوتی، البتہ اگر مصدر فعل کا نائب ہو تو پھر ضمیر مستتر ہو سکتی ہے۔[1]

مصدر کے عمل کی صورتیں:

مصدر کے عمل کی درج ذیل تین صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ مصدر مضاف ہو، پھر اس کی چار صورتیں ہیں:

۱) مصدر فاعل کی طرف مضاف ہو اور مفعول بہ مذکور ہو، جیسے: "وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ." (البقرۃ:۲۵۱)۔ یہاں مصدر "دَفْعُ" فاعل "اللّٰہ" کی طرف مضاف ہے اور "النَّاسَ" مفعول بہ مذکور ہے۔

۲) مصدر فاعل کی طرف مضاف ہو اور مفعول بہ مذکور نہ ہو، جیسے: "وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ." (التوبۃ: ۱۱۴)، "أَيِ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيْمَ رَبَّهُ لِأَبِيْهِ." یہاں مصدر "اسْتِغْفَارُ" فاعل "إِبْرَاهِيمَ" کی طرف ہے اور مفعول بہ "رَبَّهُ" غیر مذکور ہے۔

---

[1] شرح التصریح: ۵/۲۔

۱) مصدر مفعول کی طرف مضاف ہو اور فاعل مذکور ہو، جیسے: "وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا." (ال عمران:۹۷) یہاں مصدر "حِجُّ" مفعول "الْبَيْتِ" کی طرف مضاف ہے اور فاعل "مَنِ" مذکور ہے۔

۲) مصدر مفعول کی طرف مضاف ہو اور فاعل محذوف ہو، جیسے: "لَا يَسْأَمُ الْإِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ." (فصلت:۴۹)۔ یہاں مصدر "دُعَاءِ" مفعول "الْخَيْرِ" کی طرف مضاف ہے اور فاعل محذوف ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مصدر کبھی منون استعمال ہوتا ہے، جیسے: "ضَرْباً زَيْدٌ"، اس وقت بھی یہ اپنے فعل والا عمل کرتا ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ مصدر معرف باللام ہو، جیسے: "لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوءِ مِنَ الْقَوْلِ." (النساء:۱۴۸)۔ لیکن یہ صورت قلیل الاستعمال ہے۔[۱]

مصدر کی اقسام:

مصدر کی نو قسمیں ہیں:

۱) مصدر اصلی ۲) مصدر میمی ۳) مصدر جعلی (صریحی) ۴) مصدر متصرف ۵) مصدر غیر متصرف ۷) مصدر عدد ۸) اسم مصدر ۹) مصدر مؤول ۹) عَلَم مصدر۔

۱)۔ مصدر اصلی: اسے کہتے ہیں جو ذات سے خالی ہو، نہ شروع میں میم ہو اور نہ اس کے آخر ایسی "یاء مشدد" ہو جس کے بعد "تائے تانیث" ہو، جیسے: "عِلْمٌ، فَهْمٌ" وغیرہ۔ مصدر اصلی کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ ثلاثی، ۲۔ رباعی۔ پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مجرد، ۲۔ مزید۔ اس طرح کل چار قسمیں ہوئیں: ۱۔ ثلاثی مجرد، ۲۔ ثلاثی مزید، ۳۔ رباعی مجرد، ۴۔ رباعی مزید۔[۲]

۲)۔ مصدر میمی: اس کو کہتے ہیں جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو ذات سے خالی ہو اور اس کے شروع میں میم ہو اور آخر میں "یاء مشدد" نہ ہو، جیسے: "مَرْجِعٌ" وغیرہ۔ مصدر میمی ثلاثی مجرد سے عموماً "مَفْعَلٌ" کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "مَخْرَجٌ" اور غیر ثلاثی مجرد سے مصدر میمی اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "مُدَخْرَجٌ". اور سات مصدر میمی ثلاثی مجرد سے "مَفْعِلٌ" کے وزن پر آتے ہیں، جیسے: "الْمَرْجِعُ، الْمَرْفِقُ، الْمَجِيْئُ، الْمَقِيْلُ، الْمَشِيْبُ، الْمَسِيْرُ، الْمَصِيْرُ".

۳)۔ مصدر جعلی (صریحی): ہر وہ لفظ ہے جس کے آخر میں "یاء مشدد" ہو اور اس کے بعد "تاء تانیث مربوطہ زائدہ" کر دی گئی ہو، جیسے: "أَسَدٌ" سے "أَسَدِيَّةٌ". "فَاعِلٌ" سے "فَاعِلِيَّةٌ" اور "مَفْعُوْلٌ" سے "مَفْعُوْلِيَّةٌ"، اس میں مبالغہ والا معنی پایا جاتا ہے، اس کو مصدر صناعی بھی کہتے ہیں۔

---

[۱] شرح التصریح: ۹/۲، جامع الدروس العربیۃ: ۲۷۷/۳۔

[۲] ان کی تفصیل کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد الصرف۔

۴)۔ مصدر متصرف: مصدر متصرف اس مصدر کو کہتے ہیں جو ترکیب میں مفعول مطلق، فاعل، یا نائب فاعل وغیرہ واقع ہو۔

۵)۔ مصدر غیر متصرف: مصدر غیر متصرف وہ ہے جو ترکیب میں مفعول مطلق کے سوا کچھ بھی واقع نہ ہو، جیسے: "لَبَّيكَ، سَعدَيْك، حَنانَيكَ، دَوالَيكَ، حَذارَيك، أَيْضاً، أَصْلاً، سُبْحَان، مُطْلقاً"، یہ مصادر ہمیشہ مفعول مطلق بنتے ہیں، صرف مطلقاً کبھی حال بھی بن سکتا ہے۔[1]

۷)۔ مصدر عدد: مصدر عدد وہ ہے جو ما قبل فعل کے عدد کو بیان کرے، جیسے: "وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ۔" (الاسراء:۷)۔ "أَوَّلَ مَرَّةٍ" نے دخول کے عدد بیان کیا ہے کہ وہ ایک مرتبہ داخل ہوئے۔

۸)۔ اسم مصدر: اسم مصدر وہ ہے جو معنیٰ مصدری پر دلالت کرے اور ما قبل والا فعل اس سے مشتق نہ ہو اور الفاظ فعل سے کم ہو، جیسے: "كَلَّمْتُ كَلَاماً، سَلَّمْتُ سَلَاماً".

۹)۔ مصدر مؤول: مصدر مؤول وہ ہے کہ جملہ پر چھ چیزوں (ما، ان، اَن، لو، کی، ہمزہ تسویہ) میں سے کوئی ایک داخل ہو اور اسے مفرد کی تاویل میں کر دیا ہو، جیسے: "وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ" یہ "صِيَامَكُمْ" مصدر کی تاویل میں ہے۔

۹)۔ عَلَم مصدر: علم مصدر وہ ہے جو معنیٰ مصدری پر دلالت کرے اور نہ ما قبل فعل اس سے مشتق ہو، بلکہ کسی اور شئی کے لیے علم ہو، جیسے: "سبحان"، یہ تسبیح کا علم ہے۔[2]

مصدر اور اسم مصدر میں فرق:

اکثر متقدمین کے نزدیک مصدر اور اسم مصدر میں کوئی فرق نہیں دونوں ایک ہی چیز ہیں، جب کہ متاخرین حضرات کے نزدیک مصدر اور اسم مصدر میں فرق پایا جاتا ہے:

پہلا فرق یہ ہے کہ مصدر فقط وصف پر دلالت کرتا ہے جب کہ اسم مصدر وصف پر دلالت نہیں کرتا جیسے: "عَطَاءٌ" کہ یہ "أَعْطَى" سے اسم مصدر ہے اسم مصدر اس لیے ہے کہ یہ محض وصف پر دلالت نہیں کرتا بلکہ عطاء اس چیز کو کہتے ہیں جو دی جائے اس لحاظ سے اس نے اسم کی حیثیت اختیار کی ہے۔

دوسرا فرق یہ ہے کہ مصدر میں اپنے فعل کے تمام حروف کا موجود ہونا ضروری ہے، خواہ لفظا ہوں یا تقدیرا یا تعویضا، لفظاً کی مثال جیسے: "ضَرَبَ" کہ اس میں "ضَرَبَ" فعل کے تمام حروف موجود ہیں، تقدیرا کی مثال جیسے: "هُدًى" اس کا فعل "هُدَى" ہے اب "هُدًى" میں تلفظ کے اعتبار سے یاء اگرچہ محذوف ہے لیکن اصل میں موجود تھی جو بعد میں حذف ہو گئی تو تقدیرا یہاں "یاء" موجود ہے، تعویضاً کی مثال جیسے: "عِدَةٌ" جو "وِعْدٌ" فعل کا مصدر ہے یہ اصل میں "وعد" تھا اس میں

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۴۱/۳۔

[2] بدر السعید: ۳۸۷، جامع الدروس العربیۃ: ۲۷۹/۳، موسوعۃ النحو والصرف: ۶۲۶۔

اگرچہ ”واؤ“ محذوف ہے لیکن تعویضاً (یعنی حرف محذوف کے عوض میں کوئی اور حرف آیا ہو) واؤ موجود ہے کہ اس کے عوض میں تاء آئی ہے۔

تیسرا فرق یہ ہے کہ مصدر اسے کہتے ہیں جس کے لیے اسی لفظ سے فعل متصرف ہو، جیسے: ”ضَرَبٌ“ سے ”ضَرَبَ“ وغیرہ اور اسم مصدر اسے کہتے ہیں جس کے لیے اسی لفظ سے فعل متصرف نہ ہو، جیسے: ”قَهْقَرِیٌّ“.[1]

اسم مصدر، علم مصدر اور نفس مصدر میں فرق:

اسم مصدر علم مصدر اور نفس مصدر میں فرق یہ ہے کہ اسم مصدر معنی حدثی پر دلالت کرتا ہے لیکن مشتق منہ نہیں ہوتا، جیسے: ”سُبْحَانُ“، علم مصدر وہ ہوتا ہے جو نہ مشتق ہو اور نہ معنی حدثی پر دلالت کرتا ہو بلکہ کسی کا علم ہوتا ہے، جیسے: ”عُثْمَانُ“ اور نفس مصدر اسے کہتے ہیں: جو مشتق منہ ہونے کے ساتھ ساتھ معنی حدثی پر دلالت کرے، جیسے: ”النَّصْرُ“.

مصدر اصل ہے یا فعل؟

اشتقاق اور مشتق منہ کے اعتبار سے مصدر اصل یا فعل۔ اس میں بصریین اور کوفیین کا اختلاف ہے کہ بصریین کہتے ہیں کہ مصدر اصل ہے، فعل ماضی اور مشتقات فرع ہیں، ان کی پہلی دلیل یہ ہے کہ تمام افعال اور اسمائے مشتقہ کے معانی کے لیے مصدری معنی مادہ اور اصل ہے تو مصدر کا لفظ بھی تمام مشتقات کے لیے مادہ اور اصل ہو گا۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ مصدر کا مفہوم (حدث) مفرد ہے اور فعل کا مفہوم مرکب ہوتا ہے، کیونکہ فعل حدث، زمانہ اور نسبت الی الفاعل تینوں پر دلالت کرتا ہے اور مفرد مرکب پر مقدم اور سابق ہوتا ہے، لہذا سابق (مصدر) کو اصل قرار دینا لاحق (فعل) کو اصل قرار دینے سے اولیٰ اور بہتر ہے، کیونکہ سابق ہونا اصل کا خاصہ ہے، لہذا مصدر جب فعل کا اصل ہوا تو متعلقاتِ فعل، اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم تفضیل، صفت مشبہ بدرجہ اولیٰ فرع ہوئے اور اگر فعل کو اصل قرار دیا جائے جیسا کہ کوفیین کہتے ہیں تو وضع کے خلاف لازم آئے گا۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ مصدر اسم ہے اور ہر اسم فعل سے افادہ میں مستغنی ہوتا ہے اور جو چیز مستغنی ہوتی ہے وہ اصل ہوتی ہے، لہذا اسم اصل ہے۔

چوتھی دلیل یہ ہے کہ اگر مصدر کو اصل اور مشتق منہ نہ مانا جائے تو اس صورت میں مصدر کو اسم ظرف کا صیغہ ماننے سے کوئی فائدہ نہ ہو گا، اس لیے لفظ مصدر اس بات کی دلیل ہے کہ مصدر فعل کا اصل اور مشتق منہ ہے اور فعل و متعلقاتِ فعل، اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ فرع اور مشتق ہیں۔

کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ باعتبار اشتقاق فعل اصل اور مصدر فرع ہے، ان کی پہلی دلیل یہ ہے کہ تعلیل میں اصل فعل

---

[1] شرح الشافیۃ للرضی: ۱/۱۶۰۔

ہے، کیونکہ مصدر کی تعلیل کادارو مدار فعل کی تعلیل پر ہے، گویا مصدر تابع اور فعل متبوع ہوااور قاعدہ ہے کہ متبوع اصل اور تابع فرع ہوتی ہے، اس لیے کہ اگر مصدر فرع نہ ہوتا تو تابع نہ ہوتا اور صحت و سقم میں کسی کا تابع ہونا یہ فرع کی دلیل ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ مصدر کبھی فعل کی تاکید کے لیے واقع ہوتا ہے، جیسے: ''ضَرَبْتُ ضَرْباً'' اور تاکید کی ایک قسم ہے، لہذا تاکید (مصدر) مؤکد یعنی فعل کی فرع ثابت ہوئی، کیونکہ مؤکد بالفتح اصل اور متبوع ہے اور مؤکد بالکسر تابع و فرع ہے۔ تیسری دلیل یہ ہے کہ فعل مصدر کے بغیر پایا جاتا ہے، جیسے: ''لَيْسَ، عَسَى'' وغیرہ۔ مگر مصدر فعل کے بغیر نہیں پایا جاتا، لہذا مصدر محتاج ہوا اور محتاج فرع ہوا کرتا ہے، اس طرح فعل اصل ہوا اور مصدر فرع ہوا۔

جانبین کے دلائل کا محاکمہ کرنے کے بعد یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ بصریین کا مذہب راجح ہے، شارح مراح الارواح صاحب الحنفیہ علامہ مہدی اور صاحب فلاح علامہ ابن کمال پاشا نے بصریین کی مذہب کی تائید و تصویب کی ہے اور بعض حضرات صاحب علم الصیغہ وغیرہ نے کوفیین کے مذہب کو راجح قرار دیا ہے۔ [1]

فریقین کے اختلاف کا ثمرہ یہ ہوگا کہ بصریین کے نزدیک اسمائے مشتقہ چھے ہیں: اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم تفضیل، صفتِ مشبہ، یہ سارے مصدر کے اقسام ہوئے اور کوفیین کے نزدیک اسماء مشتقہ سات ہوئے، چھ اقسام مذکورہ اور ایک مصدر۔ یہ ساتوں فعل کے مشتقات ہوں گے۔

اسم مضاف:

اسمائے عاملہ کی نویں قسم اسم مضاف ہے، مضاف وہ ہے جس کی نسبت کسی دوسری چیز کی طرف بواسطہ تقدیر حرف جر کے کی جائے، پھر مضاف الیہ کے عامل میں اختلاف ہے، جمہور اور امام سیبویہؒ کا مذہب یہ ہے کہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان حرف جر مقدر ہے [2]، لیکن مضاف الیہ میں عامل مضاف ہوتا ہے اور امام زجاجؒ، ابن حاجبؒ اور دیگر حضرات فرماتے ہیں کہ مضاف الیہ میں عامل حرف جر مقدر ہے۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مصدر کا معلوم یا مجہول ہونا اس کے معنی سے ہوگا، مثلاً ''ضَرْبٌ'' مصدر معلوم کا ترجمہ ہوگا: ''مارنا'' اور مصدر مجہول کا ترجمہ ہوگا: ''مارا جانا''۔

---

[1] مراح الارواح: ۱۰-۱۱، الحنفیہ: ۱۰-۲۰، حاشیہ فلاح: ۱۰-۱۵، مشکلات الصرف: ۳۶-۴۱، ہامش ارشاد الصرف: ۲۵.

[2] علامہ ابوحیان اندلسیؒ اور ابن درستویہؒ کے نزدیک مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان حرف جر مقدر نہیں ہوتا، جب کہ جمہور نحات کے نزدیک حرف جر باعتبار مقتضی کے مقدر ہوتا ہے، یعنی اگر تقدیر ''لام'' کا تقاضہ کرتا ہو تو لام مقدر ہوگا، اگر تقدیر ''فِيْ'' کا تقاضا کرتا ہو تو ''فِيْ'' مقدر ہوگا اور اگر تقدیر ''مِنْ'' کا تقاضا کرتا ہو تو ''مِنْ'' مقدر ہوگا۔ (بدر السعید: ۳۸۸).

قاعدہ: مصدر کا فاعل مستتر نہیں ہوتا اور نہ ہی اس کے معمول کو اس پر مقدم کرنا جائز ہے[1]۔
قاعدہ: مصدر میں فاعل کا ذکر کرنا ضروری نہیں کیونکہ مصدر کا تصور فاعل پر موقوف نہیں۔
قاعدہ: مصدر اکثر اپنے فاعل یا مفعول کی طرف مضاف ہو کر مستعمل ہوتا ہے، جیسے:"أَعْجَبَنِيْ قِيَامُ زَيْدٍ"(زید کے کھڑے ہونے نے مجھے تعجب میں ڈال دیا)،اس جگہ مصدر "قیام" مصدر لازم اپنے فاعل "زید" کی طرف مضاف ہے اور "زید" اگرچہ مضاف ہونے کے اعتبار سے مجرور ہے، لیکن حقیقت میں محل رفع میں ہے کیونکہ وہ مصدر لازم کا فاعل ہے اور اسی طرح "عَجِبْتُ مِنْ دَقِّ الْقَصَّارِ الثَّوْبَ"(میں حیران ہوا دھوبی کے کپڑا کوٹنے سے)،اس جگہ "الْقَصَّارِ" فاعل لفظا مجرور اور محلاً مرفوع ہے، کیونکہ یہ "دَقِّ" مصدر متعدی کا فاعل ہے اور "عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ اللُّصِّ الْجَلَّادَ"(میں حیران ہوا جلاد کے چور کو مارنے سے)،اس جگہ "اللُّصَّ" مفعول بہ لفظاً مجرور اور محلاً منصوب ہے، کیونکہ یہ "ضرب" مصدر متعدی کا مفعول بہ ہے۔[2]
فائدہ: اضافت کی دو قسمیں ہیں:۱۔ اضافت لفظیہ ۲۔ اضافت معنویہ
۱)۔ اضافت لفظیہ:وہ ہے جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت ہو جو اپنے معمول(فاعل،مفعول بہ)کی طرف مضاف ہو، جیسے: "ضَارِبُ زَيْدٍ"-اس کو اضافت غیر محضہ، اضافت مجازیہ اور اضافت منفصلہ بھی کہتے ہیں۔
۲)۔ اضافت معنویہ:وہ ہے جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت نہ ہو، جو اپنے معمول(فاعل،مفعول بہ) کی طرف مضاف ہو، جیسے "غُلَامُ زَيْدٍ". پھر اضافت معنویہ کی تین قسمیں ہیں:۔۱۔ اضافت لامیہ ۲۔ اضافت بیانیہ ۳۔ اضافت فویہ۔
۱)۔ اضافت لامیہ:وہ ہے جس میں مضاف الیہ نہ تو مضاف کی جنس سے ہو اور نہ ہی مضاف کے لیے ظرف ہو، جیسے "غُلَامُ زَيْدٍ"،أَيْ غُلَامٌ لِزَيْدٍ" یہ اضافت بتقدیر "لام" ہوتی ہے۔
۲)۔ اضافت بیانیہ:وہ ہے جس میں مضاف الیہ مضاف کی جنس سے ہو، جیسے:"خَاتِمُ فِضَّةٍ، أَيْ خَاتِمٌ مِنْ فِضَّةٍ" یہ اضافت بتقدیر "مِنْ" ہوتی ہے۔
۳)۔ اضافت فویہ:وہ ہے جس میں مضاف الیہ ظرف ہو، خواہ ظرف زمان ہو، یا ظرف مکان ہو، جیسے:"مَكْرُ اللَّيْلِ، صَاحِبِ ی السَّجْنِ، أَيْ مَكْرٌ فِي اللَّيْلِ، أَيْ صَاحِبِ فِي السِّجْنِ". یہ اضافت بتقدیر "فی" ہوتی ہے۔
چند حل شدہ تراکیب:
✍ ... مصدر(لازمی)کی مثال:"أَعْجَبَنِيْ قِيَامُ زَيْدٍ":
"أَعْجَبَ"،صیغہ فعل ماضی معلوم... "ن" وقایہ... "ی"،ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلاً... "قِيَامُ" فاعلش مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظاً...باز "قِيَامُ" مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "زَيْدٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً و مرفوع معنًا بنا بر فاعلیت۔
✍ ... مصدر(متعدی)کی مثال:أَعْجَبَنِيْ ضَرْبُ زَيْدٍ عَمْرًوا:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲۷۸/۳۔
[2] جامع الدروس العربیۃ:۳۷۸/۲۔

"أَعْجَبَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "ن" وقایہ... "ی" ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلا... "ضَرْبُ" فاعلش مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "ضَرْبُ" مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "زَيْدٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا و مرفوع معنا بنا بر فاعلیت... "عَمْرًوا" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظًا۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسمائے عاملہ میں سے مصدر اور اسم مضاف کی تعیین کیجیے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ. ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا. يسرُّني شكرُك المنعمَ. إطاعتُك الرئيسَ فضيلةٌ. تَحْسُنُ بكَ مكافأةٌ كلَّ مُحْسَنٍ. نَحْنُ في انتظارٍ أنباءَ الْبَرِيدِ. واجبٌ عَلَيْنَا تشجيعُ كلَّ مُجْتَهد. عَمُّك حَسَنُ التَّهذِيبِ أبناءَهُ. الْعَاقِلُ شَدِيدُ الْحُبِّ وطنَهُ. أخُوكَ كَثِيرُ الإتْقانِ عملَهُ. سَرَّنِيْ إِنْصَافُكَ الضُّعَفَاءَ. حُبُّكَ الْأَوْطَانَ مِنَ الْإِيْمَانِ. تَطْهِيْرُكَ بَدَنَكَ خَيْرٌ. إِيْذَاءُكَ أُمَّكَ مَعْصِيَةٌ كَبِيْرَةٌ. سَرِيعُ الْغَضَبِ مَذْمُومٌ. أَعْجَبَنِيْ تَعَلُّمُكَ الْحِسَابَ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ...لَخَلْقُ السَّماواتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ:

"لام" ابتدائیہ تاکیدیہ... "خَلْقُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "السَّماواتِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب معنًا بنا بر مفعولیت... "واؤ" عاطفہ... "الْأَرْضِ" معطوف... "السَّماواتِ" معطوف علیہ است... "أَكْبَرُ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "أَكْبَرُ" صیغہ اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "مِنْ" جارہ... "خَلْقِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أَكْبَرُ" شبہ فعل است... باز "خَلْقِ" مضاف... "النَّاسِ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظًا۔

✍ ..."تَطْهِيْرُكَ بَدَنَكَ خَيْرٌ":

"تَطْهِيْر" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف... "كَ" ضمیر خطاب مضاف الیہ است مجرور محلاً و مرفوع معنًا بنا بر فاعلیت... "بَدَنَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ مضاف... "كَ" ضمیر مخاطب مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "خَيْرٌ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظًا... باز "خَيْرٌ" اسم تفضیل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔

فصل ششم: اسم تام، اسمائے کنایہ اور عوامل معنویہ کا بیان

اسم تام کی تعریف:

اسم تام وہ اسم ہے جس کی موجودہ حالت میں اضافت ممکن نہ ہو اور یہ اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے کیونکہ اس کی مشابہت فعل کیساتھ ہے تو جس طرح فعل فاعل سے تام ہو کر مفعول کو نصب دیتا ہے اسی طرح اسم بھی درج ذیل چھ چیزوں سے تام ہو کر شبہ مفعول بہ کو نصب دیتا ہے۔

۱) تنوین کیساتھ تام ہو، خواہ تنوین ملفوظہ ہو، جیسے: "عِنْدِیْ رِطْلٌ زَیْتًا" میں "رِطْلٌ"، یا تنوین مقدرہ ہو، جیسے: "عِنْدِیْ أَحَدَعَشَرَ رَجُلًا" میں "عَشَرَ" جو اصل میں "عَشَرٌ" تھا۔

۲) نون تثنیہ کیساتھ تام ہو، جیسے: "عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا" میں "قَفِیْزَانِ" نون تثنیہ کیساتھ تام ہے۔

۳) نون جمع حقیقی (نون جمع مذکر سالم) کیساتھ تام ہو، جیسے: "هَلْ نُنَبِّئُکُمْ بِالْأَخْسَرِینَ أَعْمَالًا."

۴) مشابہ نون جمع مذکر سالم کیساتھ تام ہو، جیسے: "عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا." اس مثال میں "عِشْرُوْنَ" اسم تام ہے اور "دِرْهَمًا" اس کی تمیز ہے۔

۵) اضافت کیساتھ تام ہو، جیسے: "عِنْدِیْ مِلْؤُهُ عَسَلًا"، اس مثال میں "مِلْؤُهُ" اسم تام ہے اور "عَسَلًا" اس کی تمیز ہے[1]۔

اسمائے کنایہ کی تعریف:

اسمائے کنایات وہ اسماء ہیں، جو بات مبہم یا عدد مبہم پر دال ہوتے ہیں، بات مبہم کے لیے دو لفظ "کَیْتَ وَذَیْتَ" استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از حدیث کہتے ہیں اور عدد مبہم کے لیے بھی دو لفظ "کَمْ، کَذَا" استعمال ہوتے ہیں، انہیں کنایہ از عدد کہتے ہیں[2]۔

۲۔ اسمائے کنایہ کی اقسام:

اسمائے کنایہ کی عمل کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: (الف): عاملہ (ب): غیر عاملہ

(الف): عاملہ: اسمائے کنایہ عاملہ وہ ہیں جو عمل کرتے ہیں، جیسے: "کَمْ، کَذَا، کَأَیِّنْ"، ان میں "کَمْ" استفہامیہ اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے اور کم خبر تمیز کو جر دیتا ہے اور "کَذَا" بھی اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے اور اسی طرح "کَأَیِّنْ" کے بعد اگر "مِنْ" جارہ نہ ہو تو تمیز کو نصب دیتا ہے۔

---

[1] شرح الرضی علی الکافیۃ: ۶۳/۲۔

[2] اسمائے کنایات کی تفصیل اسم غیر متمکن کی اقسام کے ذیل میں بیان ہو چکی ہے۔

(ب): غیر عاملہ: اسمائے کنایہ غیر عاملہ وہ ہیں جو عمل نہیں کرتے، جیسے: ''كَيْتَ، ذَيْتَ''، یہ اپنی مدخول میں کوئی عمل نہیں کرتے۔

۳۔ ''كَمْ'' کی اقسام:

''كَم'' کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ خبریہ (ب)۔ استفہامیہ

(الف)۔ ''كَمْ'' خبریہ (بمعنی أيُّ عَدَدٍ): وہ اسم ہے جس میں خبر کا معنی ہو، اس کی تمیز کبھی مفرد مجرور ہوتی ہے، جیسے: ''كَمْ رَجُلٍ عِنْدِيْ''۔ اور کبھی جمع مجرور ہوتی ہے، جیسے: ''كَمْ رِجَالٍ عِنْدِيْ''۔ لیکن اگر ''كَمْ'' خبریہ اور اس کی تمیز کے درمیان فاصلہ ہو تو پھر اس کی تمیز منصوب ہوتی ہے، جیسے: ''كَمْ فِي الدَّارِ رَجُلًا''.

(ب)۔ ''كَمْ'' استفہامیہ (بمعنی عَدَدٍ كَثِيْرٍ): وہ اسم ہے، جس میں استفہام کا معنی ہو، اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے، جیسے ''كَمْ رَجُلًا عِنْدَكَ''؟۔ نیز اس کی تمیز اکثر محذوف ہوتی ہے اور اگر ''كَمْ'' استفہامیہ اور ''كَمْ'' خبریہ کی تمیز پر ''مِنْ'' داخل ہو تو اس کی تمیز مجرور ہوتی ہے، جیسے: ''كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنَّاتٍ'' اور ''كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ''.[1]

۴۔ ''كَذَا'' کی اقسام:

''كَذَا'' ہمیشہ خبریہ ہوتا ہے اور اپنی تمیز کو نصب دیتا ہے، اس کی تین قسمیں ہیں:

(الف)۔ کنایہ از عدد، جیسے: ''جَاءَ كَذَا مُعَلِّماً''. (ب)۔ کنایہ از حدیث، جیسے: ''قَالَ الْمُعَلِّمُ كَذَا''. (ج)۔ عمل سے کنایہ ہو، جیسے: ''عَمِلَ كَذَا'' اور خود ''كَذَا'' مبنی بر سکون ہوتا ہے اور جملہ میں اعراب کے مطابق واقع ہوتا ہے، پہلی مثال میں محل رفع میں فاعل واقع ہے، دوسری اور تیسری مثال میں محل نصب میں مفعول بہ واقع ہے۔

اسم عدد کی تعریف واقسام:

اسم عدد وہ لفظ ہے جس کے ذریعے چیزوں کو شمار کیا جاتا ہے، پھر اسمائے عدد کی مختلف اعتبارات سے متعدد تقسیمات ہیں:

پہلی تقسیم: مرتبہ کے اعتبار سے:

اسمائے اعداد کی مرتبہ کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں: ۱)۔ عددِ اقل ۲)۔ عددِ اوسط ۳)۔ عددِ اکثر۔

۱)۔ عدد اقل: ''وَاحِدٌ'' سے ''عَشَرَ'' تک عدد اقل ہے۔

۲)۔ عدد اوسط: ''أَحَدَ عَشَرَ'' سے ''تِسْعٌ وَّتِسْعِيْنَ'' تک عدد اوسط ہے۔

۳)۔ عدد اکثر: ''مَأَةٌ'' سے مالانہایۃ تک عدد اکثر ہے اور اس کے لیے پانچ طرح کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں: ۱) مَأَةٌ، ۲) مَأَتَانِ، ۳) أَلْفٌ، ۴) أَلْفَانِ، ۵) آلَافٌ.

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱/۱۴۵۔

دوسری تقسیم: تذکیر و تانیث کے اعتبار سے:

اسمائے اعداد کی تذکیر و تانیث کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ اسمائے عدد ہیں جو مذکر کے لیے مذکر اور مؤنث کے لیے مؤنث مستعمل ہوتے ہیں اور یہ تین ہیں: ۱) وَاحِدٌ، ۲) إِثْنَانِ، ۳) ہر وہ عدد جو "فَاعِلٌ" کے وزن پر ہو، جیسے: "ثَانِيْ، ثَالِثٌ، رَابِعٌ" وغیرہ، یعنی اگر یہ مذکر ہوں تو "وَاحِدٌ، إِثْنَانِ" اور "فَاعِلٌ" کے وزن پر ہوں گے اور اگر مؤنث ہوں تو "وَاحِدَةٌ، إِثْنَتَانِ" اور "فَاعِلَةٌ" کے وزن پر ہوں گے۔

دوسری قسم: وہ اسمائے عدد ہیں جو مذکر کے لیے مؤنث اور مؤنث کے لیے مذکر مستعمل ہوتے ہیں اور یہ "ثَلَاثَةٌ" سے لے کر "تِسْعَةٌ" تک اعداد ہیں، خواہ "عَشَرَةٌ" کیساتھ مرکب ہوں، جیسے: "ثَلَاثَةُ رِجَالٍ، ثَلَاثُ إِمْرَأَةٍ، ثَلَاثَةُ عَشَرَ رَجُلاً، ثَلَاثُ عَشَرَةَ إِمْرَأَةً"۔ لیکن اس کے لیے دو شرطیں ہیں: ۱) معدود مذکور ہو۔ ۲) یا عدد اس کی طرف مضاف ہو اور اگر ان میں سے ایک شرط بھی مفقود ہو تو پھر مذکر و مؤنث دونوں جائز ہیں، یعنی اگر معدود محذوف ہو تو پھر مذکر مونث دونوں لانا جائز ہے۔

تیسری قسم: اسمائے عدد میں لفظ "عَشْرَةٌ" ہے اس کی دو صورتیں ہیں: مرکب ہو گا یا غیر مرکب، اگر مرکب ہو تو مؤنث کے لیے مؤنث اور مذکر کے لیے مذکر مستعمل ہوتا ہے، جیسے: "أَحَدَعَشَرَ كَوْكَباً، إِثْنَتَاعَشَرَةَ عَيْناً"، اور اگر غیر مرکب ہو تو عدد اقل کی طرح ہے، یعنی مذکر کے لیے مؤنث اور مؤنث کے لیے مذکر استعمال ہوتا ہے۔[1]

تیسری تقسیم: اسمائے عدد کی تمیز کے اعتبار سے:

اسمائے عدد کی تمیز کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں[2]:

پہلی قسم: وہ اعداد ہیں جو تمیز کی طرف محتاج نہیں اور وہ "وَاحِدٌ" اور "إِثْنَانِ" ہیں۔

دوسری قسم: وہ اعداد ہیں جن کی تمیز جمع مجرور آتی ہے اور وہ "ثَلَاثَةٌ" سے "عَشَرَ" تک ہے، بشرطیکہ ان کی تمیز میں لفظ "مَأَةٌ" نہ ہو، اگر لفظ "مَأَةٌ" ہو تو پھر تمیز مفرد مجرور آئے گی، جیسے: "ثَلَاثَ مَأَةُ دِرْهَمٍ"۔

تیسری قسم: وہ اعداد ہیں جن کی تمیز مفرد منصوب آتی ہے اور یہ "أَحَدَعَشَرَ" سے لے کر "تِسْعٌ وَّتِسْعِيْن" تک ہیں۔

چوتھی قسم: وہ اعداد ہیں جن کی تمیز مفرد مجرور آتی ہے اور وہ "مَأَةٌ" اور "أَلْفٌ" ہیں، جیسے: "مَائَةُ رَجُلٍ" اور "مائةُ عَامِلٍ"۔

عوامل معنویہ:

عوامل معنویہ کا مطلب یہ ہے کہ یہ لفظوں میں ظاہر نہیں ہوتے، عوامل معنوی دو ہیں:

---

[1] النحو الوافی: ۴۲۰/۲۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۱۱۶/۳۔

(الف): ابتداء (ب): خلو

(الف)۔ ابتداء: یعنی اسم کا عامل لفظی سے خالی ہونا، پھر یہ عامل لفظی کا خالی ہونا مسند الیہ بننے کے لیے ہو گا یا مسند بننے کے لیے ہو گا، اگر مسند الیہ بننے کے لیے ہو تو یہ مبتداء کو رفع دیتا ہے، جیسے: ''زَيْدٌ قَائِمٌ''، ''زَيْدٌ'' اور ''قَائِمٌ'' ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہیں اور اگر مسند بننے کے لیے ہو تو یہ خبر اور مبتداء کی قسم ثانی کو رفع دیتا ہے، جیسے: ''مَا قَائِمٌ زَيْدٌ''، یہاں ''قَائِمٌ'' مبتداء کی قسم ثانی ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہے۔

مبتداء کے عامل میں اختلاف ہے، علامہ زمخشریؒ کے نزدیک مبتداء اور خبر دونوں کا عامل معنوی ہے، یعنی ابتداء مبتداء اور خبر دونوں کو رفع دیتا ہے، جیسے: ''زَيْدٌ قَائِمٌ'' میں ''زَيْدٌ'' مبتداء اور ''قَائِمٌ'' خبر دونوں ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہیں۔ امام کسائیؒ اور امام فراءؒ کے نزدیک مبتداء اور خبر دونوں کا عامل لفظی ہے، یعنی مبتداء خبر میں عامل اور خبر مبتداء میں عامل ہے، امام سیبویہؒ فرماتے ہیں کہ مبتداء کا عامل معنوی ابتداء ہے اور خبر کا عامل لفظی مبتداء ہے، یہی مذہب راجح ہے۔

(ب)۔ خلو: فعل مضارع کا عامل ناصب اور جازم سے خالی ہونا: یہی خالی ہونا فعل مضارع کو رفع دیتا ہے، جیسے: ''يَضْرِبُ زَيْدٌ'' میں ''يَضْرِبُ'' کو رفع اس وجہ سے ہے کہ عامل ناصب اور جازم سے خالی ہے اور اسی طرح فعل مضارع کے عامل رافع میں بھی اختلاف ہے، امام کسائیؒ کا مذہب یہ ہے کہ اس کا عامل لفظی حروف اتین ہیں اور جمہور حضرات کے نزدیک اس کا عامل معنوی ہے، پھر عامل معنوی کی تفصیل میں اختلاف ہے، کوفیین فرماتے ہیں کہ فعل مضارع جب مرفوع ہو تو اس کا عامل معنوی ہوتا ہے، بشرطیکہ عامل ناصب اور جازم سے خالی ہو۔ جب کہ بصریین کے نزدیک مضارع مرفوع کا عامل رافع، مضارع کی جگہ میں واقع ہونا ہے۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: عدد اقل میں ''وَاحِدٌ'' اور ''إِثْنَانَ'' کی تمیز نہیں آتی۔ اور ''ثَلَاثَةٌ'' سے ''عَشَرَ'' کی تمیز جمع مجرور آتی ہے اور عدد کے مخالف ہوتی ہے، یعنی اگر تمیز مذکر ہو تو عدد مؤنث ہو گا، جیسے ''ثَلَاثَةُ رِجَالٍ'' اور اگر تمیز مؤنث ہو تو عدد مذکر ہو گا، جیسے: ''ثَلٰثُ نِسْوَةٌ''. عدد اوسط کی تمیز مفرد منصوب آتی ہے، جیسے: ''أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا، أَحَدٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلًا''. عدد اکثر، اس کی تمیز مفرد مجرور آتی ہے [1]۔

فائدہ: ''كَأَيِّن'' کو ''كَأيّ'' بھی لکھا جاتا ہے۔ یہ ''كَمْ'' خبریہ کے معنی میں ہوتا ہے اور اس کیساتھ پانچ چیزوں میں موافق ہے:۔ ا۔ دونوں مبہم ہیں۔ ۲۔ دونوں تمیز کا تقاضہ کرتے ہیں۔ ۳۔ دونوں مبنی ہیں۔ ۴۔ دونوں صدارتِ کلام چاہتے ہیں۔ ۵۔ دونوں تکثیر کا فائدہ دیتے ہیں، جیسے ''وَكَأَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيْرٌ'' (ال عمران:۱۴۶)، ''وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ

---

(۱) جامع الدروس العربیۃ: ۱۱۶/۳۔

لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا، اللهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ"۔ اور جب کہ چار امور میں مختلف ہے:۔ ۱۔ "كَأَيِّنْ" مرکب ہے اور "كَمْ" خبریہ بسیط ہے۔ ۲۔ "كَأَيِّنْ" کی تمیز اکثر "مِنْ" جارہ کی وجہ سے مجرور ہوتی ہے، بخلاف "كَمْ" کے۔ ۳۔ "كَأَيِّنْ" جمہور کے نزدیک استفہامیہ واقع نہیں ہوتا۔ ۴۔ "كَأَيِّنْ" کی خبر مفرد واقع نہیں ہوتی، بلکہ جملہ ہوتی ہے۔ [1]

قاعدہ اکثر "كَذَا وَكَذَا" مکرر استعمال ہوتا ہے، تاہم کبھی بغیر "واؤ" کے بھی مکرر استعمال ہوتا ہے۔

قاعدہ: "بِضْعٌ" سے مراد تین سے لے کر نو تک کوئی غیر معین عدد ہے، مذکر کے لیے "بِضْعَةٌ" اور مؤنث کے لیے "بِضْعٌ" کا لفظ استعمال ہوتا ہے، مذکر کی مثال، جیسے: "بِضْعَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کی مثال، جیسے: "بِضْعَةُ نِسَاءٍ"، کیونکہ تین سے لے کر دس تک ممیز تمیز کے خلاف ہوتا ہے اور "بِضْعٌ" کا لفظ عدد سے پہلے آتا ہے، جیسے: "الإِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً" اور اگر اس کی تمیز علیحدہ ہو تو عدد کے بعد بھی آتا ہے، جیسے: "عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَماً وَّبِضْعَةَ دَنَانِيْرَ". [2]

قاعدہ: "نَيِّفٌ" کسی دہائی، سینکڑہ یا ہزار کے بعد استعمال ہوتا ہے، جیسے: "عِنْدِیْ عِشْرُوْنَ دِرْهَماً وَّ نَيِّفٌ" اور اس سے مراد بیس اور تیس کا درمیانی عدد ہے۔ [3]

چند حل شدہ تراکیب:

✍ ... اسم تام بالتنوین کی مثال: "عِنْدِيْ رِطْلٌ زَيْتاً":

"عِنْدِيْ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا... "عِنْد" مفعول فیہ است منصوب تقدیرا ظرف مضاف ... "ي" ضمیر متکلم مضاف الیہ او ست مجرور محلًا... ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" و یا کہ "ثَابِتٌ"، فعل مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین ... "ثَبَتَ" صیغہ فعل ماضی معلوم الخ... "رِطْلٌ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا اسم تام مع تنوین ملفوظ مبہم ممیز ناصب التمیز... "زَيْتاً" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ... اسم تام مع الاضافت کی مثال: "عَلى التَّمْرَةِ مِثْلُها زَبَداً":

"عَلى التَّمْرَةِ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا... "عَلى" جارہ... "اَلتَّمْرَةِ" مجرور بالکسرہ لفظا منصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" و یا کہ "ثَابِتٌ"، فعل مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ... "مِثْلُ" مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظا مضاف... "ها" ضمیر غائبہ مضاف الیہ او ست مجرور محلًا... راجع بسوئے "اَلتَّمْرَةِ" اسم تام مع الاضافت مبہم ممیز ناصب التمیز... "زَبَداً" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ... عدد اقل کی مثال: "عِنْدِیْ ثَلَاثَةُ رِجَالٍ":

"عِنْدِیْ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلًا... "عِنْدَ" مفعول فیہ است منصوب تقدیرا ظرف مضاف... "ي" ضمیر متکلم مضاف

---

[1] النحو الوافی: ۵۷۹/۴۔

[2] الارتشاف: ۷۵۶/۲، النحو الوافی: ۵۱۹/۴۔

[3] ہمع الہوامع: ۲۵۵/۳، الارتشاف: ۲۵۶/۲۔

الیہ اوست مجرور محلًا... ظرف متعلق بہ ”ثَبَتَ“ ویاکہ ”ثَابِتٌ“ مقدر است الخ... ”ثَبَتَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے مبتداء... ویاکہ ”ثَابِتٌ“ الخ... ”ثَلَاثَةُ“ مبتداء مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظًا اسم عدد مبہم ممیز مضاف...، ”رِجَالٍ“ تمیزش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا۔

✍ ...عدد اوسط کی مثال: ”عِنْدِيْ أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا“:

”عِنْدِيْ“ کہ ترکیبش ما قبل گذشتہ... ”أَحَدَعَشَرَ“ مبتداء مؤخر است مرفوع محلًا ...باز ”أَحَدَعَشَرَ“ اسم عدد مبہم ممیز ناصب التمیز... ”رَجُلًا“ تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ... ”كَمْ“ استفہامیہ کی مثال: ”كَمْ رَجُلاً عِنْدَكَ“:

”كَمْ“ استفہامیہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلًا... ”رَجُلاً“ تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا... ”عِنْدَكَ“ ظرف مستقر خبرش مرفوع محلًا...باز ”عِنْدَ“ مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظًا ظرف مضاف... ”ك“ ضمیر خطاب مضاف الیہ اوست مجرور محلا،... ظرف متعلق بہ ”ثَبَتَ“ ویاکہ ”ثَابِتٌ“ مقدر است بنابر اختلاف مذہبین... ”ثَبَتَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء الخ...

✍ ... ”كَمْ“ خبریہ کی مثال: ”كَمْ فِي الدَّارِ رَجُلاً“:

”كَمْ“ خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلا... ”فِي الدَّارِ“ ظرف مستقر خبر اوست مرفوع محلًا... ”فِيْ“ جارہ... ”الدَّارِ“ مجرور بالکسرہ لفظًا ومنصوب محلًا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ”ثَبَتَ“ ویاکہ ”ثَابِتٌ“ مقدر است بنابر اختلاف مذہبین الخ... ”رَجُلاً“ تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا۔

✍ ... ”كَمْ“ خبریہ کی دوسری مثال: ”كَمْ دَارٍ بَنَيْتَ“ (جب اس کے اور اس کی تمیز کے درمیان فاصلہ نہ ہو) ”كَمْ“ خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلًا مضاف... ”دَارٍ“ تمیزش مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا... ”بَنَيْتَ“ فعل مؤخر است... باز ”بَنَيْتَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم... ”تَ“ ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا۔

✍ ... ”كَأَيِّنْ“ استفہامیہ کی مثال: ”كَأَيِّنْ رَجُلاً عِنْدَكَ“:

”كَأَيِّنْ“ استفہامیہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتداء است مرفوع محلًا... ”رَجُلاً“ تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا... ”عِنْدَكَ“ ظرف مستقر خبر اوست مرفوع محلًا...باز ”عِنْدَ“ مفعول فیہ اوست منصوب بافتحہ لفظًا ظرف مضاف... ”ك“ ضمیر خطاب مضاف الیہ اوست مجرور محلًا، الخ...

✍ ... ”كَأَيِّنْ“ خبریہ کی مثال: ”كَأَيِّنْ رَجُلاً لَّقِيْتُ“:

”كَأَيِّنْ“ خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلًا... ”رَجُلاً“ تمیزش منصوب بالفتحہ لفظًا ... ”لَقِيْتُ“ جملہ خبرش مرفوع محلًا...، باز ”لَقِيْتُ“ صیغہ فعل ماضی معلوم... ”تُ“ ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اسم تام، اسمائے کنایہ اور فعل مضارع کی عامل کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

مَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللهِ. إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ. نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا. اللهُ أَسْرَعُ مَكْرًا. لَيْسَ عِنْدِيْ قَدْرُحُفْنَةٍ حِنْطَةً. عِنْدَكَ مِلْؤُهُ عَسْلاً. كَمْ مُصَلٍّ عَنْ صَلَاتِه غَافِلٌ. كَمْ صَائِمٍ لَيْسَ لَه مِنْ صِيَامِه نَصِيْبٌ. كَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ. كَمْ رَكْعَةٍ صَلَّيْتَ. كَمْ يَوْماً غِبْتَ عَنِّيْ. هُمْ أَكْثَرُوْنَ مِنْكُمْ مَالًا. عِنْدِيْ كَذَا وَكَذَا دِرْهَماً. هَذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ. لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ. اللهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ. يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ. كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا. كَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا. كَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ. الْفِيلُ أَضْخَمُ مِنَ الْجَمَلِ. كأَيِّن منْ غنيٍّ لا يقنع. كَمْ تِلْميذاً اجْتَهَدَ؟ الأسدُ أشجعُ مِنَ النَّمِرِ. كَمْ بائسٍ مَاتَ جُوْعاً. كأَيِّنْ مِنْ كِتَابٍ لَا يُسَاوِي الْمِدَادَ الَّذِيْ كُتِبَ بِهِ. كَمْ دقيقةً انْتَظَرْتَنِي؟ غَرَسْتُ كَذَا شَجَرَةً. كَمْ مَدِينَةً شَاهَدَّتَ؟ كَمْ عُلُومٍ دَرَسْتَ. اِصْطَدْتُ كَذَا وَكَذَا عَصَافِيْرَ. الحديدُ أنفعُ مِنَ الذَّهَبِ. الْعَرَبُ أَكْثَرُ تَقَدُّماً مِنَ الشَّرْقِ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍ ... إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ:

"إِنْ" شرطیہ جازمہ جازمتا مستقبل ... "تَسْتَغْفِرْ" صیغہ فعل مضارع معلوم شرطش مجزوم بخذف حرکت ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا ... "لَ" جارہ ... "هُمْ" ضمیر غائبین مجرورو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "تَسْتَغْفِرْ" فعل است ... "سَبْعِينَ" مفعول بہ است منصوب بالیاء لفظاً اسم تام مع نون مشابہ بالجمع مبهم ممیز ناصب التمیز ... "مَرَّةً" تمیزش منصوب بالفتحہ لفظاً ... "ف" جزائیہ ... "لَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ" جملہ جزائش مجزوم محلاً الخ ...

✍ ... "لَيْسَ عِنْدِىْ قَدْرُ حُفْنَةٍ حِنْطَةً:

"لَيْسَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد ... "عِنْدِىْ" ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلاً ... "عِنْدَ" ظرف مضاف ... "ى" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلا ... ظرف متعلق بہ " ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتاً" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ ... "قَدْرُ" اسمش موخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ... "حُفْنَةٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظا اسم تام مع الاضافت مبهم ممیز ناصب التمیز ... "حِنْطَةً" تمیزش منصوب بالفتحہ لفظاً۔

✍ ... "كَمْ مُصَلٍّ عَنْ صَلَاتِهِ غَافِلٌ":

"كَمْ" خبریہ کنایہ از اسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلاً مضاف... "مُصَلٍّ" تمیز ش مضاف الیہ او ست مجرور بالکسرہ تقدیراً... "عَنْ" جارہ... "صَلَاةِ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "غَافِلٌ" شبہ فعل موخر است، ... باز "صَلَاةِ" مضاف... "ہ" مضاف الیہ او ست مجرور محلاً راجع بسوئے مبتداء... "غَافِلٌ" خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً... باز "غَافِلٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مبتداء۔

✍ ... "كَمْ صَائِمٍ لَيْسَ لَه مِنْ صِيَامِهِ نَصِيْبٌ":

"كَمْ" خبریہ کنایہ از اسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلاً مضاف... "صَائِمٍ" تمیز ش مضاف الیہ او ست مجرور بالکسرہ لفظاً... "لَيْسَ لَه" جملہ خبر ش مرفوع محلاً... "لَيْسَ" فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "لَه" ظرف مستقر خبر مقدم است منصوب محلا... "لَ" جارہ... "هُ" ضمیر غائب مجرور و منصوب مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتاً" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... "مِنْ" جارہ... "صِيَام" مجرور بالکسرہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "نَصِيْبٌ" شبہ فعل مؤخر است... باز "صِيَام" مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلا راجع بسوئے "صَائِمٍ"... "نَصِيْبٌ" اسمش موخر است مرفوع بالضمہ لفظا۔

✍ "كَمْ رَكْعَةً صَلَّيْتَ":

"كَمْ" استفہامیہ کنایہ از اسم عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلاً... "رَكْعَةً" تمیز ش منصوب بالفتحہ لفظاً... "صَلَّيْتَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "تَ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا۔

✍ ... "عِنْدِيْ كَذَا وَكَذَا":

"عِنْدِيْ" ظرف مستقر خبر مقدم است مرفوع محلا... "عِنْدِ" مفعول فیہ است منصوب تقدیراً ظرف مضاف... "يْ" ضمیر متکلم مضاف الیہ مجرور محلا، ... ظرف متعلق بہ "ثَبَتَ" ویا کہ "ثَابِتٌ" بناء بر اختلاف مذہبین الخ... "كَذَا" خبریہ کنایہ از عدد مبہم ممیز ناصب التمیز مبتدا مؤخر است مرفوع محلاً... "وَ" عاطفہ... "كَذَا" معطوف... "كَذَا" معطوف علیہ است... برائے تمیز ش محذوف کہ "دِرْهَماً" باشد۔

✍ ...يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ:

"يَعْلَمُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے اللہ... "مَا" ما موصولہ یا موصوفہ بمع صلہ و صفت خویش مفعول بہ است منصوب محلا... ،باز "مَا" ما موصولہ یا موصوفہ... "تُبْدُونَ" جملہ صلہ یا صفت او ست... باز "تُبْدُونَ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "وَ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا... عائد محذوف کہ تقدیر ش "إِيَّاه" باشد... "إِيَّاه" ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ او ست منصوب محلاً راجع بسوئے اسم موصول... "و" عاطفہ... "مَا تَكْتُمُونَ"... جملہ معطوف "مَا تُبْدُونَ" جملہ معطوف علیہ الخ...

✍ ...كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا:

"كَمْ"خبریہ کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلاً ... "مِنْ"زائدہ جارہ ... "قَرْيَةٍ"تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً...جار مجرور مستغنی از متعلق است ... "أَهْلَكْنَاهَا"جملہ خبرش مرفوع محلا ...باز"أَهْلَكْنَاهَا"صیغہ فعل ماضی معلوم... "نَا"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً ... "ها"ضمیر غائبہ مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے "قَرْيَةٍ"...ویا کہ "كَمْ"خبریہ کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مفعول بہ مقدم است منصوب محلاً مَاأُضْمِرَعَامِلُه عَلى شَرِيْطَةِ التَّفْسِيْرِ ... "مِنْ"زائدہ جارہ... "قَرْيَةٍ"تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً...جار مجرور مستغنی از متعلق است... "أَهْلَكْنَاهَا"جملہ مفسرہ ماقبل جملہ مفسَرہ ...باز" أَهْلَكْنَاهَا"صیغہ فعل ماضی معلوم... "نَا"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً... "ها" ضمیر غائبہ مفعول بہ اوست منصوب محلاً راجع بسوئے "قَرْيَةٍ"۔(اس صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:وَكَمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَهْلَكْنَاهَا). [۱]

✍ ... كَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ:

" كَأَيِّنْ "کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلا... "مِنْ"زائدہ جارہ... "آيَةٍ" تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً ...باز"آيَةٍ" موصوف... "فِي السَّمَاوَاتِ"ظرف مستقر صفت است مجرور محلاً... "فِي"جارہ... "السَّمَاوَاتِ"مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ" ثَابِتٍ" مقدر است... "ثَابِتٍ" اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف... "واوَ"عاطفہ... "الْأَرْضِ"معطوف... "السَّمَاوَاتِ" معطوف علیہ اوست ... " يَمُرُّونَ عَلَيْهَا" جملہ خبرش مرفوع محلا... "يَمُرُّونَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "واوَ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل ذوالحال... "عَلَى"جارہ... "هَا"ضمیر غائبہ مجرورومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے"آيَةٍ" ...ویا کہ"الْأَرْضِ"جار مجرور متعلق بہ"يَمُرُّونَ"فعل است... "واوَ"حالیہ... "هُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ"جملہ حال اوست منصوب محلا... "هُمْ"ضمیر غائبین مبتداء است مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "عَنْ"جارہ "هَا"ضمیر غائبہ مجرورومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ"مُعْرِضُونَ"شبہ فعل مؤخراست"مُعْرِضُونَ"خبرش مرفوع بالواوَ لفظاً...باز"مُعْرِضُونَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء... ویا کہ"كَأَيِّنْ" کنایہ ازاسم عدد مبہم ممیز مبتداء است مرفوع محلا... "مِنْ"زائدہ جارہ... "آيَةٍ" تمیزش مجرور بالکسرہ لفظاً... باز"آيَةٍ"موصوف... "فِي السَّمَاوَاتِ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا..."فِي"جارہ... "السَّمَاوَاتِ"مجرور بالکسرہ لفظاو منصوب محلامفعول بہ غیر صریح...جار مجرور متعلق بہ"ثَبَتَ"ویا کہ" ثَابِت" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... "واوَ"عاطفہ... "الْأَرْضِ"معطوف... "السَّمَاوَاتِ" معطوف علیہ اوست... "يَمُرُّونَ عَلَيْهَا"جملہ صفت اوست مجرور محلا الخ... [۲]

✍...لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ:

" لَا"نافیہ غیر عاملہ... "يُسْأَلُ"صیغہ فعل مضارع مجہول... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہٗ مرفوع محلاًذوالحال... "عَن"

[۱] الدرالمصون:۲۴۸/۵،اعراب القرآن درویش:۲۹۶/۳۔

[۲] التبیان لابی البقاء:۷۴۶/۲،اعراب القرآن درویش:۶۱/۵۔

جاره... "مَا" موصوله یا موصوفه بمع صله یا صفت خویش مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "لَا يُسْأَلُ" فعل است... باز "مَا" موصوله یا موصوفه... "يَفْعَلُ" جمله صله یا صفت است... باز "يَفْعَلُ" صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول... "واوَ" حالیه "هُمْ يُسْأَلُونَ" جمله حال اوست منصوب محلا... "هُمْ" ضمیر مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے ذوالحال... "يُسْأَلُونَ" جمله خبرش مرفوع محلاً... باز "يُسْأَلُونَ" صیغه فعل مضارع مجهول مرفوع باثبات نون اعرابی... "واوَ" ضمیر بارز مفعول مالم یسم فاعله اوست مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء... ویا که "واوَ" عاطفه... "هُمْ يُسْأَلُونَ" جمله معطوف... "لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ" جمله معطوف علیه اوست الخ... ویا که "واوَ" استنافیه مابعد جمله مستانِفه ما قبل جمله مستانَفه الخ... [1]

---

[1] اعراب القرآن درویش: ۲۹۵/۶، اعراب القرآن صافی: ۱۹/۱۷.

خاتمہ

خاتمہ درج ذیل چار فصلوں پر مشتمل ہے:

۞... فصل اول: توابع کا بیان ۞... فصل دوم: غیر منصرف کا بیان ۞... فصل سوم: حروفِ غیر عاملہ کا بیان ۞... فصل چہارم: مستثنیٰ کا بیان

فصل اول: توابع کا بیان

ا۔ تابع کی تعریف:

"كُلُّ ثَانٍ مُعْرَبٍ بِإِعْرَابِ سَابِقِهِ مِنْ جِهَةٍ واحِدَةٍ."[1]

تابع اس دوسرے لفظ کو کہتے ہیں جس پر پہلے لفظ کے اعتبار سے ایک ہی جہت سے اعراب ہو، یعنی "تابع" ہر اس لفظ کو کہتے ہیں جو پہلے لفظ کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہو اور جس عامل کی وجہ سے جو اعراب پہلے لفظ پر آئے اسی عامل کی وجہ سے وہی اعراب دوسرے لفظ پر بھی آئے، جیسے: "جَاءَنِي رَجُلٌ فَاضِلٌ" اس مثال میں "رَجُلٌ" فاعل کی وجہ سے مرفوع ہے تو "فَاضِلٌ" بھی فاعل کی وجہ مرفوع ہے، پہلے لفظ کو متبوع اور دوسرے لفظ کو تابع کہتے ہیں اور تابع کا حکم یہ ہے کہ جو اعراب متبوع کا ہو گا وہی اعراب تابع کا بھی ہو گا، اگر متبوع مرفوع ہو تو تابع بھی مرفوع ہو گا، اگر متبوع منصوب ہو تو تابع بھی منصوب ہو گا اور اگر متبوع مجرور ہو تو تابع بھی مجرور ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ عَالِمٌ، رَأَيْتُ رَجُلًا عَالِمًا، مَرَرْتُ بِرَجُلٍ عَالِمٍ".

توابع کی اقسام:

توابع کی پانچ قسمیں ہیں:

ا) صفت ۲) تاکید ۳) بدل ۴) عطف بیان ۵) عطف بالحروف۔

ا). صفت کی تعریف:

"تَابِعٌ يَدُلُّ عَلَى مَعْنىً فِي مَتْبُوعِهِ أَوْ فِي مُتَعَلِّقٍ بِمَتْبُوعِهِ."

صفت وہ تابع ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو اس کے متبوع یا متعلقِ متبوع میں موجود ہو، اول کو صفت بحالہ اور دوسری کو صفت بحال متعلقہ کہتے ہیں، صفت بحالہ کی مثال، جیسے: "جَاءَنِي رَجُلٌ عَالِمٌ" اور صفت بحال متعلقہ کی مثال، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ"۔ اس میں تابع کو صفت یا نعت اور متبوع کو موصوف یا منعوت کہتے ہیں۔ پھر صفت بحالہ میں موصوف وصفت کے درمیان دس چیزوں میں سے چار میں موافقت ضروری ہے: ۱) مفرد ۲) تثنیہ ۳) جمع ۴) رفع ۵) نصب ۶) جر ۷) تعریف ۸) تنکیر ۹) تذکیر ۱۰) تانیث، یعنی واحد، تثنیہ اور جمع میں سے ایک۔ رفع، نصب اور جر میں سے ایک۔ تعریف وتنکیر میں سے ایک۔ اور تذکیر وتانیث میں سے ایک کا موافق ہونا ضروری ہے، جیسے: "جَاءَ الرَّجُلُ الْعَاقِلُ . رَأَيْتُ الرَّجُلَ الْعَاقِلَ. مَرَرْتُ بِالرَّجُلِ الْعَاقِلِ. جَاءَتْ فَاطِمَةُ الْعَاقِلَةُ. رَأَيْتُ فَاطِمَةَ الْعَاقِلَةَ. مَرَرْتُ بِفَاطِمَةَ الْعَاقلةِ. جَاءَ الرَّجُلانِ الْعَاقِلَانِ. رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ الْعَاقِلَيْنِ. جَاءَ الرَّجَالُ الْعُقلاءُ. رَأَيْتُ الرَّجَالَ

---

[1] التعریفات: ۱۷۔

الْعُقلاءَ. مَرَرْتُ بِالرِّجَالِ الْعُقَلاءِ. جَاءَتِ الْفَاطِمَاتُ الْعَاقِلَاتُ. رَأَيْتُ الْفَاطِمَاتِ الْعَاقِلَاتِ. مَرَرْتُ بِالْفَاطِمَاتِ الْعَاقِلَاتِ." [۱]

اور صفت کی بحالہ متعلقہ میں موصوف اور صفت کے درمیان پانچ چیزوں میں سے دو میں موافقت ضروری ہے: ۱) تعریف ۲) تنکیر ۳) رفع ۴) نصب ۵) جر، یعنی تعریف و تنکیر میں سے ایک اور رفع، نصب اور جر میں سے ایک، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ عَالِمٌ أَبُوْهُ".

صفت کی اقسام:

صفت کی مختلف اعتبارات سے مختلف اقسام ہیں، چند اقسام یہ ہیں:

صفت کی پہلی تقسیم: معنی کے اعتبار سے:

معنی کے اعتبار سے صفت کی دو قسمیں ہیں: (الف): صفت بحالہ (ب): صفت بحالِ متعلقہ

(الف): صفت بحالہ کی تعریف:

صفت بحالہ وہ تابع ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو اس کے متبوع میں موجود ہو، جیسے: "جَاءَ التِّلْمِيْذُ المجْتَهِدُ"، اس کو صفت بحال الموصوف بھی کہتے ہیں، اس کی علامت یہ ہے کہ اس میں صفت کی ضمیر موصوف کی طرف راجع ہوتی ہے۔

(ب): صفت بحالِ متعلقہ کی تعریف:

صفت بحال متعلقہ وہ تابع ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو متعلقِ متبوع میں موجود ہو، خواہ تعلق نسبی ہو، جیسے: "جَاءَ الرَّجُلُ الْمُجْتَهِدُ غُلَامُهُ"، یا تعلق مِلکی ہو، جیسے: "جَاءَنِيْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ." اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس میں صفت کی ضمیر فاعل کی طرف راجع ہوتی ہے اور صفت بحالہ متعلقہ چار چیزوں کی صورت میں ہوتی ہے: ۱) فعل کی صورت میں، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ أَكْرَمَنِيْ أَبُوْهُ". ۲) اسم فاعل کی صورت میں، جیسے: "رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا." (النساء: ۷۵)۔ ۳) اسم مفعول کی صورت میں، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ مَّضْرُوْبٍ غُلَامُهُ". ۴) صفت مشبہ کی صورت میں، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ كَرِيْمٍ أَبُوْهُ". [۲]

صفت کی دوسری تقسیم: لفظ کے اعتبار سے:

صفت باعتبار لفظ تین قسم پر ہے: ۱) مفرد صفت واقع ہو، ۲) جملہ صفت واقع ہو، ۳) شبہ جملہ صفت واقع ہو۔

---

[۱] جامع الدروس العربیہ: ۲۲۳/۳۔

[۲] جامع الدروس العربیہ: ۲۲۲/۳.

۱)۔ مفرد صفت واقع ہو: جب مفرد صفت واقع ہو تو اس سے مراد دو چیزیں ہوتی ہیں: ۱)مفرد مشتق ہو گا۔ ۲)یا مؤول بالمشتق ہو گا، مشتق سے مراد چار چیزیں ہیں: ۱)اسم فاعل ،جیسے:"جَاءَنِيْ رَجُلٌ مُجْتَهِدٌ". ۲)اسم مفعول ،جیسے:"جَاءَنِيْ خَالِدٌ الْمَحْبُوْبُ"۔ ۳)صفت مشبہ، جیسے:"جَاءَنِيْ رَجُلٌ حَسَنٌ غُلَامُهُ". ۴)اسم تفضیل، جیسے:"عَمْرُوٌ تِلْمِيْذٌ أَفْضَلُ مِنْ غَيْرِهِ". اور مؤول بالمشتق سے مراد دس چیزیں ہیں:

۱) مصدر: مصدر اگر صفت واقع ہو تو اس کے لیے تین شرطیں ہیں: ۱)فعل ثلاثی کا مصدر ہو یا ثلاثی کے وزن پر ہو۔ ۲)مصدر میمی نہ ہو۔ ۳)مؤنث اور تثنیہ، جمع نہ ہو، جیسے:"جَاءَنِيْ رَجُلٌ عَدَلٌ"،"أَيْ عَادِلٌ".

۲) اسم موصول، جیسے:"هُدًى لِلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ."،"أَي الْمُؤْمِنِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ".

۳) اسم اشارہ، جیسے:"بِوَرِقِكُمْ هَذِهْ"،"أَي الْمُشَارُ إِلَيْهَا".

۴) لفظ"ذُوْ"بمعنی"صَاحِبٌ"، جیسے:"جَاءَنِيْ رَجُلٌ ذُوْمَالٍ"،"أَيْ صَاحِبُ مَالٍ".

۵) اسم منسوب، جیسے:"رَأَيْتُ رَجُلاً مَّكِيًّا"،"أَيْ مَنْسُوْبٌ إِلَى مَكَّةَ".

۶) "مَا"نکرہ مبہمہ، جیسے:"رَأَيْتُ رَجُلاً مَّا"،"أَيْ رَجُلاً مُطْلَقاً".

۷) لفظ"أَيْ"اور"كُلٌّ"صفتیہ، جیسے:"جَاءَ رَجُلٌ، أَيْ رَجُلٌ"،"أَيْ كَامِلٌ فِي الرَّجُوْلِيَّةِ"،"جَاءَ رَجُلٌ كُلُّ رَجُلٍ"،"أَيْ كَامِلُ الرَّجُوْلِيَّةِ".

۸) دال بر تشبیہ ہو، جیسے:"جَاءَ رَجُلٌ أَسَدٌ"،"أَيْ شُجَاعٌ".

۹) اسم جنس ہو، جیسے:"ذَلِكَ الْكِتَابُ"،"أَيْ ذَلِكَ الْمَكْتُوْبُ".

۱۰) اسم عدد جب صفت ہو، جیسے:"مَرَرْتُ بِنِسْوَةٍ أَرْبَعَ"،"أَيْ مَعْدُوْدَاتٍ بِالْأَرْبَعِ".[۱]

۲)۔ جملہ صفت واقع ہو: جب جملہ صفت واقع ہو تو اس کے لیے تین شرائط ہیں:

۱) موصوف نکرہ ہو، یا نکرہ کے حکم میں ہو، جیسے:"اللهُ يَرْفَعُ السَّمَوَاتِ بِغَيْرِعَمَدٍتَرَوْنَهَا"(الرعد:۲).

۲) صفت جملہ خبریہ ہو، جیسے:"واتَّقَوْايَوْماً تُرْجَعُوْنَ فِيْه إِلٰى اللهِ"(البقرة:۲۸۱).

۳) جملہ میں ایک عائد ضمیر ہو جو موصوف کی طرف راجع ہو، جیسے:"فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيْمَانُهَا". (یونس:۹۸). پھر عائد خواہ ضمیر بارز ہو یا ضمیر مستتر ہو یا ضمیر مقدر ہو، یا یہ جملہ قائم مقام عائد پر مشتمل ہو قائم مقام عائد سے مراد الف لام ہے، جملہ صفتیہ بھی عام ہے خواہ فعلیہ ہو، جیسے:"جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ."یا اسمیہ ہو، جیسے:"جَاءَنِيْ رَجُلٌ أَبُوْهُ عَالِمٌ".

---

[۱] جامع الدروس العربیۃ:۲۲۳/۳.

۳)۔شبہ جملہ صفت واقع ہو: شبہ جملہ سے مراد ظرف اور جار مجرور ہیں اور شبہ جملہ جب صفت واقع ہو تو اس کے لیے شرط یہ ہے کہ موصوف نکرہ ہو، جیسے: "غَضَبٌ مِنْ رَبِّهِمْ."[1]

صفت کی تیسری تقسیم: افادہ کے اعتبار سے:

افادہ کے اعتبار سے صفت کی آٹھ قسمیں ہیں:

۱)صفت مخصصہ، ۲)صفت موضحہ ۳)صفت کاشفہ ۴)صفت مادحہ ۵)صفت ذامہ ۶)صفت مؤکدہ ۷)صفت مبینہ ۸)صفت مفیدہ للترحم۔

۱) **صفت مخصصہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف میں تخصیص پیدا کرے، جیسے: "وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ."(البقرۃ:۲۲۱)۔

۲) **صفت موضحہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی وضاحت کرے، جیسے: "وَهَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ."(التین:۳)۔

۳) **صفت کاشفہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی تعریف وانکشاف کرے، جیسے: "الْجِسْمُ الطَّوِيْلُ الْعَرِيْضُ الْعَمِيْقُ يَحْتَاجُ إِلَى الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ".

۴) **صفت مادحہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی مدح بیان کرے، جیسے: "بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ."

۵) **صفت ذامہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی مذمت بیان کرے، جیسے: "فَاسْتَعِذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ."(النحل:۹۸)۔

۶) **صفت مؤکدہ:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف کی تاکید بیان کرے، جیسے: "فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ."(الحاقۃ:۱۳)۔

۷) **صفت مبینہ:** وہ صفت ہے جو متکلم کے مقصود کو بیان کرنے کے لیے لائی جاتی ہے، جیسے: "وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللهِ رِزْقُهَا."(ہود:۶)۔ "دَابَّةٍ" اسم جنس ہے اور اسم جنس میں فردیت اور جنسیت دونوں کا احتمال ہوتا ہے، صفت ذکر کرنے سے مقصودِ متکلم کی تعیین ہو گئی کہ یہاں جنسیت مراد ہے فردیت نہیں۔

۸) **صفت مفیدہ للترحم:** وہ صفت ہے جو اپنے موصوف پر رحم وشفقت کے لیے لائی گئی ہو، جیسے: "اللّٰهُمَّ أَنَا عَبْدُكَ الْمِسْكِيْنَ الْمُنْكَسِرَ قَلْبُهُ."[2]

صفت کی چوتھی تقسیم: باعتبار موافقت اعرابِ موصوف:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲۲۶/۳۔

[2] حاشیۃ الصبان:۸۷/۳، بدر السعید:۳۹۸۔

صفت کی باعتبار موافقت اعرابِ موصوف کی تین قسمیں ہیں:

۱) صرف موصوف کے لفظ کے تابع ہو: یہ ہر وہ معرب ہے جس کے لیے ایسا محل اعراب نہ ہو جو موصوف کی مخالفت کرے، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ الْعَالِمُ".

۲) صرف موصوف کے محل کے تابع ہو: یہ تمام مبینات، مشابہ مبنیات اور غیر منصرف میں ہو گا، جیسے: "مَرَرْتُ بِأَحْمَدَ الْعَالِمِ".

۳) موصوف کے لفظ اور محل دونوں کا تابع ہو: یہ چار مقامات میں ہو تا ہے: ۱) لائے نفی جنس کے اسم میں، جیسے: "لَا إِلَهَ غَيْرُكَ". ۲) منادیٰ میں، جیسے: "يَازَيْدُالحَارِثُ الحَارِثَ". ۳) وہ اسم جس کی طرف اسم فاعل مضاف ہو، جیسے: "زَيْدٌ ضَارِبُ عَمْرٍو الْعَالِمُ". ۴) وہ اسم جس کی طرف مصدر کی اضافت کی گئی ہو، جیسے: "ضَرْبُ زَيْدٍ االْعَالِمِ".

تاکید کی تعریف:

"تَابِعٌ يَدُلُّ عَلى تَقْرِيرِ المَتْبُوعِ فِيمَا نُسِبَ إِلَيْهِ أَوْ يَدُلُّ عَلى شُمُولِ الحُكْمِ لِكُلِّ أَفْرادِ المَتْبُوعِ."

تاکید اس تابع کو کہتے ہیں جو اپنے متبوع کی حالت کو پختہ کرے نسبت میں یا شمولِ افراد میں تاکہ سامع کو کوئی شک و شبہ نہ رہے، نسبت میں متبوع کو پختہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تاکید یہ بتلائے کہ منسوب یا منسوب الیہ میرا متبوع ہی ہے نہ کہ کوئی اور، جیسے: "ضَرَبَ ضَرَبَ زَيْدٌ" اور "زَيْدٌ زَيْدٌ قَائِمٌ"، پہلی مثال میں منسوب "ضَرَبَ" ہی ہے اور دوسری مثال میں منسوب الیہ "زَيْدٌ" ہی ہے کوئی اور نہیں۔ اور شمول افراد میں اپنے متبوع کی حالت کو پختہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تاکید یہ بتلائے کہ میرا متبوع اپنے تمام افراد کو شامل ہے نہ کہ بعض کو، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ كُلُّهُمْ" اس میں تابع کو تاکید اور متبوع کو مؤکد کہتے ہیں۔ [1]

تاکید کی اقسام:

تاکید کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ تاکید لفظی (ب)۔ تاکید معنوی

(الف)۔ تاکید لفظی کی تعریف:

"هُوَ تَكْرَارُ اللَّفْظِ الأَوَّلِ بِعَيْنِهِ."

وہ تاکید ہے جو لفظ یا مرادفِ لفظ کے تکرار سے حاصل ہو، یعنی جس میں پہلے لفظ کو دوبارہ ذکر کیا جائے، پھر یہ عام ہے اسم ظاہر ہو یا اسم ضمیر ہو، خواہ اسم ہو، جیسے: "زَيْدٌ زَيْدٌ قَائِمٌ"، یا فعل ہو، جیسے: "جَاءَ جَاءَ زَيْدٌ" اور یا حرف ہو، جیسے: "إِنَّ

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۲۳۱/۳۔

إِنَّ زَيْداً قَائِم". خواہ جملہ (اسمیہ یا فعلیہ ہو) ہو، جیسے: "جَاءَ عَلِيٌّ، جَاءَ عليٌّ. وعَلِيٌّ مُجْتَهِدٌ، عَلِيٌّ مُجْتَهِدٌ." تاکید لفظی کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے سامع کے دل و دماغ میں مؤکد ثابت اور پختہ ہوجاتا ہے اور شکوک و شبہات کا ازالہ ہوتا ہے۔[1]

(ب)۔ تاکید معنوی کی تعریف:

"مَا يَتحَقَّقُ بِألفَاظٍ مَخْصُوصَةٍ."

وہ تاکید ہے جو مخصوص الفاظ سے حاصل ہو اور وہ یہ نو الفاظ ہیں: "نَفْسٌ، عَيْنٌ، كِلَا، كِلْتَا، كُلٌّ، أَجْمَعُ، أَكْتَعُ، أَبْتَعُ، أَبْصَعُ." ان کا طریقہ استعمال درج ذیل ہے:

۱) "نَفْسٌ، عَيْنٌ": یہ دونوں واحد، تثنیہ اور جمع تینوں کی تاکید کے لیے آتے ہیں اور ہمیشہ ضمیر کی طرف مضاف ہوتے ہیں جو مؤکد کی طرف راجع ہوتی ہے اور اس کے موافق ہوتی ہے، یعنی مؤکد کے مفرد ہونے کی صورت میں ان کو مفرد اور تثنیہ و جمع ہونے کی صورت میں انہیں "أفْعُلُ" کے وزن پر جمع لایا جاتا ہے، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ نَفْسُهُ" یا "عَيْنُه" "جَاءَنِي الزَّيْدَانِ أَنْفُسُهُمَا" یا "عَيْنَاهُمَا"، "جَاءَنِي الزَّيْدُوْنَ أَنْفُسُهُمْ" یا "أعْيُنُهُمْ". ان دونوں کے ذریعے تاکید لانے کا فائدہ یہ ہے کہ ان کے ذریعے مجاز، نسیان یا سہو کے احتمال کو دور کیا جاتا ہے، کیونکہ "جَاءَنِيْ زَيْدٌ" میں سامع یہ گمان کر سکتا ہے کہ مجیئت کی نسبت جو زید کی طرف ہے کہ مجاز، نسیان یا سہو کی بناء پر ہو، لیکن اس کے بعد "نَفْسُهُ" کو بطور تاکید لایا گیا ہے تو یہ سب احتمالات ختم ہو گئے اور بات بالکل پختہ ہوے ی کہ آنے والا بالذات خود زید ہے اور یہ اسناد حقیقی ہے کہ اسناد مجازی۔[2]

۲) "كِلَا وَكِلْتَا": یہ دونوں تثنیہ کی تاکید کے لیے آتے ہیں اور ضمیر کی طرف مضاف ہوتے ہیں جو مؤکد کے موافق ہوتی ہے، "كِلَا" تثنیہ مذکر کے لیے آتا ہے، جیسے: "جَاءَنِي الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا" اور "كِلْتَا" تثنیہ مؤنث کے لیے آتا ہے، جیسے: "جَاءَتِ امْرأَتَانِ كِلْتَاهُمَا". ان کے ذریعے تاکید لانے کا فائدہ یہ ہے کہ حکم کو دو متبوعوں کے لیے بیک وقت ثابت کیا جاتا ہے، جیسے اگر کوئی کہے: "جَاءَنِي الرَّجُلَانِ" تا سامع انکار یا وہم کر سکتا ہے کہ آنے والا ایک ہے، لیکن متکلم نے کہا کہ "جَاءَنِي الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا" تو انکار یا وہم کا احتمال ختم ہوا۔[3]

۳) "كُلٌّ": یہ واحد اور جمع کی تاکید کے لیے آتا ہے اور ہمیشہ ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے جو مؤکد کے موافق ہوتی ہے، جیسے: "قَرَأْتُ الْكِتَابَ كُلَّهُ، قَرَأْتُ الصَّحِيْفَةَ كُلَّهَا، جَاءَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، جَاءَتْنِي النِّسَاءُ كُلُّهُنَّ". اوران کیساتھ تاکید لانے کا فائدہ یہ ہے کہ یہ احاطہ اور شمول پر دلالت کرتا ہے اور عدم ارادہ شمول کے وہم

---

[1] جامع الدورس العربیۃ: ۲۳۲/۳۔

[2] جامع الدورس العربیۃ: ۲۳۳/۳۔

[3] جامع الدورس العربیۃ: ۲۳۳/۳۔

کو دور کرتا ہے، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ كُلُّهُمْ"، یہاں اگرچہ لفظ "قوم" اپنے تمام افراد کو شامل ہے، لیکن کبھی اکثر افراد پر "قوم" کا لفظ بولا جاتا ہے تو اس وہم کو دور کرنے کے لیے "كُلُّهُمْ" کو لایا جاتا ہے۔ [۱]

۴) "أَجْمَعُ، أَكْتَعُ، أَبْتَعُ، أَبْصَعُ" یہ چاروں بھی واحد اور جمع کی تاکید کے لیے آتے ہیں، لیکن ضمیر کی طرف مضاف نہیں ہوتے، البتہ ان کا صیغہ مؤکد کے موافق بدلتا رہتا ہے، واحد مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "اشْتَرَيْتُ الْغُلَامَ أَجْمَعُ وأَكْتَعُ وَأَبْتَعُ وَأَبْصَعُ" اور جمع مذکر کے لیے "أَفْعَلُوْنَ" کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ أَجْمَعُوْنَ وَأَكْتَعُوْنَ وَأَبْتَعُوْنَ وَأَبْصَعُوْنَ" اور واحد مؤنث کے لیے "فُعَلَاءُ" کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "اشْتَرَيْتُ الْجَارِيَةَ جَمْعَاءُ وَكَتْعَاءُ وَبَتْعَاءُوَبَصْعَاءُ" اور جمع مؤنث کے لیے "فُعَلُ" کے وزن پر آتا ہے، جیسے: "جَاءَالنِّسْوَةُ جُمَعُ وَكُتَبَعُ وَبُتَعُ وَبُصَعُ"۔ یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ "أَكْتَعُ، أَبْتَعُ، أَبْصَعُ" کا استعمال بغیر "أَجْمَعُ" کے نہیں ہوتا اور نہ "أَجْمَعُ" پر مقدم ہوتے ہیں، بلکہ یہ ہمیشہ اس کے بعد آتے ہیں۔ [۲]

بدل کی تعریف:

"تَابِعٌ نُسِبَ إِلَيهِ مَا نُسِبَ إِلَى مَتْبُوعِهِ وهُوَ المَقْصُودُ بِالنِّسْبَةِ دُونَ مَتْبُوعِهِ."

بدل وہ تابع ہے جو چیز اس کی طرف منسوب ہو وہ اس کی متبوع کی طرف بھی منسوب ہو اور یہ خود مقصود بالنسبۃ ہوتا ہے اس کا متبوع مقصود بالنسبۃ نہیں ہوتا، یعنی بدل وہ تابع ہے، جو نسبت سے خود مقصود ہو اور اس کے متبوع (مبدل منہ) کا ذکر بطور تمہید و توطئہ کے ہو، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ أَخُوْكَ"، یہاں اصل مقصود نسبت سے "أَخُوْكَ" ہے، لیکن "زَيْدٌ" مبدل منہ (متبوع) کو بطور تمہید کے ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں تابع کو بدل اور متبوع کو مبدل منہ کہتے ہیں۔ [۳]

بدل کی اقسام وانواع:

پھر بدل کی چار قسمیں ہیں:

(الف)۔بدل الکل (ب)۔بدل البعض (ج)۔بدل الاشتمال (د)۔بدل المبائن

(الف): بدل الکل کی تعریف:

"هُوَ مَا كَانَ مَدْلُولُهُ تمامَ مَدْلُولِ المَتْبُوعِ."

---

[۱] جامع الدروس العربیہ: ۲۳۳/۳۔
[۲] جامع الدروس العربیہ: ۲۳۴/۳۔
[۳] الہدایۃ فی النحو: ۶۷۔

وہ بدل ہے جس کا مدلول بعینہ مبدل منہ کا مدلول ہو، یعنی مبدل منہ اور بدل دونوں کا مصداق ایک ہو، جیسے: ''جَاءَ نِيْ زَيْدٌأَخُوْكَ''.اس مثال میں''زَيْدٌ''مبدل منہ اور''أَخُوْكَ''بدل ہےاوردونوں کا مصداق(ذاتِ زید) ایک ہے۔بدل الکل کوبدل المطابق بھی کہتے ہیں۔

(ب):بدل البعض کی تعریف:

''هُوَ مَا كَانَ مَدْلُولُهُ جُزءَ مَدلولِ المَتْبُوعِ.''

وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا جزء ہو، یعنی جس کا مصداق مبدل منہ کے مصداق کا جزء ہو، جیسے:''ضُرِبَ زَيْدٌرَأْسُهُ''.اس مثال میں''زید''مبدل منہ اور''رَأْسُهُ''بدل البعض ہے، کیونکہ''رَأس''زید کا بعض ہے۔

(ج):بدل الاشتمال کی تعریف:

''هُوَ مَا كَانَ مَدْلُولُهُ مُتَعَلِّقاً بِالمَتْبُوعِ.''

وہ بدل ہے جس کا مدلول مبدل منہ کا متعلق ہو، یعنی جس کا تعلق مبدل منہ سے اس طور پر ہو کہ مبدل منہ کی طرف نسبت کرنے سے بدل کا اجمالاً تصور ذہن میں آجائے، خواہ بدل مبدل منہ کو شامل ہو، جیسے:''سُلِبَ زَيْدٌ ثَوْبُهُ''.اس مثال میں''زید''مبدل منہ ہے اور''ثوب''بدل الاشتمال ہے، کیونکہ''ثوب''نہ زید کا کل ہے اور نہ اس کا جزء، بلکہ مبدل منہ کا متعلق ہے اوریا مبدل منہ بدل کو شامل ہو، جیسے:''يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ.''(البقرۃ: ۲۱۷).اس مثال میں''الشَّهْرِ الْحَرَامِ''مبدل منہ ہے اور''قِتَالٍ''اس سے بدل الاشتمال ہے، کیونکہ''الشَّهْرِ الْحَرَامِ''نہ''قِتَالٍ''کو شامل ہے نہ اس کا جزء ہے اور نہ کل ہے، بلکہ متعلق ہے۔

(د):بدل المبائن کی تعریف:

''هُوَ بَدْلُ الشَّيْءِ مِمَّا يُبايِنُهُ بِحَيْثُ لَا يَكُوْنُ مُطَابِقاً لَهُ وَلَا بَعْضاً مِنْهُ، وَلَا يَكُوْنُ المُبْدَلُ مِنْهُ مُشْتَمِلاً عَلَيْهِ.''[1]

وہ بدل ہے جو مبدل منہ کا مخالف ہو، یعنی نہ اس کا عین ہو، نہ بعض ہو اور نہ ہی اس کو شامل ہو، پھر اس کی تین قسمیں ہیں:۱)بدل الغلط ۲)بدل النسیان ۳)بدل الاضراب

۱)بدل الغلط کی تعریف:

''هُوَ مَا يُذْكَرُ بَعْدَ الغَلَطِ.''

وہ بدل ہے جسے غلطی کے بعد ذکر کیاجائے، جیسے:''مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حِمَارٍ''.اس مثال میں''رَجُلٍ''مبدل منہ اور

[1] جامع الدروس العربیہ:۲۳۸/۳۔

"حِمَارٍ" بدل ہے، یعنی متکلم کو اول ہی اسے "حِمَارٍ" کہنا تھا، لیکن غلطی سے مبدل منہ "رَجُلٍ" کہہ دیا اور جب فوراً غلطی کا احساس ہوا تو بدل الغلط سے اس غلطی کو زائل کر دیا۔

۲) بدل النسیان کی تعریف:

"مَا ذُكِرَ لِيَكُوْنَ بَدَلاً مِنْ لَفْظٍ تبيَّنَ لَكَ بَعْدَ ذِكْرِهِ فَسَادُ قَصْدِهِ."

وہ بدل ہے کہ متکلم بھول جانے کی وجہ سے متبوع کا قصد کرے، لیکن یاد آنے پر تابع کو ذکر کرے، جیسے: "أَكَلْتُ خُبْزاً لَحْمًا"، اس مثال میں "خُبْزاً" مبدل منہ ہے اور "لَحْماً" بدل ہے۔ بدل النسیان اور بدل الغلط میں فرق یہ ہے کہ نسیان کا تعلق دل سے ہے اور غلطی کا تعلق زبان سے ہوتا ہے۔[1]

۳) بدل الاضراب کی تعریف:

"مَا كَانَ الْمُتَكَلِّمُ عَدَلَ عَنْ قَصْدِ الْمُبْدَلِ مِنْهُ إِلَى قَصْدِ الْبَدَلِ."

وہ بدل ہے کہ متکلم مبدل منہ کو ذکر کرے پھر مبدل منہ سے بدل کی طرف عدول کرے، جیسے: "خُذِ القلمَ، الْكِتَابَ" اس مثال میں متکلم نے مبدل منہ "قلم" کے لینے کا حکم دیا، پھر اس سے عدول اور اعراض کرتے ہوئے "کتاب" کے لینے کا حکم دیا۔[2]

عطف بالحرف کی تعریف:

"هُوَ تَابِعٌ يَتَوَسَّطُ بَيْنَهُ و بَيْنَ مَتْبُوعِهِ أَحَدُ حُرُوفِ العَطْفِ."

وہ تابع ہے جو حرف عطف کے بعد آئے اور نسبت میں اپنے متبوع کیساتھ مقصود ہو، تابع کو معطوف اور متبوع کو معطوف علیہ کہتے ہیں، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌوَّ عَمْرٌو"، اس مثال میں "زَيْدٌ" متبوع اور معطوف علیہ ہے اور "عَمْرٌو" معطوف ہے اور حکم مجیئت میں زید اور عمرو دونوں مقصود ہیں۔ عطف بالحرف کو عطف نسق اور معطوف بالحرف بھی کہتے ہیں[3] اور حروف عاطفہ دس ہیں، جن کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

معطوف اور معطوف علیہ کی علامات:

معطوف اور معطوف علیہ کی متعدد علامات ہیں جن میں چند مشہور یہ ہیں:

۱) ایک کلام میں متعدد اسماء کے درمیان "واؤ" آجائے تو پہلے اسم معطوف علیہ اور دوسرا معطوف ہو گا اور اسی طرح اسماء کیساتھ کوئی اور لفظ غیر علم آجائے تو یہ بھی ما قبل پر عطف ہو گا، جیسے قرآن مجید میں ہے: " وَأَوْحَيْنَا إِلَى

---

[1] جامع الدروس العربیہ: ۲۳۸/۳۔
[2] جامع الدروس العربیۃ: ۲۳۸/۳۔
[3] حاشیۃ الصبان: ۱۳۱/۳۔

إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَى وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ."(النساء:۱۶۳)۔

۲) اگر ایک کلام میں دو یا زیادہ فعلوں کے درمیان "واوَ" آجائے تو دوسرا فعل معطوف اور پہلا معطوف علیہ ہو گا، جیسے:" الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ."(البقرۃ:۲-۳)۔

۳) اگر دو یا زیادہ معرف باللام اسماء کے درمیان حرف عاطفہ آجائے تو وہ معطوف اور معطوف علیہ بنیں گے، جیسے:" الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً."(البقرۃ:۲۲)۔ اور اسی طرح کئی اسماء پر تنوین ہو اور درمیان میں حرف عاطفہ آجائے تو دوسرے اسماء کا ماقبل اسم پر عطف ہو گا، بشرطیکہ معنیٰ صحیح ہو، جیسے:"وَجَعَلَ فِيهَا سِرَاجًا وَقَمَرًا مُنِيرًا."(الفرقان:۶۱)۔

۴) اگر کلام میں اسم اشارہ مکرر ہو اور درمیان میں "واوَ" آجائے تو دوسرے اسم اشارہ کا عطف پہلے اسم اشارہ پر ہو گا، جیسے:" أُولَئِكَ عَلَى هُدًى مِنْ رَبِّهِمْ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ."(البقرۃ:۵) اور اسی طرح اگر اسم موصول مکرر ہو اور درمیان میں "واوَ" ہو تو دوسرے اسم موصول کا بمع صلہ ماقبل اسم موصول پر عطف ہو گا، جیسے:" الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ."(البقرۃ:۳-۴)۔

۵) اگر ایک جملہ میں کوئی ایسا اسم مکرر ہو جو ضمیر کی طرف مضاف ہو اور ان کے درمیان حرف عاطفہ آجائے تو وہ بھی معطوف اور معطوف علیہ بنیں گے، جیسے:"مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا."(البقرۃ:۶۱)۔

۶) ایک شئی کی متعدد اقسام ہوں اور ان کے درمیان حرف عاطفہ آجائے تو وہ معطوف اور معطوف علیہ ہوں گے، جیسے:"الْكَلِمَةُ عَلَى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ: إِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ".

عطف بیان کی تعریف:

"هُوَ تَابِعٌ غَيْرُ صِفَةٍ يُوَضِّحُ مَتْبُوعَهُ وَهُوَ أَشْهَرُ اسْمَيْ شَيْءٍ."[1]

عطف بیان وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کی وضاحت کرے اور یہ کسی چیز کے دو مشہور ناموں میں سے ایک مشہور نام ہوتا ہے، جیسے:"أَقْسَمَ بِاللهِ أَبُوحَفْصٍ عُمَرُ"، ابو حفص سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے جو کہ غیر مشہور ہے اور "عمر" غیر مشہور ہے تو اس لیے "عمر" "ابو حفص" کے لیے عطف بیان ہے۔ اس کے متبوع کو مبیَّن اور تابع کو عطف بیان اور مبیِّن کہتے ہیں۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲۴۱/۳۔

عطف بیان کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کا اپنے متبوع سے واضح اور مشہور ہونا ضروری ہے، پھر کبھی عَلَم مشہور ہو کر عطف بیان بنے گا، جیسے: "جَاءَنِيْ أَبُوْعَمْرٍوزَيْدٌ" اور کبھی لقب یا کنیت مشہور ہو کر عطف بیان بنیں گے، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌأَبُوْعَمْرٍو".

مواضعِ عطف بیان:

عطف بیان ان پانچ مقامات پر واقع ہوتا ہے: ۱)۔ اسم کے بعد لقب ہو تو عطف بیان ہو گا، جیسے: "جَاءَ عَلِيٌّ زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ"۔ ۲) کنیت کے بعد علم ہو، جیسے: "جَاءَأَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ"۔ ۳) اشارہ کے بعد اسم ظاہر معرف باللام ہو، جیسے: "ذَالِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْه"۔ ۴) صفت کے بعد علم ہو، جیسے: "أَرْسَلَ اللهُ كَلِيْما مُوْسٰى"۔ ۵) مفسَّر کے بعد تفسیر ہو، جیسے: "الْعَسْجَدُ"، أَيْ الذَّهَبُ.

عطف بیان اور بدل میں فرق:

عطف بیان اور بدل میں فرق یہ ہے کہ عطف بیان تعریف و تنکیر میں اپنے متبوع کا مخالف نہیں آسکتا، جب کہ بدل آسکتا ہے۔ عطف بیان جملہ نہیں ہو سکتا، جب کہ بدل جملہ واقع ہو سکتا ہے۔ نیز بدل مقصود بالحکم ہوتا ہے، مبدل نہیں ہوتا، جب کہ عطف بیان مقصود نہیں ہوتا، بلکہ مقصود متبوع ہوتا ہے۔ [1]

قواعد و فوائد:

قاعدہ: صفت وہ تابع ہے، جو اس معنی پر دلالت کرے جو متبوع میں، یا اس کے متعلق میں موجود ہو۔ اس کو نعت اور وصف بھی کہتے ہیں۔ اور اس کی دو قسمیں ہیں، ایک صفت بحالہ اور دوسری صفت بحال متعلقہ ہے۔ صفت بحالہ کو صفت حقیقیہ اور صفت بحالہ متعلقہ کو صفت سببیہ بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: جملہ نکرہ کے لیے صفت واقع ہو گا، اگر معرفہ کے بعد ہو تو یہ ماقبل سے حال بنے گا، جیسے "جَاءَعَلِيٌّ يَحْمِلُ كِتَاباً".

فائدہ: صفت اور موصوف کے اعتبار سے اسماء کی چند قسمیں ہیں: ۱) وہ اسماء جو موصوف و صفت دونوں بن سکتے ہیں، جیسے: اسمائے اشارہ موصوف واقع ہو سکتے ہیں، جیسے: "ذَلِكَ الْكِتَابُ" اور صفت بھی واقع ہو سکتے ہیں، جیسے: "مِنَ سَفَرِنَا هَذَا". ۲) بعض اسماء صرف صفت واقع ہو سکتے ہیں وہ "أَيٌّ" صفتیہ کمالیہ ہے، جیسے: "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ، أَيَّ رَجُلٍ". ۳) بعض اسماء صرف موصوف واقع ہو سکتے ہیں وہ اعلام ہیں۔ ۴) بعض نہ موصوف واقع ہو سکتے ہیں اور نہ ہی صفت، جیسے: اسمائے ضمائر۔ البتہ امام کسائیؒ کے نزدیک ضمیر غائب موصوف بن سکتی ہے، جیسے: "اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ الرَّؤُوفُ الرَّحِيْمُ".

فائدہ:: موصوف اور صفت کے درمیان آٹھ چیزوں کا فاصلہ لانا جائز ہے:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۴۲/۳۔

۱)فاعل کا، جیسے:"لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ."(الانعام:۱۵۸)۔یہاں "نَفْسًا"موصوف ہے اور "لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ.."اس کی صفت ہے اوران دونوں کے درمیان فاعل "إِيمَانُهَا"کافاصلہ ہے۔

۲)مبتداء کا، جیسے:"أَفِي اللهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ."(ابراہیم:۱۰)،یہاں "اللہ"موصوف ہے اور "فَاطِرِ"اس کی صفت ہے اوران دونوں کے درمیان "شَكٌّ"مبتداء کافاصلہ ہے۔

۳) خبر کا، جیسے:"اللهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ."(البقرۃ:۲۵۵)،یہاں لفظ "الله"موصوف ہے اور "الْحَيُّ"اس کی صفت ہے اوران دونوں کے درمیان "لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ"خبر کافاصلہ ہے۔

۴)مفعول بہ کا، جیسے:"يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ."(النور:۲۵)،یہاں لفظ "الله"موصوف ہے اور "الْحَقَّ"اس کی صفت ہے اوران دونوں کے درمیان "دِينَهُمُ"مفعول بہ کافاصلہ ہے۔

۵)صفت کے معمول کا، جیسے:"ذَلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ."(الذاریات:۴۴)،یہاں "حَشْرٌ"موصوف اور "يَسِيرٌ"صفت ہے اوران کے درمیان "عَلَيْنَا"کافاصلہ ہے جو "يَسِيرٌ"کیساتھ متعلق ہے۔

۶)استثناء کا، جیسے:"أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ."(المائدۃ:۱)،یہاں اگر "غَيْرَ"کومرفوع پڑھاجائے تویہ "بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ"کی صفت ہے اوریہاں موصوف اور صفت کے درمیان استثناء "إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ"کافاصلہ ہے۔

۷)جملہ معترضہ کیساتھ، جیسے:"وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ."یہاں "لَقَسَمٌ"موصوف اور "عَظِيمٌ"اس کی صفت ہے اوران کے درمیان "لَوْ تَعْلَمُونَ"جملہ معترضہ کافاصلہ ہے۔

۸)"واوَ"زائدہ تاکیدیہ کافاصلہ ہو، جیسے:"وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ."(الکہف:۲۲)،یہاں "سَبْعَةٌ"موصوف اور "ثَامِنُهُمْ"اس کی صفت ہے اوران کے درمیان "واوَ"زائدہ تاکیدیہ کافاصلہ ہے۔[1]

فائدہ: بعض اوقات موصوف کوحذف کیاجاتاہے،لیکن یہ وہاں ہوتاہے جہاں صفت کے ذکر کرنے سے موصوف کاعلم ہوسکے، جیسے:"أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ.[سبأ: ۱۱]، أي: دُرُوُعًا سِابِغَاتٍ."اوراسی طرح یہ مثال ہے:"وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عَيْنٌ، أيْ نساءٌ قَاصِرَاتُ."اور کبھی صفت کوحذف کیاجاتاہے، جیسے:"يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْباً، أيْ يأخذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ."اور کبھی دونوں کوحذف کیاجاتاہے، جیسے:"لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى، أيْ حِيَاةً نافِعَةً."[2]

---

[1] حاشیۃ الصبان:۸۴/۳، ہمع الہوامع:۱۴۳/۳،النحوالوافی:۴۳۵/۳۔

[2] مغنی اللبیب:۸۱۶، شرح ابن عقیل:۲۰۵/۳، شرح الاشمونی:۳۲۸/۲، واضح المسالک:۲۸۶/۳، شرح التصریح:۱۲۸/۲، جامع الدروس العربیہ:۲۳۱/۳۔

قاعدہ: اگر صفت بحالہ میں لفظ "مِثْلٌ "صفت واقع ہو تو افراد، تثنیہ اور جمع میں موصوف کیساتھ موافقت ضروری نہیں، مفرد کی مثال، جیسے: "فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِثْلِهِ."(الطور:۳۴)، تثنیہ کی مثال، جیسے: "فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا."(المؤمنون: ۴۷)، جمع کی مثال، جیسے: "فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِثْلِهِ."(ہود:۱۳) اور اگر موصوف لفظاً مؤنث معناً مذکر ہو تو موصوف کیساتھ تذکیر و تانیث میں صفت کی مطابقت ضروری نہیں، جیسے: "بَلْدَةً مَيْتًا" اور اگر اسم جنس جمع موصوف واقع ہو تو اس کی صفت کو افراد، تثنیہ اور جمع میں موصوف کیساتھ موافقت ضروری نہیں، یعنی کبھی اس کی صفت مفرد آتی ہے، جیسے: "يَقُولُوا سَحَابٌ مَرْكُومٌ"(الطور:۴۴) اور کبھی جمع آتی ہے، جیسے: "حَتَّى إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا."(الاعراف:۵۷)۔ [1]

قاعدہ: بسا اوقات صفت کو موصوف سے مقدم کیا جاتا ہے، لیکن یہ اس وقت جائز ہے جب موصوف کے عامل کے لیے معمول بن سکے، جیسے: "وَغَرَابِيبُ سُودٌ."(فاطر:۲۷)، "سُودٌ غَرَابِيبُ"، اگر صفت کو مقدم کیا جائے تو پھر ان کو موصوف و صفت نہیں کہا جائے گا، بلکہ دیکھا جائے گا کہ اگر دونوں معرفہ ہوں تو اکثر بدل بنے گا اور موصوف مبدل منہ بنے گا اور اگر دونوں نکرہ ہوں تو صفت حال بنے گا اور موصوف ذوالحال بنے گا۔ [2]

قاعدہ: بعض اوقات صفت کو اپنے موصوف سے منقطع کیا جاتا ہے اور اس کو مرفوع یا منصوب پڑھا جاتا ہے، اس صفت کو صفتِ منقطعہ کہتے ہیں، صفت منقطعہ تین چیزوں کے لیے آتی ہے: ۱) مدح کے لیے، جیسے: "بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ." ۲) ذم کے لیے، جیسے: "أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ." ۳) ترحم کے لیے، جیسے: "مَرَرْتُ بِزَيْدٍ الْمِسْكِيْنِ". [3]

قاعدہ: اسم جمع کی صفت واحد مذکر اور جمع مذکر سالم دونوں طرح لانا جائز ہے، جیسے: "الْقَوْمُ الصَّالِحُ" اور "الْقَوْمُ الصَّالِحُوْنَ" دونوں جائز ہیں۔ [4]

قاعدہ: جب موصوف جمع لایعقل ہو تو اس کی صفت جمع مؤنث اور واحدہ مؤنث دونوں لانا جائز ہے، جیسے: "خُيُوْلٌ سَابِقَةٌ" اور "خُيُوْلٌ سَابِقَاتٌ" دونوں جائز ہیں۔

قاعدہ: جمع مذکر لایعقل کی صفت الف اور تاء کیساتھ آتی ہے، جیسے: "الْأَسْمَاءُ الْمَرْفُوْعَاتُ" اور "الْأَسْمَاءُ الْمَنْصُوْبَاتُ".

قاعدہ نمبر: مضاف مضاف الیہ کی طرح موصوف صفت مل کر بھی ہمیشہ جملہ کا جزء بنتے ہیں، یعنی کبھی مبتداء، کبھی خبر، کبھی فاعل، کبھی مفعول بہ وغیرہ۔

قاعدہ: ایک موصوف کی ایک سے زائد صفات بھی ہو سکتی ہیں، جیسے: "عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا

---

[1] النحو القرآنی: ۳۳۷، بدر السعید: ۴۰۱۔
[2] بدر السعید: ۴۰۱۔
[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲۳۱/۳۔
[4] موسوعۃ النحو والصرف: ۶۹۰، جامع الدروس العربیۃ: ۲۲۶/۳۔

خَيْرًا مِنْكُنَّ مسْلِمَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا."(التحریم:۵)
اور جب کہ موصوف عطف کے بغیر ایک سے زائد نہیں ہو سکتے، البتہ عطف کیساتھ ایک سے زائد ہو سکتے ہیں، جیسے:"وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّانِّينَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ."(الفتح:۶)۔[۱]

فائدہ: تاکید: وہ تابع ہے، جو متبوع کی حالت کو مضبوط کرے، یعنی دوسرے لفظ سے وہی مراد ہو، جو پہلے سے ہے، اس کا غیر مراد نہیں ہے، اب خواہ یہ مضبوطی نسبت میں ہو، یا شمول میں ہو، تاہم سامع کا کوئی شک باقی نہ رہے۔

فائدہ: تاکید وہ تابع ہے، جو اپنے متبوع کو پختہ کرے، تاکہ مجاز، سہو اور غفلت کا احتمال نہ رہے۔ تاکید لفظی کی پہچان یہ ہے کہ ایک لفظ دو مرتبہ ذکر کیا گیا ہو۔ اور تاکید معنوی کی پہچان یہ ہے کہ الفاظ تاکید میں سے کوئی ایک لفظ مستعمل ہو۔

قاعدہ: تاکید لفظی اسم، فعل، حرف، مفرد اور جملہ سب کی آتی ہے اور تاکید معنوی صرف اسم کی آتی ہے۔

قاعدہ: جب ضمیر مرفوع متصل کی تاکید لانی ہو لفظ "نَفْسٌ" یا "عَيْنٌ" کیساتھ تو درمیان میں ضمیر مرفوع منفصل کا فاصلہ لانا ضروری ہے، جیسے:"جِئْتُ أَنَا نَفْسِيْ. ذَهَبُوْا هُمْ أَنْفُسُهُمْ. عَلِيٌّ سَافرَ نَفْسُهُ."، لیکن ضمیر منصوب یا مجرور کی تاکید لانی ہو تو پھر ضمیر مرفوع منفصل کا فاصلہ لانا واجب نہیں، جیسے:"أَكْرَمْتُهُمْ أَنْفَسَهُمْ، ومَرَرْتُ بِهِمْ أَنفسِهم." اور اسی طرح "نَفْسٌ" یا "عَيْنٌ" کے علاوہ کسی اور لفظ سے تاکید لانی ہو تب بھی فاصلہ لانا واجب نہیں، جیسے:"قَامُوْا كُلُّهمْ. وَسَافَرْنَا كُلُّنَا."[۲]

قاعدہ: ضمیر مرفوع منفصل کیساتھ ضمیر متصل کی تاکید لانا جائز ہے، خواہ مرفوع ہو، جیسے:"قُمْتَ أَنْتَ" یا منصوب ہو، جیسے: "أَكْرَمْتُكَ أَنتَ" یا مجرور ہو، جیسے:"مَرَرْتُ بِكَ أنتَ".[۳]

قاعدہ: اسم ظاہر کی تاکید اسم ظاہر کیساتھ ہی لائی جا سکتی ہے اسم ضمیر کیساتھ نہیں، لہذا "جاءَ عليٌّ هوُ" نہیں کہا جائے گا، بلکہ "جاءَ عليٌّ نفسُهُ" کہا جائے گا، لیکن اسم ضمیر کی تاکید ضمیر کیساتھ بھی لائی جا سکتی ہے، جیسے:"جئتَ أنتَ نَفْسُكَ" اور اسم ظاہر کیساتھ بھی، جیسے:"أَحْسَنْتُ إِلَيْهِمْ أَنْفسِهِمْ."[۴]

قاعدہ: "نَفْسٌ" یا "عَيْنٌ" پر "باء" جارہ زائدہ داخل کرنا جائز ہے، جیسے:"جَاءَ عَلِيٌّ بنَفِسهِ."

قاعدہ: تاکید معنوی کے الفاظ کبھی کبھی غیر تاکید بھی واقع ہوتے ہیں، یعنی بحسب العامل مبتداء خبر، فاعل اور مفعول بہ وغیرہ، جیسے:"إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنْفُسَكُمْ."

---

[۱] المنہاج الکامل:۲/۷۲۔
[۲] جامع الدروس العربیۃ:۳/۲۳۴۔
[۳] جامع الدروس العربیۃ:۳/۲۳۵۔
[۴] جامع الدروس العربیۃ:۳/۲۳۵۔

قاعدہ: اگر تاکید معنوی کے الفاظ ایک جمع ہو جائیں تو ان کی ترتیب یہ ہوگی کہ پہلے ”نَفْسٌ، عَيْنٌ، كُلٌّ، أَجْمَعُ“ ہوں گے اور پھر اس کے فروع ہوں گے۔

قاعدہ: مؤکد کو حذف کرنا جائز نہیں، لہٰذا ”جَاءَ نَفْسُهُ“ کہنا درست جائز نہیں۔

قاعدہ: جب ضمیر منصوب متصل یا مجرور متصل کی تاکید لفظی کا ارادہ ہو تو اس کا اعادہ متصل لفظ کیساتھ ضروری ہے، جیسے: ”مَرَرْتُ بِكَ بِكَ“.[1]

قاعدہ: بدل وہ تابع ہے کہ متبوع کی طرف جو چیز منسوب ہے، وہی چیز تابع کی طرف منسوب ہو، اور مقصود تابع ہو، نہ کہ متبوع۔

فائدہ: بدل کو ترجمہ، تبیین اور تکریر بھی کہتے ہیں۔

قاعدہ: بدل الکل میں مبدل منہ اور بدل کے درمیان افراد، تثنیہ و جمع، تذکیر و تانیث میں موافقت ضروری ہے، البتہ اگر ان میں سے ایک مصدر ہو یا اس سے تفصیل کرنے کا ارادہ ہو تو پھر موافقت ضروری نہیں، مصدر کی مثال، جیسے: ”مَفَازًا حَدَائِقَ“ (النباء:۳۱-۳۲) اور تفصیل کی مثال، جیسے: ”أَنْتَ ذُوْرِجْلَيْنِ: رِجْلٍ صَحِيْحَةٍ وَرِجْلٍ شَلَّةٍ“ اور اگر بدل الکل نہ ہو تو پھر موافقت ضروری نہیں، اس کی مثال، جیسے: ”سَرَّنِيْ عُلَمَاءُ كِتَابُهُمْ“.

قاعدہ: بدل البعض میں ضمیر متصل کا ہونا ضروری ہے جو مبدل منہ کی طرف راجع ہو، خواہ مذکور ہو، جیسے: ”ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا كَثِيرٌ مِنْهُمْ.“ (المائدۃ:۷۱)، یہاں ”كَثِيرٌ“ ترکیب میں ”عَمُوا“ اور ”صَمُّوا“ کی ضمیر فاعل سے بدل البعض ہے اور ”مِنْهُمْ“ میں ضمیر رابط ہے، یا مقدر ہو، جیسے: ”وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا.“ (ال عمران:۹۷) یہاں ”مَنِ اسْتَطَاعَ“ ترکیب میں ”النَّاسِ“ سے بدل ہے اور رابطہ ”مِنْهُمْ“ ضمیر مقدر ہے۔

قاعدہ: بدل الاشتمال میں بھی بدل کی طرح ضمیر کا اتصال ضروری ہے خواہ مذکور ہو، جیسے: ”يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ.“ (البقرۃ:۲۱۷)، یہاں ”قِتَالٍ“ بدل الاشتمال ہے اور ”فِيهِ“ کی ضمیر رابط ہے، یا مقدر ہو، جیسے: ”قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ النَّارِ.“ (البروج:۴-۵) یہاں ”النَّارِ“ ترکیب میں ”الْأُخْدُودِ“ سے بدل الاشتمال ہے اور رابط ”فِيهِ“ مقدر ہے۔

قاعدہ: اسم ظاہر کو اسم ضمیر سے بدل بنایا جاسکتا ہے، لیکن اسم ضمیر کو اسم ظاہر سے بدل بنانا درست نہیں۔

قاعدہ: اسم ضمیر کو اسم ظاہر سے بدل نہی بنایا جاسکتا، لیکن اسم ظاہر کو ضمیر غائب سے بدل بنایا جاسکتا ہے، جیسے: ”وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا.“ (الانبیاء:۳)، یہاں ”الَّذِينَ“، ”أَسَرُّوا“ کی ضمیر فاعل سے بدل ہے، لیکن ضمیر مخاطب اور ضمیر متکلم سے اسم ظاہر کو تب بدل بنایا جاسکتا ہے کہ وہ بدل البعض یا بدل الاشتمال ہو، جیسے: ”لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ

---

[1] المنہاج الکامل:۵:۴۳۵۔

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو الله وَالْيَوْمَ الْآخِرَ.“(الاحزاب:۲۱)،یہاں ”مَنْ “اسم موصول ”كُمْ“ضمیر سے بدل ہےاوریہ بدل البعض ہےاوربدل الاشتمال کی مثال،جیسے:”أعَجَبَتْنِيْ عِلْمُكَ“،یہاں ”علمُكَ“ما قبل ”أَعْجَبَتْنِيْ“ میں ”تاء“ضمیر مخاطب سے بدل الاشتمال ہے۔[1]

قاعدہ: اسم اسم سے بدل واقع ہوتا ہے جس کی مثالیں گذر چکی ہیں، فعل فعل سے بدل واقع ہوتا ہے، جیسے:”ومَنْ يفعلْ ذلكَ يَلْقَ أثاماً، يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ.“یہاں ”يُضَاعَفْ“فعل ” يَلْقَ“سے بدل ہے اور جملہ جملہ سے بدل واقع ہوتا ہے، جیسے:”أَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ أمدَّكم بأنعامٍ وبنينَ.“یہاں ”أمدَّكم بأَنْعَامٍ وبنينَ“جملہ ”أَمَدَّكم بِمَا تَعلَمُوْنَ.“ سے بدل واقع ہے اور مفرد جملے سے بدل ہو، جیسے:”أَفَلَا يَنْظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ.“(الغاشیۃ:۱۷)،یہاں ”كَيْفَ خُلِقَتْ“جملہ ”الْإِبِلِ“مفرد سے بدل ہے۔[2]

قاعدہ: بدل اور مبدل منہ کے درمیان فاصلہ کا نہ ہونا بلیغ ہے، البتہ اگر مجرور سے بدل ہو تو باعادہ حرف جار فاصلہ جائز ہے، جیسے: ”لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو الله وَالْيَوْمَ الْآخِرَ.“ (الاحزاب:۲۱)۔

قاعدہ: بدل اور مبدل منہ کی موافقت تعریف و تنکیر کے اعتبار سے ضروری نہیں ہے، خواہ دونوں معرفہ ہوں، جیسے:”اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ“(فاتحہ:۶-۷)۔ یادونوں نکرہ ہوں، جیسے:”قَدْ أَنْزَلَ اللهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا رَسُولًا“(الطلاق:۱۰)۔ بدل نکرہ اور مبدل منہ معرفہ ہو، جیسے:”حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ رَسُولٌ مِنَ اللهِ“. (البینۃ:۱-۲)۔ بدل معرفہ اور مبدل منہ نکرہ ہو، جیسے:”إِنَّا أَخْلَصْنَاهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ“(ص:۴۶).

قاعدہ: بدل مقصود بالنسبۃ ہوتا ہے اس لیے اس کا مبدل منہ سے اقویٰ یا کم از کم اس کے مساوی ہونا ضروری ہے، اس اعتبار سے بدل اور مبدل منہ کی چار صورتیں بنتی ہیں: ۱) بدل اور مبدل منہ دونوں معرفہ ہوں، جیسے:”إِلَى صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ اللهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ.“(ابراہیم:۱-۲)۔ ۲) دونوں نکرہ ہوں، جیسے:”إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا.“(النباء:۳۱-۳۲)۔ ۳)۔ ۳) مبدل منہ نکرہ اور بدل معرفہ ہو، جیسے:”وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ صِرَاطِ اللهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ.“(الزخرف:۵۲-۵۳)۔ ۴) مبدل منہ اور معرفہ اور بدل نکرہ ہو۔ ان میں پہلی تین صورتیں صحیح ہیں اور چوتھی صورت غلط ہے، کیونکہ بدل جو کہ مقصود ہوتا ہے اس کا ادنیٰ ہونا لازم آتا ہے، البتہ اس کے صحیح ہونے کے لیے شرط یہ ہے کہ نکرہ کی صفت لائی جائے، جیسے:”لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ.“(العلق:۱۵-۱۶)۔[3]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۳/۲۳۹۔
[2] جامع الدروس العربیۃ:۳/۲۴۰۔
[3] المنہاج الکامل:۷/۴۳۳۔

قاعدہ: اگر مبدل منہ اسم استفہام یا اسم شرط کو متضمن ہو تو بدل میں ہمزہ استفہام یا "ان" شرطیہ کو ذکر کرنا ضروری ہے، اسم استفہام کی مثال، جیسے: "كَمْ مَالُكَ؟ أَعِشْرُوْنَ أَمْ ثَلَاثُوْنَ؟. مَنْ جَاءَكَ؟ أَعليٌّ أَمْ خَالِدٌ؟. مَا صَنَعْتَ؟ أَخيراً أَمْ شرًّا؟." اور "إنْ" شرطیہ کی مثال، جیسے: "مَنْ يَجتَهِدْ، إنْ عليٌّ، وإنْ خَالدٌ، فَأَكْرِمْهُ. مَا تَصنعْ، إنْ خَيْراً، وإنْ شرًّا، تُجزَ بِهِ. حَيْثُمَا تَنْتَظِرْنِيْ، إنْ فِي الْمَدْرِسَةِ، وإنْ فِي الدَّار أُوَافِك." [1]

قاعدہ: بدل مبائن بمع اقسام ثلاثہ بلغاء کے کلام میں نہیں پایا جاتا ہے، لیکن اگر کہیں پایا جائے تو وہاں مبدل منہ اور بدل کے درمیان "هَلْ" اضراب کے لیے ہو گا جو غلطی، نسیان یا اضراب پر دلالت کرتا ہے۔ [2]

قاعدہ: ضمیر مرفوع منفصل کا منصوب متصل یا منفصل پر عطف جائز ہے، جیسے: "أَنْتَ وَزَيْدٌتَسْرَعَانِ، إِيَّاكَ وَالْكَذِبَ، وَجَعَلْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِيْنَ"۔ اور ضمیر مرفوع متصل (بارز ہو یا مستتر) پر عطف درست ہے، بشرطیکہ کے تاکید کے لیے ضمیر منفصل لائی جائے، یا کوئی اور فاصلہ موجود ہو، جیسے: "اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ" (البقرہ:۳۵) اور "مَاأَشْرَكْنَا وَلَاآبَاؤُنَا" (الانعام:۱۴۸)۔

قاعدہ: جملہ خبریہ کا عطف جملہ انشائیہ پر، یا انشائیہ کا عطف خبریہ پر صحیح قول کے مطابق درست نہیں اور جملہ اسمیہ کا عطف جملہ فعلیہ پر اور جملہ فعلیہ کا عطف جملہ اسمیہ پر صحیح قول کے مطابق جائز ہے۔ [3]

قاعدہ: جملہ کا عطف مفرد پر یا مفرد کا عطف جملہ پر درست ہے، بشرطیکہ جملہ کو مفرد کی تاویل میں لینا درست ہو، جیسے: "كَمْ أَهَلَكْنَاهَا مِنْ قَرْيَةٍ فَجَاءَهَا بَأْسُنَا بَيَاتاً أَوْهُمْ قَائِلُوْنَ" (الاعراف:۴) اور فعل کا عطف اسم پر جائز ہے، جیسے: "فَالْمُغِيْرَاتِ صُبْحاً فَأَثَرْنَ بِه نَقْعاً" (العادیات:۴) اور اسم کا عطف بھی فعل پر جائز ہے، جیسے "يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ" (الانعام:۹۵)۔

قاعدہ: جملہ کا عطف مفرد پر اور مفرد کا عطف جملہ پر جائز ہے بشرطیکہ جملہ دونوں صورتوں میں بمنزلہ مفرد کا ہو، یعنی جملہ صفت واقع ہو یا حال واقع ہو یا خبر اور یا مفعول برائے افعال قلوب واقع ہو، جیسے: "وَآتَيْنَاهُ الْإِنْجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ." (المائدۃ:۴۶)، یہاں "مُصَدِّقًا" مفرد کا عطف "فِيهِ هُدًى" پر ہے جو بمنزلہ مفرد ہے، کیونکہ یہ جملہ حال ہے اور حال مفرد ہوتا ہے۔

قاعدہ: مفرد کا عطف شبہ جملہ پر یعنی جار مجرور اور ظرف مستقر پر یا شبہ جملہ کا عطف مفرد پر جائز ہے بشرطیکہ یہ شبہ جملہ بتاویل مفرد ہو، جیسے: "وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا." (یونس:۱۲)، یہاں "قَاعِدًا" مفرد کا

---

[1] جامع الدورس العربیہ:۲۴۰/۳۔
[2] جامع الدورس العربیۃ:۲۳۸/۳۔
[3] شرح الاشمونی:۴۰۶/۲۔

عطف شبہ جملہ ظرف مستقر" لِجَنْبِهِ" پر ہے جو بتاویل مفرد "مجنوب" کا ہے۔
قاعدہ: ایک حرف عاطفہ کے ذریعے دو مختلف عاملوں کے دو معمولوں پر دو اسموں کا عطف جائز ہے بشرطیکہ معطوف علیہ مجرور ہو اور منصوب یا مرفوع پر مقدم ہو، جیسے: "فِي الدَّارِ زَيْدٌ وَالْحُجْرَةِ عَمْرٌو." یہ امام اخفشؒ، امام کسائیؒ، امام فراء اور زجاجؒ سے منقول ہے۔ امام سیبویہؒ، مبردؒ، ابن سراجؒ وغیرہ عدم جواز کے قائل ہیں۔[1]
فائدہ: عطف کی تین قسمیں ہیں: ۱) عطف علی اللفظ، جیسے: "زَيْدٌ لَيْسَ بِقَائِمٍ وَلَا قَاعِدٍ"، اس کو محل قریب بھی کہتے ہیں اور یہی اصل ہے۔ ۲) عطف علی المحل، یعنی محل بعید پر عطف ہو، جیسے: "أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ." (التوبۃ: ۳)، یہاں "رَسُولُهُ" کا عطف لفظ "اللَّهَ" کے محل بعید پر ہے۔ ۳) عطف علی التوہم، جیسے: "لَيْسَ زَيْدٌ قَائِمًا وَلَا قَاعِدٍ" یہاں "قَاعِدٍ" کا عطف "قَائِمًا" پر ہے اور توہم یہ ہے کہ "قَائِمًا" پر "باء" داخل ہے، کیونکہ "لَيْسَ" کی خبر پر "باء" کا داخل ہونا کثیر ہے۔[2]
قاعدہ: عطف بیان کا اپنے متبوع کے اعراب، افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث اور تعریف و تنکیر میں موافق ہونا ضروری ہے۔
قاعدہ: کنیت اور علم میں جو زیادہ مشہور ہو گا اس کو عطف بیان بنایا جائے گا۔
قاعدہ: جملہ بھی عطف بیان واقع ہو سکتا ہے، جیسے: "فَوَسوسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ قَالَ يَا آدَمُ هَلْ أَدُلُّك عَلَى شجرةِ الخُلدِ وَمُلكٍ لَا يَبلى." یہاں جملہ " قَالَ يَا آدَمُ هَلْ أَدُلُّك عَلَى شجرةِ الخُلدِ." عطف بیان ہے اور "فَوَسوسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ" مبین ہے، یہ بلاغیین کا نقطہ نظر ہے، نحات کہتے ہیں کہ جملہ عطف بیان واقع نہیں ہو سکتا، بلاغیین کا مذہب حق ہے۔[3]
قاعدہ: ضمیر عطف بیان واقع نہیں ہو سکتی جیسا کہ صفت واقع نہیں ہو سکتی۔
قاعدہ: اگر متبوع معرفہ ہو تو عطف بیان متبوع کی وضاحت کرے گا، جیسے: "أَقْسَمَ بِاللهِ أَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ" اور اگر متبوع نکرہ ہو تو عطف بیان تخصیص کا فائدہ دے گا، جیسے: "اشْتَرَيْتُ حُلِيًّا سِوَاراً".
قاعدہ: "أَيْ" تفسیریہ اور "أَنْ" تفسیریہ کے بعد واقع ہونے والا کلمہ یا جملہ ترکیب میں عطف بیان واقع ہوتا ہے، جیسے "رَأَيْتُ لَيْثاً، أَيْ أَسَداً.

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اقسام توابع کی نشاندہی کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ، الْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ، لَن نَّصْبِرَ عَلَى

---

[1] شرح الاشمونی: ۴۰۸/۲، مغنی اللبیب: ۶۳۲، شرح التصریح: ۱۸۸/۲۔
[2] حاشیۃ الصبان علی الاشمونی: ۱۳۱/۳۔
[3] جامع الدروس العربیۃ: ۲۴۴/۳۔

طَعَامٍ وَّاحِدٍ، المَلائِكَةُ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ، رَأَيْتُ رَجُلًامُّصَلِّياً، تُوبُوا إِلَى اللهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا، هَذَا رَجُلَانِ عَاقِلَانِ، هٰذِهِ امْرَأَةٌ صَالِحَةٌ، هٰذَاالرَّجُلُ أَبُوْهُ عَالِمٌ، سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ، قَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هَارُوْنَ، الصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍوَّآلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِيْنَ، أُخِذَ زَيْدٌ مَّالُهُ، يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ، لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ عَظِيمٌ، عَبْدُاللهِ بْنُ عَبَّاسٍ ابْنِ عَمِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، اذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ، سَيِّدَةُ النِّسَاءِفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، خَالِدُبْنُ وَلِيْدٍسَيْفُ اللهِ، كَانَ عُثْمَانُ ذُوْالنُّوْرَيْنِ خَتَنُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، اذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ، فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ، أَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ (رَضِيَ اللهُ عَنْهُ) ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ. وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ. وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا. يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى. وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ. وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ. تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ . رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا. خَتَمَ اللهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ. اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ. فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَنْ يَتَطَهَّرُوا. هَؤُلاء بَنَاتٌ عَاقِلَةٌ أُمَّهَاتُهُنَّ. عَجِبْتُ مِنَ الْأَسَدِ إِقْدَامِه. أَنْتَ الْمَلُوْمُ أَنْتَ الْمَلُوْمُ. عَاشَرْتُ إِخْواناً مُوْسِراً آبَاؤُهُمْ. سَطَعَ الْقَمَرُ نُورُهُ. مَضَى يَوْمٌ شَدِيْدُ الْحَرِّ. قُمْتُ أَنَا بِالْوَاجِبِ. احْتَرَقْتِ الدارُ كلُها. أَوْقَدْتُ مِصْباحاً نُوْرُه قَوِيٌّ. قَضَيْتُ الدَّيْنَ ثُلثَهُ. الْمُلْكُ كله لله. تَرْعدُ السَّمَاءُ وَتَبرقُ. تَمزّقَ الْكِتَابُ غِلَافُه. تَوَلَّى الْخِلَافَةَ أَبُو بَكْرٍ وَعمرُ. دَخلَ المدَرِّسُ فَوَقَفَ التَّلَامِيْذُ. كَانَتْ أمُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا حُجَّةً فِيْ رِوَايَةِ الْحَدِيْثِ. سَرَّنِي الْخَادمُ أَمَانَتُهُ.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍ ......الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ:

''الْحَمْدُ''مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً... ''لِلّٰہِ''ظرف مستقر خبرش مرفوع محلاً... ''ل''جارہ... لفظ''اللّٰہ''مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ ''ثَبَتَ''ویا کہ ''ثَابِتٌ''مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... باز لفظ''اللّٰہ''موصوف ویا کہ مبدل منہ ''رَبِّ'' بدل اوست ویا کہ صفت اوّل اوست مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف... ''الْعالَمِينَ''مضاف الیہ است مجرور بالیاء لفظاً ... ''الرَّحْمٰنِ''صفت ثانی اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... ''الرَّحِيمِ''صفت ثالث اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... ویا کہ'' الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ''ہر دو خبر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً برائے مبتدائے محذوف ''ھوَ''باشد...ویا کہ''الرَّحْمٰنَ الرَّحِيمَ''ہر دو مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً برائے فعل محذوف کہ تقدیرش''أَعْنِيْ''باشد ...''أَعْنِيْ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ

تقدیراً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "الرَّحْمٰنَ"مفعول اول اوست منصوب بالفتحہ لفظاً..."الرَّحِیمَ"مفعول ثانی اوست منصوب بالفتحہ لفظاً۔ [1]

✍ ...سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ:

"سَجَدَ"صیغہ فعل مضارع معلوم... "الْمَلَائِكَةُ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً مؤکد... "كُلُّ"تاکید معنوی اول اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "هُمْ"ضمیر غائبین مضاف الیہ اوست مجرور محلا... راجع بسوئے مذکورین ما قبل... "أَجْمَعُونَ"تاکید معنوی ثانی اوست مرفوع بالواو لفظاً۔ [2]

✍... قَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هَارُونَ:

"قَالَ"صیغہ فعل ماضی معلوم ... "مُوسٰى"فاعلش مرفوع بالضمہ تقدیراً... "ل"جارہ... "أَخِي"مجرور بالیاء لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "قَالَ"... فعل است "أَخِي"مبدل منہ ویا کہ مبین مضاف... "ہ"ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے "موسٰی"... "هَارُونَ"بدل ویا کہ عطف بیان اوست مجرور بالفتحہ لفظاً۔ [3]

✍... الصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ:

"الصَّلَاةِ"مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً... "عَلٰى رَسُوْلِهٖ"ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا... "عَلٰى"جارہ... "رَسُوْلِ"مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "نَزَلَتْ"ویا کہ "نَازِلَةٌ"مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ... باز "رَسُوْلِ"مبین مضاف... "ہ"ضمیر غائبہ مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... راجع بسوئے مذکور ما قبل... "مُحَمَّدٍ"عطف بیان اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... "واؤ"عاطفہ... "اٰلِهٖ"معطوف... "رَسُوْلِهٖ"معطوف علیہ اوست... "واؤ"عاطفہ... "أَصْحَابِهٖ" معطوف... "اٰلہ"معطوف علیہ قرباً... "رَسُوْلِهٖ"معطوف علیہ بُعداً... باز "أَصْحَابِ" مؤکد مضاف... "ہ"ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا راجع بسوئے "مُحَمَّدٍ"... "أَجْمَعِيْنَ"تاکید اوست۔

✍ ...يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ:

"يَسْأَلُونَكَ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی... "واؤ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے مذکورین ما قبل ... "كَ"ضمیر خطاب مفعول بہ اوست منصوب محلا... "عَنْ"جارہ "الشَّهْرِ"مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "يَسْأَلُونَكَ"فعل است... باز "الشَّهْرِ"موصوف مبدل منہ... "الْحَرَامِ"صفت اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... "قِتَالٍ" بدل الاشتمال اوست مجرور بالکسرہ لفظاً موصوف... "فِيهِ"ظرف مستقر صفت است مجرور محلاً... "فِي"جارہ... "ہ"ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتٍ"مقدر است... "ثَابِتٍ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے موصوف... ویا کہ "فِي"جارہ... "ہ"ضمیر غائب مجرور و منصوب محلا مفعول بہ

---

(1) اعراب القرآن درویش: ۱/۱۴.

(2) اعراب القرآن صافی: ۱۴/۲۳۷.

(3) اعراب القرآن درویش: ۳/۴۴۹، اعراب القرآن صافی: ۹/۶۷.

غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ... "قِتَالٍ" شبہ فعل است... ویا کہ "عن" مقدر است کہ تقدیر عبارت "عَنْ قِتَالٍ" باشد... "عَنْ" جارہ "قِتَالٍ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "قِتَالٍ" شبہ فعل است الخ... [1]

✍...عَبْدُاللهِ بْنُ عَبَّاسٍ ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ:

"عبد" مبتداء اوست مرفوع بالضمہ لفظاً موصوف مضاف... لفظ "اللهِ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظاً... "بْنُ" صفت است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "عَبَّاسٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... "ابْنُ" خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "عَمِّ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف... "رَسُوْلِ" مضاف الیہ مجرور بالکسرہ لفظاً مضاف... لفظ "اللهِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔

✍...اذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ:

"اذْكُرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً... "عَبْدَ" مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً مبین ویا کہ مبدل منہ مضاف... "نَا" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... "دَاوُدَ" عطف بیان ویا کہ بدل ویا کہ مفعول بہ اوست منصوب بالفتحہ (لفظاً برائے فعل محذوف کہ "أَعْنِيْ" باشد)... موصوف "ذَا"... صفت اوست منصوب بالالف لفظاً مضاف... "الْأَيْدِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔ [2]

✍...اذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ:

"اذْكُرْ" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "عِبَادَ" مفعول بہ است منصوب بالفتحہ لفظاً مبین ویا کہ مبدل منہ مضاف... "نَا" ضمیر متکلم مضاف الیہ اوست مجرور محلاً... "إِبْرَاهِيمَ" عطف بیان ویا کہ بدل اوست منصوب بالفتحہ لفظاً موصوف... "واؤ" عاطفہ... "إِسْحَاقَ" معطوف... "إِبْرَاهِيمَ" معطوف علیہ اوست... "واؤ" عاطفہ... "يَعْقُوبَ" معطوف... "إِسْحَاقَ" معطوف علیہ قرباً... "إِبْرَاهِيمَ" معطوف علیہ بُعداً... "أُولِي" صفت ویا کہ مفعول بہ اوست منصوب بالیاء لفظاً مضاف... "الْأَيْدِي" مضاف الیہ اوست مجرور بالیاء لفظاً... "واؤ" عاطفہ... "الْأَبْصَارِ" معطوف... "الْأَيْدِي" معطوف علیہ اوست۔ [3]

✍...فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ:

"فِيهِ" ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلا... "فِي" جارہ... "هِ" ضمیر غائب مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتْنَ" ویا کہ "ثَابِتَاتٌ" مقدر است بنا بر اختلاف مذہبین الخ... "آيَاتٌ" مبتدا مؤخر است مرفوع بالضمہ لفظاً مبدل منہ موصوف... "بَيِّنَاتٌ" صفت اوست مرفوع بالضمہ لفظاً... "مَقَامُ" بدل اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "إِبْرَاهِيمَ" مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً... ویا کہ "مَقَامُ" مبتداء مؤخر اوست برائے خبر محذوف کہ "مِنْهَا" باشد... "مِنْهَا" ظرف مستقر خبر مقدم اوست مرفوع محلاالخ... "مَقَامُ" مبتداء مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً... مضاف "إِبْرَاهِيمَ" مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً... ویا کہ "مَقَامُ" خبر ش برائے مبتداء محذوف کہ "أَحَدُهَا" باشد... "احد" مبتداء اوست مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "هَا" ضمیر غائبہ مضاف

---

[1] التبیان لابی البقاء:۱/۱۷۴، اعراب القرآن درویش:۱/۳۲۱۔

[2] تفسیر الدر المصون:۹/۳۶۵، اعراب القرآن درویش:۸/۳۴۱، اعراب القرآن صافی:۲۳/۱۱۰۔

[3] الدر المصون:۹/۳۸۲، اعراب القرآن درویش:۸/۳۶۹، اعراب القرآن صافی:۲۳/۱۳۰۔

الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے "آيَاتٌ"... "مَقَامُ"خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "إِبْرَاهِيمَ" مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً۔ (۱)

✍...أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ثَالِثُ الْخُلَفَاءِ:

"أَمِيْرُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظامبدل منہ مضاف... "الْمُؤْمِنِيْنَ "مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... "عُمَرُ"بدل مرفوع بالضمہ لفظاً... "رَضِيَ اللهُ عَنْهُ"جملہ متعرضہ لا محل لہا من الاعراب... "ثَالِثُ"خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف... "الْخُلَفَاءِ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظًا۔

---

(۱) التبیان لابی البقاء:۱/۲۸۱،الدر المصون:۳/۳۱۷،اعراب القرآن درویش:۱/۵۶۷.

فصل دوم: غیر منصرف کا بیان

اسم کی انصراف اور عدم انصراف کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں:

(الف): منصرف (ب): غیر منصرف

(الف): منصرف کی تعریف:

"هُوَ مَا لَيْسَ فِيهِ سَبَبَانِ مِنَ الأَسْبَابِ التِّسْعَةِ."

منصرف وہ اسم ہے جس میں اسباب تسعہ (اسباب منع صرف) میں سے دو سبب یا ایک ایسا سبب ہو جو دو سببوں کے قائم مقام ہو موجود نہ ہو، جیسے: "زَيْدٌ، بَكْرٌ، خَالِدٌ" وغیرہ اور منصرف کا حکم یہ ہے کہ اس پر کسرہ اور تنوین آسکتی ہیں۔

(ب): غیر منصرف کی تعریف:

"هُوَ مَا فِيهِ سَبَبَانِ مِنَ الأَسْبَابِ التِّسْعَةِ أَوْ واحِدٌ مِنْهَا يَقُومُ مَقَامَهُمَا."

غیر منصرف وہ اسم ہے جس میں اسبابِ تسعہ (اسباب منع صرف) میں سے دو سبب ہوں، یا ایک ایسا سبب ہو جو دو سببوں کے قائم مقام ہو، جیسے: "أَحْمَدُ" اور "مَسَاجِدُ". اور غیر منصرف کا حکم یہ ہے کہ اس پر کسرہ اور تنوین نہیں آسکتی ۔

اسبابِ منع صرف:

اسباب منع صرف نو (عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب، وزن فعل، الف ونون زائدتان) ہیں، جو ان اشعار میں مذکور ہیں۔

عَدْلٌ وَّوَصْفٌ وَّتَانِيْثٌ وَّمَعْرِفَةٌ وَ عُجْمَةٌ ثُمَّ جَمْعٌ ثُمَّ تَرْكِيْبُ
وَالنُّونُ زَائِدَةٌ مِّنْ قَبْلِهَا أَلِفٌ وَوَزْنُ فِعْلٍ وَهَذَا الْقَوْلُ تَقْرِيْبُ[۱]

مذکورہ اسبابِ تسعہ کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

۱۔ عدل:

عدل کے لغوی معانی "میلان، اعراض، تغیر و تصرف" وغیرہ ہیں اور اصطلاحی تعریف یہ ہے:

"وَهُوَ تَغْيِيرُ اللَفْظِ مِنْ صِيغَتِهِ الأَصْلِيَّةِ إلى صِيغَةٍ أُخْرَى مَعَ بَقَاءِ الْمَادَّةِ الْأَصْلِيَّةِ وَالْمَعْنَى الْأَصْلِيِّ بِلا قَانُوْنٍ صَرْفِيٍّ."[۲]

عدل وہ اسم ہے، جو اپنی شکل و صورت چھوڑ کر دوسری شکل اختیار کرلے اور اس کا مادہ اصلی اور معنی اصلی بھی باقی

---

[۱] شرح الرضی علی الکافیہ: ۱/۱۲۵، شرح الاشمونی: ۳/۱۳۵۔

[۲] شرح الرضی علی الکافیہ: ۱/۱۲۵۔

رہے اور تبدیلی قانون صرفی کے بغیر ہو، پھر عدل کی دو قسمیں ہیں:
(الف): عدل تحقیقی (ب): عدل تقدیری
(الف): عدل تحقیقی کی تعریف:
عدل تحقیقی وہ ہے جس میں اسم معدول کی واقعی کوئی اصل ہو، یعنی جس کی اصل کے وجود پر غیر منصرف کے سوا کوئی اور دلیل بھی موجود ہو، جیسے: ''ثُلاَثُ، وَمَثْلَثُ'' جو اصل میں ''ثَلاَثَةٌ ثَلاَثَةٌ'' (تین تین) تھے تو تکرار لفظ تکرار معنی پر دلالت کرتا ہے اور یہاں لفظاً تکرار نہیں تو معلوم ہوا کہ ''ثُلاَثُ، وَمَثْلَثُ'' نے اپنی اصل شکل و صورت چھوڑ کر دوسری شکل اختیار کی ہے۔
(ب): عدل تقدیری کی تعریف:
عدل تقدیری وہ ہے کہ اسم معدول کی واقعی کوئی اصل نہ ہو، یعنی جس کے غیر منصرف پڑھے جانے کے علاوہ اس کی اصل کے وجود پر کوئی دلیل موجود نہ ہو، بلکہ مان لیا گیا ہو، جیسے: ''عُمَرُ، زُفَرُ'' انہیں ''عَامِرٌ، زَافِرٌ'' سے فرضاً معدول مان لیا گیا ہے، کیونکہ کلام عرب میں یہ غیر منصرف مستعمل ہیں، لیکن ان کے اندر ایک سبب علم تو موجود ہے مگر دوسرا سبب نہیں، اب اگر انہیں ایک سبب کی وجہ سے غیر منصرف پڑھیں تو نحات کا قانون ٹوٹتا ہے تو قانون نحوی کو بچانے کے لیے انہوں نے ان کے اندر ایک دوسرا سبب عدل فرض کر لیا اور کہا کہ ''عُمَرُ'' اصل میں ''عَامِرٌ'' تھا اور ''زُفَرُ'' اصل میں ''زَافِرٌ'' تھا، لہذا ان کے وجود اصلی پر غیر منصرف پڑھنے کے علاوہ ہمارے پاس کوئی اور دلیل موجود نہیں[1]۔
۲۔ وصف:
''كَوْنُ الْإِسْمِ دَالاًّ عَلَى ذَاتٍ مُبْهَمَةٍ مَّأْخُوْذَةٍ مَعَ بَعْضِ صِفَاتِهَا.''
وصف وہ کلمہ ہے جس کی دلالت ایسی ذات مبہم پر ہو جس میں بعض صفاتِ معلومہ ملحوظ ہوں، پھر وصف کی دو قسمیں ہیں: (الف): وصف اصلی (ب): وصف عارضی
(الف): وصف اصلی کی تعریف:
وہ اسم ہے جو معنی وصفی کے لیے موضوع ہو، یعنی جو ذات مع الوصف پر دال ہو اور اصل وضع کے اعتبار سے وصف ہو، جیسے: ''أَسْوَدُ'' اور ''أَرْقَمُ'' بشرطیکہ کے سانپوں کے نام ہوں۔
(ب): وصف عارضی کی تعریف:
وصف عارضی وہ ہے جس کی وضع معنی وصفی کے لیے نہ ہو، بلکہ کسی اور کے لیے ہو، البتہ معنی وصفی میں استعمال ہوتا

---
[1] شرح الرضی علی الکافیۃ: ۱/۱۱۴۔

ہو، جیسے:"مَرَرْتُ بِنِسْوَةٍ أَرْبَعٍ "میں"أَرْبَعٍ "اگرچہ "نِسْوَةٍ"کی صفت بن رہا ہے، لیکن یہ صفت عارضی ہے اصلی نہیں، کیونکہ واضع نے اسے معنی وصفی کے لیے نہیں بلکہ عدد کے لیے وضع کیا ہے، اب جو غیر منصرف کے لیے سبب بنتا ہے وہ وصف اصلی ہے وصف عارضی نہیں، لہذا"مَرَرْتُ بِنِسْوَةٍ أَرْبَعٍ "میں"أَرْبَعٍ "منصرف ہو گا غیر منصرف نہیں ہو گا، اگرچہ اس میں وصف اور وزن فعل دو سبب پائے جا رہے ہیں لیکن یہ وصف عارضی ہے اس کا کوئی اعتبار نہیں[1]۔

۳۔ تانیث:

تانیث وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے، اگر تانیث الف مقصورہ یا ممدودہ کی شکل میں ہو تو اس کے غیر منصرف بننے کے لیے کوئی شرط نہیں، بلکہ وہ ایک سبب دو سببوں کے قائم مقام ہو گا، جیسے:"حُبْلٰی "(حاملہ عورت) اور "حَمْرَآءُ"(سرخ رنگ) وغیرہ۔ اور اگر تانیث تاء ملفوظہ (تانیث لفظی) کیساتھ ہو تو اس کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے علم ہونا شرط ہے، جیسے:"طَلْحَةُ"اور اگر تاء مقدرہ (تانیث معنوی) کیساتھ ہو تو اس کے وجوباً غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے دو شرطیں ہیں:۱) علمیت، ۲) امور ثلاثہ میں سے کسی ایک امر کا ہونا:۱) کلمہ تین حرفوں سے زائد ہو، جیسے:"زَيْنَبُ"۔ ۲) یا اگر تین حرفی ہو تو متحرک الاوسط ہو، جیسے:"سَقَرُ"(جہنم کے ایک طبقہ کا نام ہے)۔ ۳) یا عجمہ ہو، جیسے:"ماهُ، جُوْرُ" (شہروں کے نام ہیں) اور اگر علم تو ہو لیکن امور ثلاثہ میں سے کوئی نہ پایا جائے، یعنی ثلاثی ساکن الاوسط عربی ہو تو اس کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے:"هِنْدٌ"اور"هِنْدُ"دونوں جائز ہیں[2]۔

۴۔ معرفہ:

معرفہ سے علمیت مراد ہے، کیونکہ معرفہ کی دیگر اقسام غیر منصرف کے سبب بنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اس لیے کہ مضمرات، اسمائے اشارات، اسمائے موصولہ تو مبنی ہیں اور منصرف وغیر منصرف کا تعلق معرب سے ہے، باقی رہا معرف باللام اور اضافت یہ تو غیر منصرف کو بھی منصرف کر دیتے ہیں اور معرفہ بالنداء معرف باللام کے حکم میں ہے۔[3]

۵۔ عجمہ:

عجمہ ہر وہ لفظ ہے جو غیر عربی ہو اور اس کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ علم ہو، خواہ حقیقۃً ہو، جیسے:"إِبْرَاهِيْمُ"، یا حکماً ہو، یعنی عجمی میں علم نہ ہو بلکہ عربی کی طرف منقول ہونے کے بعد علم بنا ہو، جیسے: "قَالُون"۔ دوسری شرط یہ ہے کہ یہ اسم عجمی تین حروف سے زائد ہو، جیسے:"إِبْرَاهِيْمُ"اور اگر زائد علی الثلاثہ نہ ہو تو شرط یہ ہے کہ متحرک الاوسط ہو، جیسے:"شَتَرَ"(ایک قلعہ کا نام ہے)[4]۔

---

(۱) شرح الرضی:۱/۱۲۶، شرح الاشمونی:۳/۱۳۸۔
(۲) شرح الرضی:۱/۱۳۱، شرح التصریح:۲/۲۱۸، الکناش:۱۲۶، شرح جامی:۱۳۷۔
(۳) شرح جامی:۱۳۸۔
(۴) شرح الرضی:۱/۱۴۱، شرح التصریح:۲/۳۳۱، شرح جامی:۱۳۹۔

۶۔ جمع:

جمع سے مراد یہاں جمع اقصیٰ ہے اور یہ ایک سبب دو کے قائم مقام ہے، کیونکہ اس میں ایک جمعیت کا اعتبار ہے اور دوسرا الزوم جمعیت کا اور جمع کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ جمع منتہی الجموع کے وزن پر ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ اس کے آخر میں تائے مدورہ نہ ہو، احترازی مثال، جیسے: "ملائکۃ" اور اتفاقی مثال، جیسے: "مَسَاجِدُ، مَصَابِيْحُ".[1]

۷۔ ترکیب:

ترکیب سے مراد وہ کلمے ہیں، جو اضافت اور اسناد کے بغیر مرکب ہوں، یعنی مرکب اضافی اور اسنادی نہ ہوں، بلکہ مرکب منع صرف ہو، ترکیب کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ علم ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ مرکب کے اقسام میں سے مرکب منع صرف ہو، جیسے "بَعْلَبَكَ".[2]

۸۔ الف ونون زائدتان:

الف ونون زائدتان سے مراد وہ الف ونون ہیں جو "فاء، عین" یا "لام" کلمے کے مقابلے میں نہ ہو، پھر اس کی دو صورتیں ہیں: یہ الف ونون اسم جامد کے آخر میں ہوں گے یا اسم مشتق کے آخر میں ہوں گے، یا اگر اسم جامد کے آخر میں ہوں تو شرط یہ ہے کہ علم ہو، جیسے: "عُثْمَانَ، عِمْرَانَ" پس "سَعْدَانَ" غیر منصرف نہیں، کیونکہ یہ علم نہیں، بلکہ جنگلی گھاس کو کہتے ہیں اور اگر مشتق کے آخر میں ہوں تو ان کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کی مؤنث "فَعْلَانَةٌ" کے وزن پر نہ ہو، جیسے: "سَكْرَانَ" غیر منصرف ہے، کیونکہ اس کی مؤنث "سَكْرَانَةٌ" نہیں آتی ہے اور "نَدْمَانٌ" غیر منصرف نہیں، کیونکہ اس کی مؤنث "نَدْمَانَةٌ" آتی ہے۔[3]

۹۔ وزن فعل:

وزن فعل سے مراد وہ اسم ہے جو فعل کے مخصوص وزن پر ہو، وزن فعل کے غیر منصرف کا سبب بننے کے لیے دو شرطیں ہیں، ان میں ایک کا پایا جانا ضروری ہے: پہلی شرط یہ ہے کہ کلام عرب میں یہ وزن فعل کیساتھ خاص ہو اسم میں نہ پایا جائے، اگر اسم میں پایا گیا تو پھر شرط یہ ہے کہ فعل سے اسم کی طرف منقول ہو اور دوسری شرط یہ ہے کہ اگر یہ وزن فعل کیساتھ مختص نہ ہو بلکہ اسم و فعل میں مشترک ہو تو پھر شرط یہ ہے کہ اس کے شروع میں حروف اتین میں سے کوئی حرف ہو اور آخر میں "تاء" کو بھی قبول نہ کرے، جیسے: "أَحْمَدُ، يَشْكُرُ، تَغْلِبُ، نَرْجِسُ" وغیرہ۔ لہذا "يَعْمَلُ" اور "نَصْيْرُ" منصرف

---

[1] شرح الرضی: ۱/۱۴۱، شرح جامی: ۱۴۰۔
[2] شرح الرضی: ۱/۱۵۶، شرح جامی: ۱۴۴۔
[3] شرح الرضی: ۱/۱۵۷، شرح جامی: ۱۴۵۔

ہیں، کیونکہ ان کی مؤنث "يَعْمَلَةٌ" اور "نَصِيْرَةٌ" آتا ہے، "نَاقَةٌ يَعْمَلَةٌ" (کاج کام والی اونٹنی) اور "امْرَأَةٌ نَصِيْرَةٌ" (مددگار عورت)[1]۔

علاماتِ غیر منصرف:

غیر منصرف کی بارہ علامات ہیں، جس کی تفصیل یہ ہے کہ غیر منصرف کی دو قسمیں ہیں: معرفہ اور نکرہ اور ان میں سے ہر ایک کی چھ چھ علامات ہیں:

۱) غیر منصرف معرفہ کی چھ علامات یہ ہیں: ۱) تانیث لفظی و معنوی ہو، جیسے: "طَلْحَةُ، زَيْنَبُ"۔ ۲) آخر میں الف و نون زائد تان ہو، جیسے: "عِمْرَانُ، عُثْمَانُ". ۳) "أَفْعَلُ" کا وزن ہو، جیسے: "أَحْمَدُ". ۴) عجمہ ہو، جیسے: "إِبْرَاهِيم". ۵) "فَعُلَ" کا وزن ہو، جیسے: "عُمَرُ، زُفَرُ". ۶) مرکب منع صرف ہو، جیسے: "بَعْلَبَكَّ".

۲) غیر منصرف نکرہ کی چھ علامات یہ ہیں: ۱) "أَفْعَلُ" صفتی ہو، جیسے: "أَحْمَرُ". ۲) "فَعْلَان" صفتی ہو، جیسے: "سَكْرَان". ۳) "فُعَالُ" یا "مُفْعَلُ" کا وزن ہو، جیسے: "أُحَادُ، مُوَحَدُ". ۴) الف مقصورہ ہو، جیسے: "حُبْلٰى"۔ ۵) الف ممدودہ ہو، جیسے: "حَمْرَاءُ". ۶) جمع اقصیٰ ہو، جیسے: "مَسَاجِدُ"[2].

عَلَم کا تعلق اسبابِ منع صرف کیساتھ:

علم کا باقی اسباب منع صرف کیساتھ چار قسم کا تعلق ہے:

۱) تعلق تضاد: جن اسباب کیساتھ علم بالکل جمع نہیں ہو سکتا وہ اسباب منع صرف میں سے صرف وصف ہے۔

۲) مجامعتِ غیر مؤثرہ کے طور پر: علم ان کیساتھ جمع تو ہوگا، لیکن غیر مؤثر ہوگا اور یہ دو سبب ہیں: ۱) الف مقصورہ و ممدودہ۔ ۲) جمع منتہی الجموع۔

۳) مجامعت مؤثرہ علی سبیل السبب: علم ان اسباب کیساتھ بطور سببیت کے جمع ہوگا اور یہ بھی دو سبب ہیں: ۱) عدل، ۲) وزنِ فعل۔

۴) مجامعت مؤثر علی سبیل السبب والشرط: علم خود سبب بھی ہو اور دوسرے سبب کے لیے شرط بھی بنے اور یہ چار اسباب ہیں: ۱) تانیث لفظی و معنوی، ۲) عجمہ، ۳) ترکیب، ۴) الف و نون زائد تان۔[3]

غیر منصرف کو منصرف بنانا:

چار عوارض ایسے ہیں جو غیر منصرف کو منصرف بنادیتے ہیں اور وہ عوارض اربعہ یہ ہیں:

---

[1] شرح الرضی: ۱/۱۶۱، شرح جامی: ۱۴۶۔

[2] بدر السعید: ۲۱۳۔

[3] شرح جامی: ۱۴۸۔

۱) ہر وہ اسم غیر منصرف جس میں علمیت مؤثرہ ہو، خواہ بطور سببیت ہو (یہ عدل اور وزنِ فعل میں ہوتا ہے) یا بطور سببیت و شرطیت دونوں کے ہو (یہ تانیث لفظی و معنوی، عجمہ، ترکیب، الف و نون زائدتان میں ہوتا ہے) تو ایسے غیر منصرف کو اگر نکرہ بنایا جائے تو منصرف کے حکم میں ہوجاتا ہے اور علم کو نکرہ بنانے کے دو طریقے ہیں: پہلا طریقہ یہ ہے کہ علم سے شخص معین مراد نہ لیا جائے بلکہ اسے ایک جماعت کا نام فرض کیا جائے اور ان میں سے ایک فرد غیر معین کو مراد لیا جائے، جیسے: "ہذا زید ورایت زیداً آخر"۔ اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ علم سے وصف مشہور مراد لیا جائے، جیسے: "لِكُلِّ فِرْعَوْنٍ مُوْسىٰ، أَيْ لِكُلِّ مُبْطِلٍ مُحِقٌّ".

۲) اگر غیر منصرف مضاف ہوجائے یا اس پر الف لام داخل ہوجائے تو منصرف کے حکم میں ہوجاتا ہے، جیسے: "لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ." (التین:۴)، "وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ." (البقرۃ:۱۸۷)۔

۳) تناسب کی وجہ سے غیر منصرف کو منصرف پڑھا جاتا ہے، جیسے: "إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَ وَأَغْلَالًا." (الانسان:۴)، یہاں "سَلَاسِلَ" غیر منصرف ہے، لیکن تناسب کی وجہ سے اس پر تنوین آئی ہے۔[1]

۴) ضرورت شعری کی وجہ سے بھی غیر منصرف کو منصرف کا حکم دیا جاتا ہے، پھر ضرورتِ شعری کی دو قسمیں ہیں: ۱) ضرورتِ وزن شعری، ۲) ضرورتِ قافیہ۔ پھر وزن شعری کی بھی دو قسمیں ہیں: (الف) احتراز عن الانکسار، (ب) احتراز عن الزحاف۔

(الف): احتراز عن الانکسار: یہ ہے کہ اگر غیر منصرف کو منصرف نہ پڑھا جائے تو شعر کا وزن ٹوٹ جاتا ہو، جیسے: حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہ کا یہ شعر ہے:

"صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبٌ لَوْ أَنَّهَا ... صُبَّتْ عَلَى الْأَيَّامِ صِرْنَ لَيَالِيَا"

یہاں اگر "مصائبٌ" پر تنوین کے بجائے ضمہ غیر منصرف کے طور پر پڑھا جائے تو وزن شعری ٹوٹ جاتا ہے۔

(ب): احتراز عن الزحاف: یہ ہے کہ اگر غیر منصرف کو منصرف نہ پڑھا جائے وزن شعری تو نہیں ٹوٹتا، لیکن شعر کے تسلسل اور روانگی متاثر ہوتی ہے، جیسے یہ شعر ہے:

"أَعِدْ ذِكْرَ نُعْمَانٍ لَنَا إِنَّ ذِكْرَهُ ... هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهُ يَتَضَوَّعُ"

یہاں اگر "نُعْمَانٍ" کے "نون" پر اگر کسرہ کے بجائے فتحہ پڑ جائے وزن تو سلامت ہوگا، لیکن شعر کی تسلسل اور روانگی باقی نہیں رہتی۔

۲۔ رعایتِ قافیہ: جیسے یہ اشعار ہیں:

---

[1] بدر السعید: ۲۱۰، شرح جامی: ۴۷۔

"سَلَامٌ عَلٰى خَيْرِ الْأَنَامِ وَسَيِّدِ ... ... حَبِيْبِ إِلٰهِ الْعَالَمِيْنَ مُحَمَّدِ
بَشِيْرٍ نَذِيْرٍ هَاشِمِيٍّ مُكَرَّمٍ ... ... عَطُوْفٍ رَؤُوْفٍ مَنْ يُّسَمَّى بِأَحْمَدِ"

اگر یہاں "بِأَحْمَدِ" کو مکسور کے بجائے مفتوح پڑھا جائے تو وزن مین اگرچہ خلل نہیں پڑتا، لیکن قافیہ کی رعایت نہ ہوگی، کیونکہ ان تمام اشعار میں حرف آخر مکسور ہے[۱]۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: عدل کے کل اوزان چھ ہیں: ۱) "فُعَالُ"، جیسے: "ثُلَاثُ". ۲) "مَفْعَلُ"، جیسے: "مَثْلَثُ". ۳) "فُعَلُ"، جیسے: "عُمَرُ". ۴) "فَعْلِ"، جیسے: "أَمْسِ". ۵) "فَعَلَ"، جیسے: "سَحَرَ". ٦) "فَعَالِ"، جیسے: "قَطَامِ".

فائدہ: "قَطَامِ، حَذَامِ" اہل حجاز کے نزدیک مبنی علی الکسر ہیں غیر منصرف نہیں ہیں، جیسے: "قَالتْ حَذامِ، وسمعتُ حَذامِ، ووعَيتُ قولَ حَذامِ." اور بنو تمیم انہیں معدول مان کر غیر منصرف کہتے ہیں، جیسے: "قَالَتْ حِذَامُ، وسمعتُ حذامَ، ووعَيتُ قول حذامَ." اسی طرح "أَمْسِ" کو بھی بنو تمیم حالتِ رفعی میں غیر منصرف مانتے ہیں اور حجازیین مبنی علی الکسر کہتے ہیں، عدل کے اصل اوازن انکے علاوہ باقی مذکورہ چار ہیں۔[۲]

قاعدہ: "قَطَامِ، حَذَامِ" سے مراد اس وزن پر آنے والے وہ الفاظ ہیں جو عورتوں کے نام ہوں اور ان کے آخر میں "راء" نہ ہو۔[۳]

قاعدہ: عدل وزن فعل کیساتھ کبھی بھی جمع نہیں ہو سکتا، کیونکہ عدل کے جتنے بھی اوزان ہیں ان میں کوئی بھی وزن فعل کیساتھ خاص نہیں۔

فائدہ: کلام عرب میں پندرہ کے لگ بھگ ایسے اسماء ہیں جو عدل تقدیری میں "فُعَلُ" کے وزن میں آتے ہیں وہ یہ ہیں: "عُمَرُ، زُفَرُ، زُحَلُ، ثُعَلُ، جُشَمُ، جُمَحُ، قُزَحُ، دُلَفُ، عُصَمُ، جُحى، بُلَعُ، مُضَرُ، هُبَلُ، هُذَلُ، قُثَمُ" اور چار ان کے ملحقات ہیں: "جُمَعُ وُكتَعُ وبُصَعُ وبُتَعُ."[۴]

قاعدہ: وصف علمیت کیساتھ جمع نہیں ہو سکتا، کیونکہ وصف ذات مبہم پر دلالت کرتا ہے اور علم ذات معین پر دلالت کرتے ہیں اور یہ ضدین ہیں۔

فائدہ: کل اوزان دس ہیں: ۱) ثلاثی مجرد معلوم، ۲) ثلاثی مجرد مجھول، ۳) ثلاثی مزید فیہ معلوم، ۴) ثلاثی مزید فیہ مجھول، ۵) رباعی

---

[۱] شرح جامی: ۴۷۔
[۲] ہادیہ: ۳۴، جامع الدروس العربیہ: ۲/۲۱۳۔
[۳] ہادیہ: ۳۴۔
[۴] جامع الدروس العربیۃ: ۲/۲۱۸۔

مجرد معلوم،٦)رباعی مجرد مجہول،۷)رباعی مزید فیہ معلوم،۸)رباعی مزید فیہ مجہول،۹)خماسی مجرد،۱۰)خماسی مزید فیہ۔ ان اوزان میں سے خماسی مجرد و مزید فیہ اسم کیساتھ خاص ہیں، ثلاثی مجرد معلوم اور رباعی مجرد معلوم اسم و فعل میں مشترک ہیں اور باقی چھ فعل کیساتھ خاص ہیں، یعنی اگر ثلاثی مجرد یا رباعی مجرد کا وزن ہو تو پھر شرط یہ ہے کہ اس کے شروع میں حروف اتین ہو اور آخر میں "تاء" کو قبول نہ کرے۔ [۱]

قاعدہ: جن اسباب منع صرف کیساتھ علم جمع ہوتا ہے جب ان اسماء سے علمیت زائل ہو جائے تو وہ منصرف ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ: اگر غیر منصرف کو مصغر بنایا جائے تو سبب منع صرف زائل ہو جانے کی وجہ سے منصرف پڑھا جائے گا، جیسے: "عُمَرُ" سے "عُمُیْرٌ".

قاعدہ: اگر جمع اقصی کے وزن پر مفرد آجائے تب بھی غیر منصرف ہو گا، جیسے: "هَوَازِن" (قبیلہ کا نام) اور "بَيَادِرُ" (ایک شخص کا نام ہے)۔ [۲]

قاعدہ: انبیاء علیہم السلام کے ناموں میں صرف نو نام منصرف ہیں اور وہ یہ ہیں: "محمد، صالح، ہود، شعیب، نوح، لوط، شیث، خضر، عزیر" اور باقی تمام اسماء معروفہ علمیت اور عجمہ کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔ [۳]

قاعدہ: ملائکہ کے ناموں میں سے چار نام منصرف ہیں اور وہ یہ ہیں: "منکر، نکیر، مالک، رضوان" اور باقی سب غیر منصرف ہیں۔

قاعدہ: لفظ "قرآن" معرف باللام ہو تو علم ہو گا، لہذا بغیر الف لام کے یہ منصرف ہو گا اور معرف باللام ہونے کی صورت میں اگرچہ علمیت اور الف و نون زائد تان پائے جاتے ہیں، لیکن الف لام کی وجہ سے منصرف پڑھا جائے گا۔

فائدہ: لفظ "إبليس" علمیت او عجمہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور عند البعض اگرچہ عربی ہے، لیکن شبہ عجمہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور لفظ "شیطان" اگر "شَاطَ يَشِيْطُ" معتل العین سے ہو تو غیر منصرف ہو گا اور "شطن" صحیح سے ہو تو منصرف ہو گا۔

فائدہ: اسلامی مہینوں کے ناموں میں سے چھ منصرف اور چھ غیر منصرف ہیں، غیر منصرف یہ ہیں: "جمادیٰ الاولی، جمادی الآخری (یہ دونوں الف مقصورہ کی وجہ سے منصرف ہیں)، شعبان، رمضان (یہ دونوں الف و نون زائد تان کی وجہ سے غیر منصرف ہیں)، صفر، رجب (یہ دونوں علمیت او عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں اور "الصَّفْرُ" اور "الرَّجَبُ" سے معدول ہیں [۴])" اور

---

[۱] بدر السعید:۲۰۸، جامع الدروس العربیۃ:۲/۲۱۵۔

[۲] جامع الدروس العربیہ:۲/۲۱۱۔

[۳] شرح جامی:۱۴۰۔

[۴] معدول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب ان سے ایک متعین مہینہ مراد ہوں اور تعیین کے لیے کلمہ پر الف لام داخل کیا جاتا ہے جب ان پر الف لام داخل نہیں تو گویا کہ یہ معرف باللام سے معدول ہیں۔

یہ آخری چار (شعبان، رمضان، رجب، صفر) اس وقت غیر منصرف ہوں گے جب ان سے متعین مہینے مراد ہوں۔ اور منصرف یہ چھ ہیں: "شوال، محرم، ربیع الاول، ربیع الثانی، ذوالقعدہ، ذوالحجہ"۔
فائدہ: قبائل کے بعض اسماء وہ ہیں جن میں تانیث معنوی کے علاوہ دو اسباب موجود ہوں، جیسے: "تغلب، باهلة" یا عرب سے غیر منصرف مسموع ہوں، جیسے: "هُوْد، مجوس، دِمِشْق"۔ اور جو اسماء قبائل منصرف مسموع ہیں وہ منصرف پڑھے جائیں گے، جیسے: "كلب، ثقيف، حنين" وغیرہ اور ان کے علاوہ جواز لامرین ہے، اگر بتاویل مکان یا "حی" بمعنی قبیلہ کے ہو تو منصرف ہوں گے اور اگر بتاویل بقعۃ یا قبیلہ کے ہو تو غیر منصرف ہوں گے۔ [۱]

تمرین:

ذیل کی مثالوں میں غیر منصرف اور اس کے اسباب بیان کریں، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً. وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ. جَاءَ سُلَيْمَانُ. اِسْمُهُ أَحْمَدُ. هٰذِه بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ. فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ. يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ. جَاءَنِيْ زَيْدٌ عَطْشَانُ. لَبِسَ زَيْدٌ سَرَاوِيْلَ. جَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ. فَأَنْبَتْنَا بِهِ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ. جَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ. إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا. تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ. يَاأَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ. يَابَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ. أَهْلُ البَيْتِ أَدْرَى بِمَا فِيهِ. هَذِه صَحْرَاءُ. يُثِيبُ اللّٰهُ عُمَّارَ المَسَاجِدِ. مارَأَيْتُ نُعْمَى كَالصِّحَةِ. رَأَيْتُ عَدْنانَ فِي الصَّفِّ. لا تَبْخَلْ عَلَى عَطْشَانَ. أَنْتَ أَسْبَقُ مِنِّي. وَقَفَ جنودٌ مَثْنَى. تَعَلَّمْتُ فِي مَدَارِسَ. نَظَرْتُ إِلَى الْأَوْلَادِ ثُلَاثَ. دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ بَنَاتٌ آخَرُ. الْوَلَدُ النَّجِيْبُ نُعْمَى. سُرِرْتُ مِنْ عَصَافِيْرِ الْحَدِيْقَةِ. اشْتَهَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ بِالْحِلْمِ. كَوَاكِبُ السَّمَاء أَكْثَرُ مِنَ أَنْ تُحْصَى.

چند حل شدہ تطبیقی مثالیں:

✍... إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً:

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "إِبْرَاهِيمَ" اسمش منصوب بالفتحہ لفظا... "كَانَ أُمَّةً" جملہ خبرش مرفوع محلا... "كَانَ" صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... ضمیر درو مستتر اسمش مرفوع محلا راجع بسوئے "إِبْرَاهِيمَ"... "أُمَّةً" خبرش منصوب بالفتحہ لفظا۔ [۲]

---

[۱] جہد قصیر: ۳۳۔
[۲] اعراب القرآن درویش: ۳۸۲/۵.

...فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ:

"فَ"که حالش ازما قبل معلوم خواہد شد..."انْكِحُوا"صیغه فعل امر حاضر معلوم..."وَ"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا..."مَا"موصوله یاموصوفه بمع صله یاصفت خویش مفعول به اوست منصوب محلا..."مَا"موصوله یاموصوفه ذوالحال..."طَابَ لَكُمْ"جمله صله یاصفت اوست...ویاکه "مَا"مصدریه..."طَابَ لَكُمْ"جمله بتاویل مصدر مفعول به اوست منصوب محلاالخ..."طَابَ"صیغه فعل ماضی معلوم...ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول ذوالحال..."لَ"جاره..."كُمْ"ضمیر مخاطبین مجرورو منصوب محلامفعول به غیر صریح...جار مجرور متعلق به"طَابَ"فعل است..."مِنَ النِّسَاءِ"ظرف مستقر حال اوست منصوب محلا..."مِن"جاره..."النِّسَاءِ"مجرور بالکسره لفظاو منصوب محلامفعول به غیر صریح...جار مجرور متعلق به"ثَابِتاً"شبه فعل مقدراست...باز"ثَابِتاً"صیغه اسم فاعل تکیه کرده برذوالحال خود یعمل عمل فعله... ضمیر درو مستتر فاعلش محلاراجع بسوئے ذوالحال... "مَثْنَى"بدل اوست ویاکه حال اوست منصوب بالفتحه تقدیراً(از"مَا"موصوله... ویاکه از"مِنَ النِّسَاءِ"). "واؤ"عاطفه ..."ثُلَاثَ"معطوف..."مَثْنَى"معطوف علیه اوست..."واؤ"عاطفه..."رُبَاعَ"معطوف..."ثُلَاثَ" معطوف علیه قرباً... "مَثْنَى"معطوف علیه بُعداً۔ [1]

... "يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ":

"يَعْمَلُونَ"صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی..."وَ"ضمیر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل ..."لَ"جاره..."ه"ضمیر غائب مجرورو منصوب محلامفعول به غیر صریح راجع بسوئے مذکورماقبل...جار مجرور متعلق به"يَعْمَلُونَ"فعل است..."مَا"موصوله یاموصوفه بمع صله یاصفت خویش مفعول به است منصوب محلا...باز"مَا"موصوله یاموصوفه..."يَشَاءُ"جمله صله یاصفت اوست..."يَشَاءُ"صیغه فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمه لفظا...ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورماقبل ..."ه"ضمیر عائد محذوف است مفعول به اوست منصوب محلاراجع بسوئے اسم موصول ذوالحال..."مِنْ مَحَارِيبَ"ظرف مستقر حال اوست منصوب محلا..."مِنْ"جاره..."مَحَارِيبَ"مجرور بالفتحه لفظاو منصوب محلامفعول به غیر صریح...جار مجرور متعلق به"ثَابِتاً"شبه فعل است..."ثَابِتاً"صیغه اسم فاعل تکیه کرده برذوالحال خود یعمل عمل فعله ...ضمیر درو مستتر فاعلش محلاراجع بسوئے ذوالحال... "واؤ"عاطفه..."تَمَاثِيلَ"معطوف..."مَحَارِيبَ"معطوف علیه اوست۔ [2]

... "إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا":

"إِنَّ"حرف از حروف مشبه بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد..."أَوَّلَ"اسمش منصوب بالفتحه لفظامضاف ..."بَيْتٍ"مضاف الیه اوست مجرور بالکسره لفظا موصوف..."وُضِعَ لِلنَّاسِ"جمله صفت اوست مجرور محلا..."وُضِعَ"صیغه فعل ماضی مجهول... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعله اوست مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف..."ل"جاره..."النَّاسِ"مجرور بالکسره لفظاو منصوب محلامفعول به غیر صریح... جار مجرور متعلق به"وُضِعَ"فعل است..."لَلَّذِي"خبرش مرفوع محلا..."لَ"ابتدائیه

---

(1) التبیان لابی البقاء:۳۲۸/۱،اعراب القرآن درویش:۱۵۳/۲،اعراب القرآن صافی:۴۳۴/۴.

(2) اعراب القرآن درویش:۷۵/۸.

تاکیدیہ... "الَّذِي"اسم موصول ذوالحال... "بِبَكَّةَ"ظرف مستقر صلہ اوست... "ب"جارہ... "بَكَّةَ" مجرور بالفتحہ لفظا ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ"،فعل است... "ثَبَتَ"صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم موصول... "مُبَارَكًا"حال اوست منصوب بالفتحہ لفظا...باز "مُبَارَكًا"صیغہ اسم مفعول تکیہ کردہ بر ذوالحال خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر مفعول مالم یسم فاعلہ است مرفوع محلاراجع بسوئے ذوالحال۔[1]

[1] التبیان لابی البقاء:۱/۲۸۰،اعراب القرآن درویش:۱/۵۶۷.

فصل سوم: حروف غیر عاملہ کا بیان

حروف غیر عاملہ سے مراد وہ حروف ہیں جو لفظاً عمل نہیں کرتے، ان کی مشہور سولہ قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں:
۱) حروف تنبیہ، ۲) حروف ایجاب، ۳) حروفِ تفسیر، ۴) حروفِ مصدریہ، ۵) حروف تحضیض، ۶) حروف توقع، ۷) حروف استفہام، ۸) حروفِ ردع، ۹) تنوین، ۱۰) نون تاکید، ۱۱) حروف زیادت، ۱۲) حروف شرط، ۱۳) "لَوْلَا"، ۱۴) لام مفتوحہ، ۱۵) "مَا" بمعنی "مَادَام"، ۱۶) حروف عاطفہ۔

۱۔ حروف تنبیہ:

حروف تنبیہ وہ حروف غیر عاملہ ہیں جس کے ذریعے مخاطب کو متنبہ اور خبر دار کیا جائے تاکہ اس سے کلام کا کوئی حصہ نہ رہ جائے اور یہ حروف چار ہیں: (الف) "أَلَا"، (ب) أَمَا، (ج) ها، (د) یَا"، جیسے: "أَلَا بُعْدًا لِّقَوْمِ ثَمُوْدَ" (آگاہ ہو جاؤ! قوم ثمود کے لیے دوری ہے)، "أَمَا تَفْعَلْ!"، "هَا أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ"، "یَالَیْتَنِي كُنْتُ تُرَابًا." ان حروف میں ہر ایک کی تفصیل یہ ہے:
(الف): "أَلَا" کی اقسام:

"أَلَا" کی چار قسمیں ہیں: ۱) "أَلَا" استفتاحیہ منبہہ، ۲) "أَلَا" تحضیضہ، ۳) "أَلَا" عرضیہ، ۴) "أَلَا" مرکبہ من ہمزہ استفہام و لائے نفی جنس۔

۱) **"أَلَا" استفتاحیہ منبہہ:** یہ ہمزہ استفہام انکاری اور لائے نافیہ سے مرکب ہوتا ہے اس کے ذریعے مخاطب کو متنبہ اور خبر دار کیا جاتا ہے تاکہ اس سے کلام کا کوئی حصہ فوت نہ ہو اور یہ مابعد کے ثبوت و تحقق پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ استفہام انکاری مفید نفی ہوتا ہے اور لائے نافیہ بھی نفی کا معنی دیتا ہے اور قاعدہ مسلمہ ہے کہ جب نفی نفی پر داخل ہو تو ثبوت کا فائدہ دیتا ہے تو یہ تنبیہ کیساتھ ساتھ مابعد کے تحقق اور ثبوت پر بھی دلالت کرتا ہے یہ جملہ اسمیہ، فعلیہ اور انشائیہ سب پر داخل ہوتا ہے، لیکن مفرد پر داخل نہیں ہوتا۔ جملہ اسمیہ کی مثال، جیسے: "أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ."، جملہ فعلیہ کی مثال، جیسے: "أَلَا یَوْمَ یَأْتِیهِمْ لَیْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ." (ہود: ۸)۔ [1]

۲) **"أَلَا" تحضیضہ:** اس حرف سے مخاطب کو کسی کلام پر اُبھارا جاتا ہے اور یہ جملہ فعلیہ مضارعہ کے داخل ہوتا ہے، جیسے: "أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا أَیْمَانَهُمْ." (التوبۃ: ۱۳)۔

۳) **"أَلَا" عرضیہ:** وہ حرف ہے جس کے ذریعے مخاطب سے کسی کام کی گذارش اور التجاء کی جاتی ہے اور یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: "أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ یَغْفِرَ اللهُ لَكُمْ." (النور: ۲۲)۔

۴) **"أَلَا" مرکبہ من ہمزہ استفہام و لائے نفی جنس:** اس کی تین قسمیں ہیں: ۱) "أَلَا" توبیخ انکاری، ۲) "أَلَا" تمنائیہ، ۳)

[1] موسوعۃ النحو والصرف: ۱۳۷، ادوات الاعراب: ۳۲۔

''أَلَا'' استفہامیہ بمعنی نفی اور یہ تینوں جملہ اسمیہ کیساتھ خاص ہیں اور جملہ فعلیہ پر داخل ہوتے ہیں۔[۱]

(ب): ''أَمَا'' کی اقسام:

''أَمَا'' کی چار قسمیں ہیں: ۱) ''أَمَا'' تنبیہیہ، ۲) ''أَمَا'' عرضیہ، ۳) ''أَمَا'' بمعنی ''حقا''، ۴) ''أَمَا'' مرکبہ۔

۱. **''أَمَا'' تنبیہیہ:** وہ حرف ہے جس کے ذریعے مخاطب کو متنبہ کیا جاتا ہے اور یہ اکثر جملہ قسمیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ''أَمَاوَالَّذِيْ أَبْكَى وَأَضْحَكَ وَالَّذِيْ أَمَاتَ وَأَحْيىٰ''.

۲. **''أَمَا'' عرضیہ:** وہ حرف ہے جس کے ذریعے کسی کام کی گذارش کی جاتی ہے اور یہ صرف جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ''أَمَا تَرِيْدُوْنَ أَنْ تَنْجَحُوْا فِيْ أَعْمَالِكُمْ''.

۳. **''أَمَا'' بمعنی ''حَقًّا'':** یہ ہمزہ استفہامیہ اور ''مَا'' بمعنی ''حَقًّا'' سے مرکب ہوتا ہے اور اس کے بعد ''أَنْ'' مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ''أَمَا أَنْ جَيْشَنَا انْتَصَرَ''، یہاں ہمزہ استفہامیہ اور ''مَا'' بمعنی ''حَقًّا'' ہے۔

۴. **''أَمَا'' مرکبہ:** یہ ہمزہ استفہامیہ اور ''مَا'' نافیہ سے مرکب ہوتا ہے، لیکن کا اس عمل باقی نہیں رہتا، جیسے: ''أَمَا قَابَلْتُكَ مُنْذُ مُدَّةٍ''.[۲]

(ج): ''هَا'' تنبیہ کی تفصیل:

''هَا'' تنبیہ پانچ چیزوں پر داخل ہوتی ہے:

۱) اسم اشارہ بعید پر، جیسے: ''هَذَا، هَذِهِ هَذَيْنِ، هَاتَيِنِ، هَؤُلَاءِ'' اور کبھی ''هَا'' تنبیہ اور اسم اشارہ کے درمیان ''كَ'' تشبیہ کا فاصلہ لایا جاتا ہے، جیسے: ''فَلَمَّا جَاءَتْ قِيْلَ أَهَكَذَا عَرْشُكِ؟'' (النمل:۴۲)۔

۲) ضمیر مرفوع منفصل پر، بشرطیکہ اس کی خبر اسم اشارہ ہو، جیسے: ''هَا أَنْتُمْ أُوْلَاءِ'' (ال عمران:۱۱۹) اور ''هَا أَنَا ذَا. هَا أَنْتُمَا ذَانِ. هَا أَنْتِ ذِيْ.''

۳) فعل ماضی پر جب اس پر ''قَدْ'' داخل ہو، جیسے: ''هَا قَدْ رَجَعْتُ.''

۴) منادیٰ میں لفظ ''أَيُّ'' داخل ہوتا ہے تاکہ دو آلہ تعریف کا اجتماع لازم نہ آئے، جیسے: ''يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ. يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ''.

۵) کبھی لفظ ''اللہ'' پر بھی داخل ہوتا ہے جب لفظ ''اللہ'' مقسم بہ واقع ہو اور حرف قسم محذوف ہو، جیسے: ''هَااللّٰه''.[۳]

---

[۱] موسوعۃ النحو والصرف: ۱۳۷، بدر السعید: ۴۱۷۔

[۲] موسوعۃ النحو والصرف: ۱۴۸۔

[۳] جامع الدروس العربیۃ: ۲۶۱/۳، موسوعۃ النحو: ۶۹۶۔

(د): "یاء" تنبیہ کی تفصیل:

"یاء" اصل میں حرف نداء ہے، لیکن یہ اس وقت ہو گا جب اس کے بعد منادیٰ ہو اور اگر منادیٰ نہ ہو تو حرف تنبیہ ہو گا، بعض نحات کہتے ہیں کہ اگر اس کے بعد فعل امر آئے تو یہ حرف نداء ہو گا اور اس کے بعد منادیٰ محذوف ہو گا، جیسے: "أَلَا يَا اسْجُدُوْا." تقدیر عبارت یوں ہے: "أَلَا يَا قَوْمِ اسْجُدُوْا." اور اگر اس کے بعد فعل امر نہ ہو تو حرف تنبیہ ہو گا، جیسے: "يَا لَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ" اور ایک روایت میں ہے: "يَارُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ يَوْمَ الْقِيامَةِ." [1]

۲۔ حروفِ ایجاب:

حروف ایجاب وہ حروف ہیں جو کسی چیز کے اثبات کے لیے موضوع ہو اور کلام سابق کے جواب میں واقع ہوں اور یہ چھ حروف ہیں: "۱) نَعَمْ، ۲) بَلٰى، ۳) أَجَلْ، ۴) جَيْرِ، ۵) إِنَّ، ۶) إِيْ".

۱) "نَعَمْ": یہ کلام منفی اور کلام مثبت دونوں کے جواب میں واقع ہوتا ہے اور یہ چار معانی کے لیے آتا ہے: ۱) تصدیقِ مخبر، ۲) وعدہ طلب، ۳) اعلام مستخبر، ۴) تاکید۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ یہ ابتداء کلام میں واقع ہے یا بعد از کلام، اگر ابتداءِ کلام میں واقع ہو تو تاکید کے لیے ہو گا، جیسے: "نَعَمْ! هَذه أطلالُهُمْ." اور اگر بعد از کلام واقع ہو تو پھر دیکھیں گے کہ خبر کے بعد واقع ہے یا انشاء کے بعد، اگر خبر کے واقع ہو تو تصدیق مخبر کے لیے ہو گا، خواہ اثبات میں ہو یا نفی میں، جیسے کوئی کہے: "قَامَ زَيْدٌ؟" جواب میں کہا جائے گا: "نَعَمْ!" اثبات میں تصدیق ثبوت کے لیے اور نفی میں تصدیق نفی کے لیے ہو گا اور اگر انشاء کے بعد واقع ہو تو پھر دیکھیں گے کہ انشاء امر، نہی یا تحضیض ہے یا استفہام ہے، اگر امر، نہی اور تحضیض ہو تو وعدہ طلب کے لیے ہو گا، جیسے کوئی کہے: "اضْرِبْ زَيْداً" تو جواب میں کہا جائے: "نَعَمْ!" تو اس میں "ضرب" کا وعدہ کیا گیا ہے اور اگر استفہام کے بعد واقع ہو تو اعلام مستخبر کے لیے ہو گا، جیسے کوئی کہے: "أَزَيْدٌ قَائِمٌ؟" تو جواب میں کہا جائے: "نَعَمْ!" ہاں زید کھڑا ہے۔ [2]

۲) "بَلٰى": کلام منفی کے بعد اثبات کے لیے آتا ہے اور یہ کلام منفی کی نفی کو توڑ کر اسے مثبت بنا دیتا ہے، خواہ نفی مع الاستفہام ہو، جیسے: "أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ" کے جواب میں "بَلَى" آیا ہے اور یا نفی بغیر الاستفہام ہو، جیسے کوئی کہے: "لَمْ يَقُمْ زَيْدٌ" جواب میں کہا جائے: "بَلَى"، "أَيْ قَدْ قَامَ." اور یہ محض استفہام کے لیے بہت کم آتا ہے، ایک روایت میں آتا ہے: "أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُونُوا رُبْعَ أَهْلِ الجْنَّة قَالُوا: بَلَى!" اور ایک دوسری روایت میں ہے: "أَيَسُرُّك أَن يَكُونُوا لَك فِي الْبر سَوَاء قَالَ: بلَى!" [3]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۶۲/۳۔
[2] الجنی الدانی فی حروف المعانی: ۵۰۶۔
[3] مغنی اللبیب: ۱۵۴، ہمع الہوامع: ۵۹۲/۲۔

۳) "أَجَلْ": یہ حرف ایجاب "نَعَمْ" کی طرح ہے اور یہ بھی تصدیق مخبر، اعلام مستخبر اور وعدہ طلب کے لیے آتا ہے، ابن مالک اور زمخشریؒ کے نزدیک صرف خبر کے لیے آتا ہے استفہام اور طلب کے لیے نہیں آتا، عند الاخفش خبر اور استفہام دونوں کے لیے آتا ہے۔ [۱]

۴) "جَيْرِ": یہ بھی "نَعَمْ" کی طرح ہے اور جو تفصیل "نَعَمْ" کی ہے وہی تفصیل اس کی بھی ہے اور یہ بھی مذکورہ تینوں معنوں کے لیے آتا ہے۔

۵) "إِنَّ": یہ حرف ایجاب بھی "نَعَمْ" کی طرح ہے اور جو تفصیل "نَعَمْ" کی ہے وہی تفصیل اس کی بھی ہے اور یہ بھی مذکورہ تینوں معنوں کے لیے آتا ہے اور کبھی اس کے آخر میں "ہا" لگادی جاتی ہے جسے "ہاء" سکتہ کہتے ہیں، جیسے کوئی کہے: "جَاءَ زَيْدٌ؟" جواب میں کہاجائے: "إِنَّهُ".

۶) "إِيْ": حرف ایجاب بھی "نَعَمْ" کی طرح ہے جس طرح "نَعَمْ" خبر کے بعد تصدیقِ مخبر کے لیے آتا ہے اور امر، نہی، تحضیض کے بعد وعدہ طلب کے لیے آتا ہے اور استفہام کے بعد مستخبر کو یقین دلوانے کے لیے آتا ہے تو اسی طرح یہ بھی ان ہی تینوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے، لیکن یہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے، جیسے: "أَحَقٌّ هُوَ قُلْ إِيْ وَرَبِّيْ إِنَّه لَحَقٌّ." (یونس:۵۳) اور جب کہ "نَعَمْ" قسم اور غیر قسم دونوں کیساتھ آتا ہے، علامہ ابن حاجبؒ کہتے ہیں کہ "إِيْ" استفہام کیساتھ مختص ہے۔ [۲]

۳۔ حروفِ تفسیر:

حروف تفسیر وہ حروف ہیں جو ایسے لفظ کے شروع میں ہوں جو کلام سابق کی تفسیر اور وضاحت کررہا ہو اور یہ دو حروف ہیں: "۱) أَيْ، ۲) أَنْ".

۱) "أَيْ": یہ جملہ اور مفرد دونوں کی تفسیر کرتا ہے، مفرد کی مثال، جیسے: "جَاءَنِيْ زَيْدٌ، أَيْ أَبُوْ عَمْرٍو" اور جملہ کی مثال، جیسے: "قَطَعَ رِزْقُهُ، أَيْ مَاتَ". "أَيْ" کا مابعد "أَيْ" کے ماقبل کے لیے عطف بیان ہوگا، یا بدل الکل ہوگا، عطف بالحرف بنانادرست نہیں جیسا کہ کوفیین کا مذہب ہے، کیونکہ حرف عاطفہ اکثر حذف نہیں ہوتا جب کہ "أَيْ" تفسیریہ اکثر محذوف ہوتا ہے یہ اس تفصیل اس وقت ہے جب "أَيْ" مفرد کی تفسیر کررہا ہو اور اگر "أَيْ" کا بعد جملہ ہو تو اس وقت یہ جملہ لا محل لہا من الاعراب کے قبیل سے ہوگا۔ [۳]

---

[۱] الجنی الدانی فی حروف المعانی:۳۶۱، ہمع الہوامع:۵۹۱/۲۔
[۲] ہمع الہوامع:۲۵۰۔
[۳] ہمع الہوامع:۵۸۹/۲۔

۲) ''أَنْ'': تفسیریہ کا مابعد صرف اس جملہ کی تفسیر کرتا ہے جو قول کے معنی میں ہو، جیسے: ''وَنَادَیْنَاهُ أَنْ یَاإِ بْرَاهِیْم، أَيْ قُلْنَاهُ یَا إِبْرَاهِیْمُ!''، ماقبل جملہ کو مفسَّرہ اور مابعد جملہ کو مفسِّرہ کہتے ہیں، ''أَنْ ''تفسیریہ کی علامت یہ ہے کہ باب ''أَوْحَیْنَا، أَرْسَلْنَا، نَادَیْنَا'' کے آتا ہے۔ ''أَنْ ''تفسیریہ کے لیے تین شرائط ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ دو جملوں کے درمیان میں واقع ہو، جیسے: ''وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.''(یونس:۱۰) اور اگر اس کے بعد جملہ نہ ہو تو ''أَنْ ''تفسیریہ نہ ہو گا، جیسے: ''ذَكَرْتُ عَسْجُداً، أَيْ ذِهْباً''۔ دوسرا شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے جملہ معنیٰ قول کو متضمن ہو، لفظ قول نہ ہو اور اگر لفظ قول ہو تو ''أَنْ ''تفسیریہ نہیں ہو گا، جیسے: ''قُلْنَا أَنْ نَادَیْنَا''. تیسری شرط یہ ہے کہ اس پر حرف جارہ داخل نہ ہو، جیسے: ''فَأَوْحَیْنَا إِلَیْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْیُنِنَا وَوَحْیِنَا.''(المؤمنون:۲۷) اگر حروف جارہ داخل ہو تو ''أَنْ ''تفسیریہ نہ ہو گا، جیسے: ''كَتَبْتُ بِأَنْ لَاتَفْعُلَ''.

۵۔ حروفِ مصدریہ:

حروف مصدریہ وہ حروف ہیں جو اپنے مابعد کو مصدر کی تاویل میں کر دیتے ہیں اور یہ تین حروف ہیں: ''مَا، أَنْ[1]، أَنَّ[2]''، پہلے دو ''مَا'' اور ''أَنْ ''، فعل کو مصدر کی تاویل میں کر دیتے ہیں، جیسے: ''ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ'' ''أَيْ بِرُحْبِها'' (زمین اپنی وسعت اور کشادگی کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی) اور جیسے: ''أُرِیْدُ أَنْ تَقُوْمَ، أَيْ قِیَامَكَ'' اور جب کہ ''أَنَّ ''جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور اس کو بتاویل مصدر کر دیتا ہے، جیسے: ''أَعْجَبَنِيْ أَنَّكَ قَائِمٌ، أَيْ أَعْجَبَنِيْ قِیَامَكَ''.

۶۔ حروفِ تخضیض و تندیم:

حروف تخضیض وہ حروف ہیں جس کے ذریعے کسی چیز کا مطالبہ سختی کیساتھ کیا جاتا ہے اور مخاطب کو ابھارا جاتا ہے اور یہ چار حروف ہیں: ''أَلَّا، هلَّا، لَوْلَا، لَوْمَا'' یہ حروف فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں، جیسے: '' هَلاَّ تَأْكُلُ، أَلاَّ تَتُوبُ مِنْ ذَنْبِكَ. لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰہَ. لَوْمَا تَأْتِیْنَا بِالْمَلَائِكَةِ.''

خواہ مضارع ظاہر ہو یا مقدر ہو اور فعل مضارع استقبال کے معنی میں ہونا ضروری ہے تاکہ تخضیض کا معنی متحقق ہو سکے، کیونکہ تخضیض میں مطالبہ ہوتا ہے اور مطالبہ مستقبل میں کیا جاتا ہے اور اگر یہ فعل ماضی پر داخل ہوں تو اس وقت یہ تندیم

---

[1] ''أَنْ'' مصدریہ فعل ماضی اور مضارع دونوں پر داخل ہوتا ہے اور ان کو بتاویل مصدر کر دیتا ہے، لیکن مضارع میں عمل کرتا ہے ماضی میں عمل نہیں کرتا اور کبھی فعل مضارع میں بھی عمل نہیں کرتا، جیسے: ''لِمَنْ أَرَادَ أَنْ یُتِمُّ الرَّضَاعَةَ.''(البقرۃ:۲۳۳) ایک قراءت میں مرفوع ہے تو جب ان دونوں صورتوں میں عمل نہیں کرتا تو اسی وجہ سے اسے حروف غیر عاملہ میں ذکر کیا جاتا ہے۔

[2] کوفیین کے نزدیک ''ان'' مخففہ عن المثقلہ عمل نہیں کرتا اور ''ان'' مشددہ کیساتھ ''ما'' کافہ ملحق ہو تو بھی عمل نہیں کرتا تو ان دو صورتوں میں عمل نہ کرنے کی وجہ سے اسے حروف غیر عاملہ میں شمار کیا گیا ہے۔

کے معنی میں ہوں گے، جیسے: "هَلاَّ اجْتَهَدَّتَ! فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُونِ اللّٰهِ قُرْنَاءَ آلهةً." [1]

۷۔ حرفِ توقع:

حرف توقع ایک "قَدْ" ہی ہے، یہ فعل ماضی اور مضارع دونوں پر داخل ہوتا ہے، اگر فعل ماضی پر داخل ہو تو تحقیق مع التقریب کا فائدہ دیتا ہے، جیسے: "قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ." (المؤمنون:۱) اور کبھی صرف تحقیق کا فائدہ دیتا ہے، جیسے: "هَلْ قَامَ زَيْدٌ" کے جواب میں "قَدْ قَامَ زَيْدٌ" کہا جائے اور یہ کبھی توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے کسی ایسے شخص سے جو بادشاہ کے سوار ہونے کی امید رکھتا ہو کہا جائے: "قَدْرَكِبَ الْأَمِيْرُ" اور کبھی توقع کا فائدہ نہیں دیتا جیسے یہی جملہ اس شخص کے متعلق کہا جائے جو بادشاہ کے سوار ہونے کی امید نہ رکھتا ہو اور کبھی تحقیق، تقریب اور توقع تینوں کے فائدہ دیتا ہے، جیسے: "قَدْقَامَتِ الصَّلَاةُ".

اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو کبھی تحقیق مع التقلیل کے لیے آتا ہے، جیسے: "إِنَّ كُذُوْباً قَدْ يَصْدُقُ" اور کبھی تحقیق کے لیے آتا ہے، بشرطیکہ اس کا فاعل "اللہ" ہو، جیسے: "قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِينَ." (الاحزاب:۱۸)۔ اور کبھی تحقیق مع التکثیر کے لیے آتا ہے، جیسے: "قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ." (البقرۃ:۱۴۴) اور کبھی توقع کے لیے بھی آتا ہے، جیسے: "قَدْيَقْدُمُ الْغَائِبُ الْيَوْمَ" اور یہ اس وقت کہا جائے کہ جب غائب کی آنے کی امید ہو۔ [2]

۸۔ حروفِ استفہام:

حروف استفہام وہ حروف ہیں جو کسی بات پوچھنے کے لیے موضوع ہوں اور یہ تین حروف ہیں: "مَا، هَلْ، ہمزہ (أ)"، حروف استفہام میں اصل ہمزہ ہے ان میں ہمزہ کے ذریعے مفرد اور جملہ دونوں کے بارے میں استفہام جائز ہے، مفرد کی مثال، جیسے: "أخالدٌ شُجاعٌ أَمْ سعيدٌ؟" اور جملہ کی مثال، جیسے: "أَزَيْدٌ قَائِمٌ" اور جب کہ "هَلْ" کے ذریعے جملہ مثبتہ اور منفیہ دونوں کے بارے میں استفہام جائز ہے، جملہ مثبتہ کی مثال، جیسے: "هَلْ زَيْدٌ كَاتِبٌ؟" اور جملہ منفیہ کی مثال، جیسے: "أَلَمْ يُسَافِرْ أَخُوْكَ؟." [3]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۶۰/۳۔

[2] موسوعۃ النحو: ۵۱۹۔

[3] ہمزہ تصور اور تصدیق دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، پھر جب تصدیق کے لیے استعمال ہو تو یہ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے، جملہ اسمیہ کی مثال، جیسے: "أَزَيْدٌ قَامَ؟"، جملہ فعلیہ کی مثال، جیسے: "أَقَامَ زَيْدٌ؟" اور اگر ہمزہ طلب تصور کے لیے آئے تو اس کی دو صورتیں ہیں: مسند الیہ کے تصور کے لیے آئے گا یا مسند کے تصور کے لیے۔ مسند الیہ کے تصور کے لیے آنے کی مثال، جیسے: "أَدَبْسٌ فِي الإِنَاءِ أَمْ عَسَلٌ؟" (برتن میں انگور کا شیرہ ہے یا شہد ہے؟) یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب متکلم کو یہ تو معلوم ہو کہ برتن میں کوئی چیز ہے، لیکن اسے یہ معلوم نہ ہو کہ برتن میں کیا چیز ہے۔ مسند کے تصور کے طلب کرنے کی مثال، جیسے: "أفي الخابية دبس أم في الدق؟" (انگور کا شیرہ صراحی میں ہے یا مشکیزہ میں؟) یہ اس وقت کہا جاتا ہے متکلم کو یہ تو معلوم ہو کہ شیرہ ان دونوں میں کسی ایک میں ہے لیکن یہ معلوم نہ کہ ان میں سے کس میں ہے؟ (مختصر المعانی: ۳۹۵/۱)۔

اور "ھَلْ" سے جملہ مثبتہ کا استفہام کیا جاتا ہے، جیسے: "ھلْ قرأتَ النَّحوَ؟" کہا جاتا ہے اور "ھَلْ لَمْ تقرأہُ؟" کہنا درست نہیں اور اکثر یہ جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسا کہ مذکورہ مثالوں میں ہے اور کبھی جملہ اسمیہ پر بھی داخل ہوتا ہے، جیسے: "ھَلْ عَلِيٌّ مُجْتَهِدٌ؟"(۱)

۹۔ حرفِ ردع:

حرفِ ردع صرف "كَلَّا" ہے، یہ مخاطب کو اس چیز سے روکتا ہے جس چیز کا وہ معتقد ہو، لیکن اس کیساتھ اس میں نفی اور تنبیہ علی الخطاء بھی ہوتا ہے، مثلاً زید نے عمرو کو کہا: "فَلَانٌ يُبغضُكَ" تو جواب میں عمرو نے کہا: "كَلَّا" ہر گز نہیں!، یہ امام سیبویہؒ، امام خلیلؒ، زجاجؒ، مبردؒ اور اکثر بصریین کے نزدیک یہ حرف ردع کے لیے آتا ہے، امام کسائیؒ اور امام فراءؒ کے نزدیک یہ ہمیشہ ردع کے لیے نہیں آتا، بلکہ دیگر معانی میں بھی استعمال ہوتا ہے، امام کسائیؒ کہتے ہیں کہ یہ "حَقًّا" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، یعنی مضمون جملہ کی تحقیق کے لیے آتا ہے، جیسے: "كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ" اور ابو حاتم کہتے ہیں کہ یہ کلام اول کی تردید اور استفتاح کے لیے بمعنی "الا" آتا ہے اور نضر بن شمیل کہتے ہیں کہ یہ "نَعَم" کے معنی میں آتا ہے اور ابن مالک نے "تسہیل" فرماتے ہیں کہ یہ حرف ردع، زجر اور کبھی "حَقًّا"، بمعنی "أَيْ" تینوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔(۲)

۱۰۔ تنوین:

نون تنوین اس "نون" ساکن کو کہتے ہیں جو کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کے تابع پڑھا جائے اور فعل کی تاکید کے لیے نہ ہو، اس قید سے نون خفیفہ خارج ہو گیا کیونکہ وہ فعل کی تاکید کے لیے ہوتا ہے اور اس کی پانچ قسمیں ہیں:

۱) تنوین تمکن، ۲) تنوین تنکیر، ۳) تنوین عوض، ۴) تنوین مقابلہ، ۵) تنوین ترنم۔

---

(۱) "ہمزہ" اور "ھل" کے درمیان درج ذیل فرق ہیں:

۱۔ "ھل" صرف طلبِ تصدیق کے لیے آتا ہے، لہذا اس کے بعد "ام متصلہ" (وہ "ام" جس کے بعد مفرد ہو) نہیں آئے گا، البتہ "ام منقطعہ" (جس کے بعد جملہ واقع ہو) آسکتا ہے، لہذا جب "ھل" کے بعد "ام متصلہ" واقع ہو تو اس مفرد کو جملہ کی تاویل میں کرنا ضروری ہو گا، جیسے صحیح بخاری میں روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کو کہا تھا «هَلْ تَزَوَّجْتَ بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا؟» یہاں "أَمْ ثَيِّبًا" یہ عبارت دراصل « بَلْ هَلْ تَزَوَّجْتَ ثَيِّبًا» کی تاویل میں ہے۔ اور جب کہ ہمزہ استفہام طلبِ تصور اور طلبِ تصدیق دونوں کے لیے آتا ہے۔

۲۔ "ھل" صرف مستفہم عنہ مثبت کیساتھ خاص ہے، جب کہ ہمزہ مستفہم عنہ مثبت اور منفی دونوں پر داخل ہوتا ہے، لہذا "ھل ماجاء زید" کہنا صحیح نہیں اور "أماجاء زید" کہنا صحیح ہے۔

۳۔ "ھل" جب فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کو مستقبل کیساتھ خاص کر لیتا ہے۔

۴۔ "ہمزہ" صدارت کی مقتضی ہوتی ہے، حتی کہ حرف عطف پر بھی مقدم ہوتی ہے، جیسے "أولم ینظروا"۔ اور جب کہ دیگر ادواتِ استفہام حرف عطف کے بعد مذکور ہوتے ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد البلاغہ۔

(۲) الجنی الدانی فی حروف المعانی: ۵۷۷۔

۱) **تنوین تمکن:** وہ تنوین ہے، جو اسم کے متمکن ہونے پر دال ہو اور یہ تنوین منصرف اور غیر منصرف میں فرق کے لیے لائی جاتی ہے، اس لیے اس کو تنوین صرف بھی کہتے ہیں، جیسے: "زَيْدٌ".

۲) **تنوین تنکیر:** وہ تنوین ہے، جو اسم کے نکرہ ہونے دلالت کرتی ہے، یہ معرفہ اور نکرہ میں فرق کے لیے لائی جاتی ہے اور یہ اسم فعل پر سماعی طور پر آتی ہے، جیسے: "صَهٍ أَيْ: اُسْكُتْ سُكُوْناً مَّا فِيْ وَقْتٍ مَّا" (کسی وقت نہ بولو، ہمیشہ خاموش رہو) اور اگر "صَه" بلا تنوین ہو تو معرفہ ہوگا اور اس کا معنیٰ ہوگا: "أُسْكُتِ السُّكُوْتُ الْآنَ!، أَيْ اسْكُتْ عَنْ حَدِيْثِكَ الَّذِيْ أَنْتَ فِيْهِ!"

۳) **تنوین عوض:** وہ تنوین ہے جو مضاف الیہ یا کسی حرف محذوف کے عوض میں لائی جاتی ہے، جیسے: "حِيْنَئِذٍ" جو اصل میں "حِيْنَ إِذ كَانَ كَذَا" تھا، پھر "كَانَ كَذَا" مضاف الیہ کو حذف کرکے "إِذ" پر تنوین لایا گیا ہے۔

۴) **تنوین مقابلہ:** وہ تنوین ہے جو جمع مؤنث سالم کے آخر میں آتی ہے، جیسے: "مُسْلِمَاتٌ"، یہ جمع مذکر سالم کے "نون" کے مقابلے میں لائی جاتی ہے، اس لیے اسے تنوین مقابلہ کہتے ہیں۔

۵) **تنوین ترنم:** وہ تنوین ہے جو اشعار کے آخر میں سجع اور آواز کو خوبصورت بنانے کے لیے لائی جاتی ہے، جیسے شعر ہے:

أَقِلِّي اللَّوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ وَقُوْلِيْ إِنْ أَصَبْتُ لَقَدْ أَصَابَنْ

(اے عاذلہ! ملامت، عتاب اور غصہ کو کم کر اور مجھ سے کہو کہ تم درست راہ پر ہو اور اگر درست راہ پر ہوں تو ملامت نہ کر)

یہاں "الْعِتَابَنْ" اور "أَصَابَنْ" کے آخر میں تنوین ترنم ہے جو اصل میں "الْعِتَابُ" اور "أَصَابَ" تھے۔ تنوین کی اول الذکر چاروں قسمیں اسم کیساتھ خاص ہیں اور آخری قسم تنوین ترنم اسم، فعل اور حرف تینوں پر آتی ہے، اسم اور فعل کی مثال تو ماقبل شعر میں گذر چکی ہیں کہ "الْعِتَابَنْ" اسم اور "أَصَابَنْ" فعل ہے اور دونوں پر تنوین ترنم ہے اور حرف پر تنوین ترنم کی مثال اس شعر میں ہے:

" أَفِدَ التَّرَحُّلُ غَيْرَ أَنَّ رِكَابَنَا ... لَمَّا تَزُلْ بِرِحَالِنَا وَكَأَنْ قَدِنْ"

یہاں "قَدْ" حرف پر تنوین ترنم ہے۔ [1]

۱۰۔ نون تاکید:

نون تاکید وہ "نون" ہے جو فعل مضارع اور امر کے آخر میں آتا ہے اور اس میں لفظاً و معناً عمل کرتا ہے، معناً اس طور پر کہ فعل مضارع میں تاکید اور استقبال کا معنیٰ پیدا کردیتا ہے اور لفظاً اس طور پر کہ فعل مضارع کے جن صیغوں میں نون اعرابی نہیں ان کو مبنی علی الفتح بنادیتا ہے اور جن میں نون اعرابی ہے وہ حسب سابق معرب ہوتے ہیں، پھر اس کی دو قسمیں ہیں: ۱)

---

[1] حاشیۃ الصبان: ۱/۴۵، شرح الاشمونی: ۱/۲۸، شرح التصریح: ۱/۲۷۔

نون تاکید ثقیلہ، جیسے:"لَیَضْرِبَنَّ"۔ ۲)نون خفیفہ، جیسے:" لَیَضْرِبَنْ"-اور قرآن مجید میں یہ دونوں ایک جگہ وارد ہیں، جیسے:" لیُسجَنَنْ وَلیَکُوناً مِنَ الصَّاغِرِیْنَ."

۱۱۔ حروف زیادت :

حروف زیادت وہ حروف ہیں جن کو کلام میں حذف کر دینے سے معنی مقصودی میں کوئی خلل نہ آئے، لیکن یہ کلام عرب میں تزئینِ کلام اوروزن شعری کی استقامت وغیرہ کافائدہ دیتی ہیں اوروہ یہ آٹھ حروف ہیں:"۱)أَنْ ، ۲)إِنْ، ۳)مَا، ۴)لَا، ۵)مِنْ، ۶)کاف، ۷)باء، ۸)لام"۔

۱) "أَنْ": "أَنْ" تین مقامات میں زائدہ ہوتا ہے:۱)"لَمَّا" کے بعد جیسے:"فَلَمَّا أَنْ جَا ءَ الْبَشِیْرُ"۔ ۲) قسم اور "لَوْ" کے درمیان، جیسے:"أَمَا وَاللهِ! أَنْ لَوْکُنْتُ خَیْراً". ۳)"إِذَا" کے بعد، جیسے:"أَمْهِلْهُمْ حَتَّى إِذاَ أَنْ".

۲) "إِنْ": "إِنْ" چار جگہوں میں زائدہ ہوتا ہے:۱)"مَا" نافیہ کے بعد، جیسے:"مَا إِنْ ضَرَبْتَ زَیْداً". ۲)"مَا" مصدریہ کے بعد، جیسے:"اِنْتَظِر مَا إِنْ یَجْلِسَ الْأَمِیْرُ". ۳)"مَا" اسمیہ کے بعد، جیسے:"وَلَقَدْ مَکَّنَّاهُمْ فِیمَا إِنْ مَکَّنَّاکُمْ فِیهِ."(الاحقاف:۲۵)۔ ۴)"لَمَّا" کے بعد، جیسے:"لَمَّا إِنْ جَلَسْتَ جَلَسْتُ.

۳) "مَا": یہ عموماً حروف شرطیہ اوراسمائے شرطیہ کے بعد زائدہ ہوتی ہے، جیسے:"أَیْنَمَا، إِذْمَا، مَتَی مَا، حَیْثُمَا، إِنْ مَا" اوراسی طرح یہ حروف جارہ کے بعد بھی زائدہ ہوتی ہے، جیسے:"فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ"(ال عمران:۱۵۹)، "قَالَ عَمَّا قَلِیلٍ لَیُصْبِحُنَّ نَادِمِینَ."(المؤمنون:۴۰)۔

۴) "لَا": "لَا" زائدہ آٹھ مقامات میں آتی ہے:۱)"واوَ" عاطفہ کے بعد، بشرطیکہ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو، جیسے:" وَلَا الضَّالِّینَ." ۲)مادہ قسم کے پہلے، جیسے:"لَا أُقْسِمُ." ۳)مضاف ومضاف الیہ کے درمیان، جیسے:"فِيْ بِئْرٍ لَا حَوْرٍ سَرَى وَمَا شَعَرْ. أَیْ فِيْ بِئْرِ حَوْرٍ." ۴)تکرار کیساتھ آئے، جیسے:"لَالَا یَضْرِبُ". ۵)"أَنْ" مصدریہ کے بعد، جیسے:"قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ."(الاعراف:۱۲)۔ ۶)"هَلْ" کے بعد۔ جیسے:"وَجْهُكَ الْبَدْرُ لَا، بَلِ الشَّمْسُ". ۷)معرفہ پرداخل ہو، جیسے:"وَلَا هُمْ یَحْزَنُونَ."(الاعراف:۳۵)۔ ۸)اس پر حرف جارہ داخل ہو، جیسے:"بِلَا زَادٍ".[1]

۵) "مِنْ": کلام غیر موجب میں زائدہ ہوتا ہے، جیسے:"مَاجَاءَنِيْ مِنْ أَحَدٍ".

۶) "کاف": عموما لفظ "مِثْلٌ" پرداخل ہو تو زائدہ ہوتا ہے، جیسے:" لَیْسَ کَمِثْلِهِ شَيْءٌ."(الشوریٰ:۱۱)۔

۷) "باء": اس کی دوصورتیں ہیں:۱)قیاسی،۲)سماعی۔ قیاسی طور پر "باء" درج ذیل مقامات میں زائدہ ہوتی ہے:

---

[1] شرح المفصل لابن یعیش:۵/۴۷، الکناش:۲/۱۱۲، شرح الرضی علی الکافیۃ:۴/۴۳۷، الهدایہ فی النحو:۱۴۳، بدر السعید:۴۳۴۔

۱)"هَلْ" استفہامیہ کے بعد مبتداء کی خبر پر، جیسے: "هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ". ۲)"لَيْسَ" کی خبر پر، جیسے: "لَيْسَ زَيْدٌ بِقَائِمٍ". ۳)"مَا" مشبہ بہ لیس کی خبر پر، جیسے: "مَازَيْدٌ بِقَائِمٍ" اور سماعی پر ان مقامات میں "باء" زائدہ ہوتی ہے: ۱) فاعل میں اور یہ عموماً فعل تعجب اور مادہ "كَفَى" کے فاعل میں زائدہ ہوتی ہے، جیسے: "أَسْمِعْ بِهِمْ، كَفَى بِاللهِ شَهِيْداً". ۲) مفعول بہ میں اور یہ عموماً "كَفَى، عَلِمَ، عَرَفَ، جَهِلَ، سَمِعَ، أَحَسَّ، أَلْفَى، مَدَّ، أَرَادَ" کے مفعول میں زائدہ ہوتی ہے، جیسے: "وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ." "عَلِمْتُ بِأَنَّكَ عَالِمٌ، عَرِفْتُ بِهِ، كَفَى بِكَ دِرْهَمٌ". ۳) مبتداء پر، بشرطیکہ مبتداء لفظ "حَسْبُ" ہو، جیسے: "بِحَسْبِكَ دِرْهَمٌ"، یا "إِذَا" مفاجاتیہ کے بعد واقع ہو، جیسے: "خَرَجْتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فَإِذَا بِسَعِيْدٍ قَائِمٌ"، یا جب مبتداء کی خبر "كَيْفَ" ہو، جیسے: "كَيْفَ بِكَ." ۴) خبر پر، جیسے: "بِحَسْبِكَ اللهُ." ۵) تاکید میں، جب لفظ "عَيْنٌ" یا "نَفْسٌ" کیساتھ ہو، جیسے: "جَاءَ خَالِدٌ بِنَفْسِه."[1]

۸) "کاف" زائدہ: "لام" زائدہ: عام طور پر ایسے فعل کے بعد زائدہ ہوتا ہے جو متعدی بنفسہ ہو، جیسے: "رَدِفَ لَكُمْ، أَيْ رَدِفَكُمْ".

۱۲۔ حروفِ شرط:

حروفِ شرط وہ حروف غیر عاملہ ہیں جو معنی شرط کو متضمن ہوں اور یہ دو حروف ہیں: (الف) "أَمَّا، (ب) لَوْ".

(الف): "أَمَّا" شرطیہ:

"أَمَّا" شرطیہ کی چار قسمیں ہیں: ۱) "أَمَّا" تفصیلیہ، ۲) "أَمَّا" تفسیریہ، ۳) "أَمَّا" استنافیہ، ۴) "أَمَّا" تاکیدیہ۔

۱) **"أَمَّا" تفصیلیہ:** یہ ما قبل اجمال کی تفصیل کے لیے آتا ہے، جیسے: "هَولَاءِالْعُلَمَاءُ: أَمَّا زَيْدٌ فَمُفَسِّرٌ، أَمَّاخَالِدٌ فَمُحَدِّثٌ، وَأَمَّابَكْرٌ فَنَحْوِيٌّ".

۲) **"أَمَّا" تفسیریہ:** یہ ما قبل کلام مجمل و مبہم کی تفسیر کے لیے آتا ہے، جیسے: "فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ: فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ...وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ." (ہود: ۱۰۵-۱۰۶)۔

۳) **"أَمَّا" استنافیہ:** یہ کلام کے ابتداء میں آتا ہے اور یہ زیادہ تر خطبوں میں حمد و ثناء اور صلاۃ و سلام کے بعد آتا ہے، جیسے: "أَمَّا بَعْدُ: فَأَعُوْذِ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ".

۴) **"أَمَّا" تاکیدیہ:** یہ تاکید کلام کے لیے آتا ہے، مثلاً کسی نے کہا زید نحوی ہے، پھر اسے شک ہوا کہ نہیں بلکہ عمرو نحوی ہے تو آپ نے تاکید کے لیے کہا: "أَمَّا زَيْدٌ فَنَحْوِيٌّ" یہ اصل میں "مَهْمَا يَكُنْ مِنْ شَيْءٍ فَزَيْدٌ نَحْوِيٌّ.

[1] المنہاج الکامل: ۱۴۶۔

" تھا۔[1]

(ب)"لَوْ": شرطیہ:

"لَوْ" کی کل پانچ قسمیں ہیں: ۱) "لَوْ" شرطیہ، ۲) "لَوْ" وصلیہ، ۳) "لَوْ" مصدریہ، ۴) "لَوْ" تمنائیہ، ۵) "لَوْ" عرضیہ۔

۱) "لَوْ" شرطیہ: "لَوْ" شرطیہ کی دو قسمیں ہیں: (الف) "لَوْ" امتناعیہ، (ب): "لَوْ" غیر امتناعیہ۔

(الف)"لَوْ" امتناعیہ:

"لَوْ" امتناعیہ وہ ہے جو انتفاءِ ثانی بسبب انتفاءِ اول پر دلالت کرے، یعنی جزء ثانی جزاء ممتنع ہے کیونکہ جزء اول شرط ممتنع ہے، اس کو حرف امتناع لامتناع بھی کہتے ہیں اور یہ امتناع فی الماضی کے لیے آتا ہے، جیسے: "لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا"، یہاں "لَوْ" شرطیہ ہے، "كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ" فعل شرط ہے اور "لَفَسَدَتَا" جزاء ہے اور "لَوْ" اس بات پر دال ہے کہ جزء ثانی فساد برپا نہیں ہوا، اس لیے کہ جزء اول تعدد آلہہ نہیں۔ اور "لَوْ" کا یہ معنی انتفائے ثانی بسبب انتفاءِ اول اس وقت ہو گا جب انتفاءِ ثانی کے لیے شرط کے علاوہ کوئی اور سبب نہ ہو جیسا کہ مثال مذکور میں ہے اور اگر ثانی کے لیے شرط کے علاوہ کوئی اور سبب موجود ہو تو اس وقت انتفائے ثانی بسبب انتفائے اول نہیں ہو گا، جیسے: "لَوْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ لَكَانَ الضَّوْءُ مَوْجُوْدٌ"، یہاں انتفاءِ ثانی بسبب انتفاءِ اول نہیں کیونکہ ضوء کے لیے دیگر اسباب مثلاً چراغ، آگ اور ایندھن وغیرہ بھی ہیں۔

(ب): "لَوْ" غیر امتناعیہ:

"لَوْ" غیر امتناعیہ یہ شرط فی المستقبل کے لیے آتا ہے اور یہ "إِنْ" شرطیہ کی طرح ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ جزء ثانی مستقبل میں متحقق و حاصل نہیں جب تک جزء اول مستقبل میں متحقق و حاصل نہ ہو، پھر اس کی دو صورتیں ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ اس کا مدخول لفظاً ماضی اور معناً مستقبل ہو، جیسے: "وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ." (النساء:۹)، "أَيْ إِنْ يَتركوا.." اور دوسری صورت یہ ہے کہ "لَوْ" کا مدخول لفظاً و معناً فعل مستقبل ہو، اس وقت یہ امتناع کا فائدہ نہیں دے گا، بلکہ ربط کے لیے ہو گا، جیسے: "لَوْ تزورُنَا لَسُرِرْنَا بِلقَائكَ، أَيْ إن تَزُرْنا."[2]

۲) "لَوْ" وصلیہ: یہ بھی شرط کے لیے آتا ہے اور اس کی جزاء ہمیشہ محذوف ہو گی اور اس کا ماقبل دال علی الجزاء ہو گا اور اس کی نقیضِ شرط کے لیے جزاء بطریق اولیٰ ثابت ہو گی، جیسے حدیث میں ہے: "بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً"، یہاں "بَلِّغُوْا

---

[1] جامع الدورس العربیۃ: ۲۵۹/۳۔

[2] ہمع الہوامع: ۵۶۸/۲، جامع الدروس العربیہ: ۲۵۸/۳۔

عَنِّیْ“ جزاء ہے اور ”لَوْآیَةً“، یہ شرط ہے،اب اس شرط کی دو نقیض دو، تین یا چار آیات ہیں تو اب جزاء کا تعلق مذکورہ شرط کیساتھ بھی ہے، لیکن اس شرط کی نقیض کیساتھ بطریق اَولٰی ہے کہ اگر ایک آیت سے زائد ہو تو پھر میرا پیغام بطریق اولی پہنچاو۔ اور ”لَوْ“ سے پہلے ”واوَ“ آتا ہے، اس میں نحات کا اختلاف ہے عند البعض یہ ”واوَ“ حالیہ ہے، عند البعض یہ ”واوَ“ عاطفہ ہے اور عند البعض ”واوَ“ اعتراضیہ ہے اور کبھی اس کے بعد فعل ناقص محذوف ہوتا ہے، جیسے: ”بَلِّغُوْا عَنِيِّ وَلَوْ آيَةً، أَيْ لَوْ كَانَ آيَةً“.

۳) ”لَوْ“ مصدریہ: یہ اپنے مدخول کو بتاویل مصدر کر دیتا ہے اور عموماً مادہ ”وَدَّ يَوَدُّ“ کے بعد آتا ہے، جیسے: ”رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ.“ (الحجر:۲)۔

۴) ”لَوْ“ تمنائیہ: وہ ہے جو تمنی کے معنی میں استعمال ہو، یہ محتاج الی الجواب نہیں ہوتا اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ اصل میں ”لَوْ“ شرطیہ ہے، لیکن اس کا جواب نہیں آتا اور کبھی اس کا جواب آتا بھی ہے، جیسے: ”فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ.“ (الشعراء:۱۰۲)۔

۵) ”لَوْ“ عرضیہ: وہ ہے جو عرض کے معنی کو متضمن ہو، اس کے بعد ”فاء“ سببیہ آتی ہے اور اس کے بعد ”أَنْ“ مقدر ہو کر فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، جیسے: ”لَوْ تَنْزِلْ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْراً“.[1]

۱۳۔ ”لَوْلَا“ اور ”لَوْمَا“:

”لَوْلَا“ اور ”لَوْمَا“ امتناعیہ انتفاء ثانی بوجہ وجود اول کے لیے موضوع ہیں، یعنی یہ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ جملہ ثانیہ کا مضمون نہیں پایا گیا اس لیے کہ پہلا موجود تھا، جیسے: ”لَوْلَا رَحْمَةُ اللهِ لَهَلَكَ النَّاسُ. وَلَومَا الْكِتَابَةُ لَضاعَ أَكْثَرُ الْعلمِ.“ اور یہ اکثر مبتداء پر داخل ہوتا ہے اور اس کی خبر محذوف ہوتی ہے، جیسا کہ مذکورہ مثالوں کی تقدیر عبارت یوں ہے: ”لَوْلَا رَحْمَةُ اللهِ حَاصِلةٌ أَوْ مَوْجُوْدَةٌ. لَوْمَا الْكتابة حَاصِلةٌ أَوْ مَوْجُوْدَةٌ.“ اور ”لَوْلَا“ کے بعد عموماً ”إِنْ“ مثقلہ اور مخففہ اور کبھی ”أَنْ“ ناصبہ آتے ہیں، جیسے: {فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ لَلَبِثَ}. [الصافات: ١٤٣]. {لَوْلَا أَنَّ مَنَّ اللهُ عَلَيْنَا لَخَسِفَ بِنَا}. [الْقَصَص: ٨٢]. {وَلَوْلَا أَنْ يَكُوْن النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَجَعَلْنَا}. [الزخرف: ٣٣]. اور چونکہ ”لَوْلَا“ کے بعد آنے والا اسم مبتداء ہوتا ہے اس لیے اس کے بعد اگر ضمیر لانے کی ضرورت پیش آئے تو ضمیر مرفوع منفصل ہی آئے گی، جیسے: ”لَوْلَا أَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ.“ (سبا:۳۱)، ”أَيْ لَوْلَا أَنْتُمْ مَوْجُودُوْنَ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ.“[2]

---

[1] موسوعۃ النحو:۵۴۸۔

[2] ہمع الہوامع:۵۷۵/۲۔

۱۴۔ لام مفتوحہ:

لام مفتوحہ کی تقریباچالیس اقسام ہیں[۱]، جن میں نو قسمیں مشہور ہیں: ۱) لام ابتدائیہ تاکیدیہ، ۲) لام مزحلقہ، ۳) لام مفارقہ، ۴) لام مؤطئہ للقسم، ۵) لام زائدہ، ۶) لام جوابیہ، ۷) لام استغاثہ، ۸) لام بُعد، ۹) لام تعجب۔

۱) **لام ابتدائیہ تاکیدیہ:** یہ مضمون جملہ کی تاکید کے لیے آتا ہے اور کبھی مبتداء پر داخل ہوتا ہے، جیسے: "لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِنَ اللهِ." (الحشر: ۱۳)۔ اور کبھی "إِنَّ" کی خبر پر، خواہ اسم ہو، جیسے: "وَإِنَّكَ لَعَلَى خُلُقٍ عَظِيمٍ." (القلم: ۴)، یا فعل ہو، جیسے: "وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ." (النحل: ۱۲۴)۔

۲) **لام مزحلقہ:** وہ لام ہے جو حروف مشبہ بالفعل کی خبر پر داخل ہو اور یہ اصل میں لام ابتداء ہی ہے، لیکن "إِنَّ" کیساتھ جب آتا ہے تو اسے مبتداء (اسم "إِنَّ") سے اٹھا کر خبر یا اسم میں سے جو بھی مؤخر اس پر داخل کیا جاتا ہے اور "إِنَّ" کے بعد اس کا باقی رہنا اس لیے ممنوع ہو جاتا ہے کہ دو ادات تاکید کا ابتداء جملہ میں جمع ہونا مکروہ ہے اور "ان" کو مؤخر کرنا بھی ممنوع ہے، کیونکہ اس کا اسم اس پر مقدم نہیں ہو سکتا، اس لیے لام کو مؤخر کیا جاتا ہے اس اکھاڑ پچھاڑ کی وجہ سے اس کو لام ابتدائیہ کے بجائے لام مزحلقہ (لِزَحْلَقَتِهَا عَنْ مَكَانِهَا) کہتے ہیں، جیسے: "إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ." (المنافقون: ۱)، "إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَى" (اللیل: ۱۲)۔

۳) **لام مفارقہ:** وہ لام ہے جو "إِنْ" مخففہ من المثقلہ کی خبر پر داخل ہو، جیسے: "وَإِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ." (یوسف: ۳) اور اس کو لام مفارقہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ "إِنَّ" مخففہ من المثقلہ اور "إِنَّ" نافیہ کے درمیان فرق کے لیے آتا ہے۔

۴) **لام مؤطئہ للقسم:** وہ لام ہے جو "إِنْ" شرطیہ پر داخل ہو اور اس بات پر دلالت کرتا ہو کہ ادات شرط کے بعد جو جملہ مذکور ہے وہ جزاء نہیں بلکہ جواب قسم ہے، جیسے: "لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ." (الزمر: ۶۵)۔ اور اسی طرح یہ مثال ہے، جیسے: "لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ." (الحشر: ۱۱)، یہاں تین جگہ لام توطئہ "إِنْ" شرطیہ پر داخل ہے جس کی وجہ سے ہر جملہ شرط کے بعد آنے والا جواب شرط کے بجائے جواب قسم بن گیا ہے۔

۵) **لام زائدہ:** وہ لام ہے جو مبتداء و خبر پر داخل ہو اور مذکورہ اقسام میں سے نہ ہو، جیسے: "يَدْعُو لَمَنْ ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِنْ نَفْعِهِ لَبِئْسَ الْمَوْلَى وَلَبِئْسَ الْعَشِيرُ." (الحج: ۱۱۳)۔

۶) **لام جوابیہ:** لام جوابیہ وہ ہے جو جواب میں واقع ہو، پھر اس کی تین قسمیں ہیں: ۱) جواب قسم میں واقع ہو، جیسے: "تَاللهِ

---

[۱] تفصیل کے لیے دیکھئے علامہ بدر الدین علی المرادی مصریؒ (م ۷۴۹ھ) کی "الجنی الدانی فی حروف المعانی: ۹۵"۔

إِنْ كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ۔"(الشعراء:۹۷)اور"تَاللّٰه إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ۔"(الصافات:۵۶)۔ ۲)"لَوْ" امتناعیہ کے جواب میں واقع ہو، جیسے:"لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا۔"(الانبیاء:۲۲)۔ ۳)"لَوْلَا" امتناعیہ کے جواب میں واقع ہو، جیسے:"لَوْلَا رَحْمَةُ اللّٰهِ لَهَلَكَ النَّاسُ۔"

۷) **لام استغاثہ:** وہ لام ہے جو مستغاث پر داخل ہو، جیسے:"يَا لَزَيْدٍ لَلْعَمْرو!"۔

۸) **لام بُعد:** یہ لام بعض اسماء الاشارہ کے آخر میں کاف البعد سے پہلے بُعد کا معنی مزید مؤکد کرنے کے لیے آتا ہے، جیسے: " ذَلِكَ الْكِتَابُ، تِلْكَ الرُّسُلُ۔"

۹) **لام تعجب:** یہ لام بعض مرتبہ "فَعُلَ" کے وزن پر آنے والے فعل تعجب پر داخل ہوتا ہے، جیسے:"لَحَسُنَ خَالِدٌ، أَيْ مَا أَحْسَنَ خَالِداً!"[1]

۱۵۔"مَا"بمعنی"مَادَامَ":

"مَا"بمعنی"مَادَامَ"وہ"مَا"مصدریہ ظرفیہ ہے جو مصدریت اور ظرفیت دونوں کا فائدہ دیتی ہے اور یہ اپنے مدخول کو مصدر کے معنی میں کر دیتی ہے، اس سے پہلے ایک ایسے فعل کا آنا ضروری ہے جو اس "مَا" مصدریہ ظرفیہ کو معمول سمیت اپنا ظرف بنائے اور اس "مَا" کا مدخول بھی فعل ہی ہوتا ہے جس کو یہ مصدر کے معنی میں کر دیتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہ دو فعلوں کے درمیان واقع ہوتی ہے، جیسے:"أَقُوْمُ مَاجَلَسَ الَامِيْرُ"میں"مَا"نے فعل کو مصدر"جلوس"کے معنی میں کر دیا اور اس کے ظرفیہ ہونے "مُدَّةً"کا معنی پیدا کر دیا جو فعل سابق"أَقُوْمُ"کا مفعول فیہ ہے۔ تقدیر عبارت یوں ہے:"أَقُوْمُ مُدَّةً دَوَامِ جُلُوْسِ الأَمِيْرُ"۔

۱۶۔ حروفِ عطف:

عطف کا لغوی معنی ہے:"مائل کرنا"اور یہ حروف معطوف کو حکم اور اعراب میں معطوف علیہ کی طرف مائل کرتے ہیں، اس لیے انہیں حروف عاطفہ کہتے ہیں، ان کو حروف نسق بھی کہتے ہیں، نسق کے لغوی معنی ترتیب دینے کے ہیں اور چونکہ بعض مواضع میں معطوف معطوف علیہ کے ترتیب سے آتا ہے اس لیے ان کا یہ نام رکھا گیا ہے، جیسے:"جَاءَ نِيْ زَيْدٌ فَعَمْرٌو ثُمَّ بَكْرٌ"۔(میرے پاس پہلے زید آیا، پس اس کے بعد عمرو آیا پھر اس کے بعد بکر آیا)۔

حروف عاطفہ یہ دس ہیں:"۱)وَاؤ، ۲)فَاء، ۳)ثُمَّ، ۴)حَتّٰى، ۵)إِمَّا، ۶)أَوْ ۷)أَمْ، ۸)لَا، ۹)بَلْ، ۱۰) لٰكِنْ"ان حروف کی تفصیل یہ ہے کہ اعراب اور حکم کے اعتبار سے حروف عاطفہ کی چار قسمیں ہیں:

پہلی قسم: وہ حروف عاطفہ ہیں جو تشریک فی الحکم، یعنی معطوف علیہ اور معطوف کو حکم واحد میں جمع کرنے کے لیے آتے ہیں کہ

---

[1] موسوعۃ النحو:۵۶۰، جامع الدروس العربیۃ:۲۵۶/۳۔

جو حکم معطوف علیہ کا ہو وہی حکم معطوف کا بھی ہو اور یہ چار حروف ہیں: "۱) وَاؤ، ۲) فَاء، ۳) ثُمَّ، ۴) حَتّٰی".

۱) "وَاؤ": حروف عاطفہ میں "وَاؤ" تشریک مطلق کا فائدہ دیتی ہے کہ معطوف اپنے معطوف علیہ کیساتھ حکم میں شریک ہے، خواہ معطوف زمانہ کے اعتبار سے مقدم ہو، یا مؤخر ہو یا مصاحب ہو، جیسے: ۱) معطوف مقدم فی الزمان کی مثال: "كَذَلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ." (الشوریٰ: ۳)۔ ۲) معطوف مؤخر فی الزمان کی مثال: "وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا وَإِبْرَاهِيمَ." (الحدید: ۲۶)۔ ۳) معطوف مصاحب فی الزمان کی مثال: "فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ." (العنکبوت: ۱۵)۔ حروف عاطفہ میں "واؤ" بنیادی حیثیت کا حامل ہے، اس کی کچھ خصوصیات ایسی ہیں جو دیگر حروف عاطفہ میں نہیں پائی جاتی، نحات نے اس کی متعدد خصوصیات و مزایا بیان کیں ہیں، جن میں چند یہ ہیں: ۱) "لَكِنْ" عاطفہ کیساتھ آنا، جیسے: "وَلَكِنْ قُولُوا أَسْلَمْنَا." (الحجرات: ۱۴)۔ ۲) "اما" عاطفہ کیساتھ آنا، جیسے: "إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا." (الانسان: ۳)۔ ۳) "لَا" نافیہ کیساتھ آنا جب سے پہلے نفی موجود ہو اور فعل اشتراک پر دال نہ ہو، جیسے: "لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ." (الصافات: ۴۷)۔ ۴) اس کے معطوف علیہ میں تقدم، تاخر اور معیت تینوں کا احتمال پایا جانا۔ ۵) اس کے ذریعے عقود "عِشْرُوْنِ تاتِسْعُوْنَ" کا مفرد اعداد پر عطف ہونا، جیسے: "ثَلَاثَةٌ وَّ عِشْرُوْنَ". ۶) موصوف واحد کے لیے متعدد صفات کے عطف میں استعمال ہونا، جیسے: "رَجُلٌ عَالِمٌ وَ عَامِلٌ وَ صَالِحٌ". ۷) عام کا خاص پر عطف کرنے کے لیے آنا، جیسے: "جَاءَنِیْ زَيْدٌ وَالطُّلَابُ". ۸) خاص کا عام پر عطف کرنا، جیسے: "جَاءَنِي الطُّلَابُ وَزَيْدٌ". ۹) کسی چیز کا اس کے مترادف پر عطف کرنے کے لیے آنا، جیسے: "أَكَلْتُ السَّمَكَةَ والْحُوْتَ".[1]

۲) "فَاء": عاطفہ تشریک، ترتیب، تعقیب اور سببیت کا فائدہ دیتی ہے، پہلے تین معانی اس کیساتھ لازم ہیں اور چوتھا معنی لازم نہیں، اس کا حسب موقعہ فائدہ دیتی ہے، ۱) ترتیب: معطوف معطوف علیہ پر مرتب ہو، جیسے: ﴿وَنَادٰى نُوحٌ رَبَّه فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِيْ مِنْ أَهْلِيْ﴾ [ھود: ۴۵]۔ اس میں "نَادٰى نُوحٌ رَبَّه" کے بعد یہ "فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِيْ مِنْ أَهْلِيْ" مرتب ہے۔ ۲) تعقیب: "فاء" کے مدخول کا مدخول علیہ کے بعد اور اس کے نتیجہ میں آنا، جیسے ﴿ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً، فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً، فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا، فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا﴾ [المؤمنون: ۱۴]۔ "فاء" تعقیب پر دلالت کرتی ہے اور تعقیب میں کتنا فاصلہ ہونا چاہیے اس کے متعلق کوئی قاعدہ نہیں ہے، البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ ہر چیز کے لیے فاصلہ اس چیز کی ضرورت کے مطابق ہوتی ہے، جیسے: ﴿أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً---﴾۔ (الحج: ۶۲) آسمان سے پانی

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۴۵/۳۔

اتر جانے کے بعد اتنی دیر اس میں بھی لگ جاتی ہے جتنی دیر سرسبزی کی روئیدگی میں لگتی ہے۔ ۳) فاء کا ماقبل مابعد کے لیے سبب ہو، جیسے: ﴿فَوَكَزَهُ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ﴾ [القصص: ۱۵]۔ اس میں "قَضٰى عَلَيْهِ" کے لیے ماقبل " فَوَكَزَهُ مُوْسٰى "سبب ہے۔[1]

۳) "ثُمَّ": عاطفہ تشریک، ترتیب اور تراخی کے لیے آتا ہے، جیسے: "ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ، ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ، ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنْشَرَهُ." (عبس: ۲۰-۲۲)، "ثُمَّ" اور "فاء" تشریک اور ترتیب دونوں میں شریک ہیں، البتہ "فاء" تعقیب اور "ثُمَّ" تراخی کا فائدہ دیتی ہے، بعض اوقات "ثُمَّ" کو لفظاً مؤنث ظاہر کرنے کے لیے اس کے آخر میں تائے تانیث کا اضافہ کر کے "ثُمَّتْ" لکھا جاتا ہے، اس وقت اسے "تاء" طویلہ سے لکھا جاتا ہے تاکہ "ثَمَّ" اشارہ مکان کی مؤنث لفظی کیساتھ التباس لازم نہ آئے، کیونکہ اسے "ثُمَّةَ" تائے مدورہ کیساتھ لکھا جاتا ہے، بعض نحات کہتے ہیں کہ "ثُمَّتْ" صرف عطف الجملہ علی الجملہ کیساتھ خاص ہے۔

۴) "حَتّٰى": عاطفہ بھی "ثُمَّ" کی طرح ترتیب اور تراخی کے لیے آتا ہے، لیکن اس میں "ثُمَّ" کے اعتبار سے مہلت کم ہوتی ہے، "حَتّٰى" عاطفہ کے لیے شرائط ہیں: ۱) اس کا معطوف اپنے معطوف علیہ کے جمع کا بعض ہو، جیسے: "قَدِمَ النَّاسُ حَتَّى الْأُمَرَاءُ". ۲) یا وہ معطوف علیہ کے کل کا جزء ہو، جیسے: "أَكَلْتُ السَّمْكَةُ حَتَّى رَأْسَهَا". ۳) اپنے ماقبل کی غایت وانتہاء ہو، خواہ یہ غایت زیادت میں ہو، جیسے: "مَاتَ النَّاسُ حَتَّى الْأَنْبِيَاءُ"، یا نقص وکمی میں ہو جیسے: "حَضَرَ النَّاسُ حَتَّى الْحَجَّامُوْنَ". ۴) اس کا معطوف اسم ہو، فعل نہ ہو۔

کلام عرب میں عموماً استعمال "حَتَّى" جارہ کا ہے اور "حَتَّى" کا عطف کے لیے استعمال ہونا بہت کم ہے اسی وجہ سے کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ "حتی" عطف کے لیے سرے سے ہے ہی نہیں، علامہ سیوطیؒ "الاتقان فی علوم القرآن" میں لکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں کوئی ایسا "حتی" مجھے معلوم نہیں ہے جو عطف کے لیے استعمال ہوا ہو۔ سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ قبیلہ ہذیل کی لغت میں "حَتَّى" کی "ح" کو "ع" سے بدل دیا جاتا ہے[2]۔

دوسری قسم: وہ حرف عاطفہ ہے جو حکم کو اول کیساتھ مختص کر دیتی ہے اور یہ صرف "لَا" ہے اور یہ اپنے مابعد سے اس حکم کی نفی کرتا ہے جو اس کے ماقبل کے لیے ثابت ہے اور "لَا" عاطفہ بننے کے لیے تین شرائط ہیں: ۱) اس کا معطوف مفرد اسم ہو، فعل اور جملہ کے عطف میں استعمال نہیں ہوگا۔ ۲) اس سے پہلے ایجاب ہو، جیسے: "هَذَا وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ لَا كَسُوْلٌ". یا امر ہو، جیسے:

---

[1] "فاء" کی اغراض بلاغیہ کے لیے دیکھئے ہماری کتاب: قواعد البلاغہ۔

[2] الاتقان فی علوم القرآن: ۲/۲۲۸۔

"ادْعُ زَيْداً لَا عَمْراً"۔یا نداء ہو، جیسے:"یَاابْنَ أَخِيْ لا ابْنِ عَمِّيْ" ۳)اس کے متعاطفین میں سے کوئی ایک دوسرے پر صادق نہ آتا ہو، جیسے:"اشْتَرَيْتُ أَرْضاً لَا دَاراً"تو کہنادرست ہے، لیکن"اشْتَرَيْتُ أَرْضاً لَا ضَيْعَةً"کہنا غلط ہے، کیونکہ"أَرْضٌ"اور"ضَيْعَةٌ"ایک دوسرے پر صادق آتے ہیں۔[1]

تیسری قسم:وہ حروف عاطفہ ہیں جو حکم کو ثانی کیساتھ مختص کر دیتے ہیں اور یہ دو حروف ہیں:"۱)بَلْ، ۲)لٰكِنْ".

۱) "بَلْ": "بَلْ"کی دو قسمیں ہیں:(الف):"بَلْ"عاطفہ،(ب):"بَلْ"اضرابیہ۔

(الف):"بَلْ"عاطفہ:عاطفہ کے دو دو شرطیں ہیں:پہلی شرط یہ ہے کہ مفرد پر داخل ہو، جیسے:"جَاءَ زَيْدٌ بَلْ عَمْروٌ"اور دوسری شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے ایجاب، امر، نہی یا نفی ہو، چنانچہ "بَلْ"عاطفہ کو دیکھیں گے اثبات یا امر کے بعد ہے یا نفی نہی کے بعد ہے، اگر اثبات یا امر کے بعد ہو تو جو حکم معطوف علیہ کے لیے ثابت ہے اس کو معطوف کے لیے ثابت کر دے گا اور معطوف علیہ کا حکم مسکوت عنہ کا ہو گا، جیسے:"جَاءَنِيْ زَيْدٌ لَا عَمْرٌو"، یہاں مجیئت کا حکم عمرو کے لیے ثابت ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔اور اگر "بَلْ"عاطفہ سے پہلے نہی یا نفی ہو تو اس میں اختلاف ہے کہ حکم کس کے لیے ثابت ہو گا اور کس سے منفی ہو گا، جمہور نحات کہتے ہیں کہ معطوف علیہ سے حکم منفی ہو گا اور معطوف کے لیے حکم ثابت ہو گا، جیسے:"مَاجَاءَنِيْ زَيْدٌ بَلْ عَمْرٌو"اور امام مبردؒ کے نزدیک اس میں دو قول ہیں:۱)جمہور والا۔۲)معطوف سے حکم کی نفی ہو گی اور معطوف علیہ مسکوت عنہ کے حکم میں ہو گا، جیسے:"مَا جَاءَنِيْ زَيْدٌ بَلْ عَمْرٌو، أَيْ مَاجَاءَنِيْ عَمْرٌو"یہاں معطوف علیہ مسکوت عنہ کے حکم میں ہے اور عمرو سے حکم کی نفی ہو رہی ہے۔

(ب):"بَلْ"اضرابیہ: "بَلْ"اس وقت اضراب کے لیے ہوتا ہے جب یہ جملہ پر داخل ہو، پھر اضراب کی دو قسمیں ہیں:(الف):اضراب ابطالی،(ب):اضراب انتقالی۔

(الف):اضراب ابطالی: اضراب ابطالی وہ ہے جو ما قبل"بَلْ"کے بطلان پر دال ہو، جیسے:"وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَنُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ."(الانبیاء:۲۲)، یہاں"بَلْ"اپنے ما قبل اعتقاد مشرکین کے بطلان پر دلالت کر رہا ہے۔

(ب):اضراب انتقالی: اضراب انتقال وہ ہے جو کسی غرض کے لیے انتقال و تحویل پر دلالت کرتا ہو، جیسے: "وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا."(الاعلیٰ:۱۵-۱۶)۔

۲) **"لٰكِنْ":** یہ مبنی علی السکون حرفِ عطف ہے، اگر مشدد ہو تو حرفِ مشبہ بالفعل ہوتا ہے،"لٰكِنْ"عاطفہ نفی کے

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲۴۵/۳، ریح العبیر:۲۴۰۔

بعد استدراک کافائدہ دیتا ہے اور مابعد کے لیے اس حکم کو ثابت کرتا ہے جس کی ماقبل معطوف علیہ سے نفی کی گئی ہو۔ ”لَكِنْ“ عاطفہ بننے کے لیے تین شرائط ہیں:۱)اس کا معطوف مفرد ہو، جملہ یا شبہ جملہ نہ ہو۔ ۲)مقترن بالواؤ نہ ہو۔ ۳)اس کے ماقبل نفی یا نہی ہو، نفی کی مثال، جیسے:”مَادَرَسْتُ الْفِقْهَ لَكِنَّ النَّحْوَ“اور نہی کی مثال، جیسے: ”لَاتَشْرِبِ اللَّبَنَ لَكِنَّ الْعَصِيْرَ“اگر مذکورہ شرائط میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہو تو”لَكِنْ“عاطفہ نہیں بلکہ ابتدائیہ بن جاتا ہے اوراستدراک کافائدہ بھی دے گا، جیسے:”مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ الله وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ.“(الاحزاب:۴۰)، یہاں”لَكِنْ“ سے پہلے”واؤ“ ہے اس لیے یہ عاطفہ نہیں بلکہ ابتدائیہ ہے[1]۔

چوتھی قسم:وہ حروف عاطفہ ہیں احد الامرین بلا تعیین کے لیے آتے ہیں اوراس میں تین حروف عاطفہ ہیں:”۱)إِمَّا، ۲)أَوْ ۳)أَمْ“.

۱) ”إِمَّا“:عاطفہ ”أَوْ“کی طرح احد الامرین کے لیے آتا ہے، لیکن دونوں میں فرق یہ ہے کہ”أَوْ“میں جملہ کا آغاز یقین اور”إِمَّا“میں شک سے ہوتا ہے، جیسے:”جَاءَزَيْدٌ أَوْ عَمْرٌو“میں زید کی آمد پر یقین کااظہار ہے، پھر جب”أَوْ“ آیا تو جملے میں شک پیدا ہو، لیکن اگر آپ یوں کہیں کہ:”جَاءَإِمَّاخَالِدٌ أَوْ زُهَيْرٌ“تو آپ نے جملہ کی ابتداء شک ہی سے کی کہ پتہ نہیں خالد اور زہیر دونوں میں سے ایک ضرور آیا ہے۔

”إِمَّا“چند معانی میں استعمال ہوتا ہے:۱)شک کے لیے، جیسے:”إِمَّا زَيْدٌ أَوْ عُمْرٌو“۔ ۲)ابہام کے لیے، جیسے: ”وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ الله إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ.“(التوبہ:۱۰۶)۔ ۳)تخییر کے لیے، جیسے:”إِمَّا أَنْ تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَنْ تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا.“(الکہف:۸۶)۔ ۴)تفصیل کے لیے، جیسے:”إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا.“(الانسان:۳)۔۵)اباحت کے لیے، جیسے:”اقْرَءْ إِمَّا صَرْفاً وَإِمَّا نَحْواً“.

۲) ”أَوْ“:عاطفہ”إِمَّا“کی طرح احد الامرین کے لیے آتا ہے، لیکن اس کیساتھ کلام کا آغاز یقین کیساتھ ہوتا ہے اور یہ مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے، اگر یہ جملہ انشائیہ کے بعد واقع ہو تو تین معانی میں استعمال ہوتا ہے:۱)شک کے لیے، جیسے:”جَاءَ زَيْدٌ أَوْ عَمْرٌو“. ۲)اباحت کے لیے، جیسے:”جَالِسِ الْعُلَمَاءَ أَوِ الزُهّادَ.“ ۳)تخییر کے لیے[2]، جیسے:”تَزَوَّجْ هِنْداً أَوْ أُخْتَهَا.“ ۴)اضراب کے لیے، جیسے:”إذهبْ إلَى دِمَشقَ، أو دَع

---

[1] جامع الدروس العربیۃ:۲۴۸/۳۔
[2] تخییر میں معطوف علیہ اور معطوف دونوں میں کسی کو اختیار کرنے کی اجازت ہوتی ہے اور دونوں کو جمع کرناجائز نہیں ہوتا اور اباحت مین دونوں کو جمع بھی کیاجاسکتاہے۔

ذَلِكَ، فَلَا تَذْهَبِ اليومَ، أي بَلْ دَعْ ذلك." اور اگر یہ جملہ خبریہ کے بعد واقع ہو تو چار معانی میں استعمال ہوتا ہے: ۱) شک کے لیے، جیسے: "قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْماً أَوْ بعَضْ يَومٍ." ۲) ابہام کے لیے، جیسے: "وإِنَّا وَإِيَّاكُمْ لَعلَى هُدًى أَوْ فِيْ ضَلَالٍ مُبِيْن." ۳) تقسیم کے لیے، جیسے: "الْكَلِمَةُ إِسْمٌ أَو فِعْلٌ أَوْ حَرْفٌ." ۴) تفصیل بعد الاجمال کے لیے، جیسے: "قَالُوْا سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُوْنٌ}، أيْ بَعْضُهمْ قَالَ كَذَا، وَبَعْضُهُمْ قَالَ كَذَا." ۵) اضراب کے لیے، جیسے: "وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَى مِئَة أَلْفٍ أَوْ يَزِيْدُوْنَ}. أيْ بَلْ يَزِيْدُوْنَ." ۶) کبھی "أَوْ" عاطفہ "واوَ" کے معنی میں مطلق جمع المعطوف والمعطوف علیہ کے لیے بھی آتا ہے۔[1]

۳) "أَمْ": عاطفہ کی دو قسمیں ہیں: (الف): "أَمْ" متصلہ، (ب): "أَمْ" منقطعہ۔

(الف): "أَمْ" متصلہ: وہ ہے جس کا ما قبل ما بعد کیساتھ اس طور پر متصل ہو کہ ایک دوسرے سے مستغنی نہ ہو سکے، اس کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی شرط یہ ہے کہ اس کے ما قبل لفظاً یا تقدیراً ہمزہ استفہام یا ہمزہ تسویہ ہو، لفظاً کی مثال، جیسے: "إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ." (البقرۃ:۶) اور تقدیراً کی مثال، جیسے یہ شعر ہے:

لَعَمْرُكَ ما أَدْرِي وإنْ كُنت دارِيا ... شُعَيثُ ابْنُ سَهْم أم شُعَيْثُ ابن مِنْقَرِ

یہاں "أم شُعَيْثُ ابن مِنْقَرِ" اصل میں "أشُعَيْثُ ابن مِنْقَرِ" ہے ہمزہ مقدر ہے[2]۔

دوسری شرط یہ ہے کہ اس کا مابعد مفرد یا مؤول بالمفرد ہو، مفرد کی مثال، جیسے: "أَرَجُلٌ فِي الدَّارِ أَمْ إِمْرَأَةٌ؟" اور مؤول بالمفرد کی مثال، جیسے: "سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ." (البقرۃ:۶)

پھر "أَمْ" کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم وہ ام متصلہ ہے جس کے ما قبل ہمزہ تسویہ ہو اور دوسری قسم وہ ہے کہ اس کے ما قبل ایسی ہمزہ ہو کہ اس سے اور "أَمْ" سے مقصود تعیین طلب ہو، جیسے: "قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنْثَيَيْنِ." (الانعام:۱۴۳)۔

"أَمْ" متصلہ کی چند علامات یہ ہیں: ۱) اس کے ما قبل ہمزہ استفہام یا ہمزہ تسویہ ہو گا۔ ۲) "أَمْ" کے ما قبل اور ما بعد کا فاعل ایک ہو گا، جیسے: "أَقَامَ زَيْدٌ أَمْ قَعَدَ" اور اس کے ما قبل و ما بعد میں مبتداء کی خبر ایک ہو گی، جیسے: "أَزَيْدٌ مُنْطَلِقٌ أَمْ عَمْرٌو؟". ۳) "أَمْ" متصلہ دو مفرد، یا دو جملوں، یا ایک مفرد اور ایک جملہ کے درمیان واقع ہوتی ہے۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۲۴۷/۳، موسوعۃ النحو والصرف: ۱۷۵۔

[2] شرح الاشمونی: ۳۷۴/۲، حاشیۃ الصبان: ۱۴۹/۳، ہمع الہوامع: ۱۹۸/۳۔

(ب):"أَمْ"منقطعہ:وہ"أَمْ" ہے جو ماقبل ومابعد کے متصل ہونے کا مقتضی نہ ہو اور ایسے دو جملوں کے درمیان واقع ہو کہ ہر ایک کا معنی دوسرے کے معنی سے مخالف ہو، پھر اس کی تین قسمیں ہیں:۱)اس سے ماقبل استفہام بلا ہمزہ ہو،جیسے:"هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ."(الرعد:۱۶)۔ ۲)اس کے ماقبل ہمزہ غیر استفہام ہو،جیسے:"أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا."(الاعراف:۱۹۵)۔یہاں استفہام انکاری ہے جو نفی کے معنی میں ہے۔ ۳)اس کے ماقبل محض خبر ہو،جیسے:"تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ."(السجدۃ:۲-۳)۔

"أَمْ"منقطعہ کی چند علامات یہ ہیں:۱)اس کے ماقبل"هَلْ"استفہامیہ ہوگا،جیسے:"هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ."(الرعد:۱۶)۔ ۲)یا اس کے ماقبل خبر ہوگی،جیسے:"تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ."(السجدۃ:۲-۳)۔ ۳)اس کا ماقبل ومابعد فعل کا فاعل اور مبتداء کی خبر ایک نہیں ہوگی۔ ۴)"أَمْ"منقطعہ ہمیشہ دو جملوں کے درمیان واقع ہوتی ہے۔[1]

"أَمْ"متصلہ اور منقطعہ میں فرق:ان دونوں میں ایک فرق یہ ہے کہ"أَمْ"متصلہ سے پیشتر استفہام ضروری ہوتا ہے،خواہ لفظاً ومعناً ہو یا صرف صرف لفظاً ہو۔بخلاف ام منقطعہ کے اس کے لیے یہ ضروری نہیں اور دوسرا فرق یہ ہے کہ"أَمْ"منقطعہ کے بعد ہمیشہ جملہ آتا ہے اگر کہیں مفرد آبھی جاتا ہے تو مبتداء محذوف مان لیتے ہیں،تاکہ وہ مفرد جملہ بن جائے[2]۔

حروف تہجی کے اعتبار سے حروف کی تقسیم:

حروف معانی(خواہ عاملہ ہوں یا غیر عاملہ)کی کل تعداد بہتر ۷۲ ہے،حروف تہجی کے اعتبار سے ان کی پانچ قسمیں ہیں: ۱)اُحادی،۲)ثنائی،۳)ثلاثی،۴)رباعی،۵)خماسی۔

۱) اُحادی:اُحادی حروف کی تعداد تیرہ ہے:"۱)ہمزہ، ۲)الف، ۳)باء،۴)تاء،۵)سین،۶)فاء،۷)کاف،۸)لام،۹)میم، ۱۰)نون،۱۱)ہاء،۱۲)واؤ،۱۳)یاء"۔

۲) ثنائی:ثنائی حروف کی تعداد چھبیس ۲۶ ہے:"١)آ، ٢)أَمْ،٣)أَنْ،٤)إِنْ، ٥)أَوْ، ٦)أَيْ، ٧)إِيْ، ٨)بَلْ، ٩)عَنْ، ١٠)فِيْ، ١١)قَدْ، ١٢)كَيْ، ١٣)لَا، ١٤)لَمْ، ١٥)لَنْ، ١٦)مَا، ١٧)مُذْ، ١٨)مَعَ

---

[1] بدر السعید:۴۴۶۔

[2] ان میں بلاغی نکات کے لیے دیکھئے ہماری کتاب:قواعد البلاغہ۔

(عندالبعض)، ١٩)مِنْ، ٢٠)هَا، ٢١)هَلْ، ٢٢)وَا، ٢٣)وَىْ، ٢٤)يَاءَ، ٢٥)لَوْ، ٢٦)اَلْ".

۳) ثلاثی: ثلاثی حروف کی تعداد بیس ۲۰ ہیں: "١)أَجَلْ، ٢)إِذَنْ، ٣)إِلَى، ٤)أَلَا، ٥)أَمَا، ٦)إِنَّ، ٧)أَنَّ، ٨)أَيَا، ٩)بَلٰى، ١٠)ثُمَّ، ١١)جَيْرَ، ١٢)خَلَا، ١٣)رُبَّ، ١٤)سَوْفَ، ١٥)عَدَا، ١٦)عَلَى، ١٧)لَيْتَ، ١٨)نَعَمْ، ١٩)هَيَا، ٢٠)مُنْذُ".

۴) رباعی: رباعی حروف کی تعداد تیرہ ۱۳ ہے: "١)إِلَّا، ٢)أَلَّا، ٣)إِمَّا، ٤)أَمَّا، ٥)حَاشَا، ٦)حَتَّى، ٧)كَأَنَّ، ٨)كَلَّا، ٩)لَعَلَّ، ١٠)لَمَّا، ١١)لَوْلَا، ١٢)لَوْمَا، ١٣)هَلاَّ".

۵) خماسی حروف: خماسی صرف ایک حرف "لٰكِنَّ" ہے۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: حروف تنبیہ میں "أَلَا، أَمَا" جملہ پر داخل ہوتے ہیں، خواہ جملہ اسمیہ ہو یا فعلیہ ہو، جبکہ "هَا" مفرد پر بھی داخل ہوتا ہے۔

قاعدہ: "نَعَمْ" اثبات اور نفی دونوں کے لیے آتا ہے اور "بلی" صرف نفی کے لیے آتا ہے۔

فائدہ: "قَدْ" کی تین قسمیں ہیں: ۱) "قَدْ" اسمیہ بمعنی "حَسْبُ"، جیسے: "قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ، أَيْ حَسْبُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ". ۲) "قَدْ" بمعنی اسم فعل بمعنی "كَفَى يَكْفِيْ، أَكْفِ، اكْتَفِ"، جیسے: "قَدْخَالِداً دِرْهَمٌ، أَيْ يَكْفِيْ خَالِداً دِرْهَمٌ". ۳) "قَدْ" حرفیہ، یہ صرف عل متصرف مثبت پر داخل ہوتا ہے خواہ فعل مضارع ہو یا فعل ماضی، جب کہ حروف ناصبہ، حروف جازمہ اور حروف تنفیس سے خالی ہو۔[1]

قاعدہ: "كَلَّا"، بمعنی ردع یہ حروف غیر عاملہ میں سے ہے اس کا محل اعراب نہیں اور "كَلَّا"، بمعنی "حَقًّا" کے لیے محل اعراب ہے ترکیب میں مفعول مطلق واقع ہوتا ہے اور یہ اسم ہے فعل مقدر کا قائم مقام ہے، لیکن ابن ہشامؒ کہتے ہیں کہ "كلا" ہر صورت میں حرف لا محل لہا من الاعراب ہے۔[2]

فائدہ: امام سیبویہؒ کہتے ہیں کہ تنوین اس کے لیے وضع ہے کہ اس کے ذریعے انصراف اور عدم انصراف میں فرق ہو اور امام فراءؒ فرماتے ہیں کہ تنوین اسم اور فعل میں فرق کے لیے وضع ہوا ہے اور بعض کوفیین کہتے ہیں کہ تنوین کی وضع اس لیے ہوئی ہے تاکہ اس کے ذریعے مفرد اور مضاف میں فرق ہو۔

قاعدہ: تنوین دو زبر، دو زیر اور دو پیش کی صورت میں لکھی جاتی ہے اور کبھی نون خفیفہ کی صورت میں لکھی جاتی ہے، جیسے: "الْعِتَابَنْ" اور "أَصَابَنْ" اور کبھی نون خفیفہ کو بھی نون تنوین کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسے: "لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ." (العلق: ۱۵)،

---

[1] موسوعۃ النحو: ۵۱۹۔

[2] بدر السعید: ۴۳۰۔

"أيْ لَنَسْفَعَنْ."

فائدہ حروف زیادت کا مطلب یہ ہے کہ اگر انہیں کلام سے حذف کیا جائے تو معنی میں کوئی خرابی نہیں آتی۔ اس لیے انہیں حروف زیادت کہتے ہیں۔ اور حرف زیادت کا معنوی فائدہ کلام میں تاکید پیدا کرنا ہوتی ہے اور لفظی فائدہ تزیین کلام ہوتا ہے۔

قاعدہ: "أيْ" حرف تفسیر کا مدخول ما قبل کے لیے ترکیب میں عطف بیان یا بدل واقع ہوتا ہے۔

قاعدہ: حروف تحضیض ہمیشہ کلام کے شروع میں آتے ہیں، اور فعل پر داخل ہوتے ہیں۔ حروف تحضیض فعل مضارع پر داخل ہوں تو برانگیختہ اور ابھارنے کے معنی میں آتے ہیں اور اگر فعل ماضی پر داخل ہوں تو زمانہ گذشتہ میں ترک کرنے والے فعل پر ملامت مقصود ہوتی ہے۔

قاعدہ: حروف استفہام اور حروف شرط جملہ (خواہ اسمیہ ہو یا فعلیہ ہو) پر داخل ہوتے ہیں اور صدارت کلام کو چاہتے ہیں۔

فائدہ: "أَمَّا" اور "فاء" جزائیہ کے درمیان دس چیزوں کا فاصلہ لایا جاتا ہے: ۱) مبتداء کا، جیسے: "فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ: فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ...وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ." (ہود: ۱۰۵-۱۰۶)۔ ۲) خبر کا، جیسے: "أَمَّا فِي الدَّارِ فَزَيْدٌ". ۳) مفعول بہ کا، جیسے: "فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ." (الضحی: ۹)۔ ۴) اضمار علی شریطۃ التفسیر کیساتھ، جیسے: "أَمَّا زَيْداً فَضَرَبْتُهُ". ۵) شرط کیساتھ، جیسے: "فَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ. فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ." (الواقعۃ: ۸۸-۸۹)۔ ۶) جار مجرور کیساتھ، جیسے: "وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ." (الضحی: ۱۱)۔ ۷) مفعول مطلق کیساتھ، جیسے: "أَمَّا ضَرَبَ الْأَمِيْرُ فَأَنَاضَارِبٌ". ۸) مفعول لہ کیساتھ، جیسے: "أَمَّا تَأْدِيْباً فَأَنَا ضَارِبٌ". ۹) حال کیساتھ، جیسے: "أَمَّا مُجَرَّداً فَأَنَا ضَارِبٌ". ۱۰) ظرف کیساتھ، جیسے: "أَمَّا الْيَوْمُ فَإِنِّىْ ذَاهِبٌ".[۱]

قاعدہ: "أَمَّا" کے جواب (جزاء) پر "فاء" کا داخل کرنا واجب ہے، جیسے: "فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ: فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ...وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ." (ہود: ۱۰۵-۱۰۶)، لیکن یہ "فاء" حذف کی جاتی ہے اور جب "فاء" کا مدخول قول ہو تو اس صورت میں قول کا حذف کرنا جائز اور فاء کا حذف کرنا واجب ہے، جیسے: "فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ.أيْ فَيُقَالُ لَهُمْ: أَكَفَرْتُمْ." اور اگر فاء کا مدخول قول نہ ہو تو پھر اس کا حذف کرنا قلیل ہے ایک روایت میں ہے: "أَمَّا بَعْدُ: مَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطاً لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللهِ."[۲]

قاعدہ: کبھی "أَمَّا" محذوف ہوتا ہے جب فاء فعل امر یا نہی پر داخل ہو اور اس سے پہلے اسم منصوب (مفعول بہ) ہو، جیسے: "وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ. أيْ وَأَمَّا رَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ." (المدثر: ۳-۴)۔[۳]

---

[۱] جہد قصیر: ۱۰۶، بدر السعید: ۴۳۷۔
[۲] شرح ابن عقیل: ۵۴/۴، شرح التصریح: ۴۳۰/۲۔
[۳] موسوعۃ النحو: ۱۴۹۔

قاعدہ: ”لَوْ“ ہمیشہ **فعل** پر داخل ہوتا ہے اور اگر اسم پر داخل ہو تو اس وقت **فعل محذوف** ہوگا، پھر یہ اسم عام ہے خواہ مرفوع ہو، جیسے: ”لَوْ زَيْدٌ أَكْرَمَ، أَيْ لَوْ أَكْرَمُ زَيْدٌ أَكْرَمَ“، خواہ منصوب ہو، جیسے: ”لَوْ زَيْداً ضَرَبْتُهُ، أَيْ لَوْضَرَبْتُ زَيْداً ضَرَبْتُهُ“ اور کبھی ضمیر منفصل پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ”قُلْ لَوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُونَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّي.“ (الاسراء:۱۰۰)، ”لَوْ تَمْلِكُونَ..“

قاعدہ: کبھی ”لَوْ“ حروف مشبہ بالفعل پر داخل ہوتا ہے تو اس صورت میں بھی اس کے بعد **فعل محذوف** ہوگا، جیسے: ”وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةَ.“ (الانعام:۱۱۱)، ”أَيْ لَوْثَبَتَ أَنَّنَا“.

قاعدہ: ”لَوْ“ کا جزاء کبھی جملہ اسمیہ ہو تو اس پر ”لام“ داخل ہوگا، جیسے: ”وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ خَيْرٌ.“ (البقرۃ:۱۰۲) اور اکثر جملہ فعلیہ ہوتا ہے، پھر اگر جملہ فعلیہ مثبتہ ہو تو اس پر لام مفتوحہ داخل ہوتا ہے، جیسے: ”لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا.“ (الانبیاء:۲۲) اور کبھی یہ لام مفتوحہ جوابیہ محذوف ہوتا ہے، جیسے: ”وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا عَلَيْهِمْ.“ (النساء:۹) اور اگر جزاء منفی ہو تو اس پر ”مَا“ نافیہ داخل ہوگا، جیسے: ”وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللهِ.“ (لقمان:۲۷) اور اکثر جہاں ”مَا“ نافیہ آئے وہاں لام نہیں آتا اور کبھی دونوں بھی آتے ہیں اور کبھی جزاء پر ”لَمْ“ بھی آتا ہے۔[1]

قاعدہ: ”لَوْ“ شرطیہ کا زیادہ استعمال ماضی کے معنی میں ہے خواہ **فعل** پر آئے یا مضارع پر، جیسے: ”لَوْ يُطِيعُكُمْ فِي كَثِيرٍ مِنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ.“ (الحجرات:۷) یہاں مضارع **فعل** ماضی ”أَطَاعَ“ کے معنی میں ہے، ”أَيْ لَوْ أَطَاعُكُمْ“ اور کبھی مستقبل میں بھی آتا ہے اس وقت یہ ”إِنْ“ شرطیہ کے مترادف ہوتا ہے۔

قاعدہ: ”لَوْ“ امتناعیہ اگر دو ایجابی جملوں پر داخل ہو تو دونوں منفی ہو جاتے ہیں، جیسے: ”لَوْ أَتَيْتَنِي لَأَكْرَمْتُكَ“ یعنی ”فَمَا أَتَيْتَنِي وَلَا أَكْرَمْتُكَ“. ۲) اگر دو منفی جملوں پر داخل ہو تو دونوں مثبت بن جاتے ہیں، جیسے: ”لَوْلَمْ يَجْتَهِدْ زَيْدٌ لَمْ يَنْجَحْ“ کا مطلب ہے: ”اجْتَهَدَ زَيْدٌ فَنَجَحَ“. ۳) اگر ایک جملہ منفی ہو اور ایک مثبت تو منفی کو مثبت اور مثبت کو منفی کر دیتا ہے، شرط منفی جزاء مثبت کی مثال، جیسے: ”لَوْ لَمْ تَجْتَهِدْ لَفَشَلَتْ فِي الْامْتِحَانِ“ یعنی ”أَنَّهَا اجْتَهَدَتْ فَلَمْ تَفْشَلْ“ اور شرط مثبت اور جزاء منفی کی مثال، جیسے: ”لَوِ اجْتَهَدَ الطُّلَابُ لَمَافَشَلُوا“، یعنی ”لَمْ يَجْتَهِدُوا فَفَشَلُوا“.[2]

قاعدہ: ”إِمَّا“ عاطفہ سے پہلے معطوف علیہ پر ”إِمَّا“ زائدہ کا لانا واجب ہے اور ”أَوْ“ سے پہلے لانا جائز ہے، جیسے: ”هَذَا الْعَدَدُ إِمَّا زَوْجاً أَوْ فَرْداً“.[3]

---

[1] ہمع الہوامع: ۵۷۳/۲، بدر السعید: ۴۳۹، جہد قصیر: ۱۰۷۔
[2] ہمع الہوامع: ۵۶۹/۲، ربیع العبیر: ۲۳۰۔
[3] موسوعۃ النحو: ۱۴۸۔

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں حروف غیر عاملہ تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ. هَؤُلَاءِ قَوْمُنَا. أَمَا زَيْدٌقَائِمٌ. قَالُوا نَعَمْ. أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلٰى. قُلْ إِيْ وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ. أَجَلْ إِنَّهُ قَائِمٌ. جَاءَنِيْ زَيْدٌ أَيْ أَبُوْعَمْرٍو. ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ. أَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ. أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ. عَجِبْتُ أَنْ ضَرَبَ زَيْدٌعَمْرواً. لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَذَا. هَلَّا تُصَلِّي الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا. أَلَّاتَصُوْمُ رَمَضَانَ. لَوْمَا تَحُجُّ الْبَيْت. مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ. أَحَقٌّ هُوَ. هَلْ أَنْتُمْ شَاكِرُونَ. كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى. فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَى وَجْهِهِ. إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُفْتَرُونَ. مَا مَنَعَكَ أَنْ لَّا تَسْجُدَ. لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ. مَازَيْدٌبِقَائِمٍ. أَزَيْدٌعِنْدَكَ أَمْ عَمْرٌو. جَاءَنِيْ زَيْدٌثُمَّ عَمْرٌو. أَلَمْ أَقُلْ لَكَ. أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ. أَكَلْتُ السَّمَكَةَ حَتَّى رَأْسَهَا. مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللهُ. لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا. لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ. قَدْ سَمِعَ اللهُ. هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ. كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ. لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ. أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ. كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ. وَكَفَى بِاللهِ حَسِيبًا. فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ. تَاللهِ إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ. قَدْ يَعْلَمُ اللهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنْكُمْ لِوَاذًا. لَوْ تَعْلَمُونَ. لَوْلَا تُسَبِّحُونَ. وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ. لَوْ أَنْزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللهِ. أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِنْ هَذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ. أَفْتَرَى عَلَى اللهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ جِنَّةٌ. وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ. وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ. فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً. وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ. واللهِ لَتَذْهَبَنَّ . إذا وَصَلْتَ إلى البَيْتَ مَاذا تَعْمَلُ حِينَئِذٍ؟. هَذَا زَيدٌ أَخُوكَ . أَقِلِّي اللَّوْمَ عَاذِلَ والعِتاباً . جاءَنِي سِيبَوَيْهِ وَسِيبَوَيْهٍ آخَرُ . كَلا سَتَرى مَنِ المُهانُ. هَلْ ذَهَبْتَ إلى المَلْعَبِ؟ كَلاَّ. إنَّ سَعِيداً كَاذِبٌ ، كَلاّ . قَامَتِ البِنْتُ بِأَدَاءِ واجِبِهَا. جَلَسَتِ الأُمُّ تَخِيطُ ثَوْبَهَا . لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا. أَدَّتْ زَيْنَبُ مَا عَلَيْهَا . قَدْ ذَهَبَ أَبُوكَ . أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ. إنْ أَسَأْتَ فَأُعَاقِبُكَ . هَلْ صُمْتَ آخِرَ الشَّهرِ. إنْ سَافَرْتَ أَسَافِرْ . هَلاَّ يَرْتَدعُ أَخُوكَ عَنْ غَيِّهِ . قَدْ جَاءَ المُسَافِرُ . لَوْلا أَنْ أَشُقَّ عَلى أُمَّتِي لَأمَرْتُهُمْ بِالسِّواكِ. أَلاَ تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَكُمْ. أَلا تَذْهَبُ مَعِي إلى المُحاضَرَةِ؟. وَاللهِ أَنْ لَوْ أَتَيْتَ احْتَرَمْتُكَ . رَأَيْتُ أَنَّك ماهِرٌ . مَتَى مَا جَلَسْتَ جَلَسْتُ . مَا جَاءَ حَمِيدٌ ولا مَحْمُودٌ. لَمَا إنْ جَلَسْتَ جَلَسْتُ. مَا سَافَرَ سَعِيدٌ ولا خَالِدٌ . أَكَانَ يَعْمَلُ فِي البَيتِ ؟ إيْ وأَبِيكَ . هَلْ كَتَبْتَ الرِّسَالَةَ ؟ نَعَمْ . إنَّ الدُّنيا والآخِرَةَ عَدُوّانِ مُتَفَاوِتانِ . سَلمَانُ

يَدْرُسُ ولكِنْ سَعِيدٌ يَلْعَبُ. كَأَنَّ زَيْداً أَسَدٌ. عِنْدَكَ ضَيْفٌ؟ أَجَلْ . دَخَلَ خَالِدٌ ثُمَّ سَعِيدٌ. أَقَرَأْتَ هَذَا الْكِتابَ أَمْ ذاكَ ؟. اَلْعِلْمُ عِلْمانِ مَطْبُوعٌ ومَسْمُوعٌ . خُذِ الكِتابَ أَوِ المَجَلَّةِ. أَفِي الدّارِ سَعِيدٌ أَمْ خَالِدٌ؟ إِنَّهُم لَذاهِبُونَ أَمْ رَاجِعُونَ ؟ أَكْرِمِ المُؤمِنِينَ لا المُنَافِقِينَ . قَرأَ سَعِيدٌ الكِتَابَ لكِنْ حامدٌ لَمْ يَقْرَأه. سافَرَ سَعِيدٌ ؟ إنَّ. لَدَيكَ نُقُودٌ ؟ أَجَلْ. هُوَ مَرِيضٌ ؟ جَيْرِ . أَلا تَأكُلُ مَعَنا؟ بَلى. لاَ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ. لَمَّا أَنْ سَافَرْتَ سَافَرْتُ. واللهِ أَنْ لَوْ أَتَيْتَ أَتَيْتُ . خِلْتُ أَنْ يَكْتُبَ إِلَيْكَ رِسَالَةً . هَلاَّ تَشْتَرِكُ مَعَهُم فِي الأَمْرِ؟. سَلِ البَيْتَ عَنِ المَوْضُوعِ، أَيْ أَهْلَ البَيْتِ.لَوْلَا سَيْفُ خَالِدٍ لَمَا انْتَشَرَ الإِسْلَامُ. لَوْمَا مُحَمَّدٌ لَرَسَبْتُ . قَدْ واللهِ أَجَدْتَ. هَلْ سَعِيدٌ فِي الدَّارِ؟. أَمُحَمَّدٌ جاءَ؟. أَوْ مَا عِنْدَكَ حَقٌّ؟. أَلَدَيْكَ خَبَرٌ صَحِيحٌ؟. هَلْ تَعَلَّمْتَ القِرَاءَةَ؟. جَاءَ سَعِيدٌ وَقَدْ يَجِيءُ حَسَنٌ . تَاللّٰهِ إِنْ جِئْتَنِي لَأَكْرَمْتُكَ. إِنْ جِئْتَ واللهِ! لأَعْطَيْتُكَ الهَدِيَّةَ. خَرَجَتِ الطِّفْلَةُ مِنَ البَيتِ. ظَلَّتِ المُعَلِّمَةُ وَاقِفَةً. كَلَّا لَا أَعْمَلُ مَا تَعْمَلُونَ. مَهٍ إِنَّهُمْ قادِمُونَ. جَاءَ سَعِيدٌ مِنَ السُّوقِ. هُنَّ مُسْلِماتٌ مُؤْمِناتٌ. أُكْتُبُنَّ الدَّرْسَ. أُدْرُسِنَّ كَيْ تَفْهَمِي المَوْضُوعَ. تَاللهِ لَأَفْرَحَنَّ بِهَذَا. أُكْتُبانِّ مَا أَقُولُهُ . هَذَا عَالِمٌ لكِنَّهُ وَضِيعٌ .

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍... قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ:

" قُلْ "صیغہ فعل امر حاضر معلوم ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "إِي" حرف ایجاب بمعنی "نَعَمْ" ... "وَ" قسمیہ جارہ ... "رَبِّ" مقسم بہ مجرور بالکسرہ تقدیراً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح ... جار مجرور متعلق بہ "أُقْسِمُ" فعل است ... "أُقْسِمُ" صیغہ مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا... "رَبِّ" مضاف... "ي" مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "إِنَّهُ لَحَقٌّ" جواب قسم است... "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "ہ" ضمیر غائب اسمش مرفوع محلا راجع بسوئے "رَبِّ" ... "لَ" تاکیدیہ... "حَقٌّ" خبر ش مرفوع بالضمہ لفظاً۔ (۱)

✍... لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَذَا:

"لَوْلَا" تحضیضیہ مابعد جملہ محضضہ... "إِذْ" اسم ظرف مفعول فیہ مقدم است منصوب محلاً مضاف... "سَمِعْتُمُوهُ" جملہ بتاویل هذا الترکیب مضاف الیہ مجرور محلاً ... ظرف متعلق "قُلْتُمْ" فعل مؤخر است... "سَمِعْتُمُوهُ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "تُمْ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً... "ہ" ضمیر غائب مفعول بہ است منصوب محلاً راجع بسوئے مذکور ما قبل... "قُلْتُمْ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "تُمْ" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلاً... "مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَذَا" جملہ مقولہ قول است... "مَا" نافیہ غیر عاملہ "يَكُونُ" صیغہ

---

(۱) اعراب القرآن درویش: ۲۶۰/۴۔

فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاً فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد۔۔۔ "لَنَا"ظرف مستقر خبر مقدم است منصوب محلاً۔۔۔ "لام"جارہ۔۔۔ "نَا"ضمیر متکلم مع الغیر مجرور منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح۔۔۔جار مجرور متعلق بہ "جَازَ" ۔۔۔ویا کہ "جَائِزاً"مقدر است بنابر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔"أَنْ نَتَكَلَّمَ"جملہ بتاویل مصدر اسمش مؤخر اوست مرفوع محلاً۔۔۔ "أَنْ"مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل۔۔۔"نَتَكَلَّمَ"صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔۔۔ "ب"جارہ۔۔۔ "هَذَا"اسم اشارہ مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح۔۔۔جار مجرور متعلق بہ "نَتَكَلَّمَ"فعل است۔۔۔ویا کہ "يَكُونُ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ لفظاً فعل از افعال ناقصہ ملغی از عمل بمعنیٰ "يَنْبَغِيْ"۔۔۔ "يَنْبَغِيْ"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراً۔۔۔ "لام"جارہ۔۔۔ "نَا"ضمیر متکلم مع الغیر مجرور منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح۔۔۔ جار مجرور متعلق بہ "يَكُونُ" فعل است۔۔۔ "أَنْ نَتَكَلَّمَ"جملہ بتاویل مصدر فاعلش مرفوع محلاالخ۔۔۔[1]

✍۔۔۔ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ:

"مَا"استفہامیہ بمعنیٰ "أَيْ شَيْءٌ"مبتداء است مرفوع محلاً۔۔۔ "هٰذِهِ"اسم اشارہ خبرش مرفوع محلاً موصوف ویا کہ مبدل منہ ویا کہ مبین۔۔۔ "التَّمَاثِيلُ"مشارالیہ ویا کہ صفت است ویا کہ بدل است ویا کہ عطف بیان است۔۔۔باز "التَّمَاثِيلُ"موصوف۔۔۔"الَّتِي"اسم موصول بمع صلہ خویش صفت است مرفوع محلاً۔۔۔"الَّتِي"اسم موصول۔۔۔ "أَنْتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ"جملہ صلہ است۔۔۔"أَنْتُمْ"ضمیر مخاطبین مبتداء اوست مرفوع محلا۔۔۔"لام"جارہ۔۔۔"هَا"غائبہ مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح۔۔۔جار مجرور متعلق بہ "عَاكِفُونَ" "شبہ فعل مؤخر است۔۔۔"عَاكِفُونَ"خبرش مرفوع بالواؤ لفظاً۔۔۔باز "عَاكِفُونَ"صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر مبتداء خود یعمل عمل فعلہ۔۔۔ ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔[2]

✍۔۔۔ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا مُفْتَرُونَ:

"إِنْ"نافیہ غیر عاملہ۔۔۔ "أَنْتُمْ"ضمیر مخاطبین مبتداء است مرفوع محلا۔۔۔"إِلَّا"استثناہیہ ملغنی از عمل۔۔۔"مُفْتَرُونَ"مستثنی مفرغ خبرش مرفوع بالواؤ لفظاً۔

✍۔۔۔لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ:

"لَيْسَ"فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد۔۔۔"كَمِثْلِهِ"خبرش مقدم منصوب محلاً۔۔۔"كَ"زائدہ جارہ۔۔۔ "مثل"مجرور بالکسرہ لفظاً ومنصوب محلاً۔۔۔جار مجرور مستغنی از متعلق است۔۔۔"شَيْءٌ"اسمش مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:"لَيْسَ شَيْءٌ مِثْلَه)۔۔۔ ویا کہ "لَيْسَ"فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد۔۔۔"كَمِثْلِهِ"ظرف مستقر خبرش منصوب محلاً۔۔۔"كَ"جارہ۔۔۔"مثل "زائد۔۔۔"ہ"ضمیر مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح۔۔۔ جار مجرور متعلق بہ "ثَبَتَ"ویا کہ "ثَابِتاً"مقدر است بنابر اختلاف مذہبین الخ۔۔۔"شَيْءٌ"اسمش مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:"لَيْسَ كَهُوَ شَيْء)۔۔۔ویا کہ "لَيْسَ"فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش

---

[1] اعراب القرآن درویش:۵۸۱/۶،اعراب القرآن صافی:۲۴۰/۱۸.

[2] اعراب القرآن درویش:۳۲۶/۶.

می طلبد... "کَمِثْلِهِ"ظرف مستقر خبر ش منصوب محلاً... "کاف" جاره... "مِثْلِ"بمعنیٰ"مَثَلَ"مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح ...جار مجرور متعلق بہ"ثَبَتَ"ویا کہ"ثَابِتاً"مقدر است بنابر اختلاف مذہبین الخ...باز"مَثَلَ"مضاف..."ہ"ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع... بسوئے اللہ کہ منقوش است بر دل مؤمناں..."شَيْءٌ"اسمش مؤخر اوست مرفوع بالضمہ لفظاً۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی:"لَیْسَ مِثْلُ صِفَتِهِ تَعَالَی شَيْءٌ مِنَ الصِّفَاتِ الَّتِي لِغَیْرِهِ). [۱]

✍... كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى:

"کَلَّا"ردع وزجر عند سیبویہ والزمخشری...ویا کہ بمعنیٰ"حَقًّا"عند الکسائی... ویا کہ بمعنیٰ"ألا"استفتاحیہ عند ابی حیان... ویا کہ حرف تنبیہ عند الکواشی ...ویا کہ"کَلَّا"حرف ردع وتنبیہ عند الزجاج..."إِنَّ"حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد..."الْإِنْسَانَ"اسمش منصوب بالفتحہ لفظاً..."لَيَطْغَى"جملہ خبر ش مرفوع محلا..."لَ"تاکیدیہ..."يَطْغَى"صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع بالضمہ تقدیراً... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے اسم"إِنَّ". [۲]

✍... فَلَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَى وَجْهِهِ:

"ف"استنافیہ..."لَمَّا"ظرفیہ حینیہ متضمن معنی شرط..."أَنْ"زائدہ..."جَاءَ"صیغہ فعل ماضی معلوم شرطش مجزوم محلا... "الْبَشِيرُ"فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً..."أَلْقَاهُ"جملہ جزائش مجزوم محلا..."أَلْقَاهُ"صیغہ فعل ماضی معلوم... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے"الْبَشِيرُ"...ویا کہ"یعقوب علیہ السلام"..."ہ"ضمیر غائب مفعول بہ اوست منصوب محلاراجع بسوئے "قَمِيْصِ"..."عَلَى"جارہ..."وَجْهِ"مجرور بالکسرہ و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ"أَلْقَاهُ"فعل است... باز "وَجْهِ"مضاف..."ہ"ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے یعقوب (علیہ السلام). [۳]

✍... أَحَقٌّ هُوَ:

"أَ"استفہامیہ مابعد جملہ مستفہمہ..."حَقٌّ" خبر مقدم اوست مرفوع بالضمہ لفظاً..."هُوَ" مبتداء مؤخر اوست مرفوع محلاراجع بسوئے مذکور ما قبل۔

✍... مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ:

"مَا"استفہامیہ بمعنیٰ"أَيُّ شَيْءٍ"مبتداء است مرفوع محلا..."مَنَعَكَ"جملہ خبر ش مرفوع محلا...باز"مَنَعَكَ"صیغہ فعل ماضی معلوم ماضی... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مبتداء..."كَ"ضمیر خطاب مفعول بہ اوست منصوب محلاً..."أَلَّا تَسْجُدَ"جملہ بتاویل مصدر مفعول ثانی است منصوب محلاً..."أَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... "لَا"زائدہ غیر عاملہ..."تَسْجُدَ" صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظا... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا۔ [۴]

---

[۱] التبیان لابی البقاء: الدر المصون:۵۴۴/۹، اعراب القرآن درویش:۱۶/۹۔

[۲] اعراب القرآن درویش:۵۲۹/۱۰۔

[۳] اعراب القرآن صافی:۶۳/۱۳۔

[۴] اعراب القرآن درویش:۳۱۰/۳۔

✍... أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ:

''أَمْ''عاطفہ منقطعہ بمعنی''بَلْ''کہ تقدیرش''بَلْ يَقُوْلُوْنَ''باشد...ویاکہ''أَمْ''عاطفہ متصلہ...''يَقُولُونَ''معطوف... معطوف علیہ محذوف کہ تقدیرش''أيُقِرُّوْنَ بِه أَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرَاه''باشد...ویاکہ''أَمْ''بمعنی''واوْ''کہ تقدیریش''وَيَقُوْلُوْنَ افْتَرَاه''باشد... ''يَقُولُونَ''صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی...''وَ''ضمیربارزفاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... ''افْتَرَاهُ''جملہ مقولہ قول است...''افْتَرَاهُ''صیغہ فعل ماضی معلوم...ضمیر درومستترفاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورماقبل... ''هُ''ضمیرغائب مفعول بہ اوست منصوب محلا...راجع بسوئے مذکورماقبل۔ [۱]

✍... مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللهُ:

''مَا''نافیہ غیرعاملہ...''كُنَّا''صیغہ فعل ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد...''نَا''ضمیر بارز اسمش مرفوع محلا...''لِنَهْتَدِيَ''ظرف مستقرخبرش منصوب محلا...باز''لام''جارہ...''نَهْتَدِيَ''جملہ بتقدیر''أَنْ''بتاویل مصدر مجرور ومنصوب محلاً مفعول بہ غیرصریح...جار مجرور متعلق بہ''ثَبَتْنَا''ویاکہ''ثَابِتِيْنَ''مقدراست بناء پراختلاف مذہبین الخ... باز''أَنْ'' مصدریہ ناصبہ ناصبتا مستقبل...''نَهْتَدِيَ''صیغہ فعل مضارع معلوم منصوب بالفتحہ لفظاً...ضمیر درومستترفاعلش مرفوع محلا...''لَوْلَا'' حرف امتناع از برائے انتفائے ثانی بسبب انتفائے اول شرطیہ...''أَنْ هَدَانَا''جملہ بتاویل مصدر مبتداء است مرفوع محلابرائے خبر محذوف کہ''مَوْجُوْدٌ''باشد...باز''أَنْ''مصدریہ... ''هَدَانَا'' صیغہ فعل ماضی معلوم...''نَا''ضمیر متکلم مفعول بہ مقدم است منصوب محلا...''الله''فاعلش مؤخراست مرفوع بالضمہ لفظاً...''مَوْجُوْدٌ''خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً...باز''مَوْجُوْدٌ''صیغہ اسم مفعول الخ...جواب محذوف کہ دال است براُوجملہ متقدمہ۔(اس صورت میں تقدیرعبارت یوں ہوگی:''لَوْلَا هِدَايَةُ اللهِ لَنَا مَوْجُوْدَةٌ مَّا اهْتَدَيْنَا أَوْ لَشَقَيْنَا''یا''لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللهُ مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ.'')۔ [۲]

✍... لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا: [۳]

---

[۱] الدرالمصون:۲۰۴/۶،اعراب القرآن درویش:۲۴۸/۴.

[۲] اعراب القرآن درویش:۳۵۵/۳،اعراب القرآن صافی:۴۱۳/۸،التبیان لابی البقاء:۵۶۹/۱.

[۳] الْمُرَادُ مِنَ الْآيَةِ نَفْيُ الْآلِهَةِ الْمُتَعَدِّدَةِ، وَإِثْبَاتُ الْإِلهِ الْوَاحِدِ الْفَرْدِ، وَلَا يَصِحُّ الْاسْتِثْنَاءُ بِالنَّصبِ لِأَنَّ الْمَعْنى حِيْنَئِذٍ: «لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ، لَيْسَ اللهُ فِيْهِمْ، لَفَسَدَتَا وَذَلِكَ يَقْتَضِيْ أَنَّه لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ فِيهِمُ اللهُ لَمْ تَفْسَدَا وَهذَا ظَاهِرُ الْفَسَادِ، وَكَذلِكَ لَا يَصِحُّ أن يُعَرَّبَ لَفْظُ الْجَلَالَةِ بَدَلًا مِّنْ آلِهَةٍ لِأَنَّهُ لَمْ يَصِحَّ الْاسْتِثْنَاءُ فَلَا تَصِحُّ الْبَدَلِيَّةُ. قَالَ الْعَلَّامَةُ أَبُوْ الْبَقَاء رَحِمَه الله: وَلَا يَجُوزُ النَّصْبُ عَلَى الِاسْتِثْنَاءِ لِوَجْهَيْنِ ؛ أَحَدُهُمَا: أَنَّهُ فَاسِدٌ فِي الْمَعْنَى ؛ وَذَلِكَ أَنَّكَ إِذَا قُلْتَ: لَوْ جَاءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا لَقَتَلْتُهُمْ - كَانَ مَعْنَاهُ أَنَّ الْقَتْلَ لِكَوْنِ زَيْدٍ مَعَ الْقَوْمِ، فَلَوْ نَصَبْتَ فِي الْآيَةِ لَكَانَ الْمَعْنَى إِنَّ فَسَادَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ امْتَنَعَ لِوُجُودِ اللهِ تَعَالَى مَعَ الْآلِهَةِ، وَفِي ذَلِكَ إِثْبَاتُ إِلَهٍ مَعَ اللهِ. وَإِذَا رَفَعْتَ عَلَى الْوَصْفِ لَا يَلْزَمُ مِثْلُ ذَلِكَ ؛ لِأَنَّ الْمَعْنَى: لَوْ كَانَ فِيهِمَا غَيْرُ اللهِ لَفَسَدَتَا. وَالْوَجْهُ الثَّانِي: أَنَّ آلِهَةً هُنَا نَكِرَةٌ ؛ وَالْجَمْعُ إِذَا كَانَ نَكِرَةً لَمْ يُسْتَثْنَ مِنْهُ عِنْدَ جَمَاعَةٍ مِنَ الْمُحَقِّقِينَ ؛ لِأَنَّهُ لَا عُمُومَ لَهُ بِحَيْثُ يَدْخُلُ فِيهِ الْمُسْتَثْنَى لَوْلَا الِاسْتِثْنَاءُ.(التبیان لابی البقاء:۵۱۹/۲)

۱) ... "لَوْ"شرطیه امتناعیه... "كَانَ"صیغه فعل ماضی معلوم فعل ازافعال ناقصه رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "فِيهِمَا"ظرف مستقر خبر مقدم مرفوع محلا... "فِي"جاره... "هِما"ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلاً مفعول به غیر صریح راجع بسوئے "أرض وسماء"...جار مجرور متعلق به "وُجِدَا"ویا که "مَوْجُوْدَانِ "مقدر است بنابر اختلاف مذ ہبین الخ... "آلِهَةٌ"اسمش مؤخرش مرفوع بالضمه لفظاً موصوف ... "إِلَّا"بمعنیٰ "غيرُ"صفتیه مضاف... لفظ "الله"مضاف الیه است مجرور ومرفوع خوانده شد باعراب "إِلَّا"... "لام"ابتدائیه تاکیدیه جواب..."لَوْ"، "فَسَدَتَا"لا محل لہامن الاعراب... "فَسَدَتَا"صیغه فعل ماضی معلوم... "الف"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے "ارض وسماء".[۱]

۲) ...ویا که "لَوْ"شرطیه غیر جازمه... "كَانَ"صیغه فعل ماضی معلوم فعل ازافعال ناقصه رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "فِيهِمَا"ظرف مستقر خبر مقدم مرفوع محلا... "فِي"جاره... "هِما"ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلاً مفعول به غیر صریح راجع بسوئے "أرض وسماء"...جار مجرور متعلق به "وُجِدَا"ویا که "موجودانِ"مقدر است بنابر اختلاف مذ ہبین الخ... "آلِهَةٌ"اسمش مؤخرش مرفوع بالضمه لفظاً موصوف ... "إِلَّا"بمعنیٰ "غيرُ"صفتیه مضاف... لفظ "الله"مضاف الیه است مجرور ومرفوع خوانده شد باعراب "إِلَّا"... "لام"ابتدائیه تاکیدیه جواب "لَوْ"... "فَسَدَتَا"لا محل لہامن الاعراب... "فَسَدَتَا"صیغه فعل ماضی معلوم ... "الف"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے "أرض وسماء".[۲]

۳) ...ویا که "لَوْ"شرطیه غیر جازم... "كَانَ"صیغه فعل ماضی معلوم تامه... "فِي"جاره... "هِما"ضمیر غائبین مجرور ومنصوب محلاً مفعول به غیر صریح راجع بسوئے "أرض وسماء"...جار مجرور متعلق به "كَانَ"فعل است... "آلِهَةٌ"فاعل مؤخرش مرفوع بالضمه لفظاً موصوف... "إِلَّا"بمعنیٰ "غيرُ"صفتیه مضاف... لفظ "الله"مضاف الیه است مجرور ومرفوع خوانده شد باعراب "إِلَّا"... "لام" ابتدائیه تاکیدیه جواب "لَوْ"... "فَسَدَتَا"لا محل لہامن الاعراب... "فَسَدَتَا"صیغه فعل ماضی معلوم... "الف"ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے "ارض وسماء ".[۳]

---

[۱] اعراب القرآن درویش:۲۹۵/۶،التبیان لابی البقاء:۵۱۹/۲.
[۲] اعراب القرآن صافی:۱۷/۱۷.
[۳] اعراب القرآن صافی:۱۷/۱۷.

فصل چہارم: مستثنیٰ کا بیان

مستثنیٰ کی تعریف:

مستثنیٰ باب استفعال سے اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کا لغوی معنی ہے: ”نکالا ہوا“ اور اصطلاحی تعریف یہ ہے:

”هُوَ إِخْرَاجُ مَا بَعْدَ "إلاّ" أَوْ إِحدَى أَخْوَاتِهَا مِنْ أَدْوَاتِ الْاِسْتِثْنَاءِ مِنْ حُكْمِ مَا قَبْلَهُ.“

مستثنیٰ وہ لفظ ہے جو ”إِلَّا“ یا اخواتِ ”إِلَّا“ کے بعد مذکور ہو۔

اخواتِ ”إِلَّا“ یہ دس ہیں: ”۱)غَيْرَ، ۲)سِوىٰ، ۳)سَوَاءَ، ۴)حَاشَا، ۵)خَلَا، ۶)عَدَا، ۷)مَاخَلاَ، ۸)مَا عَدَا، ۹)لَيْسَ، ۱۰)لَا يَكُوْنُ.“ [۱]

مستثنیٰ کا حکم:

مستثنیٰ کا حکم یہ ہے کہ جو چیز مستثنیٰ منہ کی طرف منسوب ہے وہ مستثنیٰ کی طرف منسوب نہ ہو۔

مستثنیٰ کی اقسام:

مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں: (الف): مستثنیٰ متصل، (ب): مستثنیٰ منقطع

(الف): مستثنیٰ متصل کی تعریف:

”مَا كَانَ مِنْ جِنْسِ الْمُسْتَثْنَىٰ مِنْه.“

مستثنیٰ متصل وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کی جنس میں سے ہو، یعنی مستثنیٰ استثناء سے پہلے مستثنیٰ منہ میں داخل ہو اور ”إِلَّا“ یا اخواتِ ”إِلَّا“ کے ذریعے ما قبل حکم سے خارج کیا گیا ہو، جیسے: ”جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا“ (قوم آئی سوائے زید کے) اس میں ”زید“ مستثنیٰ منہ ہے پہلے قوم میں داخل تھا، پھر ”إِلَّا“ کے ذریعے ”قوم“ مستثنیٰ منہ کے حکم مجیئت سے خارج کیا گیا ہے۔

(ب): مستثنیٰ منقطع کی تعریف:

”مَا لَيْسَ مِنْ جِنْسِ مَا اسْتُثْنِيَ مِنْه.“

مستثنیٰ منقطع وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کی جنس میں سے نہ ہو، یعنی مستثنیٰ استثناء سے پہلے مستثنیٰ منہ میں داخل نہ ہو، جیسے: ”احْتَرَقَتِ الدَّارُ إلاَّ الْكُتُبَ.“ یہاں ”الكتُبَ“ مستثنیٰ استثناء سے پہلے ”الدَّارُ“ مستثنیٰ منہ میں شامل نہیں تھے اور اسی طرح یہ مثالیں ہیں: ”لا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً إِلَّا سَلامًا. حَضَرَ الضُّيُوْفُ إِلَّا سِيَارَاتِهِمْ. اكْتَمَلَ الطُّلَابُ إِلَّا الْكُتُبَ.“ [۲]

---

[۱] اوضح المسالک: ۲/ ۲۳۸، جامع الدروس العربیہ: ۳/ ۱۲۷۔

[۲] جامع الدروس العربیہ: ۳/ ۱۲۷۔

اقسامِ اعرابِ مستثنیٰ:

مستثنیٰ کا اعراب چار قسم پر ہے: ۱) نصب، ۲) نصب و بدل، ۳) بحسب العامل، ۴) جر۔

۱) نصب: مستثنیٰ کو منصوب پڑھنا واجب ہو، اس کی چار صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ متصل کلام موجب (یعنی اس سے پہلے حرف نفی، نہی اور استفہام نہ ہو) میں "إِلَّا" کے بعد واقع ہو، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا خَالِدًا. يَنْجَحُ التَّلامِيْذُ إِلَّا الْكُسُوْلَ."

دوسری صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ "إِلَّا" کے بعد کلام غیر موجب (جس میں نفی، نہی اور استفہام ہو) میں واقع ہو اور مستثنیٰ مستثنیٰ منہ سے مقدم ہو، جیسے: "مَاجَاءَ إِلَّا زَيْدًا أَحَدٌ. مَا جَاء إِلَّا سَلِيْماً أحدٌ."

تیسری صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ منقطع "إِلَّا" کے بعد ہمیشہ منصوب ہوتا ہے، خواہ کلام موجب ہو یا غیر موجب، موجب کی مثال، جیسے: "أَكَلَ الْكِلَابُ إِلَّا هِرَّةً". اور غیر موجب کی مثال، جیسے: "لَمْ يَحْضَرِ الطُّلَابُ إِلَّا الْمُعَلِّمَ."

چوتھی صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ "مَاخَلَا، مَاعَدَا، لَيْسَ" اور "لَا يَكُوْنُ" کے بعد واقع ہو، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ مَاخَلَا زَيْدًا، وَلَيْسَ زَيْدًا، وَلَا يَكُوْنُ زَيْدًا".

پانچویں صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ "خَلَا" اور "عَدَا" کے بعد واقع ہو تو عند الاکثر منصوب ہو گا اور عند البعض مجرور ہو گا، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ خَلَا زَيْدًا وَ عَدَا زَيْدًا".

۲) نصب و بدل: مستثنیٰ کو منصوب پڑھنا بھی جائز ہو اور ما قبل سے بدل بنانا بھی جائز ہو، اس کے لیے پانچ شرطیں ہیں: ۱) مستثنیٰ متصل ہو، ۲) "إِلَّا" کے بعد واقع ہو، ۳) کلام غیر موجب میں ہو۔ ۴) مستثنیٰ منہ مذکور ہو۔ ۵) مستثنیٰ مستثنیٰ منہ سے مقدم نہ ہو، جیسے: "مَاجَاءَ أَحَدٌ إِلَّا زَيْدًا"، یہاں "زید" مستثنیٰ منہ کو بناء بر بدلیت مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے اور بناء بر استثناء منصوب پڑھنا بھی جائز ہے، لیکن منصوب پڑھنا اولیٰ ہے اور دیگر مثالیں یہ ہیں: "مَا جَاءَ الْقَوْمُ إلاَّ عَلِيٌّ، وَإلاَّ عَلِيّاً. لَا يَقُمْ أَحَدٌ إلاَّ سَعِيْدٌ، وَإِلَّا سَعِيْداً. وَهَلْ فَعَلَ هَذَا أَحَدٌ إِلَّا أَنْتَ، وَإِلَّا إِيَّاكَ!"[1]

۳) بحسب العامل: مستثنیٰ کو عامل کے مطابق پڑھنا واجب ہو، یعنی اگر عامل رافع ہے تو مرفوع پڑھنا واجب ہو گا، اگر عامل ناصب ہو تو منصوب پڑھنا واجب ہو گا اور اگر عامل جارہ ہے تو مجرور پڑھنا واجب ہو گا۔ اس کے لیے تین شرائط ہیں: ۱) مستثنیٰ "إِلَّا" کے بعد واقع ہو، ۲) کلام غیر موجب میں ہو۔ ۳) مستثنیٰ مفرغ ہو، یعنی مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو، جیسے:

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۳۰/۳۔

"مَاجَاءَ إِلَّا زَيْدٌ، مَا رَأَيْتُ إِلَّا زَيْدًا، مَا مَرَرْتُ إِلَّا بِزَيْدٍ". یہاں پہلی جگہ میں "زید" فاعلیت کی بناء پر مرفوع ہے، دوسری جگہ میں مفعولیت کی بناء پر منصوب ہے اور تیسری جگہ میں حرف جارہ کی وجہ سے مجرور ہے۔

۴) جر: مستثنیٰ کو مجرور پڑھنا واجب ہو اور یہ دو جگہوں میں ہو گا: ۱) مستثنیٰ "غَيْرَ، سِوَى، سَوَاءَ" کے بعد واقع ہو، جیسے: "جَاءَنِيْ الْقَوْمُ غَيْرَزَيْدٍ أَوْ سِوَى زَيْدٍ أَوْ سَوَاءَ زَيْدٍ"۔ ۲) مستثنیٰ "حَاشَا" کے بعد واقع ہو تو عند الاکثر مجرور ہو گا، جیسے: "جَاءَنِيْ الْقَوْمُ حَاشَا زَيْدٍ" اور عند البعض منصوب ہو گا۔

اعراب لفظ "غَيْرُ":

لفظ "غَيْرُ" کا اعراب وہی ہوتا ہے جو مستثنیٰ بہ "إِلَّا" کا ہوتا ہے، جن تین صورتوں میں "إِلَّا" کے بعد مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے ان تین صورتوں میں "إِلَّا" کی جگہ لفظ "غَيْرُ" استعمال ہو تو وہ بھی منصوب ہو گا، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ غَيْرَزَيْدٍ، جَاءَنِي الْقَوْمُ غَيْرَالحِمَارِ، جَاءَنِي غَيرَ زَيدٍ الْقَوْمُ" اور جس صورت میں مستثنیٰ پر نصب اور بدل دونوں جائز ہے اس صورت میں "إِلَّا" کی جگہ لفظ "غَيْرُ" آیا ہو تو اس پر بھی نصب وبدل دونوں جائز ہوں گے اور یہ ایک صورت ہے، جیسے: "مَا جَاءَنِيْ أَحَدٌغَيْرَزَيْدٍ" یا "غَيْرُزَيْدٍ" دونوں جائز ہیں اور جس صورت میں مستثنیٰ کا اعراب بحسب العامل ہوتا ہے تو اس صورت میں "إِلَّا" کی جگہ لفظ "غَيْرُ" آئے تو اس کا اعراب بھی بحسب العامل ہو گا اور یہ بھی ایک صورت ہے، جیسے: "مَاجَاءَنِيْ غَيْرُ زَيْدٍ، مَارَأَيْتُ غَيْرَ زَيْدٍ، مَامَرَرْتُ بِغَيْرِ زَيْدٍ"۔[1]

لفظ "غَيْرُ" کی اقسام:

لفظ "غَيْرُ" کی دو قسمیں ہیں: "غَيْرُ" صفتیہ اور "غَيْرُ" استثنائیہ۔ اصل میں "غَيْرُ" صفت کے لیے موضوع ہے، جیسے: "بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ." (ابراہیم:۳۷) اور "صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَل." (الاعراف:۵۳) اور کبھی "إِلَّا" استثنائیہ کے معنی میں بھی آتا ہے، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ غَيْرَ أَصْحَابِكَ" اور جب کہ "إِلَّا" استثناء کے لیے موضوع ہے، جیسے: "جَاءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا زَيْداً"، لیکن کبھی کبھی صفت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، اس کا ماقبل موصوف اور یہ اس کی صفت ہوگی، جیسے: "لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا، أيْ غَيْرَاللهِ لَفَسَدَتَا." اور اسی طرح "لَاإِلَهَ إِلَّااللهَ، أيْ غَيْرَ اللهِ" بھی ہے، ان دونوں جگہوں میں "إِلَّا" لفظ "غَيْرُ" کے معنی میں صفت کے لیے ہے اور اسی طرح یہ مثال ہے: "النَّاسُ هَلَكَى إِلَّا الْعَالِمِونَ، وَالْعَالِمونَ هَلكَى إِلَّا الْعَامِلونَ، وَالْعَامِلُوْنَ هَلَكى إلاَّ الْمُخْلِصُوْنَ، أيِ النَّاسُ غَيْرُ الْعَالمينَ هَلكى، وَالْعَالِمُوْنَ غَيْرُ الْعَامِلِيْنَ هَلَكَى، وَالْعَامِلُوْنَ غَيْرُ الْمُخْلِصِيْنَ هَلَكى."[2]

---

[1] اوضح المسالک: ۲۳۸/۲، ہمع الہوامع: ۲۷۴/۲، النحو الوافی: ۳۴۹/۲۔

[2] جامع الدورس العربیۃ: ۱۳۸/۳۔

شبہ الاستثناء:

شبہ الاستثناء وہ ہے جو استثناء کے مشابہ ہو اور اس کے لیے دو کلمے استعمال ہوتے ہیں: ۱)"لا سِیَّما" ۲)"بَیْدَ."

۱) "لا سِیَّما": اس میں لائے نفی جنس اور "سِیْ" وزناً ومعناً "مِثْلٌ" کے مانند ہے، محاورہ ہے: "هُمَا سِيّانِ، أيْ مِثْلَانِ" اور یہ مابعد کو ماقبل پر ترجیح دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے: "اجْتَهَدَ التَّلَامِيْذُ، وَلَا سِيَّمَا خَالِدٍ." اس میں خالد کے جد و جہد کو باقی تلامذہ کی محنت پر ترجیح دی گئی ہے، اس سے پہلے "واوٴ" عاطفہ کا آنا اور اس کے "یاء" کا مشدد ہونا ضروری ہیں، لیکن کبھی اس کو مخفف بھی پڑھا جاتا ہے اور شاذونادر اس کے "واوٴ" کو حذف بھی کیا جاتا ہے، البتہ "مَا" کا حذف کرنا قلیل ہے اور یہ استثنائیہ اور "خُصُوْصاً" دونوں کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اگر استثنائیہ ہو تو اس کا مستثنیٰ اگر نکرہ ہو تو اسے مجرور، مرفوع اور منصوب تینوں پڑھ سکتے ہیں، جیسے: "كُلُّ مُجْتَهِدٍ يُحَبُّ، وَلَا سِيَّمَا تِلْمِيْذٍ مِثْلِكَ." "یا "وَلَا سِيَّمَا تِلْمِيْذٌ مِثْلُكَ" یا "وَلَا سِيَّمَا تِلْمِيْذاً مِثْلَكَ."، لیکن مجرور پڑھنا اولی اور مشہور ہے، مجرور پڑھنے کی صورت میں یہ "سِيَّ" کا مضاف الیہ ہو گا اور "مَا" زائدہ ہو گی اور مرفوع پڑھنے کی صورت میں مبتداء محذوف "هُوَ" کی خبر ہو گی اور منصوب پڑھنے کی صورت میں "سِيَّ" کے لیے تمیز ہو گی۔ اور اگر مستثنیٰ معرفہ ہو تو اسے مجرور اور مرفوع دونوں پڑھنا جائز ہے، جیسے: "نَجَحَ التَّلَامِيْذُ وَلَا سِيَّمَا خَلِيْلٌ" اور "وَلَا سِيَّمَا خَلِيْلٌ."، لیکن منصوب پڑھنا جائز نہیں، کیونکہ تمیز کا نکرہ ہونا ضروری ہے۔

اور اگر "لَاسِيَّمَا"، "خُصُوْصاً" کے معنی میں ہو تو اس کا بعد لفظ حال ہو گا، یا جملہ حالیہ ہو گا یا جملہ شرطیہ حال کی جگہ واقع ہو گا، حال کی مثال، جیسے: "أُحِبُّ الْمُطَالِعَةَ وَلَا سِيَّمَا مُنْفَرِداً." جملہ حالیہ کی مثال، جیسے: "أُحِبُّ الْمُطَالِعَةَ وَلَا سِيَّمَا وَأَنَا مُنْفَرِدٌ." اور جملہ شرطیہ قائم مقام حال کی مثال، جیسے: "أُحِبُّ الْمُطَالِعَةَ وَلَا سِيَّمَا إنْ كُنْتُ مُنْفَرِداً." اور کبھی اس کے بعد ظرف آتا ہے، جیسے: "أُحبُّ الجُلُوسَ بَيْنَ الْغِياضِ وَلَا سِيَّمَا عِنْدَ الْمَاءِ الجارِيْ. يَطِيْبُ لِيَ الْاشتِغَالُ بِالْعِلْمِ وَلَا سِيَّمَا لَيْلاً. يَطِيْبُ لِيَ الْاشْتِغَالُ بِالْعِلْمِ وَلَا سِيَّمَا إذَا أَوَى النَّاسُ إلَى مَضَاجِعِهِمْ."

۲) "بَيْدَ.": یہ بناء بر استثناء ہمیشہ منصوب ہوتا ہے اور استثناء منقطع کے لیے آتا ہے اور اس کا مضاف الیہ ہمیشہ "أَنْ" ب تاویل مفرد ہوتا ہے، جیسے ایک روایت میں ہے: "أَنَا أَفْصَحُ مَنْ نَطَقَ بِالضَّادِ، بَيْدَ أَنِّيْ مِنْ قُرَيشٍ، واسْتُرْضِعْتُ فِيْ بَنِي سَعدِ بنِ بَكْرٍ." اور اسی طرح یہ مثال ہے: "إنَّهُ لَكَثِيْرُ الْمَال بَيْدَ أَنَّهُ بَخِيْلٌ. فَلَانٌ غَنِيٌّ بَيْدَ أَنَّهُ جَشِعٌ. وَأَخُوْه فَقِيْرٌ بَيْدَ أَنَّهُ عَزِيْزُ النَّفْسِ."[1]

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۴۶/۳، النحو الوافی: ۳۴۹/۲۔

قواعد و فوائد:

قاعدہ: مستثنیٰ کے معنیٰ ہیں علیحدہ کیا ہوا، جس سے علیحدہ کیا جاتا ہے اس کو "مستثنیٰ منہ" کہتے ہیں اور جس حرف سے علیحدہ کیا جائے اس کو "حرف استثناء" کہتے ہیں، مستثنیٰ سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ اس سے پہلے جو حکم ہے یہ اس سے خارج ہے۔

قاعدہ: استثناء متصل میں مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ کا بعض ہوتا ہے، پھر اس کی دو صورتیں ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ منہ متعدد افراد ہوں اور مستثنیٰ ان افراد متماثلہ میں سے ایک فرد ہو، جیسے: "تَنَاوَلْتُ الْكُتُبَ إِلَّا كِتَابًا" اور دوسری صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ منہ فرد واحد ہو، لیکن دو اجزاء ہو اور مستثنیٰ ان اجزاء میں سے ایک جزء ہو، جیسے: "غَطَيْتُ الْجِسْمَ إِلَّا الْوَجْهَ"، تاہم دونوں صورتوں میں ما بعد ما قبل کا مخالف ہوگا۔[1]

قاعدہ: اداتِ استثناء میں بعض حرف محض ہیں، جیسے: "إلاّ"، بعض اسم محض ہیں، جیسے: "غَيْرُ، سِوًى"، بعض فعل محض ہیں، جیسے: "لَيْسَ، لَا يَكُوْنُ" اور بعض فعل اور حرف دونوں بن سکتے ہیں، جیسے: "خَلَا، عَدَا، حَاشَا".[2]

قاعدہ: استثناء متصل تخصیص بعد التعمیم کا فائدہ دیتا ہے اور استثناء منقطع استدراک کا فائدہ دیتا ہے۔[3]

قاعدہ: مستثنیٰ منہ صرف معرفہ یا نکرہ مخصصہ بن سکتا ہے، لہذا "جَاءَ قَوْمٌ إِلَّا رَجُلاً مِنْهُمْ" یا "جَاءَ رِجَالٌ إِلَّا خَالِداً" کہنا درست نہیں، کیونکہ یہاں مستثنیٰ منہ نکرہ ہے، لیکن اگر نکرہ مخصصہ ہو تو اس سے استثناء جائز ہے، جیسے: "جَاءَنِيْ رِجَالٌ كَانُوْا عِنْدَكَ إلاَّ رَجُلاً مِنْهُمْ، مَا جَاءَ أَحَدٌ إِلَّا سَعِيْداً" اور اسی طرح معرفہ سے نکرہ غیر مخصصہ کا استثناء بھی جائز نہیں، لہذا "جَاءَ الْقَوْمُ إلاَّ رَجُلاً" کہنا درست نہیں، البتہ اگر نکرہ مخصصہ ہو تو پھر جائز ہے، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ إلاَّ رَجُلاً مِنْهُمْ، أَوْ إلاَّ رَجُلاً مَرِيْضاً، أَوْ إلاَّ رَجُلَ سَوْءٍ.".[4]

فائدہ: مستثنیٰ کا ناصب عند الاکثر خود مستثنیٰ ہے اور عند البعض اس کے ما قبل فعل یا شبہ فعل اس کے لیے ناصب ہوتا ہے۔[5]

قاعدہ: جب مستثنیٰ منقطع کلام غیر موجب میں ہو تو اس کو بدل بنانا جائز نہیں جیسا کہ مستثنیٰ متصل میں جائز ہے، لہذا "مَا جَاءَ الْمُسَافِرُوْنَ إِلَّا أَمْتِعَتَهُم" میں "أَمْتِعَتَهُم" کو "الْمُسَافِرُوْنَ" سے بدل نہیں بنا سکتے، لیکن بنو تمیم کے نزدیک یہ جائز ہے۔[6]

ہے۔[6]

---

[1] ہامش النحو الوافی: ۳۱۸/۲۔
[2] النحو الوافی: ۳۱۹/۲۔
[3] جامع الدروس العربیۃ: ۱۲۸/۳۔
[4] جامع الدروس العربیۃ: ۱۲۸/۳۔
[5] جامع الدروس العربیۃ: ۱۲۸/۳۔
[6] جامع الدروس العربیۃ: ۱۳۶/۳۔

فائدہ: مستثنیٰ منقطع کا اپنے مستثنیٰ منہ کیساتھ کوئی علاقہ اور تعلق ضروری ہے تاکہ مستثنیٰ منہ کے ذکر سے یہ وہم پیدا ہو کہ مستثنیٰ (منقطع) بھی اس مستثنیٰ منہ کے حکم میں داخل ہے، مثلاً: "جَاءَ السَّادَةُ إِلَّا خدَّامُهُمْ" تب صحیح ہو گا جب امراء کیساتھ خدام کے آنے کی عادت ہو اور اگر عادت نہیں تو پھر اس استثناء کا کوئی معنی نہیں۔ [۱]

قاعدہ: کلام منفی میں جب مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ پر مقدم ہو تو وہاں مستثنیٰ منصوب ہوتا ہے، جیسے: "مَاجَاءَإلَّاخَالِداً أَحَدٌ"، لیکن عند البعض مستثنیٰ کو ماقبل عامل کا معمول اور مستثنیٰ منہ کو اس کا تابع (بدل) بنانا جائز ہے، جیسے: "مَاجَاءَ إلَّاخَالِدٌ أَحَدٌ" یہاں "خَالِدٌ"، "جَاءَ" کا فاعل ہے اور "أَحَدٌ" اس سے بدل ہے۔

فائدہ: مستثنیٰ منقطع میں "إِلَّا"، بمعنیٰ "لَكِنْ" ہوتا ہے، کیونکہ یہ استدراک کا فائدہ دیتا ہے، جیسے: "مَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَى إِلَّا تَذْكِرَةً لِمَنْ يَخْشَى. أَيْ لَكِنْ أَنْزَلْنَاهُ تَذْكِرَةً." اور اسی طرح یہ ہے: "فَذَكِّرْ، إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُسَيْطِرٍ، إِلاَّ مَنْ تَوَلى وَكَفَرَ فَيُعَذِّبُهُ اللهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ. أَيْ لَكِنْ مَنْ تَوّلى وَكَفَرَ." [۲]

فائدہ: قلیل کا کثیر سے استثناء درست ہے اور کثیر کا اکثر سے استثناء بھی درست ہے اور کبھی کسی شئی سے نصف کا استثناء کیا جاتا ہے، جیسے: "لَهُ عَلَيَّ عَشْرَةٌ إِلَّا خَمْسَةً" اور اسی طرح قرآن مجید میں ہے: "يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ، قُمِ اللَّيْلَ إِلاَّ قَلِيْلاً نِصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيْلاً أَوْ زِدْ عَلَيْهِ" یہاں نصف کو قلیل کہا گیا ہے اور عند البعض یہ جائز نہیں، لیکن یہ مرجوح ہے، کیونکہ مذکورہ آیت میں وارد ہے۔ [۳]

قاعدہ: مستثنیٰ متصل اصل ہے، کیونکہ غیر جنس سے استثناء کوئی معنی نہیں رکھتا اور یہی وجہ ہے کہ مستثنیٰ منقطع میں "إِلَّا"، علی سبیل الاصل استثناء نہیں ہوتا، بلکہ وہ "لَكِنْ" کے معنی میں ہوتا ہے جو مفید استدراک ہے، لیکن مستثنیٰ منقطع میں مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ میں من وجہ ارتباط اور علاقہ معنوی کا ہونا ضروری ہے۔ [۴]

قاعدہ: مستثنیٰ متصل میں ادات استثناء اسم، فعل اور حرف تینوں ہوسکتے ہیں اور مستثنیٰ منقطع میں اداتِ استثناء صرف حرف ہوتا ہے، اسم اور فعل نہیں ہوسکتے، کیونکہ یہ دونوں استثناء تام کا فائدہ دیتے ہیں۔ [۵]

---

[۱] جامع الدروس العربية: ۱۳۷/۳، النحو الوافی: ۳۱۸/۲۔

[۲] جامع الدروس العربية: ۱۲۹/۳۔

[۳] جامع الدروس العربية: ۱۲۹/۳۔

[۴] جامع الدروس العربية: ۱۲۹/۳، النحو الوافی: ۳۱۸/۲۔

[۵] النحو الوافی: ۳۱۹/۲۔

قاعدہ: اگر "إِلَّا" تاکید کے لیے مکرر آئے تو زائدہ ہوگا اور یہ وہاں ہوتا ہے جب اس کے بعد "واوْ" عاطفہ ہو، یا یہ ما قبل سے بدل واقع ہو تو اس صورت میں اسے حذف کرنا جائز ہے، "واوْ" عاطفہ کی مثال، جیسے: "مَا جَاءَ إِلَّا زُهَيْرٌ وإِلَّا أُسَامَةُ." اور بدل کی مثال، جیسے: "مَا جَاءَ إِلَّا أَبُوْكَ إِلَّا خَالِدٌ."

قاعدہ: اگر "إِلَّا" استثنائیہ غیر تاکید کے لیے مکرر ہو اور اسے حذف کرنا جائز نہ ہو تو پھر اس کی تین صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ مستثنیٰ منہ کو حذف کیا جائے اور مستثنیٰ کو ما قبل فعل کا معمول بنایا جائے اور اس کے بعد مستثنیات کو منصوب پڑھا جائے، جیسے: "مَا جَاءَ إِلَّا سَعِيْدٌ إِلَّا خَالِداً إِلَّا إِبْرَاهِيْمَ." یہ اولیٰ ہے اور اگر مستثنیٰ اول کو مرفوع اور ما بعد کو منصوب پڑھا جائے تو یہ بھی جائز ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ کلام موجب میں مستثنیٰ منہ کو ذکر کیا جائے اور تمام مستثنیات کو علی سبیل الاستثناء منصوب پڑھا جائے، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا سَعِيْداً إِلَّا خَالِداً إِلَّا إِبْرَاهِيْمَ." تیسری صورت یہ ہے کہ کلام غیر موجب میں مستثنیٰ منہ مذکور ہو اور مستثنیات مقدم ہوں تو سب کو منصوب پڑھنا واجب ہے، جیسے: "مَا جَاءَ إِلَّا خَالِداً إِلَّا سَعِيْداً إِلَّا ابْرَاهِيْمَ أَحَدٌ." اور اگر مستثنیات مؤخر ہو تو ان میں سے ایک کو مستثنیٰ منہ سے بدل بنایا جائے اور باقی ہو بناء بر استثناء منصوب پڑھا جائے، لیکن پہلے کو بدل بنانا اور باقی کو منصوب علی الاستثناء پڑھنا اولیٰ ہے، جیسے: "مَا جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا خَالِداً إِلَّا إِبْرَاهِيْمَ." [1]

فائدہ: عام کتب نحو میں مستثنیٰ منقطع کی یہ مثال دی جاتی ہے: "جَاءَ الْقَوْم إِلَّا حِمَاراً"، لیکن یہ درست نہیں، کیونکہ پہلے ہم بیان کر چکے ہیں کہ مستثنیٰ منقطع میں مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کے درمیان ارتباط کا ہونا ضروری ہے اور یہاں کچھ ارتباط نہیں، ہاں اس طرح کہنا درست ہے: "جَاءَ الْقَوْم إِلَّا الْحِمَارُ، أَوْ إِلَّا حِمَاراً لَهُمْ أَوْ إِلَّا حِمَارُهُمْ" بشرطیکہ قوم کا گدھے کیساتھ آنا کا معمول ہو، لیکن "جَاءَ الْقَوْمُ إِلَّا حِمَاراً" تو بہر صورت جائز نہیں، اگرچہ قوم کا اپنے ساتھ گدھا لانا کا معمول ہو بھی، کیونکہ اس صورت میں نکرہ غیر مخصصہ کا استثناء معرفہ سے ہو رہا ہے اور یہ جائز نہیں۔ [2]

قاعدہ: "سِوَى" میں تین لغات ہیں: ۱) بکسر السین، ۲) بفتح السین، ۳) بفتح السین مع المد۔

فائدہ: "خَلَا، عَدَا، حَاشَا" تینوں فعل بھی ہیں اور حروف جارہ بھی استعمال ہوتے ہیں، لیکن "إِلَّا" استثنائیہ کے معنی کو متضمن ہیں، ان کے بعد نصب بھی جائز ہے اس بناء پر کہ یہ افعال ہیں اور ما بعد مفعول بہ اور جر بھی جائز ہے اس بناء پر کہ یہ حروف جارہ ہوں، جیسے: "جَاءَ الْقَوْمُ خَلَا عَلِيّاً، أَوْ عَلِيٍّ." ، البتہ "خَلَا" اور "عَدَا" کے بعد نصب کثیر اور جر قلیل ہے اور "حَاشَا" کے بعد جر کثیر اور نصب قلیل ہے اور اس کے بعد کو جر دیں گے تو وہ مجرور لفظاً ہوگا اور منصوب محلاً بنا بر استثناء ہوگا۔

---

[1] جامع الدروس العربیۃ: ۱۳۶/۳۔

[2] جامع الدروس العربیۃ: ۱۳۸/۳۔

قاعدہ: "خَلَا، عَدَا، حَاشَا" جب ان کو فعل بنایا جائے تو ان کا فاعل ضمیر مستتر ہوگی جو مستثنی منہ کی طرف راجع ہوگی، عند البعض لفظاً "بعض" کی طرف راجع ہوگی جو ما قبل اسم سے مفہوم ہوتا ہے اور تقدیری عبارت یوں ہوگی: "جَاءَ الْقَوْمُ خَلَا الْبَعْضُ عَلِيًّا" اور عند البعض اسم فاعل کی طرف راجع ہوگی جو ما قبل فعل سے مفہوم ہو رہا ہو، اس صورت میں تقدیر عبارت یوں گی: "جَاؤُوْا كِلَا الْجَائِيْ عَلِيًّا" اور عند البعض ما قبل فعل کے مصدر کی طرف راجع ہوگی اور تقدیر عبارت یوں ہوگی: "جَاؤُوْا خَلَا الْمَجِيْءُ عَلِيًّا"، لیکن پہلا قول راجح ہے۔ (۱)

قاعدہ: "لَيْسَ" اور "لَا يَكُوْنُ" افعال ناقصہ میں سے ہیں، لیکن کبھی "إِلَّا" استثنائیہ کے معنی کو متضمن ہوتے ہیں، ان کے بعد مستثنی پر نصب واجب ہے، کیونکہ وہ ان کی خبر بنتا ہے اور ان کا اسم ضمیر ہوتی ہے جو مستثنی منہ کی طرف ہوتی ہے اور ان کے ضمیر کے مرجع میں بھی وہی اختلاف ہے جو "خَلَا، عَدَا" کی ضمیر میں ہے۔ (۲)

فائدہ: "حَاشَا" کی تین قسمیں ہیں: ۱) استثنائیہ، ۲) فعل ماضی۔ ۳) کلمہ تنزیہ، اس صورت میں یہ اسم ہوتا ہے اور کلمہ تنزیہ کے مراف شمار ہوتا ہے اور یہ ترکیب میں مفعول مطلق واقع ہوتا ہے، جیسے: "حَاشَا لِلّٰهِ، أَيْ أُنَزِّهُ تَنْزِيْهًا لِلّٰهِ." اور عند البعض "حَاشَا" اسم فعل ہے۔ (۳)

فائدہ: صحیح قول کے مطابق ادات استثناء کو حذف کرنا جائز نہیں اور مستثنی کو تین شرائط کیساتھ حذف کرنا جائز ہے: ۱) معنی و مفہوم سے حذف معلوم ہو رہا ہو۔ ۲) ادات استثناء "إِلَّا" اور "غَيْرُ" ہو۔ ۳) اس کے ما قبل کلمہ "لَيْسَ" ہو، جیسے: "قَبَضْتُ عَشَرَةً لَيْسَ إِلَّا، أَوْ لَيْسَ غَيْرُ، أَيْ لَيْسَ الْمَقْبُوْضُ إِلَّا الْعَشَرَةَ، وَلَيْسَ الْمَقْبُوْضُ غَيْرَ الْعَشَرَةَ." (۴)

فائدہ: اداتِ استثناء میں ایک "لَمَّا" بمعنی "إِلَّا" ہے اور یہ کلام منفی اور مثبت دونوں میں استعمال ہوتا ہے، کلام منفی کی مثال، جیسے: "إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ." اور کلام مثبت کی مثال، جیسے: "نَشُدُّتُكَ اللهُ لَمَا فَعَلْتُ كَذَا، وَعَمَّرَكَ اللهُ لَمَا فَعَلْتُ كَذَا."، لیکن اس کا تعلق زیادہ تر سماع کیساتھ ہے۔ (۵)

تمرین:

درج ذیل مثالوں میں اقسام مستثنی کی تعیین کیجئے، نیز فارسی نحوی تطبیق و ترکیب کریں۔

سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ إِلَا إِبْلِيسَ. إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ إِلَّا آلَ لُوطٍ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ. وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ مِنْ قَرْيَتِكُمْ. فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِي إِلَّا رَبَّ الْعَالَمِينَ الَّذِي

---

(۱) جامع الدروس العربیہ: ۱۴۲/۳۔

(۲) جامع الدروس العربیۃ: ۱۴۵/۳، المنہاج الکامل: ۴۳۳۔

(۳) النحو الوافی: ۳۶۰/۲۔

(۴) النحو الوافی: ۳۶۱/۲۔

(۵) النحو الوافی: ۳۶۱/۲۔

خَلَقَنِي. إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْآنٌ مُبِينٌ. كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ. لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ. لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، لَارَجُلَ فِي الدَّارِإِلَّازَيْدٌ، فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا. إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا، وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَتَصْدِيَةً، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ، وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ، مَا قَبَّلْتُ يَدَ أَحَدٍ غَيْرَ وَالِدِيْ. لَا يَنالُ الْمَجْدَ غَيْرُ الْعَامِلِيْنَ. فَهِمْتُ الدَّرْسَ إِلَّا مَسْأَلَةً. لا تَعْتَمِدْ عَلَى غَيْرِ اللهِ. قَطَفْتُ الْأَزْهَارَ خَلاَ الْوَرْدَ. حَضَرَ الْأَصْدِقَاءُ إِلَّا عَلِيّاً. زُرْتُ مَسَاجِدَ الْمَدِيْنَةِ مَا خَلا وَاحداً. حَلَلْتُ مَسَائِلَ الْحِسَابِ إِلاَّ مَسْأَلَةً. مَا ارْتَقَى الْعُمْرانُ بِغَيْرِ الْعِلْمِ. دَخَلْتُ غُرَفَ الْبيتِ خَلاَ غرفةَ النَّوْمِ. قَرَأْتُ الكِتابَ إِلاَّ صَفْحَتَيْنِ.

چند حل شده تطبیقی مثالیں:

✍ ...سَجَدَ الْمَلَائِكَةُ إِلَّا إِبْلِيسَ:

"سَجَدَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "الْمَلَائِكَةُ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً مستثنیٰ منہ... "إِلَّا" استثنائیہ ناصبۃ مستثنیٰ متصل در کلام موجب ... "إِبْلِيسَ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ لفظاً... ویاکہ "إِلَّا" استثنائیہ ناصبۃ مستثنیٰ منقطع... "إِبْلِيسَ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ لفظاً۔[1]

✍... إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُجْرِمِينَ إِلَّا آلَ لُوطٍ:

"إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد... "نَا" ضمیر متکلم اسمش منصوب محلا... "أُرْسِلْنَا" جملہ خبرش مرفوع محلا... "أُرْسِلْنَا" صیغہ فعل ماضی مجہول... "نَا" ضمیر متکلم مفعول مالم یسم فاعلہ اوست مرفوع محلا... "إِلَى" جارہ... "قَوْمٍ" مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أُرْسِلْنَا" فعل است... "قَوْمٍ" موصوف... "مُجْرِمِينَ" صفت است مجرور بالیاء لفظاً... "مُجْرِمِينَ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا مستثنیٰ... "إِلَّا" استثنائیہ ناصبہ متصل در کلام موجب... "آلَ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ مضاف... "لُوطٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً... ویاکہ "إِلَّا" استثنائیہ ناصبہ مستثنیٰ منقطع... "آلَ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ مضاف... "لُوطٍ" مضاف الیہ اوست مجرور بالکسرہ لفظاً۔[2]

✍ ... "فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ":

"فَ" عاطفہ... "أَنْجَيْنَاهُ" جملہ معطوفہ... جملہ معطوفۃ علیہا محذوف کہ "حَلَّ عَلَيْهِمِ الْعَذَابُ" باشد... "أَنْجَيْنَاهُ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "نَا" ضمیر متکلم فاعلش مرفوع محلا... "ہ" ضمیر غائب مفعول بہ اوست منصوب محلا راجع بسوئے مذکور ما قبل... "واؤ" عاطفہ ... "أَهْلَهُ" معطوف... "ہ" ضمیر منصوب متصل معطوف علیہ باشد... ویاکہ "واؤ" بمعنیٰ "مع"... "أَهْلَ" مفعول معہ اوست منصوب بالفتحہ لفظاً مستثنیٰ منہ مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلا... "إِلَّا" استثنائیہ ناصب مستثنیٰ متصل در کلام

---

(۱) البحر المحیط:۱/۲۴۷، تفسیر النسفی:۱/۸۰.

(۲) اعراب القرآن درویش:۵/۲۴۸، اعراب القرآن صافی:۱۴/۲۵۵ .

موجب... "امْرَأَتَ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ لفظامضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ مجرور محلاراجع بسوئے مذکور ماقبل۔ (۱)

✍ ...وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ أَخْرِجُوهُمْ مِنْ قَرْيَتِكُمْ:

"و" کہ حالش ازما قبل معلوم خواہد شد... "مَا" نافیہ غیر عاملہ... "كَانَ" صیغہ ماضی معلوم فعل از افعال ناقصہ رافع الاسم ناصب الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "جَوَابَ" خبر مقدم اوست منصوب بالفتحہ لفظامضاف... "قَوْمِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظا... باز "قَوْمِ" مضاف... "ہ" ضمیر غائب مضاف الیہ اوست مجرور محلاراجع بسوئے مذکور ماقبل... "إِلَّا" ادات حصر... "قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ" جملہ بتاویل مصدر اسمش مؤخر اوست مرفوع محلا... "أَنْ" مصدریہ ناصبہ ناصبۃ المستقبل... "قَالُوا" صیغہ فعل ماضی معلوم... "واؤ" ضمیر غائب فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "أَخْرِجُوهُمْ" مقولہ قول است... "أَخْرِجُوا" صیغہ فعل امر حاضر معلوم... "واؤ" ضمیر مخاطب فاعلش مرفوع محلا... "هُمْ" ضمیر غائبین مفعول بہ اوست منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "مِنْ" جارہ... "قَرْيَتِ" مجرور بالکسرہ لفظا ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "أَخْرِجُوهُمْ" فعل است... "قَرْيَتِ" مضاف... "كُمْ" ضمیر مخاطبین مضاف اوست مجرور محلا۔ (۲)

✍ ...فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِي إِلَّا رَبَّ الْعَالَمِينَ الَّذِي خَلَقَنِي:

"فَ" تعلیلیہ... "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "هُمْ" ضمیر غائبین اسمش منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "عَدُوٌّ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظا موصوف... "لِي" ظرف مستقر صفت اوست مرفوع محلا... "ل" جارہ... "ي" ضمیر متکلم مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتٌ" شبہ فعل مقدر است... باز "ثَابِتٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف... "إِلَّا" استثنائیہ ناصب مستثنیٰ منقطع... "رَبَّ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ لفظاً موصوف ویا کہ مبدل منہ، ویا کہ مبین مضاف... "الْعَالَمِينَ" مضاف الیہ اوست مجرور بالیاء لفظاً... "الَّذِي" صفت ویا کہ بدل ویا کہ عطف بیان اوست منصوب محلا... ویا کہ "الَّذِي" خبرش مرفوع محلابرائے مبتداء محذوف کہ "هو" باشد... "هو" ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلاراجع بسوئے "رَبَّ"... "الَّذِي" اسم موصول بمع صلہ صفت خویش خبرش مرفوع محلا... باز "الَّذِي" اسم موصول... "خَلَقَنِي" جملہ صلہ یاصفت اوست... "خَلَقَ" صیغہ فعل ماضی معلوم... "ن" وقایہ... "ي" ضمیر متکلم مفعول بہ اوست منصوب محلا۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی: "لَكِنْ رَبُّ الْعَالِمِيْنَ لَيْسَ بِعَدُوٍّ لِّيْ"... ویا کہ "ف" تعلیلیہ... "إِنَّ" حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم وخبر خویش می طلبد... "هُمْ" ضمیر غائبین اسمش منصوب محلاراجع بسوئے مذکورین ماقبل... "عَدُوٌّ" خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً موصوف مستثنیٰ منہ ... "لِي" ظرف مستقر صفت اوست مرفوع محلا... "ل" جارہ... "ي" ضمیر متکلم مجرور ومنصوب محلامفعول بہ غیر صریح... جار مجرور متعلق بہ "ثَابِتٌ" شبہ فعل مقدر است... باز "ثَابِتٌ" صیغہ اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف... "إِلَّا" استثنائیہ ناصب مستثنیٰ متصل (لأَنَّهُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ اللهَ تَعَالَى وَالْأَصْنَامَ) در کلام موجب... "رَبَّ" مستثنیٰ است منصوب بالفتحہ لفظاً الخ... (۳)

✍ ...إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُبِينٌ:

---

(۱) اعراب القرآن درویش: ۳۹۸/۳.

(۲) اعراب القرآن درویش: ۳۹۷/۳، اعراب القرآن صافی: ۴۶۶/۸.

(۳) الدر المصون: ۵۳۰/۸، اعراب القرآن درویش: ۸۷/۷، اعراب القرآن صافی: ۸۶/۱۹.

"إِنْ"نافیہ... "هُوَ"ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلاراجع بسوئے مذکور ماقبل... "إِلَّا"ادات حصر... "ذِكْرٌ"خبرش مرفوع بالضمہ لفظاً... "واو"عاطفہ... "قُرْآنٌ"معطوف... "ذِكْرٌ"معطوف علیہ...باز "قُرْآنٌ"موصوف... "مُبِينٌ"صفت مرفوع بالضمہ لفظاً... باز "مُبِينٌ"اسم فاعل تکیہ کردہ بر موصوف خود یعمل عمل فعلہ... ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاراجع بسوئے موصوف۔[1]

[1] اعراب القرآن درویش:۲۲۸/۸،اعراب القرآن صافی:۳۰/۲۳.

ضمیمہ

ضمیمہ درج ذیل تین فصلوں پر مشتمل ہے:

۞... فصل اول: مطالعہ کی اہمیت ۞... فصل دوم: حلِ عبارت کا طریقہ ۞... فصل سوم: حل عبارت کا عملی طریقہ

فصل اول: مطالعہ کی اہمیت

ایک طالب علم کے لیے مطالعہ اتنا ضروری ہے جتنا زندگی کی بقاء کے لیے آب و ہوا کی ضرورت ہے، مطالعہ استعداد کی کنجی اور صلاحیتوں کو بیدار کرنے کا بہترین آلہ ہے، یہ مطالعہ ہی کا کرشمہ ہے کہ انسان ہر لمحہ اپنی معلومات میں وسعت پیدا کرتا ہے، عربی کا مشہور مقولہ ہے: ''خَيْرُ جَلِيْسٍ فِي الزَّمَانِ كِتَابُ''، زمانے میں بہترین ہم نشیں کتاب ہے، کتب بینی سے جہاں معلومات میں اضافہ ہوتا ہے وہیں اس سے ذوق میں بالیدگی، طبیعت میں نشاط اور ذہن و دماغ میں تر و تازگی بھی پیدا ہوتی ہے، حصول علم اور مطالعہ کے بغیر کسی میدان میں حقیقی کامیابی ممکن ہی نہیں، سلف صالحین کی مقبولیت اور رسوخ فی العلم کا راز کثرت مطالعہ ہے، اس حوالے سے اسلاف امت کے چند واقعات ذکر کیے جاتے ہیں:

تابعی جلیل حضرت حسن بصریؒ اپنے مطالعہ کے بارے میں خود فرماتے ہیں کہ: ''لَقَدْ غَبَرَتْ لِي أَرْبَعُونَ عَامًا مَا قُمْتُ وَلَا نِمْتُ إِلَّا وَالْكِتَابُ عَلَى صَدْرِي.''[1] ''مجھ پر چالیس سال اس حال میں گذرے کہ سوتے جاگتے کتاب میرے سینے پر رہتی تھی۔

مشہور محدث امام ابن شہاب زہریؒ اس قدر کثرت مطالعہ کرتے تھے کہ ہر وقت ان کے ارد گرد کتابوں کا انبار لگا رہتا اور مطالعہ میں اس قدر مگن رہتے کہ انہیں آس پاس کی کوئی خبر نہ رہتی، ان کی زوجہ محترمہ ایک دن کہنے لگیں کہ: ''وَاللهِ! هَذِهِ الْكُتُبُ أَشَدُّ عليَّ مِنْ ثَلاَثِ ضَرَائِرٍ!'' اللہ کی قسم! یہ کتابیں مجھ پر تین سوکنوں سے بھی زیادہ بھاری ہیں![2]

حضرت ابو حازمؒ ذوق مطالعہ کے حوالے سے امام محمدؒ کے نواسے نقل کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والدہ ماجدہ سے پوچھا کہ گھر میں ناناجان امام محمدؒ کے معمولات کیا تھے، میری والدہ نے کہا: میرے لختِ جگر! اللہ کی قسم! امام محمدؒ اس گھر میں ہوتے اور ان کے گرد و پیش کتانوں کا ڈھیر ہوا کرتا تھا اور ہر وقت مطالعہ میں مصروف ہوتے تھے اور اگر بوقت ضرورت کوئی بات کرنا چاہتے تو وہ بھی صرف اَبروؤں اور انگلی کے اشارے سے کرلیا کرتے تھے۔[3]

قاضی حرمین اور مشہور مؤرخ زبیر بن بکارؒ کس قدرے زیادہ مطالعہ فرماتے تھے! اس کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ ایک مرتبہ آپ کی بھانجی نے آپ کی رفیقہ حیات سے کہا کہ ماموں جان اپنے گھر والوں کیساتھ سب سے زیادہ بہتر ہیں، نہ ہی آپ پر کوئی سوکن لائے اور نہ ہی کسی باندی کی چاہت رکھتے ہیں، اس پر آپ کی رفیقہ حیات نے کہا: ''وَاللهِ! هَذِهِ الْكُتُبُ

---

[1] جامع بیان العلم وفضلہ: ۲/۱۲۲۷۔
[2] وفیات الاعیان: ۴/۱۷۸۔
[3] بلوغ الامانی فی سیرۃ الامام محمد بن الحسن الشیبانی: ۷۔

أَشَدُّ عليَّ مِنْ ثَلاَثِ ضرَائِرٍ!"اللہ کی قسم!یہ کتابیں مجھ پر تین سوکنوں سے زیادہ بھاری ہیں! [۱]

چھٹی صدی ہجری کے مشہور حنبلی عالم ابن عقیل کے ذوق مطالعہ کاعالم یہ تھا کہ آپ مطالعہ کے لیے اپنا وقت بچانے کی غرض سے روٹی کے بجائے اس کا چورہ پانی میں بھگو کر کھالیتے تا کہ توڑ توڑ کر روٹی چبانے میں جو وقت صرف ہوتا ہے اسے مطالعہ کے لیے بچایا جاسکے۔[۲]

مشہور محدث عبد الرحمن ابن الجوزیؒ تحدیث بالنعمت کے طور پر اپنا ذوق مطالعہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ:"میری طبیعت کتابوں کے مطالعہ سے کسی طرح سیر نہیں ہوتی،جب کسی کتاب پر نظر پڑ جاتی تو ایسا لگتا کہ کوئی خزانہ ہاتھ لگ گیا ہے اگر میں اپنے مطالعے کے بارے میں صحیح بات کہوں کہ میں نے زمانہ طالب علمی میں بیس ہزار کتابوں کا مطالعہ کیا ہے تو شاید میرا مطالعہ زیادہ ہوگا مجھے ان کتابوں کے مطالعہ سے اسلاف کے حالات واخلاق،ان کا قوتِ حافظہ،ذوق عبادت اور علوم نادرہ کا ایسا علم حاصل ہو جو ان کتابوں کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتا تھا۔"[۳]

چھٹی صدی ہجری کے نابغہ روز گار عالم علامہ جاراللہ زمخشریؒ کتب بینی اور ذوق مطالعہ میں اس قدر منہمک ہوتے کہ دنیا مافیہا کی خبر نہ ہوتی اور اکثر امام شافعیؒ کے یہ اشعار پڑھتے تھے:[۴]

سَهَرِي لِتَنْقِيحِ العُلُومِ أَلَذُّ لِيْ ... مِنْ وَصْلِ غَانِيَةٍ وَطِيْبِ عِنَاقِ
وَ صَرِيْرُ أَقْلاَمِيْ عَلَى صَفَحَاتِهَا ... أَحْلَى مِنَ الدَّوْكَاءِ وَ الْعُشَّاقِ
وَ أَلَذُّ مِنْ نَقْرِ الفَتَاةِ لِدَفِّهَا ... نَقْرِيْ لِأُلْقِيَ الرَّمَلَ عَنْ أَوْرَاقِيْ
وَ تَمَايُلِيْ طَرَباً لِحَلِّ عَوِيْصَةٍ ... فِي الدَّرْسِ أَشْهَى مِنْ مُدَامَةِ سَاقِ
وَ أَبِيْتُ سَهْرَانَ الدُّجى وَ تَبِيْتُهُ ... نَوْماً وَ تَبْغِي بَعْدَ ذَاكَ لِحَاقِيْ

ترجمہ: علم ومطالعہ کے لیے میرا راتوں کو جاگنا خوبصورت دوشیزہ کے وصل وملاقات سے مجھے زیادہ لذیذ ہے اور کاغذ کے اوراق پر میرے قلم چلنے کی آوز مجھے عشق ومحبت سے زیادہ پسندیدہ ہے اور نوخیز لڑکی کے دف بجانے کی کھٹک سے مجھے اپنی کتابوں کے اوراق سے غبار جھاڑنے کی آواز زیادہ خوبصورت لگتی ہے اور کسی مشکل مسئلہ کے حل ہوتے وقت میرا جھومنا مجھے ساقی کے جام وشراب سے زیادہ محبوب ہے اور میں گھٹاٹوپ تاریکیوں والی راتوں میں جاگتا رہوں اور تو آرام سے سوتا رہے! کیا اس

---

[۱] وفیات الاعیان:۳۱۲/۲،تاریخ بغداد:۴۸۶/۹،سیر اعلام النبلاء:۳۱۳/۱۲۔
[۲] ذیل طبقات الحنابلہ:۳۲۵/۱۔
[۳] صید الخاطر:۴۵۴۔
[۴] مقدمۃ الفائق:۶،۸،۹۔

کے باوجود بھی علمی مرتبہ میں مجھ تک پہنچنے کی خواہش رکھتا ہے؟!

یہ چند سبق آموز واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایک طالب علم کے دل ودماغ میں مطالعہ اور کتب بینی کا شوق وذوق پیدا ہو سکتا ہے، کیونکہ سلف صالحین کی زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہے جس پر چل کر ایک طالب علم کامیابی و کامرانی کے اعلی منازل طے کر سکتا ہے اور وہ مستقبل میں صرف اپنی نہیں بلکہ امت مسلمہ کی تقدیر بدل سکتا ہے، لیکن اس کے لیے پہلی شرط اور اولیین ترجیح ذوق مطالعہ ہے۔

مشہور مفسر علامہ سید محمود آلوسیؒ ہمہ وقت مطالعہ میں مگن رہتے، تیرہ سال کی عمر میں درس و تدریس کا آغاز کیا اور ساری زندگی کتاب وسنت کی تبلیغ اور تصنیف وتالیف میں صرف کی اور قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر "روح المعانی" تصنیف فرمائی جس میں انہوں معقول ومنقول دونوں کو مد نظر رکھا اور اسلامی فنون کی تطبیق و تدریب میں کوئی کسر نہیں چھوڑا، ہر وقت مطالعہ میں منہمک رہے تھے اور اکثر علامہ زمخشری کا یہ شعر پڑھا کرتے تھے[1]:

سَـــهَرِي لِتَنْقِــيحِ العُلُــومِ أَلَذُّ لِيْ مِــنْ وَصْــلِ غَانِيَــةٍ وَطيــبِ عِنَــاقِ

ترجمہ: علم ومطالعہ کے لیے میر اراتوں کو جاگنا خوبصورت دوشیزہ کے وصل وملاقات سے مجھے زیادہ لذیذ ہے!

آخر میں مطالعہ کی اہمیت وافادیت پر ایک شاعر کے یہ اشعار نذرِ قارئین کرتے ہیں:

انسان کو بناتا ہے اکمل مطالعہ — ہے چشم دل کے واسطے کاجل مطالعہ
دنیا کے ہر ہنر سے ہے افضل مطالعہ — کرتا ہے آدمی کو مکمل مطالعہ
یہ تجربہ ہے خوب سمجھتے ہیں وہ سبق — جو دیکھتے ہیں غور سے اول مطالعہ
کھلتے ہیں راز علم کے ان کے قلوب پر — جو کرتے ہیں دل سے مسلسل مطالعہ
اسعد مطالعہ میں گذاروں تمام عمر — ہے علم و فضل کے لیے مشعل مطالعہ

---

[1] التاج المكلل من جواهر مآثر الطراز الآخر والأول:٥٠٨.

فصل دوم: حلِ عبارت کا طریقہ

مطالعہ اور حل عبارت کے لیے ضروری ہے کہ طلبہ کو صرف و نحو کے بنیادی اور اہم قواعد وضوابط مستحضر ہوں، تاکہ انہیں اعراب و بناء اور صرفی تعلیلات کے متعلق علم ہو اور دوران مطالعہ انہیں الفاظ کے صحیح ضبط اور تلفظ میں مشکل پیش نہ آئے ،اس لیے طلباء کرام کو چاہئے کہ وہ صرف و نحو کی ابتدائی کتابیں خوب توجہ اور محنت سے پڑھیں اور قواعد وضوابط کو یاد کرنے کی خوب مشق کریں۔

ذیل میں مطالعہ کا ایک مخصوص منہج اور طریقہ بیان کیا جاتا ہے، جس کو پانچ مراحل میں تقسیم کیا جاتا ہے، جن کو ہم "المخمسات لأُصول المطالعة" کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور وہ مراحل خمسہ یہ ہیں:

۱۔ اِجراء النحوفی العبارۃ ۲۔ وزن العبارۃ ۳۔ ترکیب العبارۃ ۴۔ ترجمۃ العبارۃ ۵۔ مفہوم العبارۃ۔

پہلا مرحلہ: اجراء النحوفی العبارۃ (عبارت میں نحوی قواعد وضوابط کی اجراء و تطبیق):

جس عبارت کا مطالعہ کرنا ہو سب سے پہلے اس پر ایک اجمالی اور سرسری نگاہ ڈالیں اور مطلوبہ عبارت کا تحلیل و تجزیہ کریں کہ اس میں کتنے جملے ہیں؟ کونسے جملے خبریہ ہیں اور کونسے جملے انشائیہ ہیں؟ اس تعیین و تحدید کے بعد ہر ایک جملے کا الگ الگ تجزیہ کریں، اگر جملہ خبریہ ہے تو جملہ خبریہ کی دو قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ جملہ اسمیہ ہے یا جملہ فعلیہ ہے؟ اس کے بعد ہر لفظ کا الگ الگ جائزہ لیں کہ یہ لفظ موضوع ہے یا مہمل؟ اگر موضوع ہے تو پھر دیکھیں کہ اسم ہے؟ فعل ہے؟ حرف ہے؟ اگر اسم ہے تو یہ بتائیں کہ معرب ہے یا مبنی؟ اگر معرب ہے، پھر یہ معلوم کریں کہ معرب کی کونسی قسم ہے؟ اگر مبنی ہے تو پھر یہ دیکھیں کہ مبنی کی آٹھ قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ اسم ضمیر ہے؟ اسم اشارہ ہے؟ اسم موصول ہے؟ اسم فعل ہے؟ اسم ظرف ہے؟ اسم صوت ہے؟ مرکب بنائی ہے؟ پھر دیکھیں کہ معرفہ ہے یا نکرہ؟ اگر معرفہ ہے تو معرفہ کی سات قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ اسم ضمیر ہے؟ اسم اشارہ ہے؟ اسم موصول ہے؟ علم ہے؟ معرف باللام ہے؟ معرفہ بالنداء ہے، مضاف الی المعرفہ ہے؟

پھر یہ معلوم کریں کہ مذکر ہے یا مؤنث؟ اگر مؤنث ہے تو یہ بتائیں کہ مؤنث سماعی ہے یا مؤنث قیاسی؟ مؤنث حقیقی ہے یا لفظی؟ پھر یہ دیکھیں کہ واحد ہے؟ تثنیہ ہے؟ جمع ہے؟ اگر جمع ہے تو پھر دیکھیں کہ جمع مکسر ہے یا جمع سالم، اگر جمع سالم ہے تو جمع مذکر سالم ہے یا جمع مؤنث سالم؟ پھر یہ معلوم کریں کہ جمع قلت ہے یا جمع کثرت؟ پھر یہ بتائیں کہ اسم متمکن کی سولہ قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ اور اس کا اعراب کیا ہے؟ اعراب بالحرکت ہے یا اعراب بالحرف؟ نیز یہ بھی معلوم کریں کہ اعراب لفظی ہے یا تقدیری؟ اور یہ بھی بتائیں کہ اعراب حقیقی ہے یا حکمی؟ نیز یہ بھی معلوم کریں کہ عوامل اعراب کی اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟ عامل لفظی ہے یا عامل معنوی؟ اگر عامل لفظی ہے تو اسمائے عاملہ کی گیارہ قسموں (اسمائے شرطیہ، اسمائے

افعال بمعنی فعل ماضی،اسمائے افعال بمعنی امر حاضر،اسم فاعل،اسم مفعول،صفت مشبہ،مصدر،اسم مضاف،اسم تام،اسم کنایہ)میں سے کونسی قسم ہے؟اگر عامل معنوی ہے تو لامحالہ ابتداء یعنی اسم کا عامل لفظی سے خالی ہونا ہوگا۔

اگر فعل ہے تو پھر یہ بتائیں کہ ماضی ہے یا مضارع؟امر ہے یا نہی؟پھر یہ معلوم کریں کہ معرب ہے یا مبنی؟معلوم ہے یا مجہول؟اگر معلوم ہے تو لازمی ہے یا متعدی؟اگر متعدی ہے تو اس کی چار قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟پھر یہ دیکھیں کہ ثلاثی مجرد ہے یا ثلاثی مزید؟رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید؟نیز یہ بھی بتائیں کہ ہفت اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟افعال مدح وذم ،افعال ناقصہ،افعال مقاربہ اور تعجب کیا ہے؟نیز یہ بھی بتائیں کہ تعلیل ہوئی ہے یا نہیں؟

اگر حرف ہے تو یہ دیکھیں کہ حروف عاملہ میں سے ہے یا حروف غیر عاملہ میں سے؟اگر حروف عاملہ میں سے ہے تو پھر دیکھیں کہ کیا عمل کرتا ہے اور کونسی قسم ہے؟حروف دراسم میں سے ہے یا حروف عاملہ در فعل میں سے ہے؟اگر حروف عاملہ دراسم میں سے ہے تو ان کی سات قسموں (حروف جارہ،حروف مشبہ بالفعل،ماولامشابہ بہ لیس،لائے نفی جنس،حروف نداء ،واؤ بمعنی مع،الا استثنائیہ)میں سے کونسی قسم ہے؟اگر حروف عاملہ در فعل مضارع میں سے ہے؟تو یہ بتائیں کہ حروف نواصب میں سے ہے یا حروف جوازم میں سے ہے؟اوراگر حروف غیر عاملہ میں سے ہے تو یہ معلوم کریں کہ حروف غیر عاملہ کے سولہ قسموں (حروف تنبیہ،حروف ایجاب،حروف تفسیر،حروف مصدریہ،حروف تحضیض،حروف توقع،حروف استفہام، حروف ردع، تنوین،لام تاکید،لام مفتوحہ،حروف زیادت،حروف شرط،لولا انتفائیہ،ما بمعنی مادام،حروف عطف)میں سے کونسی قسم ہے؟

دوسرا مرحلہ:وزن العبارۃ(عبارت کا وزن صرفی):

اجراء اور تطبیق کے بعد دوسرا مرحلہ عبارت کے وزن صرفی کا ہے،اس کے متعدد فوائد ہیں،تاہم ان سب سے اہم فائدہ یہ ہے کہ وزن نکالنے کے بعد ہر لفظ کا مادہ اصلی اور مشتق منہ معلوم ہوجاتا ہے اور ہر ایک صیغہ واضح طور پر معلوم ہوجاتا ہے،حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کی پہچان ہوجاتی ہے؟نیز صرفی تعلیلات کے متعلق پتہ چل جاتا ہے کہ یہ صیغہ معلل ہے یا غیر معلل؟اگر معلل ہے تو اس میں کونسے قوانین جاری ہوئے ہیں؟اب عبارت کو وزن کرنے کا قاعدہ بیان کیا جاتا ہے تاکہ کسی بھی لفظ کا صحیح وزن نکالنے میں ہماری مدد کرسکے۔ملاحظہ ہوں[1]۔

صرفی حضرات نے حروف اصلی اور حروف زائدہ کے پہچاننے کیلئے فاء،عین،لام کو میزان مقرر کیا ہے،جس کلمہ کا وزن کیا جائے اُسے موزون کہتے ہیں،وزن کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ موزون کی جو شکل ہوگی وہی شکل میزان کی بھی ہوگی، موزون کے جو حرکات وسکنات ہوں گے تو میزان کے بھی وہی حرکات وسکنات ہوں گے،موزون کے جو حروف میزان (فاء، عین،لام)کے جن حروف کے مقابلے میں ہوں گے وہ حروفِ اصلیہ ہوں گے،اور جو حروف میزان کے حروف کے مقابلے میں

(۱) میزان صرفی کی مزید تفصیل ہماری کتاب:قواعد الصرف میں ملاحظہ ہوں۔

نہ ہوں تو وہ زائد کہلائیں گے، اگر موزون چھوٹا ہو گا تو میزان بھی چھوٹا ہو گا جیسے: ”ضَرَبَ“ بروزن ”فَعَلَ“، اگر موزون متوسط ہو تو میزان بھی متوسط ہو گا جیسے: ”أَكْرَمَ“ بروزن ”أَفْعَلَ“، اور اگر موزون بڑا ہو تو میزان بھی بڑا ہو گا جیسے: ”تَدَحْرَجَ“ بروزن ”تَفَعْلَلَ“ وزن کرنے کے لئے قانون یہ ہے:

موزون میں کوئی حرف محذوف ہو گا یا نہیں؟، اگر محذوف ہو تو وزن میں بھی محذوف ہو گا جیسے: ” يَعِدُ “بروزن” يَعِلُ، قُلْ “بروزن ”فُلْ“ اور ”دَاعٍ“ بروزن ”فَاعٍ“ اور اگر محذوف نہ ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں فقط حروفِ اصلیہ ہوں گے یا کوئی حرف زائد ہو گا، اگر فقط حروف اصلیہ ہو تو وزن میں بھی فقط حروف اصلیہ ہوں گے جیسے: ”ضَرَبَ“ بروزن ”فَعَلَ“ اور ”دَحْرَجَ “بروزن ”فَعْلَلَ“ وغیرہ، اور اگر کوئی حرف زائد ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، حرف زائد بدل ہو گا یا غیر بدل، اگر غیر بدل ہو تو وزن میں وہی آئے گا جو موزون میں زائد ہو جیسے: ”يَضْرِبُ“ بروزن ”يَفْعِلُ“، ”عَالِمٌ“ بروزن ”فَاعِلٌ“ اور ”مُكْرِمٌ“ بروزن ”مُفْعِلٌ“ وغیرہ، اور اگر حرف زائد بدل ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں زائد زائد سے بدل ہو گا، یا زائد صحیح سے بدل ہو گا، اگر زائد زائد سے بدل ہو تو پھر بھی وزن میں وہی حرف آئے گا جو موزون میں زائد ہو جیسے: ”اِضْطَرَبَ“ بروزن ”اِفْطَعَلَ“، ”اِذْدَكَرَ“ بروزن ” اِفْدَعَلَ“، ”هٰذَا عِنْدَ الرَّضِيْ“، اور عند الجمهور جو حرف زائد تائے افتعال سے بدل ہو تو اسکا وزن تاء کیساتھ آئے گا جیسے: ”اِضْطَرَبَ“، ” اِذْدَكَرَ“ بروزن ”اِفْتَعَلَ“، اور اگر زائد صحیح سے بدل ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں مدغم ہو گا یا غیر مدغم، اگر غیر مدغم ہو تو اس کے وزن میں ” شیخ عبد القاہر جرجانیؒ“ اور جمہور کا اختلاف ہے، ”شیخ عبد القاہر جرجانیؒ“ کے نزدیک تعبیر بلفظہ ہوگی جیسے: ”قَالَ“ بروزن ”فَالَ“، ”دَعَا “بروزن ”فَعَا“ وغیرہ۔ اور جمہور کے نزدیک حرف اصلی کیساتھ تعبیر ہوگی۔ اور اگر مدغم ہو تو پھر دیکھاجائے گا: ۱۔ اصلی زائد میں مدغم ہو گا، ۲۔ یا زائد اصلی میں مدغم ہو گا، ۳۔ یا زائد زائد میں مدغم ہو گا، ۴۔ یا اصلی اصلی میں مدغم ہو گا۔

اگر حرفِ اصلی زائد میں مدغم ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، ایک کلمہ ہو گا یا دو کلمے ہوں گے اگر ایک کلمہ ہو تو (وزن میں تعبیر بلفظہ نہ ہوگی، بلکہ مابعد کے ساتھ ہوگی) پھر دیکھاجائے گا حرفِ زائد کا ادغام فاء کلمہ میں ہو گا یا عین کلمہ میں ہو گا یا لام کلمہ میں ہو گا، اگر ادغام فاء کلمہ میں ہو تو تعبیر فاء کلمہ کے ساتھ ہوگی جیسے: ”اِثَّبَتَ“”اِثَّابَتَ“ بروزن ”اِفَّعَلَ“”اِفَّاعَلَ“ وغیرہ، اگر ادغام عین کلمہ میں ہو تو تعبیر عین کلمہ کے ساتھ ہوگی جیسے: ”كَرَّمَ“ بروزن ”فَعَّلَ“ اور ”تَصَرَّفَ“ بروزن ”تَفَعَّلَ“، اور اگر ادغام لام کلمہ میں ہو تو تعبیر لام کلمہ کے ساتھ ہوگی جیسے: ”مُحْمَرٌّ“ بروزن ”مُفْعُلٌّ“ اگر ادغام دو کلموں میں ہو تو تعبیر بلفظہ ہوگی جیسے لفظ: ”اَللهُ“ بروزن ”اَلْعَالُ“ اور ”اَلرَّحْمٰنُ“ بروزن ”اَلْفَعْلَانُ “وغیرہ، اور اگر زائد اصلی میں مدغم ہو تو پھر دو حال سے خالی نہیں، ایک کلمہ ہو گا یا دو کلمے ہوں گے، اگر ایک کلمہ ہو تو تعبیر بلفظہ نہ ہوں گی، بلکہ مابعد کیساتھ ہوگی، جیسے: ”مَدْعُوٌّ“، ”مَرْمِيٌّ“ بروزن ”مَفْعُلٌّ“ اور بروزن ”مَفْعِلٌّ“ اور دو کلمے ہوں تو تعبیر بلفظہ بدون الادغام ہوگی، جیسے: ”اِذْهَبْ بِزَيْدٍ“ بروزن ”اِفْعَلْ بِزَيْدٍ“ وغیرہ، اور اگر زائد زائد میں مدغم ہو تو تعبیر بلفظہ مع الادغام ہوگی جیسے: ”اِجْلَوَّذَ“ بروزن ”اِفْعَوَّلَ“ اور

"مُسْلِمِیَّ" بروزن "مُفْعِلِیَّ" وغیرہ اور اگر اصلی اصلی میں مدغم ہو تو تعبیر بحرف اصلی بدون الادغام ہوگی جیسے: "مَدَّ" بروزن "فَعَلَ" اور "حَبَّ" بروزن "فَعُلَ".

اور اگر کسی کلمہ میں قلبِ مکانی (ایک حرف کو دوسرے حرف کی جگہ پر رکھ دیا ہو) ہوئی ہو تو وزن میں بھی قلب مکانی کرنا واجب ہے، قلب مکانی کی مثال، جیسے: "أَيِسَ" بروزن "عَفَلَ" اور "أَشْيَاءُ" بروزن "لَفْعَاءُ"۔ پہلی مثال میں عین کلمہ کو فاء کلمہ کی جگہ رکھ دیا اور دوسری مثال میں لام کلمہ کو فاء کلمہ کی جگہ پر رکھ دیا اور یہ اصل میں "يَئِسَ" اور "أَشْيَاءُ" بروزن "فَعِلَ" اور "فَعْلَاءَ" تھے۔ [1]

تیسرا مرحلہ: ترکیب العبارۃ (عبارت کی ترکیب):

اگر لفظ معرب ہے تو یہ بتائیں کہ مرفوع ہے یا منصوب یا مجرور؟ اگر مرفوع ہے تو مرفوعات کی آٹھ قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ فاعل ہے؟ مفعول مالم یسم فاعلہ ہے؟ مبتداء ہے؟ خبر ہے؟ حروف مشبہ بالفعل کی خبر ہے؟ ماولا مشابہ بہ لیس کا اسم ہے؟ افعال ناقصہ کا اسم ہے؟ لائے نفی جنس کی خبر ہے؟ اگر منصوب ہے تو منصوبات کی بارہ قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ مفعول بہ ہے؟ مفعول مطلق ہے؟ مفعول لہ ہے؟ مفعول معہ ہے؟ مفعول فیہ ہے؟ حال ہے؟ تمیز ہے؟ حروف مشبہ بالفعل کا اسم ہے؟ ماولا مشابہ بہ لیس کی خبر ہے؟ لائے نفی جنس کا اسم ہے؟ افعال ناقصہ کی خبر ہے؟ مستثنیٰ ہے؟ اور اگر مجرور ہے تو مجرورات کی دو قسموں میں سے کونسی قسم ہے؟ مضاف الیہ ہے؟ مجرور بحرف جر ہے؟

نیز یہ بھی معلوم کریں کہ اس کا ماقبل اور مابعد کیساتھ کیا تعلق ہے؟ فعل ہے؟ فاعل ہے؟ مبتداء ہے؟ خبر ہے؟ مضاف ہے؟ مضاف الیہ ہے؟ تابع ہے؟ متبوع ہے؟ موصوف ہے؟ صفت ہے؟ مؤکد ہے؟ تاکید ہے؟ مبدل منہ ہے؟ بدل ہے؟ مبین ہے؟ عطف بیان ہے؟ حال ہے؟ ذوالحال ہے؟ ممیز ہے؟ تمیز ہے؟ عامل ہے؟ معمول ہے؟ معطوف ہے؟ معطوف علیہ ہے؟

چوتھا مرحلہ ترجمۃ العبارۃ: (عبارت کا ترجمہ):

عبارت کی ترکیب کرنے کے بعد چوتھا مرحلہ عبارت کے صحیح ترجمہ کا ہے اور عبارت کا صحیح ترجمہ تب کیا جاسکتا ہے کہ جب طالب علم مذکورہ تین مراحل کامیابی کیساتھ طے کرلے، ایک طالب علم کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ دورانِ مطالعہ لغت کی کسی معتبر و معتمد کتاب (المنجد، مصباح اللغات، المعجم الوسیط وغیرہ) اپنے پاس رکھے، کیونکہ دورانِ مطالعہ بعض

---

[1] شرح الشافیۃ للرضی: ۲۱/۱، جاربردی: ۱۵۸/۱، شرح الشافیۃ لابن جماعۃ: ۱۵۸/۱، شرح الشافیۃ للانصاری: ۱۵۸/۱، دروس التصریف: ۳۲.

مشکل الفاظ سامنے آتے ہیں، بعض جگہ کوئی لفظ مشترک بھی آجاتا ہے اور بعض مقامات میں صلہ بدلنے کی وجہ سے معنی بھی بدل جاتا ہے۔ اب ذیل میں لغات دیکھنے کا مختصر طریقہ بیان کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہوں۔

جب کسی لفظ کا معنی معلوم کرنا ہو تو سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ مطلوبہ لفظ اسم ہے؟ فعل ہے؟ حرف ہے؟ اگر حرف ہے تو اس کا مادہ اصلی نکالنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اسی مادہ میں اس کا ترجمہ دیکھ لیں۔ اگر مطلوبہ لفظ فعل ہے تو سب سے پہلے اس کا مادہ اصلی نکالیں، پھر مادہ اصلی کا ترجمہ دیکھیں اور پھر مطلوبہ لفظ کے مطابق ترجمہ کریں، یعنی اگر ماضی کا صیغہ ہے تو ماضی کا ترجمہ کریں، اگر مضارع کا صیغہ ہے تو مضارع کا ترجمہ کریں، اگر امر ہے تو امر کا ترجمہ کریں، اگر نہی ہے تو نہی کا ترجمہ کریں۔

اسی طرح اگر معلوم کا صیغہ ہے تو معلوم کا ترجمہ کریں اور اگر مجہول کا صیغہ ہے تو مجہول کا ترجمہ کریں، اگر لازمی ہے تو لازمی کا ترجمہ کریں اور اگر متعدی ہے تو متعدی کا ترجمہ کریں۔ نیز صلہ کو بھی دیکھیں، کیونکہ صلہ کے بدلنے سے معنی بھی بدل جاتا ہے، جیسے ''رَغِبَ رَغَباً وَّرَغْبَةً ''کا صلہ جب ''فِیْهِ'' آئے تو اس کا معنی ہوتا ہے۔ چاہنا، خواہش کرنا۔ اور جب اس کا صلہ ''عَنْ'' آئے تو پھر اس کا معنی ہوتا ہے۔ اعراض کرنا۔ اور اسی طرح ''اشْتَغَلَ'' کا صلہ جب ''ب'' ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے۔ مشغول کرنا اور جب اس کا صلہ ''عَنْ''ہو تو پھر اس کا معنی ہوتا ہے۔ غافل ہونا۔

اگر مطلوبہ لفظ اسم ہے تو اس کا بھی مادہ اصلی نکالیں، پھر یہ معلوم کریں کہ جامد ہے یا مشتق؟ جامد ہونے کی صورت میں اگر مفرد ہے تو مفرد کا ترجمہ کریں، اگر تثنیہ ہے تو تثنیہ کا ترجمہ کریں اور اگر جمع ہے تو جمع کا ترجمہ کریں، اگر مشتق ہے تو اسمائے مشتقات میں سے ہر ایک کا ترجمہ کریں، یعنی اگر اسم فاعل ہے؟ تو اسم فاعل کا ترجمہ کریں، اگر اسم مفعول ہے؟ تو اسم مفعول کا ترجمہ کریں، اگر صفت مشبہ کا صیغہ ہے تو صفت مشبہ کا ترجمہ کریں، اگر مبالغہ کا صیغہ ہے تو مبالغہ کا ترجمہ کریں، اگر اسم تفضیل ہے تو اسم تفضیل کا ترجمہ کریں، اگر اسم ظرف ہے تو اسم ظرف کا ترجمہ کریں اور اگر اسم آلہ ہے تو اسم آلہ کا ترجمہ کریں۔ تاہم یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ لغات کی کتابوں میں سب سے پہلے ثلاثی مجرد، پھر ثلاثی مزید فیہ، پھر رباعی مجرد، پھر رباعی مزید فیہ۔ آخر میں اسمائے مشتقہ اور اسمائے جامدہ ہوتے ہیں اور مصادر کو فعل کیساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔

پانچواں مرحلہ: مفهوم العبارة: (عبارت کا مفہوم):

عبارت کا صحیح ترجمہ کرنے کے بعد پانچواں مرحلہ عبارت کے مفہوم اور ما حصل کا ہے اور عبارت کا مفہوم اور ما حصل تب صحیح طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ جب طالب علم مذکورہ چاروں مراحل کامیابی کیساتھ طے کرلے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان معانی و مفاہیم کی تعبیر اور اظہار مافی الضمیر کے لیے الفاظ کا سہارا لیتا ہے، مشہور مقولہ ہے: ''الأَلْفَاظُ قَوَالِبُ لِلْمَعَانِيْ'' (الفاظ معانی کے لیے سانچے ہیں)۔ باقی رہی یہ بات کہ مفہوم اور ما حصل کو اخذ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ سو اس کا طریقہ اور گہریہ ہے کہ مطلوبہ عبارت کی تقطیع اور تجزیہ کریں اور عبارت کو حسب مقام مختلف پیراؤں میں تقسیم کریں، پھر یہ معلوم

کریں کہ مطلوبہ عبارت میں کتنے مسائل مذکور ہیں؟اور کون کونسے مسائل ہیں؟مسائل کی تحلیل[۱] وتحدید کے بعد اسے خوب ذہن نشیں رکھیں، پھر کتاب بند کرکے ان مسائل کو اپنے ساتھ خوب دُہرائیں۔ تو یوں ہی پوری عبارت کا خلاصہ اور مفہوم آپ کے سامنے آجائے گا۔

اگر مطالعہ استاذ کو سنانا ہو تو کتاب بند کرکے بیان کرنا شروع کریں کہ عبارت میں مثلاًپانچ مسائل مذکور ہیں: پہلا مسئلہ یہ ہے،دوسرا مسئلہ یہ ہے، تیسرا مسئلہ یہ ہے،چوتھا مسئلہ یہ ہے اور پانچواں مسئلہ یہ ہے، پھر استاذ حسب مقام کچھ تفصیل اور گفتگو کرنا چاہے تو فبہا۔ ورنہ آپ اپنے مقصد میں اللہ تعالی کے فضل وکرم کیساتھ پوری طرح کامیاب ہوئے۔ اللہ تعالی کاارشاد ہے:''إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا''(سورۃالکھف:۳۰)۔

اس طریقہ کیساتھ اگر آپ چند روز مطالعہ شروع کریں تو آپ اور کتاب کے درمیان تباین کی نسبت ختم ہوجائے اور عموم خصوص مطلق کی نسبت قائم ہوجائے گی اوراگر چند ماہ یہ معمول رہا تو پھر کتاب آپ کا جگری دوست بن کر اپنے تمام راز اور پوشیدہ بھید فاش کردے گااور بالاخر آپ اور کتاب میں تساوی اور عینیت کا علاقہ قائم ہوجائے گی ، کتاب آپ کی دوستی اور رفاقت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ ترانہ گنگنائے گا۔

تو من شدی من تو شدم من تن شدم تو جان شدی
تا کہ کسے نہ گوید من دیگرم تو دیگری

ایک وہم کاازالہ!

ایک طالب علم کے ذہن میں یہ سوال ضرور پیدا ہوگا کہ ان مراحل خمسہ کو طے کرنا تو عبقات خمسہ کو طے کرنے کے

---

(۱) تحلیل کا مطلب کسی مرکب چیز کے اجزاء کا علاحدہ مطالعہ کرنا، پھر ان کے جمع کردینے سے جو عقلی نوعیت قائم ہوگئی ہے اس کا مطالعہ اور ترکیب (یا تشکیل) کا مفہوم یہ ہے کہ جو اجزاء ہمارے سامنے ہیں ان کو باہم مربوط کرنے سے کیا شکل پیدا ہوتی ہے،اور ان کی کتنی شکلیں نکل سکتی ہیں۔اس کو مثال سے سمجھا جائے کہ ایک عمارت آپ کو نظر آرہی ہے،اس کے اجزاء یہ ہیں: لوہا، لکڑی، سیمنٹ، اینٹ، پتھر، ان میں سے ہر چیز کی علاحدہ علاحدہ صفات ہیں، انہی اجزاء سے مکان ایک دوسرے نقشہ کا بھی بن سکتا ہے،اور دوسرے ہی نہیں بلکہ بے شمار نقشوں پر ان کو تعمیر کیا جاسکتا ہے،ایک آرکٹیک یا انجنیئر جو بھی نقشہ بنائے گا اس کی عملی شکل انہی اجزاء سے ہوگی۔

ایک دانتوں کا ڈاکٹر،وہ انسانی جسم کے اجزاء کا مطالعہ کرتا ہے،گوشت،ہڈی،شریان،خلایا،ہر ایک کو علاحدہ علاحدہ سمجھنے کے بعد دیکھتا ہے کہ دانتوں کا تعلق جسم کے کن حصّوں سے ہے،جبڑے اور تالو سے براہ راست کون سے اعضاء مربوط ہیں۔ ان مطالعوں کے بعد وہ ایک عمومی حکم صادر کرتا ہے کہ فلاں فلاں دانت کا تعلق براہ راست بصارت سے ہے،اور فلاں کا تعلق قوت ہضم سے ہے،وغیرہ وغیرہ۔ لہٰذا معالجہ میں ان باتوں کی رعایت رکھتا ہے۔ حکیم کسی معجون کا نسخہ تیار کرتا ہے جس میں متعدد اجزاء ہوتے ہیں اور ہر جزء کا ایک خاص فائدہ ہوتا ہے اور سب مل کر جسم انسانی کو فائدہ پہونچاتے ہیں وہ تجویز کردیتا ہے،غرض یہ کہ مرکب شے کے اجزاء کا مطالعہ اور اجزاء کے مطالعہ سے مرکب چیز کو سامنے لانا عقل کا کام ہے،اور تحلیل یا تجزیہ کے بغیر ایک محقق کے لیے ناممکن ہے کہ وہ کسی ''کل'' کو سمجھ سکے، کیونکہ ایک ''کل'' اجزاء کا مرکب ہے،اور یہ جزء دوسرے چھوٹے چھوٹے اجزاء کا مرکب ہیں،اسی طرح ہر جزء کا تجزیہ کیجئے۔ تو آخر میں ایک ایسا جزء نکلے گا جس کی تحلیل نہیں ہوسکتی۔(تفہیم المنطق:۱۶۶)۔

مترادف ہے؟اور یہ تو ایک طویل اور کٹھن سفر ہے؟اس وہم کا ازالہ یہ ہے کہ کامیابی اور کامرانی کے حصول کے لیے مشکلات ومصائب کو سہنا پڑتا ہے،دنیا کا معمولی کام محنت کے بغیر نہیں ہوتا تو قرآن وحدیث جیسی عظیم نعمت ودولت بغیر محنت کے کیسے حاصل ہوسکتی ہے؟!اس کے لیے جتنی کوشش اور تگ ودو کی جائے تو پھر بھی کم ہے!لہٰذا گھبرانے کی ضرورت نہیں، ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

نہ گھبرا کثرتِ غم سے حصولِ کامرانی میں
گل آنے سے پہلے شاخِ گل پہ خار آتے ہیں

اوراسی طرح ایک شاعر کہتا ہے:

ابرِ باران گر نہ بارد بوستان گل کے کند　　رنج محنت گر نہ بیند مرد کامل کے شود!

ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

بِقَدْرِ الْكَدِّ تُكْتَسَبُ الْمَعَالِيْ　　وَمَنْ طَلَبَ الْعُلَا سَهِرَ اللَّيَالِيْ
تَرُوْمُ الْعِزَّ ثُمَّ تَنَامُ لَيْلاً　　يَغُوْصُ الْبَحْرَ مَنْ طَلَبَ اللَّآلِيْ
وَ مَنْ طَلَبَ الْعُلَا مِنْ غَيْرِ كَدٍّ　　أَضَاعَ الْعُمْرَ فِيْ طَلَبِ الْمُحَالِ

مشہور نحوی علامہ ابن ہشام انصاریؒ اکثر کہا کرتے تھے [1]:

و مَن يَصطَبِرْ للعِلْمِ يَظفَرْ بنَيْلِ　　ومن يَخْطُبِ الحَسْنَاءَ يَصبِرْ على البَذْلِ
و مَن لم يُذِلَّ النَّفسَ في طَلَبِ العُلا　　يسيرًا يَعِشْ دَهرًا طَويلًا أخَا ذُلِّ

یہ بات ظاہر ہے کہ ایک طالب علم چند دن کی شب وروز محنت سے ان تمام مراحل کو آسانی سے طے کرلیتا ہے اور ایک وقت آتا ہے کہ یہ جملہ مراحل متحضر ہوکر بمنزلہ حدسیات بن جاتے ہیں اوران میں نظر وفکر کی ضرورت بھی نہیں پڑتی، جیسے ایک معمار مکان بناتا ہے یا ایک الیکٹریشن بجلی کی وائرنگ کرتا ہے ان کو ہر جزئی کیساتھ ذہن میں اصول لانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[1] مقدمہ قواعد الاعراب:۷۔

فصل سوم: حل عبارت کا عملی طریقہ

مختصر القدوری سے ایک اقتباس:

فَفَرْضُ الطَّهَارَةِ غَسْلُ الْأَعْضَاءِ الثَّلَاثَةِ وَمَسْحُ الرَّأْسِ، وَالْمِرْفَقَانِ وَالْكَعْبَانِ تَدْخُلَانِ فِيْ فَرْضِ الْغَسْلِ عِنْدَ عُلَمَاءِنَا الثَّلَاثَةِ خِلَافاً لِزُفَرَ، وَالْمَفْرُوْضُ فِيْ مَسْحِ الرَّأْسِ مِقْدَارُ النَّاصِيَةِ، وَهُوَ رُبْعُ الرَّأْسِ؛ لِمَا رَوَى الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ أَنَّ النَّبِيَّ - صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَتَىٰ سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ وَ تَوضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى نَاصِيَتِهِ وَخُفَّيْهِ۔

اس عبارت کو حل کرنے کے لیے ہم مطالعہ کے درج ذیل پانچ مراحل طے کریں گے۔

۱۔ اجراء النحوفی العبارۃ ۲۔ وزن العبارۃ ۳۔ ترکیب العبارۃ ۴۔ ترجمۃ العبارۃ ۵۔ مفہوم العبارۃ۔

پہلا مرحلہ: اجراء النحوفی العبارۃ (نحوی قواعد وضوابط کی اجراء و تطبیق):

"فَفَرْضُ الطَّهَارَةِ غَسْلُ الْأَعْضَاءِ الثَّلَاثَةِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔ "ف" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف از حروف غیر عاملہ "فَرْضُ الطَّهَارَةِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ "فَرْضُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف۔ "الطَهَارَةِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔

"غَسْلُ الْأَعْضَاءِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ "غَسْلُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف۔ "الْأَعْضَاءِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام

اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام جمع مذکر مکسر جمع قلت منصرف سولہ اقسام میں سے جمع مکسر منصرف اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ موصوف۔

"الثَّلَاثَۃِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسندالیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحدہ مؤنث مؤنث قیاسی لفظی منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ صفت۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مرکب ناقص ہوکر مرکب توصیفی مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہوکر مرکب اضافی معطوف۔"وَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل از حروف عاطفہ غیرعاملہ۔"مَسْحُ الرَّأْسِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیرمفید مرکب غیراسنادی مرکب غیرکلامی مرکب غیرتام مرکب ناقص مرکب اضافی۔"مَسْحُ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسندالیہ اسم متمکن معرب معرفہ باضافت واحد مذکرمنصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف۔"الرَّأْسِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکرمنصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح،اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی ،یعنی رفع حالت میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہوکر مرکب اضافی معطوف۔معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر مسند مسندبہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبربہ محمول حکم خبر۔مبتداء اپنے خبرسے مل کرجملہ خبریہ اسمیہ۔

"وَالْمِرْفَقَانِ وَالْکَعْبَانِ تَدْخُلَانِ فِي فَرْضِ الْغَسْلِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔"وَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل ازحروف غیرعاملہ۔"الْمِرْفَقَانِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت تثنیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام تثنیہ مؤنث مؤنث سماعی منصرف سولہ اقسام میں سے مثنّی،اس کااعراب اعراب بالحرف لفظی حکمی،یعنی رفع حالت میں الف لفظی کیساتھ ،حالت نصب وجرمیں یاء ماقبل مفتوح کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں الف لفظی کیساتھ معطوف علیہ۔"وَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل ازحروف عاطفہ غیرعاملہ۔"الْکَعْبَانِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت تثنیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام تثنیہ مؤنث مؤنث سماعی منصرف سولہ

اقسام میں سے مثنی، اس کا اعراب اعراب بالحرف لفظی حکمی، یعنی حالت رفع میں الف لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں یاء ما قبل مفتوح کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں الف لفظی کیساتھ معطوف۔ معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔

"تَدْخُلَانِ فِي فَرْضِ الْغَسْلِ عِنْدَ عُلَمَاءِنَا الثَّلَاثَةِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ "تَدْخُلَانِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف اتصال ضمیر فعل مضارع معلوم معرب عامل مسند فعل "ألف" ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل بارز معرفہ معرف باللام تثنیہ مذکر مسند الیہ فاعل "فِيْ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی الاصل از حروف عاملہ جارہ "فَرْضِ الْغَسْلِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔

"فَرْضِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف۔ "الْغَسْلِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح، اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مجرور ہوا جار کے لیے۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا "تَدْخُلَانِ "فعل کیساتھ۔ "عِنْدَ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مشابہ مبنی الاصل ظرف زمان معرفہ معرفہ باضافت مضاف۔ "عُلَمَاءِنَا "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ "عُلَمَاءِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت جمع مذکر مکسر جمع کثرت منصرف سولہ اقسام میں سے جمع مکسر منصرف، اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ موصوف مضاف۔ "نَا "ضمیر لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل باضافت معرفہ معرف ضمیر مضاف الیہ۔

"الثَّلَاثَةِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحدہ

مؤنث منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح،اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ صفت۔

موصوف اپنی صفت سے مل کر مرکب توصیفی ہو کر مضاف الیہ ہوا مضاف کےلیے،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا۔ فعل اپنے فاعل، متعلق اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول خبر،مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ہوا۔

"خِلَافًا"(اس عبارت کی تقدیریوں ہے:"خَالَفَ الْجُمْهُوْرُ خِلَافًا لِّزُفَرَ")"خِلَافًا"لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم تنوین اسم متمکن معرب نکرہ واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح،اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ مفعول مطلق۔(اس جملہ کی تراکیب ترکیب العبارۃ کے ذیل میں ملاحظہ ہوں)" وَالْمَفْرُوضُ فِي مَسْحِ الرَّأْسِ مِقْدَارُ النَّاصِيَةِ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔

"وَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل از حروف غیر عاملہ استنافیہ۔"الْمَفْرُوضُ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح،اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔"فِي"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی الاصل از حروف عاملہ جارہ"مَسْحِ الرَّأْسِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔"مَسْحِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف۔"الرَّأْسِ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح،اس کااعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی،یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مجرور ہوا جار کےلیے،جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا"الْمَفْرُوضُ"شبہ فعل کیساتھ۔

"مِقْدَارُ النَّاصِيَةِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ "مِقْدَارُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف۔ "النَّاصِيَةِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مؤنث مؤنث قیاسی منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح، اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر۔ مبتداء اپنے متعلق اور خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ۔

"وَهُوَ رُبُعُ الرَّأْسِ": لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔ "وَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل از حروف غیر عاملہ استنافیہ ویا کہ عاطفہ ویا کہ تفسیریہ۔ "هُوَ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع منفصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مسند الیہ محکوم علیہ مخبر عنہ موضوع مبتداء۔ "رُبُعُ الرَّأْسِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ "رُبُعُ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم اضافت مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ باضافت واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف۔ "الرَّأْسِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر منصرف سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح، اس کا اعراب اعراب الحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ناقص ہو کر مرکب اضافی مسند مسند بہ محکوم محکوم بہ مخبر مخبر بہ محمول حکم خبر۔ مبتداء اپنے خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ۔

"لِ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل از حروف جارہ عاملہ "مَا" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل اسم موصول "رَوَى الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ إلخ۔" لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ "رَوَى" لفظ لفظِ موضوع

مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ "الْمُغِيْرَةُ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ مسند الیہ فاعل موصوف۔

"بْنُ "لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ اضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے منفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ، حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ مضاف "شُعْبَةَ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم علم تنوین مقدرہ اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ علم واحد مذکر سولہ اقسام میں سے غیر منصرف اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ، حالت نصب و جر میں فتحہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت جر میں فتحہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب اضافی ہو کر صفت ہوا موصوف کے لیے۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مرکب توصیفی ہو کر فاعل ہوا فعل کے لیے۔

"أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ اسمیہ۔ "أَنَّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف از حروف مشبہ بالفعل از حروف عاملہ۔ "النَّبِيَّ" لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم دخول الف لام مسند الیہ اسم متمکن معرب معرفہ معرف باللام واحد مذکر سولہ اقسام میں سے جاری مجری صحیح اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ، موجودہ اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ۔ "ﷺ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ معترضہ لا محل لہا من الاعراب۔ "أَتَىٰ سُبَاطَةَ قَوْمٍ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔

"أَتَىٰ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔ اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مسند الیہ فاعل۔ "سُبَاطَةَ قَوْمٍ"لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔

''سُبَاطَۃَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ معرفہ بہ اضافت واحد مذکر سولہ اقسام میں سے منفرد منصرف صحیح اس کااعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ مضاف۔ ''قَوْمٍ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب نکرہ واحد مذکر سولہ اقسام میں سے منفرد منصرف صحیح اس کااعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ،حالت جرمیں کسرہ لفظی کیساتھ،موجودہ اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب ضافی ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔

''فَبَالَ ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ''فَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف از حروف غیر عاملہ عاطفہ۔ ''بَالَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔باز''بَالَ ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔

''وَتَوَضَّأَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ''وَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف از حروف غیر عاملہ عاطفہ۔باز''تَوَضَّأَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مسند الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔''وَمَسَحَ عَلٰی نَاصِیَتِہٖ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب مفید مرکب اسنادی مرکب کلامی مرکب تام جملہ کلام جملہ خبریہ فعلیہ۔ ''وَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف از حروف غیر عاملہ عاطفہ۔باز''مَسَحَ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ فعل علامت فعل تصریف فعل ماضی معلوم مبنی مبنی الاصل عامل مسند فعل۔اس میں ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مرفوع متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مسند الیہ فاعل۔''عَلٰی''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل از حروف جارہ عاملہ ''نَاصِیَتِہٖ''لفظ لفظِ موضوع مستعمل بامعنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔

''نَاصِيَةِ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ واحدہ مؤنث ،مؤنث قیاسی لفظی سولہ اقسام میں سے منفرد منصرف صحیح اس کا اعراب اعراب بالحرکت لفظی حقیقی، یعنی حالت رفع میں ضمہ لفظی کیساتھ ،حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ ،حالت جر میں کسرہ لفظی کیساتھ ،موجودہ اعراب حالت نصب میں فتحہ لفظی کیساتھ مضاف۔ ''ہٖ'' ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مرکب اضافی ہو کر معطوف علیہ ''وَ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ حرف مبنی مبنی الاصل حرف از حروف غیر عاملہ عاطفہ۔ ''خُفَّیْہِ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مرکب مرکب غیر مفید مرکب غیر اسنادی مرکب غیر کلامی مرکب غیر تام مرکب ناقص مرکب اضافی۔ ''خُفَّيْ'' لفظ لفظِ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم علامت اسم مضاف اسم متمکن معرب معرفہ واحد مذکر سولہ اقسام میں سے مثنّٰی اس کا اعراب اعراب بالحرف لفظی حکمی، یعنی حالت رفع میں الف لفظی کیساتھ ،حالت نصب و جر میں یاء لفظی کیساتھ ،موجودہ اعراب حالت جر میں یاء لفظی کیساتھ مضاف۔

''ہٖ''،ضمیر لفظ لفظ موضوع مستعمل با معنی مفرد کلمہ اسم اسم غیر متمکن مبنی مشابہ مبنی الاصل ضمیر مجرور متصل معرفہ معرفہ بہ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف سے مل کر مرکب اضافی ہو کر معطوف معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کے لیے،جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ''مَسَحَ ''فعل کیساتھ۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر معطوف معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ کے لیے، معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ کے لیے۔ معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفوں سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ معطوفہ۔ معطوف اپنے معطوف علیہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر خبر ہوا ''أَنَّ'' کے لیے ''أَنَّ'' اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ خبریہ اسمیہ ہو کر مفعول بہ ہوا ''رَوٰي ''فعل کے لیے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ خبریہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا ''مَا'' موصولہ کے لیے، موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور ہوا جار کے لیے، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ''المَفْرُوْضُ ''شبہ فعل کیساتھ۔

دوسرا مرحلہ: وزن العبارۃ (عبارت کا وزنِ صرفی):

مختصر القدوری کی مذکورہ عبارت کا وزن صرفی یہ ہے:

فَفَعْلُ الْفَّعَالَةِ فَعْلُ الْأَفْعَالِ الْفَّعَالَةِ وَفَعْلُ الْفَّعْلِ وَالْمِفْعَلَانِ وَالْفَعْلَانِ تَفْعُلَانِ فِيْ فَعْلِ الْفَعْلِ فِعَلَ فُعَلَاءِنَا الْفَّعَالَةِ فِعَالًا لِّفُعَلَ، وَالْمَفْعُوْلُ فِيْ فَعْلِ الْفَعْلِ مِفْعَالُ الْفَّاعِلَةِ وَهُوَ فُعْلُ الْفَّعْلِ لِمَا فَعَلَ الْمُفِعْلَةُ عَلٰى فُعْلَةَ أَنَّ الْفَعِيْلَ-فَعَّلَ الْعَالُ عَلَيْهِ وَفَعَّلَ-فَعَلَ فُعَالَةَ فَعْلٍ فَفَعَلَ وَتَفَعَّلَ وَفَعَلَ عَلَى فَاعِلَتِهِ وَفُعْلَيْهِ-

تیسرا مرحلہ: ترکیب العبارۃ (عبارت کی ترکیب):

"فاء" استئنافیہ "فَرْضُ" مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظًا مضاف "الطَّهَارَةِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا "غَسْلُ" خبر است مرفوع بالضمہ لفظًا مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف "الأَعْضَاءِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا ومنصوب معنًا بنا بر مفعولیت موصوف "الثَّلَاثَةِ" صفت است مجرور بالکسرۃ لفظًا "واؤ" عاطفہ "مَسْحُ الرَّأْسِ" معطوف "غَسْلُ الْأَعْضَاءِ" معطوف علیہ است باز "مَسْحُ" خبر است مرفوع بالضمہ لفظًا مصدر خود یعمل عمل فعلہ مضاف "الرَّأْسِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب معنًا بنا بر مفعولیۃ "واؤ" استئنافیہ ما بعد جملہ متانفہ "المِرْفَقَانِ" مبتداء است مرفوع الالف لفظًا "واؤ" حرف عاطفہ است "الْكَعْبَانِ" معطوف "الْمِرْفَقَانِ" معطوف علیہ است "الْكَعْبَانِ" مبتداء است مرفوع بالالف لفظًا "تَدْخُلَانِ فِيْ فَرْضِ الْغَسْلِ" جملہ خبر است مرفوع محلًا باز "تَدْخُلَانِ" صیغہ فعل مضارع معلوم مرفوع باثبات نون اعرابی "الف" ضمیر بارز فاعلش مرفوع محلًا راجع بسوئے مذکورینِ ما قبل "فِيْ" جارہ "فَرْضِ" مجرور بالکسرہ لفظًا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریحی، جار مجرور متعلق بہ "تَدْخُلَانِ" فعل است، باز "فَرْضِ" مضاف "الْغَسْلِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا "عِنْدَ" مفعول فیہ است منصوب لفظًا ظرف مضاف "عُلَمَاءِ" مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظًا ظرف متعلق بہ "تَدْخُلَانِ" فعل است باز "عُلَمَاءِ" موصوف مضاف "نَا" ضمیر متکلم مضاف الیہ است مجرور محلا "الثَّلَاثَةِ" صفت است مجرور بالکسرہ لفظًا "خِلَافًا":

۱)۔ "خِلَافًا" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظا برائے فعل محذوف کہ تقدیرش "خَالَفَ زُفَرُ خِلَافًا" باشد۔ باز "خَالَفَ" صیغہ فعل ماضی معلوم "زُفَرُ" فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً "خِلَافًا" مفعول مطلق است منصوب بالفتحہ لفظا۔

۲)۔ ویا کہ "لِزُفَرَ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا برائے مبتداء محذوف کہ "هُوَ" باشد۔ "هُوَ" مبتداء است مرفوع محلا راجع بسوئے خلاف "لِزُفَرَ" ظرف مستقر خبرش مرفوع محلا "لِ" جارہ "زُفَرَ" مجرور بالفتحہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ "كَانَ" ویا کہ "كَائِنٌ" مقدر است بناء بر اختلاف مذہبین الخ۔۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔ "هُوَ (الخِلَافُ) كَانَ أَوْ كَائِنٌ لِّزُفَرَ")۔

۳)۔ ویا کہ "لِزُفَرَ" خبرش برائے مبتداء محذوف کہ "إِرَادَتِيْ" باشد۔ "إِرَادَتِيْ" مبتداء است مرفوع بالضمہ تقدیراً مضاف "ی" ضمیر متکلم مضاف الیہ است مجرور محلا۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں گی۔ ("إِرَادَتِيْ كَانَتْ أَوْكَائِنَةٌ لِّزُفَرَ")۔

۴)۔ ویا کہ "لِزُفَرَ" ظرف مستقر صفت اوست منصوب محلا برائے موصوف محذوف کہ "ثَابِتًا" باشد۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔ "خِلَافًا ثَابِتًا لِّزُفَرَ")۔

۵)۔ ویا کہ "لِ" جارہ "زُفَرَ" مجرور بالفتحہ لفظا و منصوب محلا مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ "خِلَافًا" شبہ فعل است۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔ "خَالَفَ الْجُمْهُوْرُ خِلَافًا لِّزُفَرَ")۔

۶)۔ ویا کہ ”لِ“ جارہ ”زُفَرَ“ مجرور بالفتحہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ ”أَغْنِیْ“ فعل مقدر است الخ ۔
۔۔(اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔ ”أَغْنِیْ لِزُفَرَ“)۔
۷)۔ ویا کہ ”خِلَافًا“ بمعنی حال است منصوب بالفتحہ لفظاً۔ (اس صورت میں تقدیر عبارت یوں ہوگی۔ ”أَقُوْلُ هٰكَذَا حَالَ كَوْنِهٖ مُخَالِفًا لِّزُفَرَ“)۔

”واؤ“ استنافیہ ما بعد جملہ متانفہ ”الْمَفْرُوْضِ“ مبتداء است مرفوع بالضمہ لفظاً ”فِیْ“ جار ”مَسْحِ“ مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق بہ ”الْمَفْرُوْضُ“ شبہ فعل است، باز ”مَسْحِ“ مصدر یعمل عمل فعلہ مضاف ”الرَّأْسِ“ مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب معناً بناء بر مفعولیۃ ”مِقْدَارُ“ خبر است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ”النَّاصِیَةِ“ مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً۔ ”وَهُوَ رُبُعُ الرَّأْسِ“۔ ”واؤ“ تفسیریہ ما بعد جملہ مفسِرہ ما قبل جملہ مفسَرہ۔ ”هُوَ“ ضمیر غائب مبتداء است مرفوع محلاً راجع بسوئے ”مِقْدَارُ النَّاصِیَةِ“۔ ”رُبُعُ“ خبر است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ”الرَّأْسِ“ مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً ”لِمَا رَوَى الْمُغِیْرَةُ“ لام تعلیلیہ جارہ ما بعد جملہ معللہ ”مَا“ موصوفہ یا موصولہ بمع صلہ یا صفت خویش مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق ”الْمَفْرُوْضُ“ شبہ فعل است۔ باز ”مَا“ موصولہ یا موصوفہ ”رَوَى الْمُغِیْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ“ جملہ صلہ یا صفت است۔

”رَوَى“ صیغہ فعل ماضی معلوم ”الْمُغِیْرَةُ“ فاعلش مرفوع بالضمۃ لفظاً موصوف ”ابْنُ“ صفت است مرفوع بالضمہ لفظاً مضاف ”شُعْبَةَ“ مضاف الیہ است مجرور بالفتحہ لفظاً: ”أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ“ جملہ بتاویل مفرد مفعول بہ اوست منصوب محلاً ”أَنَّ“ حرف از حروف مشبہ بالفعل ناصب الاسم رافع الخبر اسم و خبر خویش می طلبد ”النَّبِیَّ“ اسمش منصوب بالفتحہ لفظاً ”ﷺ“ جملہ معترضہ لا محل لہا من الاعراب۔ باز ”صَلَّى“، فعل ماضی معلوم ”اللّٰهُ“ فاعلش مرفوع بالضمہ لفظاً ”عَلٰى“ جار ”ہ“ غائب مجرور و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح راجع بسوئے ”النَّبِیَّ“ جار مجرور متعلق بہ ”صَلَّى“ فعل ”واؤ“ حرف عاطفہ ”سَلَّمَ“ معطوف ”صَلّٰى“ معطوف علیہ است باز ”سَلَّمَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ”اللّٰه“ کہ منقوش است بر دل مؤمناں ”أَتٰى سُبَاطَةَ قَوْمٍ“ جملہ خبرش مرفوع محلاً ”أَتٰى“ صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ”النَّبِیَّ“۔

”سُبَاطَةَ“ مفعول فیہ است منصوب بالفتحہ لفظاً مضاف ”قَوْمٍ“ مضاف الیہ است مجرور بالکسرہ لفظاً ”فاء“ حرف عاطفہ ”بَالَ“ معطوف ”أَتٰى“ معطوف علیہ است ”بَالَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلاً راجع بسوئے ”النَّبِیَّ“ ”واؤ“ حرف عاطفہ ”تَوَضَّأَ“ معطوف ”بَالَ“ معطوف علیہ است قُرباً ”أَتٰى“ معطوف علیہ است بُعداً، باز ”تَوَضَّأَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بوئے ”النَّبِیَّ“ ”وَمَسَحَ“ ”واؤ“ حرف عاطفہ ”مسح“ معطوف ”تَوَضَّأَ“ معطوف علیہ است قُرباً ”أَتٰى“ معطوف علیہ است بُعداً، باز ”مَسَحَ“ صیغہ فعل ماضی معلوم ضمیر درو مستتر فاعلش مرفوع محلا راجع بسوئے ”النَّبِیَّ“۔ ”عَلٰى“ جارہ ”النَّاصِیَةِ“ مجرور بالکسرہ لفظاً و منصوب محلاً مفعول بہ غیر صریح، جار مجرور متعلق

به "مَسَحَ" فعل است "واؤ" حرف عاطفه "خُفَّيْهِ" معطوف "نَاصِيَتِهِ" معطوف علیه است باز "خُفَّيْهِ" مضاف "ہِ" ضمیر غائب مضاف الیہ است مجرور محلاراجع بسوئے "النَّبِيَّ"۔

چوتھامرحلہ: ترجمۃ العبارۃ (عبارت کا ترجمہ):

مذکورہ بالا عبارت کا ترکیبی اور بامحاورہ دونوں طرح کا ترجمہ بیان کیا جاتا ہے، ملاحظہ ہوں۔

۱) ترکیبی ترجمہ: پس وضوء کے فرائض دھونا اعضاء کو ایسے اعضاء جو تین ہیں اور سر کا مسح کرنا اور کہنیاں اور ٹخنے دونوں داخل ہیں، داخل جو تو دھونے کے فرائض میں، داخل جو تو ہمارے علماء کے نزدیک، ایسے علماء جو تین ہیں، خلاف جو تو زفر کے۔ اور فرض جو تو سر کے مسح میں پیشانی کے مقدار ہے اور وہ چوتھائی سر ہے، اس لیے کہ روایت کی ہے مغیرہ نے ایسا مغیرہ جو شعبہ کا بیٹا ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ آئے ایک قوم کی کوڑی پر، پس پیشاب کیا اور وضوء کیا اور مسح کیا مسح جو تو پیشانی پر اور مسح کیا مسح جو تو اپنے دونوں موزوں پر۔

۲) بامحاورہ ترجمہ: وضوء کے فرائض تینوں اعضاء کا دھونا اور سر کا مسح کرنا ہے اور کہنیاں اور ٹخنے ہمارے تینوں ائمہ کرام کے نزدیک دھونے کے فرائض میں داخل ہیں، بخلاف امام زفرؒ کے۔ اور فرض سر کے مسح میں پیشانی کے مقدار ہے اور وہ سر کی چوتھائی ہے، اس لیے کہ سیدنا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لائے اور پیشاب کر کے وضوء فرمایا اور اپنی پیشانی مبارک اور دونوں موزوں پر مسح فرمایا۔

مرحلہ خامسہ: مفهوم العبارۃ (عبارت کا مفہوم):

اس عبارت میں مصنفؒ تین باتیں بیان فرماتے ہیں:

۱۔ وضوء کے فرائض۔ ۲۔ ایک اختلافی مسئلہ ۳۔ مسح کی مقدار۔

پہلا مسئلہ: وضوء کے فرائض: وضوء کے یہ چار فرائض ہیں:۔ ۱۔ چہرہ دھونا۔ ۲۔ دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا۔ ۳۔ سر کا مسح کرنا ۴۔ پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھونا۔

دوسرا مسئلہ: ایک اختلافی مسئلہ: کیا کہنیاں اور ٹخنے دھونا وضوء کے فرائض میں داخل ہیں؟ اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ امام ابو حنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ یہ دھونے کے فرائض میں داخل ہیں اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ یہ اس میں داخل نہیں۔

تیسرا مسئلہ: مسح کی مقدار: سر کا پیشانی کے مقدار فرض ہے اور یہ سر کا چوتھائی حصہ بنتا ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ سیدنا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لائے اور پیشاب کر کے وضوء فرمایا اور اپنی پیشانی مبارک اور دونوں موزوں پر مسح فرمایا۔

مؤلف کی دیگر تصانیف

عصمۃ الانبیاء للرازی/ تحقیق و تعلیق	مطبوع دار الکتب العلمیہ بیروت لبیان
الناہیۃ عن طعن معاویہ/ تحقیق و تعلیق	مطبوع دار الکتب العلمیہ بیروت لبیان
التمہید فی بیان التوحید للسالمی/ تحقیق و تعلیق	غیر مطبوع
قواعد المنطق	مطبوع
قواعد البلاغہ (علم المعانی، علم البیان و علم البدیع)	مطبوع
قواعد النحو	مطبوع
قواعد اصول الفقہ	مطبوع
قواعد المواریث	غیر مطبوع
قواعد البحث والمناظرہ	غیر مطبوع
قواعد العروض والقوافی	مطبوع
قواعد الفلسفہ	غیر مطبوع
صغری شیخ القرآنی/ حواشی و تعلیق	مطبوع
الارشادات المرضیۃ الی الموجہات المنطقیۃ	مطبوع
الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل/ ترجمہ و تعلیق	غیر مطبوع
اصول التخریج ودراسۃ الاسانید/ ترجمہ و تعلیق	غیر مطبوع
قواعد فی علوم الحدیث	مطبوع
قواعد العقائد	غیر مطبوع
قانونچہ کامروی، تحقیق و تعلیق	مطبوع
قواعد المعقولات فی المقولات	غیر مطبوع
قواعد الصرف	غیر مطبوع